systyle, a. (فن تعمیر) نزدستونی ؛ ستونوں کے درمیان اس قدر جگہ چھوڑے ہوئے جو پیمایش یا فاصلے میں کسی ستون کے قُطر سے دوگنا ہو ؛ قریب ستونی ۔

syzygy, n. (فلکیات) استقبال ؛ قران ؛ محاق ؛ دو یا دو سے زیادہ اجرام فلکی کا ایک ہی نظام ثقیل میں قران یا مقابلہ (لیکن دونوں صورتوں میں ان کا باہمی طور پر کم و بیش ایک ہی خط مستقیم پر ہونا) ؛ کسی جرم فلکی (مثلاً چاند) کے مدار کا وہ مقام جس پر اس کا سورج سے اقتران یا تقابل ہو ۔ (قدیم عروض) قدیم شاعری میں ایک ہی شعر میں متنوع اعداد کے ارکان کی یکجائی ؛ اتحاد ؛ باہم متعلق یا متحد چیزوں کا جوڑا ؛ دو اشیا کا جوڑ یا تلازم ۔

syzygial, a. استقبال ؛ محاقی ؛ اقترانی یا تقابلی ۔

T

T, t, n. انگریزی حروف تہجی کا ۲۰ واں اور حروفِ صحیح کا ۱۶ واں حرف ؛ بولنے میں حرف T کی آواز ؛ لکھائی یا چھپائی میں بڑے T یا چھوٹے t کا خاکہ ؛ کوئی شے جو حرف T یا t سے مشابہ ہو یا اس شکل کی ہو ؛ T یا t کا حرف چھاپنے کی ترسیمی صورت ؛ رومن گنتی کے لحاظ سے T سے ۱۶۰ کا عدد مراد لیا جاتا ہے ۔

to a T, کمال کی جانب ؛ ٹھیک ٹھیک ۔

't, ضمیر "it" کی ترخیم (اکثر فعل کے ماقبل استعمال ہوتی ہے، جیسے : twos, 'twill, - 'tis)۔

T, (طبیعیات) علامت برائے : مطلق پیمانے پر درجۂ حرارت ؛ تاب کار نصف زندگی ؛ سطحی تناؤ ۔ (عموماً چھوٹے t سے) وقت (ٹائم) کی علامت ۔

tab, n. ٹیب ؛ چھوٹا سا پھانسا، فیتہ ، تسمہ یا اسی قسم کا اور لاحقہ جو لباس پر لگا ہو ؛ چھلا یا لیبل ؛ تھوڑا سا اضافہ یا ادخال ، جیسے لائسنس پلیٹ پر ؛ کارڈ یا فولڈر سے باہر نکلا ہوا ٹکڑا جو مسل بندی میں مدد دے ؛ تکمہ ؛ پڑتال ؛ گھنڈی ؛ بٹن ؛ سرا ؛ موٹھ ؛ شام ؛ مٹھ ؛ تنگ ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز پر ، بڑی کنٹرول سطح پر اضافہ شدہ ایک معاون کنٹرول سطح ۔ (بول چال) بل یا واجب الادا رقم کی فرد حساب ؛ کڑی نگرانی ، دیکھ بھال یا پڑتال ، عام طور پر Keep اور on کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to keep tabs on some one) ۔ (فعل متعدی) ٹیب یا فیتوں سے آراستہ و مزین کرنا ؛ منتخب کرنا یا نام دینا ۔

tabanid, n., a. دو پروں والے بڑے بڑے لہو چوس کیڑے جن میں گھڑ مکّھیاں اور بڑ مکّھیاں بھی شامل ہیں ۔

tabard, n. لبادہ ؛ آستینوں والا یا آستینوں کے بغیر بھدا سا بھاری کوٹ جو گھر سے باہر نکلتے وقت پہنا جاتا تھا ؛ چھوٹی آستینوں والا یا آستین کے بغیر ڈھیلا لباس جیسے پرانے وقتوں میں سورما (Knights) زرہ کے اوپر پہنا کرتے تھے اور جو عام طور پر پہننے والے کے عسکری نشان سے مزین ہوتا تھا ؛ سرکاری ایلچی کا ایسا ہی لباس جس پر اس کے حاکم یا بادشاہ کا عسکری نشان ہوتا تھا ۔

Tabasco, n. [میکسیکو کی جنوب مشرقی ریاست ٹباسکو کے نام پر] ٹباسکو ؛ تیز مسالے دار چٹنی جو سرخ مرچوں کی مختلف اقسام کے پھلوں سے تیار ہوتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

tabby, n. چتکبری یا دھاری دار بلّی ؛ گلہریا بلّی ؛ پالتو بلّی ؛ بُڑھیا ؛ معمّر کنواری ؛ بدگو عورت یا بکّی ؛ دھاری دار بناوٹ کا ریشمی کپڑا یا کوئی اور لہریا کپڑا جیسے مورین وغیرہ ۔ (صفت) لہریا بنا ہوا یا لہریے کپڑے جیسا ؛ دھاری دار یا لہریا ۔ (فعل متعدی) لہریا یا دھاری دار بنانا جیسے ریشم کو ۔

tabernacle, n. مظلّہ ؛ عارضی جائے اقامت ، جیسے خیمہ ، جھونپڑی یا چھولداری ؛ جائے رہایش ؛ اسرائیلیوں کا شامیانہ جسے وہ اپنی صحرانوردی کے دوران جنگلوں میں معبد کے طور پر استعمال کرتے تھے ؛ کوئی جگہ یا عبادت گاہ، خصوصاً جو کثیر لوگوں کے لیے بنائی گئی ہو ؛ طاق یا زاویہ ، تصویر یا بت رکھنے کے لیے ۔ (سابقاً) جسم انسانی، جیسے روح کا عارضی مسکن ۔ (کلیسیات) وہ برتن جس میں متبرک روٹی رکھی جائے ؛ تبرکات کا صندوق ؛ خانۂ عشائے ربانی ؛ دیول ؛ مندر ؛ چھجے دار طاق ؛ معبد ؛ جسم انسانی ۔ (جہازرانی) مستول کا خانہ یا چُول ۔ (فعل لازم و متعدی) ڈیرا ڈالنا ؛ رہنا جیسے خیمے یا جھونپڑی میں ۔

tabernacular, a. خیمہ یا جھونپڑی نما ؛ چھجے دار طاق ؛ کٹاؤ کے کام وغیرہ کا سا یا اس کے متعلق ؛ جالی دار ؛ جھنجھری دار ۔

tabes, n. (امراضیات) سوکھے کی بیماری ؛ سوکھا ؛ لاغری ؛ ذبول ؛ ہزال ؛ سِل ؛ وہ مرض جس سے آدمی بتدریج گھلتا چلا جاتا ہے ۔

tabetic, a. سوکھا زدہ ؛ سِل زدہ ۔

tabes dorsalis, locomotor ataxia, n. (امراضیات) سِل ظہری ؛ ہزال النخاع ؛ ریڑھ کی ہڈی کا مرض جو آتشک کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور جس کے سبب شدید درد ، ہاتھوں میں رعشہ اور چال میں لڑکھڑاہٹ پیدا ہو جاتی ہے اور بالآخر فالج لاحق ہو جاتا ہے ؛ سل نخاع ۔

tablature, n. تختہ سا ، چوکور، مُسطّح سطح یا چوڑا ڈھانچا ۔ (موسیقی) آواز کی علامات کے ذریعے اظہار یعنی آواز پیدا کرنے کے بجائے حروف یا اعداد استعمال کر کے انگلیاں رکھنے کا مقام ظاہر ہو جاتا ہے ۔ (تشریح الاعضا) کھوپڑی کی ہڈی کے دو ٹکڑوں کی درمیانی تقسیم ؛ جمجمہ؛عظم قحف ۔

table, n. میز ؛ چار پایوں پر کھڑا تختہ جس پر کھانا چنا جائے ، کھیل کھیلا جائے ، کام کاج کیا جائے یا آرایشی سامان رکھا جائے ؛ میز یا دسترخوان جس پر یا جس کے ارد گرد کھانے والے بیٹھیں ؛ کھانے کے لیے میز پر چنا ہوا کھانا ؛ میز کے گرد کھانے کے لیے ، کھیلنے کے لیے یا بیوپار وغیرہ کے لیے لوگوں کی نشست ؛ چوکور اور ہموار سطح ؛ مسطح سرزمین ؛ سطح مرتفع ؛ لوح ؛ تختی ؛ ہموار یا چورس زمین ؛ دسترخوان ۔ (جمع) الواح جن پر ازمنۂ قدیم میں آئین و قوانین کندہ کیے جاتے تھے ؛ نوشتہ ، کتبہ ؛ جداول ؛ فہارس ؛ الفاظ ، اعداد یا علامتوں یا ان کی مجموعی ترتیب جو ان کے ارتباط اور باہمی تعلقات

کو واضح طور پر متوازی کالموں میں ظاہر کرے ؛ تلخیصی بیان ؛ ملخص یا اسکیم ؛ فہرست اشیا ؛ پہاڑے ۔ (زیورات) ترشے ہیرے کی افقی بالائی سطح خصوصاً چمک دار ؛ اس قسم کا تراشیدہ قیمتی ہیرا ۔ (فنِ تعمیر) چوڑی ، عمودی خاص کر چوکور سطح جو دیوار میں آرایش کا کام دے ؛ رسّا یا افقی لمبائی کے کسی اور فیتے کا سائز اور وزن ۔ (کھیل) نرد کھیلنے کا تختہ یا اس تختے کے دو حصوں میں سے کوئی ایک حصہ ؛ جدول ؛ پہاڑا ؛ فہرست ۔ (فعل متعدی) میز پر رقم یا پتے کا رکھنا ؛ تجویز ، روداد وغیرہ کو بحث مباحثہ کے لیے کسی آئندہ غیر معین موقع پر ملتوی کرنا ؛ جدول یا فہرست میں اندراج کرنا ؛ پیش کرنا ؛ تختہ یا جدول بنانا ۔ (نجّاری) ایک کڑی کو دوسری کڑی سے یوں جوڑنا کہ ایک کے حصے دوسرے سے پیوست ہوتے جائیں ۔

turn the tables, افراد یا پارٹیوں کا پانسہ پلٹ دینا ؛ نقشہ بدل دینا ۔

tableau, n. ٹیبلو ؛ تابلو ؛ توجّہ پذیر اظہار ؛ تصویر ؛ گروپوں کی حسن کارانہ ترتیب ؛ فہرست ؛ موثر واقعہ ؛ منظر کے مطابق لباس میں اداکاروں کی ایسی فن کارانہ ادائیگی کہ ہوبہو وہی منظر آنکھوں کے سامنے آ جائے ؛ تمثیل ؛ چُپ نظارہ ؛ شبیہہ ۔ نیز: tableau vivant ۔

tableau curtain, n. (تھیئٹر) آرایش و خوبصورتی پیدا کرنے کے لیے افقی یا عمودی لپیٹ کا پردہ ۔

table cloth, n. میز پوش ؛ دستر خوان ؛ چادر یا میز پوش جو کھانا چننے سے پہلے میز پر بچھایا جائے ۔

table d'hote, prix fixe, n. ہوٹل یا ریستوران میں مہمانوں کے لیے مقررہ وقت اور داموں پر پہلے سے طے شدہ کھانوں کی ضیافت ، a la carte کے برعکس ۔

table-hop, v.i. (بول چال) دعوت کے موقع پر جمع لوگوں سے ملنے کے لیے ایک میز سے دوسری میز تک جانا ، جیسے کہ شب انجمنوں (نائٹ کلبوں) اور ریستورانوں میں عام ہوا کرتا ہے ۔

table land, n. سطح مرتفع ؛ بلند ہموار زمین ۔

table linen, n. میز پارچات جیسے میز پوش ، دست پاک یا رومال وغیرہ جو کھانے پر استعمال کیے جاتے ہیں ۔

table salt, n. نمک جو کھانا پکانے میں استعمال ہو اور کھانا کھانے والی میز پر بھی رکھا جائے ؛ کھانے کا نمک ۔

tablespoon, n. کھانے کا چمچہ ؛ بڑا چمچہ ؛ چائے کے چمچے سے بڑا چمچہ جو کھانا کھانے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ کھانا پکانے میں ناپ کی معیاری اکائی (پیمانہ) جو چائے کے تین چمچوں یا نصف سیال اونس کے برابر ہوتی ہے ۔ مخفّف : T.' tbs ,'tbsp. ۔

tablespoonful, n. مقدار جو کھانے کے بڑے چمچے میں سما سکے؛ چمچہ بھر ۔

tablet, n. لوح ؛ گولی ؛ پٹی ؛ قرص ؛ تختی ؛ کاغذوں کا بنا ہوا پیڈ جو نوٹ وغیرہ لینے یا خط لکھنے کے کام آئے ؛ لکڑی ، پتھر یا سلیٹ کا چوڑا پتلا ٹکڑا جس پر لکھنے یا ڈرائینگ کا کام کیا جا سکے ؛ چھوٹی سی ہموار سطح ، لکڑی یا پتھر کا ٹکڑا (تختی) یا دھات کی پلیٹ جس پر کوئی ڈیزائن یا کوئی تحریر کندہ ہو ؛ چھوٹی سی ٹکیہ یا دوا کی قرص جیسے اسپرین کی ٹکیہ ؛ چھوٹی سے چپٹی ٹکیہ ، جیسے صابن کی ۔

table talk, n. گپ شپ ؛ کھانے کے دوران بات چیت ؛ میز پر برج کے پتوں پر گفتگو ؛ کھانے کے میز پر گپ شپ کے لیے کوئی شگفتہ سا موضوع ؛ ہلکی پھلکی بات چیت ۔

table tennis, ping pong, n. ٹیبل ٹینس ؛ پنگ پونگ کا کھیل جو ٹینس کی مانند ہوتا ہے ، اسے دو کھلاڑی یا دو کھلاڑیوں پر مشتمل دو ٹیمیں آپس میں ایک مستطیل میز پر لکڑی کے بلّوں اور پلاسٹک کے بنے ہوئے چھوٹے گیند سے کھیلتی ہیں ۔

tabletop, n. میز کی اوپر کی سطح ؛ سطح میز ؛ میز پر فوٹو گراف یا چھوٹی تصویروں کی سلیقے سے سجاوٹ ۔

tableware, n. میز کے برتن ؛ میز کا سامان یا کھانے کے دوران میز پر استعمال ہونے والے ظروف ۔

table wine, n. طعام کے ہمراہ پیش کی جانے والی شراب جس میں الکحل ۱۴ فی صد سے زیادہ نہیں ہوتا ؛ ہلکی شراب ۔

tabloid, n. معیاری سائز کے نصف صفحات پر مشتمل اخبار جس میں مختصر کہانیاں ، مضامین اور بہت سی تصویریں ہوتی ہیں ۔ (بڑے T سے) بعض ادویہ کی بنائی ہوئی چھوٹی سی ٹکیہ ؛ قرص ۔ (تجارتی نشان) ۔ (صفت) بستہ ؛ مجتمع ؛ چھوٹی شکل میں ۔

taboo, tabu, a. ٹیبو ؛ جنوبی بحرالکاہل کے پولی نیشیائی لوگوں اور دیگر قبائل میں عام استعمال کے لیے قابل حرمت یا ممنوع ؛ ناجائز قرار دیا گیا یا پابندی لگایا گیا ؛ معاشرتی رسم کے مطابق ممنوعہ ۔ (اسم) پولی نیشیائی اور متعلقہ نسل کے لوگوں میں وہ نظام ، معمول یا عمل جس کے ذریعے بعض اشیا کو قابل حرمت یا ممنوعہ قرار دیا جاتا ہے ؛ اس طرح قابل حرمت یا ممنوع قرار دینے کی حقیقت ؛ کسی چیز کی حرمت ، عمل یا استعمال سے اخراج ؛ سماجی رسم و راہ سے اخراج ؛ معاشرتی مقاطعہ ؛ رسم تحریم ؛ آسٹریلیا کے مشرقی جزائر میں کسی کو قابل حرمت یا قابل لعنت قرار دینے کی رسم ؛ امتناع ، تحریم ؛ ممنوع ، حرام ؛ ممانعت ؛ سماجی مقاطعہ ؛ مناہی ۔ (فعل متعدی) حرام کرنا ، ناجائز قرار دینا ؛ عام رائے یا قانون کی رو سے ممنوع قرار دینا ؛ مناہی کرنا ؛ کسی کو ملک بدر کر دینا ؛ جلا وطن کر دینا ؛ سماجی مقاطعہ کرنا ۔

tabor, tabour, n. [عربی ، فارسی] طنبورہ ؛ مردنگ ؛ ڈھولکی جسے بین کے ساتھ بجایا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) ڈھولکی بجانا ، طنبورہ بجانا ۔

taborer, tabourer, n. ڈھولکیا ؛ مردنگیا؛طنبورہ نواز ۔

taboret, tabouret, n. اسٹول ؛ مونڈھا ؛ پشت اور دستے کے بغیر نیچی نشست ؛ تپائی ؛ ڈھولک ؛ اڈا جس پر کپڑا منڈھ کر کشیدہ کاری کی جاتی ہے ۔

taborin, taborine, n. چھوٹا اسٹول ، نیچی تپائی ؛طبلہ ؛ ڈھولک ۔

tabret, n. ڈھولکی ۔

tabular, a. جدوَلی ؛ جدول سے متعلق یا جدول کی طرح یا جدوَل کی طرح ترتیب یافتہ ؛ جدولوں کے استعمال سے کمپیوٹر کے طریقے پر تصدیق کیا ہوا ؛ افقی ؛ چپٹا ؛ مسطح ؛ میز نما ؛ تختہ سا ؛ ٹکیہ جیسا ؛ چوکور و مسطح ؛ چوکیا ۔

tabularly, adv. جدوَل کی صورت میں ، جدول کے مطابق یا جدول کے ذریعے ۔

tabula rasa, n. کورا ذہن ؛ سادہ ذہن ؛ ذہن جس نے ابھی بیرونی اثرات یا تجربات کو قبول نہ کیا ہو ؛ سلیٹ کی طرح خالی الذہن ۔

tabulate, v.t. جدول بنانا ؛ فہرست بنانا ؛ چٹھا بنانا ؛ ترتیب دینا ؛ جدول ، تجویز ، فہرست یا خلاصے میں ڈالنا یا ویسی شکل

دینا ؛ جدول یا فہرست بنانا ؛ کسی چیز کو مسطح بنانا ؛ تختہ سا بنانا ؛ درج کرنا ؛ مرتب کرنا ۔ (صفت) ورق آسا ؛ میز کی شکل یا چوکوری وضع کا ۔ (حیوانیات) عرضی جھلّی جو مرجان میں پائی جاتی ہے ۔

tabulation, n. جدوَل کاری ؛ جدول بندی ؛ ترتیب فہرست ؛ ترتیب جدول ؛ ترتیب ؛ فہرست سازی ؛ جدول سازی ۔

tabulator, n. جدول کار ؛ فہرست ساز ؛ فہرست ترتیب دینے والا ؛ جدول بنانے والا ، مرتب ؛ ٹائپ رائٹر کے ساتھ حساب کی جدول تیار کرنے کا لگا ہوا پرزہ، جوٹائپ رائٹر کے چھپے ہوئے مواد کو کالموں میں بھی تقسیم کر دیتا ہے ۔

tacamahac, tacamahaca, tacmahack, n. صمغ امریکی ؛ بَلسمی حوّر ؛ بہت سی رال صفت اشیا میں سے کوئی شے جو دھونی دینے یا مرہم میں استعمال ہوتی ہے جیسے کہ امریکی بلسان کے درخت سے حاصل شدہ گوند ؛ رال جو Populus balsamifera سے برآمد ہو ؛ بلسان کا درخت ؛ شمالی امریکا کا کوئی سا درخت جس سے رال ٹپکے ۔

tacet, n. (موسیقی) اس بات کا اشارہ کہ ساز کی آواز یا نغمہ سرائی کو فی الوقت بند کر دیا جائے ۔

tachina fly, n. دو بازوؤں والا کیڑا ، جس کے طفیلی لاروے کیڑوں مکوڑوں اور دوسرے مضر حشرات کے انسداد کے لیے مفید ہیں ۔

tachistoscope, n. (نفسیات) توجہ نما ؛ بصارتی ادراک کی آزمایش کا آلہ جس میں مختصر وقت کے لیے شے یا اشیا دکھائی یا حروف یا الفاظ پڑھائے جاتے ہیں ۔

tachistoscopic, a. توجہ نُمائی ؛ بصارتی ادراک کی آزمایش کے بارے میں ۔

tachistoscopically, adv. توجہ نمایانہ ؛ بصارتی ادراک کی آزمایش کرتے ہوئے ۔

tachometer, n. آلۂ سرعت پیما ، جیسے پانی یا کسی اور مائع کے بہاؤ کی رفتار معلوم کرنے کے لیے ؛ انجن خصوصاً موٹر کے انجن کے فی منٹ چکر ظاہر کرنے کا آلہ ۔

tachometrically, adv. آلۂ سرعت پیمائی کے طور پر ۔

tachometry, n. سرعت پیمائی ؛ رفتار پیمائی ۔

tachycardia, n. (امراضیات) دل کی بہت تیز دھڑکن ؛ اختلاج قلب ۔

tachygraphy, n. زود نویسی کا فن اور اس کی مشق ؛ مختصر نویسی ؛ اسٹینو گرافی ، خصوصاً قدیم رومیوں اور یونانیوں کی ۔

tachygraphic, tachygraphical, a. زود نویسی کا ؛ زود نویسانہ ۔

tachylyte, tachylite, n. کانچ پتھر ؛ زجاجی بسالٹ ؛ بسالٹ پتھر کی ایک قسم ؛ سیاہ زجاجی بسالٹ جو دھونکنی بھٹی سے پگھل جاتا ہے ۔

tachylitic, a. بسالٹ پتھر کا ؛ زجاجی ۔

tachymeter, tacheometer, n. (مساحت) فاصلہ پیما ؛ آلۂ پیمایش ؛ زاویہ پیما ؛ فاصلہ پیما جو مساحت میں مقامات کا جلد تعین کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

tachymetry, n. فیصلہ پیمائی ؛ زاویہ پیمائی ۔

tacit, a. ساکت ؛ چپ ؛ بن کہے ؛ طے شدہ ؛ مسلمہ ؛ جو بیان کیے بغیر معلوم یا مفہوم ہو (جیسے : tacit consent) ؛ رضا باسکوت ۔ (قانون) آئین یا واضح قرارداد کے بغیر جو مسلّمہ ہو ۔

tacitly, adv. کچھ کہے بغیر ؛ معناً ؛ خاموشی سے ۔

tacitness, n. خاموش اقرار ؛ اقرار معنوی ۔

taciturn, a. کم گو ؛ کم سخن ؛ طبعاً خاموش ؛ چپ چپ ؛ خاموش طبع ۔

taciturnity, n. کم گوئی ؛ کم سخنی ۔

tack, n. کوکا ؛ برنجی ؛ کیل ؛ میخ ؛ پن ؛ ٹھنٹھ سی عام طور پر مخروطی تیز نوک والی چوڑے سر کی میخ ؛ نگندا ؛ انتر چھال ؛ ہلکی بندھنی ؛ خشک ہونے سے پہلے چپچپاہٹ جیسے روغن کی ؛ طریقہ یا عمل ، جیسے حکومت یا کاروباری ادارے کا خاص کر جب وہ پہلے سے متعینہ مسلک سے مختلف ہو ؛ گھوڑے پر سواری کرنے کا سازوسامان جیسے کاٹھی یا لگام ۔ (جہاز رانی) پال کا رسا جس سے بادبان کا کوئی گوشہ بندھا ہو ؛ وہ گوشہ جس میں یہ رسا بندھا ہوا ہو ؛ اگلے اور پچھلے بادبان کا نچلا آگے کا کنارا ؛ پوزیشن کے حوالے سے تیرتے ہوئے جہاز کا رخ یا بادبانوں کی ترتیب ؛ پلٹا ، ہوا کے مطابق جہاز کے رخ میں تبدیلی ؛ آگے پیچھے یا ٹیڑھا میڑھا راستہ ۔ (فعل متعدی) باندھنا ؛ کیلوں سے جوڑنا ؛ ہلکے ہلکے یا تیزی سے آپس میں ملانا یا پیوست کرنا ؛ ضمیمے یا اضافے کے طور پر نتھی کرنا ؛ میخ ٹھونکنا ؛ منسلک کرنا ۔ (جہاز رانی) تیرتی ہوئی کشتی کو ہوا کے رخ پھیرنا ۔ (فعل لازم) دباؤ ڈال کر کشتی کا راستہ بدلنا ؛ پلٹے کھاتے ہوئے ہوا کے رخ تیرنا ؛ اپنے خیالات ، طور طریقے اور رویے کو اچانک بدل دینا ، اس کے خلاف کرنا یا اس میں ترمیم کرنا ؛ مسلک تبدیل ہو جانا ؛ جھولنا ؛ جگہ بدلنا ؛ ٹیڑھے میڑھے راستے پر چلنا یا اس پر تعاقب کرنا ۔

tacker, n. میخیں ٹھوکنے والا ؛ جوڑنے والا ؛ ملانے والا؛ پیوست کرنے والا ۔

tack, n. غذا؛ رسد ؛ زادراہ ؛ توشہ ، مرکب صورت میں استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : hard tack) ۔

tackle, n. مختلف قسم کے کاموں یا کھیلوں کے لیے ضروری سازوسامان ، اشیا یا لوازم ؛ لباس جیسے فٹ بال کا سوٹ ؛ مرفاع ؛ بھاری اشیا اٹھانے ، بادبان وغیرہ چڑھانۓ اتارنے کا سازو سامان جیسے رسے ، چرخیاں وغیرہ ؛ آلہ ؛ جرثقیل ؛ چرخی ؛ پُلی ؛ کیل کانٹا ؛ پکڑ ؛ اڑنگا ؛ حریف کو روک لینے یا پکڑ لینے کا عمل جیسے فٹ بال میں ۔ (فٹ بال) اڑنگا ۔ (فعل متعدی و لازم) (فٹ بال) اڑنگا لگانا ؛ حریف کو گیند لے کر آگے نہ چلنے دینا ؛ دشواری سر لینا ؛ نبٹنے کی کوشش کرنا ؛ قابو پانا یا سلجھانا (جیسے : He tackled the problem vigorously) ؛ جُت جانا ؛ نپٹنا ۔

tackler, n. روکنے والا ؛ اڑنگا لگانے والا ۔

tackling, n. جہاز رانی کا سازوسامان یا اسباب ؛ کیل کانٹا ؛ رسا چرخی ؛ جرثقیل ۔

tacky, a. چپچپا ؛ لیس دار ۔

tackiness, n. لیس ؛ چپ چپاہٹ ۔

tacky, a. (بول چال) خستہ حال یا فرومایہ ؛ بدوضع ؛ بھدا ؛ گھٹیا ؛ ادنی ؛ غیر ضروری طور پر نمایشی ؛ ٹیپ ٹاپ دکھانے والا ۔

tackiness, n. خستہ حالی ؛ فرومایگی ؛ نمایش ۔

taco, n. مسالے بھرا پراٹھا ؛ میکسیکی،اسپینی خوراک

جو تلی ہوئی مکئی کی روٹی میں مسالے بھر کر تیار کی جاتی ہے ۔

taconite, n. سلیکا ہیماٹائٹ کچ دھات جس کی کانیں جھیل سپرئیر (Lake superior) کے علاقے میں واقع ہیں اور جس سے گھٹیا قسم کا لوہا حاصل کیا جاتا ہے ۔

tact, n. موقع شناسی ؛ تدبیر ؛ ڈھنگ ؛ سلیقہ ؛ مطلوبہ بات کرنے اور کہنے کی مہارت ؛ اس بات کا مکمل احساس کہ کونسی چیز پُر ذائقہ ، عمدہ یا ذوقی لحاظ سے خوش کن ہے ؛ چھونے کی حس ؛ قوت لامسہ ۔

tactful, a. موقع شناس ؛ ہوشیار ۔

tactfully, adv. ہوشیاری سے ؛ موقع کے مطابق ؛ حسب تدبیر ۔

tactfulness, n. موقع شناسی ۔

tactic, a. تدبیراتی ؛ سلیقے یا ترتیب کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ شاطرانہ ۔ (اسم) تدبیر ؛ حکمت عملی ۔ (جمع) (عسکری) تدبیرات ؛ فوجی چالوں یا حکمت عملیوں کا نظام (جیسے : the tactics of an army) ۔

tactical, a. تدبیراتی ؛ جنگی مواقع یا فوجی ترتیب کا یا اس سے متعلق جیسا کہ بری و بحری افواج کی جنگی چالیں ؛ عام تدابیر یا جوڑ توڑ کے متعلق ؛ شاطرانہ چالیں یا ماہرانہ جوڑ توڑ (جیسے : tactical movements or efforts, a tactical leader) ۔

tactically, adv. حکمت سے ؛ تدبیر کے ساتھ ۔

tactics, n. (عسکری) (جمع لیکن ترکیب میں واحد) فن تدبیرات ؛ جنگی چالیں ؛ مہارت ؛ فن حرب کے علم کی ایک شاخ جس کا تعلق فوجوں کو حسب موقع میدان جنگ میں بڑھانے ، ہٹانے اور اسلحہ کے استعمال میں عملی تربیت دینے سے ہے تا کہ دشمن پر برتری حاصل ہو یا اپنی ناموافق صورت حال کو بہتر بنایا جا سکے ، یہ لفظ strategy سے معنی میں مختلف ہے ؛ اپنا مقصد اور مفاد حاصل کرنے کے لیے داؤں پیچ یا جوڑ توڑ ، جیسے کاروبار میں ؛ چالبازیاں ؛ مصافیات ۔

tactician, n. تدبیر کار ؛ شاطر ؛ جوڑ توڑ کرنے والا ؛ فن جنگ کا ماہر ؛ ماہر حربیات ؛ تجربے یا مطالعے کی بنا پر چالوں کا ماہر ۔

tactile, a. لمسیہ ؛ لمسی ؛ جو لامسہ سے محسوس یا متعلق ہو ؛ لمس پذیر یا محسوس ہونے کے قابل ؛ واضح ، روشن ، مرئی ۔

tactility, n. لمسیت ؛ لمس پذیری ۔

tactile corpuscle, touch corpuscle, n. (تشریح الاعضا) لمسی جسیمہ ؛ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا کوئی ایک چھوٹا سا بیضوی جسم جس میں لمس کی حس موجود ہو ۔

taction, n. لمس ؛ چھونے کا عمل ۔

tactless, a. بے تدبیر ؛ نکما ؛ بیکار ؛ بے تکا ؛ جس میں ہشیاری نہ ہو (جیسے : a tactless person) ۔

tactlessly, adv. بے تُکے پن سے ۔

taclessness, n. بے تُکا پن ۔

tactual, a. لمسی ؛ چھونے کی حس سے متعلق ؛ لمس سے ماخوذ ۔

tactually, adv. لمس کے ذریعے ؛ چھو کر ۔

tad, n. (بول چال) چھوٹا بچہ ، خصوصاً لڑکا ۔

tad pole, polliwog, n. غُوکچہ ؛ مینڈک کا بچہ جب تک اس کی دم اور گلپھڑے موجود رہیں اور ٹانگیں نشوونما نہ پائیں ۔

taedium vitae, n. زندگی سے بیزاری ؛ حیات بیزاری ؛ زیست بیزاری ؛ احساس یا سوچ کا انداز کہ زندگی اجیرن یا تھکا دینے والی ہے ۔

taenia, tenia, n. حاشیہ ؛ فیتہ ؛ سربند ؛ سرپنچ یا موباف جسے قدیم یونانی پہنتے تھے ۔ (فن تعمیر) حاشیہ جو ڈورک ستون کے اوپر کے داسے پر بناتے ہیں اور جو اسے کگری سے علیحدہ کرتا ہے ۔ (تشریح الاعضا) فیتہ نما ڈھانچا جیسے سفید رگوں یا پٹھوں کے ریشوں کے بعض فیتے ؛ کینچوا یا اس قسم کا کوئی کیڑا ؛ سطح پٹی ؛ حب القرع ۔

taeniacide, teniacide, n. (طِب) قاتل دیدان ؛ کدودانہ کُش دوا ؛ دوا جس سے کدو دانی مرض کا علاج کیا جاتا ہے ۔ (صفت) کینچوے تباہ کرنے والی ۔

taeniacidal, teniacidal, a. کدو دانہ کُش دوا سے متعلق ۔

taeniasis, teniasis, n. مرض کدو دانی ؛ مرض فیتوی ؛ کدو دانوں کی وجہ سے بیماری ۔

taffeta, n., a. [فارسی] تافتہ ؛ ریشم یا سوت کے ریشوں سے مہین بنا ہوا سخت پارچہ، خصوصاً ریان اور ایسیٹیٹ جیسی باریک چمکدار سادی بناوٹ والا ۔

taffeta weave, plain weave, n. تافتہ بُنت ؛ اوپر اور نیچے مختلف قسم کی بناوٹ (بنت) جس سے مضبوط قسم کا چارخانہ کپڑا تیار ہوتا ہے ۔

taffrail, n. (جہاز رانی) جہاز کے پچھلے سرے کا کٹھرا ؛ عقبی کٹھرا ؛ جہاز کے پچھلے سرے کا بالائی حصہ ۔

taffy, toffee, n. ٹافی ؛ ٹوفی ؛ ایک قسم کی مٹھائی جو شیرے یا شکر میں مکھن ڈال کر بنائی جاتی ہے ، جوش دے کر ٹھنڈی ہو جانے پر مسام دار ہو جاتی ہے جسے کھینچ کر لمبے ٹکڑے بنا لیتے ہیں ۔ (بول چال) خوشامد ؛ چرب زبانی ؛ فقرہ بازی ؛ چاپلوسی ۔

Taffy, n. (برطانوی) (عوامی) ویلز کا باشندہ ؛ David یا Davy کا ویلزی تلفظ ۔

taffy pull, n. محفل کی ایک قسم یا کوئی غیر رسمی مجلس یا تقریب جہاں مہمان خوش گپیوں اور فقرے بازی میں مشغول ہوتے ہیں ۔

tafia, n. ٹافیہ ؛ ویسٹ انڈیز کی شراب ؛ رم کی گھٹیا قسم جو گنے کے رس یا معمولی شیرے سے کشید کی جاتی ہے ؛ ٹھرّا ۔

tag, n. دھجی ؛ ٹیگ ؛ کاغذ ، چمڑے یا پلاسٹک کا چھوٹا سا ٹکڑا جو نشان یا لیبل کے طور پر استعمال ہو (جیسے : a price or luggage tag) ؛ ساتھ لگائی جانے والی کوئی چیز جیسے آرایش یا اضافے کے لیے ؛ ڈھیلا سرا یا دھجّی ؛ جوتے کے بند کے سرے پر دھات یا پلاسٹک کا ٹکڑا ؛ کپڑوں کے دنبالے جیسے جھالریں اور پھندنے ؛ مصنوعی آنکڑے میں کانٹے کی ڈنڈی کے گرد دھات کا چمکیلا ٹکڑا ؛ پن چھلا ؛ وہ چمکتا ہوا ٹکڑا جو کانٹے کی طرح انگریزی جوتے کے تلے کے حصے میں لگا ہوا ہوتا ہے اور جس کی مدد سے جوتا پہنا جاتا ہے ؛ باقی ماندہ یا آثار ؛ جانور کی دُم یا دُم کا سرا ، نوک ؛ دُم چھلا ؛ اون ؛ بھیڑ کے بالوں کا گچھا ؛ کہانی کے تتمہ کے طور پر تقریر میں یا تحریر میں اضافہ جیسے کہانی کا اخلاقی نتیجہ ؛ خاص اثر پیدا کرنے کے لیے

مقولوں کا اضافہ ؛ عام جملہ یا اسلوب بیان ؛ فرسودہ فقرہ ؛ کوئی وصف یا صفت ؛ ڈرامے میں تقریر کے آخری الفاظ ؛ اداکار کے لیے ایما یا اشارہ ۔ (فعل متعدی) نشان یا لیبل لگانا ؛ ٹیگ کی طرح لگانا ؛ بالوں کے گچھے کاٹنا ، جیسے بھیڑ کے ۔ (بول چال) پیچھے لگے رہنا ؛ پیچھے پیچھے چلنا ؛ ٹریفک کی خلاف ورزی پر چالان کا پرچہ دینا/لگانا ۔ (فعل لازم) مطابقت میں چلنا ، after اور along کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

tag, n. (کھیل) چور سپاہی ؛ چھونے کا کھیل ؛ بچوں کا کھیل جس میں ایک بچہ دوسروں کو چھونے کے لیے ان کے پیچھے بھاگتا ہے اور جب کسی کو چھو لیتا ہے تو چھویا جانے والا بچہ اس عمل کو دہراتا ہے ۔ (بیس بال) بیس پر دوڑنے والے کو چھونے کا فعل یا عمل ۔ (فعل متعدی) کھیل میں چھونا ۔ (بیس بال) پھسلتے ہوئے بیس پر دوڑنے والے کی طرح ننگے یا دستانہ پہنے ہوئے ہاتھوں میں گیند لیے حریف کھلاڑی کو چھونا اور ہراساں کرنا ؛ بیس بال کے کھیل میں گیند کو زور سے مارنا یا مکہ بازی کے کھیل میں حریف کو زور کے گھونسے ٹکانا ۔

tagboard, n. مضبوط گتا جو ٹیگوں اور بڑے اشتہاروں وغیرہ کے لیے استعمال کیا جائے ۔

tag day, n. یوم نشان ؛ وہ دن جب صدقہ ، خیرات یا کسی مخصوص فنڈ کے لیے چندہ جمع کیا جاتا ہے اور چندہ دینے والے ہر شخص کو tag کے اعزاز سے نوازا جاتا ہے ۔

tag end, n. آخر یا اختتامی حصہ ؛ انجام کار ؛ ٹکڑا یا جزو (جیسے :a tag end of cloth) ۔

tag line, n. کسی ڈرامے ، لطیفے یا تقریر کی آخری سطر خصوصاً جب صراحت اور ڈرامائی تاثر کے لیے استعمال کی جائے ؛ تشخص کا جملہ یا نعرہ ؛ مقولہ ۔

tag up, v.i. (بیس بال) گیند دبوچے جانے کے وقت بلّے باز کا اگلے بیس پر جانے کی بجائے خود اپنے بیس کو چھو لینا ۔

Tahitian, a. تاہیتی ؛ سوسائٹی جزائر میں جزیرہ تاہیتی سے متعلق یا وہاں کے رہنے والوں اور ان کی بولی کے بارے میں ۔ (اسم) تاہیتی کا قدیمی یا نوآباد باشندہ خاص طور پر وہاں کی قدیم پولی نیشیائی (Ploynesian) نسل کا رکن ؛ اس نسل کی بولی ۔

tahsildar, tahseeldar, n. [اردو] تحصیلدار ؛ برصغیر میں ٹیکس جمع کرنے والا یا محکمہ مال کا افسر ۔

Tai, n., a. تھائی ۔

taiga, n. سائبیریا کے مشرق بعید میں صنوبر کا جنگل ؛ شمالی امریکا اور یوریشیا کے مشرق بعید میں اسی قسم کے جنگلات ۔

tail, n. دُم ؛ پونچھ ؛ ذنب؛جانور یا جسم حیوانی کے دھڑ کا آخری پچھلا حصہ جو جسم کا ایک واضح لچکدار حصہ ہوتا ہے؛ کوئی شے جو صورت یا جگہ کے لحاظ سے دم سے ملتی جلتی ہو (جیسے the tail of a kite) ؛ نچلا حصہ یا کسی چیز کا اختتامی جزو ؛ تقریر، کتاب ، ڈرامے یا کسی واقعے کا اختتام ۔ (طیرانیات) جہاز کا دنبالہ یا دُمچی یا آخری حصہ ۔ (فلکیات) دُم دار ستارے سے خارج ہوتی ہوئی روشن لکیر ۔ (جمع) (بول چال) سکّے کی پشت ، عقبی رخ ، پٹ ؛ دو پاکھا یا پس بریدہ کوٹ جسے لوگ پہلے پہنا کرتے تھے ؛ آنکھ کا بیرونی کونہ ؛ چوٹی یا گندھے ہوئے بالوں کی لٹ ؛ لوگوں کی صف یا قطار ؛ ہمراہیوں اور خدام کا سلسلہ ؛ خدم و حشم ؛ چھکڑے یا گاڑی کا پچھلا حصہ؛ تالاب یا نہر کا زیریں حصہ ۔ (بول چال) جو شخص خفیہ طور پر کسی کی نقل و حرکت کی نگرانی کرے ؛ سایہ ۔ (عوامی) چوتڑ یا پچھلا حصہ ؛ عقب ۔ (فعل متعدی) دم دار بنانا یا دم جوڑنا؛ جلوس کا آخری حصہ یا دنبالہ بننا؛ ختم کرنا ۔ (بول چال) کسی کی نگرانی کرنا؛ آخری حصے یا اختتامی سرے سے ملنا یا ساتھ دینا (عام طور پر in یا into کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)؛ شامل کر دینا ؛ ٹانک دینا ؛ جوڑ دینا ؛ شریک کر دینا ؛ ساتھ کر دینا ؛ پونچھ یا دم لگا دینا ؛ پیچھا کرنا؛ ساتھ باندھ دینا ۔ (فعل لازم) قطار بنانا ، قطار میں چلنا یا قطار میں گزرنا ۔ (بول چال) عقب میں چلنا؛ آگے چلنے والی کشتی کے پیچھے پوزیشن میں رہنا یا پوزیشن اختیار کرنا (عام طور پر in یا into کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ پیچھے لگ جانا ؛ پہلو کے ساتھ ہو جانا ؛ بہاؤ کے ساتھ ہو جانا ۔ (نجّاری) آخری سرے سے بندھے رہنا (عام طور پر in یا into سے قبل استعمال ہوتا ہے) ۔ (صفت) پُشتی ؛ عقبی ؛ ذنبی ۔

tail off, ماند پڑنا یا بتدریج زائل ہو جانا (جیسے : a stream that tails off into a thicket) ۔

turn tail, دم دبا کے بھاگنا ؛ پیٹھ دکھانا ۔

with the tail between the legs, مکمّل طور پر شکست خوردہ ؛ زبوں حال ؛ سفلہ ؛ نیچ؛ خوار؛ پست ۔

tailed, دُم دار ؛ دنبالہ دار؛ پونچھل؛ ذنبی ۔

tailer, n. دم والا ۔

tailless, a. بے دم ، پونچھ کے بغیر ۔

taillike, a. دم کی طرح کا ؛ دم نما ۔

tail, n. (قانون) مشروط یا محدود ملکیت ؛ کسی شخص ، اس کے ورثا یا ان وارثوں کے کسی خاص طبقے تک محدود ملکیت ؛ جائیداد جو صرف اولاد صلبی کو ورثے میں ملے ؛ مشروط ملکیت یا مشروط ہبہ ؛ محدود وراثت ۔

tailback, n. (فٹ بال) جارح کھلاڑی کا ایسی پوزیشن (جگہ) پر موجود ہونا جو چھینا جھپٹی کے مقام سے دور ہو ؛ وہ پوزیشن جس پر یہ ٹیم کا رکن کھیلے ۔

tailboard, n. عقبی حصہ یا پشتی تختہ جیسے گاڑی ، چھکڑے یا ٹرک کا ۔

tail coat, tailcoat, n. مردوں کا رسمی نوع کا کوٹ جو پیچھے سے کھلا ہوا اور سامنے کے دامن گول ترشے ہوئے ہوں ؛ پس بریدہ کوٹ ۔

tail end, n. کسی شے کا آخری زیریں یا اختتامی حصہ ۔

tail fin, n. دُم پر ؛ مچھلی کے عقبی مہپیر ؛ موٹر کے دو ابھاروں میں سے ایک جو عقبی ٹکر روک پر (بمپر میں) آرایشی طور پر بنا ہوا ہوتا ہے ۔

tailgate, n. ٹرک اوراسٹیشن ویگن پر لگایا ہوا قلابے دار یا کھلنے والا تختہ یا دروازہ جس سے بہ آسانی مال لادا یا اتارا جا سکتا ہے ۔ (فعل لازم و متعدی) کسی گاڑی کے پیچھے بہت قریب اس طرح گاڑی چلانا کہ خطرناک ہو جائے ؛ دوسری گاڑی کے عقب میں خطرناک طریقے سے گاڑی چلانا ۔

tailing, n. پتھر یا اینٹ کا باہر نکلا ہوا وہ حصہ جو دیوار میں پیوست ہو ؛ کسی چیز کا کچرا ؛ بیکار حصہ ؛ بقیہ ۔

taille, n. فرانسیسی ٹیکس جو بادشاہ اور جاگیردار

tailwind, n.
دنبالی ہوا ؛ ہوا جو حرکت کرتے ہوئے ہوائی جہاز، بحری جہاز یا موٹر گاڑی کی عقبی جانب سے آئے ۔

taint, v.t.
مخرب اخلاق ، زہریلی اور جارحانہ باتوں کا اثر ڈالنا ؛ کسی کے نام یا عزت کو خراب کرنا ؛ داغ یا بٹہ لگانا ؛ رنگ دینا یا چڑھانا ؛ آلودہ کرنا ؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا ؛ گندا کرنا ۔ (فعل لازم) کسی آلودگی ، خرابی یا مرض میں مبتلا ہونا ۔ (اسم) ہر اس چیز کی نشاندہی جو بُری ، نقصان دہ یا ظلم سے عبارت ہو ؛ کسی کی شہرت پر داغ اور دھبہ ؛ کلنک کا ٹیکہ ؛ آلودگی ؛ شائبہ ؛ اثر ؛ فساد ؛ دوش ۔

tainless, a.
بے داغ ؛ پاک صاف ۔

Taiping, a.
[چینی : تائی پنگ کا امنِ عظیم] چین میں ۱۸۵۰ء ۔ ۱۸۶۴ء کی ناکام بغاوت اور اُس خاندان کے حوالے سے جو اس بغاوت کے نتیجے میں برسراقتدار آنے والا تھا ۔ (اسم) چین کی اس بغاوت میں حصہ لینے والا ۔

take, v.t.
لینا ؛ پکڑنا ؛ تھامنا ؛ قبضہ پا لینا ؛ حاصل کرنا ؛ پکڑ کر اٹھا لینا ؛ اچانک پکڑ لینا ؛ دام میں پھانسنا ؛ چونکانا ؛ قیدی بنانا ؛ گرفتار کرنا ؛ مسلح طاقت کے زور پر قبضہ لینا؛ کرائے یا پٹے پر لے کر قابض ہونا ؛ بطور انعام حاصل کرنا ؛ منتخب کرنا اور اپنا لینا ؛ چننا ؛ کوئی نذرانہ وصول کرنا یا پیشکش قبول کرنا ؛ برداشت کرنا یا اطاعت قبول کرنا ؛ پی جانا ؛ جھیلنا ؛ اپنے آپ کو پابند کرنا جیسے قسم کا ؛ سمجھنا یا ادراک کرنا ؛ خوشی یا بے دلی سے لینا ؛ برا مانـنـا (جیسے : to take an act amiss) ؛ اچھی یا بری نظر سے دیکھنا ؛ فرض کرنا ، سمجھنا یا خیال کرنا (جیسے : to take something to be right) ؛ تجربہ کرنا ؛ عادی ہونا یا محسوس کرنا ، جیسے فخر و مباہات ؛ لے بھاگنا ؛ ختم کرنا جیسے اپنی زندگی کو ؛ منہا کرنا (جیسے : to take five from ten) ؛ موہ لینا ؛ فریفتہ کرنا ، پرچا لینا (جیسے : to take one's fancy) ؛ مبتلا ہونا یا جکڑے جانا (جیسے : to take a cold) ؛ قابو کرنا ، حملہ آور ہونا یا چڑھائی کرنا جیسے کسی دھماکے یا مرض وغیرہ کا ؛ پہنچانا یا لے جانا ؛ سواری کے لیے استعمال کرنا یا سوار ہونا (جیسے : to take a train) ؛ لے جانا یا جانا (جیسے : a path that takes one through the woods) ؛ رہبر یا بدرقہ بننا ؛ معاملہ کرنا ؛ طے کرنا (جیسے : to take the stairs two at a time) ؛ عبور کرنا ؛ موقع سے فائدہ اٹھانا ؛ فائدہ ، لطف اٹھانا جیسے قیلولہ کرنے اور تعطیلات گزارنے سے ؛ کسی کی پناہ کا آسرا لینا ؛ کسی منصوبے کا بنانا یا اختیار کرنا ؛ احتیاط کے طور پر استعمال کرنا؛ اپنے آپ کو کہیں ٹکا دینا ؛ گھیرنا جیسے جگہ یا وقت ؛ کھا پی جانا ؛ درکار ہونا یا ضروری بنا دینا (جیسے : This job takes patience) ؛ لینا اور نگلنا جیسے دوا کا ؛ نقل کرنا ؛ خاکہ بنانا ؛ فوٹو اتارنا ؛ معرض تحریر میں لانا ؛ لکھنا ۔ (بیس بال) پچ پر گیند اچھالنے سے پرہیز کرنا ۔ (عوامی) دھوکا دینا ۔ (فعل لازم) اپنا راستہ متعین کرنا ؛ کوئی طریقہ اختیار کرنا ؛ کسی سمت کو پلٹنا ؛ عوامی مزاج کے مطابق ہونا ؛ خوش کرنا ؛ مطلوبہ اثر کا ہونا جیسے دوا سے ؛ گرفت میں لینا جیسے میکانی آلہ ؛ ہو جانا (جیسے : to take sick) ؛ مشغول ہونا جیسے مطالعہ میں ؛ جڑیں نکالنا جیسے پودے کا ؛ رنگ کا جذب ہو جانا ؛ رنگ چڑھ جانا ۔ (اسم) کسی چیز کی خوردہ مقدار ؛ واحد کھیپ ؛ یکبارگی ؛ مچھلی یا پرندوں وغیرہ کی تعداد جو ایک بار میں پکڑی جائے ۔ (فلم) فلم سازی کا غیر منقطع سلسلہ ۔ (طباعت) چھوٹا سا ٹکڑا جو کمپوز ہو کر ٹائپ ہو سکے ۔ (بول چال)

اپنی رعایا پر پہلے عائد کیا کرتے تھے ، عام طور پر امرا اور پادریوں پر یہ ٹیکس لاگو نہیں تھا ۔ (خیّاطی) ملبوس کا کمر والا حصہ ۔

tail light, tail lamp, n.
ریل گاڑی ؛ موٹر یا ٹرک کی عقبی روشنی ۔

tailor, n.
کپڑے سینے والا ؛ درزی ؛ خیاط ؛ جس کا کام پہننے کے کپڑے سینا یا ان میں ردوبدل کرنا ہو ۔ (فعل لازم) درزی کا کام کرنا ۔ (فعل متعدی) درزی سے کام کرانا ؛ لباس سے آراستہ ہونا ؛ کسی خاص ضرورت یا استعمال کے مطابق ہونا یا اپنے آپ کو ویسا ڈھالنا ۔

tailorbird, n.
بیا ؛ ایشیا اور افریقہ کا کوئی سا عصفوری پرندہ جو گھاس پھوس اور پتے سی کر اپنا گھونسلا بناتا یا اسے پوشیدہ کرتا ہے ۔

tailored, a.
درزی کا یا درزی کی طرح سیا ہوا ؛ عمدہ قسم کے کپڑے سے سادہ کٹائی اور ڈیزائن کا تیار کیا ہوا لباس ، اس کا اطلاق عام طور پر زنانہ لباس پر ہوتا ہے ؛ سادہ مگر جسم پر درست و چست سلا ہوا ۔

tailoring, n.
درزی کا کاروبار یا پیشہ ؛ خیاطی ؛ سلائی ؛ درزی کے ہاتھ کا سیا ہوا یا اس کی کاری گری کا نتیجہ ؛ نفیس لباس

tailor-made, a.
درزی کے یا درزی کی طرح کے سیے ہوئے ؛ کپڑے جو سادہ کٹائی کے مگر جسم پر چست ہوں ؛ آرڈر دے کر سلوائے گئے کپڑے جو بدن پر ٹھیک آئیں ؛ کپڑے جو کسی خاص ضرورت اور مقصد کے تحت بنوائے گئے یا ٹھیک کرائے گئے ہوں ۔

tailpiece, n.
ٹکڑا جودُم کی شکل کا ہو یا جسے آخر میں لگا دیا جائے ؛ آخری سرا ؛ تتمہ ۔ (طباعت) چھوٹی سی تصویر یا کوئی آرایشی خاکہ جو کتاب کے آخری حصے یا باب میں بنا دیا جائے ۔ (موسیقی) تار تختی ، لکڑی کا مثلث چھوٹا سا ٹکڑا جس سے ساز کے نچلے تار بندھے ہوئے ہوتے ہیں ۔ (فن تعمیر) کڑی یا شہتیر جس کا ایک سرا تو دیوار میں دبا ہوا اور دوسرا آگے نکلے ہوئے پتھر کے سہارے قائم رہے ۔ نیز: tail beam ۔

tailpipe, n.
عقبی پمپ ؛ وہ نلکی جس کے ذریعے جٹ ہوائی جہازوں اور گاڑیوں وغیرہ کے انجن سے خارج ہونے والے بخارات عقب کی طرف پھینکے جاتے ہیں ۔

tail plane, n.
(طیرانیات) دُمچی ؛ ہوائی جہاز کی دُم کا افقی حصہ جو اس کے توازن کو برقرار رکھتا ہے ؛ دم تختہ ؛ دُم پر ۔

tailrace, n.
دنبالہ ؛ پن چکی کا نچلا دھارا یا دھارے کا زیریں حصہ؛ head race کی ضد ؛ پانی کو باہر نکالنے والی نالی ۔

tailspin, n.
(طیرانیات) چکر غوطہ : اس حالت میں ہوائی جہاز کا اگلا سرا نیچے کی طرف جھپٹتا ہے اور اس کی دم اوپر کی طرف چکر کھاتی رہتی ہے ، یہ کرتب کے طور پر یا حادثے کے وقت ہوتا ہے یا جب ہوائی جہاز پر پائلٹ کا قابو نہ رہے ۔ (مجازاً) پریشانی کے عالم میں ہمت کا جواب دے جانا جو اکثر قابو باقی نہ رہنے کا نتیجہ ہوتا ہے ۔

tailstock, footstock, n.
(میکانیات) پاگیرا ؛ خراد کا قابل حرکت پھسلواں چوکھٹا جو کام کو روکنے والی غیر متحرک چرخی کو سہارا دیتا ہے ۔

کھیل ، ڈرامے یا اسی قبیل کے کام سے جو آمدنی ہو۔

take after, متابعت کرنا ؛ نقل کرنا ؛ مشابہ ہونا؛ مماثل ہونا ؛ قدم بہ قدم ہونا ، تقلید کرنا ؛ اسی طرح چلنا یا کرنا۔

take arms, take up arms, جنگ و جدل چھیڑ دینا یا جنگ کی حالت میں ہونا ؛ لڑائی کرنا ؛ آمادۂ جنگ ہونا۔

take breath, تھک جانے کے بعد دم لینے یا کچھ آرام کرنے کے لیے کام چھوڑ دینا ؛ دم لینا؛ سستانا ؛ آرام کرنا ؛ سانس لینا۔

take care, خبردار ہونا ؛ ہوشیار ہونا ؛ محتاط ہونا ؛ چوکسی کرنا ؛ حفاظت کرنا۔

take care of, کسی چیز کی نگرانی کرنا ؛ خبر گیری کرنا ؛ احتیاط کرنا ؛ حفاظت میں رکھنا ؛ دیکھتے رہنا ؛ نگران حال رہنا۔

take fire, آگ لگنا ؛ بھڑک اٹھنا یا سلگ اٹھنا۔ (مجازاً) غصے سے مشتعل یا پیار سے جذباتی ہو جانا۔

take from, تنقیص کا سبب ہونا یا گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ لے لینا ؛ نکال لینا ؛ منفی کر دینا ؛ قیمت گھٹا دینا ؛ اہمیت کم کر دینا۔

take heart, باہمت اور پُراعتماد ہو جانا ؛ ڈھارس باندھنا۔

take in vain, بے فائدہ لینا ؛ قطعی غیر ضروری طور پر ، بے احتیاطی سے یا بے ادبی کے ساتھ استعمال کرنا یا کہنا۔

take it, مان لینا یا تسلیم کرنا ؛ سزا یا مصیبت برداشت کرنا۔

take it out on, کسی سے بدسلوکی یا گالی گلوچ کرنا ، اپنی تکلیف ، مصیبت یا ایسے ہی کسی اور سبب کے طور پر۔

take leave, خدا حافظ کہنا ؛ رخصت ہونا ؛ جانے کی اجازت چاہنا ؛ اذن یا رخصت کا تھوڑا سا حق استعمال کرنا ؛ وداع ہونا ؛ چھوڑنا۔

take one's part, کسی کی جانب داری کرنا ؛ کسی کے معاملے کی حمایت کرنا۔

take pains, زحمت اٹھانا ؛ لگن سے کام کرنا ؛ ہر قسم کی محنت کرنا یا مشقت اٹھانا۔

take part in, کسی کام میں حصے دار بننا ؛ شریک ہونا ؛ شامل ہونا۔

take part with, کسی کے ساتھ شریک ہونا یا ملنا۔

take place, ہونا؛ وقوع میں آنا ؛ واقع ہونا ؛ ظہور میں آنا۔

take root, جڑ پکڑنا ؛ جڑیں نکالنا اور نشوونما پانا ؛ جڑ کا پوری طرح پکا اور مضبوط ہو جانا۔

take the field, جنگ شروع کرنا۔

take thought, سوچنا ؛ سمجھنا ؛ فکر مند ہونا۔

take to, شوق ہو جانا ؛ لگاؤ پیدا ہو جانا ؛ شغل میں لگ جانا۔

take to heart, کوئی بات دل کو لگانا ؛ رنجیدہ ہونا ؛ ناراض ہونا ؛ اثر لینا ؛ بہت متاثر ہونا۔

take up with, سنگی بننا ؛ ساتھی ہونا ؛ ساتھ لے لینا ؛ ساتھ کر لینا ؛ ساتھی بنا لینا ؛ شریک یا شامل کر لینا ؛ سنگی بنانا ؛ سنگت کرنا ؛ سنگت میں رہنا ؛ساتھ رہنا ؛ ساتھ کا اٹھنا بیٹھنا۔

taker, n. لینے والا ؛ پکڑنے والا ؛ گرفتار کُنِندہ ؛ تسخیر کرنے والا۔

take back, v.t. واپس لینا یا منسوخ ٹھہرانا جیسے بیان کا ؛ لوٹا دینا جیسے ناقص مال دکاندار کو ؛ کسی چیز کا دوبارہ قبضہ حاصل کرنا ؛ واپس آ جانے کی اجازت دینا جیسے غدار کو۔

takedown, v.t. ڈھا دینا جیسے عمارت کو ؛ مسمار کر دینا ، منہدم کر دینا ؛ لکھنا یا قلمبند کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ نچلی سطح تک لے جانا جیسے آبدوز کشتی کو ؛ اتارنا ؛ نیچے لانا ؛ رتبہ گھٹانا ؛ نگلنا ؛ پینا ؛ اتار جانا ؛ گرانا ؛ ڈھانا ؛ ٹانکنا ۔ (بول چال) رسوا کرنا ۔ (فعل لازم) رسوا ہونا۔

take down, take-down, a. کوئی چیز اس طریقے کی بنی ہوئی یا تیار شدہ کہ اسے آسانی کے ساتھ نیچے لایا جا سکے یا اس کا جوڑ جوڑ الگ کیا جا سکے۔ (اسم) رائفل یا کوئی اور ہتھیار جس کے اجزا بڑی جلدی سے علیحدہ علیحدہ کیے جا سکیں۔ (بول چال) کسی کو سرزنش کرنے ، ذلیل کرنے یا پریشان کرنے کا فن۔

take-home pay, n. (بول چال) حاصل شدہ تنخواہ ؛ مدت ملازمت کے دوران اصل ملنے والی تنخواہ ؛ اصل آمدن یا اجرت جو ٹیکس وغیرہ ادا کرنے کے بعد باقی بچے اور گھر لے جائی جائے ؛ حاصلی تنخواہ۔

take in, v.t. آنے دینا یا لے آنا ؛ کسی کو گھر آنے کی اجازت دینا یا گھر لے آنا ؛ گھیر لینا یا شامل کر لینا ؛ سمجھ لینا ؛ چھوٹا کرنا جیسے لباس کا ؛ ٹھیکہ کرنا ؛ بادبان کو لپیٹنا یا باندھنا ؛ خیال میں لانا ؛ سیر کرنا جیسے عجائب گھر کی ؛ اندر لینا ؛ گھسنے دینا؛ دل میں آنا یا گزرنا ؛ سکیڑنا ؛ احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ۔ (بول چال) دھوکا دینا ؛ بُتّا دینا ؛ جُل دینا ؛ ٹھگنا ۔ (اسم) (بول چال) دھوکا ؛ فریب یا ٹھگی ؛ کوئی چیز جو دھوکے سے کسی کے گلے منڈھ جائے ؛ مکروفریب سے حاصل شدہ رقم۔

take off, v.t. سطح سے ، باہر کی طرف سے یا اوپر سے ہٹانا یا اٹھانا ؛ جسم سے اتار دینا جیسے قمیص کا ؛ کسی دوسری جگہ منتقل کرنا ؛ نقل کرنا یا چربہ اتارنا ؛ مار دینا ؛ ہٹ جانا ، چلے جانا ؛ واپس لینا ؛ کاٹ لینا ؛ منہا کر لینا ۔ (بول چال) نقالی کرنا ؛ منہ چڑانا ؛ اتارنا ؛ کاٹ ڈالنا ؛ قتل کرنا ؛ ہلاک کرنا ؛ رد کرنا؛ خفیف کرنا ؛ علیحدہ کرنا ۔ (فعل لازم) ہوا میں اٹھ جانا ، جیسے ہوائی جہاز کا ۔ (بول چال) جانا ؛ رخصت ہونا ۔ (اسم) زمین سے بلندی کی طرف اُٹھنے کا عمل یا ہوائی جہاز کی پرواز کا آغاز ؛ جگہ یا مقام جہاں یہ عمل واقع ہو ، جست گاہ ؛ روانگی ، کوچ ؛ آغاز سفر ۔ (بول چال) نقل یا مضحکہ ۔ (میکانیات) انجن سے کام کرنے والی مشین میں توانائی منتقل کرنے کا کوئی سا آلہ یا منصوبہ۔

take on, v.t. اختیار کرنا ؛ نئے فرائض سنبھالنا ؛ بیڑا اٹھانا ؛ حاصل کرنا ؛ کرائے پر لینا ؛ تدبیر کرنا ؛ کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا ۔ (فعل لازم ، بول چال) جذبات کا شدت سے اظہار کرنا ، جیسے غم یا غصے کی حالت میں ۔

take out, v.t. ہٹا دینا ؛ نچوڑنا ؛ منہا کرنا ؛ صاف کر کے داغ دھبہ دور کر دینا ؛ حاصل کرنا جیسے لائسنس کا : باہر نکالنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ۔ (بول چال) بدرقہ بننا ، حفاظت کے لیے ساتھ رہنا یا انتظام کرنا ۔ (برج) اپنے ساتھی کو جو کوئی رنگ بول کر مشکل میں پڑ گیا ہو ، اس سے بڑا رنگ بول کر مشکل سے نکالنا ۔

take over, v.t. انتظام یا نظم و نسق یا مِلک سنبھالنا ؛ بزور یا چالاکی کے ساتھ ہتھیا لینا ؛ تحویل میں لینا ؛ ذمے لینا ؛ قبضہ کرنا ۔ (فعل لازم) غلبہ پانا جیسے کسی نئے مذہب کا ۔ (اسم) کسی کاروباری ادارے (کارپوریشن) کے نظم و نسق ، انتظامیہ اور مِلک کی ذمے داری سنبھالنے کا کام یا عمل ۔

take up, v.t. اوپر اٹھانا ؛ اٹھا لینا ؛ جہاں کسی نے چھوڑا تھا وہیں سے شروع کرنا ؛ دوبارہ آغاز کرنا ؛ مصروف ہونا ، منہمک ہونا یا مشغول ہونا ؛ اپنے آپ کو موردالزام ٹھہرانا ، جیسے جھگڑے میں ؛ کسی مسئلے کا آغاز کرنا یا اس پر بحث کرنا ؛ کوئی پیشہ اختیار کرنا ؛ قرض یا رہن کی رقم کا یا اسی طرح کی ادائیگی کرنا ؛ اختیاری بدل کے طور پر قبول کرنا ؛ جکڑنا یا مختصر کرنا ؛ تنقید کرنا ۔ (اسم) جکڑنے ، باندھنے ، جوڑنے یا ملانے کا کوئی طریقہ یا چیز ؛ جکڑنے کا عمل ۔

taking, n. لینے والے کا عمل ؛ لینے کی کیفیت ؛ لین ، پکڑ یا حاصل ؛ کیا گیا کام ؛ اخذ ؛ گرفتاری ۔ (جمع) (بول چال) حاصل شدہ ؛ رسیدات ۔ (صفت) دلربا ؛ دلکش ؛ من موہنی ۔ (بول چال) متعدی ۔

takingly, adv. دلکَش انداز سے ؛ متعدی طور پر ۔

takingness, n. دلکَشی ؛ تعدیہ ؛ دلبری ؛ دِلرُبائی ۔

talaria, n. (کلاسیکی اساطیری) (جمع) ہَرمِیز یا مرکری دیوتاؤں کے پروں والے جوتے ۔

talbot, n. ٹالبوٹ ؛ لمبے عام طور پر سفید شکاری کتوں کی نسل جن کے منہ چپٹے اور لمبے لمبے لٹکتے ہوئے کان ہوتے ہیں ، ان میں سونگھنے کی حس بہت تیز ہوتی ہے ۔

talc, n. [عربی] ابرق ؛ طلق ؛ ہائیڈرس میگنیشیم سلیکیٹ ؛ ایک قسم کی چکنی معدنی شے جو شفاف ہوتی ہے اور پرت کی صورت میں سفید ، بھورے یا سبز رنگ میں پائی جاتی ہے ؛ کوکب الارض ؛ بھوڈل ؛ چِلچل ۔

talcum, v.t. ابرق کی تہ چڑھانا ؛ طلق چڑھانا ، طلق چڑھانا یا طلق سے جِلا کرنا ۔

talcky, talcose, talcous, a. ابرقی ؛ طلقی ؛ طلق کا ؛ طلق نما ؛ طلق آسا ۔

talcum powder, n. ابرقی سفوف ؛ طلقی سفوف ؛ ٹالکم پاؤڈر ؛ لطیف اور نفیس قسم کے پاؤڈر کی شکل میں بنایا ہوا طلق جو خوشبویات ملا کر سامان آرایش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

tale, n. قصہ ؛ کہانی ؛ داستان ؛ ان واقعات کی سرگزشت جو ہو چکے ہوں یا جو خیالی طور پر واقع ہوئے ہوں ؛ خیالی قصہ ؛ مختصر کہانی ، سچی یا جھوٹی ؛ خبر کا ٹکڑا جو گپ شپ سے عبارت ہو ؛ افواہ ؛ جھوٹ ؛ بطلان ؛ افسانہ ؛ کتھا ؛ من گھڑت ۔

talebearer, n. افسانہ طراز ؛ ایسی خبریں پھیلانے والا شخص جو باعث تکلیف ہوں ؛ لِتڑا ؛ چغلخور ؛ بدگو ؛ غپاڑی ؛ ڈھنڈوریا ۔

talebearing, a., n. افسانہ طرازی؛ چغل خور ؛ بدگو ؛ چغل خوری ؛ لِتڑاپا ؛ بدگوئی ۔

talent, n. فطانت ؛ طباعی؛ ذہانت ؛ ذوق ؛ فطری استعداد یا طبعی میلان ؛ استعداد ؛ کارنامہ دکھانے یا کامیابی حاصل کرنے کی صلاحیت ؛ فطری صلاحیت ؛ ہشیاری ؛ اعلیٰ درجے کا ذہین فرد یا جماعت ؛ قدرتی جوہر ؛ بحیرۂ روم کے علاقے میں دَور قدیم کا وزن کرنے کا پیمانہ ؛ دَور قدیم میں یہ وزن سونے ، چاندی اور دیگر دھاتوں کی شکل میں زر حسابی کے طور پر استعمال ہوتا تھا ۔

talented, a. فطین ؛ طبّاع ؛ قابل ، لائق ؛ ذہین ؛ ذکی ؛ باذوق ؛ صاحب لیاقت ؛ مستعد ۔

talent scout, n. وہ شخص جو کھیلوں یا دیگر تفریحی شعبوں کے لیے ایسے افراد تلاش اور انھیں بھرتی کرے جو اعلیٰ درجے کی قابلیت اور استعداد کے مالک ہوں ۔

talent show, n. نمایشِ فن ؛ تماشا جس میں شوقیہ فن کار اپنے فنی کمالات منوانے کے لیے فن کا مظاہرہ کریں ۔

talesman, n. (قانون) وہ شخص جسے عدالت میں موجود حاضرین میں سے جیوری کے لوگ جیوری کی تعداد پوری کرنے کے لیے منتخب کر لیں ۔

taleteller, n. قصہ گو ؛ کہانی کہنے والا ؛ داستان گو ؛ داستان سرا ؛ قصہ خواں ۔

taletelling, a., n. قصہ خوانی ؛ داستان سرائی ۔

taligrade, a. (حیوانیات) کنار پا ؛ پاؤں کے بیرونی سرے پر زور ڈال کر چلنے والا ۔

talipes, n. گُرز پائی ؛ پاؤں کا پھرا ہوا ہونا ؛ کج پائی ۔

talipot, n. [سنگھالی نام] پنکھ پتر ؛ تاڑ ؛ پنکھا برگ ؛ برصغیر پاک و ہند ، لنکا اور فلپائن کے تاڑ کا درخت جس کے چوڑے پتے مکانوں کو ڈھانپنے ، چھتریاں اور پنکھے بنانے اور لکھنے والے کاغذ کے بدل کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں ۔

talisman, n. [عربی : طلسمان] تعویز؛ گنڈا ؛ گٹگا ؛ نقش یا طِلسم : اس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ جس کے پاس یہ ہو وہ آفات سے محفوظ رہتا ہے اور خوش قسمتی کا حامل ہوتا ہے ؛ کوئی چیز جو انسانی رویے پر غیر معمولی اثرات مرتب کرے ؛ لوح وغیرہ پر نقش کی ہوئی جادو ٹونے کی کوئی شکل ۔

talismanic, talismanical, a. طِلسمی ؛ طِلسماتی ؛ جادوئی ۔

talismanically, adv. طِلسماتی طریقے سے ؛ جادو ٹونے کی طرح ۔

talk, v.i. بولنا ؛ باتیں کرنا ؛ خیالات کے تبادلے یا اظہار کے لیے باتیں کرنا ؛ گفتگو کرنا ؛ آپس میں بات چیت کرنا ؛ تقریر کرنا یا لیکچر دینا ؛ گپ شپ ہانکنا ؛ بہت بولنا یا بکواس کرنا ؛ منہ سے الفاظ نکالنا ؛ ناطق ہونا ؛ کسی نہ کسی طریقے سے دوسرے کو اپنے مافی الضمیر سے آگاہ کرنا ، جیسے اشاروں یا علامتوں سے ؛ بے تکلفانہ بات کرنا ۔ (بول چال) خفیہ اطلاع بہم پہنچانا جیسے پولیس کو ؛ مخبری کرنا ۔ (فعل متعدی) بولنے یا گفتگو کرنے کے لیے کوئی زبان استعمال کرنا (جیسے : to talk French) ؛ گفتگو کے لیے

talking book, n. بولتی کتاب ؛ ناطق کتاب ؛ کسی رسالے ، کتاب یا ادب پارے سے پڑھی گئی عبارت کا ٹیپ یا صوتی ریکارڈ جو خاص طور پر نابیناؤں کے لیے تیار کیا گیا ہو۔

talking machine, n. ناطق مشین ؛ بولتی مشین ؛ شروع میں صوت نگار (فونو گراف) کو کہتے تھے۔

talking point, n. کوئی پہلو ، کوئی نکتہ ، کوئی انداز نظر یا رویہ جو دلیل یا بحث کے دوران آپ کے نقطۂ نظر کو تقویت بہم پہنچائے ؛ جو چیز فروخت میں معاون ہو۔

talking-to, n. (بول چال) ملامت ؛ گفتگو جس میں براہ راست کسی کو سرزنش کی جائے ؛ تنبیہہ ؛ کان کھولنے کا عمل ؛ کہا سنا ؛ سمجھانے کا عمل۔

talky, a. باتونی ؛ بہت زیادہ باتیں کرنے والا ؛ پُر گو ؛ عبارت آرا ؛ ایسی عبارت آرائی کہ مطلب ہی خبط ہو جائے یا جو اکتاہٹ پیدا کرے ، جیسے کوئی ناول یا ڈرامہ۔

tall, a. اُونچا ؛ طویل ؛ بلند ؛ دراز قد ؛ بلند قامت ؛ اوپر سے نیچے تک لمبا اور نسبتاً چھریرا ؛ قد کی اونچائی کم یا زیادہ (جیسے : two feet tall) ۔ (بول چال) خیالی ؛ مبالغہ آمیز (جیسے : a tall story) ؛ تکلیف کے درجے میں بہت زیادہ یا بڑی حد تک یا بڑھا ہوا (جیسے : to be given a tall order to fill) ۔ (صفت) سیدھا ؛ تمکنت سے (جیسے : to stand or walk tall) ۔

tallness, n. بلندی ؛ قد آوری ؛ لمبائی ؛ اونچائی۔

tallage, n. محصول جو انگلستان کے قدیم بادشاہ سرکاری اراضی اور شاہی قصبات پر لگایا کرتے تھے ؛ ٹیکس ؛ چنگی ؛ لگان یا محصول ۔ (فعل متعدی) ٹیکس مقرر کرنا یا محصول لگانا۔

tallboy, n. کپڑے رکھنے کی لمبی الماری جس کے اندر اوپر نیچے دو خانے ہوتے ہیں ؛ دھواں دان/دودکش کے اوپر کی ٹوپی ؛ لمبی ساق والا گلاس یا ساغر۔

tallith, n. [عبرانی] تالیث ؛ ایک قسم کا چوگوشہ رومال یا شال کی طرح کا لباس جو یہودی عموماً عبادت میں اوڑھے رہتے ہیں۔

tall oil, n. رال جیسا شیرے کا جزو جو لکڑی کے گودے سے ذیلی ماحصل کے طور پر لیا جاتا ہے اور جو صابن ، رنگ اور روغن بنانے کے کام آتا ہے۔

tallow, n. چکنائی ؛ گائے بھیڑ کی بہت سخت اور کم آمیز ہونے والی چکنائی جسے پگھلا کر ریشے دار مواد سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے اور موم بتی ، صابن وغیرہ بنانے میں استعمال کی جاتی ہے ؛ شحم ؛ پودوں سے حاصل کردہ اسی قسم کا چربی دار مواد ۔ (فعل متعدی) چربی لگانا یا چربی سے چکنا کرنا۔

tallowy, a. چربی کا ؛ چربی لگا ؛ چربیلا ؛ چربی کا سا۔

tally, n. کھاتہ . حساب یا شمار ؛ کھاتے میں جمع یا کھاتے سے خارج ہونے والی رقوم یا کسی کھیل میں نمبروں کا ریکارڈ ؛ نشان جو حساب کتاب رکھنے کے بعض مقاصد کی یاد دہانی کرائے جیسے پانچ کے ایک گروہ کے لیے چار عمودی اور ایک ترچھا نشان ؛ شمار کی اکائی کے طور پر اشیا کا مجموعہ ؛ شمار کردہ اعداد یا اشیا کا مجموعہ ؛ لکڑی کا ٹکڑا جس پر شمار کے لیے عرضاً نشان لگے

کوئی موضوع ٹھہرانا (جیسے : to talk politics) ؛ کچھ نہ کچھ کہتے رہنا (جیسے : to talk nonsense) ؛ بات چیت سے کسی پر مخصوص اثر ڈالنا۔ (اسم) بولنے کا عمل ؛ جانی پہچانی یا رسمی گفتگو ؛ تقریر ؛ بات چیت ؛ بحث ؛ مکالمہ ؛ خطاب یا لیکچر' خصوصاً غیر رسمی ؛ رپورٹ ؛ افواہ ؛ گپ شپ ؛ بات چیت کا موضوع ؛ کانفرنس یا مباحثہ (جیسے : peace talks) ؛ بے معنی یا بیکار گفتگو ؛ بولی ؛ زبان یا کسی خاص مضمون یا طبقے کی زبان۔

talk around, راغب کرنا ؛ گفتگو سے اپنا ہم خیال بنا لینا۔

talk back, گستاخی ، بے ادبی یا ڈھٹائی سے جواب دینا۔

talk big, (عوامی) شیخی بگھارنا یا بڑ ہانکنا۔

talk down, مخاطب کو چپ کرا دینا (دلائل کے زور سے ، شور مچا کر یا اپنی بات پر اڑے رہنے سے) ؛ بحث کو طول دینا ؛ بدنام کرنا یا گھٹا کر دکھانا ۔ (طیرانیات) کہر یا دیگر مانع حالات کے دوران ہوائی جہاز کو زمین پر اتارنے کے لیے ریڈیو (لاسلکی) کے ذریعے ہوا باز کو ہدایات دے کر مدد کرنا ۔ نیز : talk in ۔

talk down to, سرپرستانہ انداز میں بات چیت سے ہمت افزائی کرنا ، جیسے بہت آسان فقرے اور الفاظ استعمال کر کے۔

talk one's ear or head off, (عوامی) مسلسل گفتگو سے پریشان کر دینا۔

talk out, بات چیت کے ذریعے وضاحت یا اتفاق حاصل کرنا ۔ (برطانوی) اجلاس ملتوی ہونے تک پارلیمنٹ میں کسی تحریک پر بحث کا جاری رکھنا تا کہ اس پر اظہار رائے نہ کیا جا سکے۔

talk over, زبانی گفتگو کرنا ؛ غور کرنا (بات چیت میں) ؛ جانچنا ، پرکھنا ؛ ہم خیال بنا لینا ؛ بات چیت سے ہم آہنگ کر لینا۔

talk shop, اپنے پیشے کے متعلق بات کرنا خصوصاً کسی سماجی اجتماع میں تکنیکی اصطلاحات استعمال کرتے ہوئے اور تکنیکی تفصیلات بیان کرتے وقت۔

talk turkey, (عوامی) صاف صاف اور بے لاگ گفتگو کرنا ؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

talk up, تعریف کے پل باندھنا ؛ تحسین و آفرین کہنا ؛ تائید ، حمایت یا وکالت کرنا۔

talker, n. بولنے والا ؛ گفتگو کرنے والا ؛ بات کرنے والا ؛ بکی ؛ بکواسی ؛ جھکی وغیرہ۔

talkative, a. باتونی ؛ بہت زیادہ باتیں کرنے والا ؛ بسیار گو ؛ بکی ؛ دریدہ دہن ؛ گپی۔

talkatively, adv. بہت زیادہ باتیں کر کے ؛ بسیار گوئی کے انداز میں وغیرہ۔

talkativeness, n. بسیار گوئی ؛ پُرگوئی ؛ باتونی پن۔

talkie, talking picture, n. (بول چال) بولتی فلم ؛ ناطق تصویر ؛ آواز والی متحرک فلم ؛ ناطق فلم ؛ سینما ؛ فلم۔

tamarau, n. تمارو ؛ چھوٹی ، سیاہ جنگلی بھینس جس کی نسل فلپائن کے منڈورو جزائر میں پائی جاتی ہے۔

tamarin, n. تمرین ؛ تمارین ؛ جنوبی امریکا کے گرم علاقوں میں پایا جانے والا بندر جس کی دم گچھے دار ہوتی ہے۔

tamarind, n. [عربی : تمر ہندی] اِملی ؛ تمر ہندی ؛ لال دھاری والے زرد پھولوں کا ہندی درخت ، اس کا پھل تیزابی قسم کا ہوتا ہے جو ادویہ اور کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ املی کا درخت۔

tamarisk, n. طرفا ؛ جھاؤ ؛ تمرس ؛ ایک قسم کی جھاڑی جس میں گلابی پھول لگتے ہیں اور پتے پروں کی طرح نازک اور ہلکے ہوتے ہیں۔

tambour, n. [عربی، فارسی] طنبور؛ طنبورہ؛ ڈھولک ؛ ڈھول ؛ چھتری کا گول حصہ ؛ گول پتھر جو ستون کے درمیان ہوتا ہے ؛ گول اڈا جس پر کار چوب تیار کرتے ہیں ؛ اس قسم کا کام ؛ کار چوبی؛ ڈیسک کے تختے یا الماری کے دروازے کا ڈھولنا جو لکڑی کی باریک تیلیوں کا ہوتا ہے جنھیں کینوس پر آپس میں گوند سے جوڑ دیا جاتا ہے ؛ زردوزی کی کار چوب یا گل کاری ۔ (فعل متعدی) زردوزی کرنا ، کپڑے پراڈے کی مدد سے ۔ (فعل لازم) ڈھول نما گول سے فریم پر کام ہونا۔

tambourer, n. طنبورہ نواز ؛ ڈھولک بجانے والا ؛ زردوزی کرنے والا۔

tambourine, n. طنبوری ؛ دف ؛ چوبی یا آہنی خول سے بنا ہوا آلۂ موسیقی جس کے اوپر جھلی منڈھی ہوتی ہے اور جس کے گھیر میں دھات کے چھوٹے چھوٹے چھناکے لگے ہوتے ہیں ؛ خنجری ؛ رباب؛ چنگ ۔

tame, a. سدھایا ہوا؛ جانور جس نے اپنا جنگلی پن اور ڈر چھوڑ دیا ہو ؛ آدمی سے مانوس؛ پالتو (جیسے : a tame deer)؛ ہلا ہوا؛ مطیع؛ دھیما ؛ جوش سے خالی ؛ تیزی، طراری کے بغیر یا دبا ہوا ؛ دَبیل ؛ مٹھا ؛ بے ضرر یا بے اثر ؛ روکھا پھیکا ؛ بے مزہ ؛ غیر دلچسپ (جیسے : tame scenery)؛ رام ؛ بے روح ۔ (زراعت) مزروعہ ؛ کاشت کردہ ۔ (فعل متعدی) کاشت کے قابل بنانا ؛ جنگلی حالت سے پالتو حالت میں لانا ؛ مطیع بنا لینا ؛ ہلا لینا ؛ قابو میں لے آنا ، جیسے پانی کو توانائی پیدا کرنے کے لیے ؛ کچل دینا ؛ دبا دینا ۔ (زراعت) کاشت کرنا۔

tamable, tameable, a. انس پذیر؛ اطاعت پذیر؛ مل جانے کے لائق ۔

tameless, a. ان سدھا ؛ نامانوس۔

tamely, adv. مسکینی سے ؛ کمزور طریقے سے ؛ چپکے سے ؛ فروتنی سے ؛ بے ہمتی سے۔

tameness, n. کمزوری ؛ دبو پن ؛ مسکینی ؛ بزدلی ؛ نامردی ؛ اطاعت ۔

tamer, n. سدھانے والا ؛ ہلانے والا ؛ مطیع کرنے والا ۔

Tammany Hall, n. [دور انقلاب سے پہلے ایک معروف امریکی انڈین لیڈر کے نام پر] تمانی ہال ؛ نیویارک شہر میں ڈیموکریٹک پارٹی کی تنظیم اور اس کا صدر دفتر۔

Tammanyism, n. تمانی اصول ؛ آمرانہ طور پر ، ہوئے ہوں ؛ نشان کی پٹی جس کا ایک حصہ رقم لینے والے اور دوسرا حصہ رقم دینے والے کے پاس رہتا تھا ؛ کوئی چیز جس پر اسکور یا حساب کتاب رکھا جائے ؛ اسکور جو دندانے دار پٹی یا کسی اور چیز پر تحریر کیا جائے ؛ ٹکٹ ، لیبل یا نشان جس سے پہچان کی جا سکے جبکہ وہ کسی پودے یا درخت سے آویزاں ہو ؛ کوئی چیز جو کسی شے کا جواب ، جوڑ یا مثنیٰ ہو ؛ لیکھا ؛ حساب کتاب ؛ المثنیٰ ؛ مطابقت حساب ؛ جوڑ۔ (فعل متعدی) کھاتے میں لکھنا ؛ کھتیانا ؛ درج کرنا ؛ لکھنا ؛ حساب کرنا یا گننا ، شمار کرنا ؛ کھاتوں کا جوڑ کر کے حساب کرنا ۔ (فعل لازم) ایک کھاتے کا دوسرے کھاتے کے مطابق ہونا ؛ ہم آہنگ یا مطابق ہونا ۔

tallyho, interj. لش لش ؛ ٹشکار ؛ شو شو ؛ شکاری کی آواز جس سے وہ اپنے کتوں کو شکار پر دوڑاتے ہیں ۔ (اسم) ٹیلی ہو کا آوازہ ؛ چار بندھن گاڑی ۔ (فعل لازم و متعدی) ٹشکارنا ؛ ٹیلی ہو کا آوازہ لگانا یا اس آوازے سے کتوں کو آگے دوڑانا ۔

tallyman, n. کھاتہ رکھنے والا ؛ اسکور لکھنے والا یا حساب کتاب لکھنے والا ۔ (برطانوی) ادھار دینے والا دکاندار جس کے ہاں خریداروں کا کھاتہ کھلا ہو اور وہ قسطوں میں ادائیگی کرتے رہیں ۔

Talmud, n. تلمود ؛ تالمود ؛ یہودیوں کی فقہ کا مجموعہ اور اس کی شرح یا فقہ کی کتاب ۔

Talmudic, a. تلمودی ؛ تالمودی ؛ کتاب تالمود کے بارے میں یا اس سے متعلق ۔

Talmudism, n. تالمودیت ؛ تلمودیت ۔

Talmudist, n. تالمود کا پیرو ؛ کتاب تالمود کا عالم ؛ تلمودی ۔

talon, n. چنگل پنجہ ؛ شط ؛ چنگال ؛ پنجہ خصوصاً شکاری پرندے کا ؛ پنجے کی طرح کی کوئی چیز یا حصہ ؛ قفل کے کھٹکے کا پہلو جسے بند کرتے وقت کنجی سے ڈھکیلتے ہیں ۔ (تاش) اکیلے آدمی کے کھیل میں رد کیے ہوئے پتے ؛ کسی کھیل میں بانٹ کے بعد بچ رہنے والے پتے ۔

taloned, a. ناخن والا ؛ پنجہ دار ۔

talus, n. (تشریح الاعضا) ٹخنہ کی ہڈی ؛ کعب ؛ عظم الکعب ؛ ٹخنہ ۔

talus, n. (ارضیات) ڈھلان ؛ چٹان کے دامن میں چھوٹے پتھروں کا پشتہ ؛ پہاڑ کی ڈھلان جس پر سنگریزے اور پتھر پڑے ہوں ۔ (قلعہ بندی) ڈھلوانی حصہ یا دیوار کا ڈھلاؤ مکھ ؛ دھس ؛ آڑ ۔

tam, n. دیکھیے : tam-o-shanter ۔

tamale, n. تامیل ؛ میکسیکو کا ایک چٹ پٹا کھانا جو قیمے اور کالی مرچیں ملا کر خمیر کردہ روٹی میں رکھ کر اور اس کا کلچہ سا بنا کر بھاپ پر پکا کر کھایا جاتا ہے ۔

tamandua, tamandu, n. تمادو ؛ مُورخور ر چار انگلیوں والے حیوانات کی بعض قسمیں جو امریکا کے گرم علاقوں میں پائی جاتی ہیں ۔

tamarack, hackmatack, n. سیاہ عر عر ؛ تمارک ؛ امریکی لارش (گندہ بروزہ) کا درخت یا اس نوع کا کوئی اور درخت جو شمالی امریکا میں بکثرت پایا جاتا ہے ؛ گندے بروزے کے درخت یا لارش کی لکڑی ۔

بدعنوانی سے حاصل کردہ سیاسی اقتدار۔

tam-o'-shanter tam, n. ٹوپی خصوصاً اون کی جس کا استعمال اسکاٹ لینڈ میں شروع ہوا تھا ، اس کا مضبوط اور آرایشی سربند ہوتا ہے اور اوپر کے گول مسطح حصے کے درمیان پھندنا ہوتا ہے ۔

tamp, v.t. مسلسل ہلکی ضربات سے دبانا یا نیچے بٹھانا ؛ سخت مٹی یا دوسرے مواد سے ٹھونس کر بھرنا ، جیسے سوراخ میں بارود ، بھرنے کے بعد ، اڑانے کے لیے ۔

tampala, n. ٹمپالا ؛ فصلی آرایشی بوٹی جو کبھی عالمِ مشرق میں محض سجاوٹ کے طور پر گملوں میں لگائی جاتی تھی ۔

tamper, v.i., v.t. دخل دینا یا دست اندازی کرنا ؛ جعلی تبدیلی کرنا یا تحریف کرنا ، عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to tamper with a document) ؛ خفیہ اور ناجائز ذرائع کام میں لانا خصوصاً کسی معاملے کو خاص رخ دینے کے لیے ، عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to tamper with a witness) ۔

tamperer, n. مدخل ؛ دست اندازی یا تصرف کرنے والا ۔

tampion, tompion, n. پلگ ؛ ڈاٹ ؛ توپ یا دیگر اسلحہ کا ڈھکن ۔

tampon, n. (طِب) روئی یا اسی قسم کا کوئی فتیلہ ، پھاہا جو زخم کے سوراخ میں یا خون روکنے کے لیے رکھتے ہیں ۔ (فعل متعدی) زخم کا خون روکنے کے لیے ڈاٹ لگانا یا پٹی باندھنا ۔

tam-tam, n. [اردو] ٹم ٹم ؛ مشرقی دنیا میں مستعمل پیالہ نما گھنٹی یا بڑا گھنٹا ؛ ڈھول ۔

tan, v.t. چمڑا کمانا جس سے جانوروں کی کھالیں استعمال کے قابل بن جائیں ؛ دھوپ میں رکھ کر چمڑے کو سنولانا ۔ (عوامی) مارنا ، پیٹنا یا کندی کرنا ۔ (فعل لازم) کمایا جانا ؛ چمڑے کے رنگ کا یا دھوپ میں سنولایا گیا یا جھلسی جلد جیسا ہونا ۔ (اسم) بلوط ، بید یا دوسرے درختوں کی چھال جو کھالیں رنگنے کے کام آئے ؛ رنگ چھال ؛ چمڑا کمانے کی چھال ؛ کسّا ؛ پوست دباغی ؛ کتھئی رنگت ؛ سانولا پن جیسے دھوپ میں جھلسی ہوئی جلد کا رنگ ۔

tannish, a. کتھئی رنگ کا ؛ چمڑے جیسا ۔

tanager, n. برقش امریکی ؛ امریکی پرندوں کی بعض قسمیں جو اپنے چمکیلے رنگوں کی وجہ سے مشہور ہیں ، جیسے لال تنگرا ۔

tanbark, n. شاہ بلوط یا شیکران کے درخت کی چھال جو دباغت کے کام آتی ہے ؛ کسّا ؛ پوست دباغی ؛ استعمال شدہ چھال جو چھتیں ڈھانکنے ، دوڑ کے میدان یا سرکس کی دنگل گاہ میں بچھانے کے کام آتی ہے ۔

tandom, adv. آگے پیچھے ۔ (صفت) اس طرح کہ ایک کے بعد دوسرا ہو ۔ (اسم) دو اسپہ گاڑی جس میں ایک کے پیچھے دوسرا گھوڑا جُتا ہوا ہو ؛ ایسے گھوڑے ، افراد ، اشیا یا اجزا کی یکے بعد دیگرے ہونے کی صورت ؛ ٹرک جس کے دونوں دُھرے پاس پاس ہوں ؛ ٹینڈم (دو نشستی) سائیکل ۔

tendom bicycle, n. ٹینڈم سائیکل ؛ دو نشستی سائیکل ؛ دو یا زیادہ نشستوں کی بائیسکل جس کی نشستیں اور پیڈل ایک دوسرے کے پیچھے ہوں ۔

tang, n. تانگ ؛ تیز ذائقہ یا مہک ؛ کسی چیز کا لطف جو خارجی نوعیت کا ہو ؛ تیز یا خاص قسم کی بو ؛ پٹھ : کسی چیز کا چٹخارہ ، لمس یا معنی خیزی ؛ آگے نکلا ہوا حصہ یا ابھار ؛ بکسوئے کا کانٹا ؛ کسی چیز کی پتلی اور آگے نکلی ہوئی نوک ، دھار یا پھل جیسے چھینی ، ریتی یا چاقو کا جسے دوسرے حصے کے اندر ، (جیسے دستے میں) بٹھایا جاتا ہے ؛ خلش ؛ نیش ۔ (فعل متعدی) نوک نکالنا یا بنانا (دستے میں بٹھانے کے لیے) ۔

tanged, a. نکیلی ۔

tangy, a. نوکدار ؛ تیز۔

tang, n. ٹن ٹن کی آواز ، تیز آواز۔ (فعل لازم) گھنٹی بجانا ؛ ٹن ٹن کرنا ۔

Tang, T'ang, n. تانگ ؛ ۶۱۸ء تا ۹۰۷ء کے دوران میں چین کا سربرآوردہ شاہی خاندان جو اعلیٰ درجے کے فنون کی ترویج و ترقی اور فن طباعت کی ایجاد کے لیے ممتاز ہے ۔

tangelo, n. [مراکش کے شہر طنجہ کے نام پر] طنجہ ؛ سنگترے یا نارنگی کا مخلوط النسل درخت جسے چکوترے یا گریپ فروٹ سے پیوند کیا گیا ہو ؛ ڈھیلے ڈھالے چھلکے والا پھل جو اس پیوندی درخت سے حاصل ہو۔

tangent, a. مماسی ۔ (جیومیٹری) سطح کو ایک نقطے پر چھونے والا (خط) جو متقاطع نہ ہو ، خط مستقیم جو کسی قوس ، خم یا سطح کو چھوتا ہو یا دو قوسوں یا دو سطحیں جو کروی ہونے کے باعث ایک دوسرے کو چھوتی ہوں یا کوئی مستوی جو کسی کرّے کو چھوئے ۔ (اسم ، جیومیٹری) کوئی مماس ؛ کوئی تماس یا قوس یا سطح ۔ (مثلثیات) قائم الزاویہ مثلث میں زاویہ حادہ کا عمل جو مثلث کی متخالف ساق کے مقابلے میں متصلہ ساق کی حسابی نسبت کے برابر ہو ؛ کسی ایک زاویے کا عمل جو ایسے خط پر کسی نقطے کے تعین کے برابر ہو جسے اس کے فصیلے (abscissa) پر تقسیم کیا گیا ہو جب کہ زاویہ کو کارتیسی محددٌ (Cartesian coordinates) کے تحت ایسے زاویے کی شکل میں دکھایا گیا ہو جسے خط اپنی اصل جگہ پر لامحور (x-axis) سے بناتا ہے ۔ مخفف : .tan. tgn ۔

fly or go, off on, or at, a tangent, (مجازاً) جو معاملہ ، لائحہ عمل یا مسئلہ درپیش ہو اسے یکایک چھوڑ کر کوئی اور رخ اختیار کرنا ۔

tangency, n. مماسیت ؛ تماس ۔

tangential, tangental, a. مماس کی نوعیت کا یا اس سے متعلق ؛ مماسی ؛ مماس کی طرف مائل یا راغب ؛ محض چھوتا ہوا ؛ ذرا متعلق ؛ متجاوز یا منحرف ۔

tangentially, tangentally, adv. ظلّی ؛ مماس کی طرح سے ؛ مماس کے رخ پر ۔

tangerine, n. طنجوی نارنگی ؛ طنجہ کا چھوٹا سا چمکدار سنگترہ جس کا بڑی آسانی سے چھلکا اتار کر قاشیں نکال لی جاتی ہیں ؛ سنگتروں کا درخت ؛ نارنگی ؛ سنترہ ؛ چھوٹی چپٹی شوخ رنگ کی نارنگی ؛ نارنجی رنگ ۔

tangible, a. محسوس ، ملموس ؛ جو چھونے سے محسوس ہو ؛

ریل کا ڈبہ یا ٹرک جس میں مائع خصوصاً گیسولین یا تیل بھر کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جاتا ہے۔

tank farm, ذخیرہ کرنے والے بہت سے ٹینکوں کی جگہ جو عام طور پر تیل صاف کرنے کے کارخانوں (ریفائنریوں) کے قریب ہوتی ہے۔

tank farming, n. آبی کاشت ؛ آبی زراعت۔

tank town, n. (بول چال) قصبے ، مقام یا اسٹیشن جہاں ریل گاڑیاں پانی لینے کے لیے ٹھہریں ؛ کوئی چھوٹا سا یا غیر اہم گاؤں یا قصبہ۔

tank trailer, n. ٹینکر کے پیچھے لگی ہوئی گاڑی جو گیس اور تیل وغیرہ بھر کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے کام آتی ہے۔

tank truck, n. ٹینکر جس کے عقب میں گیس ، تیل کی گاڑی لگی ہوئی ہو۔

tannage, n. دباغت کا عمل ؛ عمل دباغت کی پیداوار یا اس کا نتیجہ۔

tannate, n. (کیمیا) مازو کے تیزاب کا نمک ؛ تینن کا نمک۔

tanner, n. کھٹیک ؛ دبّاغ ؛ چمڑا رنگنے والا۔

tannery, n. دباغ خانہ ؛ ٹینری ؛ دباغت خانہ جہاں کھالیں کمائی جائیں ؛ کارخانہ دباغت۔

tannic, a. (کیمیا) مازو یا تینن سے ماخوذ یا اس سے متعلق۔

tannic acid, n. (کیمیا) تینن ، مازو یا کسّے کا تیزاب۔

tannin, tannic acid, n. (کیمیا) تینن ؛ قابض سبزیات کے مرکبات میں سے کوئی مرکب جس میں چمڑا کمانے کی خصوصیات ہوں اور جو کاروباری طور پر چمڑا ، سیاہیاں اور رنگ روغن بنانے کے کام آئے ؛ کسّے کا تیزاب ؛ مازو کا تیزاب۔

tanning, n. دبّاغی ؛ کھٹیکی ؛ جانوروں کی کچّی کھالوں اور چمڑوں کو کیمیاوی طریقے سے کمائے ہوئے چمڑے میں تبدیل کرنے کا عمل اور طریقہ ؛ دھوپ سے جلد کا سانولا یا چمڑے جیسا رنگ۔ (بول چال) بید کی مار ؛ بید زنی۔

Tanoan, n., a. امریکی انڈین زبانوں کا گروہ جنھیں نیو میکسیکو اور اَری زونا کے قدیم باشندے بولتے ہیں۔

tansy, n. قرنفل ؛ لونگ ؛ تنزی بُوٹی ، یہ بڑی خوشبودار ہوتی ہے ، اس کے پھول زرد اور پتیاں کڑوی اور دندانے دار ہوتی ہیں ، دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے اور کھانے میں بھی ڈالی جاتی ہے۔

tansy ragwort, n. ایک قسم کی بُوٹی جس میں بے انتہا زرد پُھول لگتے ہیں اور جو جنوبی امریکا نیز یورپ میں پائی جاتی ہے۔

tantalate, n. (کیمیا) ٹنٹالیٹ ؛ طَنطلُوم کا نمک ؛ طَنطلُوم کے نیزاب کا نمک۔

tantalic, a. (کیمیا) طَنطلُومی یا اس سے متعلق؛عام طور پر پنج گرفتہ شکل میں۔

tantalite, n. وزنی کج دھات ؛ ٹنٹالائٹ ؛ طنطلُوم کا سب سے بڑا ماٰخذ جو سیاہ چمکدار بلور کی صورت میں ہوتا ہے۔

tantalize, tantalise, v.t. امیدیں اور لالچ یا نظر نواز مناظر دکھا

جسے چھوا یا پکڑا جا سکے ؛ مادی ؛ جسے اپنایا یا خیال میں لایا جا سکے ؛ محسوس باللمس ؛ ممکن المس ؛ اصلی ؛ واقعی ؛ واضح (جیسے : tangible proofs) ؛ اثاثہ جو قیمت والا ہو ؛ معقول ؛ روشن ؛ قابل فہم ؛ قابل یقین ؛ ٹھوس ؛ مادی ؛ ظاہر (جیسے : tangible assets) ۔

tangibility, tangibleness, n. ملموسیت ؛ محسوسیت ؛ لمس پذیری ؛ واقعیت۔

tangibly, adv. محسوس طریقے پر ؛ واضح طور پر۔

tangle, v.t. الجھنا یا الجھانا ؛ بننا یا ٹانکنا اس طرح کہ اس کا دوبارہ کھولنا مشکل ہو جائے ؛ پھانسنا یا پھندے میں لینا ؛ لپیٹنا یا الجھا دینا۔ (فعل لازم) جکڑے ہونا یا جکڑے جانا ؛ الجھ جانا۔ (بول چال) جھگڑنا۔ (اسم) دھاگوں کی گانٹھ یا اسی قسم کی دیگر اشیا کی آپس میں گڈ مڈ حالت ، گچھے ، پیچیدگی یا الجھیڑا بکھیڑا ؛ گتھی ؛ الجھن ؛ جھمیلا۔ (بول چال) جھگڑا ؛ ٹنٹا۔

tangled, tangly, a. پیچیدہ ؛ الجھا ہوا۔

tanglement, n. الجھاؤ ؛ پیچیدگی۔

tangle, n. دو قسم کے بڑے بحری نرسلوں Laminaria digitata, L.saccharina میں سے کوئی ایک۔

tango, n. ٹانگو ناچ ؛ ایک طرح کا ناچ جو ارجنٹائن میں شروع ہوا ، اس میں جوڑے لہراتے ہوئے اونچے سروں کی لے پر ناچتے ہیں ؛ موسیقی جس پر یہ رقص ہوتا ہے۔ (فعل لازم) ٹانگو ناچ کرنا۔

Tango, n. مواصلاتی رابطے کا لفظ جس کی علامت حرف T ہے۔

tank, n. حوض ؛ تالاب ؛ ٹنکی ؛ حوضک ؛ پانی یا کسی اور مائع یا گیس بھرنے کا برتن یا ڈھانچا۔ (عسکری) ٹینک ؛ دندانے دار پہیوں والی بکتر بند گاڑی جو ناہموار زمین پر چل سکتی ہے اور جس میں توپیں اور مشین گنیں لگی ہوتی ہیں جن سے فائر گاڑی کے اندر سے کیا جاتا ہے ؛ قدرتی یا مصنوعی تالاب ، حوض یا جھیل۔ (عوامی) جیل کی کوٹھڑی جو بہت سے قیدیوں کو یکجا رکھنے کے لیے بنائی گئی ہو۔ (فعل متعدی) تالاب یا حوض میں ڈالنا یا ذخیرہ کرنا۔

tanka, n. ٹنکا ؛ پانچ مصرعوں کی ایک جاپانی صنف شعر جس کے پہلے اور تیسرے مصرعے میں پانچ رکن اور باقی مصرعوں میں سات رکن ہوتے ہیں۔

tankage, n. ظرف حوض ؛ حوض یا حوضوں کی گنجایش ؛ سمائی ؛ ٹنکی میں مائع ذخیرہ کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ حوض بھرائی کی اجرت ؛ چربی کھاد ؛ حوضوں سے نکلنے والا کچرا جس میں مردہ جانوروں کی چربی وغیرہ بھی ہوتی ہے اور جو کھاد کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

tankard, n. چاندی یا جست کا بڑا سا ڈھکنے دار دستے والا پیالہ جو پانی یا شراب پینے کے کام آتا ہے ؛ سرپوش ؛ پیالہ ؛ آب خورہ۔

tank car, n. ٹینک کار ؛ ریل گاڑی کے ڈبے جن کے ذریعہ گیس اور تیل وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے جاتے ہیں۔

tank destroyer, n. (عسکری) ٹینک شکن ؛ ٹینک تباہ کار ؛ تیز رفتار اور بہت جلدی حرکت کرنے والا ٹینک جو ہلکے اسلحے سے مسلح ہوتا ہے اور جس میں ٹینک شکن توپ لگی ہوتی ہے۔

tanker, ٹینکر ؛ حوض دار جہاز ؛ تیل بردار جہاز ؛

کر ترسانا اور تڑپانا لیکن اُس شے کو دسترس سے باہر رکھ کر تمام امیدوں کو خاک میں مِلا دینا ؛ کلپانا ؛ جَھکانا ؛ ستانا ؛ للچانا ؛ ایسی توقعات یا اُمیدیں پیدا کرکے ہیجان پیدا کرنا جو بر نہ آئیں ۔

tantalizer, n. للچا کر ستانے اور کلپانے والا ؛ ترسانے والا ۔

tantalizing, a. ترسانے کی خصوصیت رکھنے والا ۔

tantalizingly, adv. ترساتے ہوئے ۔

tantalum, n. (کیمیا) طنطلوم ؛ ٹنٹالم دھات ؛ ایک کمیاب مٹیالا دھاتی عنصر جو برقی چراغوں کے موصل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

Tantalus, n. (کلاسیکی اساطیری) طَنطَالُوس ؛ یونان کے افسانوی ادب میں زیوس دیوتا کے بیٹے کو جو حکمران تھا ، دیوتاؤں کے راز فاش کرنے پر جھاڑیوں سے گھرے ہوئے ،ٹھوڑی تک گہرے پانی میں کھڑا رہنے کی سزا دی گئی تھی لیکن جب وہ جھاڑیوں سے پھل کھانے اور پانی پینے کے لیے جھکتا تھا تو پانی نیچے اُتر جاتا تھا ۔ (چھوٹے t سے) بوتلوں کی کُھلی الماری جس میں ایک سلاخ قفل دار لگی ہوتی ہے جسے مقفّل کرنے کے بعد بھی بوتلیں باہر سے نظر آتی ہیں ۔

tantamount, a. قدر و قیمت ، طاقت ، اثر یا اہمیّت میں برابر ؛ مساوی ؛ مترادف ؛ گویا کہ ؛ ویسا ہی (عام طور پر to سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ۔

tantara, n. تن تارا ؛ بگل یا ترم کی آواز ؛ اسی طرح کی کوئی دوسری آواز ۔

tantivy, adv. سرپٹ دوڑتے ہوئے ۔ (صفت) تیز ؛ سبک رفتار ۔ (اسم) دوڑ ، تیزی کی جھپٹ ؛ تیز دوڑنے کے لیے شکاریوں کی آواز ۔

tantra, n. [سنسکرت] (اکثر بڑے T سے) تَنترا ؛ سنسکرت کی مذہبی کتب جو نسبتاً بعد کے دور کی شکتی تپسیا سے متعلق ہیں اور جن میں بھگتی اور منتر اہم کردار ادا کرتے ہیں ۔

Tantrism, n. تَنتری نظریات ۔

tantrum, n. غضب ؛ غصّے یا غضب کا اظہار ؛ جذبۂ غضب ؛ برہم مزاجی کا زبردست مظاہرہ ۔

Taoism, n. تاؤ مذہب ؛ خدا پر اعتقاد نہ رکھنے کا چینی مذہب جس کی تعلیم سادگی اختیار کرنا اور تاؤ کی شریعت پر عمل کرنا ہے ؛ فلسفہ جو اس مذہب سے ماخوذ ہو لیکن اس کے ساتھ جادو ٹونے پر بھی یقین رکھا جائے ۔

Taoist, a., n. تاؤ مذہب کا پیرو ۔

Taoistic, a. تاؤ مذہب سے متعلق ۔

tap, n. ٹیپ ؛ ٹونٹی یا سوراخ جس سے پیپے یا کسی اور ظرف سے مائع شے نکالی جائے ؛ ڈاٹ ؛ ٹھیپٹی ؛ نلی ؛ کوئی مائع شے ؛ پیپے کا سوراخ بند کرنے کا کاگ ۔ (برطانوی)شراب کا کمرہ یا کلال خانہ ۔ (جرّاحی) پیپ نکالنے کا طریقہ ۔ (میکانیات) چھوٹا سا برما جس سے پیپے میں سوراخ کرتے ہیں ؛ سُنبا ؛ دھپّا ۔ (فعل متعدی) مائع شے (شراب وغیرہ) نکالنے کے لیے پیپے کو چھیدنا یا کھولنا ؛ پیپے سے نکالنے کے لیے اُسے کسی طرح برمانا یا چھیدنا ؛ کسی شے سے کام لینے کے لیے اُس کے مماثل طریقے سے اس کو چھیڑنا (جیسے : to tap a water main, to tap a sugar maple, to tap a telephone) ؛ آب گزر سے پانی نکالنا ؛ محفوظ ذخیرے سے کام لینا (جیسے : to tap a resource) ؛ چلانا ۔ (عوامی) رقم ادھار لینا ۔

on tap, حاصل کرنے کے لیے دستیاب جیسے شراب یا بیئر ؛ ڈاٹ لگا ہوا پیپا ۔ (بول چال) ہمہ وقت حاضر اور دستیاب ۔

tapper, n. کسی چیز کی مشمولات کو ڈاٹ کے ذریعے نکالنے والا ؛ ڈھبری میں چُوڑیاں بنانے والا ۔

tap, v.t. کھٹکھٹانا ؛ کسی چھوٹی چیز سے مارنا ؛ سُنائی دی جانے والی ہلکی سی دستک دینا ؛ ہلکی تھپکی دینا ۔ (فعل لازم) سنائی دی جانے والی نرم سی ضرب لگنا ۔(اسم) ہلکی سی تھپکی ؛ سنائی دینے والی تھپکی ؛ چھوٹی سی چیز سے ہلکی سی کھٹ کھٹ ؛ کھٹ کھٹ کی آواز جو اس طرح پیدا ہو ؛ جوتے کے نیچے آویزاں چمڑے یا دھات کا ٹکڑا (جیسے : a tap for dancing) ؛ ڈھولک کی تھاپ ؛ تھپکی یا کھٹ کھٹ کے ذریعے اشارہ کردہ شخص یا چیز ۔

tapper, n. وہ شخص جو لگاتار کسی چیز کو ٹھونکتا یا بجاتا رہے یا اس سے کھیلتا رہے (جیسے انگلیوں سے یا پنسل سے کھیلنے والا) ۔

tapping, n. ہلکی سی کھٹ کھٹاہٹ کرنے کا عمل ؛ بزل ؛ کھٹ کھٹ کی آواز (جیسے : tappings on a door) ؛ کھٹکا ؛ دروازے پر دستک ۔ (کھیل) باسکٹ بال میں گیند کو کھٹ سے مارنا ؛ بلیئرڈ کے کھیل میں گیند کو ہلکے سے لڑھکانا ۔

tapa, n. ٹاپا چھال ؛ جزائر بحرالکاہل کے ایک درخت کی چھال جس کی اندرونی چھال کو کوٹ کر اَن بُنا کپڑا بنایا جاتا ہے؛ ٹاپا کپڑا ؛ ٹاپا پارچہ ۔

tap dance, n. دھمک رقص ؛ ایک قسم کا ناچ جس میں ناچتے ہوئے پاؤں زمین پر مارنے کی آواز سنائی دیتی ہے ۔ (فعل لازم) دھمک رقص کرنا ۔

tap-dancer, n. دھمک رقاص ؛ ایڑیوں والے جوتے پہن کر ناچ کرنے والا/والی جس کی دھمک سنائی دے ۔

tap-dancing, n. دھمک رقاصی ۔

tape, n. فیتہ ؛ ڈوری ؛ دھجّی ؛ بُنا ہوا سُوتی یا ریشمی پتلا فیتہ جو باندھنے کا کام دے ؛ دھات ، پلاسٹک یا کاغذ کی لمبی دھجّی یا فیتہ (ribbon) (جیسے : ticker tape, friction tape, magnetic tape) ۔ (کھیل) گُھڑ دوڑ کے اختتامی حصے پر لگا ہوا فیتہ ۔ (فعل متعدی و لازم) باندھنا یا فیتے سے مضبوط کرنا ؛ ناپ فیتے سے ناپنا ؛ مقناطیسی فیتے پر منضبط کرنا ؛ لیس دار فیتے سے ملفوف کرنا ۔

taper, n. ٹیپ لگانے والا ؛ ٹیپ کرنے والا ۔

tapelike, a. ٹیپ کی طرح؛ ٹیپ جیسا ۔

tape deck, n. ٹیپ ریکارڈر کی چرخیوں کے درمیان فیتہ لگانے یا بدلنے کا نظام جس میں آواز سُننے کے لیے ایمپلی فائر اور اسپیکر کی ضرورت ہوتی ہے ۔

tape grass, n. ٹیپ گھاس ؛ پانی کی تہ میں اُگنے والا پودا جس کے پتّے فیتے کی طرح لمبے ہوتے ہیں ۔

tape measure, tape line, n. پیمائشی فیتہ ؛ کاغذ ، دھات یا کپڑے کا لمبا سا بنا ہوا فیتہ جس پر اِنچوں اور سنٹی میٹروں کے نشانات ہوتے ہیں اور جو ناپنے کے کام آتا ہے ۔

taper, v.i. گاؤ دُم ہونا ؛ قطر میں آہستہ آہستہ پتلا یا کم ہوتے جانا ؛ گھٹتے رہنا ؛ رفتہ رفتہ کم ہونا ۔ (فعل متعدی) چھوٹا کرنا خاص کر کسی ایک سرے کو ؛ آہستہ آہستہ گھٹانا ؛ کم کرنا ۔ (اسم) گاؤ دُم ؛ کسی چیز کی ایک طرف پتلا ہوتے جانے کی کیفیت ؛ ہمت اور استعداد میں رفتہ رفتہ کمی ؛ مخروطی شکل ، جیسے مینار کی ؛ شمع جو پتلی ہو ؛ لمبا فسیلہ جو موم یا کسی دوسرے مناسب مواد میں ملفُوف ہو اور آگ روشن کرنے، بتّیاں لیمپ اور پائپ جلانے کے کام آئے ؛ تھوڑی سی ہلکی روشنی ۔ (صفت) لمبی اور سرے کی جانب مسلسل پتلی ، ایک طرف سے چھوٹی ہوتی جانے والی ؛ گاؤ دم ۔

taper off, بتدریج چھوٹا کرنا یا چھوٹا ہوتے جانا ۔

taperer, n. گاؤ دُم کرنے والا ۔

taperingly, adv. مخروطی طور پر ؛ اس طور پر کہ مخروطی یا گاؤ دُم ہوتا جائے ۔

tape-record, v.t. مقناطیسی فیتے پر آواز منضبط کرنا ، جیسے موسیقی؛ٹیپ پر ریکارڈ کرنا ۔

tape recorder, n. ٹیپ ریکارڈر ؛ مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کرنے والی مشین ۔

tape recording, n. مقناطیسی فیتے پر ریکارڈ کرنے کا عمل ۔

tapestry, n. گُلکاریٔ پھلکاری ؛ رنگین ؛ ہاتھ سے بُنا ہوا ، مشجّر یا تصویروں والا کپڑا جو عام طور پر آرایش کے لیے دیواروں پر لٹکایا جاتا ہے یا فرنیچر وغیرہ کے غلاف کے کام آتا ہے ؛ خصوصی طور پر کھڈی پر موٹے تانے اور باریک بانے کا بُنا ہوا کپڑا جس میں اُبھواں دھاریاں اور مختلف رنگوں کے درمیان باریک درزیں ہوتی ہیں ؛ نواہو (Navaho) قسم کا انڈین قالین کی طرح بُنا ہوا نمدا ؛ موٹے قالین کی طرح کوئی شے ۔ (فعل متعدی) گل کاری سے سجانا یا آراستہ کرنا ؛ گل کارانہ طریقے سے بُننا ؛ تصویر کاری کے ذریعہ کوئی قصّہ کہانی کندہ کرنا ؛ تصویر کے طور پر کاڑھنا ۔

tapestried, a. گلکاری شُدہ ؛ مشجّر ۔

tapestry carpet, n. گل کاری قالین ؛ مشینی قالین ؛ جس کے تانے بانے کے دھاگے کو بننے سے قبل نقش بنانے کے مطابق رنگ دیا گیا ہو ؛ بعض گلگاری والے غیر تیار شدہ بُردار قالینوں کا تجارتی نشان جیسے برسلز کے (قالین) ۔

tapetum, n. (نباتیات) تاپیتم ؛ خلیوں کی ایک پرت جو ترقی پذیر تخمکی عمل میں پہلے اوّلیں تخمک بن کر شامل ہوتی ہے پھر جیسے جیسے تخمکی عمل بڑھتا جاتا ہے ، خلیوں کی پرت اس میں جذب ہو جاتی ہے ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) بعض جھلّی دار پرتوں میں سے کوئی ایک یا اُس طرح کی پرت جیسے پردۂ شبکی میں ہوتی ہے ؛ حریر ؛ براوّلین بذره ؛ عکّاسیہ چشم ؛ صُلبی ریشے ۔

tapewarm, n. کرم کَدُو؛ کدودانہ ؛ فیتیا ؛ کینچوا ؛ فیتے کی شکل کے کرم جو آدمیوں اور بڑے جانوروں کی غذائی نالی میں پائے جاتے ہیں ؛ نیز لاروائی اور بالغ صورت میں مختلف جگہوں میں ہوتے ہیں ۔

tapehole, n. نلکی کے لیے سوراخ ۔ (فلزیات) بھٹی کی تہ یا اس کے نچلے حصّے کا سوراخ.دھات یا کھنگر کھینچنے کے لیے ۔

tapioca, n. تپیوکا ؛ کساوا سُوجی ؛ غذائی شے جو خشک کساوا سُوجی سے تیار کی جاتی ہے ، عام طور پر دانے دار ہوتی ہے اور پڈنگ وغیرہ بنانے یا پتلی چیز کو گاڑھا کرنے کے کام آتی ہے ۔

tapir, n. [برازیلی نام سے] تاپیر ؛ خوک خرطوم دار ؛ وسطی اور جنوبی امریکا یا ملایا کا ایک سم دار جانور جو تین فٹ اونچا اور چھ فُٹ لمبا ہوتا ہے لیکن سؤر اور گینڈے سے مختلف ہوتا ہے ۔

tappet, n. (میکانیات) کھٹکا ، تھپکنی ؛ مشینی پُرزه ؛ انجن کے سلنڈر کے ایک صمام (vlave) کے ساتھ لگا ہوا چھوٹا لیور جس سے وقفے کے ساتھ حرکت پیدا ہوتی ہے ۔

taproom, n. کمرہ جہاں بھرے پیپے کی ٹونٹی سے شراب تقسیم کی جائے ؛ شراب خانے میں بادہ نوشی کی عام جگہ ؛ کاک ٹیل پینے کا برآمدہ ؛ بار رُوم (کمرہ جہاں شراب پی جائے) ۔

taproot, n. (نباتیات) موسلا ؛ اصل جڑ ؛ موسلی ؛ جڑ کا اصلی حصّہ جو زمین میں نیچے کی طرف دھنستا ہے اور جس سے چھوٹی جڑیں پھوٹتی رہتی ہیں ۔

taps, n. ٹپھس ؛ بگل یا نقّارے کی آواز خُصوصاً فوجی چھاؤنی میں جو اس بات کی علامت ہے کہ رات کے وقت روشنی گُل کردی جائے ؛ بگل جو فوجی افسروں کے جنازوں یا تجہیز و تکفین کے موقع پر بجایا جائے ۔

tapster, n. ہوٹل یا شراب خانے کا مُلازم جو ٹونٹی دار پیپے سے شراب نکال کر مہیّا کرنے یا پلانے کا کام انجام دے ؛ شراب دینے والا ؛ مغ بچہ ؛ مغاں ؛ آب دار ۔

tar, n. تارکول ؛ گندہ بروزہ ؛ قیر ؛ ڈانبر ؛ ڈابر ؛ قطران ؛ گاڑھا اور سیاہ رنگ ، لیس دار مرکب جو تباہ کار نامیاتی اجزا اور کولتاری معدنیات(بعض قسم کی لکڑی اور کوئلے) سے حاصل کیا جائے ۔ (فعل متعدی) کولتار سے لتھیڑنا ۔

knock the tar out of, بُری طرح مارنا ، کھال اُدھیڑ کے رکھ دینا ۔

tar and feather, کسی شخص کے بدن پر پہلے تارکول مل کر پھر اُس پر پَر چپکا کر اُسے سزا دینا یا رُسوا کرنا ۔ (مجازاً) کسی سخت سزا کا مستوجب ٹھہرانا ۔

tar, n. [tarpaulin کا مرخم] (بول چال) ملّاح ؛ سیّاح ؛ کھیوٹ ؛ ناوک ۔

taradiddle, tarradiddle, n. (بول چال) چھوٹا سا جھوٹ؛گڑھنت ؛ غلو ؛ مبالغہ ؛ گپ ؛ غپ ؛ بے پر کی بات ؛ من گھڑت ۔

tarantella, n. چک پھیری ناچ ؛ ٦ تا ٨ پھیروں کا اطالوی ناچ جسے پہلے مرض شبت کا علاج خیال کیا جاتا تھا ؛ موسیقی جو اس رقص کے لیے مناسب اور موزوں ہو ۔

tarantism, tarentism, n. شبت ؛ ناچ مانیا ؛ جنونی رقص ؛ اٹلی کے ازمنۂ وسطی کے بعد کے دور میں عام طور پر لوگوں میں ناچنے کا جنون سا پیدا ہو گیا تھا ، جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ یہ ٹارنٹو کی مکڑی (tarantula)کے کاٹنے کا اثر ہے ۔

tarantula, n. ٹارنٹو کی مکڑی ؛ رُتیل ؛ مکڑی کی بہت سی قسموں میں سے ایک قسم جو عام طور پر بڑی اور مُودار ہوتی ہے ، اس کے کاٹنے سے زہر تو نہیں پھیلتا لیکن شدید درد محسوس ہوتا ہے ، جنوب مغربی امریکا کے شہر ٹارنٹو میں بکثرت پائی جاتی ہے ؛ جنوبی یورپ کی ایک ایسی ہی بڑی مکڑی جس کے کاٹنے سے انسان کو ناچنے کا روگ لگ جاتا تھا ۔

taraxacum, n. ککروندا ؛ گل قاصدی ؛ شیردندان ؛

دندانہ دار پتوں والے درختوں کی بعض قسموں کا نام ، جیسے ککروندے کا درخت ،اُن کے خشک پتے مقوّی ، مُدِر (پیشاب لانے والے) اور مُلیّن دوا کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں ۔

tarboosh, tarbush, n. [عربی] تُرکی ٹوپی ؛ رومی ٹوپی ؛ طَربُوش ؛ چھجّے کے بغیر ٹوپی ، عام طور پر اُونچی باڑ کی اور سُرخ بانات کی بُنی ہوئی جسے مُسلم عوام عمامے کے بغیر پہنتے ہیں یا ٹوپی سر کے اوپر پہن کر عمامہ باندھ لیتے ہیں ۔

tardigrade, a. سُست چال ؛ بطی السیر ؛ چلنے یا حرکت کرنے میں سُست ؛ آہستہ رو ؛ سُست خرام ؛ تنبل (Tardigrada) کا یا اس سے متعلق (خُرد مفصل پایاں کی ایک قسم جو نمدار جگہوں یا پانی میں رہتی ہے)۔(اسم) تنبل ؛ مفصل پایاں نسل کا کوئی رُکن ۔

tardo, a. (موسیقی) آہستگی کے ساتھ ؛ آہستہ، ہولے ہولے آواز نکالنے کا اشارا ؛ موسیقار کے لیے یہ ہدایت کہ کسی حصے کو آہستہ ادا کرے ۔

tardy, a. دیر سے آنے یا واقع ہونے والا ؛ جس میں تاخیر واقع ہوئی ہو اور بروقت نہ ہو سکا ہو؛ کام کرنے میں سُست رفتار ؛ کاہل؛ ہچکچانے والا ؛ متاہل ؛ احدی ؛ ڈھیلا ؛ مجہول ؛ کند ذہن ؛ مند چال ؛ مٹھا ؛ ہچکچاتا ہوا ؛ پچھیتا ۔

tradily, adv. سُستی سے ؛ رُکتے ہوئے ، ہچکچاتے ہوئے ؛ آہستگی سے ؛ کاہلی سے ؛ ہولے ؛ دھیمے ؛ تاخیر سے ۔

tardiness, n. تاخیر؛ سُستی؛ تامّل ؛ ہچکچاہٹ ۔

tare, n. اُرد ؛ باقلا ؛ موٹھ کی قسم کا دانہ ؛ دانوں بھرے کھیت کو لگنے والی وبائی بیماری ؛ تلخہ ؛ اینڈا ؛ اڑھایا ۔

tare, n. (تجارت) دھڑا؛ مال کے ظرف کا وزن جو مال کے مجموعی وزن سے کم کر لیا جائے؛ کردا ۔ (فعل متعدی) (تجارت) بندھے بندھائے مال کا وزن کرکے دھڑے کا تخمینہ لگانا ۔

target, n. ہدف ؛ مُنتہا ؛ چاند ؛ نشانہ جس پر گول نشان لگا کر چاند ماری کی جاتی ہے؛ کوئی بھی چیز جو اس کام کے لیے استعمال کی جائے؛ نشانہ جس پر بندوق چلائی جائے ؛ نشانچہ ؛ وہ شخص جسے ملامت ، طعن یا پھبتی کا نشانہ بنایا جائے ؛ نشانۂ تضحیک ؛ ریل کا چھوٹا گول سگنل ۔ (مساحت) افق نما نلی میں پھسلواں نشان۔ (برقیات) ایکسرے کی نلکی میں دھاتی سطح جو زیر برقیوں کا مرکز اور لاشعاعیں خارج کرتی ہے ؛ چھوٹی ڈھال یا سپرچہ ۔ (فعل متعدی) ہدف کی طرح نامزد کرنا یا استعمال کرنا ؛ جارحیت کا ہدف بنانا ۔

targeteer, n. ڈھال والا سپاہی ؛ زرہ پوش؛ سپربند ۔

target date, n. ہدفی تاریخ؛ مقررہ تاریخ ؛ کوئی کام ، منصوبہ یا کھیل شروع کرنے کے لیے کوئی قریبی تاریخ جو اندازاً ہو ۔

Targum, n. تفسیر تورات یا قدیم کلدانی یا آرامی زبان میں پوری کتّاب مقدس یا اس کے کسی باب کا ترجمہ و تفسیر ۔

Targumic, a. تفسیر تورات کے متعلق ؛ تفسیری ۔

Targumist, n. تورات کا مفسّر ۔

Tarheel, n. (بول چال) ٹارحیل ؛ جنوبی کارولینا کا قدیمی یا نو آباد باشندہ ، عُرف کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Tarheel State, جنوبی کارولینا کی ریاست (عُرف کے طور پر) ۔

tarrif, n. [عربی : تعریف] محصول ؛ چنگی ؛ نرخ نامہ ، شرح نامہ ؛ کڑوڑ گیری ؛ بحری محاصل کی فہرست جس میں درآمدی اور برآمدی محصولات کی شرح درج ہو ؛ فرد محاصل ؛ اُجرت ، قیمت یا کرائے کی فرد ۔ (فعل متعدی) ٹیکس ، محصول مقرر کرنا ؛ محصول لگانا ۔

tarlatan, tarletan, n. کُھلی بُنت کی باریک ململ ؛ ڈھاکے کی ململ ۔

Tarmac, n. تارکول ؛ سڑکوں ، گاڑیاں کھڑی کرنے کی جگہوں یا ایسے ہی دیگر مقامات پر بچھانے کا تارکول ۔ (تجارتی نشان) ۔

tarmac, n. کولتار یا اسی قسم کے سامان سے بنی ہوئی چوڑی پٹی جیسے ہوائی اڈوں میں ہوائی جہازوں کی آمد و رفت یا ہینگروں وغیرہ کے لیے بنی ہوتی ہے ۔

tarmacadam, n. فرش بندی کا سامان جو پسے ہوئے پتھر اور تارکول یا تارکول اور نفت کا مرکب ہوتا ہے جسے چوڑی پٹی بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ سڑک یا روش جو اس طرح کے سامان سے تیار کی جائے ۔

tarn, n. پوکھر ؛ چھوٹی سی پہاڑی جھیل یا تالاب ؛ دلدل ؛ دھسان ؛ جھابر ۔

tarnish, v.t. گدلانا ؛ کسی چیز کی چمک کو دھندلا دینا ؛ زنگ لگنے سے دھات کا بے رنگ ہو جانا ؛ داغ لگنا یا میلا ہو جانا ؛ بے آبرو کرنا ؛ کالک لگانا ؛ داغ لگانا ؛ بگاڑنا ؛ بٹا لگانا ؛ چمک دمک مٹانا ؛ خراب کرنا ؛ گندا کرنا ؛ گدلا کرنا ؛ ماند کرنا ؛ دھندلا کرنا ؛ بے آب کرنا ۔ (فعل لازم) چمک کھو دینا ؛ دھندلا یا بے آب ہونا ؛ میلا یا داغدار ہونا ؛ ملن ہونا ؛ ماند پڑنا ؛ گندا ہونا ؛ داغ لگنا ؛ بٹا لگنا ؛ بگڑنا ؛ بگڑ جانا ۔ (اسم) دھات کی بے رنگی ؛ داغ ؛ بے آبی کی حالت ۔

tarnishable, a. میلا ہو جانے والا ؛ داغ پذیر ۔

taro, n. لُوف ؛ تارو ؛ گرم خطّوں کے بعض پودے جو عجالے (arum) کی طرح ہوتے ہیں اور ان کی جڑیں کھائی جاتی ہیں ؛ اس پودے کی جڑیں ۔

tarp, n. دیکھیے : tarpaulin ۔

tar paper, n. مضبوط قسم کا روغنی کاغذ جس پر تارکول لگا یا جذب ہوا ہوتا ہے ، جو چھتوں اور دیواروں پر لگانے کے کام آتا ہے ۔

tarpaulin, n. ترپال ؛ رال یا روغن چڑھایا ہوا ٹاٹ ، کرمچ یا کسی اور چیز کا ٹکڑا جو کسی شے کو موسمی اثرات یا نمی سے محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ ملاح کی ٹوپی جو ایسے کپڑے سے تیّار کی گئی ہو۔ نیز: tarp ۔

Tarpeian, a. تارپیوسی ؛ اُس چٹان کے بارے میں یا وہ چٹان جس پر سے قدیم رومی ، مُجرموں کو گرا کر ہلاک کر دیا کرتے تھے ۔

tarpon, n. ترپن مچھلی ؛ ایک قسم کی نقرئی فلس دار بڑی مچھلی جو فلوریڈا کے ساحلوں اور خلیج میکسیکو میں پائی جاتی ہے ۔

tarragon, n. طرخان ؛ طرخون ؛ ایک یورپی پودے کے خوشبودار پتّے جو مہک پیدا کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

tarry, v.i. دیر کرنا ؛ کام کرنے ، شروع کرنے یا آنے میں سُستی کرنا ؛ ٹھہرنا ؛ ٹھہرٹھہر کر چلنا ؛ انتظار کرنا ؛ توقف کرنا یا

tartar sauce, tartare sauce, n. طرطیری چٹنی ؛ مچھلی کی مزے دارچٹنی جو زیتون کے قتلوں ، اچار، پیاز اور دیگر چٹخارے دار اشیا کے مرکب مسالے سے تیار کی جاتی ہے ۔

Tartarus, n. (کلاسیکی اساطیری) طرطروس؛ دوزخ کے نیچے کا گڑھا ؛ تحت الثریٰ ؛ سقر؛ قعرِ جنہم؛ نرک ؛ پاتال۔

Tartarean, a. سقری ؛ طرطروسی ۔

tartlet, n. چھوٹا سا میٹھا سموسہ۔

tartrate, n. (کیمیا) طرطریت ؛ ٹاٹری؛ تیزاب ؛ طرطیری نمک کا تیزاب ۔

tartrated, a. (کیمیا) ٹاٹری کی شکل میں بنایا ہوا؛ ٹاٹری تیزاب سے ملا ہوا ۔

tartuffe, tartufe, n. [مولیئر کے تحریر کردہ اسی نام کے مشہور فرانسیسی ڈرامے کا کردار] ریاکار زاہد ؛ منافق ؛ بگلا بھگت ۔

Tarzan, n. [ایڈگر رائس برو کے لکھے ہوئے جنگل سے متعلق ناولوں کے سلسلے کا کردار] ٹارزن ؛ غیر معمولی طاقت اور استعداد کا مالک دیوہیکر ، دیو قوت ، بے حد قوت اور قابلیت کا حامل شخص ۔

tasimeter, n. برقی موسم پیما ؛ کسی ٹھوس چیز کے پھیلنے اور سکڑنے سے دباؤ کی تبدیلی کی بنا پر درجہ حرارت میں خفیف تبدیلیوں کو ظاہر کرنے والا برقی آلہ ۔

tasimeteric a. برقی موسم پیمائی سے متعلق ۔

tasimetry, n. برقی موسم پیمائی ۔

task, n. مقررہ کام ؛ کیا جانے والا کام ؛ کٹھن کام؛ جوکھم ؛ کار مفوضہ ؛ کار ہدف ؛ سبق ؛ مہم ؛ ذمہ داری یا ضرورت کے طور پر جس کا کرنا لازم ہو ؛ کام جو کسی کے سپرد کیا جائے ؛ کام جو خود اپنے ذمہ لیا جائے ؛ گرانبار ، دشوار اور ناخوش گوار کام یا فرض ۔ (فعل لازم) کسی سے کام کرانا ؛ مشقت میں ڈالنا ؛ سخت محنت کرانا ؛ کسی پر زیادہ بوجھ ڈالنا ؛ جوکھم میں ڈالنا ۔

take to task, سرزنش کرنا ؛ خبر لینا ؛ پھٹکارنا ؛ لتاڑنا ؛ تنبیہہ کرنا ؛ آڑے ہاتھوں لینا ؛ مواخذہ کرنا ؛ جھاڑنا ۔

task force, n. (عسکری) مہم جمعیت ؛ ٹاسک فورس ؛ جوکھم دستہ ؛ کسی خاص مقصد یا کام کو پورا کرنے کے لیے فوجی دستوں یا فوجیوں کو ایک کمانڈ کے تحت کر دینا ؛ کوئی خاص مسئلہ حل کرنے یا اس کی تفتیش کرنے کے لیے خصوصی ماہرین کا اجتماع ۔

taskmaster, n. سخت گیر ؛ سرکوب ؛ موکد ؛ کام تقسیم کرنے والا یا کام کو کسی کے سر تھوپنے والا ، خصوصاً بھاری اور محنت طلب کام ؛ تفویض گر ؛ وہ شخص جو ظالمانہ طریقے سے دوسروں سے کام لے ؛ مشقت گیر۔

taskmistress, n. مشقت گیرنی ؛ مشقت لینے والی ؛ دبا کر دوسروں سے کام لینے والی ۔

taskwork, n. مفوضہ کام ؛ کسی کے سر تھوپا گیا یا کسی کو دیا گیا کام ؛ دشوار کام ، جو محنت طلب ہو ؛ جُزوی کام ۔

tassel, n. چنور ؛ دھاگوں کا پُھندنا ؛ جھالر ؛ ڈورے جو ٹوپی یا گدّوں وغیرہ کے کناروں سے لٹکتے رہیں ؛ اسی طرح کی کوئی چیز جیسے بعض پودوں کے اُوپر پھولوں کے گُچھے ، طُرّہ خصوصاً مکئی کے پودے کا ؛ جھبّا ؛ لٹکن ؛ علاقہ ؛ پھلوا ؛ کتاب میں نشان کرنے کا فیتہ ۔ (فعل متعدی) سجانا یا مزّین کرنا جیسے جھالر کے

راستے میں رُکنا ؛ قیام کرنا یا مقیم ہونا ؛ منتظر ہونا ؛ راہ دیکھنا ؛ رکنا ؛ اٹکنا ۔ (اسم) قیام یا توقف ۔

tarry, a. رال یا تارکول سے متعلق ؛ رال سے لتھڑا ہوا ؛ جس پر تارکول لگا ہوا ہو ؛ دُھونا سا ۔

tarsal, a. (تشریح الاعضا) پاؤں یا پپوٹوں کی غضروف جُفتی کے بارے میں یااس سے متعلق۔ (اسم)غضروف جفتی کا حصہ جیسے ہڈی یا جوڑ ؛ کف پائی ؛ مُشطِ پائی ؛ کعب ؛ عظم الکعب ؛ ٹخنہ ۔

tarsier, n. کعبیّہ لیمُور ؛ شرق الہند کے چھوٹے تختہ پا یا ، شب گرد ، کرم خور لنگوروں کی ایک قسم جن کی آنکھیں بڑی اور دُم لمبی اور پتلی ہوتی ہے ۔

tarsometatarsus, tarsus, shank, n. (طیوریات) ساق و مشط پا پرندوں کے پنجے کے اوپر بڑی سی ہڈی جو ٹخنے اور پُشت پا کی ہڈی کا جوڑ ہوتی ہے ۔

tarsus, n. (تشریح الاعضا) ٹخنے کی ہڈی ؛ کف پا ؛ عظام قدم ۔ (طیوریات) پپوٹا جال ؛ پرند کا ٹخنہ ۔ (حیاتیات) ساق ؛ کیڑے کے پاؤں کا سِرا ۔

tart, a. تُرش ذائقہ ؛ کھٹّا یا تیز (جیسے : tart apples) ؛ رویّے ، جذبے اور اظہار میں تلخ (جیسے : a tart rejoin-der) ؛ چبھتا ہوا ؛ تلخ جواب ؛ تیز ؛ چرپرا ؛ کڑوا ؛ تلخ؛ جھلاّ ۔

tartlish, a. تند خو ؛ ترش مزاج ؛ بد مزاج ۔

tartlishly, tartly, adv. تُرشی یا تیزی سے ؛ جھڑک کر۔

tartness, n. تند خوئی ؛ تلخی ؛ ترشروئی ؛ سختی ۔

tart, n. میٹھا سموسہ جس میں بُھنے ہوئے پھل کاٹ کر بھرے گئے ہوں یا دیگر کھانے کی میٹھی اشیا ؛ لونگ چڑا ؛ میوے کا سموسہ ۔ (عوامی) رنڈی ؛ فاحشہ عورت ؛ کسبی ؛ بیسوا ۔

tartan, n., a. مختلف رنگوں کا چارخانہ اُونی کپڑا جسے عام طور پر اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی علاقوں کے لوگ پہنتے ہیں اور ہر قبیلے میں اس قسم کے کپڑے کی مخصوص بناوٹ اور رنگ ہوتا ہے؛ ایسا نمونہ ؛ اونی چارخانہ کپڑا ؛ ایسے نمونے یا کپڑے کا کوئی لباس۔

tartan, n. ٹارٹان ؛ ایک مستول والی کشتی جو بحیرۂ رُوم میں استعمال ہوتی ہے جس کا بڑا تکونی بادبان ہوتا ہے۔

tartar, n. [عربی : طارطار] تلچھٹ ؛ دُرد ؛ شراب کشی میں انگور کے رس کی تلچھٹ؛پوٹاشیم بائی ٹارٹریٹ ؛ حَفَر ؛ شراب کی تلچھٹ ؛ دانت کا مَیل : زردی جو دانتوں پر جم جاتی ہے اور جو زیادہ تر کیلسیم فاسفیٹ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

tartaric, tartarous, a. طرطیری تیزاب یا ٹاٹری کا ؛ دُرد آمیز ؛ تلچھٹ والا ۔

tartar, n. [عربی : تاتار] (بعض اوقات بڑے T سے) وحشی ، سرکش آدمی ؛ بدمزاج شخص ؛ جو آدمی یا چیز غیر متوقع طو تکلیف دہ ، سخت اور خطرناک ثابت ہو ، خاص طور پر to catch a tartar کے جملے میں مستعمل ہے یعنی شیر کا منھ چومنا ۔ (صفت) (بڑے T سے) تاتاری ؛ تاتاریوں سے متعلق ۔ نیز : Tartarian-دیکھیے : Tatar –

tartaremetic, n. (کیمیا ، عِلمِ ادویہ) قے آور طرطیر جو دوا کے طور پر اور رنگوں میں استعمال ہوتی ہے ۔

tartaric acid, n. (کیمیا)طرطیری تیزاب ؛ ٹاٹری ؛ طرطیر کا تیزاب جو عام طور پر پھلوں کے رس اور سبزیات کے ریشوں میں پایا جاتا ہے، کھانوں ، ادویہ ، عکاسی اور دباغت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

ساتھ ؛ پھندنے یا جھالر کی شکل دینا ؛ پودے کو قوت دینے کے لیے طرّے چھانٹنا ۔ (فعل لازم) اناج کے پودے کے پُھندنے یا بالیں اُگنا ۔

taste, v.t., v.i. چَکھنا ؛ تھوڑا سا منہ میں ڈال کر کھانے کا مزہ یا معیار معلوم کرنا ؛ تھوڑا سا کھانا یا پینا (جیسے: barely tasted the dishes before them) ؛ قوت ذائقہ سے کام لے کر کسی چیز کی خوشبو محسوس کرنا یا اس میں امتیاز کرنا (جیسے: to taste the wine in a sauce) ؛ تجربہ کرنا یا تجربے میں آنا ، خصوصاً معمولی تجربہ (جیسے: to taste freedom) ؛ قوّتِ ذائقہ سے کسی چیز کو محسوس کرنا ؛ ذرا سا کھانا یا پینا (اکثر of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ کسی چیز کا زبان پر رکھ کر مزا چکھنا یا مزے میں امتیاز کرنا ؛ حِصّہ لینا ؛ شریک ہونا یا کسی چیز کا تجربہ کرنا ؛ کوئی خاص مزہ یا ذائقہ رکھنا (جیسے: milk that tastes sour) ۔ (مجازاً) چاشنی یا لذّت رکھنا (عام طور پر of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (اسم) چکھنا یا چکھنے کا عمل ؛ ذائقہ یا چاٹ ؛ قوت جس سے کھانے پینے کی چیزوں کا مُنہ میں ڈالتے ہی ذائقہ مہروں کے ذریعے سے معلوم ہو جائے ؛ قوت ذائقہ ؛ ایک خاص احساس جو کھانے پینے کی اشیا استعمال کرتے ہوئے زبان کو محسوس ہوتا ہے (جیسے: a pleasant taste left in the mouth) ؛ تھوڑی سی چکھی ، کھائی یا پی ہوئی چیز ؛ لقمہ ؛ بانگی ؛ گھونٹ ؛ کسی شے کا نمونہ ؛ مزہ ، پسند یا شوق ذوق یا مذاق کسی چیز کے لیے (جیسے: a taste for music) ؛ یہ پہچاننے کی حِس کہ کیا کوئی شے ہم آہنگ ، حسین یا معاشرتی طور پر موزوں ہے ؛ احساسِ جمال ؛ فنونِ لطیفہ کے ادراک اور ان سے لطف اُٹھانے کا شوق ؛ انداز ، طریق یا عمومی رویہ جو تناسب اور حسن کے ادراک یا عدم ادراک کا مظہر ہو ؛ مروجّہ یا کوئی مخصوص انداز جیسے ثقافت کا یا کسی دور کا ۔

taste bud, n. ذائقہ مہرہ ؛ قوت ذائقہ کا نرم و نازک سا ریشہ جو زبان کی لُعاب دار جھلّی کی بالائی سطح پر ہوتا ہے ۔

tastful, a. مذاق سلیم رکھنے یا دکھانے والا یا اُس کے مطابق یا ذوق ؛ خوش ذوق ۔

tastefully, adv. نفاست کے ساتھ ؛ خوش سلیقگی یا خوش ذوقی سے ۔

tastefulness, n. نفاست ؛ ذوقی ؛ دلپسندی ۔

tasteless, a. بے ذائقہ ؛ بے مزہ ؛ پھیکا ؛ بے رنگ ؛ سیٹھا ؛ غیر دلچسپ ؛ جس میں لطف وغیرہ نہ ہو ؛ بے لذت ؛ بے سواد ؛ بے لطف ؛ بے مذاق ؛ بدمذاق ؛ ناپسندیدہ ۔

tastelessly, adv. بے لطفی سے ؛ بدمذاقی کے ساتھ ۔ رُوکھے پن سے ۔

tastelessness, n. بدمذاقی ؛ بے ذوقی ؛ بے مزگی ؛ پھیکا پن ۔

taster, n. چکھنے والا ؛ جو شخص کھانے پینے کی چیزوں کے نمونے چکھے ؛ طعام چش ؛ کوئی شے چکھنے کا آلہ یا طریقہ جس سے اس کے معیار کا پتہ چل سکے ؛ مزاچش ۔

tasty, a. خوش ذائقہ ؛ مزیدار ؛ اشتہاآور ؛ بھوک لگانے والا (جیسے: tasty supper) ۔ (بول چال) عمدہ ذائقہ ؛ نفاست پسند ؛ خوش ذوق ؛ سلیقے اور عمدگی کا مظہر ۔

tastily, adv. عمدہ طور پر ؛ نفاست کے ساتھ ؛ خوش ذوقی سے ۔

tastiness, n. نفاست ؛ عمدگی ؛ لذّت ۔

tat, v.i., v.t. جھالر گوتھنا یا گوتھواں کشیدے کا کام کرنا ۔

tatter, n. جھالر گوتھنے والا ۔

Tatar, Tartar, a. تاتار ؛ تاتاری ؛ تاتاریوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔ (اسم) منگول قبیلے کا کوئی رُکن جو ازمنۂ وسطیٰ میں چنگیز خاں کی سرکردگی میں ایشیا اور مشرقی یورپ کے بعض علاقوں پر حملہ آور ہوا ؛ تاتاریوں کی اولاد میں سے کوئی شخص ؛ تاتاری نسل کے لوگ آج کل روس کے بعض علاقوں میں آباد ہیں ؛ ان کی بولیوں میں سے کوئی بولی ۔

tater, n. (بولی) آلُو ۔

tatter, n. کپڑے کی لٹکنے والی پھٹی ہوئی دھجّی ؛ علیٰحدہ پھٹا ہوا کپڑے کا کوئی ٹکڑا ؛ چیتھڑا ؛ ٹکڑا ۔ (جمع) پھٹے اور بوسیدہ کپڑے یا لباس ۔ (فعل متعدی) پھاڑنا یا چیتھڑے کر دینا ۔ (فعل لازم) چیتھڑوں میں ہونا ۔

tatterdemalion, n. چیتھڑے پہنے ہوئے ؛ گُدڑیا ؛ دلق پوش ۔ پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس شخص ۔

tattered, a. پھٹا ہوا ؛ چیتھڑوں کی شکل میں ؛ پارہ پارہ ؛ دھجیوں میں ، بوسیدہ دھجیّوں میں ملبوس ؛ پھٹا پرانا ؛ بوسیدہ ۔

tattersall, n. بُنت کا ایک نمونہ جس میں کپڑے کے اپنے رنگ کے مقابلے میں کسی اور رنگ کے متقاطع رنگین لکیروں سے خانے بنائے جاتے ہیں ؛ اس نمونے پر بُنا ہوا کپڑا ۔

tatting, n. پھندنوں اور گرہوں والی ایک قسم کی جھالر جسے جلاہا ہاتھ سے اپنی نال پر بناتا ہے ؛ ایسی جھالر بنانے کا عمل ۔

tattle, v.i., v.t. بک بک کرنا ، فضول بکواس کرنا یا زٹل ہانکنا ؛ گپ شپ کرنا یا راز فاش کر دینا ؛ بے سوچے سمجھے کہہ جانا ؛ بکواس کرتے ہوئے بھید کھول دینا ۔ (اسم) بکواس کرنے کا عمل یا واہی تباہی باتیں ؛ گپ شپ ؛ بک بک ؛ زٹل ؛ جھک ۔

tattler, n. بکواسی ؛ زٹلی ؛ مُخبر ؛ لُترا ؛ جنوبی امریکا کے پرندوں میں جنس سُرخ پا (Totanus) نسل کا کوئی پرندہ جو اپنی پُر شور آواز کے لیے مشہور ہے ۔

tattletale, n. مُخبر ؛ جاسوس ؛ خفیہ بات کی نشاندہی کرنے یا خبر دینے والا ۔ (صفت) مخبرانہ ؛ رازدارانہ ۔

tattoo, n. شب نائے ؛ رات کے وقت قرنا یا نقارے کی آواز جو اس بات کی علامت ہے کہ سپاہی یا ملّاح (پیراک) اپنے اپنے مقام پر آ جائیں ؛ فوجی تفریح جو موسیقی اور فوجی دستوں کی ورزش پر مشتمل ہوتی ہے اور عام طوَر پر اُس کا انعقاد رات کے وقت کُھلے میدانوں میں ہوتا ہے ؛ طبلہ نوازی ؛ نقارہ بجنے کی طرح کوئی تھرتھراہٹ یا ارتعاش ۔ (فعل لازم) آہنگ اور لَے کے ساتھ بجانا ۔ (فعل متعدی) بجانا یا تھپتھپانا ۔

tattoo, n. جلد پر اَن مٹ نقوش ، تصویریں یا قصّے وغیرہ گودنے اور ان میں رنگ بھرنے کا عمل ؛ اس طور پر گودا ہوا کوئی نقش ، تصویر یا قصہ وغیرہ ؛ گودنے کا نشان ۔ (فعل متعدی) جلد پر گُودنے کے نقش بنانا ؛ جلد پر نشان لگا کر گودنا ۔ (مجازاً) نشان لگانا ، داغنا ؛ دھبّا ڈالنا جو انمٹ ہو ۔

tattooer, tattoist, n. گُودنے والا ؛ جلد پر نقش و نگار بنانے والا ؛ داغنے والا ۔

tau, n. یونانی حروف تہجی کا ۱۹ واں حرف ۔

tau cross, Saint Anthony's cross, n. (T) ٹی شکل کی صلیب جس کے اُفقی سطح کے اوپر کوئی اور اُبھار نہ ہو ؛ نیم چلیپائی صلیب ۔

taunt, v.t. لعنت ملامت کرنا ؛ طعنہ دینا ؛ طنز کرنا ؛ طعن و تشنیع کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ مروڑنا ؛ پُر حقارت اور ذلت آمیز الفاظ سے اُکسانا ۔ (اسم) تلخ یا طعن آمیز للکار یا ملامت الاہنا ؛ توہین آمیز سب و شتم ؛ گالیوں کی بوچھاڑ ؛ طنز ؛ طعن و تشنیع ۔

taunter, n. طعن کرنے والا ؛ طعنہ زن ۔

tauntingly, adv. از راہِ ملامت ؛ طعن و تشنیع سے ؛ طنزاً ۔

taunt, a. (جہاز رانی) اونچا ؛ بلند (جہاز کے مستول کے لیے) ۔

taupe, n. درمیانے سے لے کر گہرے بادامی خاکستری رنگ تک جس پر بعض اوقات گلابی یا زرد رنگ کی جھلک ہو ۔

taurine, a. سانڈ کے بارے میں ؛ سانڈ سے متعلق یا سانڈ جیسا ؛ بیل سا ؛ بُرجِ ثور سے متعلق ۔

taurine, n. (کیمیا) ٹورین ؛ ایک قدرتی قلمی شے جو مویشیوں اور دیگر جانوروں کے صفرا ، اُن کے پٹھوں اور پھیپھڑوں سے حاصل کی جاتی ہے نیز ٹورو کالک ٹار کی گلی سڑی چیزوں سے بھی ملتی ہے ۔

taurocholic, a. (کیمیا) ٹوروکالک ؛ دقیق تیزاب سے متعلق جو انسان ، بیل اور بعض گوشت خور جانوروں کے صفرا میں بنتا ہے ۔

Taurus, n. ثور ؛ برکھ ؛ بُرجِ ثور ؛ بارہ بُرجوں میں سے ایک آسمانی بُرج جس میں سورج تقریباً ۲۰ اپریل کو داخل ہوتا ہے ؛ بیل ۔

taut, a. تنا ہوا ؛ کسا ہوا ؛ سخت، بے چین (جیسے : taut nerves or muscles) ؛ درست کیل کانٹے سے لیس ؛ صاف سُتھرا ؛ سلیقے کا ۔

tauten, v.t., v.i. تننا ؛ تاننا ۔

tautly, adv. تان کر ؛ ٹھیک طور پر ؛ تناؤ سے ؛ کھچاؤ سے ۔

tautness, n. کھچاؤ ؛ تناؤ ۔

tautog, blackfish, n. سیاہ مچھلی جو کھائی جاتی ہے ، نیو انگلینڈ کے ساحلوں پر اس کا شکار کیا جاتا ہے ۔

tautology, n. تکرار معنی ؛ حشو ؛ مختلف الفاظ میں ایک ہی خیال یا مفہوم کی فضول تکرار ؛ غیر ضروری تکرار ؛ حشوِقبیح ؛ تکرار بالمعنی ؛ تکرار پسندی ۔ (منطق) ایک بیان جو اپنی ساخت کے اعتبار سے کسی دوسرے منطقی امکانات کا متحمل نہ ہو (جیسے : Either you agree or you don't agree) ۔

tautological, tautologous, a. مکرّر با لمعنی ؛ جس میں لفظی تکرار یا تکرار بہ معنی ہو ۔

tautologically, tautologously, adv. تکرار معنی کے ساتھ ؛ تکرار لفظی کے ساتھ ؛ حشو کے ساتھ ۔

tautomer, n. (کیمیا) حرکی ہم ترکیب ؛ مرکبّ جس میں حرکی ہم ترکیبی کی خاصیت ہو ؛ دوبہم ترکیبی طرفوں میں سے کوئی ایک ۔

tautomerism, n. (کیمیا) دوطرفی ہم ترکیبی ؛ حرکی ہم ترکیبی ؛ بعض مرکبات کے حرکی ہم ترکیب اجزا جو مساوی الوزن ہوں ۔

tautomeric, a. حرکی ہم ترکیب کا ۔

tautonym, n. تکرار نام ؛ تکرار اسم ؛ سائنسی نام جس میں جِنسی اور خصوصی نام یکساں ہوتے ہیں ، نباتیات میں اس کا استعمال منع ہے لیکن حیوانیات میں عام ہے ۔

tautonymic, tautonymous, a. ناموں کی تکرار والا ؛ تکرار اسمیہ ۔

tautonymy, n. تکرار اسمی ؛ ناموں کی یکسانیت ۔

tavern, n. مے کدہ ؛ دکان جہاں پینے کے لیے شراب فروخت کی جائے ؛ بھٹیار خانہ ، سرائے ؛ کلال خانہ ؛ خرابات ؛ مے خانہ ۔

taverner, n. پیرِ مغاں ؛ شراب خانے کا مالک ۔

taw, n. گولیوں کا کھیل ؛ گولی انٹا ؛ گولیوں میں حد کی لکیر جہاں سے کھلاڑی گولیاں مارتا یا پھینکتا ہے ؛ پالا ۔ (فعل لازم) گولی مارنا ۔

taw, v.t. کچے مواد کو استعمال کرنے یا مزید سلیقے سے برتنے کے لیے تیار کرنا یا کمانا ؛ پھٹکڑی اور نمک میں ڈبو کر کھال کا چمڑا کمانا یا چمڑا بنانا ؛ سفید چمڑے کو ٹھیک کرنا ۔

tawdry, a. بھڑکدار مگر بھدّا ، لطف اور خوبصورتی کے بغیر ؛ بھونڈا ؛ چمکیلا ؛ بدمذاقی سے آراستہ کیا ہوا ۔

tawdrily, adv. بھدّی آرایش کے ساتھ ؛ بھونڈے طور پر ؛ بھدی طرح سے ؛ بے لطفی سے ۔

tawdriness, n. بھدّی آرایش ؛ بھڑکداری اور بھدّا پن ۔

tawny, a. سانولا ؛ گندمی رنگ کا ؛ چنپئی ؛ بھورا ۔ (اسم) سانولی رنگت ۔

tawniness, n. سانولا پن ؛ گندم گوں رنگت ۔

taws, tawse, n. شاخ دار چابک ؛ چمڑے کا تسمہ یا چابک جو آخری سرے پر لمبی پتلی دھجّیوں میں تقسیم ہو جاتا ہے ، اسکول ماسٹر اور دیگر افراد اسے چابک کے طور پر استعمال کرتے ہیں

tax, n. محصول ؛ ٹیکس جو حکومت کی طرف سے عوامی اخراجات پورا کرنے کی خاطر اراضی ، رعایا یا تجارتی سودوں پر لگایا جاتا ہے ؛ اسی قسم کا محصول جو کسی تنظیم کے اراکین پر عائد کیا جائے ؛ بوجھ ؛ گراں بار یا بڑا مطالبہ (جیسے : a tax on one's strength) ؛ لگان ؛ بار ؛ ذمہ داری ؛ جرمانہ ؛ تاوان ؛ سخت محنت ؛ زور ؛ دباؤ ۔ (فعل متعدی) کسی پر ٹیکس لگانا ؛ کسی پر بوجھ ڈالنا یا حد سے بڑھ کر مطالبہ کرنا (جیسے : to tax one's patience) ؛ موردِ الزام ٹھہرانا ؛ الزام دینا یا تہمت رکھنا (جیسے : to tax a man with rudeness) ۔ (قانون) انصاف سے فیصلہ کرنا ؛ مصارف مقدّمہ کی مدّات کو جانچ کر منظور یا نامنظور کرنا ۔

taxability, n. محصولی حالت ؛ قابل محصول ہونے کی صورت ۔

taxable, a. محصولی ؛ محصول لگنے کے قابل ؛ لائق خراج ؛ قابلِ محصول ؛ مدعی یا مدعا علیہ پر عائد کرنے کے لائق ؛ محصول پذیر ۔

taxer, n. ٹیکس لگانے والا ؛ محصول دار ۔

taxation, n. ٹیکس یا محصول لگانے یا عائد کرنے کا عمل ؛ محصولات ؛ ٹیکس لگائے جانے کی کیفیت ؛ آمدن جو ٹیکس سے ہوئی ہو ؛ تشخیص محصول ؛ خراج بندی ۔

taxback, a. ریاستوں یا مواضعات کو وفاقی فنڈ مختص کرنے سے متعلق جسے وفاق کی طرف سے مقامی حکومتوں کو وہاں کے شہریوں سے جمع شدہ ٹیکسوں کی واپسی تصور کیا جاتا ہے (جیسے : tax back grants, tax back funds) ۔

taxeme, n. (لسانیات) نحوی ساخت کی خصوصیت جیسے آواز کا اتار چڑھاؤ، لفظوں پر زور، حرف یا جملے کی بناوٹ، صوتی ترمیم یا الفاظ کا انتخاب ۔

taxemic, a. نحوی ساخت کے متعلق ۔

tax-exempt, a. مستثنائے محصول ؛ ٹیکس کی ادائیگی سے مستثنیٰ ؛ سرمائے سے حاصل ہونے والا منافع جو قابلِ محصول نہ ہو (جیسے : tax exempt bonds) ۔

taxi, n. ٹیکسی ؛ کرائے کی موٹر ۔ (فعل لازم) موٹر ٹیکسی میں سوار ہونا یا اس میں سفر کرنا ۔ (ہوا بازی) زمین یا پانی کی سطح پر اپنی قوت سے چلنا ، جیسے جہاز ہوا میں بلند ہونے سے پہلے دوڑتا ہے ۔ (فعل متعدی) (ہوا بازی) دوڑنا ، جیسے ہوائی جہاز کا ۔

taxicab, n. عوام کے لیے کرائے پر چلنے والی موٹر جس میں ٹیکسی میٹر لگا ہوتا ہے ۔

taxidancer, n. رقص گاہ کی ملازمہ لڑکی یا عورت جو معاوضہ لے کر گاہکوں کے ساتھ رقص کرنے کے لیے دستیاب ہو ۔

taxidermy, n. پوست انبازی ؛ جانوروں کی کھالیں کمانے ، بھرنے اور اُن کو کھال اسٹینڈ پر نصب کرنے کا فن تاکہ اُن کی اصل ہیئت قائم رہے ؛ تصبیر ۔

taxidermic, a. پوست انبازی کا ؛ کھالیں کمانے اور بھرنے سے متعلق ؛ تصبیری ۔

taxidermist, n. پوست انباز ؛ مصبّر ؛ کھالیں کمانے اور بھرنے کا کام کرنے والا ۔

taximeter, n. کرایہ میٹر ؛ کرایہ نگار ؛ ٹیکسی میٹر ؛ میٹر جو کرائے کی موٹروں اور گاڑیوں وغیرہ میں لگا رہتا ہے جس کے ذریعے وقت اور فاصلہ گزرنے کے ساتھ ساتھ خود بخود کرایہ معلوم ہوتا رہتا ہے ، جو مقررہ شرح کرایہ کے مطابق ہوتا ہے ؛ مسافت مؤثر پیما ۔

taxing, a. بوجھل ؛ تھکا دینے والا ؛ بوجھ ڈالنے والا ؛ باربن جانے والا ۔

taxis, n. (جرّاحی) حرکت انگیزی ، اپنی جگہ سے ہلے ہوئے حصے کو دوبارہ اس کی جگہ بٹھا دینے ، نیز دباؤ سے یا زخم لگائے بغیر برنیا کی رسولی یا اسی قسم کے مواد کو گھٹا دینے یا ختم کر دینے کا عمل ۔ (حیاتیات) بیرونی محرک کی مطابقت سے کسی خلیے یا جسم نامی کا خاص رخ میں حرکت کا اظہار ۔

taxite, n. (صخریات) پگھلا ہوا لاوا جس میں مختلف رنگوں کے حصّے یا بُنتیں ہوتی ہیں ، اس طرح وہ ٹکڑوں سے بنا ہوا دکھائی دیتا ہے ۔

taxitic, a. مختلف رنگوں یا بُنتوں کا ۔

taxiway, n. ٹیکسی وے ؛ پرواز گاہ ؛ کوئی سڑک یا ہموار علاقہ جو عام طور پر فرش بند ہو اور طیران گاہ میں ہوائی جہازوں کی آمد و رفت یا کھڑا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

taxon, n. نظام تقسیم کے تحت کوئی جماعت یا گروہ ، جیسے برادری ، نسل یا خاندان ۔

taxonomy, n. اصول صنف بندی ؛ اسمیات ؛ تقسیم ، اصول و قوانین کے حوالے سے ؛ حیوانات اور نباتات کے مختلف گروہوں میں فطری تعلقات کی بناء پر ان کی علیحدہ علیحدہ تقسیم ؛ اصولِ تجنیس ۔ نظامِ تقسیم کے متعلق ؛ تقسیمی ،

taxonomic, taxonomical, a. مبحثِ تقسیم کے متعلق ؛ صنف بندی سے متعلق ؛ اسمیاتی ۔

taxonomically, adv. اصولِ تقسیم کی رُو سے ۔

taxonomist, n. مبحثِ تقسیم کا ماہر یا محقق ؛ عالمِ صنف بندی ؛ عالمِ تجنیس ؛ ماہر اسمیات ۔

taxpayer, n. محصول دہندہ ؛ ٹیکس دہندہ ؛ جو شخص ٹیکس ادا کرتا ہو یا جس پر ٹیکس واجب الادا ہو ؛ چھوٹی سی عمارت جو عارضی طور پر زرعی ٹیکس جمع کرنے کے لیے کسی جگہ بنا دی جائے ۔

tax stamp, n. ٹیکس مہر ؛ سگرٹ یا شراب ایسی چیزوں پر چسپاں مہر جو اس بات کی علامت ہے کہ ان پر محصول ادا کیا جا چکا ہے ۔

taxus, n. رکھل ؛ صُوَر ؛ یئو (yew) کا کوئی سا پودا ، یہ پودا بہت چھوٹے قد کا ہوتا ہے اور عام طور پر قبرستانوں میں اُگتا ہے ، اس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے ۔

tazza, n. کُھلے منھ کا اُتھلا پیالہ یا گلدان خصوصاً پیندے دار ۔

T-bar lift, n. ٹی سلاخ لفٹ ؛ برف پر پھسلنے والی اسکی ، لفٹ جس میں دو پھسلنے والے اپنی اپنی اسکی پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور جب لفٹ اُوپر اُٹھتی ہے تو یہ دونوں مرکزی سلاخ (cross bar) کا سہارا لیتے ہیں ۔

T-bone, n. ٹی ہڈی ؛ گائے کے گوشت کا ہڈی والا ٹکڑا جو پٹھے سے لیا گیا ہو اور جس میں T شکل کی ہڈی ہوتی ہے ۔

tea, n. چائے ؛ چائے کی پتّی ؛ چائے کا پودا ؛ تھیا (Thea) جھاڑی کے خشک اور صاف کردہ پتے جن کو پانی میں جوش دے کر قدرے تلخ خوشبودار سیّال تیار کیا جاتا ہے ؛ اس طرح بنی ہوئی چائے ؛ چائے کا پودا جو چین ، جاپان اور برصغیر میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے ، اس میں خوشبودار سفید پھول لگتے ہیں ؛ اسی نوع کے اور جوشاندے جو دوسرے پودوں کے پتوں اور پھولوں سے تیّار کیے جاتے ہیں اور مشروب یا ادویہ کے طور پر کام آتے ہیں ؛ کسی قسم کے پتّے اور پھول جو اس کام آئیں ؛ سہ پہر کے وقت چائے کی پیشکش دیگر اشیائے خوراک کے ساتھ یا اُن کے بغیر ؛ شام کا استقبالیہ جس میں چائے پیش کی جاتی ہے ۔ (عوامی) چرس ۔

tea bag, n. چائے تھیلی ؛ کپڑے یا کاغذ کی چھوٹی سی مسام دار تھیلی جس میں ایک بار چائے بنانے کے لیے مناسب مقدار میں چائے کی پتی موجود ہوتی ہے ۔

tea ball, n. چائے مُقطر گولا ؛ چھیدوں والا گولا عموماً دھات کا بنا ہوا جس میں چائے کی پتّی ڈال دی جاتی ہے تاکہ گرم پانی میں اس کے جوش کھانے سے چائے تیار ہو جائے ۔

teaberry, n. امریکا کے بَتُول پودے کا مسالے دار سرخ رنگ پھل ؛ بَتُول کا پودا ۔

tea biscuit, n. چائے بِسکٹ ؛ چائے کے ساتھ کھایا جانے والا میٹھا بسکٹ ۔

teacake, n. چائے کیک ؛ ہلکا ، سادہ سا کیک جو چائے کے ساتھ کھایا جائے۔ (برطانوی) کیک کی ایک چوڑی سی ہلکی قسم۔

teacart, n. چائے گاڑی۔

teach, v.t. سِکھانا ؛ پڑھانا ، درس دینا ؛ پڑھائی میں رہنمائی کرنا (جیسے: to teach a class) ؛ کسی کام کی تعلیم دینا (جیسے: to teach history) ؛ تربیت دینا ؛ کسی کام میں مہارت پیدا کرانا ؛ بتانا ، سمجھانا دلالت کرکے (جیسے: an experience that teaches a lesson) ؛ سبق پڑھانا یا دینا ؛ ہدایت کرنا ؛ ہدایت دینا ؛ سمجھانا ؛ تجربہ کرانا ؛ مزا چکھانا ؛ سدھانا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ سمجھانا بجھانا۔ (فعل لازم) تعلیم دینا؛ مدرس کے طور پر کام کرنا۔

teachable, a. لائق تدریس ؛ تعلیم پذیر ؛ پڑھائے جانے یا تعلیم حاصل کرنے کے قابل ؛ تربیت پذیر، مؤدب ؛ پڑھانے سے سیکھنے کے قابل (جیسے: teachable subject matter)۔

teachability, teachableness, n. درس پذیری ؛ تعلیم کے قابل ہونے کی خاصیت ؛ تعلیم پذیری۔

teachably, adv. تعلیم پذیری سے ؛ تربیت پذیری سے ؛ درس پذیرانہ۔

teacher, n. مدرس ؛ معلّم ؛ پڑھانے والا ؛ استاد ؛ خاص طور پر جس کا پیشہ تعلیم و تدریس ہو ؛ اتالیق۔

teachers college, teachers' college, n. معلمی کالج ؛ کالج جہاں عموماً چہار سالہ تعلیم دینے کا نصاب ہو اور جو مدرسی پیشے کے لیے طلبہ کو تیار کرے۔

teach-in, n. کسی یونیورسٹی (جامعہ) کے طلبا یا شعبہ کی طرف سے منعقدہ سمپوزیم جو عوامی مسئلے پر ہو خصوصاً حکومت کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کے طور پر۔

teaching, n. تدریس ؛ اتالیقی ؛ تعلیم ؛ ہدایت ؛ ارشاد ؛ فرمودہ ؛ سبق ؛ درس ؛ پڑھانے ، تعلیم دینے کا عمل یا کاروبار ؛ سکھانا۔ (اکثر جمع) نظریات ؛ اصول۔

teaching fellow, n. فیلوشپ پر مامور گریجویٹ طالب علم جو اپنے اس اعزاز کے باعث پڑھانے کے بھی فرائض انجام دے۔

teaching machine, n. تدریسی مشین ؛ خود کار مشین جس سے طالب علم کو اپنے طریقے سے پڑھنے کا موقع ملتا ہے ، اس میں منصوبہ بندی سے سلسلہ وار معلومات اور سوالات کی ایک وحدت پیش کی جاتی ہے اور ان کا تسلی بخش جواب ملنے پر دوسری وحدت پیش ہوتی ہے ؛ اسی نوع کے دیگر طریقے یا مشینیں جو خود کار ہوں یا ہاتھ سے چلانے والی ہوں۔

tea cozy, n. کیتلی پوش؛ چائے دانی غلاف ؛ ٹی کوزی ؛ چائے پوش ؛ چائے کی کیتلی کا سرپوش جو عام طور گدّے دار نرم ہوتا ہے اور اس سے کیتلی کے اندر چائے گرم رہتی ہے۔

teacup, n. چائے کی پیالی ؛ پیالی جس میں چائے پیش کی جائے، عام طور پر یہ چھوٹی یا اوسط سائز کی ہوتی ہے ؛ پیالہ بھر چائے۔

teacupful, n. پیالہ بھر چائے ؛ جتنا ایک چائے کی پیالی میں سمائے، عموماً ۴ اونس کے ہم وزن۔

tea dance, n. چائے رقص ؛ رقص جو سر شام چائے پینے کے وقت کیا جائے۔

tea garden, n. چائے باغیچہ ؛ باغ یا کُھلی عوامی جگہ جہاں گاہکوں کو چائے یا دیگر نُقل، ناشتہ وغیرہ مہیا کیا جائے ؛ کھیت جہاں چائے کے پودے اُگائے جائیں ؛ چائے کا باغ۔

tea gown, n. چائے گُون ؛ عورتوں کا گھیر والا نیم رسمی لمبا لباس یا گون جو بہت عمدہ کپڑے کا بنا ہوا ہوتا ہے اور شام کے سماجی اجتماعوں میں پہنا جاتا ہے ، خاص کر جب وہ چائے کی دعوت پر کسی کے گھر مدعو ہوتی ہیں۔

teahouse, n. چائے خانہ ؛ گھر ، ریستوران یا کوئی جگہ ، عموماً عوامی جہاں چائے اور دیگر مشروبات فراہم کیے جائیں ، خصوصاً چین اور جاپان میں۔

teak, n. [تامل سے ماخوذ] ٹِیک ؛ ساگوان ؛ ساج ؛ شرق الہند کے مختلف علاقوں میں اُگنے والا درخت جس کی لکڑی بڑی مضبوط ، پائیدار اور قیمتی ہوتی ہے ؛ اس درخت سے حاصل کی جانے والی لکڑی۔ نیز: teakwood۔

teakettle, n. چائے دانی ؛ کیتلی ؛ ہینڈل ، ٹونٹی اور ڈھکنے والی چائے کی کیتلی جس میں چائے کا پانی اُبالا جاتا ہے۔

teal, n. مُرغابی ؛ جل کُکڑی ؛ چھوٹی گردن والی تازہ پانی کی بطخوں میں سے کوئی بطخ خاص طور نیلے اور سبز بازوؤں والی بطخ ؛ سبزی مائل نیلی جھلک کا پھیکا سانولا رنگ۔

team, n. جماعت ؛ ٹیم ؛ جتھا ؛ مشترکہ مہم یا کوشش میں بہت سے لوگ جو آپس میں مل کر کام کریں (جیسے: team of reporters) ؛ دو مخالف فریقوں میں سے ایک (جیسے: football team) ؛ دو یا زیادہ بار برداری کے جانور جو ساتھ جُتے ہوئے ہوں ؛ ایسے جانور یا ایک جانور مع ساز اور گاڑی کے ؛ جوڑی ؛ منظم جماعت ؛ منڈلی۔ (فعل متعدی) جوڑنا سب کو ایک ٹیم میں ، سب کی جماعت یا جتھا بنانا ؛ جتّھے کے ذریعے بھیجنا یا پہنچوانا۔ (فعل لازم) ٹیم کو ہانکنا ؛ جماعت بننا (عام طور پر up یا together سے پہلے استعمال ہوتا ہے)۔

tea maker, n. بونی ؛ چھلنی ؛ چھیدوں والا ظرف جسے پیالی میں چائے بناتے ہوئے ، چھاننے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

teammate, n. ٹیم کا رُکن۔

teamster, n. گاڑی بان ؛ ڈرائیور ؛ جوڑی یا ٹرک کی طرح کوئی اور گاڑی چلانے والا خاص کر پیشے کے طور پر ؛ ٹرک ، گاڑی یا جوڑی چلانا جس کا پیشہ ہو۔

team teaching, n. اجتماعی تدریس ؛ تدریس کا ایک طریقہ جس میں بہت سے اساتذہ طلبہ کی ایک جماعت کو تعلیم دیتے ہیں ، ہر استاد کسی مضمون کا ماہر ہوتا ہے۔

teamwork, n. جماعتی کام ؛ کسی جماعت یا بہت سے لوگوں کا مِل جُل کر کام کرنا ، خاص کر متحدہ کوششوں اور منظم صلاحیّت و استعداد کے تعلق سے۔

tea party, n. چائے کی ضیافت ؛ ٹی پارٹی ؛ چائے کی دعوت ؛ دعوت یا کوئی اور سماجی اجتماع جس میں چائے اور دیگر ہلکے مشروبات پیش کیے جائیں ، خصوصاً سہ پہر کے وقت۔

teapot, n. چائے دانی ؛ چائے کی کیتلی ؛ ڈھکنے ، ٹونٹی اور دستے والا برتن جس

میں چائے بنائی جاتی ہے اور جس سے انڈیل کر پیش کی جاتی ہے۔

teapoy, n. (اُردو) تپائی ؛ سہ پائی ؛ چھوٹی سی تین ٹانگوں والی میز یا چوکی ؛ چھوٹی میز جو چائے پیش کرنے کے لیے استعمال کی جائے۔

tear, n. آنسو ؛ اشک ؛ نیر ؛ سرشکی غدود سے قطرے کی طرح بہنے والا پانی جو آنکھ کی سطح کو گیلا کر دیتا ہے اور بیرونی عناصر سے پاک کر دیتا ہے ، یہ پانی آنکھ میں یا تو شدّت غم یا بے پناہ خوشی کے اثر کی وجہ سے ظاہر ہوتا ہے یا بہ نکلتا ہے ؛ پانی کا کوئی صاف شفاف قطرہ ؛ رال وغیرہ کا شفاف قطرہ ۔ (جمع) گریہ ، رنج و غم یا تکلیف ۔ (فعل لازم) آنسو بہانا یا اشک برسانا۔

teary, a. آنسو بھرا ؛ اشک آمیز۔

tear, v.t. پھاڑنا ؛ کھینچ کر پھاڑنا یا ٹکڑے ٹکڑے کر دینا اتنے زور کے ساتھ کہ بھُوسڑے نکل آئیں ؛ چاک کرنا ؛ دھجیاں اُڑانا ؛ پھاڑ کر سوراخ کرنا (جیسے: to tear a hole in one's coat) ؛ نوچ کھسوٹ سے گھاؤ ڈالنا یا زخمی کرنا ؛ مجروح کرنا ؛ ٹکڑے کرنا یا تفریق پیدا کر دینا (جیسے: The state was torn by civil war)؛ شدید تشویش ہونا (جیسے: to tear the heart with anguish) ؛ زور سے گھسیٹنا یا اُکھاڑ ڈالنا ؛ قوت کے ساتھ ہٹا دینا (جیسے: to tear one self from a place) ۔ (فعل لازم) پھاڑ کر سوراخ کرنا یا کھونچا لگانا ؛ پھٹ جانا ؛ حرکت کرنا یا بڑے زور اور بڑی تیزی سے اٹھنا (جیسے : he tore out of the house)۔ (اسم) پھاڑنا یا پھاڑنے کا عمل ؛ کھونچ یا کھونچا ؛ جھپٹ ، ہیجانی کیفیت ، جیسے غیظ و غضب اور جذبات کی ؛ ریخت۔ (عوامی) مے نوشی کا دور۔

tear around, وحشیانہ پن یا غیر مہذب طریقے سے اِدھر اُدھر پھرنا یا چکّر کاٹنا ، جیسے غصّے یا شدت جذبات کے عالم میں ہو۔

tear away, بادلِ نخواستہ اُٹھنا (جیسے: He could not tear him self away from the movie)۔

tear down, توڑنا یا علیحدہ علیحدہ کرنا ؛ منتشر کرنا ؛ کسی پر بہتان باندھنا (جیسے : to tear down one's friends) ۔

tear into, (بول چال) بے قابو ہو کر حملہ کرنا ، خصوصاً زبانی کلامی۔

tear off, (عوامی) گھسیٹنا ؛ تیزی سے لکھنا یا پورا کرنا ۔ (جیسے: He can tear off a novel in a week) ۔

tear up, نقصان پہنچانا یا ہٹا دینا خاص کر نچلے حِصّے کو ، جیسے کسی کوچے یا فرش کا ؛ پُرزے پُرزے کر دینا پھاڑ کر ، جیسے کاغذ کا ورق ؛ اُدھیڑنا ؛ اکھاڑنا۔

tearer, n. پھاڑنے والا۔

teardown, n. علیحدگی ۔

teardrop, n. آنسو؛ قطرۂ اشک ؛ آنسو کی شکل کے مشابہ کوئی شے ؛ قطرہ؛ بُوند ۔

tearful, a. اشکباری ؛ جو چیز رُلانے اور اشک آوری کا باعث ہو ؛ المناک ؛ پُرنم ؛ اشک آلودہ ؛ ڈبڈباتا ۔

tearfully, adv. ڈبڈبائی آنکھوں سے ۔

tearfullness, n. اشک آلودگی ۔

tear gas, n. اشک آورگیس ؛ انسو گیس ؛ زہریلی گیس جس سے آنسو بہنے لگتے ہیں اور کچھ دیر کے لیے بصارت زائل ہو جاتی ہے ، ہجوم کو مُنتشر کرنے کے لیے پولیس اس کو استعمال کرتی تھی ۔ (فعل متعدی) اشک آور گیس پھینکنا ۔

tear-jerker, tearjerker, n. (بول چال) حد سے زیادہ جذباتی نغمہ ، ڈرامہ ، کہانی یا کوئی اور ایسی چیز۔

tearjerking, a. رُلانے والا ، جیسے کوئی ڈرامہ یا کہانی وغیرہ ۔

tearless, a. بے اشک ؛ روئے بغیر؛ چلانے یا رونے کے ناقابل۔

tearlessly, adv. روئے دھوئے بغیر ؛ بے اشکی سے ؛ بن روئے ۔

tearoom, tea shop, n. چائے خانہ ؛ ٹی ہاؤس ؛ کمرہ یا دکان جہاں گاہکوں کو چائے یا دیگر اشیائے خورد و نوش پیش کی جائیں ۔

tea rose, n. گُل چائے ؛ بہت سی قسموں کا کاشت کیا جانے والا گلاب کا پھول جس کی ابتدا چینی گلاب (Rosa odorata) سے ہوئی تھی ، اس میں سفید ، گلابی اور ہلکے پیلے پھول آتے ہیں اور چائے جیسی خوشبو دیتے ہیں ؛ پیلا گلابی رنگ ۔

tear sheet, n. اشتہاری تراشہ ؛ تراشہ ؛ مطبوعہ تراشہ ؛ کسی رسالے یا اخبار سے پھاڑا ہوا کاغذ عام طور پر مشتہر کو یہ بتانے کے لیے کہ اس کا اشتہار شائع ہو چکا ہے ؛ اشتہار کی طبع شدہ نقل جو مشتہر کو بھیجی جاتی ہے ۔

tear-stained, a. اشک آلود ؛ جو چیز آنسوؤں کے قطرے ٹپکنے سے داغدار ہو گئی ہو ؛ اشک زدہ ۔

tear strip, n. ڈونگے ، بالٹی ، صندوقچے یا طبلق (ریپر) پر لگی ہوئی دھجّی یا پٹی جسے کھینچنے سے یہ کُھل جاتے ہیں ۔

tease, v.t. چھیڑنا ؛ تنگ کرنا ؛ اون صاف کرتے ہوئے اُس کے ریشے وغیرہ علیحدہ کرنا ؛ کنگھے سے صاف کرنا ، جیسے اون ؛ تُمائی یا کارڈنگ کرنا ، جیسے اون کی ؛ چوٹی بنانے کے لیے ، بالوں میں کنگھا پھیرنا بغرضِ آرایش ؛ رُواں اُٹھانا ، جیسے کپڑے پر گوکھرو سے ؛ گوکھرو پھیرنا ؛ مسلسل چھوٹی چھوٹی درخواستوں یا چھیڑ خانیوں سے تنگ کرنا یا ستانا؛ ذرا سا دل لگی کی خاطر معمولی باتوں سے جُھنجھلا دینا ؛ مذاق کے طور پر چھیڑ خانی کرنا ؛ جنسی اشتعال دلانا تسکین کی نیت کے بغیر؛ چہل کرنا ؛ چھیڑ چھاڑ کرنا ؛ دق کرنا ؛ سر ہو جانا ؛ جان کھا لینا ؛ پیچھے پڑ جانا ؛ ناک میں دم کر دینا ؛ ٹھٹھول کرنا ۔ (فعل لازم) کسی شخص کو مستقل تنگ کیے جانا ۔ (اسم) ستانے کا عمل یا ستائے جانے کی کیفیت ؛ تنگ کرنے یا ستانے والا شخص۔

teasable, a. ستائے جانے کے قابل۔

teasingly, adv. چھیڑ خوانی کے طور پر۔

teaser, n. چھیڑنے والا ، دل لگی باز ؛ ستانے والا ؛ دِق کرنے والا ؛ چہل باز۔

teasel, Brit. teazel, teazel, n. اونٹ کٹارا ؛ ولائتی گوکھرو ؛ خارشتر ؛ ایک پودا جس کے پتّے اور پھُول خاردار ہوتے ہیں ، ان کی خشک جڑیں اور گُچھے دار گھوکرو والے پھول کپڑے پر رُواں اُٹھانے کے کام آتے ہیں؛ کوئی بھی میکانکی عمل جو تومنے ، دھنکنے یا رُواں اُٹھانے کے لیے کیا جائے ۔ (فعل متعدی) (خاص کر برطانوی) گوکُھرو سے رُواں اُٹھانا ؛ گوکُھرو کے ذریعے صاف کرنا ۔

tea service, n. دیکھیے : tea set ۔

tea set, tea service, n. چائے کے ظروف ؛ ٹی سیٹ ؛ چینی یا دھات

کے بنے ہوئے برتن جن میں چائے بنا کر پیش کی جاتی ہے ؛ ان برتنوں کا مجموعہ جس میں کیتلی ، شکر دانی ، دودھ یا کریم دانی ، پرچ پیالی ، کھانے کی چھوٹی طشتریاں ، بیکار چیزیں ڈالنے کا ایک پیالہ اور ایک ٹرے شامل ہوتے ہیں ۔

tea shop, n. چائے کا کمرہ ؛ چائے خانہ ۔ (برطانوی) کوئی بھی ریستوران جو ہلکے ماکُولات یا ہلکا ناشتہ فراہم کرے ؛ لَنچ رُوم ۔

teaspoon, n. چائے کا چمچہ ؛ چائے، کافی یا اسی نُوع کی کوئی شے ہلانے والا چھوٹا چمچہ ؛ بھرے چمچے کے برابر مقدار ؛ پکوان میں استعمال ہونے والا پیمانہ جو بڑے چمچے میں سمانے والی شے کا ایک تہائی ہوتا ہے یا ایک‌اور۱/۳ رقیق ڈرام کے برابر ہوتا ہے ۔ مخفف : tsp.' t ۔

teaspoonful, n. چمچہ بھر ؛ مُقدار جو چائے کے چمچے میں سما سکے ۔

teat, n. سرپستان ؛ حلمہ ؛ چوچی ؛ عورتوں کی چھاتیوں یا پستان کی بھٹنی جہاں سے دُودھ نکلتا ہے ؛ چُسنی ؛ چھاتی کی گُھنڈی ۔

teated, a. بُھٹنی کا ؛ پستانی ۔

tea table, n. چائے میز ؛ میز جس پر چائے پیش یا نوش کی جاتی ہے یا جس پر چائے کی اشیاء رکھی جائیں ۔

teatime, n. عصرانہ ؛ چائے نوشی کا وقت ؛ چائے پلانے اور دعوت چائے کا وقت جو رسماً سہ پہر کا وقت ہوتا ہے ؛ وقتِ چائے ۔

tea towel, n. صافی ؛ رکابیاں وغیرہ صاف کرنے یا چائے کے ظروف صاف کرنے کا کپڑا یا تولیہ ۔

tea tray, n. چائے طشت ؛ کوئی برتن ، ٹرے یا کشتی جس میں چائے پلانے کے لیے چائے کا سامان رکھ کر لے جایا جائے ۔

tea wagon, tea cart, tea trolly, n. پہیّوں والی چائے کی میز یا جس پر چائے پلانے کا سامان وغیرہ رکھا جائے ؛ چائے گاڑی ۔

technetium, n. (کیمیا) مسوریم ؛ ٹیکنیشیم ؛ نقرئی خاکستری سا عُنصر جو مصنوعی طور پر مولیبڈینم (molybdenum) کی برقیہ باشی میں یا پلوٹونیم یا یُورانیم کے انشقاق میں پیدا ہوتا ہے ۔

technic, n. تکنیک ؛ فنیات ؛ تکنیکی مہارت ۔ (صفت) تکنیکی ؛ فنیاتی ۔

technical, a. تکنیکی ؛ فنیاتی ؛ فن یا فنون کا یا ان سے متعلق (جیسے : a technical dictionary) ؛ کسی خاص فن ، علم ، پیشے یا حرفت سے مخصوص ، جیسے تکنیکی اصطلاح ؛ مصنف کی طرح یا کتاب میں تکنیکی اصطلاحات کا استعمال ؛ کسی خاص فن یا پیشے میں عملی طور پر مانوس (شخص) ؛ فنی اعتبار سے جس کو ایسا خیال کیا گیا ہو (جیسے : a military engagemant ending in a technical defeat) ؛ میکانکی ، صنعتی اور اطلاقی علوم کے بارے میں یا ان سے متعلق (جیسے : technical school) ؛ ایسی منڈی کے بارے میں جہاں لاگت اور قیمتوں کا تعین ، مصنوعات کی دستیابی اور سودے بازوں کی مانگ کے مطابق ہوتا ہے ۔

technically, adv. تکنیکی طور پر؛ فنیاتی طور پر ۔

technicalness, n. تکنیکیت ؛ اصطلاحیّت ؛ فنی انداز ۔

technicality, n. تکنیکیت ؛ تکنیکی وصف ؛ تکنیکی طریقے یا اصطلاحات کا استعمال ؛ کوئی چیز جو تکنیکی ہو یا فن ، علم ، پیشے اور حرفے سے مختص ہو ؛ کوئی فنی باریکی یا تشریح خصوصاً جو صرف ماہر فن کے لیے معنی خیز ہو ؛ تکنیکی اصطلاح یا محاورہ ۔

technical knock out, n. تکنیکی شکست ؛ ریفری کا اُس مُکے باز (باکسر) کے خلاف یہ فیصلہ(جو اس حد تک مار کھا چکا ہو کہ اب اس میں مکّے بازی کی سکت نہ رہی ہو) کہ اُس کے مدّمقابل حریف نے بازی جیت لی ہے ۔

technical sergeant, n. (امریکا کی فضائی فوج اور بحری دستہ میں) تکنیکی سارجنٹ ؛ غیر کمیشن یافتہ فوجی جو ماسٹر سارجنٹ سے نچلے اور اسٹاف سارجنٹ سے اُوپر والے عُہدے پر مامور ہو ؛ ایسے فوجی کا عُہدہ اور منصب ۔

technician, n. تیکنیک کار ؛ ماہر فنیات ؛ صنّاع ؛ کسی مضمون ، پیشے یا کام میں فن کا بخوبی ماہر ؛ موسیقی، رقص ، مصوری اور سنگتراشی ایسے فنون لطیفہ میں پوری مہارت رکھنے والا شخص ۔ (مسلح افواج) ایک اعزاز جو بھرتی شدہ شخص کو کسی خاص تکنیکی شعبے میں کامل ماہر ہونے پر پہلے دیا جاتا تھا ۔

Technicolor, n. تین بنیادی رنگوں کی باہمی آمیزش سے فلمیں بنانے کا طریقہ ۔ (تجارتی نشان) ۔

technics, n. فنیات ؛ فنی اصطلاحات ؛ کسی فن یا فنون کی آموزش ؛ کسی علم کا مطالعہ یا عمومی طور پر کوئی فن یا علم سیکھنے کا عمل ، خاص طور پر صنعتی و حرفتی علوم یا دستی فنون ، دستکاری وغیرہ ۔

technique, n. تکنیک ؛ فنی پہلو ؛ ڈھنگ ؛ اسلوب ؛ لائحہ عمل ، طریق کار ، اصول فن ؛ صنعت گری ؛ مہارت ، آداب فن ؛ کاریگری (جیسے : the technique of the poet) ؛ مہارت کار ؛ تیکنیکی مہارت ۔

technocracy, n. ٹیکنو کریسی ؛ ۱۹۳۲ء میں حکومت کا یہ نظریہ رائج ہوا تھا کہ صنعتی وسائل کا قبضہ اور انتظام نیز معاشرے کو از سر نو تشکیل دینے کا سارا کام صنعتی وفنّی ماہرین اور انجینیروں کے سپرد کر دیا جائے ؛ حکومتِ صنّاعان؛ ماہرین شاہی ۔

technocrat, n. ٹیکنوکریٹ ؛ ٹیکنوکریسی اصول و نظریے کا حامی ۔

technocratic, a. ٹیکنو کریسی کا؛ماہرین شاہی سے متعلق ۔

technological, technologic, a. صنعتیاتی ؛ ٹیکنالوجی سے متعلق ؛ فنیاتی ؛ علم صنعت و حرفت کی ترقی سے متاثر ۔

technologically, صنعت یا ٹیکنالوجی کے طریقے سے ؛ فنّی یا حرفتی طور پر؛ فنیاتی طور پر ۔

technology, n. ٹیکنالوجی؛ صنعتیات؛ فنیات؛ علم کا وہ شعبہ جو صنعت و حرفت کے علوم و فُنون سے متعلق ہو ؛ اس علم کا استعمال ؛ معاشرے کی مادی ضرورتیں پوری کرنے میں استعمال ہونے والے وسائل اور ان کا علم؛ فن اور علم کی اصطلاحیں ؛ فنّی نظام تسمیہ ۔

technologist, n. ماہر فنّیات ؛ صنّاع ؛ ماہر علوم صنعتی ۔

techy, a. دیکھیے : Tetchy ۔

tectonic, a. تعمیری ؛ عمارت یا تعمیر کا یا اس سے متعلق ؛ عماراتی ؛ ساختیاتی ۔ (ارضیات) قشر ارض کی ساخت سے متعلق ؛ وادیوں وغیرہ کی بناوٹ جو زمین کی قشر کے حصوں میں عام

طور پر کٹاؤ کے بجائے اُبھار یا دیگر تبدیلیوں سے ہو جاتی ہے۔

tectonics, n. عماریات ؛ تعمیر میں سامان کو جوڑنے ، شکل دینے یا آرایش کرنے کا علم یا فن ؛ عمومی طور پر تعمیراتی فنون ؛ زمین کی بناوٹ کا مطالعہ ؛ فنِ صناعت ؛ فنِ تعمیر ؛ ساختیاتی ارضیات۔

tectrix, n. (طیوریات) شاہ پر ؛ جھاڑی ؛ جنگل؛ شکار کے جانوروں کے لیے آڑ ، پناہ ۔

tactricial, a. پناہ دار۔

ted, v.t. اُلٹنا اور صاف کرکے پھیلانا ، جیسے گھاس تاکہ ہو اسے خشک ہو جائے ؛ گھاس الٹنا۔

tedder, n. ترینگلی ؛ ترینگل؛ گھاس پھیرا ؛ گھاس پھیرنے والا ؛ گھاس پھیرنے کا آلہ جو نئی نئی نمدار گھاس کو ہوا میں پھیلا کر خشک کر دے۔

teddy bear, n. ''ٹیڈی'' (تھیوڈور) روزولٹ کے نام کے حوالے سے جسے جانور رکھنے اور شکار کھیلنے کا بے حد شوق تھا] بھالُو ؛ گُودڑ یا روئی سے بھری ہوئی ریچھ کی شکل کا جانور جس سے بچّے کھیلتے ہیں ؛ ریچھ کھلونا ۔

Te Deum, n. ٹی ڈیم ؛ حمد باری ؛ قدیم لاطینی ترانہ جو حمد کی شکل میں ہوتا ہے ؛ جس کے معنی ہیں : ''اے خدا! ہم تیری حمد کرتے ہیں''؛ لاطینی اور انگریزی زبان میں یہ حمدیہ گیت صبح اور شام کی دعاؤں میں لگا تار رومی کیتھولک گرجا گھروں میں گایا جاتا ہے اور اس کا انگریزی ترجمہ انجلیکن چرچ میں دعائے صبح میں پڑھا جاتا ہے اور شکرانے کے مواقع پر بھی ؛ گت جو اس موقع پر بجائی جاتی ہے ، شکرانے کی گت میں یہ ترانہ اہم جزو ہوتا ہے۔

tedious, a. ناگوار ؛ ٹیڑھا ؛ اجیرن ؛ مشکل؛ وہ کام جس میں کوفت اور ناگواری محسوس ہو ؛ تسلسل یا آہستگی کے سبب تھکا دینے والا ؛ تکلیف دہ ؛ اوّل سے آخر تک ایک ہی انداز کا ؛ یکساں ، اکتا دینے والا۔

tediously, adv. ناگوار پن سے ؛ تکلیف دہ طور پر۔

tediousness, n. یکسانیت ؛ کوفت ؛ ناگواری ؛ تکلیف ؛ اداسی ؛ طوالت ؛ پھیلاوا۔

tedium, n. تھکاوٹ ؛ زحمت ؛ بارخاطری ؛ کوفت ؛ ناگواری ؛ اکتاہٹ ۔

tee, n. (گالف) بعض کھیلوں میں ہدف ، جیسے پتّھر کنڈلی میں ۔ (گالف) کھیل شروع کرنے کی جگہ جو عام طور پر چھوٹا سا مٹی کا ڈھیر ہوتا ہے جہاں سے سوراخ کے لیے گیند لڑھکا کر کھیل کی ابتدا کی جاتی ہے ؛ لکڑی ، پلاسٹک ، ربڑ یا دھات کی چھوٹی سی میخ جہاں سے کھیل شروع کرتے وقت ہر سوراخ کے لیے گیند کو مارا جاتا ہے ۔ (فٹ بال) ٹھوکر مارنے کی جگہ میں فٹ بال کو تھامے رکھنے کا سہارا ۔ (فعل متعدی) (گالف) کسی T پر گیند رکھنا کھیل کے شروع میں ۔

tee off, (گالف) کسی T پر رکھ کر گیند کھیلنا ۔ (بول چال) ابتدا کرنا (جیسے : to tee off the banquet with a short speech) ۔

teed off, برہم یا متنفر (جیسے: They were teed off because dinner was two hours late.) ۔

tee, n. حرف 'T' ؛ ٹی کی شکل کی کوئی چیز ، جیسے پائپ کا جوڑ ؛ دھات کی موٹی سلاخ یا تار جو T کی شکل میں ایک دوسرے کو قطع کرتی ہو ۔ (صفت) T کی شکل والا ۔

to a tee, پورے طور پر ؛ بے کم و کاست ۔

teem, v.i. لبا لب بھرا جانا ؛ ذخیرہ ہونا ؛ پُر ہونا ؛ حاملہ ہونا ؛ باروَر ہونا ؛ بیانا ؛ معمور ہونا ؛ بھرا ہونا ؛ امڈنا ؛ بار آور اور بکثرت زرخیز ہونا ۔ (فعل متعدی) جَننا، پیدا کرنا ۔

teem, v.i., v.t. بارش کی طرح برسنا ۔

teen, teenage, a;n. ۱۹ سال کی عمر تک کا ۔

teen-ager, teenager, n. ۱۳ اور ۱۹ سال کے درمیان کی عمر کا فرد ؛ عنفوان شباب؛نوخیز۔

teens, n. (جمع) ۱۳ سے ۱۹ سال تک کی درمیانی عمر ، وہ اعداد جن کے آخر میں teen آتا ہے ۔

teeny, a. دیکھیے : tiny ۔

teepee, n. دیکھیے : Tepee ۔

tee shirt, n. دیکھیے : T-shirt ۔

teeter, v.i. جھول تختے پر جھولنا ؛ جُھولے کی طرح کی حرکت یا جُنبش ہونا ؛ جھول تختے پر اوپر نیچے حرکت کرنا۔ (فعل متعدی) جُھولا جُھولنا۔ (اسم) ہنڈولا ؛ ہنڈولے کے تختے کی جنبش ؛ جھول تختہ ؛ سجال ؛ نوسان۔

teeter board, teeter-totter, n جُھولے کا تختہ ؛جھول تختے کا کھیل ۔

teethe, v.i., v.t. دانت نکالنا ؛ دانت نکلنا یا پیدا ہونا ۔

teething, n. دانت پھوٹنا ؛ دانت نکلنے کا زمانہ ؛ دانتوں کی ساخت اور ترتیب ۔

teething ring, n. دانت چھلاّ ؛ پلاسٹک ، ربڑ یا اسی نوع کا بنا ہوا چھلاّ یا ہُک جسے دانت نکالتا ہُوا بچّہ مُنھ سے کاٹتا ہے ۔

teethridge, بالائی مسوڑھا ؛ اوپر کا مسوڑھا ؛ اگلے دانت اور سخت تالُو کے درمیان اوپر کے مسوڑھے کی نچلی سطح ۔

teetotal, a. منشیات ترک کرنے کا یا اسے چھوڑنے کی حمایت سے متعلق یا قطعی طور پر نشہ والی مشروبات چھوڑ دینے کا پکا ارادہ کر لینے والا ؛ تارکِ منشیات ۔ (مجازاً) کُلّی طور پر ؛ مکمل یا قطعی ؛ تمام ؛ سارا ۔ (فعل لازم) (برطانوی) منشیات یا مسکرات کی مخالفت میں ہونا ۔

teetotaler, teetotalist, n. تارک مسکرات ؛ مُنشیات سے پرہیز یا اجتناب کرنے والا ۔

teetotalism, n. مسکرات یا مُنشیات سے پرہیز؛ اجتناب نشہ ۔

teetotally, adv. پورے طور پر ؛ کامل طور پر۔ منشیات پرہیزانہ ۔

teetotum, n. چکتی ؛ ٹی بھر کی ؛ لٹّو ؛ چوکور قسم کا لٹو جس کے ہر طرف حروف کُھدے ہوئے ہوتے ہیں ،جسے ہارجیت کا کھیل کھیلنے کے لیے انگلیوں سے گھمایا جاتا ہے ؛ انگلیوں سے گھمایا جانے والا کوئی چھوٹا سا لٹُو ۔

tefillin, tephillin, n. (صیہونیت) تعویذی تورات ؛ چمڑے کی ڈبیا جس میں عبرانی کا نُسخۂ تورات چمڑے پر لکھا ہوا یا کڑھا ہوا ہوتا ہے اور یہودی اسے گلے یا بازو پر اس لیے پہنے رہتے ہیں کہ احکام ربّانی کی یاد دلاتا رہے ۔

Teflon, n. تفلن ؛ مومی مادہ
(Polytetrafluorethylene) جو کثیر الاقسام پتھروں کے مثل آسانی سے پگھلنے والی ایک دھات ہوتی ہے جس کے اندر تھائلین (thylene) کا جزو شامل ہوتا ہے اور جو کھانا پکانے والے برتنوں نیز صنعتی اوزاروں کو چپک سے بطور سرپوش محفوظ رکھتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

tegmen, n. غلاف ؛ پوشش یا کھال ؛ غلیف ۔ (حشریات) زیرقشر ؛ جھینگر یا ٹڈے جیسے کیڑے کے سامنے کے سیدھے پنکھ جب وہ پچھلے پنکھوں یا بازوؤں کو بچانے کا غلاف بن جاتے ہیں ۔ (نباتیات) دانے کا نازک اندرونی غلاف یا پوشش ۔

teguiar, a. سفالی ؛ کھپرے یا ٹائل سے ملتا جلتا ؛ کھپرے یا ٹائل کا بنا ہوا یا اس سے متعلق ۔

tegularly, adv. کھپرے یا ٹائل کی طرح سے ۔

tegument, n. چھال ؛ پوست ؛ جلد یا کھال ؛ قدرتی کھال جیسے جانور کی ؛ جھلی ، پوشش ؛ غشا ؛ خول ۔

tegumental, tegumentary, a. جلدی ؛ غلافی ؛ خولی ؛ زیر قشری ۔

teil, teil tree, n. لنڈن ؛ زیر خون ؛ لیموں کا یا یورپ میں ترش لیموں کا درخت جس کے پتے دل کی شکل کے اور کلیاں زرد اور خوشبو دار ہوتی ہیں ۔

tektite, n. (ارضیات) شہاب شفاف ؛ مختلف اقسام کے گول شیشہ نما ڈھیر جن کے متعلق خیال ہے کہ خلا سے زمین پر آ گرتے ہیں ، عام طور پر آسٹریلیا ، چیکوسلواکیہ اور انڈونیشیا میں پائے جاتے ہیں ۔

telaesthesia, n. دیکھیے : Telesthesia ۔

telamon, n. (فن تعمیر) مرد شکل ستون ؛ مرد کی شکل کا چوکور یا دیواری ستون ۔ دیکھیے : atlantes ۔

telangiectasis, n. (امراضیات) تمدّد عروق شعریہ ؛ بالوں یا خون کی دیگر چھوٹی رگوں کا پھیلاؤ بسبب پیدائیشی نقائص ، شراب کی لت یا سرد موسم، جس سے عام طور پر چہرے پر وعائی سلعہ (angioma) کے آثار ابھر آتے ہیں ۔

telangiectatic, a. مریض تمدد عروق ۔

Telautograph, n. عکسی تار ؛ جس سے بذریعہ تار بھیجی ہوئی تحریر کا عکس برقناطیسی ذریعے سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچ جائے ؛ عکسی تلغراف-(تجارتی نشان) ۔

telecast, v.t., v.i. ٹیلی وژن کے ذریعہ نشر کرنا ۔ (اسم) ٹیلی وژن نشریہ ؛ دور نمائی نشر ۔

telecaster, n. ٹیلی کاسٹر ؛ ٹیلی وژن سے نشر کرنے والا ؛ دور نمائی نشرکار ۔

telecommunication, n. ٹیلی مواصلات ؛ سلسلہ پیام رسانی ؛ تار اور ٹیلی فون ، ریڈیو ، راڈار ، ٹیلی وژن کے ذریعے پیغام رسانی کا سلسلہ ؛ برقیاتی ترسیلی لہروں سے پیغام بھجوانے کا علم ؛ ٹیلی پیغام ۔

telecourse, n. ٹیلی وژن کورس ؛ تعلیمی نصاب کی تدریس جو ٹیلی وژن کے ذریعے کی جائے ۔

teledu, n. جاوائی بجّو ؛ بو دار بجو ؛ تلیڈو ؛ سماترا ، جاوا اور بورنیو کی پہاڑیوں میں پایا جانے والا بُودار بجو جو قد میں چھوٹا اور گہرے کتھئی رنگ کا ہوتا ہے ۔

telefilm, n. ٹیلی وژن فلم ؛ فلم جو ٹیلی وژن پر دکھانے کے لیے بنائی گئی ہو ۔

telegenic, videogenic, a. ٹیلی وژنی ؛ ٹیلی وژن کے لیے موزوں ؛ جو ٹیلی وژن پر دکھانے کے قابل ہو ؛ جو ٹیلی وژن سے نشر ہونے کے لائق ہو ۔

telegenically, adv. ٹیلی وژن پر چلنے کے قابل ہوتے ہوئے ۔

telegony, n. تلغونی ؛ اشراقی تولید ؛ پہلے نر کے مفروضہ اثرات جو مادہ دوسرے نروں سے پیدا ہونے والی نسل پر مرتب کرے ۔

telegonic, a. اشراقی تولیدی ؛ دُور وارداتی ۔

telegram, n. تار برقی ؛ برقی تار کے ذریعے خبر رسانی ؛ تلغرافی پیغام یا مراسلہ ؛ ٹیلی گرام ۔

telegraph, n. تلغراف ؛ تار نویسی ؛ آلہ تار برقی ؛ تار کی ترسیل کا نظام یا طریقہ دور دراز مقامات میں پیغامات یا سگنل بھیجنے کا ، خاص کر برقی آلے کے ذریعے سے جس میں ترسیل کے آلات اور ایک دور کے مقامات پر پیغام وصول کرنے والا آلہ موصلہ تار سے پیوست ہوتا ہے ؛ پیغام جو اس طریقے سے بھیجا جائے ۔ (فعل متعدی) ٹیلی گراف کے ذریعے پیغام ترسیل کرنا یا بھیجنا ؛ کسی کو ٹیلی گراف کے ذریعے پیغام بھیجنا ۔ (فعل لازم) ٹیلی گراف کے ذریعے تار ارسال ہونا ۔

telegrapher, telegraphist, n. ٹیلی گرام یا تار بھیجنے والا ؛ تار برقی کا ماہر ؛ تار بابو ۔

telegraphic, a. تلغرافی ؛ تار برقی سے متعلق ؛ ٹیلی گراف سے بنایا ہوا ، تار برقیا ؛ تار کا ؛ تلغرافی ۔ (مجازاً) مختصر ۔

telegraphically, adv. تار کے ذریعے ، تار کی زبان میں ؛ بے حد مختصر طور پر ۔

telegraphone, n. دور آواز رساں ؛ تار برقی آواز رساں ؛ ابتدائی مقناطیسی صدا بند آلہ ؛ اس وقت پیغام ریکارڈ کرنے والا آلہ جب دوسری طرف کا ٹیلی فون بے جواب ہو جس کے ساتھ یہ آلہ وابستہ ہے ۔

telegraph plant, n. (نباتیات) تار برقی پودا ، چمرا ؛ جزائر شرق الہند میں ایک قسم کا پودا جس کے پتوں میں خود بخود اس طرح جنبش ہوتی رہتی ہے کہ پیغام رسانی کا گمان ہوتا ہے ۔

telegraphy, n. تلگرافی ؛ علم تار برقی ؛ تلغرافی ؛ تار کی زبان بنانے اور ان کی ترسیل کا فن یا مہارت ۔

telekinesis, n. حرکت بعید ؛ دور حرکت ؛ کسی مادی واسطے کے بغیر دور کی شے میں حرکت پیدا ہونے کی کیفیت ؛ واسطوں میں ایسی حرکت پیدا کرنے کی اہلیت ۔

telekinetic, a. دُور حرکتی ؛ جس میں دور کی حرکت پیدا ہونے کی استعداد ہو ۔

telemark, n. (بعض اوقات بڑے T سے) اسکی انگ) ٹلمارکہ ؛ برف پر پھسلنے کے کھیل میں مڑنے کا ایسا طریقہ جس میں باہر کی اسکی ، دوسری سے بہت آگے رکھی ہوتی ہے اور پھر آہستہ سے جھونٹے کے ساتھ اس کا زاویہ بنا لیا جاتا ہے ۔

telemeter, n. لاسلکی بعد پیما ؛ دُور پیما ؛ ٹیلی میٹر ؛ وہ آلہ جس سے زاویوں کے ناپ سے فاصلے شمار کیے جائیں ۔ (برقیات) ایسا آلہ جو کائناتی شعاعوں کی مقداروں کی حرارت ناپ سکے اور ان کا تعین کر سکے نیز انھیں پیغام رسانی کے ایسے اشاروں میں بدل دے

جو دور دراز مقامات تک پہنچ جائیں ۔ (فضائیات) ریڈیو کے ذریعے مقررہ الفاظ میں پیغام رسانی جو زمینی اسٹیشن اور مصنوعی سیّارے کے خلائی جہاز سے رابطے کا ذریعہ بنے ۔ (فعل متعدی) ٹیلی میٹر کے ذریعے پیغام پہنچانا ۔ (فعل لازم) مقدار کا ناپ یا دیگر خفیہ پیغام بھیجنا ۔

telemetering, n. علم دور پیمائی ؛ ٹیلی میٹروں کا سائنسی علم اور اس کا استعمال ۔

telemetric, a. دور پیمایانہ ؛ ٹیلی میٹری ؛ جس میں ٹیلی میٹر سے کام لیا جائے ۔

telemetrically, adv. دور پیمایانہ طور پر ؛ ٹیلی میٹری طور پر ٹیلی میٹر کی طرح سے ، ٹیلی میٹر کے کام کرنے کی طرح ۔

telemetry, n. دور پیمائی ؛ بعد پیمائی ؛ ٹیلی میٹری ۔

telencephalon, endbrain, n. (تشریح الاعضا) موخر دماغ ؛ بعد دماغ ؛ پیش دماغ کے حصّے کی مقدم تقسیم ۔

talencephalic, a. موخر دماغی ۔

teleological, teleologic, a. غائی ؛ غایتی ؛ فلسفہ غایات کا یا اس سے متعلق ؛ مقصدیت سے تعلق رکھنے والا ؛ فطرت میں غایت یا مقصد سے متعلق ؛ غایاتی ؛ آنی ؛ مقصدی ؛ ساز گار ؛ متوافق ۔

teleologically, adv. فلسفہ غایات کی رو سے ؛ غایاتی اعتبار سے ۔

teleology, n. (فلسفہ) غایاتیات ؛ فلسفہ غایات ؛ غائتیت ؛ قدرتی مظاہر کی یہ علامتیں کہ ان میں مقصدیت ہے ؛ یہ نظریہ کہ کائنات کے تمام تغیرات کسی غایت یا مقصد سے واقع ہوتے ہیں ؛ نظریہ علت غائی ؛ علم توافق ؛ مقتضیات ۔

teleost, a. عظمی مچھلی یا اسی جنس کی بے شمار مچھلیوں میں سے کم درجے کی مچھلی کا یا ایسی کسی مچھلی سے متعلق ، یہ ایک بڑا گروہ ہوتا ہے اور سامن ، فلونڈر یا ماکریل جیسی اس گروہ کی ہر مچھلی کا ہڈی دار ڈھانچا (جسم) ہوتا ہے ۔ (اسم) اس نوعیت کی کوئی مچھلی ؛ ہڈی دار مچھلی ۔

teleostean, a., n. ہڈیوں والی ؛ ہڈی دار ۔

telepathy, n. اشراق ؛ خیال رسانی ؛ ایک ذہن سے دوسرے ذہن تک کچھ اس طرح کی رسائی جو عام حسیاتی ادراک سے ماورا ہو ۔

telepathic, a. اشراقی ۔

telepathically, adv. اشراق کے ذریعے سے ۔

telepathist, n. عامل اشراق ؛ اشراق کا ماہر ۔

telephone, n. ٹیلی فون ؛ دور گو ؛ آلہ ، نظام یا طریقہ جس کے ذریعہ آواز یا گفتگو دور فاصلے پر سنائی دے خصوصاً برقی آلے سے جس میں ایک ٹرانسمیٹر ، ایک موصلہ تار اور ایک محصل (ریسیور) لگا ہوتا ہے ؛ پیغام رسانی کا اسی قسم کا ایک اور آلہ یا نظام جس میں جوڑ تار نہیں ہوتے ۔ دیکھیے : wireless ۔ (فعل متعدی) ٹیلی فون پر بات کرنا ؛ ٹیلی فون کے ذریعے بلانا ؛ بذریعہ ٹیلی فون بھیجنا جیسے پیغام ۔ (فعل لازم) ٹیلی فون پر گفتگو کرنا یا کوئی پیغام پہنچانا ۔

telephoner, n. ٹیلی فون کرنے والا ۔

telephone book, telephone directory, n. فون نامہ ؛ ٹیلیفون ڈائریکٹری ؛ وہ کتاب جس میں حروف تہجی کے لحاظ سے کسی علاقے کے ان لوگوں کے نام ، پتے اور ٹیلی فون نمبر درج ہوں جن کے ہاں ٹیلی فون لگے ہوئے ہوں ۔

telephone booth, n. فون چوکی ؛ ٹیلی فون بوتھ ؛ کٹھرا یا چوکی جہاں عوامی استعمال کے لیے ٹیلی فون نصب ہو اور جہاں سے عام طور پر ٹیلی فون کرنے والے کی آواز سنائی نہ دے ۔

telephone receiver, n. ٹیلی فون محصل ؛ سامعہ ؛ آواز گیر ؛ ٹیلی فون کا اندرونی پرزہ جو متحرک برقی لہر کو آواز میں بدل دیتا ہے ؛ مسماع ۔

telephonic, a. ٹیلی فونی ؛ ٹیلی فون کا ، اس کے ذریعے ترسیل شدہ یا اس سے متعلق ؛ آواز کو دور فاصلے تک لے جاتا یا پہنچاتا ہوا ۔

telephonically, adv. ٹیلی فون سے ۔

telephonitis, n. (عوامی) ٹیلی فون کا اکتا دینے والا استعمال ؛ فون روگ ۔

telephony n. آواز رسانی ؛ ٹیلی فون اور ٹیلی فونی نظام کی مختلف اقسام وضع کرنے اور ان کو زیر عمل لانے سے متعلق علم یا ٹیلی فون سے بات کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

telephoto, a. دور عکسی ؛ ٹیلی فوٹو گرافی سے متعلق ؛ کیمرے میں ایسے عدسوں کا (استعمال) جن سے دور افتادہ چیزیں بڑے عکسوں میں نظر آئیں ۔

telephotography, n. ٹیلی فوٹو گرافی ؛ دُور عکاسی ؛ تصویر رسانی ؛ خصوصی کیمرے اور دور عکسی عدسوں کے استعمال سے ایسی اشیا کی فوٹوگرافی کا فن جو عام کیمرے کی پہنچ سے باہر ہوں ؛ خصوصی ٹیلی گرافی عمل سے دور کی اشیا کی بجلی کے ذریعے تصاویر اتارنے کا فن ۔

telephotograph, n. دوری تصویر ؛ دور عکسی فوٹو ؛ دور شبیہہ ؛ دور بینی فوٹو ۔

teleplay, n. ٹیلی ڈرامہ ؛ ڈرامہ یا کہانی جو ٹیلی وژن سے نشر کرنے کے لیے لکھی جائے ۔

teleprinter, n. ٹیلی پرنٹر ؛ دور نویس ؛ تار چھاپا ؛ تار برقی ٹائپ مشین ۔

teleprocessing, n. ٹیلی معلومات بندی ؛ ریڈیو یا تار برقی جیسے ذرائع ابلاغ کے توسط سے معلومات جمع کرنے کی صورت ۔

Teleprompter, n. ٹیلی وژن پر ایکٹروں یا مقرروں کی زبان سے ادا ہونے والی عبارت کے متن کو برقیاتی طریقے سے بڑا کرنے والا آلہ ۔ (تجارتی نشان) ۔

teleran, n. ٹیلی ران ؛ راڈار نہائی ؛ ہوائی جہاز کو زمین پر اتارنے کا نظام جس میں راڈار اور ٹیلی وژن دونوں برابر کام کرتے ہیں تا کہ ہوا باز کو اس کے اپنے جہاز اور اسی علاقے کی فضا میں اڑتے ہوئے دیگر جہازوں کی کیفیت سے پوری طرح باخبر رکھا جائے ۔

telescope, n. دوربین ؛ بصری آلہ جو دور کی چیزوں کو قریب تر اور نمایاں کر کے دکھاتا ہے ، یہ دو قسم کا ہوتا ہے : ایک انعطافی جس میں عکس بنانے والا خارجی عدسہ لگا ہوتا ہے اور دوسرا انعکاسی جو وضعی اعتبار سے تو بالکل یکساں ہوتا ہے لیکن اس میں خارجی عدسے کی جگہ مجوّف یا آئینہ نصب ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) ایک شے کا دوسرے میں بزور گھسیڑنا یا کسی چیز میں زور

ڈال کر داخل کر دینا جیسے جوڑوں والی دوربین کی ایک نلکی کو دوسری نلکی میں ؛ مختصر کرنا ، دبانا ؛ بھینچنا ۔ (فعل لازم) دوربین کی دو نلکیوں کی طرح ایک کا دوسرے میں داخل ہونا یا سمانا ؛ ریل گاڑی کے تصادم کی طرح ایک ڈبے کا دوسرے میں گھس جانا ؛ ایک دوسرے میں گھسنا ۔

telescopic, telescopical, a. دوربینی ؛ دوربین کا ، اس سے متعلق یا اس کی ساخت کا ؛ جو صرف دوربین سے نظر آئے جیسے چاند کا منظر ؛ دوربین سے دکھائی دینے والا ؛ دوربینی (جیسے : telescopic eye) ؛ جس کا ایک حصہ دوربین کی نلکیوں کی طرح دوسرے کے اندر بیٹھ جاتا ہو اور اس طرح اس کو بڑھایا یا گھٹایا جا سکتا ہو ؛ درحرکی ۔

telescopically, adv. بذریعہ دوربین ؛ درحرکی طور پر ۔

telesthesia, telaesthesia, n. اشراق ؛ دور حِسی ؛ حسیات کے عام دائرے سے باہر کسی محرک کو پہچان لینے کی استعداد ۔

telesthetic, a. اشراقی ۔

telethermometer, telethermoscope, n. دور تپش پیما ؛ کسی دور جگہ پر حرارت ناپنے کا آلہ ؛ ٹیلی تھرما میٹر ۔

telethermometry, n. دور تپش پیمائی ۔

telethon, n. ٹیلی مجمع ؛ ٹیلی وژن کا طویل پروگرام جو عام طور پر خیراتی کاموں کے لیے چندہ جمع کرنے کی غرض سے نشر کیا جائے ؛ سیاسی یا اسی قبیل کی کوئی اور مہم ۔

teletranscription, n. فلم کی ریکارڈنگ جو ٹیلی وژن پر دکھانے کے لیے کی جائے ؛ وڈیو ٹیپ ۔

Teletype, n. دور چھاپا ؛ ٹیلی ٹائپ مشین ؛ تار برقی چھاپا ۔ (تجارتی نشان) ۔ (فعل متعدی)(چھوٹے t سے) تار برقی چھاپے سے پیغام رسانی ۔ (فعل لازم) ٹیلی ٹائپ مشین پر کام کرنا یا اسے استعمال میں لانا ۔

teletypist, n. ٹیلی ٹائپ کار ؛ ٹیلی چھاپا کار ؛ ٹیلی ٹائپسٹ ۔

Teletype setter, n. ٹیلی ٹائپ سیٹنگ مشین ؛ ٹائپ رائٹر جیسی مشین جو فیتے میں چھید کرتی ہے اور براہ راست یا تار برقی سے ٹائپ سیٹنگ، مشین کو حرکت میں لے آتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

teletype writer, teleprinter, n. دور نویس ؛ تار چھاپا ؛ ٹیلی پرنٹر ؛ تار برقی ٹائپ مشین جس کے حروف پر نرمی سے انگلیاں لگا کر پیغام رسانی کی جاتی ہے اور پیغام کے وہ الفاظ جہاں پہنچانا مقصود ہوتے ہیں ، وہاں بھی ویسی ہی مشین پر چھدے ہوئے کاغذ پر وہ الفاظ ٹائپ ہوتے جاتے ہیں ۔

teleutospore, n. (نباتیات) خریفی بذرہ ؛ مکمل بذرہ ۔

teleutosporic, a. مکمل بذرے والا ۔

teleview, v.t., v.i. ٹیلی وژن کے ذریعے دیکھنا ۔

televiewer, n. ناظر ٹیلی وژن ۔

televise, v.t., v.i. ٹیلی ترسیل کرنا ؛ ٹیلی وژن کے ذریعے بھیجنا ؛ دور نمائی کرنا ؛ لاسلکی کے ذریعے ٹیلی وژن پر ان مناظر یا اشیا کا دیکھنا یا دکھانا جو فاصلے یا حجاب کی وجہ سے آنکھ سے اوجھل ہوں ؛ لاسلکی کے ذریعے پیغام وغیرہ بھیجنا ؛ ٹیلی ویژن پروگرام نشر کرنا ۔

television, n. دُور نمائی ؛ ٹیلی وژن ؛ دور بصری ؛ غائب بینی ؛ دور درشن ؛ روشنی کی شعاعوں کو برقی شعاعوں میں بدل کر مناظر یا متحرک تصاویر کی ترسیل جنھیں دوبارہ تصاویر میں تبدیل کر لیا جاتا ہے ؛ لاسلکی نشریات کی ترسیل وصول کرنے والا آلہ یا سیٹ ؛ ٹیلی وژن نشریات کی صنعت ؛ مجموعی طور پر ٹیلی وژن کی نشریات؛ بصری آلہ ۔

televisionally, adv. ٹیلی وژن کے طور پر ۔

televisionary, a. ٹیلی وژن کی مانند ؛ بصری طریقے سے ۔

telic, a. (گرامر) مقصدی ؛ جو غایت اور مقصد کو ظاہر کرے ؛ جس سے مقصد پورا ہو ؛ غایت یا مقصد کی طرف راجع ۔

telically, adv. مقصدیت کے طور پر ۔

teliospore, n. (نباتیات) مکمل بذرہ؛ مختلف زنگی پھپھوندیوں کا غیر عامل ، موٹی دیوار والا تخمک جو ثمر بندی کے آخری موسم میں پیدا ہوتا ہے اور موسم سرما سے گزرتے ہوئے بہار میں پھوٹنے کے لیے انھیں محفوظ رکھتا ہے ۔

teliosporic, a. مکمل بذرہ دار ۔

telium, n. (نباتیات) بذروی انبار ؛ انبارہ ؛ چھوٹے بیجوں کی گھنڈیوں کا گچھا جس میں بذرہ لگایا ہوا ہو ، اس کا میزبان پودا زنگی پھپھوندی ہے ۔

tell, v.t. بتانا ؛ کہنا یا سنانا؛ اظہار کرنا ؛ زبانی یا تحریری طور پر بیان کرنا ، جیسے کوئی امرواقعہ ، خبر یا اطلاع ؛ پہنچانا ؛ یقین دلانا ؛ حکم دینا ؛ کہہ سکنا ؛ بتا سکنا ؛ حکم لگانا ؛ نمایاں اثر کرنا یا ڈالنا ؛ اثر دکھانا ؛ پہچاننا ؛ الگ الگ پہچاننا ؛ ظاہر کرنا ؛ اعلان کرنا یا مطلع کرنا ؛ کہنا جیسے سچ ؛ خیالات یا جذبات کو لفظوں میں ادا کرنا ؛ کسی خفیہ یا راز کی بات کو فاش یا آشکارا کرنا ؛ صاف صاف یا یقین سے کہنا ؛ تمیز کرنا تا کہ وثوق کے ساتھ کہا جا سکے (جیسے : Can you tell who that is over there?) ؛ کسی چیز کے متعلق اطلاع دینا یا اس کی تشخیص کرنا؛ تاکیداً یقین دلانا (جیسے : I won't, I tell you) ؛ کہنا ، ہدایت کرنا ، حکم دینا (جیسے : do, as I tell you) ؛ ایک کے بعد دو گننا جیسے گنتی میں ؛ ایک ایک کر کے یا پوری تعداد میں شمار کرنا (out, off اور down کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to tell off five yards in measuring) ۔ (فعل لازم) مفصل حالات سنانا ، رپورٹ دینا ؛ گواہ یا علامت بننا (عام طور پر of سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ؛ خفیہ اور پوشیدہ بات ظاہر کرنا ؛ جاسوسی کرنا (عام طور پر on سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ؛ شمار کرنا ؛ زور یا اثر رکھنا یا موثر طریقے سے عمل کرنا (جیسے : a contest in which every stroke tells) ؛ زبردست اور نمایاں اثر ڈالنا (جیسے : The strain was telling on his health) ۔

tell off, کُل سے الگ کرنا ۔ (بول چال) کھری کھری سنانا؛ سخت سرزنش کرنا ۔

teller, n. کہنے والا؛ بات کہنے ، بیان کرنے یا پہنچانے والا ؛ سنانے والا؛ گننے یا شمار کرنے والا جیسے قانون ساز اداروں میں رائے شماری کرنے والا ؛ بنک کا ملازم جو کاؤنٹر پر روپے کے لین دین کا کام کرے ۔

telling, a. مؤثر ؛ کارگر ؛ کاری ؛ پُرزور؛ اثر انگیز؛ پرمعنی یا ظاہر ہونے والا ؛ تکلیف دہ ؛ زور دار ؛ شدید ؛ نمایاں ؛ بھاری اثر رکھنے والا ۔

tellingly, adv. کارگر یا موثر طور پر۔

telltale, n. غماز ؛ لترا ؛ چغل خور ؛ نجی ، خفیہ اور پوشیدہ معاملات لاپرواہی یا کینہ پروری سے ظاہر کرنے والا ؛ یاوہ گو ؛ باتونی ؛ لگائی بجھائی کرنے والا ؛ کوئی ایسی چیز جو راز فاش کرنے والی ہو ؛ کھٹکا ، گھنٹی یا کوئی اور آلہ جس سے مقررہ وقت پر لوگوں کی حاضری کا اندراج یا علم ہو سکے ؛ حاضر شمار ؛ مال گاڑیوں کے بریک لگانے والوں کو متنبہ کرنے کے لیے ریلوے لائن کے کنارے کنارے گرہوں یا فیتوں کی باڑ سی لگا دی جاتی ہے جو اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ آگے چھوٹا پل یا سرنگ آتی ہے ؛ جہاز میں لگا ہوا آلہ جو جہاز کا مقام بتاتا ہے ، رخ نما ۔ (موسیقی) ہوا دباؤ پیما جو آرگن پر لگا ہوتا ہے ۔ (صفت) ہر اس چیز سے متعلق جو بھیدوں کو فاش اور ظاہر کرے (جیسے a tell tale blush) ؛ کسی چیز کے بارے میں تنبیہ یا مطلع کرنے والا جیسے کوئی میکانکی آلہ ۔

tellurian, a. ارضی ؛ زمین یا زمین پر رہنے والوں کی خصوصیات یا ان کے متعلق ؛ کرۂ ارض کا ۔ (اسم) ساکن ارض ؛ زمین پر رہنے والا ؛ ارض باش ۔

tellurian, tellurion, n. ارضیہ ؛ ارضی حرکات نما ؛ ایک آلہ جو زمین کی محوری حرکت اور سالانہ گردش ظاہر کرتا ہے جس سے دن رات اور موسموں کا تغیر و تبدل ہوتا ہے ۔

telluric, n. زمین کا یا زمین سے تعلق رکھنے والا ؛ زمینی ؛ ارضی ؛ زمین یا مٹی سے عمل کرنے والا یا اس سے اپنے کام سرانجام دینے والا ؛ زمین یا زمینی مٹی سے پیدا ہونے والا ۔ (کیمیا) تلوریم کا یا تلوریم سے ترکیب یافتہ ۔

telluride, n. (کیمیا) تلورائیڈ ؛ تلوریم اور کسی برقی مثبت عنصر کا مرکب ۔

tellurite, n. تلورائٹ ؛ تلوریم ملے تیزاب کا نمک ۔

tellurium, n. (کیمیا) تلوریم ؛ ایک دھاتی عنصر ؛ ارضین ؛ ایک کمیاب عنصر جو سیلنیئم اور گندھک سے مشابہ ، چمکدار نقرئی رنگ کا ہوتا ہے اور عموماً قدرتی حالت میں سونے ، چاندی اور دیگر دھاتوں میں پایا جاتا ہے ۔

tellurize, v.t. (کیمیا) تلوریم سے مل جانا یا تلوریم میں ملا دیا جانا ۔

tellurous, a. تلوریم سے تعلق رکھنے والا یا اس سے ماخوذ ۔

tellurous acid, n. تلورس ایسڈ ؛ وہ تیزاب جو تلوریم سے بنایا جائے ؛ ارضینی تیزاب ۔

telly, n. (برطانوی/بول چال) ٹیلی وژن ؛ یہ اصطلاح یا مرخم ٹیلی وژن سیٹ (Television set) کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے ۔

telophase, n. (حیاتیات) بعد ہیئت ؛ ہیئت پذیری کی تقسیم کا آخری مرحلہ جس میں بیٹی کی پیدائش کے جنینی آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں اور جنین کی شکل اختیار کرنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے ۔

telophasic, a. بعد ہیئتی ۔

telpher, telfer, n. تلفر ؛ برقی نقل و حمل ؛ برقی ؛ بار بردار ؛ برقی نظام کے تحت چلنے والی گاڑی ، موٹر یا سواری (ریل وغیرہ) ۔ (فعل متعدی) برقی گاڑی سے مال اسباب ڈھونا ۔

telpherage, telferage, n. برقی باربرداری ؛ بار برداری کا طریقہ بجلی کے ذریعہ ؛ برقی باربرداری کا سامان ؛ بجلی سے چلنے والی ، تار سے لٹکی ہوئی ، گاڑیوں یا موٹروں کے ذریعے نقل و حمل کا نظام ۔

telson, n. (حیوانیات) شکم کا موخر حصہ ؛ قشری حیوانات جیسے جھینگا مچھلی یا بچھو کے دھڑ کا آخری جوڑ ؛ دُم سلائی ۔

Telstar, n. ٹیل اسٹار ؛ مصنوعی مواصلاتی سیارہ جو ۱۰ جولائی ۱۹۶۲ء کو کیپ کینیڈی سے فضا میں چھوڑا گیا تھا ، اسی قسم کا دوسرا سیٹلائٹ ۱۹۶۳ء میں چھوڑا گیا ۔

temblor, n. زلزلہ ۔

temerarious, a. نڈر ؛ بے باک ؛ بے دھڑک ؛ بے پروا ۔

temerariously, adv. بے پروائی سے ؛ بے دھڑک ؛ بے باکانہ ؛ سرفروشانہ ۔

temerariousness, n. بے باکی ؛ بے پروائی ۔

temerity, n. جانبازی ؛ بے پناہ شجاعت ؛ تہوّر ؛ بے احتیاطی ؛ عاقبت نااندیشی ؛ بیباکی ؛ نڈر پن ۔

temper, v.t., v.i. بانٹ لینا یا برابر کے حصے کرنا ؛ ٹھیک طرح ملانا ، صحیح طریقے سے اکٹھا کرنا ؛ پورا کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ پورے وزن کا دھیان رکھنا ؛ معتدل ہونا ؛ کسی چیز سے متھ کر یا گوندھ کر صحیح ، موزوں اور مطلوبہ شکل میں لانا ؛ معتدل بنانا ؛ نرم کرنا ؛ امتزاج کرنا (جیسے : to temper justice with mercy) ؛ ہلکا کرنا یا گھٹانا ؛ نرم کرنا یا کم کرنا ؛ بھگونا ، ملانا اور ٹھیک شکل میں لانا جیسے مٹی یا گارے چونے کا مسالا ؛ تیل یا کسی اور محلل سے ملا کر رنگ روغن تیار کرنا ؛ حد یا قابو میں رہنا ؛ روکنا ؛ خیال کرنا یا دبانا ۔ (فلزیات) سخت اور لچکدار بنانا جیسے فولاد کو ؛ آب دینا ۔ (موسیقی) آلہ موسیقی کے سُر ٹھیک کرنا ، جیسے پیانو کے سُر اس کے ہر حلقے کے مطابق ٹھیک نکالنا ؛ متوازن ہونا ۔ (اسم) دماغی توازن یا اطمینان ، دلجمعی یا سکون (جیسے : to keep one's temper) ؛ ساخت یا مزاجی کیفیت یا طبعی حالت ؛ مزاج ؛ خصلت ؛ سرشت ؛ جھنجھلاہٹ ، صبر ، غصے یا اسی قسم کے جذباتی ردعمل سے ذہنی کیفیت ؛ خاص دماغی حالت ، جذباتی یا خوش مزاجی کی ؛ ذہن یا جذبات کی گرمی جو غصے یا آزردگی کے عالم میں ظاہر ہو ؛ غصہ ؛ غضب ؛ خفگی ؛ کوئی شے جو دوسری شے میں اس لیے ملا دی جائے کہ وہ اپنے اجزا یا عمدگی کے لحاظ سے معتدل بن جائے ؛ اعتدال ۔ (فلزیات) سختی اور لچک کا وہ خاص درجہ جو فولاد کو دیا جائے ؛ آب ۔

temperability, n. اعتدال پذیری ۔

temperable, اعتدال پذیر ؛ قابل امتزاج ۔

temperer, n. امتزاج کرنے والا ؛ وہ مشین جس سے کمہار مٹی کو گوندھتے ہیں ؛ آلۂ تخمیر ۔

tempera, tempora, n. روغن کرنے کا ایک طریقہ جس میں رنگوں کو تیل کے بجائے انڈے کی زردی یا تیل اور انڈے کو ملا دیتے ہیں تا کہ دیوار وغیرہ پر زود خشک رنگ چڑھ جائے ؛ مذکورہ طریقے سے رنگ سازی کرنا یا روغن کرنا ۔ دیکھیے : distemper ۔

temperament, n. مزاج ؛ سرشت ؛ خصلت ؛ خو ؛ وہ عناصر یا خوبیاں جن سے انسانی سرشت ترکیب پاتی ہے ؛ خمیر ؛ مٹی ؛ ترکیب ؛ جسمانی نظام کی وہ انفرادی خصوصیت جس سے ہر شخص کا کردار ، اس کے جذبات اور خیالات کا رویہ مستقلاً اثر پذیر ہوتا رہتا

ہے ؛ افتاد طبع ۔ (موسیقی) پیانو قسم کے باجوں کی درستی ؛ ان کے سُر ملانا یا ٹھیک کرنا خصوصاً اس طرح کہ ۱۲ سُرتیاں برابر فاصلے پر ہوں ؛ ٹھاٹ ۔

tempramental, a. مزاجی ؛ جس کا مزاج جلدی جلدی بدلتا ہو ؛ تنک مزاج ؛ متلون مزاج ۔

tempramentally, adv. مزاجی اعتبار سے ؛ مزاج کے مطابق ۔

temperance, n. پرہیز ؛ جذباتی ، خیالی یا عملی اعتدال ؛ طبعی اشتہا اور جذبات کے معاملے میں رسمی اعتدال ؛ شراب خوری میں معتدل مزاجی یا اس سے کلی پرہیز ؛ ہوشمندی ، متانت ؛ میانہ روی ؛ پرہیز گاری ؛ اجتناب ۔

temperate, a. معتدل ؛ دھیما ؛ اعتدال پسند خصوصاً کھانے پینے اور خواہشات کے معاملے میں اور منشیات کے استعمال میں ؛ محتاط ؛ حد سے نہ بڑھا ہوا ؛ ٹھنڈا ، پُرسکون ؛ حدود سے نہ بڑھنے والا ؛ گرم سرد موسم کے لحاظ سے معتدل ، گرم نہ سرد (جیسے : a temperate climate) ۔ (موسیقی) دو سُروں کا امتداد یا فصل ۔

temperately, adv. اعتدال کے ساتھ ؛ پرہیز گاری سے ؛ آہستگی سے ۔

temperateness, n. اعتدال پسندی ؛ اعتدال ؛ پرہیز ؛ دھیما پن ۔

Temperate Zone, n. (جغرافیہ) منطقۂ معتدلہ ؛ کرۂ زمین کے خط استوائی حصے پر واقع دو منطقوں میں سے کوئی ایک منطقہ جو خط سرطان یا خط جدی اور قطب شمالی یا قطب جنوبی کے دائروں کے درمیان واقع ہے ؛ منطقہ معتدلہ شمالی ، دائرہ قطب شمالی اور خط سرطان کے درمیان جبکہ منطقہ معتدلہ جنوبی ، قطب جنوبی کے دائرے اور خط جدی کے درمیان واقع ہے ۔

temperature, n. تپش ؛ گرمی یا سردی کا درجہ یا شدت جو (تھرمامیٹر) تپش پیما سے معلوم ہو ۔ (طب) حرارت جسمانی یا حیوانی ؛ حرارت طبعی ؛ معتدل حرارت جو تندرست آدمی کے جسم میں ۹۸ء۴ ہوتی ہے ؛ درجۂ حرارت ؛ حرارت غریزی ؛ مزاج ۔

temprature gradient, n. (موسمیات) فاصلے پر درجۂ حرارت (ٹمپریچر) بدل جانے کی شرح ، خصوصاً بلندی پر ۔

tempered, a. امتزاجی ؛ معتدل ؛ خاص مزاج یا مزاجی کیفیت رکھتا ہوا ، عام طور پر مرکب استعمال ہوتا ہے (جیسے : ill tempered) ؛ کسی چیز یا کسی اور ملاوٹ کے جزو سے نرم شدہ ۔ (موسیقی) آلہ موسیقی جس کے سُر کسی ٹھاٹ کے مطابق ٹھیک کیے گئے ہوں خاص طور پر اس طرح کہ اس کے ہر حلقے سے لے کے مطابق ٹھیک ٹھیک سُر نکلیں ۔ (فلزیات) دھات جسے گرم کر کے یا پگھلا کر مطلوبہ سختی یا لچک کے مطابق ڈھال لیا جائے ۔

tempest, n. طوفان ؛ تیز اور سخت قسم کی آندھی جس کے ساتھ اکثر اولے پڑتے ہیں ، بارش اور برفباری ہوتی ہے ؛ سخت قسم کا طوفان ؛ بہت بڑا ہنگامہ یا شورش ؛ طوفان بادوباراں بجھکڑ ؛ ہلچل ؛ فساد ۔ (فعل متعدی) ارد گرد یا درمیان طوفان بپا کرنا ؛ درہم برہم کرنا یا ہلچل مچانا ۔

tempestuous, a. طوفانی ؛ طوفان جیسا یا طوفان سے متعلق ؛ پُرآشوب ؛ ہنگامہ پرور ؛ طوفان خیز ؛ وہ شخص جو جذباتی طور پر تُندمزاجی کا شکار ہوتا رہے ۔

tempestuously, adv. طوفان کی طرح ؛ تندی سے ؛ بے چینی یا آشفتگی کے ساتھ ؛ تیزی سے ؛ زور سے ۔

tempestuousness, n. طوفان خیزی ؛ ہنگامہ پروری ؛ تندی ، آشفتگی ؛ بے چینی ۔

Templar, n. ٹمپلر ؛ یروشلم میں ۱۱۱۸ء میں قائم ہونے والی جماعت نائٹ ٹمپلرز کا رکن ، یہ جماعت مسیحیوں کی کتاب مقدس اور ان کے متبرک مقامات کی حفاظت پر مامور تھی اور ۱۳۱۲ء میں ختم ہو گئی تھی ؛ریاستہائے متحدہ امریکا میں فری میسن (freemason) برادری کا ممبر جو Knight Templers کے نام سے موسوم تھی اور قرون وسطیٰ سے اپنا تعلق جوڑتی تھی ؛ لندن کی مشہور عمارتTemple کے کمروں میں رہنے والا قانون کا طالب علم یا وہاں کے ایوان عدالت میں کام کرنے والا وکیل ۔

template, templet, n. داسہ ؛ شکلہ ؛ چوڑا سا پتلا تختہ یا لوہے کی چادر کا ٹکڑا جس کا کنارا خاص شکل کا بنایا جاتا ہے تا کہ اس کے نمونے کے مطابق چیزیں تراشی جا سکیں ۔ (فن تعمیر) لکڑی یا پتھر کے ٹکڑے کا سہارا جو دیوار کا وزن تقسیم کرنے کی غرض سے شہتیر کے نیچے لگا دیتے ہیں ۔ (جہاز سازی) جہاز کے پیندے کو سہارا دینے والے بلاک میں لگائی جانے والی پچر ۔

temple, n. مندر ؛ معبد؛شوالہ ؛ عمارت یا جگہ جو دیوی،دیوتاؤں کی پوجا کے لیے مخصوص ہو ؛ یہودیوں کا عبادت خانہ، خصوصاً تجدید شدہ مذہبی مجلس کے علم برداروں کا ؛ پروٹسٹنٹ عیسائیوں کا گرجا خصوصاً فرانس میں ؛ مارمن عیسائی فرقے کا کلیسا ؛ فری میسن برادری Knights Templers کی عمارت ؛ ایک بڑی اور کھلی عمارت جو عوامی استعمال کے لیے وقف ہو ؛ کوئی جگہ یا شے جو خانہ خدا کی طرح یا جس میں خدا کی موجودگی محسوس ہو جیسے کسی عیسائی کا جسم ۔ (بڑے T سے) قدیم یروشلم کے تین مشہور معابد میں سے کوئی ایک جو یہوواہ کی عبادت گاہ کے لیے وقف تھا ؛ ازمنہ وسطیٰ کے Templers" اداروں میں سے کوئی ایک ؛ ان میں سے ایک لندن میں اور دوسرا پیرس میں ہے ، عمارتوں کے دو گروہوں میں سے کوئی ایک جو لندن میں ٹیمپلر کے سابقہ ادارے کی جگہ ہیں ۔

templed, a. معبد والا ؛ معبدی کلیسائی ۔

templeless, a. معبد یا مندر کے بغیر ۔

templelike, a. معبد یا مندر جیسا ۔

temple, n. کنپٹی ؛ انسانی ماتھے کے دونوں طرف کا چپٹا حصہ ؛ جانوروں کا ویسا ہی حصہ ؛ عینک کی کمانیاں جسے عینک پہننے والا اپنے دونوں کانوں پر ٹکا کر رکھتا ہے ؛ پنک ؛ صدغ ؛ شقیقہ ۔

temple, n. شکنجی ؛ کرگھے کی کل جس سے کپڑا تنا رہتا ہے اور بنتے ہوئے اس میں شکن نہیں پڑتی ۔

tempo, n. (موسیقی) چال ؛ مناسب رفتار یا حرکت ، تال جس کے ساتھ گیت کا کوئی ٹکڑا گایا جائے یا گت الاپی جائے ۔ (عام طور پر اس کے لیے دو اصطلاحیں استعمال کی جاتی ہیں : allegro ۔ تیز ، لہک کر ، بلند آواز سے ، adagio آہستہ ، رساں رساں ، دھیرے دھیرے ؛ خاص چال ؛ عام طور پر شرح فعالیت ۔

temporal, a. دنیوی ؛ موجودہ زندگی یا اس دنیا سے متعلق ؛ غیر مذہبی ، معاشرتی یا عامیانہ ؛ محدود وقت کے لیے ؛ وقتی ، عارضی یا زمانی ؛ زمینی ؛ اس دنیا اور دنیوی حالات تک محدود ؛ فانی ؛ سنساری ۔ (گرامر) فعل کے حال ، ماضی یا مستقبل سے متعلق ۔ (اسم)

کوئی چیز جو دنیوی یا غیر مذہبی ہو ؛ عدم استحکام ؛ غیر محکمی ناپائداری ۔

temporally, adv. دنیوی طور پر ؛ دنیوی حیثیت سے ؛ چند روزہ ؛ بالفعل ۔

temporalness, n. دنیویت ۔

temporal, a. (تشریح الاعضا) صدغی ؛ کنپٹی کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ عَظمِ صدغی میں سے کسی ایک سے متعلق جس سے کھوپڑی کی بنیاد استوار ہو اور دونوں رخسار بنیں (اسم)(تشریح الاعضا)کنپٹی کی ہڈی ؛ عظم صدغی ۔

temporal bone, n. صدغ ؛ کنپٹی کی ہڈی ؛ سر کے دونوں اطراف جڑی ہوئی بڑی دو ہڈیوں میں سے ایک ہڈی ؛ عظم صدغی ۔

temporality, n. عارضی یا دنیوی ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ کوئی غیر مذہبی شے ۔ (جمع) دنیوی اَملاک وغیرہ خصوصاً مذہبی اداروں کی ملک جیسے اوقاف سے آمدنی ؛ معافیات ؛ وقف ۔

temporary, a. عارضی ؛ وقتی ؛ زمانی ؛ جو تھوڑی دیر کے لیے ہو ؛ موقتی ؛ ہنگامی ؛ جس کا ہونا محدود وقت کے لیے ہو ؛ چند روزہ ؛ فانی ؛ فصلی ؛ موسمی ؛ ناپائدار۔

temporarily, adv. عارضی یا وقتی طور پر۔

temporariness, n. ہنگامی یا چند روزہ حالت ؛ عارضیت ؛ وقتیت ۔

temporary duty, n. عارضی ڈیوٹی ؛ عارضی فرائض ؛ کسی شخص کا اسی ادارے یا مقام سے دور اپنے فرائض منصبی عارضی طور پر انجام دینا جس ادارے یا مقام سے اس کا تعلق ہو ، عام طور پر محدود وقت کے لیۓ خصوصاً اِس نوع کی فوجی ڈیوٹی ۔ مخفف:TDY ۔

temporize, v.i. وقت کا ساتھ دینا ؛ ابن الوقت بننا ؛ موقع شناسی کرنا ؛ جیسا موقع دیکھنا ویسا رنگ اختیار کر لینا ؛ کوئی فیصلہ نہ کرنا یا لیت و لعل کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا تا کہ مزید وقت مل سکے یا معاملے کو اورلٹکایاجا سکے(عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ مصالحت کر لینا (عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ باہم معاملہ طے ہو جانا (عام طور پر between سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ؛ دفع الوقتی کرنا ؛ ٹالنا ؛ حیلے بہانے کرنا ؛ حیلہ بازی کرنا ؛ کام نکالنا یا چلا لینا ؛ حسب موقع کام کرنا ؛ آگا پیچھا کرنا ؛ گول مول بات کرنا ۔

temporization, n. ابن الوقتی ؛ زمانہ سازی ؛ دفع الوقتی ؛ ٹال مٹول ؛ موقع شناسی ؛ عارضی بندوبست ۔

temporizer, n. ابن الوقت ؛ معاملہ ساز ؛ دفع الوقتی کرنے والا ؛ موقع شناس ۔

temporizingly, adv. مصالحانہ ؛ ابن الوقت بن کر ؛ عارضی طور پر ؛ کام چلانے کے لیے ؛ معاملہ سازی سے ؛ موقع شناسی سے ۔

tempt, v.t. تحریص دینا ؛ لالچ دینا ؛ بُرے ، خراب یا غیر دانشمندانہ فعل پر اکسانا ؛ کوئی ایسی دلیل دے کر جو بظاہر صحیح ہو یا کسی قسم کا لالچ دے کر کسی غلط کام کرنے کی رغبت دلانا ؛ ورغلانا ، بہکانا یا پھسلانا ؛ ابھارنا یا لبھانا ؛ کسی کا صبر آزمانا یا غصہ دلانا ؛ امتحان و آزمایش میں ڈالنا ؛ ترغیب دینا ؛ راغب کرنا ؛ شوق دلانا ؛ رجھانا ۔

temptable, a. تحریص پذیر ؛ جسے اکسایا جا سکے ؛ ترغیب پذیر ۔

tempter, n. ترغیب یا تحریص دینے والا ؛ لالچ دینے والا ؛ ورغلانے والا ۔

tempting, a. لبھانے والا ؛ دلکش ؛ شہوت انگیز ؛ ترغیب دہ ؛ پُرکشش ۔

temptingly, adv. لبھاتے ہوئے ؛ رغبت دلاتے ہوئے ؛ لالچ دیتے ہوئے ۔

temptingness, n. حرص ؛ رغبت ؛ لالچ ۔

temptress, n. لبھانے والی عورت ۔

temptation, n. تحریص ؛ ترغیب ؛ تحریص کا عمل یا لبھائے جانے کی کیفیت ؛ رغبت؛بُرے کام کی طرف ؛ اکساہٹ ؛ بہکاوا ؛ لوبھ ؛ طمع ؛ لالچ ؛ ایسا کام جس کے لیے ترغیب یا تحریص دلائی جائے یا لالچ دیا جائے ۔

tempura, n. ٹمپورا ؛ سمندری غذا یا پیٹھی چڑھی خوب تلی ہوئی سبزیوں پر مشتمل جاپانی کھانا ۔

ten, n. دس ؛ نو اور گیارہ کا درمیانی بنیادی عدد ؛ ۱۰ کا عدد ظاہر کرنے کا نشان ؛ عشر ؛ دس افراد یا اشیا کا مجموعہ ؛ دس نقوش والا تاش کا پتا ۔ (ریاضی) اعشاریے کے بائیں جانب دہائی کی دوسری جگہ:نیز : ten's place ۔ (صفت) دسواں ۔

tenable, a. قابلِ مدافعت ؛ جسے حملہ آور سے بچایا جا سکے ، روکا جا سکے یا اس کی مدافعت کی جا سکے ؛ جھگڑے سے روکنے اور بچانے کے قابل ؛ موقت ؛ ممکن الثبوت ؛ مستحکم ۔

tenability, tenableness, n. قابل مدافعت کیفیت ؛ استحکام ؛ معقولیت ۔

tenably, adv. مستحکم طور پر ؛ مدافعانہ ۔

tenace, n. (برج اور وھسٹ کے کھیل میں) ایک ہی ہاتھ میں ایک رنگ کے دو بڑے پتے جن کا درمیانی پتا موجود نہ ہو جیسے کسی رنگ کا یکہ اور بیگم ۔

tenacious, a. مضبوطی سے پکڑ رکھنے والا ۔ (مجازاً) کسی چیز پر سختی سے قائم یا ڈٹا ہوا ، اکثر of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to be tenacious of one's opinions) ؛ محکم ترین ، بہت پکی ، ناقابل فراموش (جیسے : tenacious memory) ؛ سخت ؛ پکا ؛ ضدی ؛ محکم ؛ لیسدار یا چپکنے والا ؛ کینہ پرور یا لیسیا ؛ باہم پیوستہ ؛ متحد ؛ آسانی سے علیحدہ نہ کیا جانے والا ؛ مضبوط ؛ چسپندہ ؛ لسلسا ؛ ملزج ۔

tenaciously, adv. سختی سے ؛ مضبوطی سے ؛ محکم طور پر ۔

tenaciousness, n. مضبوطی ؛ محکمیت ؛ چسپیدگی ۔

tenacity, n. ہٹ دھرم ہونے کی صفت یا خاصیت ؛ مضبوطی و محکمی ؛ قوتِ یادداشت ؛ کٹر پن یا ہٹ دھرمی ؛ چپچپاہٹ؛ضد ؛ استواری ؛ یکجائی ؛ اتحاد ؛ سختی ؛ چسپندگی ؛ لسلساہٹ ؛ چیپ ۔

tenaculum, n. (جراحی) رگ گیر ؛ چھوٹا سا دستے والا باریک نوک کا آنکڑا جو آپریشن اور اعضا کی قطع و برید کے دوران رگیں وغیرہ کاٹنے یا تھامنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

tenancy, n. مزارعت ؛ کرایہ داری ؛ کرایہ داری کی کیفیت ؛ تصرف ؛ کسی اعتبار سے اراضی کی ملکیت ؛ حق لگان داری ؛ زمین ، مکان یا اسی قسم کا کوئی اور قبضہ پٹے یا کرائے پر ؛ کرایہ داری وغیرہ کی میعاد ؛ قبضہ (جیسے : tenancy of an

(advertising manager) ۔

tenant, n. مزارع ؛ کرایہ دار ؛ لگان دار ؛ قابض ؛ پٹہ دار ؛ زمینیں یا اراضی جو کسی کی ملکیت ہوں اور وہ ان پر چاہے کسی طرح متصرف ہو ؛ زمینوں اور مکانوں کا کرایہ دار ؛ وہ شخص جو کسی جگہ پر قابض ہو ؛ مکین ؛ مکان میں رہنے والا ۔ (فعل متعدی) کرایہ دار کی حیثیت سے متصرف ہونا ؛ مزارعت کرنا ؛ پٹے پر لینا ۔ (فعل لازم) کرائے دار کی طرح رہنا اور گزربسر کرنا ؛ رہایش رکھنا۔

tenantable, a. کرائے یا لگان پر اٹھانے کے قابل ۔

tenantless, a. خالی ؛ جس میں کوئی کرایہ دار یا لگان دار نہ ہو ؛ بے مزارع ؛ افتادہ ۔

tenant farmer, n. ہاری ؛ مزارع ؛ جس کے پاس کاشت کرنے کے لیے اپنی زمین نہ ہو اور جو کرائے پر بٹائی یا نقد ادائیگی کے طور پر کسی کی زمین کاشت کرے۔

tenantry, n. لگان داران ؛ کرایہ داران ؛ اسامی ۔ (صیغہ جمع میں) رعایا ۔

ten-cent store, n. دس سینٹی اسٹور ؛ وہ دکان جہاں ہر چیز کی قیمت دس سینٹ ہوتی ہے ۔

tench, n. یورپ کے تازہ پانیوں کی سیم ماہی جیسی مچھلی ؛ سنگھاڑا مچھلی ، جو ٹنکا ٹنکا (Tincatinca) کے نام سے مشہور ہے ۔

Ten Commandments, n. (جمع) احکام عشرہ ؛ دس اخلاقی احکام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت موسیٰ کو دیے گئے تھے اور جو شریعت موسوی کی اصل بنیاد ہیں ۔

tend, v.i. مائل ہونا ؛ میلان ہونا ؛ جھکنا ؛ رجوع ہونا ؛ بتائے ہوئے یا ہدایت کیے ہوئے راستے کی کسی جانب یا رخ پر چلنا ، جیسے سڑک پر سفر کرتے ہوئے ؛ قدرتی میلان یا جھکاؤ سے کسی خاص سمت رخ کرنا (جیسے : to tend away from the centre) ۔ (مجازاً) مائل ہونا یا جھکنا یا کسی خاص طرف رخ کو پھیرنا جیسے ترقی ، تبادلے یا کام کے دوران (جیسے : Governments are tending towards democracy) ؛ عمل یا اثر کا باعث ہونا ؛ رہنما یا مد ہونا کسی نتیجے تک پہنچانے میں (جیسے : Exercise tends to health) ؛ عمل ، لائحہ عمل یا اثر کی طرف مائل ہونا (جیسے : The particles tend to unite) ۔

tend, v.t. رکھوالی کرنا ؛ خبر گیری کرنا ؛ کام ، خدمت یا خبرگیری سے دیکھ بھال کرنا (جیسے : to tend a fire) ؛ گلے کی رکھوالی کرنا ؛ تیمار داری کرنا جیسے بچے یا بیمار کی ؛ خبر رکھنا ؛ چوکسی کرنا ؛ خدمت بجا لانا ۔ (فعل لازم) عملی طور پر یا احتیاط سے کام کاج انجام پانا ، عام طور پر to کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ؛ کسی کی مدد یا خدمت کے لیے حاضر رہنا(on کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔

tendance, n. احتیاط یا توجہ ؛ کمزور یا مریض کی خبر گیری یا خدمت ؛ دیکھ بھال ۔

tendency, n. رجحان ؛ میلان ؛ رغبت ؛ میل ؛ کسی طرف جنبش ، حرکت یا کام کرنے کا میلان یا کسی خاص نکتے ، مقصد یا نتیجہ کے طرف پہنچنے کا رجحان (جیسے : the tendency of falling bodies towards the earth) ؛ لگاؤ ، جھکاؤ یا کسی کام یا شے سے طبعی رغبت ؛ رخ یا پہلو جیسے تقریر کا ؛ ناول یا ادب پارے میں خصوصی اور واضح مقصد ۔

tendentious, tendencious, a. رجحانی ؛ میلانی ؛ کسی خاص مقصد ، رجحان یا خیال کی تائید کا حامل ۔

tendentiously, tendentciously, adv. مقصدی طور پر ؛ میلانی انداز میں ۔

tendentiousness, tendenciousness, n. مقصدیت ؛ میلان ؛ رجحان ۔

tender, a. نازک ؛ گداز ؛ ملائم ؛ نرم ؛ جو نسخت اور ٹھوس قسم کی نہ ہو (جیسے : tender meat) ؛ جو فوراً زور اور دباؤ تلے آ جائے ؛ جلد ٹوٹ جانے والی ؛ ساخت کے لحاظ سے کمزور اور نازک ؛ تھکن ، دشواری یا ناروا سلوک برداشت کرنے کے ناقابل ؛ جوانی کی ملائمت اور نزاکت کا حامل (جیسے : tender babes) ؛ نوجوان یا نابالغ ، نا تجربہ کار ؛ بچپن کے آغاز یا عنفوان شباب میں قدم رکھنے والا (جیسے : tender years of infancy) ؛ ماہیئت میں نرم اور گداز (جیسے : a tender melody) ؛ نرم اور نازک اور ملائم جیسے لمس یا چھونے میں ہاتھ ؛ نرم یا محبت آمیز (دل) ؛ جلد موثر ہو جانے والا یا ہمدرد (جیسے دل) ؛ مہربان ؛ شفیق ؛ محبت بھرا یا چاہنے والا ؛ جذباتی یا عاشقانہ (جیسے :tender passion) ؛ مشتاق ، خیال رکھنے والا یا محتاط (of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ بہت زیادہ یا تکلیف دہ حد تک حسّاس (جیسے : a tender bruise) ؛ جسے جلد صدمہ یا رنج پہنچ جائے جیسے انسانی ضمیر ؛ نرم یا زود حس طبیعت کا یا جسے کوئی کام یا معاملہ نبٹانے میں احتیاط اور ہوشیاری درکار ہو ۔ (جہاز رانی) جھکاؤ کا میلان رکھنے والا ۔ (فعل متعدی) نرم و نازک بنانا ۔

tenderly, adv. نرمی سے ؛ ملائمت کے ساتھ ؛ احتیاط سے ۔

tenderness, n. نزاکت ؛ نازکی ؛ نرمی ، ملائمت ؛ رحم دلی ؛ شفقت ؛ نرم دلی ؛ نازک مزاجی ؛ محبت ، احتیاط ۔

tender, n. پیش کار ؛ محافظ ؛ چوکیدار ؛ وہ شخص جو محافظت کرے ؛ جو کسی چیز کا ذمہ لے یا دیکھ بھال کرے (جیسے : a bridge tender) ؛ چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ خوراک لانے یا پیام لے جانے کے لیے ہوتی ہے ؛ برکاری کشتی جو مسافروں کو جہاز سے اتارنے کا کام کرتی ہے ؛ ریل گاڑی کے انجن کے ساتھ لگا ہوا ڈبہ جس میں کوئلہ پانی اور دیگر رسدی اشیا بھری ہوتی ہیں ؛ ایندھن ناؤ ؛ ایندھن گاڑی ۔

tender, v.t. رسمی طور پر قبول کرنے کے لیے پیش کرنا (جیسے : to tender one's resignation) ؛ رسمی پیش کش کرنا ؛ پیش کش کرنا ؛ ٹینڈر پیش کرنا ۔ (قانون) قرض کی ادائیگی یا کسی دیگر مد میں رقم یا جائیداد کی پیشکش خاص کر قاعدے قانون کے مطابق ۔ (فعل لازم) ٹینڈر دینا یا پیشکش کرنا ۔ (اسم) ٹینڈر ؛ پیش کش ؛ نرخ طلبی ؛ قبولیت کے لیے کوئی پیشکش ؛ جس کی پیش کش کی جائے ؛ قانونی پیش کش جیسے زر قانونی ۔ (قانون) قانونی یا دیگر ذمہ داریوں کے عین مطابق قرض یا دیگر ذمہ داریوں کی ادائیگی کے طور پر زر یا مال کی پیش کش ۔ (تجارت) تحریری اقرارنامہ کہ ایک فریق دوسرے فریق کا کوئی کام کرنے کا مجاز ہوگا یا اپنی متذکرہ قیمتوں پر اشیا مہیا کرے گا ۔

tenderer, n. ٹینڈر دینے والا ؛ پیش کش کرنے والا ۔

tenderfoot, n. نوتجربہ کار یا نو وارد ؛ کسی جگہ کے طور طریقوں سے ناواقف ، خاص کر وہ شخص جسے مغربی ریاستوں میں کان کنی کے علاقوں میں پرمشقت زندگی گزارنے کا تجربہ نہ ہو ؛ بوائے اسکاؤٹوں کا ابتدائی اعزاز یا منصب ۔

tender-hearted, a. نرم دل ؛ رقیق القلب ؛ جو دوسرے کے دکھ یا غم سے جلدی متاثر ہو جائے ؛ ہمدرد ؛ رحم دل ؛ شفیق ۔

tender-heartedly, adv. نرم دلی سے ؛ پیار سے ۔

tender-heartedness, n. نرم دلی ؛ شفقت ۔

tenderize, v.t. نرم اور باذائقہ بنانا ، جیسے گوشت کا اس کے ریشوں کو مشینی یا کیمیاوی عمل سے صاف کر کے ۔

tenderization, n. ذائقہ سازی ؛ ذائقہ گدازی ؛ نرم اور ذائقہ دار بنانے کا عمل ۔

tenderizer, n. ذائقہ ساز ؛ ذائقہ گداز ۔

tenderloin, n. گائے یا سور کے پٹھ کے گوشت کا نرم و نازک ٹکڑا جو چھوٹی پسلیوں کے نیچے ہوتا ہے ؛ گائے کی پٹھ کا گوشت ۔ (بڑے T کے ساتھ) (بول چال) نیویارک شہر کا ایک ضلع جو رات کی تفریحی زندگی کا مرکز بنا ہوا ہے اور جو پہلے پولیس کی رشوت ستانی اور بداطواری کے لیے مشہور تھا ؛ اسی نوعیت کا ضلع دوسرے شہروں میں ۔

tendinous, a. وتری ؛ نسیلا ؛ نسوں کا ، نسوں سے متعلق یا نسوں سے بھرا ہوا ؛ عضلاتی ؛ پٹھے دار ؛ عصب دار ۔

tendon, n. (تشریح الاعضا) نس ؛ عضلہ ؛ سخت ، ٹھوس وتر یا ریشوں (رگوں ، نسوں) کا گچھا جس کے ذریعہ پٹھا ہڈی کے ساتھ یا دوسرے حصے کے ساتھ جڑا رہتا ہے جسے یہ حرکت دیتا ہے ؛ کونج ؛ وتر ۔

tendril , n. (نباتیات) بیل ڈورا ؛ عطفہ ؛ بیل کی شاخوں سے نکلے ہوئے بے برگ ریشے یا اس کی ہوائی جڑیں جن کے سہارے وہ دوسرے درخت پرچڑھ جاتا ہے ؛ جفتہ ؛ بیل سوت ؛ اس طرح کی کوئی شے جیسے گھونگریالے یا لچھے دار بال ؛ عُلج ۔

tendriled, tendrilled, tendrilly, tendrilous, a. عطفی ؛ سوت دار ؛ لچھے دار ؛ ہوائی جڑوں والا ۔

Tenebrae, n. (کلیسیات) مسیحی ہفتہ مقدسہ کے آخری تین دن یعنی بدھ ، جمعرات اور جمعہ کی راتوں کی دعائیں ، جو ماضی میں مسیح کے مصلوب ہونے کی یاد میں شمعیں گل کر کے پڑھی جاتی تھیں ؛ اندھیرے کی مناجاتیں ۔

tenebrific, a. تاریکی آور ؛ تاریکی لانے والا ؛ ظلمت گر ؛ ظلمت آور ۔

tenebrous, tenebrious, a. دل گیر ؛ بے نور ؛ غمگین ؛ محزون ؛ افسردہ ؛ تاریک ۔

tenebrousness, tenebriousness, n. بے نوری ؛ حزن ؛ افسردگی ؛ تاریکی ۔

tenement, n. رہایشی مکان ؛ رہایش کے لیے کوئی مکان یا عمارت یا رہنے کا مکان ؛ کوئی سکونتی جگہ یا مکانی مسکونہ ؛ کسی مکان یا عمارت کا حصہ جس پر کرایہ دار کا الگ سکونتی قبضہ ہو ؛ گھر ۔ (قانون) لگان؛مستقل املاک کی کوئی قسم مثلاً مکان ، اراضی وغیرہ ۔ (جمع) ہر قسم کی مِلک جو وراثت کے ذریعے منتقل ہو سکے ۔

tenementary, a. لگان یا کرائے کی جائیداد کے متعلق ؛ قابل قبضہ ؛ جاگیری ۔

tenement house, n. رہایش کے لیے مختلف سیٹوں پر مشتمل مکان یا عمارت جہاں افراد یا کنبے کرائے پر رہتے ہوں ، خصوصاً شہر کے گنجان علاقوں میں واقع خستہ عمارت جس میں بہت سے کنبے رہتے ہوں ۔

tenesmus, n. (طب) مروڑ ؛ زحار ؛ زور دے کر مثانوں یا آنتوں کو خالی کرنے کا میلان جو بے سود ثابت ہو ۔

tenet, n. عقیدۂ راسخ ؛ کوئی خیال ، اصول ، عقیدہ یا نظریہ جس پر یقین ہو یا جسے کوئی منظم جماعت یا پیشہ ور گروہ تسلیم کرے ؛ مضبوط یا پکا اصول ؛ پکی یا اٹل رائے ؛ مت ؛ قول ؛ مسئلہ ۔

tenfold, a. دس گنا ؛ جس کے دس حصے یا دس اراکین ہوں ۔ (متعلق فعل) پیمایش کے لحاظ سے دس گنا ؛ دہ چند ۔

tenia, n. دیکھیے : Taenia ۔

teniasis, n. دیکھیے : Taeniasis ۔

Tennessee Walking Horse, Tennesse Walker, n. مورگن اور اسٹنڈرڈ برِیڈ (نسل) کا زین سواری کے لیے گھوڑا جو خوبصورت دُلکی چال کے لیے مشہور ہے ۔

tennis, n. ٹینس ؛ٹینس کا کھیل جو چھکوں (ریکٹوں) سے کھیلا جاتا ہے ، جس میں گیند کو جال کے اوپر سے چھکوں کے ذریعے مارا جاتا ہے اور یہ لازم ہے کہ گیند کھیل کے نشان زدہ علاقے ہی میں گرے ، اگر کھیلنے والا گیند کو جال کے اوپر سے دوسری جانب نہ پھینک سکے تو وہ ایک نمبر ہار جاتا ہے ۔

tennis shoe, sneaker, n. ٹینس جوتے ؛ ملائم اور ہلکے جوتے جو کھیل کے دوران پہنے جائیں ، عام طور پر ان کا اوپر کا حصہ کینوس کا اور نیچے چپٹے نرم ربڑ کے تلے لگے ہوتے ہیں ۔

tenon, n. (نجاری)چول ؛ جوڑ چول ؛ لکڑی کا سرا یا چول جسے جوڑنے کے لیے کسی خانے یا چول میں بٹھا دیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چول سے جوڑنا یا چول بٹھانا ۔

tenor, n., a. ڈھب ؛ روش ؛ مقصود ؛ منشا ؛ موجودہ رنگ یا رفتار ؛ تحریر و تقریر وغیرہ میں مقصد و مدعا یا عام رنگ ؛ اس قسم کی گفتگو سے پہنچائے گئے مفہوم کا عام تاثر یا اس پیغام کا لب لباب ۔ (قانون) دستاویز میں منشا کی ہوبہو نقل ؛ نقل مطابق اصل ۔ (علم بیان) استعارہ کا موضوع ۔ (موسیقی) مردانہ آواز کا سب سے اونچا سُر ؛ دھیوٹ ؛ چار سُروں کے مرکب نغمے میں سب سے نچلے سر سے اوپر والا سُر ؛ اس سُر میں گانے والا ؛ ایک قسم کا ساز،خصوصاً اونچے سرگم کا چوتارا ؛ گھنٹیوں میں سب سے نیچی آواز والی گھنٹی بلا لحاظ امتداد ۔

tenpenny, a. جس کی قیمت دس پینی ہو یا جو دس پینی میں مل جائے ؛ تین انچ لمبی میخ کے بارے میں ۔

tenpins, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) دس پن ؛ دس کھونٹی ؛ ایک کھیل جس میں کھلاڑی گیند اور دس لکڑی کے ٹکڑوں(کھونٹیوں) سے کھیلتے ہیں ، اس میں لکڑی کے ٹکڑے مثلث کی صورت میں رکھے جاتے ہیں اور کھلاڑی انھیں گیند سے گرانے کی کوشش کرتا ہے ؛ یہ کھیل برصغیر پاک و ہند کے گیڑیوں کے کھیل سے مختلف ہے، گیڑیوں میں لکڑی کے ٹکڑے کو لکڑی ہی سے مار کر پالے سے باہر پھینکنے کی کوشش کی جاتی ہے ، یہاں گیند سے لکڑیوں کے ڈھیر کو گرایا جاتا ہے ۔

tenpounder, n. ترپن مچھلی کی ایک بڑی قسم جس کے نقرئی فلس ہوتے ہیں اور امریکا کے گرم پانیوں میں پائی جاتی ہے ۔

tenrec, tanrec, n. تنرک ؛ حشرات خور ؛ مڈغاسکر کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو سیہی کی شکل کا ہوتا ہے اور کیڑے مکوڑے کھاتا ہے ۔

tense, a. تنا ہوا ؛ کھنچا ہوا یا شدید ؛ اعصابی یا جذباتی تناؤ کی کیفیت میں ؛ سخت ذہنی دباؤ میں جس

سے جذبات و احساسات متاثر ہوں ؛ تنی ہوئی زبان کے ساتھ الفاظ کی ادائیگی کرنے والا ؛ شدید ؛ کشیدہ ؛ بے چین ؛ مضطرب ؛ پُرجوش ۔ (فعل متعدی و لازم) تنا ہوا ہونا ؛ بے چین ہونا/کرنا ۔

tensely, adv. شدت جوش سے ؛ کھچاؤ یا تناؤ کی حالت میں ؛ بے چینی سے ۔

tenseness, tensity, n. ہیجان ؛ کھچاؤ ؛ تناؤ ؛ شدت جذبات ؛ کشاکش ؛ جوش ؛ شدت ۔

tense, n. (گرامر) گردان فعل ؛ فعل کی صورت جس سے مختلف زبانوں کی ساخت میں اس کا حال ، ماضی یا مستقبل میں واقع ہونے کا پتہ چلے ؛ زبانیں جن میں فعل یہ صورتیں اختیار کرے ؛ خاص زمانے کی نشان دہی جیسے حال ، ماضی یا مستقبل ؛ فعل کی تینوں صورتوں کی تصریف یا ان کی ساخت ؛ زمانہ ؛ تصریف ؛ وقت ۔

tenseless, a. بے زماں ؛ جس کا زمانہ متعین نہ ہو ؛ لازمانی (افعال صرفی سے متعلق) ۔

tensile, a. تنشی ؛ کھنچاؤ سے متعلق ؛ تننے والا یا جو کھینچا جا سکے ؛ لچک دار ۔

tensility, n. کھینچنے یا تننے کی صلاحیت ۔

tensile strength, n. (طبیعیات) تنشی طاقت ؛ کسی شے میں یہ استعداد کہ وہ فی مربع انچ کے حساب سے پیمایش کردہ زیادہ سے زیادہ وزنی طاقت کے اس دباؤ کو برداشت کر سکے جو لمبائی کے رخ اس پر پڑتا ہو ۔

tensimeter, n. تنش پیما ؛ تنش گیس پیما ؛ گیس پیما ؛ بخارات کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ ۔

tensiometer, n. تنش پیما ؛ تناؤ پیما ؛ دھات ، کنکریٹ یا دیگر اشیا میں طولی تناؤ معلوم کرنے کا آلہ ؛ رقیق سطحی تناؤ ناپنے کا ایک طریقہ ۔

tension, n. تنش یا تناؤ ؛ کھنچاؤ یا دباؤ کا عمل ؛ کھنچاؤ یا دباؤ کی کیفیت ؛ سختی یا تناؤ ؛ ذہنی یا جذباتی دباؤ ، جیسے غم اور جوش کی حالت میں ؛ عوام اور عوامی جماعتوں میں سخت کشاکش اور بے چینی ؛ ہیجان ۔ (طبیعیات) دو متوازن یا مقابل قوتوں کے سبب کسی چیز میں پیدا ہونے والے دباؤ کے باعث اس کا پھیل جانا یا لمبا ہو جانا ؛ تناؤ ؛ ان قوتوں میں سے کوئی ایک قوت یا ایسی قوت پیدا کرنے والا طریقہ یا آلہ ۔ (مشین) تناؤ ، جس کے زور سے مشین کا کوئی ڈنڈا یا پٹا کھنچتا یا حرکت کرتا ہے جیسے کرگھے میں ۔ (برق) توانائی یا کام جو اس سے ظاہر ہو ؛ قوہ ؛ وولٹاژ ؛ وولٹاج ۔ (فعل متعدی) تناؤ پیدا کرنا ۔

tensional, a. کھنچاؤ کا ؛ تناؤ کا ۔

tensionless, a. بے کھچاؤ ؛ بے تناؤ ؛ جس میں تناؤ یا کھنچاؤ نہ ہو ؛ بے تنش ۔

tensive, a. تناؤ والا ؛ تناؤ دار ۔

tensor, n. (تشریح الاعضا) ناشرہ جَفن ؛ وہ پٹھا جو جسم کے کسی حصے کو کھنچا ہوا یا تنا ہوا رکھتا ہے ؛ عضلہ ناشرہ ؛ عضلہ ممدّدہ ۔ (ریاضی) پیمایشی رقم ؛ ایک سے زیادہ محدد نظام میں اجزائے ترکیبی سے پیوستہ خط حامل سے ظاہر ہونے والی مقدار کی کیفیت جس کا محدد نظام بدل جانے سے اس کے اجزائے ترکیبی میں بھی تبدیلی واقع ہو جائے ۔

tensorial, a. ناشرہ ؛ پیمایشی خط والا ۔

ten-strike, n. دس کھونٹیوں والے کھیل میں گیند کو اس طرح لڑھکانا کہ سب کھونٹیاں گرجائیں ؛ گیند کی لڑھک ۔ (مجازاً) ضرب یا عمل جو پوری طرح کامیاب ثابت ہو ۔

tent, n. خیمہ ؛ ڈیرا ؛ بانسوں کے سہارے اٹھائی گئی یا تانی ہوئی چمڑے ، دری یا ترپال کی چھولداری جو عارضی رہایش کے لیے بنائی جائے ؛ تنبو ۔ (فعل متعدی) خیمہ مہیا کرنا یا خیمے میں رکھنا جیسے لوگوں کا ؛ خیمے سے ڈھانپنا یا خیمے جیسی شے سے سایہ کرنا ۔ (فعل لازم) خیمے میں رہنا یا باہر خیمہ ڈال کر رہنا ۔

tented, a. خیمہ پوش ؛ خیمہ لگا ؛ خیمہ تنا ؛ خیمے کی شکل کا ؛ خیمہ نما ؛ خیمہ سا ۔

tent, a. (جراحی) فتیلہ ؛ کپڑے وغیرہ کی بتی جو زخم کے منہ میں رکھی جاتی ہے تا کہ اس کا مواد باہر نہ آئے اور زخم کا منہ بند ہو جائے ۔ (فعل متعدی) بتی یا فتیلے سے کھلا رکھنا ؛ زخم میں بتی رکھنا ۔

tentacle, n. (حیوانیات) شاخک ؛ محس ؛ کسی قسم کے لامس جانوروں کے سر پر آگے کو نکلا ہوا عضو جس سے وہ ٹٹولنے یا کسی چیز کو پکڑنے میں مدد لیتے ہیں ؛ گیرہ ؛ سونڈ ۔ (نباتیات) موئے حساس ؛ ریشۂ حاسہ ؛ sundew جیسے پودے کا حسی عمل یا اس کا حساس غدودی رُواں جس میں حس کی قوت موجود ہوتی ہے ۔

tentacled, tentacular, a. حاسہ دار ؛ گیرہ دار ۔ گیرئی ؛ محسی ؛ گیرہ نما ؛ حاسہ نما ۔

tentage, n. خیمہ گاہ ؛ مجموعی طور پر خیمے ؛ خیمے لگانے کا سامان یا خیموں کی فراہمی ۔

tentative, a. عارضی ؛ آزمایشی یا غیر یقینی ؛ ہنگامی ؛ وقتی ؛ متذبذب ؛ تجربے یا امتحان پر مشتمل یا اس کی بنا پر ؛ تجرباتی ؛ تجربی ؛ مشروط ۔

tentatively, adv. آزمایشی طور پر ؛ ہنگامی طور پر ؛ تجرباتی طور پر ؛ عارضی طور پر ؛ وقتی طور پر ۔

tentativeness, n. آزمایش ؛ تجربہ ؛ امتحان ؛ امتحانی نظریہ ۔

tent caterpiller, n. بافندہ سرفہ ؛ بافندہ لاروا ؛ چھوٹے کیڑوں اور پتنگوں وغیرہ کی ایک قسم جو خیموں کی طرح مہین ریشمی جالے بُن کر اس میں غول کے غول بنا کر رہتے ہیں ۔

tenter, n. انکڑی ؛ انکسی ؛ پارچہ سازی میں استعمال ہونے والا فرما جس پر کپڑے کے ٹکڑے تن دیے جاتے ہیں تا کہ وہ یکساں طور پر خشک ہوں اور بنت میں یکساں رہیں ۔

tenter hook, n. تناؤ ہُک ؛ کپڑا تاننے کے لیے ٹنٹر کانٹا ؛ انکڑی ۔

on tenter hooks, بے حد پریشانی یا مخمصے کی حالت میں ۔

tenth, a. دہم ؛ دسواں ؛ دس کا ترتیبی شمار ؛ دس برابر کے منقسم شدہ حصوں میں سے ایک حصہ ۔ (اسم) دس برابر حصوں میں سے ایک ؛ نو کے بعد سلسلے وار آنے والا ۔ (موسیقی) کسی سُر کا دوسرے سُر کے درمیان ایک اور ایک تہائی آکٹیو کا فصل ؛ سُروں کے مابین اس نوع کا فصل ۔

tenthly, adv. دسویں ۔

tentmaker, n. خیمہ ساز ؛ خیام ؛ خیمے بنانے والا ۔

tent stitch, n. کیکری ؛ سلائی میں مثلث یا خیمے سینے کا

کرنے والا ؛ قُوش نر۔

tercentenary, n. سہ صد سالہ جشن ؛ کسی واقعے کی سہ صد سالہ یاد ؛ تین سو سالہ جشن (صفت) سہ صد سالہ (جشن)۔نیز : tercentennal –

tercet, n. (شاعری) تین ہم قافیہ مصرعوں کی نظم ؛ ثلاثی یا ایسی سہ مصرعی مثلث جس میں قوافی کی ترتیب (ا ب ا ، ب ج ب ، ج د ج) کے مطابق ہو۔ (موسیقی) تین سُر جو دو سُروں کے تال پر گائے یا بجائے جائیں۔

terebene, n. (کیمیا) تربین ؛ تربینی مرکب جو ادویہ میں استعمال ہوتا ہے۔

terebic, a. (کیمیا) ٹیربیک ؛ ایسا تیزاب یا اس سے متعلق جو تارپین کے تیل اور گندھک کے ترکیبی عمل سے بنتا ہے۔

terebinth, n. تارپین کا درخت ؛ بطم ؛ بیروزہ کا درخت ؛ تارپین کے تیل کا اصل ماخذ۔

terebinthine, a. تارپین کے درخت کا یا اس سے متعلق ؛ تارپین کا ، تارپین سے تعلق رکھنے والا ؛ تارپین سے مرکب یا تارپین جیسا ؛ بروزہ آمیز۔

teredo, n. جہازی کیڑا ؛ ایک قسم کا کیڑا جو جہازوں میں چھید یا سوراخ کر دیتا ہے ؛ برما کیڑا۔

terete, a. اسطوانی ؛ پتلا اور ہموار ، گول عرضی جانب والا ؛ مخروطی یا ذرا سا گاؤ دم ؛ ستونی ؛مُدوّر۔

tergiversate, v.i. خیالات بدلنا ؛ مرتد ہونا ؛ اپنی رائے بدلنا ؛ جس کام کی پہلے حمایت کی ہو یا جو پہلے کا نظریہ ہو اس سے منحرف ہو جانا یا پھر جانا ؛ حیلے بہانے کرنا یا بات کو ٹالنے کی کوشش کرنا۔

tergiversation, n. انحراف ؛ ارتداد ؛ مسلک یا عقیدے کی تبدیلی ؛ ٹال مٹول۔

tergiversator, n., a. منحرف ؛ مرتد ؛ حیلے بہانے کرنے والا ؛ ایک بات پر قائم نہ رہنے والا ؛ ہیرا پھیری ؛ آلا بالا ؛ حیلہ حوالہ۔

tergum, n. (حیوانیات) ظہر حلقہ ؛ پشتیہ ؛ جوڑکے ہر حصّے پر ابھری ہوتی اوپر کی پلیٹ /ہڈی ؛ پشت کی ہڈی۔

tergal, a. پشت کی ہڈی کا ؛ ظہر حلقی۔

term, n. اصطلاح ؛ اصطلاحی لفظ یا فقرہ جو بولا جائے ؛ خاص لفظ ؛ خاص فقرہ ؛ جس سے خاص معنی مراد لیے جائیں ؛ خصوصاً وہ لفظ جس کے تکنیکی معنی ہوں ؛ حد ؛ انتہا ؛ کسی چیز کے باقی رہنے کی میعاد ؛ مدت ؛ مقررہ مدت ؛ وقت یا دورانیہ جو مقرر کیا جائے ؛ مدت معینہ ؛ وہ عرصہ جس میں بعض یونیورسٹیوں اور کالجوں کے طلبہ کو باقاعدہ تعلیم دی جاتی ہے ؛ دن جب کرایہ اور سود باقاعدہ طور پر واجب الادا ہو جاتا ہے۔ (قانون) میقات ، عدالتوں کے کھلے رہنے اور مقدمات کا فیصلہ کرنے کا زمانہ ؛ قرض کی ادائیگی کے لیے مقررہ مدت ؛ قبضے یا دخل کی میعاد۔ (جمع) عام طریقے سے زبان یا الفاظ کا استعمال (جیسے : to speak in vague terms)؛ قبولیت کے لیے پیش کردہ بیان یا شرائط (جیسے : State your terms)؛ باہمی تعلقات (جیسے : to be on good terms with a person)۔ (منطق) حد : اَلفاظ جو کسی قضیے کا مبدا و خبر ہوں ؛ قیاس کی تین حالتوں یعنی قیاس منطقی ، قیاس مع الفارق اورغلط قیاس میں سے کوئی ایک حالت۔ (ریاضی) رقم جو کسی دوسرے عدد میں جمع کی جائے یا اس میں سے

آڑا ترچھا بخیہ۔ دیکھیے : petit point۔

tenuis, n. (یونانی گرامر) تین حروف صحیحہ (k,p,t,) میں سے کوئی ایک۔

tenuity, n. لطافت ؛ باریکی ؛ باریک اور لطیف ہونے کی کیفیت ؛ نزاکت ؛ پتلا پن ؛ رقت جیسے رقیق مادہ کی۔

tenuous, a. پتلا یا نازک ؛ مہین ؛ نادر ؛ کمزور ؛ غیر یقینی یا مبہم ؛ رقیق ؛ دقیق۔

tenuously, adv. باریکی سے ؛ لطافت و نزاکت کے ساتھ۔

tenuousness, n. باریکی ؛چُھٹائی ، چھوٹا پن ؛ پتلا پن ؛ نزاکت۔

tenure, n. میعاد عہدہ ؛ میعاد قبضہ ؛جائیداد غیر منقولہ پر قبضہ رکھنے کا عمل ، طریقہ یا حق ؛ قواعد و ضوابط جن کی رو سے کسی چیز پر ملکیت کا حق ثابت ہوتا ہو ؛ عہد ؛ زمانہ ؛ میعاد ؛ پٹہ ؛ کسی کو بخشا گیا اعزاز جو اسے اپنی عہدے داری کے دوران اسی عہدے پر مستقل ہو جانے کی یقین دہانی کرائے۔

tenurial, a. دخل و قبضے یا عہدے داری کی میعاد سے متعلق۔

tenurially, adv. دخل و قبضہ یا عہدہ داری کی مدت کے مطابق ؛ بمطابق میعاد۔

tenuto, a. (موسیقی) مسلسل یا پورے وقت کے لیے جیسے سُر یا لے۔

teocalli, n. انڈین معبد ؛ میکسیکو اور وسطی امریکا کے قدیم باشندوں کا معبد جو عام طور پر مخروطی بنیاد پر استوار ہوتا ہے۔

teosinte, n. میکسیکو اور وسطی امریکا میں اُگنے والی لمبی گھاس جو انڈین اناج کے پودے کی طرح ہوتی ہے اور اسے چارے کے لیے کاشت کیا جاتا ہے۔

tepee, teepee, tipi, n. امریکی طرز کا انڈین مخروطی شکل کا خیمہ جو چمڑے کا بنا ہوتا تھا اور چوبوں کے سہارے لگایا جاتا تھا۔

tepid, a. نیم گرم ؛ کنکنا ؛ دھیما یا ہلکا۔

tepidity, tepidness, n. کنکنا پن ؛ دھیما پن ؛ نیم گرمی ؛ اعتدال۔

tepidly, adv. نیم گرم طور پر ؛ گرمجوشی کے بغیر۔

tequila, n. میکسیکو کی امریکی صبر (ایلوا) سے کشید کی ہوئی شراب ؛ صِبر یا ایلوا کا پودا۔

terai, n. دوہرے چندوے اور چوڑے چھجے والی فیلٹ ہیٹ جو عام طور پر برصغیر پاک و ہند جیسے گرم علاقوں میں دھوپ کی تمازت سے بچنے کے لیے سر پر پہنی جاتی ہے۔

teraph, n. [عبرانی] گھروں میں رکھے ہوئے بت یا پُتلے جنھیں قدیم یہودی مقدس سمجھتے تھے اور ان سے فال لیتے تھے۔

teratology, n. اعجوبیات ؛ خرقیات ؛ علم خوارق العادات ؛ اعجوبیات کا علم۔ (حیاتیات) غیر طبعی پودوں اور جانوروں کا مطالعہ۔

teratological, a. خرقیاتی ؛ اعجوبیاتی۔

teratologist, n. ماہر خرقیات ؛ عالم اعجوبیات۔

terbium, n. (کیمیا) ٹربیم (عنصر ، دھات) ؛ نادر ارضی سلسلے کا ایک دھاتی عنصر ؛ علامت : .Tb۔

terce, n. گرجا کے اوقات عبادت کا تیسرا گھنٹہ جو صبح نو بجے بجتا ہے۔ دیکھیے : tierce۔

tercel, tiercel, tercelet, n. ٹرسیل ؛ نرباز یا شاہین خصوصاً شکار

منہا کی جائے ؛ کسر عام میں لکیر سے اوپر کا ہندسہ (شمار کنندہ) یا کسر اعشاریہ میں نسب نما ۔ (طب) زچگی ۔ (فن تعمیر) ستون جو نیچے کی طرف مخروطی شکل کا ہو ، خاص کر ایسا ستون جس پر کوئی پتھر کا مجسمہ لگا ہوا ہو ۔ (فعل متعدی) نامزد کرنا ؛ مقرر کرنا ۔

bring to terms, شرطیں منوا لینا یا تسلیم کرا لینا ؛ صلح کرانا ؛ ملانا ۔

come to terms, شرائط مان لینا ؛ اتفاق کر لینا ؛ راضی ہونا ؛ عہدوپیمان کرنا ۔

in terms of, جہاں تک اس بات کا تعلق ہے ؛ کے لحاظ سے ۔

termless, a. غیر محدود ؛ بے انتہا ؛ بے حد ؛ بے نہایت ؛ بے شرائط ۔

termagant, n.,a. زبان دراز اور لڑاکا عورت ؛ بڑدنگی ؛ جھگڑالو ؛ فسادی عورت ۔

termagantly, adv. مفسدانہ طور پر ؛ شرارت کے ساتھ ؛ بڑدنگے پن سے ۔

termer, n. میعادی ، خصوصاً جو قید کاٹ رہا ہو ؛ جیل میں قید کی مدت گزارنے والا ، مرکب کی شکل میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : first-termer) ۔

terminal, n. سرا ؛ آخری نشان ؛ انت ؛ اخیر ؛ختم کرنے والی شے ؛ انتہا ؛ اسٹیشن ؛ اڈا ؛ ریل کا آخری اسٹیشن ؛ سرپیچ ؛ میقات ۔ (برق) بیٹری یا دوسرے آلات میں سرکٹ مکمل کرنے کے لیے دونوں سروں پر لگنے والی چٹکیوں میں سے ایک ؛ برقی تار کا سرا جس سے بجلی داخل یا خارج ہو ۔ (صفت) آخری حد یا سرے سے متعلق ؛ سلسلے کے آخر میں ؛ مدت مقررہ پر کیا جانے والا یا واقع ہونے والا ؛ موت کا باعث جیسے کوئی بیماری ۔

terminable, a. فسخ پذیر ؛ میعادی ؛ اختتام پذیر ؛ میقاتی ؛ ختم ہو جانے والا ؛ محدود ؛ قابل اختتام ۔

terminableness, n. اختتام پذیری ؛ محدودیت ۔

terminably, terminally, adv. خاتمے یا حد پر ؛ آخر میں ؛ ہر میقات میں ؛ میقاتاً ۔

terminal leave, n. اختتامی رخصت ؛ میقاتی رخصت ؛ فوجی یا سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہونے سے قبل ، جمع شدہ چھٹیوں میں سے ، لی جانے والی آخری چھٹی ؛ پنشن سے پہلے کی رخصت ۔

terminate, v.t. محدود کرنا ؛ حد بنانا ؛ آخری نقطہ یا سرا بنانا ؛ ختم کرنا ؛ انجام دینا ۔ (فعل لازم) جگہ میں محدود ہونا ؛ ختم ہونا ؛ وقت پر کسی حد تک پہنچنا ۔ (صفت) ختم ہو جانے کے قابل جیسے اعشاریہ محدودہ ، (a terminate decimal) ۔

terminative, a. مختتم ؛ خاتمے کا ؛ ختم کرنے والا ؛ فعل کی ابتدا اور انتہا کو ظاہر کرنے والا ؛ اختتامی ۔

terminatively, adv. ختم کرتے ہوئے ؛ خاتمے کے طور پر ؛ قطعاً ؛ مطلقاً ۔

terminator, n. مختتم ؛ خاتم ؛ جو اختتام کو پہنچائے ۔

termination, n. اتمام ؛ خاتمہ ؛ ختم کرنے کا عمل ؛ اختتام یا نتیجہ ؛ کسی چیز یا نقطے کا سرا جہاں وہ ختم ہو ؛ حد بندی ؛ وقت کا آخر ؛ نتیجہ یا انجام کار ۔ (گرامر) لفظ کا آخری حرف یا رکن ؛ آخر کلمہ ؛ لاحقہ ۔

terminational, a. لاحقی ؛ جو کلمے کے آخر میں ہو ؛ آخری ۔

terminology, n. علم اصطلاحات ؛ علم اصطلاحات سازی ؛ فن اصطلاحات ؛ اصطلاحیات ؛ کسی علم یا فن میں استعمال ہونے والی اصطلاحات ؛ اصطلاحات علمیہ ؛ کسی خاص علمی شعبے میں مستعمل مصطلحات کا علم ۔

terminological, a. اصطلاحی ؛ مصطلحات کے استعمال کا ۔

terminologically, adv. اصطلاحاتی طور پر ؛ اصطلاحیات کے نقطۂ نظر سے ۔

term insurance, n. میعادی بیمہ ؛ بیمے کی ایک قسم جس کی رو سے مقررہ میعاد کے اندر کوئی نقصان ہو تو اس کا عوضانہ ادا کر دیا جاتا ہے ورنہ میعاد ختم ہو جانے کے بعد بیمہ پالیسی کالعدم ہو جاتی ہے ۔

terminus, n. ٹرمینس ؛ آخری اسٹیشن ؛ منتہا ؛ سرا یا حد ؛ آخری نقطہ یا گھڑ دوڑ ختم ہونے کی جگہ ؛ انتہا ؛ جادۂ سفر کی آخری منزل ؛ منزل مقصود ۔ (برطانوی) ریل گاڑی ، بس یا ہوائی جہاز کے راستوں کا وہ اسٹیشن ، قصبہ یا شہر جہاں سے سفر کا آغاز ہو یا جہاں سفر اختتام کو پہنچے ؛ سرحد یا حد بندی ۔ (بڑے T سے) (رومی اساطیری) سرحدوں اور زمینی حدبندیوں کا دیوتا ۔

terminus ad quem, n. (لاطینی) وہ نقطہ جس کی طرف کوئی چیز حرکت کرے ؛ منزل مقصود ؛ مطلب و مدعا ؛ انجام یا خاتمہ ؛ نقطۂ اختتام ؛ انتہا ۔

terminus a quo, n. (لاطینی) بحث چھیڑنے کا نقطۂ آغاز ؛ ابتدا یا شروعات ؛ نقطۂ آغاز ۔

termite, white ant, n. دیمک ؛ سیونک ؛ ارضیہ ؛ زرد رنگ اور نرم جسم کے لکڑی کھا جانے والے چھوٹے چھوٹے گروہ پسند کیڑے جو پیڑوں ، عمارتوں ، فرنیچر اور لکڑی سے بنی ہوئی دیگر اشیا میں گھس کر انھیں تباہ و برباد کر دیتے ہیں ۔

term paper, n. تفویضی مقالہ ؛ ایک لمبی رپورٹ جو طالب علم کو اس کے نصاب کے بارے میں تحریر کرنے کے لیے سمسٹر کے دوران تفویض کی جاتی ہے ۔

tern, n. بحری ابابیل ؛ خرشنہ ؛ شمالی امریکا اور یورپ کے اسٹرنا نسل کے آبی پرندوں میں سے ایک پرند جس میں مرغابیوں یا بطخوں جیسی بہت سی خصلتیں ہوتی ہیں اور اس کا جسم اور چونچ نرم لیکن اس کے پاؤں چھوٹے اور لمبی کانٹے دار دم ہوتی ہے ۔

tenary, a. تہرا ؛ تین پر مشتمل یا ثلاثی ؛ تین تہا ؛ تکڑی ؛ تین تین کے گروہوں کا آخری ؛ منصب کے لحاظ سے تیسرا ؛ سہ جزا ۔ (کیمیا) تین مختلف ایٹموں ، مادوں یا عنصروں سے بنا ہوا ؛ پہلے تین ایٹموں پر مشتمل ۔ (ریاضی) جس میں تین مقداریں متغیر ہوں ، سہ متغیری ؛ تین اعداد پر مشتمل ۔ (فلزیات) تین دھاتوں کا میل جیسے کوئی بھرت ؛ سہ فلزی ۔

ternate, a. سہ رکنہ ؛ تین تین کے لحاظ سے ترتیب دیا ہوا ؛ تین تین کا ؛ سہ تائی ۔ (نباتیات) پتّی جو تین چھوٹی پتیوں سے مرکب ہو ؛ تیتیا ؛ سہ برگہ ۔

ternately, adv. تین تین کر کے ؛ سہ رکنی ترتیب سے ۔

terne plate, terne, n. گھٹیا قسم کا فولاد ؛ فولاد یا فولاد کی چادر پر قلعی کا چڑھایا ہوا روغن جس میں سیسے کی بہت زیادہ آمیزش ہوتی ہے ۔

terpene, n. (کیمیا) تارپین ؛ بعض غیر سیر شدہ

ہائیڈروکاربن میں سے کوئی ایک جو بہت سے پودوں کے اساسی تیلوں میں پایا جاتا ہے ؛ اس نوع کے مرکبات میں سے کوئی ایک ؛ بیروزہ ۔

terpenic, a. تارپین والا ؛ تارپینی ۔

terpineol, n. (کیمیا) تیسرے درجے کی غیر سیر شدہ الکحل ، جو بہت سے پودوں سے نکلنے والے تیل میں ہوتی ہے یا اسے کیمیاوی طریقے سے بنایا جاتا ہے اور عام طور پر خوشبویات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

tersichorean, terpsichoreal, a. رقاصی کا یا رقاصی سے متعلق ۔ (اسم) (بول چال) رقاص ؛ ناچنے والا ۔

terra alba, میگنیشیا ؛ سفید مٹی ؛ کسی قسم کی سفید، مٹیالی یا پاؤڈر جیسی کوئی چیز جیسے پائپ بنانے کی مٹی ، جپسم ، چکنی مٹی جو چینی بنانے کے کام آئے ؛ چونا پتھر یا چمڑا رنگنے کی مٹی ۔

terrace, n. چبوترہ ؛ مہتابی ؛ ارض مرتفع ؛ اونچی کھلی ہوئی ہموار جگہ جس کا سامنے کا حصہ عمودی یا ڈھلوان ہو یا کناروں پر جنگلا بنایا گیا ہو ؛ عمودی یا آڑی ترچھی سطحوں کا سلسلہ جو ایک دوسری پر اٹھائی گئی ہوں ؛ ایسی سطح کی قدرتی بناوٹ ؛ شرفہ ؛ کھلی جگہ ؛ بالکنی ؛ کھلا اور عام طور پر فرش کیا ہوا حصہ جو گھر یا عمارت سے متصل ہو ؛ بالائی انگنائی ؛ بالا خانہ ؛ برآمدہ ؛ سمندر ، جھیل یا دریا کے ساتھ ساتھ ساحل مرتفع ؛ بہت سی فرشی گلیوں میں بغیر فرش کے زمین کا ٹکڑا یا کوچہ جس میں کچھ حصہ زمین پر فرش نہ ہو ؛ مکانوں کی قطار جو ڈھلان پر یا اس کے ساتھ ساتھ واقع ہوں یا کوچہ جس میں ایسے مکانوں کی قطار یا قطاریں ہوں ؛ مکان کی مسطح چھت خاص طور پر مشرقی یا اسپینی انداز سے بنے ہوئے مکان کی ۔ (فعل متعدی) چبوترہ یا چبوترے بنانا یا ایسی شکل دینا ؛ مہتابی بنانا۔

terra cotta, n. سِفالینہ ؛ سرخ پختہ مٹی ؛ بھٹے میں پکی ہوئی مٹی کی سادہ مصنوعات جو مجسمہ سازی ، ظروف سازی اور تعمیراتی آرایش کے لیے استعمال ہوتی ہیں ؛ایسی مٹی کی بنی ہوئی کوئی چیز جیسے مجسمہ ؛ اس کا بادامی یا ہلکا زرد سنگتری رنگ یا ، ایسا ہی کوئی اور رنگ ۔

terra-cotta, a. سرخی مائل بادامی رنگ کا ۔

terra firma, n. (لاطینی) خشکی ؛ ہوا یا پانی کے مقابلے میں ٹھوس اور سخت مٹی ۔

terrain, n. قطعۂ زمین ، خصوصاً وہ جو قدرتی خصوصیت کے لحاظ سے کسی خاص مقصد کے لیے موزوں ہو جیسے کسی فوجی مقصد کے لیے ۔

terra incognita, n. (لاطینی) نامعلوم یا غیر متحقق خطہ ، علاقہ یا سرزمین ؛ کوئی مضمون یا علمی شعبہ جس کی تحقیق نہ ہوئی ہو ؛ نامعلوم ملک یا خطّہ۔

Terramycin, oxytetracycline, n. (عِلمِ ادویہ) ٹیرامائی سین ؛ جو ارضی کھاد سے بنائی جاتی ہے ، ایک ضدنامیہ یا ضد حیاتیہ (antibiotic) جو جرثومہ سے پیدا ہونے والے اکثر امراض کا موثر علاج ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

terrane, terrain, n. (ارضیات) خاص خطہ ؛ تشکیل یا تشکیلات جسے پہاڑی یا پہاڑیوں ، ٹیلوں وغیرہ کی ؛ وہ خاص خطہ جہاں ٹیلہ یا پہاڑیاں بنتی رہتی ہوں ۔

terrapin, n. تراپین ؛ کچھوا ؛ ہیرا پشت (کچھوا) ؛ جنوبی امریکا کے مواج یا تازہ پانیوں میں رہنے والا ایک قسم کا کچھوا خصوصاً ہیرا پشت کچھوا جو کھایا جاتا ہے ؛ اس قسم کے کچھوؤں کی کوئی تعداد ۔

terraqueous, a. خاک آبی؛ جو پانی اور خشکی دونوں پر مشتمل ہو ؛ خاکی آبی ؛ بری بحری ؛ بر بحری ۔

terrarium, n. تھل گھر؛ جانور گھر ؛ احاطہ ، ظرف یا برتن جس کے اطراف میں شیشہ لگا ہوتا ہے اور پودے اگانے کے کام آتا ہے یا اس میں رکھے ہوئے جانور کا معائنہ و مطالعہ کرنے کے لیے اسے بری جانور خانے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ بری جانور خانہ ؛ چڑیا خانہ جس میں جانوروں کے رہنے کے لیے مصنوعی ماحول قائم رکھا جاتا ہے ۔

terrazzo, n. چپسی فرش ؛ سنگ مرمر یا کسی دوسرے پتھر کی کنکریوں کو سیمنٹ میں ملا کر پچی کاری سے تیار کیا ہوا چمکیلا فرش ۔

terrene, a. ارض سے متعلق ؛ ارضی ؛ زمینی ؛ دنیوی ۔ (اسم) زمین ؛ خطہ ؛ ارض ؛ سطح زمین ۔

terreplein, n. (قلعہ بندی) توپ چبوترہ ؛ دمدموں کے عقب میں مسطح یا اونچی زمین جس پر توپ رکھی جاتی یا چڑھائی جاتی ہے ۔

terrestrial, a. ارضی ؛ زمینی ؛ زمین سے متعلق یا زمین پر موجود ؛ پانی اور ہوا کے مقابلے میں زمین سے جس کا تعلق ہو ؛ بری ۔ (حیاتیات) آبی ، ہوائی یا رُکھ باسیوں کے مقابلے میں برباسی ؛ دنیوی ؛ خاکی ؛ ساکن زمین ؛ ارضی باشندہ ۔ (اسم) زمین کا باشندہ ؛ انسان ؛ آدمی ؛ برباش ۔

terrestrially, adv. دنیاوی ؛ ارضی یا بری طریق پر۔

terret, n. گاڑی میں جتے ہوئے گھوڑے کی زین کا حلقہ جس میں سے لگام (باگ) گزرتی ہے ؛اسی قسم کا حلقہ جو پٹہ باندھنے کے کام آتا ہے جیسے کتے کا ۔

terrible, a. ہولناک ؛ خوفناک ؛ بھیانک ؛ ڈراؤنا ؛ بڑا بھاری ؛ ڈر اور خوف پیدا کرنے والا ؛ مہیب ؛ بہت سخت ؛ جابر ؛ ہیبت انگیز ؛ بہت شدید یا دشوار ؛ ناخوشگوار یا بہت بُرا ؛ گھٹیا قسم کا؛ ہیبتناک؛ بلا کا ؛ قیامت کا ۔

terribleness, n. وحشت انگیزی ؛ شدت ؛ خوف ناکی ؛ ہیبت ۔

terribly, adv. ہولناک طریقے سے ؛ بہت شدت کے ساتھ ۔

terricolous, a. (حیاتیات) خاک باش ؛ زمین پر یا زمین کے اندر رہنے والا ، خصوصاً کیچوے کی قسم کا زمینی کیڑا ؛ خراطینی ۔

terrier, n. ولایتی کتا ٹیرئر ؛ مضبوط طاقتور کتوں کی کسی نسل کا کتا جو آج کل پالتو ہوتا ہے اور شروع میں زمین دوز جانوروں جیسے خرگوش کے شکار میں کام آتا تھا ۔

terrier, n. (قانون) خسرہ یا کھتونی ؛ پٹواری کی کتاب جس میں لوگوں یا کارپوریشنوں کی ملکیت اراضی کا موقع ، حدود اور رقبہ وغیرہ درج ہوتا ہے ۔

terrific, a. نہایت عمدہ یا بہترین ؛ بلا کا ؛ شدید ؛ پُر رعب ؛ حیرت انگیز ؛ بہت بڑا ، عظیم ؛ ہولناک یا دہشت پیدا کرنے والا ؛ ڈر یا خوف کا باعث یا سبب ؛ دہشت انگیز ؛ خوفناک ۔

terrifically, adv. نہایت شدت سے ؛ ہولناک طریقے سے ۔

terrify, v.t., v.i. خوف پیدا کرنا یا خوفزدہ کرنا ؛ ڈرانا ؛ گھبرا دینا یا ہولا دینا ؛ دھمکانا ؛ دہلا دینا ؛ حواس گم کر دینا ؛ خوف دلانا ؛ دہشت زدہ کرنا ؛ ہوش اُڑا دینا ۔

terrifyingly, adv. ڈراتے دھمکاتے ہوئے وغیرہ ۔

terrigenous, a. خاک آوردہ ؛ خاکی الاصل ؛ جو زمین سے پیدا ہوا ہو ؛ زمین آفریدہ ؛ زائیدۂ ارض ۔ (ارضیات) زمین سے پیدا کیا گیا یا زمین سے ماخوذ ، جیسے دُرد آمیز اشیا جو پانی میں یا پانی کے کنارے جمع ہو جاتی ہیں خاص کر سمندر کی تہ میں ۔

territorial, a. علاقائی ؛ کسی علاقے یا ملک یا اس کی سرحدوں کا یا اس کے دائرۂ اختیار سے متعلق ؛ کسی خاص ملک صوبے یا علاقے کا ، اس سے متعلق ، شریک یا اس تک محدود ؛ مقامی ۔ (بڑے T سے) امریکا کی کسی ریاست یا ایسے ہی کسی صوبے کا یا اس سے تعلق رکھنے والا ۔ (عسکری) برطانوی فوجی نظام کے مطابق فوج یا فوجی دستہ ، مقامی طور پر مُلکی دفاع کے لیے منظّم کیا ہوا ۔ (اسم) وطن کی فوج سے تعلق رکھنے والا ؛ وطن کا فوجی ۔ (بڑے T سے) برطانیہ عظمٰی کی وطنی فوج کا رُکن ۔

territorially, adv. علاقہ وارانہ ؛ علاقائی طور پر ؛ علاقے یا صوبے کے لحاظ سے ؛ مقبوضاتِ ملکی کے نقطۂ نظر سے ۔

territorialism, n. علاقہ واری نظام ؛ جاگیر دار طبقے کے بااقتدار ہونے کا اصول ؛ جاگیرداری نظام ۔ (کلیسیات) ملکی حکومت کا دینی و دنیاوی اقتدار کو اپنے پاس رکھنے کا نظریہ ؛ کلیسائی نظام حکومت جس کے مطابق رعایا کا مذہب وہی ہونا چاہیے جو اُن کلیسائی حاکموں کا ہے ، جن کے پاس سول اختیار بھی ہے ۔ نیز : Territorial system ۔

territorialist, n. جاگیردارانہ نظام کا حامی ۔

territoriality, n. جاگیرداری نظام ۔

territorialize, v.t. ملک کو نئے علاقوں کے الحاق سے توسیع دینا ؛ کسی خاص علاقے یا علاقوں سے وابستہ ہونا یا اُن تک محدود کر دینا ؛ علاقائی بُنیاد پر استوار کرنا ۔

territorialization, n. علاقائی توسیع ؛ علاقوں سے وابستگی ۔

territorial waters, n., علاقائی سمندر ، مُلکی سمندر ؛ جس ریاست کی حد پر کوئی سمندر وغیرہ واقع ہو اُس پر اُسی ریاست کا قبضہ ، خاص کر ساحل سے سمندر کی طرف تین میل کے فاصلے تک ؛ قومی سمندر ۔

territory, n. علاقہ ؛ قلمرو ؛ عملداری ؛ کشور ؛ کوئی قطعۂ زمین ؛ علاقہ یا صوبہ ؛ ممالک محروسہ ؛ زمین اور سمندر جو کسی ریاست ، آزاد حکمران یاکسی اور کے قبضے یا عملداری میں ہوں ۔ (بڑے T سے) امریکا کی حکومت میں وہ علاقہ یا صوبہ جسے متحدہ ریاستوں میں ریاست کا درجہ تو حاصل نہ ہو لیکن جہاں باقاعدہ حکومت قائم ہو ؛ ایسا ہی کہیں اور کوئی ضلع ، جیسے کینیڈا اور آسٹریلیا میں ۔ (مجازاً) خیالی یا عملی شعبہ یا کسی شے کا حلقہ یا میدان ؛ کسی کے نمائندے ، ایجنٹ یا ایسے ہی کسی دوسرے شخص کو دیا گیا علاقہ یا صوبہ جہاں وہ مختار کار یا فروخت کار کے طور پر کام کرنے کا مجاز ہو ؛ جانوروں کا مقررہ علاقہ جہاں اُسی قِسم کے دیگر جانوروں کا داخلہ ممنوع ہو ۔

terror, n. ہوّا ؛ دہشت؛ہول ؛ بلا ؛ شدید ، فوری ، غلبہ پانے والا خوف یا دہشت یا اس کی کوئی مثال ؛ سخت ڈر کا باعث (جیسے : to be a terror to evil doers) ؛ دہشت انگیزی یا ہیبت جو ڈرانے دھمکانے کے لیے پیدا کی جائے (جیسے : to rule by terror) ؛ خوف اور دہشت کا زمانہ یا پروگرام جو سیاسی دشمنوں یا دہشت پسندوں کی طرف سے پیدا شدہ ہو ۔ (بول چال) کوئی چیز یا شخص جو خاص طور پر خوفناک یا ناخوشگوار ہو ؛ تکلیف دہ ، وبالِ جان ۔

terrorism, n. خوف گردی ؛ دہشت پسندی ؛ دہشت گردی ؛ تخویف پسندی ۔

terrorist, n. تخویف پسند ؛ دہشت پسند ، جو حکومت یا اہلِ ملک کو دہشت انگیز طریقوں سے مرعوب یا مغلوب کرتا ہو ؛ دہشت کار ؛ دہشت گرد ۔

terroristic, a. دہشت پسندانہ؛ دہشت گردانہ ۔

terrorless, a. بے خوف ؛ بے خطر ؛ نڈر ۔

terrorize, v.t. دہشت زدہ کرنا ؛ خوف زدہ کرنا یا خوف سے مغلوب کرنا ؛ دہشت سے غالب آنا ؛ دھمکانا یا دھمکی سے مرعوب کرنا ۔

terrorization, n. دہشت کاری ؛ تخویفی طریقوں کا استعمال ؛ خوفزدہ کرنے کا عمل ؛ خوف زدگی ۔

terrorizer, n. دہشت کار ؛ خوف اور دہشت سے مرعوب کرنے والا ؛ خوفزدہ کرنے والا ؛ ڈرانے دھمکانے والا ۔

terry, n. کپڑے میں بُنت سے پڑی ہوئی گھنڈیاں جبکہ اُس کے گوکھرُو کاٹے نہ گئے ہوں ؛ اَن کٹے گوکھرؤوں والا کپڑا خصوصاً سُوتی جو تُرکی تولیے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ نیز : terry cloth ۔

terse, a. فضولیات سے پاک ؛ عمدہ اور جامع ؛ نپا تُلا ؛ مختصر اور پُر مغز (اسلوب بیان یا زبان کے لیے) ؛ شُستہ ۔

tersely, adv. اختصار اور جامعیت کے ساتھ ؛ شستگی سے ۔

terseness, n. اختصار و جامعیت ؛ شستگی ۔

tertial, a. (طیوریات) پر سُوم ؛ پرندے کے بازو کی ہڈی سے مِلے ہوئے وہ پَر جو اُس کے بازو کے اندرونی کنارے پر اور جِسم کے بالکُل قریب ہوں ؛ سوم درجے پر ؛ پرثالث ۔ (اسم) (طیوریات) ایسا کوئی پر ؛ پرِ ثالث ۔

tertian, a. باری کے بخار کا ؛ باری کا یا ایک دن چھوڑ کے ہونے والا (ہر تیسرے دن) جیسے بُخار ۔ (اسم) (امراضیات) باری کا بُخار خاص کر تپّہ اور ملیریا ۔

tertiary, a. تیسرا ؛ ثلاثی ؛ سہ گانہ ؛ تیسرے درجے ، نمبر یا تیسری ترکیب کا ؛ تیسرا ۔ (حشریات) بازو کی ہڈی سے ملا ہوا ؛ سُوم پَر ۔ (کلیسا) بعض مذہبی سلسلوں میں تیسرے درجے کا پادری یا راہب یا ان سے متعلق ۔ (کیمیا) کاربن ایٹم سے متعلق جسے اسی طرح کے تین کاربن ایٹموں سے ملایا جائے ؛ تین جوہروں یا ایٹموں کے بدل کی علامت ۔ (ارضیات) ایسے ارضی دور کا یا اُس سے متعلق یا حجری نظام جو زمین کا تیسرا دور (دور ثالث) یا پتّھر کا زمانہ کہلاتا ہے ۔ (اسم) (حشریات) پَر سِوُم ۔ (کلیسیات) مذہبی سلسلے میں تیسرے درجے کا رُکن ۔ (بڑے T سے) (ارضیات) دورِ ثالث ، تیسرا جُگ ۔

tertiary color, n. رنگِ ثلاثی ؛ دو ثانوی رنگوں کو ملا کر بنایا ہوا ایک تیسرا رنگ ۔

tertium quid, n. کوئی شے جو کسی نہ کسی طرح دو چیزوں سے

متعلق ہو لیکن دونوں سے علیحدہ ہو ؛ دو چیزوں یا دو افراد کے درمیان واسطہ ۔

tervalent, a. دیکھیے : Trivalent ۔

terzarima, n. (عروض) سہ قافیہ ترتیب کی صنفِ شعر؛ ثلاثی، جس میں درمیانی مصرع پہلے اور تیسرے مصرعے کا ہم قافیہ ہو ۔

tessellated, a. چارخانہ ؛ چوپڑ ؛ مختلف رنگوں کی چیزیں چھوٹے چارخانوں ، مثلثوں یا علم ہندسہ کی دیگر اشکال میں جڑی یا پچی کاری سے بنی ہوئیں ؛ شطرنجی ۔

tessellate, v.t. چارخانہ فرش بنانا ؛ پچی کاری کرنا ؛ چوپڑ بنانا ۔

tessellation, n. چوپڑ بنانے کا فن ؛ پچی کاری کا عمل یا اس عمل کا نتیجہ ۔

tessera, n. پچّی ؛ سنگ مرمر ، قیمتی پتّھر ، ہاتھی دانت ، شیشے ، لکڑی یا اسی طرح کی شے کا مکعب ٹکڑا جو چوپڑ یا پچی کاری میں استعمال ہوتا ہے ؛ ہڈّی ، لکڑی یا اسی قبیل کے مکعب ٹکڑے جو قدیم روما میں سکّے یا ٹکٹ کے طور پر استعمال ہوتے تھے ۔

tessitura, n. (موسیقی) ایک مُغنّی کی آواز کی اوسط یا فطری حد (رینج) ۔

test, n. آزمایش ؛ امتحان ؛ آزمایش کے ذرائع ؛ معیار ؛ کسوٹی ؛ جانچ کے طریقے ؛ آزمون ، پرکھ ؛ علم ، قابلیت اور مہارت کو پرکھنے کے لیے سوالنامہ یا سوالات جن کا جواب یا حل مطلوب ہو ۔ (فلزیات) متحرک داسا جس پر بھٹّی میں سونا اور چاندی صاف کرتے ہیں ، کُٹھالی ؛ کسوٹی ۔ (کیمیا) کوئی کیمیائی عامل جس کے ذریعے معلومہ خاصیتوں کے اُجاگر ہونے سے مرکب کے اجزا کا پتا چل جاتا ہے ؛ متعامل شے ؛ باز عامل ۔ (فعل متعدی) آزمانا ؛ امتحان و آزمایش سے گزارنا ؛ تجربے یا کسی مقرّرہ معیار کے مطابق ثابت کرنا ؛ پرکھنا ۔ (فلزیات) سونے یا چاندی کو کُٹھالی میں تاؤ دے کر گلانا اور صاف کرنا ۔ (کیمیا) متعامل شے کے ذریعے جانچنا ۔ (فعل لازم) امتحان میں کوئی حیثیت یا اچھّے نمبر حاصل کرنا ؛ امتحان میں پڑنا ؛ آزمایش سے گزرنا ۔ (کیمیا) تجزیہ ہونا یا پرکھ ہونا ۔

testable, a. قابلِ آزمایش ؛ امتحان پذیر ؛ آزمونی ۔

tester, n. مُمتحن ؛ جانچنے والا ؛ پرکھنے والا ؛ پرکھنے کا آلہ ؛ کسوٹی ۔

test, n. (حیوانیات) بعض بے فقر جانوروں جیسے بحری خار پُشت اور صدفیے (گھونگھے) کا سخت ، حفاظتی غلاف یا خول ؛ قِشرہ ؛ قِشرِ تخم ۔

testa, seed coat, n. (نباتیات) عام طور پر سخت قسم کا چھلکا جو دانے کے اوپر چڑھا ہوا ہوتا ہے ؛ قشرِ تُخم ؛ غِلاف ؛ صَدَفہ ؛ خول ؛ قشرہ ۔

testacean, a. (حیوانیات) صدفی ؛ صدف دار ؛ صَدَفی قسم کے جانوروں میں سے کوئی جانور جس کی کھال یا خول سخت اور ٹھوس ہو ۔ (اسم) صدف دار ؛ صدفیہ ؛ خول دار جانور ۔

testaceous, n. صدفی ؛ سیپ والا ؛ مُصدّف یا صدف سے ماخوذ ؛ اینٹ کے رنگ کا ؛ ہلکا سُرخی مائل یا پیلا کتھئی رنگ کا ؛ سخت قشری ؛ خِشت رنگ، اس کا اسم testacy ہے ۔

testament, n. (قانون) عہد نامہ ؛ منشور ؛ وصیت نامہ جو مرنے سے قبل جائیداد کی تقسیم کے بارے میں ہو ؛ واضح ثبوت ؛ خراج ۔ (بائبل) عہدنامۂ الٰہی ؛ میثاق الٰہی ۔ (بڑے T سے) انجیل کے دو عہد ناموں میں سے کوئی ایک ، جیسے عہد نامۂ جدید یا عہد نامۂ عتیق ؛ عہد نامۂ جدید یا وہ کتاب جس میں اس عہدنامے کا متن درج ہو ۔

testamentary, testamental, a. وصیّتی ؛ وصیّت کے متعلق ؛ وصیّت کے ذریعے چھوڑا یا مقرر کیا ہوا ؛ وصیّت نامے کے متعلق ۔

testate, a. وصیّت کردہ ؛ باوصیت ۔

testator, n. مؤصی ؛ وصیّت کرنے والا ؛ مرتے وقت جو وصیّت کر گیا ہو ؛ وصیت کنندہ ۔

testatrix, n. مؤصیہ ؛ وصیت کرنے والی ۔

test ban, n. ایٹمی دھماکے پر پابندی ؛ اقوام عالم کا اس بات پر اتفاق کہ ایٹمی دھماکوں کے تجربے نہ کیے جائیں خصوصاً فضا میں ۔

test case, n. مثالی معاملہ ؛ جائزہ کار معاملہ ۔ (قانون) مثالی مقدمہ ؛ امتحانی مقدمہ ، آزمایشی مقدمہ جس سے کسی اصول کو طے کرنا مقصود ہو ؛ متنازع فریقین مقدمہ کے تعاون سے کوئی قانونی پیچیدگی حل کرنے کے لیے ایسے مقدمے سے جواز تلاش کرنا جو پہلے سے فیصل شدہ ہو ؛ خصوصاً اُس کی دستوری حیثیت ۔

tester, n. مسہری کا چھتّر ؛ چھپر کھٹ یا قربان گاہ اور قبر یا مزار کا نمگیرہ ؛ سطح چھت ۔

testicle, testis, n. (تشریح الاعضا، حیوانیات) خُصیہ ؛ فوطہ ؛ خایہ ؛ ٹٹّا ؛ آنڈ ؛ مرد کے دو بیوضی شکل کے تناسلی غدودوں میں سے ایک غدود جو کیسہ میں ملفوف ہوتا ہے اور جو مادۂ منویہ میں نطفے اور کئی دوسرے مائع عناصر کو بناتا اور خارج کرتا ہے ۔

testicular, a. خُصیئی ؛ خایوی ؛ فوطے کا ؛ خُصیے کا ۔

testiculate, a. خایہ نُما ؛ فوطے کی شکل کا ۔ (نباتیات) خصیہ نُما جیسے بعض بُوٹیوں کے بصلے یا بصلے دار پودے ، دو فوطیے رکھنے والے ؛ دو خایوی ؛ خصیہ دار ؛ خُصیوی ۔

testify, v.i. گواہی دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ تائید کرنا ؛ شاہد ہونا ؛ مظہر ہونا ؛ ثبوت ہونا ؛ دلیل ہونا ۔ (قانون) حلفیہ گواہی دینا/بیان دینا ۔ (فعل متعدی) شہادت دینا یا حلف اُٹھا کر کہنا ؛ تائیداً بیان کرنا ؛ گواہ بننا ۔ (قانون) حلفیہ تصدیق کرنا ۔

testifier, n. تصدیق کنندہ ؛ تصدیق کرنے والا ؛ شاہد ؛ مظہر ۔

testimonial, n. شہادت نامہ ؛ سَنَد ؛ کسی کے چال چلن ، اخلاق یا قابلیت یا کسی شے کی عمدگی یا قدر و قیمت کے بارے میں تحریری تصدیق نامہ ؛ سفارشی خط ؛ کوئی چیز جو اظہارِ خوشنودی کے لیے عطا کی جائے یا کوئی کام جو اس غرض سے کیا جائے ؛ صداقت نامہ ؛ سندِ نیک نامی ۔ (صفت) جو سند یا تصدیق نامے کا کام دینے والی یا اس سے متعلق ہو ؛ تصدیقی ؛ سندی ۔

testimony, n. (قانون) حلفی شہادت ؛ گواہ کا بیان جو حَلف اٹھا کر یا اقرار صالح کے ساتھ دیا گیا ہو ؛ گواہی جو کسی حق بات یا بیان کی تائید میں دی گئی ہو ؛ ثبوت ؛ کُھلا اعلان یا اقرار جیسے عقیدے کا ۔ (بائبل) احکام عشرہ جو دو شرعی لوحوں پر کندہ ہیں یا وہ تابوت جس میں یہ الواح مقدّسہ رکھی جائیں ؛ تصدیق ؛ انجیل ؛ وحی الٰہی ؛ توریتِ موسیٰ ۔

testis, n. دیکھیے : testicle

test match, n. ٹیسٹ۔میچ ؛ کھیل یا کھیلوں کا سلسلہ جس میں مختلف ملکوں کی بہترین ٹیمیں حِصّہ لیتی ہیں اور ان میں سے جیتنے والی ٹیم کو چیمپئن قرار دیا جاتا ہے ، اس قسم کے مقابلے ویسٹ انڈیز ، پاکستان ، بھارت ، سری لنکا ، نیوزی لینڈ ، انگلینڈ اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ہوتے ہیں ۔

testosterone, n. (حیاتی کیمیا) فوطیرون ؛ مردانہ فوطے کا اندرونی افراز جو خون میں مل کر تحریک اعضا کا باعث بنتا ہے اور مردانہ ثانوی جنسی خصوصیات کو اُبھارتا ہے ۔

test paper, n. (کیمیا) تجربہ کاغذ ؛ قرطاسِ آزمایش ؛ باز عامل جیسے لٹمس لگا کاغذ جو بعض مواد کے عمل سے رنگ بدلتا ہے اور اس طرح مرض کی موجودگی یا عدم موجودگی کو ظاہر کرتا ہے ؛ امتحانی سوالات کے جواب تحریر کرنے کے کاغذ ۔

test pattern, n. (ٹیلی وژن) آواز کو ٹھیک کرنے کے لیے مقابل خطوط اور دائروں کی بندسی ترتیب یا ناقص سگنل کی وصولی کا سبب معلوم کرکے ٹیلی وژن کے پُرزوں کی مرمّت ۔

test pilot, n. ہوا باز جو نئے یا ترمیم شُدہ ہوائی جہاز کے آلات کی جانچ کے لیے آزمایشی پرواز کرے ۔

test tube, n. امتحانی نلی ؛ تجربہ نلکی (شیشے کی) جو رقیق مادوں کا سائنسی تجربہ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے؛ ٹیسٹ ٹیوب ۔ (صفت) تجرباتی نلی کا؛مصنوعی تخم ریزی کے نتیجے میں پیدا شُدہ ۔

testudinate, a. حدبی ؛ کچھوے کی پیٹھ کی طرح ڈھلواں ؛ ڈھال کا سا ؛ سنگ پُشتی ۔ (اسم) سنگ پُشت یا کچھوا ۔

testudo, n. سپر بند گاڑی : اس پر بہت وزنی آگ روک چھت ہوتی تھی جسے قدیم رُومی محاصرے کی کارروائی کے دوران اپنے سپاہیوں کی حفاظت کے لیے استعمال کرتے تھے ؛ سپربندی آڑ جو دفاع کا کام دیتی تھی ۔

testy, a. زُود حِس ؛ تُنک مزاج ؛ چڑچڑا ؛ بہت جلد غُصّے میں آ جانے والا ؛ زود رنج ۔

testily, adv. جھلا کر ؛ چڑچڑے پن سے ۔

testiness, n. تُنک مزاجی ؛ چڑچڑا پن ؛ جھلاہٹ ۔

tetanus, n. (امراضیات) ٹٹنس کی بیماری ؛ تشنج ؛ کُزاز ؛ چاندنی ؛ فک بستگی ؛ انقباض ؛ خاص قسم کے جراثیم جو زخم کے ذریعے جسم میں داخل ہوتے ہیں اور تشنج پیدا کرتے ہیں خاص طور پر گردن اور نچلے جبڑے میں ۔ دیکھیے : Lockjaw ۔ (جرثومیات) یہ مرض پیدا کرنے والا بکٹیریا ۔ (فعلیات) بار بار اور تیز مہیج سے تشنج کی کیفیت ۔

tetanic, tetanical, a. کُزازی ؛ تشنجی ؛ کُزاز سے متعلق ؛ کُزازی کیفیت پیدا کرنے والی دوا مثلاً کُچلے سے متعلق ۔

tetanize, v.t. (فعلیات) کُزازی کیفیت پیدا کرنا جیسے پٹھے وغیرہ میں ؛ تشنج لانا ۔

tetanization, n. کُزازیت ؛ تشنج کاری ۔

tetany, n. (امراضیات) نوبتی کُزاز ؛ نوبتی تشنج ؛ گاہے بگاہے پٹّھوں اور جوڑوں میں ہونے والا درد جو عام طور پر کیلسیمی نمکیات کے غذائی طور پر جزو بدن نہ ہونے کے نقص کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے ۔

tetartohedral, a. (قلمیات) رُبع سطحی قلم ؛ وہ بلورہ جس میں تشاکل کے لیے ایک چوتھائی سطحیں موجود ہوں۔ بمقابلہ:olohedral ؛ کامل السطحات قلم جس میں سطحوں کی پوری تعداد جو تشاکل کے لیے ضروری ہے ، موجود ہو۔

tetartohedrism, n. ربع سطحی قلمیت ۔

tetched, a. ذرا سا سودائی ؛ تنک مزاج ؛ نیم پاگل ۔

tetchy, techy, a. تنک مزاج ؛ چڑچڑا ؛ غصیلہ ؛ جھلاّ ۔

tetchily, adv. چڑچڑے پن سے ؛ جھلاّ کر ۔

tetchiness, n. چڑچڑا پن ؛ جھلاّہٹ ؛ جھلاپن ۔

tete-a-tete, a. پرائیویٹ ؛ خالص نجی ؛ دو شخصوں کے درمیان یا ان کے لیے بالکل ذاتی ؛ تخلیے کی ۔ (اسم) پرائیویٹ انٹرویو یا دوشخصوں میں رازداری کی گفتگو ؛ دو آدمیوں کے آمنے سامنے بیٹھنے کے لیے S شکل کا بنا ہوا صوفہ ؛ سرگوشی ؛ راز و نیاز ؛ دوبدو گفتگو ؛ آپس کی گفتگو ؛ راز یا خلوت کی باتیں ۔ (متعلق فعل) خلوت میں ؛ راز دارانہ گفتگو میں ۔

tete-beche, a. (ٹکٹ اندوزی) ڈاک کے دو جُڑواں مطبوعہ ٹکٹ جس میں سے ایک اُلٹا چھپا ہوا ہو۔

tether, n. بگا ؛ پالہنگ ؛ رسّا یا زنجیر جس سے جانور کو باندھ کر اُس کی حرکت کا دائرہ محدود کر دیا جاتا ہے ؛ اناگوڑی ۔ (مجازاً) کسی کے اختیار ، قابلیت یا وسائل کا دائرہ یا آخری حد ۔ (فعل متعدی) پالہنگ سے محدود رکھنا ۔

tetherball, n. پالہنگ گیند ؛ دو کھلاڑیوں کا کھیل جس میں بانس کے سِرے پر لٹکے ہوئے گیند کو ریکٹوں سے مارا جاتا ہے اور دونوں میں سے ہر کھلاڑی کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ بانس سے لٹکتی رسی کو مقابل کے کھلاڑی کی مخالف سمت میں لپیٹ دے ۔

tetra, n. ٹیٹرا مچھی ؛ گرم علاقوں کے تازہ پانیوں کی کیراسی (characidae) کی کوئی مچھلی جو عام طور پر مچھلی تالابوں میں نشوونما پانے کے لیے رکھی جاتی ہے ۔

tetrabasic, a. (کیمیا) چو اَساسی ؛ ایک قسم کا تیزاب جو چار ہائیڈروجن کے اجزا کی جگہ چار دوسرے اصلیوں سے بدل پذیر ہو۔

tetrabasicity, n. چو اَساسیت ؛ چہار بُنیادی حالت ۔

tetrabranchiate, a. (حیوانیات) چوخیشومی ؛ چوگلپھڑی : سرپایوں کی ذیلی قسم سے متعلق جن کے چار گلپھڑے ہوتے ہیں جیسے نقرئی حلزونہ کاغذی ۔ (اسم) چوخیشومی جانور ۔ نیز Tetrabranch ۔

tetrachloride, n. (کیمیا) ٹیٹرا کلورائڈ ؛ چوکلورینی ؛ کوئی مرکّب جو کلورین کے چار اجزا پر مشتمل ہو ۔

tetrachord, n. (موسیقی) چوتارا ؛ آٹھ سُرے سرگم میں سے چار سُر کا سرگم جس کا پہلا سُر چوتھے مکمل سُر کے ذریعے آخری سُر سے علیٰحدہ ہوتا ہے ؛ دانگ۔

tetracid, n. (کیمیا) چَو تُرشہ ؛ چو تیزابہ ؛ ایسی بُنیاد جو کثیرالاساسی تیزاب کے چار اجزا کے ساتھ ملنے کے قابل ہو ؛ چوگرفتہ ۔

tetracycline, n. (علمِ ادویہ) ٹیٹرا سائیکلین : ضد حیوی دوا ؛ زرد رنگ کا قلمی سفوف جو کہ کیمیاوی عمل سے مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے یا زمینی عُصیات میں قدرتی طور پر بھی مِل جاتا ہے۔

tetrad, n. چوکڑی ؛ چارچیزوں کا مجموعہ ؛ چار کا عدد ؛ چوکا۔ (کیمیا) سہ گرفتہ یا چہار گرفتہ عنصر ، جوہر یا اصلیہ ۔ (حیاتیات) چہار اجسام لونیہ کی ترتیب جو تخفیفی انقسام کے دوران عمل میں آئی ہو۔

tetradic, a. چَوگرفتہ۔

tetradymite, n. (معدنیات) بسمت کا مرکب ، عام طور پر درختوں کے جُھنڈ وغیرہ میں بنتا ہے ، بھورے فولادی رنگ کا ہوتا ہے اور شفاف معدنی چمک رکھتا ہے۔

tetradynamous, a. (نباتیات) چو جُفت نرہ ؛ چو طاقتہ ؛ ان پھولوں کے بارے میں جن کے چھ ریشہ ہائے زر ہوتے ہیں، چار لمبے اور دو چھوٹے۔

tetraethyl, a. (کیمیا) جو چار ایتھائل (ethyl) گروہوں پر متشمل ہو۔

tetraethyl lead, lead tetraethyl n. (کیمیا) رقیق مادہ جو روغنی ، بے رنگ اور زہریلا ہوتا ہے ۔انجنوں کی کھٹ کھٹ بند کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

tetragon, n. (جیومیٹری) ذوارِبعة الزوایا ؛ چوگوشہ ؛ چہار زاویہ ؛ چار زاویوں کی ہندسی شکل ؛ مستطیل ؛ چار دیواری احاطہ ؛ چو ضلعی شکل۔

tetragonal, a. چار گوشہ ؛ چہار زاویائی ؛ چوگوشہ۔

tetragonally, adv. چار گوشیہ انداز میں۔

tetragonalness, n. چہار زاویت ؛ چارگوشیت۔

tetragonal system, n. (قلمیات) چوگوشہ نظام ؛ چہار زاویائی نظام ؛ بلوریں مربعے یا مستطیلیں جن کے خطِ فارق ایک دوسرے کے عموداً واقع ہوں ، ان میں سے دو خط طول میں برابر لیکن سمت الراس والے خطوط سے چھوٹے ہوں۔

Tetragrammaton, n. چوحَرفی اسم خداوندی ؛ عبرانی زبان کا لفظ جو JHVH یا YHWH کی شکل میں لکھا جاتا ہے اورانگریزی میں ، Jehovah تحریر کیا جاتا ہے ، اس سے مُراد خدا کا ایسا نام ہے جو حدِ بیان سے باہر ہو۔

tetrahedral, a. چوسطحی ؛ چہار سطحی ؛ چار سطحوں والی شکل کا ؛ جس کی چار سطحیں ہوں۔

tetrahedrally, adv. چارسطحوں سے۔

tetrahedrite, n. خاکی کج تانبا ؛ خاکی یا کالے رنگ کی فلزیّاتی چمک والی معدنی شے جو تانبے ، سُرمے اور گندھک کی آمیزش سے ترکیب پاتی ہے اور چاندی کا عُنصر بھی عموماً اس میں شامل ہوتا ہے ، بڑے بڑے چوکور دانوں یا ڈھیروں میں پایا جاتا ہے ، کچّی چاندی کا اہم عُنصر ہے۔

tetrahedron, n. (جیومیٹری) چو سطحہ مجسّم ؛ ذُو اَربعة السُطُوح۔

tetrahydrate, n. (کیمیا) چوآبی ؛ مرکّب جس میں پانی کے چار سالمے ہوں۔

tetrahydrated, a. چوآبیدہ ؛پانی کے چار سالموں (molecules) سے ترکیب دیا گیا یا بنا ہوا۔

tetrahydroxy, a. (کیمیا) چار ہائڈراکسی گروہوں والے سالمے کا یا اس سے متعلق۔

tetralogy, n. چہار پارہ ؛ چوبیاضہ ؛ ایک دوسرے سے متعلق چار فن پارے جیسے ادب، موسیقی، آرٹ وغیرہ کا سلسلہ ؛ چار ڈرامائی تحریروں کا مجموعہ جن میں سے تین المیہ اور ایک طنزیہ انداز کی ہوتی تھی ، قدیم آرتھینیئن دور میں یہ ڈرامے دیونیسی میلے کے دوران اسٹیج پر اکٹھے دکھائے جاتے تھے۔

tetramer, n. (کیمیا) چَوجا ؛ چار سادہ سے یکساں سالموں سے مِل کر بننے والا بڑا سالمہ۔

tetramerous, a. چوجائیہ ؛ چار حِصّوں والا ۔ (نباتیات) چارچار حِصّوں میں بٹے پھولوں والا۔

tetrameter, n. (عروض) مربع بحر؛ چاررُکنی بحر کا مصرع ؛ چار رُکنی بحر میں لکھی ہوئی نظم کا شعر؛ چار رکن کا شعر۔

tetrandrous, a. (نباتیات) چونرہ ؛ چار زر ریشی ؛ گُل چہار زر؛ وہ پُھول یا پودے جن میں چار زر بَر ہوں۔

tetrapetalous, a. (نباتیات) چو پنکھڑیا ؛چہار گلبرگہ ؛ چار پنکھ یا چار پنکھڑیوں والا پُھول یا پودا ؛ چوپتیا۔

tetraploid, a., n. چولونیہ ؛ یک لونیہ کی بجائے چولونیوی کے ساتھ ؛ ایک لا کی جگہ چہار لا کے ہمراہ ؛ یک لونیہ (haploid) کی بجائے چار لرنیے ملا کر۔

tetrapod, a. چوپایہ ؛ چہار پا ؛ حشرہ ، جس کے تعلیقی پنجے ہوں جیسے تتلی۔

tetrapterous, a. (حشریات) چہار جناحی ؛ چہار بازو والا ؛ چَوپَرا۔ (نباتیات) چہار پتیا جیسے چار پَر نما پتّوں والے بعض پھل ہوتے ہیں۔

tetrarch, n. حاکم چوتھ ؛ حاکم رُبع ؛ رُبع صُوبے یا ضلع پر حکومت کرنے والا ؛ جو کسی علاقے کے چوتھائی حِصّے کا حاکم ہو جیسے صوبہ یا ضلع کے چوتھائی حِصّے کا ؛ وہ جس کے اختیارات دوسرے کے ماتحت ہوں ؛ آغاز میں صوبے کے ایک چوتھائی حِصّے کا رُومی حاکم۔

tetrarchate, tetrarchy, n. چوتھائی یا رُبع صُوبہ کی حاکمیت۔

tetrachic, a. صُوبے کی ایک چوتھائی حاکمیت کے متعلق۔

tetraspore, n. (نباتیات) چَوبذرہ ؛ ایک غیر جنسی تخمک جوچار چار کے مجموعے میں ہوتا ہے اور سرخ اور بھوری بحری کائی کے تخمک دان میں تخفیفی انقسام کے بعد پیدا ہوتا ہے۔

tetrasporic, tetrasporous, a. چو بذروی۔

tetrastichous, a. (نباتیات) چہار منزلہ ترتیب ؛ چَو قطارہ ، جسے پھولوں کو لمبی سلاخ پرچار عمودی قطاروں میں ترتیب دیا گیا ہو ؛ گُچھوں کی طرح ایک ہی لمبے ڈنٹھل کے ساتھ۔

tetratomic, a. (کیمیا) چہار جوہرہ ؛ چوجوہرہ ؛ چار جوہروں والا سالمہ ؛ جس میں چار متبادل جوہر یا گروپ ہوں ؛ چوگرفتہ۔

tetravalent, a. (کیمیا) چوگرفتہ۔

tetrode, n. (برقیات) چَو بَرقیرہ ؛ چار برقیروں والی خلائی نلکی جس میں عام طور پر زبـر برقیرہ (مُثبیرہ) ، زیربـرقیرہ (مَنفیرہ) اور دو ضابط برقیرے ہوتے ہیں۔

tetroxide, n. (کیمیا) چوکشتہ ؛ ٹیٹرواکسائڈ؛ چَوآکسائڈ ؛ آکسائڈ جس کے سالمے میں آکسیجن کے چار جوہر پائے جائیں۔

tetryl, n. (کیمیا) بہت زیادہ حساس بھک سے اُڑ جانے والا مادہ جو ہلکی پیلی قلموں کی شکل میں بنتا ہے اور جسے عام طور پر دھماکا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

tetter, n. جمرہ ؛ بُثُور ؛ کوئی سی جِلدی بیماری جیسے نملہ (herpes) ، عَصفہ (impetigo) ، داد ، کھجلی وغیرہ۔

Teuton, n. ٹیوٹن ؛ ٹیوٹانی ؛ قدیم جرمن لوگ جو شمالی جرمنی کے علاقے جٹ لینڈ میں تقریباً ۲۰۰ ق م سے پہلے آباد تھے ؛ ٹیوٹانی قوم کا فرد خصوصاً المانوی۔

Teutonic, a. ٹیوٹانی ؛ المانوی ؛ قدیم ٹیوٹن قوم کا یا اس کے متعلق ؛ شمالی یورپ کے لوگوں جیسے جرمنوں ، انگریزوں ، اسکنڈے نیویوں ، ولندیزیوں اور دیگر متعلقہ گروہوں کا ، ان سے متعلق یا ان کے سلسلے میں ؛ جرمن زبانوں کا یا ان کے بارے میں۔ (اسم) جرمانی زبان۔

Teutonically, adv. ٹیوٹانی طور پر ؛ المانوی طریقے سے۔

Teutonism, Teutonicism, n. ٹیوٹانیوں یا جرمنوں کا تمدن اور ان کی تہذیب و ثقافت ؛ یہ عقیدہ کہ ٹیوٹانی یا جرمن اعلیٰ قوم ہیں ؛ وہ رواج یا رسم جو ٹیوٹانی جرمنوں سے مخصوص ہو ؛ جرمنیت۔

Teutonist, n. ٹیوٹانی قوم کا حامی ؛ جرمن قوم کے اعلیٰ ہونے کا عقیدہ رکھنے والا شخص۔

Teutonization, n. ٹیوٹانی سازی ؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھانے کا عمل۔

Teutonize, v.i., v.t. ٹیوٹانی یا جرمن ہو جانا یا بنالینا ؛ جرمن بنانا۔

texas, n. [امریکا کی ریاست ٹیکساس کے نام پر] ٹیکساس ؛ دُخانی کشتی یا جہاز کے سب سے اُوپر کے عرشے پر بنے ہوئے چھوٹے چھوٹے کمرے جو افسروں کے لیے مخصوص ہوتے ہیں اور اوپر چھت پر بالکل سامنے ملاح یا جہاز کے کپتان کے رہنے کا کمرہ ہوتا ہے۔

Texas fever, n. ٹیکساسی بخار ؛ گول پُھنسیوں والا بخار ؛ مویشیوں کو لگ جانے والی ایک متعدی بیماری جو طفیلی نُخز حوینی سے پیدا ہوتی ہے اور عضلی تشنج کے ذریعے مریض جانوروں سے تندرست جانوروں کو بھی لگ جاتی ہے اور خون کے سُرخ جسیمے تباہ کر دیتی ہے۔

Texas leaguer, n. [امریکا کی ریاست ٹیکساس میں بیس بال کلبوں کی انجمن کے تعلق سے] (بیس بال) بیس سے مارا جانے والا اُڑتا اور لہراتا ہوا گیند جو اندر اور باہر کے کھلاڑیوں سے درمیانی فاصلے پر آکر گرے۔

Texas Ranger, n. ریاست ٹیکساس کی گُھڑ سوار پولیس کا رُکن یا افسر ؛ ابتداً ، نو آباد کاروں کا کوئی گروہ جو متحد ہو کر سرحدوں کو انڈینوں کے حملوں اور لاقانونیت سے بچاتا تھا۔

Texas Tower, n. سمندر کی تہ میں بنائی ہوئی بُنیاد پر اُستوار راڈار پلیٹ فارم جو ہوائی حملے سے خبردار کرنے کی دور دور تک اطلاع پہنچانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

text, n. متن ؛ نَص ؛ مطبوعہ یا لکھی ہوئی کتاب کے دیباچے ، تصاویر ، حواشی وغیرہ سے قطع نظر کتاب کا اصل متن ؛ مصنّف کے اپنے اصل الفاظ جو تفسیر ، ترجمہ یا اس قبیل کے نہ ہوں ؛ مطبوعہ کتاب یا مسودے کی شکل میں لکھے ہوئے ہوبہو وہی الفاظ ؛ مصنّف کے اصل الفاظ کے نمائندہ کی حیثیت سے مدیر کا تدوین کردہ متن ؛ مضمون یا موضوع ؛ ترانے یا گیت کے الفاظ ؛ نصابی کتاب ؛ کتاب مقدس کی کوئی آیت یا آیات جو کسی وعظ یا بحث و مباحثے کے موضوع کے طور پر منتخب کی جائیں ؛ مقدّس کتابیں یا ان کی کوئی شکل یا ترجمہ ، بیان و روایت ؛ بڑے حرفوں کا ٹائپ ؛ لمبے لمبے لفظ لکھنے کا طریقہ ، لمبا اندازِ تحریر ؛ نص الکتاب ؛ اصل عبارت ؛ اصل لفظ۔

textbook, n. نصابی کتاب ؛ طلبہ کے مطالعے کے کسی خاص علمی شعبے کی درسی کتاب ؛ تعلیمی کتابچہ ؛ درسی کتاب۔

textbookish, a. درسی کتاب کا یا اس سے متعلق یا اس میں سے۔

text edition, n. نصابی ایڈیشن ؛ کتاب کی اشاعت جو تعلیمی اداروں میں استعمال کے لیے چھاپی جائے اور کاروباری اشاعت کے مقابلے میں ارزاں فروخت ہو۔

text hand, n. خط جلی ؛ اسلوبِ تحریر یا اندازِ نگارش جس میں لفظوں کو بڑے عمدہ طریقے اور کمال احتیاط سے بنا بنا کر لکھا جاتا ہے ؛ بڑے حروف کی لکھائی۔

textile, a. بافتہ ؛ منسوج ؛ بُنا ہوا یا بُنے جانے کے قابل ؛ بُن کر بنایا ہوا ؛ بُنائی سے متعلق ؛ بافتنی۔ (اسم) بُنا ہوا کپڑا ، پارچہ ؛ بافتہ ؛ مَنسُوج ؛ پارچہ بافی سے متعلق کوئی چیز جیسے دھاگا یا سُوت۔

textual, a. نَصّی ؛ مَتنی ؛ متن کا یا متن سے متعلق (جیسے : Textual criticism) ؛ کتاب مقدّس کے متن پر مبنی یا اُس کے مطابق ؛ لفظ بہ لفظ ادا یا شائع شدہ۔

textually, adv. متن کے لحاظ سے۔

textual criticism, n. تنقید متن ؛ ادبی مطالعہ یا جائزہ جس سے انجیل مقدس کے اصل متن سے متعلق صحیح الفاظ کی تحقیق ہو سکے ؛ ادبی کتابوں کے متون پر نقد و تبصرہ جو متن کے محتاط مطالعے پر مبنی ہو۔

textual critic, n. متن پر تنقید کرنے والا ؛ ناقدمتن ؛ متنی نقاد۔

textualism, n. متن سے سخت وابستگی خاص طور پر الہامی کتابوں کے متون سے ؛ بائبل کے متن کا تنقیدی جائزہ۔

textualist, n. لفظ پرست ؛ متن شناس ؛ وہ شخص جو مقدّس کتابوں کے متون سے بخوبی واقف ہو ؛ جو لفظاً اور معناً لفظوں کی پابندی کرے خاص کر مقدّس کتابوں کے متن کی۔

textuary, n. دیکھیے : Textualist ۔ (صفت) متنی۔

texture, n. بناوٹ ؛ بافت ؛ بنت ؛ نسیج ؛ دھاگوں ، ریشوں یا اسی نوع کے تاروپود کی مخصوص بافتی کیفیت ؛ کسی چیز کے ترکیبی اجزا کی مخصوص کیفیت بنالینے کی استعداد (جیسے : Soil of heavy texture, cake with a fine texture) ؛ ڈھانچا یا ساخت عام طور پر۔ (فنونِ لطیفہ) سطح کاری ، کسی چیز کی سطح کی پیشکش جیسے تصویر وغیرہ میں ، خاص کر جلد ، بال ، سمور وغیرہ کی سطحوں کی ؛ کسی فن پارے کی سطح کا ڈھانچا ؛ تاروپود ؛ نسّاجی کا فن یا طریقہ ؛ بُنت سے تیّار شدہ کوئی چیز ؛ بافتہ کپڑا۔ (فعل متعدی) بنت کرنا ؛ تاروپود کی صورت میں لانا۔

textural, a. ساختی ؛ بافتی ؛ ساخت یا بافت کے متعلق ؛ نسیج سے تعلق رکھنے والا۔

texturally, adv. ساخت یا بُنت کے لحاظ سے۔

textured, a. ساختہ ؛ بافتہ ؛ نسیجی ۔

T formation, n. (فُٹ بال) ٹی ترتیب ؛ ٹیم کی اس طرح جارحانہ ترتیب کہ کوارٹر بیک کھلاڑی سنٹر کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے ، فُل بیک کوارٹر بیک کے پیچھے اور دونوں ہاف بیک فُل بیک کے دائیں اور بائیں ہوتے ہیں ۔

Thai, Tai, n., a. تھائی لینڈ کا ؛ سیامی؛ سیام یا تھائی لینڈ کا باشندہ ؛ تھائی لینڈ کی سرکاری زبان اور عوامی بولی؛ کدائی گروپ کی زبانوں کی ایک شاخ جس میں لاؤ ، شان اور تھائی بولیاں شامل ہیں ۔

thalamencephalon, n. (تشریح الاعضا) میانِ دماغ ؛ دماغ کا وہ حصہ جو پیش دماغ کے پیچھے واقع ہو اور جس میں عصبۂ بصر نیز غُدّہ صنوبری موجود ہوتا ہے ۔

thalamencephalic, a. میانِ دماغ کا یا اس سے متعلق ۔

thalamus, n. (تشریح الاعضا) مبداءِ عَصَب ؛ وسط دماغ کا بھورے مادے پر مشتمل حِصّہ جو حِسّی تحریکات مغز تک پہنچاتا ہے ۔ (شاذ ، نباتیات) پُھول کا خانہ ؛ بُقچۂ گُل ؛ سریر گُل یا مسند گُل ۔

thalamic, a. مبداءِ عصب یا بُقچۂ گل کا ۔

thalamically, adv. مبداءِ عصب یا بقچۂ گُل کے طریقے سے ۔

thalassic, a. بحیری ؛ بحر سے ممیز ؛ بُحیرہ میں نشوونما پانے ، رہنے اور ملنے والا ؛ دریائی ؛ آبی ؛ بحیرہ باش ۔

thallium, n. (کیمیا) تھیلیئم ؛ ایک کمیاب دھاتی عُنصر جو نرم اور متورق ہوتا ہے اور سیسے سے ملتا جُلتا ہے ، اس کے اجزا زہریلے ہوتے ہیں ۔ علامت : Ti ۔

thallic, a. تھیلیئم والا ؛ جس میں تھیلیئم موجود ہو ۔

thallophyte, n. تالوسی پودا ؛ ایک قسم کا پودا جو سمندری ، دریائی ، آبی اور شجری کائیوں ، بکٹیریا نیز فطر وغیرہ سے ترکیب پاتا ہے ۔

thallophytic, a. تالوسی پودے کا ۔

thallous, thallious, a. (کیمیا) کم گرفت تھیلیئم جس میں آکسیجن کی مقدار کم ہوتی ہے ۔

thallus, n. (نباتیات) تالوس ؛ اُشنہ ؛ کائی ؛ ایک قسم کا نباتی جسم ، جس میں جڑ ، تنے اور پتّے کی تمیز نہ کی جا سکے جیسے تالوسی پودا ۔

thalloid, a. تالوس نما ۔

than, conj. بمقابلہ ؛ بہ نسبت ؛ مقابلے یا اختلاف ظاہر کرنے کا لفظ جو بعض اسمائے صفاتی اور متعلقات فعل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے تاکہ متقابل کا تعارف ہو سکے جیسے زیادہ ، بہتر ، دیگر ، ورنہ ، سے ، از ، کہ (جیسے : He scarcely started than he had to leave)۔(حرف جار) بمقابلہ ۔

Thanatos, n. [یونانی اساطیر میں موت کے دیوتا سے] غانقاریا ؛ خُورہ ۔ (تحلیل نفسی) فرائڈ کے نظریے میں موت کی جبلّت ۔

thane, thegn, n. انگلستان کی قدیم تاریخ میں موروثی امرا اور عوام کے درمیان کا شخص جسے فوجی خدمات کے عوض بادشاہ یا حاکم کی طرف سے جاگیر عطا ہوئی ہو یا امیرزادے کے مرتبے کا شخص جس کے پاس شاہی اراضی ہو ؛ قبیلے کا سردار یا چودھری جو بادشاہ کا درباری بن جائے ؛ تعظیمی قدیم لقب جیسے نواب ۔

thaneship, n. امارت ؛ جاگیرداری ؛ درباداری ؛ منصب داری ۔

thank, v.t., v.i. شکریہ ادا کرنا یا شکر گزار ہونا ؛ الزام تھوپنا ، ذمّہ دار ٹھہرانا (حقارت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے : He is to thank for the team's loss) ۔

thanker, n. شکریہ ادا کرنے والا ؛ شکر گزار ۔

thankful, a. شکر گزار ؛ شاکر ؛ ممنون ؛ احسان مند ؛ ممنونِ احسان ۔

thankfully, adv. شکریے کے ساتھ ۔

thankfulness, n. شکریہ ؛ احسانمندی ؛ ممنونیت ؛ امتنان ۔

thankless, a. ناشکرا ؛ احسان ناشناس ؛ احسان فراموش ؛ جو شکریے کے دو بول کا بھی سزاوار نہ ہو ۔

thanklessly, adv. ناشکرگزاری سے ؛ ناسپاسی سے ۔

thanklessness, n. ناشکرگزاری ؛ ناسپاسی ۔

thanks, n. (جمع) کسی مفاد یا احسان مندی کے عوض شکریے اور ممنونیت کا اظہار (جیسے : a smile of thanks) ؛ (لفظی) 'میں آپ کا شکر گزار ہوں' (جیسے : Thanks for your help) ۔ (فجائیہ) شکریہ (جیسے : I thanks you) ۔

thanks to, بدولت ؛ کی وجہ سے ۔

thanks giving, n. شکر گزاری ؛ اظہارِ تشکر کا عمل ؛ کرم فرمائیوں کا شکرانہ ؛ اللہ کی بارگاہ میں ادائے شکر ؛ احساناتِ خداوندی کا شکریہ بجا لانے کے لیے عوامی جشن ۔ (بڑے T سے) یوم تشکر ۔

Thanks giving Day, n. یوم تشکر ؛ امریکا میں قومی تعطیل کا وہ دن جو اللہ کا شکر ادا کرنے کے لیے مقرر ہے ، عموماً ماہِ نومبر کی چوتھی جمعرات ، اسی نوع کی قومی تعطیل کینیڈا میں بھی ماہِ اکتوبر کے دوسرے سوموار کو منائی جاتی ہے ۔

thankworthy, a. شکریے کے قابل ؛ احسان مندی کے لائق ؛ واجب الشکر ۔

thank-you, a. اظہار تشکر (زبانی یا تحریری) (جیسے : thank-you letter) ۔

that, a. یہ ، وہ : پہلے جو ذکر آچکا ہو یا اُس کا مفہوم واضح ہو چکا ہو (جیسے : that man) ؛ یہ کے مقابل جگہ ، وقت یا غور و فکر کے لحاظ سے مقابلۃً دور (جیسے : I was talking about this year , but you were thinking about that year) ۔ (ضمیر) وہ ؛ اس ؛ جو ؛ کوئی شخص یا چیز جو پہلے مذکور ہو چکی ہو یا سمجھی جا چکی ہو ؛ اسم اشارہ (جیسے : We talked about that yesterday) ؛ اِس کے مقابلے میں کسی شخص یا چیز کا دُور فاصلے پر ہونا ، اکثر بغیر اسم کے اشارے کی صورت میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : When this happens, that will surely follow) ؛ کوئی بات ؛ غیر معیّن اور غیر معلوم کوئی خاصیت یا شے (جیسے : That is the thing I don't like about him, What is that?) : اکثر ضمائر موصولہ کے طور پر (جیسے : who, when, whom, which) اور خصوصاً جملہ شرطیہ یا بیانیہ بنانے کے لیے (جیسے : the subject that we were talking about)۔(متعلق فعل) اسی حد ، درجے اور مقدار تک ؛ اس لیے (جیسے : I will not go that far, I will not pay that much) ۔ (حرفِ عطف) کہ ؛ اس واسطے کہ ؛ کیونکہ ؛ تا ؛ تاکہ ؛ تابع جملے کو اصل جملے سے ملانے کے لیے اکثر

اتنے میں ؛ کس حد تک ؛ اس حد تک ؛ متعلق فعل کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے کبھی نسبتی اور کبھی اشارتی شکل میں (جیسے : the more the merrier , the sooner the better) ۔

thearchy, n. حکومت الٰہیہ یا کسی دیوتا کی حکومت ؛ مذہبی حکومت ؛ دیوتاؤں کا طبقہ یا سلسلہ یا دیوتا شاہی ۔

theater, theatre, n. تھیٹر ؛ نوٹنکی ؛ ناٹک گھر ؛ منڈوا ؛ ڈرامے ، ناٹک یا فلمیں دکھانے کے لیے کوئی عمارت ، اُس کا حصّہ یا باہر کوئی کُھلی جگہ ؛ منڈپ ؛ تماشہ گاہ ؛ تقریروں ، جسمانی مظاہروں اور عمل جرّاحی کے لیے کمرہ جہاں زینہ بہ زینہ ، بلند ہوتی ہوئی نشستیں ہوتی ہیں ؛ فنون لطیفہ کی شاخ کے طور پر ڈرامے کے پیشکش ؛ ڈرامائی نوعیت یا اس کا تاثر (جیسے : wonderful theater)؛ جگہ یا مقام جہاں اہم واقعات رُونما ہوں (جیسے : the European theater of war) ۔

theatergoer, theatregoer, n. تھیٹر دیکھنے کا شوقین ؛ ناٹک کا رسیا ۔

theatergoing, n., a. تھیٹر بیں ؛ تھیٹر دیکھنے والا ۔

theater-in-the-round, n. تھیٹر گاہ ؛ ناٹک میدان ۔

Theater of the Absurd, n. (بعض اوقات چھوٹے t سے) لغویات کا ناٹک ؛ بیسویں صدی میں بازاری موضوعات ، کرداروں اور رسموں پر مشتمل ڈراموں کی پیشکش کا انداز جو اس نظریے کے عکّاس ہوتے ہیں کہ حقیقت غیر متعلق واقعات کا بے معنی اجتماع ہے جسے انسان نے بیان کرنے یا اُسے مرتب شکل میں ڈھالنے کی خاطر اپنی بیکار کوششوں سے لغو یا بے معنی بنا دیا ہے ۔

theatrical, theatric, n. ناٹکی ؛ تھیٹر یا منظر نمائی سے متعلق ؛ تھیٹر یا اسٹیج پر کھیل تماشے کو ذہن میں لانے والا (جیسے : to make a theatrical enterance) ؛ نمایش کی غرض سے ؛ بھڑک دار ؛ تصنع آمیز ؛ دکھاوے کا ۔

theatricals, n. (جمع) ڈرامائی پیشکشیں خصوصاً اتائیوں کے ناٹک ۔

theatricalism, theatricality, n. ناٹکی ،تھیٹر پن ؛ تصنع ، بناوٹ ۔

theatricalize, v.t. تھیٹر بنا دینا ؛ تھیٹر کا رنگ پیدا کر دینا ؛ ناٹک بنانا ۔

theatrically, adv. ناٹکی طور پر ؛ تھیٹر کے رنگ میں ؛ تصنّع یا بناوٹ کے طور پر ۔

theatrics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ڈرامہ پیش کرنے کی استعداد یا قابلیت ؛ جذباتی تاثر پیدا کرنے میں اداکاروں کی مہارت ۔ (ترکیب میں جمع) بناوٹی عموماً جذباتی عمل یا تقریر جو ڈرامائی تاثر پیدا کرنے کے لیے ہو ۔

theca, n. جھلی یا خول وغیرہ ۔ (حیوانیات) خول نما ریشے جن میں عضوی ڈھانچے ملفوف ہوں جیسے کسی کیڑے کی مُودار تہ ۔ (نباتیات) زیرۂ گُل ؛ زردانہ کی تھیلی ؛ زر ریشہ ؛ حامل زر لفہ ؛کیسۂ زر ؛ غلاف صُرّہ ۔

thecal, thecate, a. غلافی ؛ جھلی یا خول والا ؛ زیرہ دار ۔

thee, pron. تُو ؛ تجھ ؛ thou کی مفعولی اور ظرفی حالت ؛ امریکا میں جارج فاکسن کی قائم کردہ انجمن خائفین (Quakers) کے اراکین میں thou فقرے کے فاعل کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا (جیسے : Thee hears my prayers) ۔

استعمال کیا جاتا ہے جیسے وجہ ، غرض ، نتیجہ ظاہر کرنے اور فعل کو فاعل اور مفعول مہیّا کرنے کے لیے (جیسے : He went that I might stay ; We knew that he was gone ; He is so weak that he cannot stand Speak that I may hear,) ؛ تمنّا یا خواہش کے اظہار کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے : would that I were there) ۔

thatch, n. قدرتی گھاس پُھوس ، خاروخس ، درختوں کی لکڑی ، ٹہنیاں یا پرال وغیرہ جس سے گھروں پر چھت ڈالی جائے نیز : thatching ؛ چھپّر ؛ کھڑ ؛ پوال ؛ پھونس ؛ چھپر کے بال ؛ اسی قسم کی حفاظتی پوشش ؛ اس پوشش کے مشابہ کوئی شے (جیسے : a thatch of white hair) ۔ (فعل متعدی) گھاس ، پرال وغیرہ کی چھت ڈالنا یا چھپّر چھانا ، پاٹنا ۔

thatcher, n. پرال کی چھت ڈالنے والا ؛ چھانے والا ؛گھرامی ؛ چھپر بند ۔

thatchy, a. جس پر چھپّر کی چھت ہو ؛ چھپّر چھتی ۔

thaumaturgy, n. جادو گری یا معجزہ کاری ؛ خرق عادت ؛ جادو ؛ شعبدہ بازی ؛ ڈھٹ بندی ۔

thaumaturge, thaumaturgist, n. جادوگر ؛ ساحر ؛ شعبدہ باز ۔

thaumaturgic, thaumaturgical, a. جس میں جادو ہو ؛ سحر انگیز ؛ جادوئی ۔

thaw, v.i. پگھلنا ؛ گُھلنا ؛ حرارت پہنچا کر اکڑاہٹ یا سُن ہونے کی حالت دور کرنا ؛ منجمد حالت سے رقیق یا نیم رقیق حالت میں بدل جانا (اکثر out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ موسم میں اتنی گرمی کا ہونا کہ برف پگھلنے لگے ۔ (مجازاً) کم سنجیدہ ، پُر تکلف یا سرد مہر ہونا ۔ (فعل متعدی) پگھلانا جیسے جمی ہوئی کسی شے کو ؛ کم سرد مہر یا کم سنجیدہ بنانا ۔ (اسم) پگھلنے کا عمل یا پگھلاہٹ ؛ گرما کا موسم جو برف پگھلا دیتا ہے ؛ سرد مہری یا تکلّف میں کمی ۔

the, def.,art.. خاص ؛ وہ ؛ جس ؛ عموماً اسمائے نکرہ سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے تخصیص یا تعریف کے معنوں میں بمقابلہ عمومیت (جیسے : the day we met- the book you borrowed,) ؛ ایسے علامتی اسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے جو کسی چیز یا شخص کے معروف یا منفرد ہونے کی نشاندہی کرے (جیسے : the Alps) ؛ کسی خطاب کے ساتھ یا بطور حصّہ بھی مستعمل ہے (جیسے : the President of the U.S.)؛ بعض اوقات اسم کے ساتھ تفصیل کُلی کی دلالت کے طور پر مستعمل ہے (جیسے : the man for the job) ؛ اسم کے پہلے آ کر کبھی نوع کے معنی دیتا ہے (جیسے : a region in habited by the lion) ؛ اسم صفت سے پہلے آ کر اسم مجرّد کے معنی پیدا کر دیتا ہے (جیسے : to heal the sick, the sublime)؛ تقسیمی طور پر per, an a یا each کی جگہ بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے : Sold at one dollar the pound) ؛ کبھی مضاف الیہ کی صورت میں جسم یا لباس سے متعلق کسی چیز کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : a shot in the arm,) ۔ (بول چال) مضاف الیہ کی جگہ استعمال ہوتا ہے ، ایک خاندان کے فرد کو متعارف کرانے کے لیے (جیسے : the wife) ۔

the, adv. میں یا اُس سے ؛ اُس وجہ سے ؛ کسی قدر ، کسی درجے میں ؛ اسم صفت یا متعلق فعل کو تقابلی درجے میں لانے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے : He is taking care of himself and looks the better If you start now, you will be back the sooner ; His shirt is none the worse for wear)؛کتنے میں ؛

theelin, n. دیکھیے : estrone ـ

theelol, n. دیکھیے : estriol ـ

theft, n. چوری ؛ کسی کے مال کو ناجائز طور پر اٹھا لے جانے کا عمل ؛ چُرانے کا عمل ؛ سرقہ ؛ دُزدی ـ

thegn, n. دیکھیے : Thane ـ

thegnly, a. جاگیر دارانہ طریقے پر ـ

theine, thein, n. [چائے کے پودے کا جنسی نام] تھین ؛ قہویہ ؛ القلی نُما شے جو چائے میں ہوتی ہے اور کیمیائی رُو سے وہ (کیفین) (caffeine) سے مشابہ ہے جو کافی (coffee) میں پائی جاتی ہے ـ

their, a. اُن کا یا اُن سے متعلق ؛ مضاف الیہ کے صیغہ جمع غائب they کی نسبت سے ـ

theirs, pron. جو کسی خاص جماعت کا یا اس سے متعلق ہو (جیسے : theirs was lost but I found mine) ؛ اثباتی طور پر they کی تملیکی حالت (جیسے : It was theirs,I took theirs) ـ

of theirs, کسی خاص گروپ کی ملکیت یا اُس سے متعلق (جیسے : that cat of theirs) ـ

theism, n. توحید پرستی ؛ ملحدانہ نظریے کے خلاف یہ مذہبی عقیدہ اور فلسفیانہ نقطۂ نظر کہ انسانی وجود ، وجود باری تعالی کا مرہونِ منت ہے ؛ وحدت الوجود کا نظریہ ؛ بہت سے خداؤں کو ماننے کی بجائے وحدانیت کا تصور ؛ یہ نظریہ کہ خدائے واحد تمام حقیقتوں کا عمیق اور ارفع راز ہے اور ساتھ ہی ہر عمل کی خلقی ، فطری حقیقت ہے ؛ برعکس عقیدۂ ہمہ اوست اور الہ پرستی کے ؛ ہمہ اوست کی بجائے ہمہ از اوست کا نظریہ ؛ الوہیت کا اعتقاد ؛ خدا پرستی ـ

theist, n. مؤحد ؛ خدا کے وجود اور وحی کا قائل ؛ خدا کی پرستش کرنے والا ـ

theistic, theistical, a. توحید پرستانہ ؛ خدا پرستی کا ـ

theistically, adv. توحید پرستانہ طور پر ؛ خدا پرستی کے عقیدے سے ؛ وحدت الوجود کے طور پر ـ

them, pron. انھیں ؛ ان کو ؛ انھی کو ؛ They کی مفعولی حالت (جیسے : I was with them last week) ؛ اُن سے ـ

theme, n. موضوع ؛ مطلب ؛ گفتگو اور بحث کا موضوع ؛ لکھنے کے لیے کوئی مضمون یا عنوان ؛ طالب علم کو دیے گئے مضمون پر لکھوائی گئی مختصر مشق ـ (موسیقی) گیت ، نغمے یا نرت کاری میں اصل موضوع ؛ کسی نئے نغمے کے متن یا مضمون کے لحاظ سے منتخب سُروں کا سلسلہ جیسے موضوع اور سُروں کا اُتار چڑھاؤ ؛ موسیقی کے نقشے میں آواز کے اُتار چڑھاؤ کے لیے عمودی خطوط ـ

thematic, a. موضوعی ؛ موضوعی نغمے کا ؛ منتخب سُر کا ؛ اصل یا مادے کا ـ

thematically, adv. موضوع کے لحاظ سے ؛ منتخب سُر کے اعتبار سے ؛ اصل یا مادے کے طور پر ـ

theme song, n. غنائی تمثیل یا اوپیرا کا وہ غالب نغمہ جو پوری تمثیل اور اُس کے مزاج کا عکاس ہو ؛ ٹیلی وژن یا ریڈیو پروگرام شروع ہونے سے قبل کی علامتی موسیقی ـ

themselves, pron. وہ آپ ؛ وہ خود ؛ خود آپ ؛ آپ ہی ؛ آپ کو ؛ خود کو ؛ صیغہ جمع غائب کی تاکیدی ضمیر معکوس راجع الی الفاعل They کی حالت (جیسے : They were not themselves all evening, The criminals themselves admitted their guilt, They scolded them selves) ـ

then, adv. تب ؛ پس ؛ پھر ؛ کبھی ؛ اُس وقت ؛ اُس زمانے میں (جیسے : clothing was cheaper then) ؛ براہِ راست یا فوراً بعد (جیسے : He stopped rowing and then began again,) ؛ وقتی لحاظ سے بعد کا (جیسے : W'll have lunch , and then do our shopping-) ؛ جگہ اور مقام کے اعتبار سے پیچھے والا (جیسے : He was first in line, then Jim, then Tom,) ؛ مزید برآں ؛ علاوہ ازیں ؛ بھی (جیسے : I enjoy sewing my own clothes and then it's less costly-) ؛ اُس صورت میں ؛ اُن حالات میں ؛ تب تو ؛ پھر تو (جیسے : If you are wet then you must change your clothes-) ؛ (بادلِ نخواستہ) اچھا صاحب ! یونہی سہی یا لہـٰذا (جیسے : The rumor then is true,) ـ (صفت) اُس زمانے کا ؛ اُس وقت کا یا جو اُس زمانے میں تھا (جیسے : the then Prime Minister) ـ (اسم) وہ وقت ؛ تب (جیسے : We haven't taken a trip since then,) ـ

then and there, فوراً ، اُسی وقت اور وہیں ـ

thenar, n. (تشریح الاعضا) راحۃُ الیَد ؛ ہاتھ کی ہتھیلی میں اُبھرویں گوشت کا حصہ جو انگوٹھے کے پاس ہوتا ہے ؛ ہتھیلی کی مچھلی ـ

thenal, a. راحۃُ الید کا ؛ ہتھیلی کی مچھلی سے متعلق ـ

thence, adv. اُس جگہ سے ؛ اُس وقت سے ؛ اس وجہ سے ؛ اُس سے ؛ اُس میں سے ؛ وہاں سے ؛ ادھر سے ؛ تب سے ؛ اس واسطے ؛ اس سبب سے ـ

thence forth, thence forward, thence forwards, adv. اُس وقت یا اُس مقام سے آگے ؛ بعد ازاں ؛ اُس وقت سے ؛ اس کے پیچھے ؛ تب سے ؛ زاں بعد ؛ اس کے بعد سے ـ

theobromine, n. (کیمیا) سفید زہریلا ، دانے دار سفوف کوکو کے بیجوں میں پایا جاتا ہے اور بنیادی طور پر ادویہ میں بطور مدر بول اور باسط شرائین استعمال ہوتا ہے ـ

theocentric, a. خُدا مرکزی ؛ اللہ کی ذات کو ہر شے کا مرکز سمجھنے کے بارے میں (جیسے : theocentric doctrines) ـ

theocentricism, theocentricity, theocentrism, n. خدا مرکزیت ؛ وحدتِ وجودی ؛ ہمہ ازاوست کا فلسفہ ـ

theocracy, thearchy, n. حکومت الٰہیہ ؛ مذہبی حکومت ؛ کسی ریاست کی حکومت جو عین خدائی اصولوں یا دیوتاؤں کے زیر احکام چلائی جانے کی دعویدار ہو ؛ پادریوں یا کسی مذہبی ادارے کی حکومت جو دینی اصول کے مطابق ہو ؛ مامورمن اللہ حکومت ؛ مذہبی احکام کی حامل ریاست ـ

theocrat, n. دینی حکومت کا علم بردار یا حامی ـ

theocratic, theocratical, a. حکومتِ الٰہیہ یا دینی حکومت کا ؛ خدا کی حکومت کے متعلق ـ

theocratically, adv. دینی حکومت کی رُو سے ـ

theodicy, n. اثباتِ عدل الٰہی ؛ شرکی موجودگی کی بنا پر ذاتِ خداوندی کے وجود ، اُس کے عادل اور خیر محض ہونے کا جواز ـ

theodolite, n. تھیوڈولائٹ ؛ زاویہ گیر دُوربین ؛ زاویہ پیما دور بین ؛ دُوربین کے ذریعے اُفقی اور عمودی زاویوں کی پیمائش کرنے والا آلہ ـ

theogony, n. نسب نامۂ ارباب ؛ کوئی تذکرہ یا نظم جس میں دیوتاؤں کا شجرہ یا نسب نامہ بیان کیا جائے جیسے اساطیر یا قدیم شاعری میں ـ

theogonic, a. دیوتاؤں کے نسب نامے سے متعلق ـ

theogonist, n. دیوتاؤں کا نسب نظم کرنے والا ـ

theological virtues, n. الٰہیاتی صداقتیں ؛ اعتقاد، امید اور محبت یا خیرات ، تین رُوحانی قدریں جن کا عیسائی معلّمین اخلاق نے افلاطونی فلسفے کی بُنیادی نیکیوں میں اضافہ کر دیا ہے ـ

theologue, theolog, n. (بول چال) الٰہیات کا طالب علم ـ

theology, n. الٰہیات ؛ علم دین ؛ دینیات ؛ تہذیب مغرب کی رُو سے دین کی فلسفیانہ انداز میں سوچ جو دیگر فلسفیانہ مسائل کے ساتھ خدا کی وجودیت کے مسئلے پر بھی غور کرے؛ کسی مذہب کے اعمال کا نظریاتی پہلو ؛ دینِ عیسوی کے مسائل کی ایک شاخ جو انسان کی خلقت سے بحث کرتی ہے یا خلقت انسان سے عبارت ہے ؛ کسی مذہب کے نظریات (اُصول) و معتقدات کا تاریخی تجزیہ ؛ مذہبی مسائل کی کتابوں کا مطالعہ ؛ علم معرفت ـ

theologian, n. دینی علم جاننے والا ؛ عالمِ دین ؛ الٰہیات دان ـ

theologic, theological, a. الٰہیاتی ؛ علم دین سے متعلق ـ

theologically, adv. علمِ دین کی رُو سے ـ

theologize, v.i. الٰہیات کاری ؛ دینیات کا رنگ چڑھا دینا ؛ دین کا مطالعہ یا دینیات پر بحث مباحثہ کرنا ـ

theologizer, n. الٰہیات کار ؛ علومِ دینیہ پر بحث کرنے والا ـ

theophany, n. تجلّی ؛ دیدار الٰہی ؛ تجلّی باری تعالیٰ ؛ رؤیتِ الٰہی یا انسان کو کسی نہ کسی شکل میں اللہ یا کسی دیوتا کا دیدار ـ

theophanic, a. دیدار الٰہی سے متعلق ـ

theophylline, n. (کیمیا) قلمی الکلائڈ ، جو تھیؤ برومائن کا ہم ترکیب ہوتا ہے ، کیمیاوی عمل کے ذریعے ترکیب پاتا ہے یا چائے کے پتّوں سے نکالا جاتا ہے اور ادویہ میں استعمال ہوتا ہے ـ

theorbo, n. ایک متروک آلۂ موسیقی جو دوہری گردنوں والا ہوتا تھا ، ایک گردن اوپر اور ایک نیچے ، نچلی گردن پر سُر نکالنے کے تار اور کُھونٹیوں کی قطار لگی ہوتی تھی جبکہ اوپر والی گردن پر مرافقہ یا مزماری تانتیں ہوتی تھیں ـ

theorem, n. (ریاضی) مسئلہ ؛ قضیہ ؛ مسئلہ اثباتی ؛ ایک حالت جو دوسری حالت کا منطقی نتیجہ ہو ؛ کوئی اصول یا قیمت جو علامتوں یا فارمولے سے واضح کی گئی ہو ؛ جسے حالت یا مسلمہ اصول مان لیا گیا ہو ـ

theorematic, a. قضیوی ؛ مسئلی ؛ کُلّیاتی ، اصولی ؛ نظری ـ

theorematically, adv. قضیوی یا کُلّیاتی طور پر ؛ مسئلی طور پر ـ

theoretical, theoretic, a. اصولی ؛ نظری ؛ جس کا تعلق علمی نظریات سے ہو ؛ کسی نظریے یا خیال پر مبنی ؛ خیالی ؛ فرضی ؛ جو عملی نہ ہو ـ

theoretically, adv. نظری اعتبار سے ؛ اصولی طور پر ؛ از روئے نظریہ ـ

theoretics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) علم نظری ؛ علوم کا نظریاتی حصہ ـ

theorize, v.i. نظریہ کاری کرنا ؛ نظریہ سازی کرنا ؛ ایک یا زیادہ نظریے قائم کرنا ؛ نظریات کی بنا پر رائے قائم ہونا ؛ غور و فکر ہونا ـ

theoretician, theorist, n. نظریہ ساز ؛ نظریہ کار ؛ ماہر نظریہ ـ

theorization, نظریہ سازی ؛ تشکیلِ نظریہ ؛

theorizer, n. نظریہ ساز ؛ نظریہ قائم کرنے یا پیش کرنے والا ؛ اصول دان ؛ اصول پسند ـ

theory, n. نظریہ ؛ اصولی مسئلہ ؛ تھیوری ؛ بعض اصلی یا فرضی اصولوں کی رُو سے حقائق کی باقاعدہ ترکیب ؛ کسی مظہر کی فرضیاتی تشریح ؛ فرضیہ جس کی حیثیت محض نظری ہو لیکن تجربات کے لیے اسے تسلیم کر لیا جائے ؛ سائنس اور عمرانی علوم کے عمومی یا مجرد اصولوں کی تشریح جو تجربے سے مشتق ہو ؛ منصوبہ یا طریقہ جو لائحہ عمل کے طور پر تجویز کیا گیا ہو ؛ واقعات کی مثالی ترتیب (عام طور پر in کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ نظریہ ، مسئلہ یا عقیدہ جو محض سوچ ، خیال ، قیاس یا فکر پر مبنی ہو ؛ امرقیاسی ـ (ریاضی) جملہ اصول موضوعہ ؛ قضایائے کُلیّہ ، نظریات مسلّمہ اور دیگر اصول وغیرہ جو اسی مضمون سے متعلق ہوں ـ

theosophy, عِرفان ؛ حاضرات ؛ معرفت خداوندی کا علم ؛ وجدان ؛ عرفانیت ؛ تھیوصوفی یا فلسفۂ تصوف ؛ دین اور فلسفے کے نظری مسائل میں سے ایک مسئلہ جس کا تعلق اس عقیدے سے ہے کہ ماورائے ادراک کسی حقیقت کا وجود ضرور قائم ہے اور باطنی طور پر اس کا عرفان ہو سکتا ہے ـ (عموماً بڑے T سے) تھیوصافک سوسائٹی کے عقیدے و نظریے کا نظام ، جو زیادہ تر برہمنی اور بُدھ تصورات پر مبنی ہے ـ

theosophic, theosophical, a. تھیوصوفی ؛ تھیوصوفیانہ ـ

theosophically, adv. تھیو صوفی کی رُو سے ؛ تھیوصوفیانہ طریقے پر ـ

theosophist, n. تھیوصوف ؛ تھیوصوفیانہ عقائد کا حامل ـ

therapeutic, therapeutical, a. معالجاتی ؛ علاجی ؛ شفائی ؛ جس سے علاج کیا جائے ؛ شفا بخش ـ (طِب) دافع امراض ـ

therapeutically, adv. علاج کے طریقے سے ؛ معالجاتی انداز سے ـ

therapeutics, n. (طِب) معالجیات ؛ علاجیات ؛ علم الادویہ (طب) کا وہ شعبہ یا شاخ جو بیماریوں کے علاج معالجے سے متعلق ہو ـ

therapeutist, n. معالج ؛ ماہر معالجیات ؛ طبیب یا حکیم ـ

therapy, n. (طب) معالجہ ؛ علاج؛ مداوا ؛ معذوری یا بیماری کا علاج معالجہ ، جیسے کسی انسدادی یا علاجی عمل سے ، یہ لفظ مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے : serumtherapy) ؛ آرام پہنچانے یا شفا بخشنے کا کوئی طریقہ ، عمل یا کام ؛ علاجی یا شفائی خوبی یا صلاحیت ـ

therapist, n. علم العلاج کا ماہر ؛ ماہرِ معالجیات ـ

there, adv. اُس جگہ میں ؛ اُس جگہ پر ؛ یہاں کی ضد ؛ وہاں (جیسے : she is there) ؛ اُدھر ؛ اُس مقام کو ؛ وہاں (جیسے : There goes the train) ؛ حشو کے طور پر جیسے اُس مقام پر ؛ اداکاری ، نغمہ نوازی یا تقریر کے دوران (جیسے : to pause there for effect) ؛ اُس مقام پر یا اُس سلسلے میں (جیسے : Her attitude there is wrong) ـ (فجائیہ) جب اظہار تہنیت کے لیے استعمال ہو (جیسے : Hello, there!) ؛ تسلی دینے کے طور پر یا دلاسا دینے کی خاطر (جیسے : There, theres)

سرکشی کا اظہار (عام طور پر so کے بعد استعمال ہوتا ہے) ؛ آرام،چین کی علامت کے طور پر جب کام پورا ہو جائے تو استعمال کیا جاتا ہے . تسلی یا منظوری کی علامت ۔ (ضمیر) فعل سے پہلے جب فاعل کی تقلیب ہو تو فقرے اور جملے بنانے میں استعمال ہوتا ہے (جیسے: there came a day of reckoning) ؛ وہ جگہ جو پہلے سے نامزد کی جا چکی ہو (جیسے: she lives near there) ۔ (اسم) وہ حالت ، کیفیت یا مقام (جیسے: It is your problem from there on) ۔ (صفت) مسلمہ استعمال میں صرف اسم نکرہ یا اسم ضمیر کے بعد آتا ہے اور وہ بھی عام طور پر تاکید کے لیے (جیسے: Do you see that girl there?) ؛ مسلمہ استعمال میں یہ لفظ صفت اور اسم کے درمیان آتا ہے جس کے مفہوم کو یہ متعین و محدود کرے اور وہ بھی تاکید پیدا کرنے کے لیے (جیسے: that there woman) ۔

there about, there abouts, adv. کم و بیش ؛ لگ بھگ ؛ قریب ؛ تخمیناً ؛ آس پاس ؛ اُسی طرف ؛ عنقریب ؛ وہیں کہیں ؛ ادھر ؛ اُس جگہ کے نزدیک ؛ اس وقت کے لگ بھگ؛ اُس تعداد ، درجہ یا مقدار کے قریب قریب ؛ تقریباً ۔

thereafter, adv. اُس کے بعد ، جیسے کسی سلسلے یا کسی مخصوص وقت میں ؛ بعد ازیں ۔ (قدیم) اس کے مطابق ؛ اس کے بموجب ۔

thereat, adv. اُس جگہ ؛ اُس وقت پر ؛ اس وجہ سے ؛ وہاں ؛ اُس پر ؛ تب ؛ اس کے لیے ۔

thereby, adv. اس سے ؛ اس کے ذریعہ ؛ اس کے سبب یا اس کے باعث ۔

therefor, adv. کے لیے ؛ اس یا اُس کے لیے ۔

therefore, adv., conj. اِس لیے ؛ اِس یا اُس وجہ سے ؛ اُس چیز یا بات کا حوالہ دیتے ہوئے جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہو ؛ نتیجۃً ؛ لہٰذا ؛ چنانچہ ؛ اس باعث سے ؛ اس واسطے ؛ بنا برآں ؛ بدیں وجہ ۔

therefrom, adv. اِس سے یا اُس سے ؛ اِس یا اُس چیز، جگہ یا وقت سے ۔

therein, adv. اِس جگہ میں یا اُس جگہ میں ، اِس یا اُس وقت یا چیز میں ؛ اِس یا اُس خاص نکتے یا معاملے میں ۔

thereinafter, adv. اِسی تحریر یا تقریر وغیرہ میں آگے چل کر یا اِس کے بعد ۔

thereinto, adv. اُس میں یا اُس جگہ میں ؛ اِس میں ۔

thereof, adv. اُس یا اِس شخص کا یا اس چیز کا ؛ اِس وجہ یا اُس سبب سے ۔

thereon, adv. اُس پر یا اس پر ؛ اس کے نتیجے کے طور پر ؛ چنانچہ ؛ اس کے بعد ہی ؛ فوراً ہی ۔

thereto, thereunto, adv. اُس کی یا اس کی طرف جیسے کوئی چیز یا جگہ ۔ (قدیم) مزید ؛ اور زیادہ ۔

theretofore, adv. اُس وقت تک یا اُس وقت سے پہلے ؛ قبل ازاں ۔

thereunder, adv. تعداد میں اس سے یا اُس سے کم ؛ اس عنوان سے یا دستاویزی شرائط یا اختیار کے تحت ۔

thereupon, adv. اِس پر یا اُس پر ؛ اُس کے نتیجے کے طور پر ؛ لہٰذا ؛ فوری ؛ بعدازاں ؛ اس سبب سے ؛ پس ؛ چنانچہ؛ فوراً ہی ؛ معاً ۔

therewith, therewithal, adv. معاً ؛ اس کے یا اُس کے ساتھ ؛ مزید برآں یا علاوہ ازیں ؛ اس کے بعد ہی یا فوراً بعد ۔

theriaca, theriac, n. تریاق ؛ کئی ایک جڑی بوٹیوں کو ملا کر شہد سے بنائی ہوئی دوا جو زہریلے جانوروں کے کاٹے کا علاج سمجھی جاتی تھی ؛ شیرہ ؛ راب ؛ زہرمار ۔

theriacal, a. تریاقی ۔

theriomorphic, theriomorphous, a. دیوتا جس کی شکل جانور یا حیوان کی مانند ہو ؛ جانور شکلہ ؛ حیوان نما ؛ حیوان شکلہ ۔

therm, therme, n. (طبیعیات) تھرم ؛ حرارت کی یا استعداد حرارت کی اکائی جیسے چھوٹی کلوری یا بڑی کلوری ؛ ایک اکائی جو ۱۰۰۰ بڑی کلوریوں کے برابر ہے یا ایک لاکھ برطانوی تھرمل یونٹ کے برابر اکائی ۔

thermae, n. گرم چشمے ؛ گرم حمام ؛ قدیم یونانیوں اور رُومیوں کے عوام کے استعمال کے لیے بنوائے ہوئے گرم غسل خانے ؛ حمامات ۔

thermal, a. حرّی ؛ حراری ؛ حار ؛ گرم ؛ حرارت کا ، حرارت سے پیدا شُدہ یا حرارت سے متعلق ؛ گرم چشموں یا تھرمی نوعیت کا ، ان سے تعلق رکھنے والا یا ان کا ۔ (اسم) (موسمیات) حرارت کی وجہ سے فضا میں بلند ہوتی ہوئی ہوا کی رو ۔

thermally, adv. حرارت کے سبب ؛ تھرمل کے طور پر ۔

thermal barrier, heat barrier, n. (طیرانیات ، راکٹ سازی) حراری روک ؛ ہوائی جہازوں یا راکٹوں کی رفتار پرواز پر عائد کردہ پابندی جس کا سبب ہوا کی رگڑ سے پیدا ہونے والی حرارت ہے ۔

thermal spring, n. گرم چشمہ ؛ گرم پانی کا چشمہ ؛ ایسا چشمہ جس سے ارد گرد کے علاقے میں موجود پانی کے مقابل گرم تر پانی نکلے ۔

thermal unit, n. حرارہ ؛ حرارت یا توانائی ناپنے کی اکائی ۔

thermic, a. دیکھیے : thermal ۔

thermion, n. حرّوان ؛ برق پارہ جو کسی چیز جیسے دھات وغیرہ سے پیدا ہو ؛ حر برق پارہ ۔

thermionic, a. حرّوانی ؛ برق پارے والی کسی شے سے متعلق یا جس سے برق پارہ پیدا ہو ۔

thermionic current, n. حر رواں کی رَو یا رُخ دادہ روانی ۔

thermionics, n. حر روانیات ؛ علم طبیعیات کا وہ شعبہ جس کا تعلق حرروانی تجربات سے ہو ۔

thermionic tube, thermionic valve, n. (برقیات) حر روانی صمام ؛ کوئی سی برقیے یا خلا کی نلکی جس میں برقیات بکثرت پیدا ہوں ، لاسلکی شعاعوں کو بڑھانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

thermistor, n. (برقیات) تھرمسٹر ؛ چھوٹا سا مزاحمتی آلہ جس میں درجۂ حرارت کے ساتھ وسیع علاقے پر مزاحمت ہوتی رہتی ہے ، یہ خاص قسم کے نیم موصل مادے کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔

thermite, Thermit, n. تَھر مائٹ یا تھر مٹ ؛ باریک پسے ہوئے ایلومینم اور لوہے کے رنگ کی دھات (عام طور پر لوہے) کا مرکب جو جلانے سے بہت اونچا درجۂ حرارت پیدا کرتا ہے ، ویلڈنگ یعنی دھاتوں کو جوڑنے اور بم وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے ۔ (تجارتی نشان)۔

thermo couple, thermo electric couple, n. حراری جُفت ؛ حرارہ جُفت ؛ دو جداگانہ قسم کی حرارت رساں دھاتوں کو جنھیں حرارہ پیدا کرنے کے لیے مختلف درجہ حرارت پر رکھا گیا ہو ، آپس میں جوڑنے

کا طریقہ ۔

thermoduric, a. (جرثومیات) حَر قائم ؛ سخت گرمی کے عالم میں بھی زندہ رہنے کی استعداد رکھنے والے جیسے تطہیرِ حرارتی کے عمل کے ذریعے ، خاص طور پر جرثُومے کے متعلق مستعمل ۔

thermodynamic, thermodynamical, a. حرّ حرکی ؛ حرارت کے زور سے یا توانائی میں بدل جانے والی حرارت یا اس سے عمل پذیر ہونے کے بارے میں ؛ حرارت سے چلنے والے انجنوں یا ان سے متعلق مشینوں کے بارے میں ۔

thermodynamically, adv. حرحرکی طور پر ؛ حرارت کے حرکتی عمل سے ۔

thermodynamics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) حرّحرکیات ؛ طبیعیات کا وہ شعبہ جو حرارت اور توانائی کی دیگرصورتوں سے متعلق ہےخصوصاً میکانی توانائی سے ۔

thermoelectric, thermoelectrical, a. حَربرقی ؛ عمل کے وہ تمام دائرے جن میں حرارت اور توانائی کا دخل ہو ، خاص طور پر حرّ برقی کا یا اس سے متعلق ۔

thermoelectrically, adv. حَر برقی طور پر یا اس طریقے سے ۔

thermoelectric couple, n. دیکھیے : Thermo couple ۔

thermoelectricity, n. حرّ برق ؛ حرّ برقیات ؛ حرارہ جُفت کے ذریعے حرارت سے براہِ راست پیدا کی گئی برق ۔

thermoelectron, n. (طبیعیات) حر برقیہ ؛ ایسا برقیہ جو کسی حرروانی مظہر میں خارج ہوا ہو۔

thermoelectronic, a. حر برقیاتی ۔

thermogenesis, a. حرارت زائی ؛ حرارت جو جانور کے جسم میں غذا کے جزو بدن بننے کے عمل سے پیدا ہو۔

thermogram, n. نقشۂ تپش ؛ نگارش حرارت ؛ خود نویس تپش نگار کا لکھا ہوا نقشۂ حرارت ؛ تھرموگرام ۔

thermograph, n. تپش نگار ؛ تھرموگراف ؛ حرارت پیما جو خودبخود درجۂ حرارت کا ریکارڈ رکھتا ہے ۔

thermography, n. (طباعت) تپش نگاری ؛ تھرموگرافی ؛ گیلے چھاپے پر سفوف چھڑک کر پہلے اُس کا عکس اُتارنے ، پھر گرم کرکے اُسی چھاپے کے لفظوں کو اُبھارنے کا عمل ۔

thermographer, n. تپش نگار ۔

thermographic, a. تپش نگارانہ ؛ طباعت کے کام سے متعلق جس میں تپش نگاری کا طریقہ استعمال کیا گیا ہو۔

thermographically, adv. تپش نگارانہ انداز سے ؛ تپش نگاری کے طریقے سے ۔

thermojunction, n. (طبیعیات) دو غیر متجانس موصلی دھاتوں کا وصلہ جہاں حرّ برق پیدا ہو ، جیسے حراری جفت میں ۔

thermolabile, a. (حیاتی کیمیا) حر حسّاس ؛ جو معمولی حرارت کے عمل سے تباہ ہو جائے یا اُس کی خصوصی صفات ختم ہو جائیں ، جیسے بعض زہر اور خمیر؛حر ناپایدار ۔

thermolability, n. حرّ حساسیت ؛ حرناپایداری ۔

thermolysis, n. (فعلیات) حرّپاشی ؛ جسم سے حرارت کا انتشار یا انفشار ۔ (کیمیا) حرارت سے گل سڑ جانے یا تحلیل ہونے کا عمل ۔

thermolytic, a. حرّپاشیدہ ؛ حرارت سے خالی یا حرارت سے گلا سڑا ہوا یا تحلیل شدہ ۔

thermometer, n. تپش پیما ؛ حرّپیما ؛ تھرمامیٹر ؛حرارت پیما ؛ شیشے کی ایک چھوٹی سی بند نلی جس میں کوئی سیّال ، عموماً الکحل یا پارہ ہوتا ہے جو درجۂ حرارت میں تبدیلی واقع ہونے سے گھٹتا ، بڑھتا رہتا ہے اور اس پر لکھے ہوئے اعداد سے درجۂ حرارت معلوم ہو جاتا ہے ؛ مقیاس الحرارت ؛ گرمی ناپ ۔

thermometeric, thermometrical, a. حرارت پیمائی والا ؛ تپش پیمائی سے متعلق ۔

thermometrically, adv. تپش پیمایانہ ؛ حرارت پیمائی کے طریقے سے ۔

thermometry, n. تپش پیمائی ؛ حرارت پیمائی ؛ تھرمامیٹر بنانے اور اُسے استعمال کرنے کا علم یا فن ۔

thermonuclear, a. حرمرکزائی ؛ مرکزے کے تعامل یا عمل سے متعلق خُصوصاً مرکزے کا ادغام جس کے لیے شروع میں بے انتہا درجۂ حرارت کی ضرورت پڑتی ہے جیسے بہت سے ایٹمی اسلحہ میں ۔

thermophile, n. (حیاتیات) حرارت پسند ؛ خُرد نامیہ یا جُرثومہ جو صرف انہی علاقوں میں پیدا ہوتا ہے جہاں کا درجۂ حرارت ۴۵° سنٹی گریڈ سے اُوپر لیکن ۷۵° سنٹی گریڈ سے زیادہ نہ ہو۔

thermophilic, a. حرارت پسندانہ ۔

thermopile, n. (طبیعیات) حرّ انبار ؛ حرّ برقی انبار ؛ عام طور پر جُفت حراروں کا سلسلہ جو اجتماعی اثر پیدا کرنے کے لیے ترکیب پائے ، اسے لہریں عموماً حرّ برقی لہریں پیدا کرنے کے لیے یا درجۂ حرارت کا قلیل فرق ناپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

thermoplastic, a. حرّ ملائم ؛ گرم کرنے سے نرم و ملائم ہو جانے والا جیسے پلاسٹک ۔ (اسم) اس نوع کی کوئی بھی چیز یا مادہ ۔

thermoplasticity, n. حرملائمت ؛ نرم و ملائم اشیا ۔

thermos bottle, thermos, n. تھرماس ؛ حرقائم بوتل ؛ دُہرے شیشے کی بوتل جس کے دونوں شیشوں کے درمیان خلا ہوتا ہے ، اس میں گرم یا ٹھنڈی چیز دیر تک اپنی اصل حالت میں رہتی ہے ۔

thermoscope, n. تپش نُما ؛ حرنُما ؛ حرّتفاوت پیما ؛ آلہ جس سے اشیا کی حرارت یا تپش کا فرق اُن کے حجم کی کمی بیشی سے ظاہر ہو جاتا ہے مگر درجۂ حرارت صحیح صحیح نہیں ناپا جاتا ۔

thermoscopic, thermoscopical, a. حرّ نما کے مطابق ۔

thermosetting, a. حرجماؤ ؛ ایسے مادے سے متعلق جو حرارت کے زیر اثر تو نرم ہوجائے مگر بعد میں جم کر ناقابل تحلیل شکل اختیار کرلے ، جیسے بہت سے پلاسٹک وغیرہ ۔

thermosphere, n. کرۂ حرارت ؛ زمینی فضا سے اوپر کا کُرہ جو وسطی فضا میں واقع ہے اور جہاں درجہ حرارت بلندی کے ساتھ ساتھ بتدریج بڑھتا رہتا ہے ۔

thermostable, a. (حیاتی کیمیا) حرّپائیدار حر ناحسّاس ؛ وہ چیز جسے معمولی حرارت دینے سے اُس کی مخصوص صفات ضائع نہ ہو سکیں جیسے بعض زہر (toxins) اور خمیرات (ferments) ۔

thermostability, n. حرّپائیداری ۔

thermostat, n. تپش قرار ؛ حرّسکون ؛ درجۂ حرارت کو منضبط کرنے کا خود کار آلہ جس میں دھات کے ٹکرے کا حرارت سے پھیلاؤ برقی سرکٹ کو بند کر دیتا ہے اور اس کی جگہ کوئی جوف کھول دیتا ہے ؛ اسی قسم کا کوئی اور طریقہ جو حرارت میں واقع تبدیلی کو کسی علامت ، جیسے گھنٹی کی آواز ، سے ظاہر کرے ۔

thermostatic, a. حر سکونی ؛ تپش قراری ؛ توازن حرارت کا۔
thermostatically, adv. حر سکونی طور پر ؛ توازن حرارت کی رو سے۔
thermotaxis, n. (حیاتیات) حر ترتیب ؛ حر حسی ؛ خلیے یا جسم نامیہ میں حرارت کی طرف لپکنے یا حرارت سے دور ہٹنے کی صلاحیت۔ (فعلیات) ضبط حرارت غریزی۔
thermotactic, thermotaxic, a. حر لمسہ ؛ حر حِسّیہ۔
thermotropism, n. (حیاتیات) حر رُخی ؛ اجسام نامیہ کی اپنے کسی حصے کو حرارت کے رخ پر یا اس سے دور رکھنے کی خاصیت ، جیسے نمو کی حالت میں۔
thermotropic, a. حر رخانہ ؛ حر رخ کا۔
thesaurus, n. معجم ؛ تھیسارس ؛ کنز اللغات ؛ قاموس ؛ جامع اور بسیط لغت یا الفاظ و اطلاعات کی ایسی ہی کوئی کتاب ، خاص کر جس میں اضداد و مترادفات دیے گئے ہوں ؛ فرہنگ ؛ خزانہ یا ذخیرہ۔
thesis, n. مقالہ ، خصوصاً وہ جو کسی علمی سند کا امیدوار لکھتا ہے ؛ دعویٰ ، نظریہ یا بیان ، تحریری یا تقریری ، خصوصاً جو بحث اور ثبوت کے لیے ہو یا جس کا اعتراضات کے خلاف دفاع کیا جائے ؛ اسکول یا کالج کی مشق کے لیے دیا گیا موضوع یا مضمون ؛ تقریر یا مقالہ ؛ مقدمہ ؛ مسئلہ ؛ قول ؛ مضمون ؛ قضیہ۔ (عروض) جزوخفی ؛ تقطیع میں پہلے تو مصرع کی تاکیدی رکن کے لیے آتا تھا لیکن بعد میں غیر تاکیدی رکن شمار ہونے لگا ؛ arsis کی ضد (لفظ کا وہ جزو جس پر آواز کا زور پڑے)۔ (موسیقی) نیچی تال۔ (منطق) غیر ثابت شدہ نظریہ ، خاص طور پر مفروضے کے طور پر استعمال کیا گیا۔
Thespian, a. تھیسپیائی ؛ یونانی المیہ شاعر تھیسپس کے بارے میں ، جس نے یونانی زبان میں المیہ ڈرامہ نگاری کی ابتدا کی (عموماً چھوٹے t سے) المیہ نگاری یا عام ڈرامہ نویسی کے فن سے متعلق ؛ المیہ ؛ ڈرامائی۔ (اسم) المیہ کردار ادا کرنے والا ، اداکار یا اداکارہ۔ نیز thespian۔
theta, n. یونانی ابجد کا آٹھواں حرف جو بلحاظ انگریزی ابجد th کے مترادف ہے۔
thetic, thetical, a. قطعی ؛ مسلّم ؛ مثبت ، اصولی ؛ غیر استدلالی۔ (عروض) کسی غیر تاکیدی جزو لفظ سے آغاز کرتے ہوئے ، اس سے متعلق یا اس پر مشتمل۔
thetically, adv. اصولی طور پر ؛ غیر تاکیدی جزو لفظ کی رو سے۔
theurgy, n. سحر کا ایک نظام جس کے عامل افلاطونی ، مصری یا دیگر لوگ تھے اور جن کا دعویٰ تھا کہ ان کو کریمانہ دیوتاؤں کی مدد یا ان تک رسائی حاصل ہے ؛ علم غیب ، معجزہ ، کرامت ؛ غیبی قوت ؛ تصرفِ غیبی ؛ مافوق الفطرت قوت جس کا دخل انسانی معاملات میں ہو ؛ انسانوں پر اُس غیبی طاقت کے مرتب کردہ اثرات ، عملیات کا فن جو کریمانہ تصرف غیبی سے مدد حاصل کرنے کے لیے ہو ؛ فن سحر جس پر اشراقیوں اور معجزہ و کرامات ماننے والوں کو پورا یقین ہوتا ہے ؛ سیمیا ؛ سحر ؛ ملائکی ؛ جادو۔
theurgic, theurgical, a. جادو کا ؛ سحر کا ؛ سیمیاوی۔
theurgically, adv. جادوگری سے ؛ کرامت اور معجزے کے ساتھ۔
theurgist, n. ساحر ؛ جادو گر ؛ معجزہ کار ؛ سیمیا گر ؛ عامل۔
thew, n. (عام طور پر جمع) پٹھہ ؛ عضلہ ؛ سخت پٹھے یا مضبوط عضلات۔ (جمع) زور یا قوت ، خصوصاً پٹھوں کی۔
thewy, a. گٹھیلا ؛ قوی ؛ گٹھا ہوا۔
they, pron. وہ ؛ وہ لوگ ؛ She , he اور it کی فاعلی حالت بصورت جمع یعنی جب ان سے دو یا دو سے زیادہ ایسے آدمیوں ، عورتوں یا چیزوں کی طرف اشارہ مقصود ہو جو پہلے سے مشخص ہو چکے ہوں ، عام طور پر بہت سے لوگوں یا عام افراد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : They say he beats his wife)۔
they'd, they had یا they would کا مرخّم۔
they'll they shall یا they will کا مرخّم۔
they're, they are کا مرخّم۔
they've, they have کا مرخم۔
thiamine, thiamin, n. (حیاتی کیمیا) تھایا مین ؛ حیاتین 'ب' ؛ 'بی' کمپلکس وٹامن جو سفید قلمی مرکب ہوتا ہے ، حیوانات ، نباتات میں پایا جاتا ہے نیز کیمیاوی طریقے سے بھی تیار ہوتا ہے اور اس کا استعمال اعصابی نظام و کاربوہائیڈریٹ استحالے کی ٹھیک کارکردگی کے لیے ضروری ہے۔
thiazine, n. (کیمیا) تھایازین ؛ خلقی مرکبات میں سے وہ مرکب جس کا ایک جزو گندھک اور نائٹروجن کے ایک سالمے اور کاربن کے چار سالمات پر مشتمل ہو۔
thiazole, n. (کیمیا) تھایا زول ؛ بے رنگ رقیق مادہ جو سخت بو دار ہوتا ہے ؛ اس مادے سے کوئی ماخوذ شے ، خاص کر جو مختلف رنگ بنانے کے لیے مستعمل ہے۔
thick, a. موٹا ؛ دبیز ؛ گف ؛ گاڑھا ؛ گھنا ؛ گنجان ؛ دقیق ؛ اپنی سطح یا مقابل کی ایک طرف سے زیادہ موٹائی والا (جیسے : a thick slice of cake) ؛ عمق میں یا عمودی طول و عرض کے رخ پر خاص پیمایش والا (جیسے : a board one inch thick) ؛ پاس پاس رکھا ہوا ، گھنا یا باہم پیوستہ ؛ بے شمار ، بکثرت یا بہت زیادہ (جیسے : thick hair) ؛ بھرا ہوا ، پورا یا لبا لب (عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : a table thick with dust) ؛ گدلا یا گاڑھا (جیسے : thick syrup) ؛ تعلیق یا تحلیل میں ٹھوس مادہ رکھنے والا ؛ دھند ؛ دھوئیں یا کہر سے آلودہ ، جیسے موسم یا فضا ؛ بھاری ، کھرکھری ، بیٹھی ہوئی یا غیر واضح (جیسے : a thick voice) ؛ واضح ، نمایاں (جیسے : a thick Italian accent) ؛ کوڑھ مغز ، احمق یا غبی۔ (بول چال) گاڑھی ، پکی دوستی رکھنے والا۔ (برطانوی، بول چال) زیادتی خصوصاً اس چیز کی جو برداشت کے قابل اور مناسب ہو۔ (متعلق فعل) موٹے پن سے تا کہ دبیز ہو جائے (جیسے : butter spread thick)۔ (اسم) موٹا ؛ کسی چیز کا سب سے موٹا ، گھنا اور گنجان حصہ ؛ بہت زیادہ سرگرمی یا ہنگامہ بپا ہونے کی جگہ ، وقت یا مقام (جیسے : in the thick of the fight)۔
lay it on thick, (بول چال) بہت زیادہ غلو کرنا یا بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ بہت زیادہ تعریف یا خوشامد کرنا۔
through thick and thin, رنج و راحت کا ؛ مخلص ؛ وفادار ساتھی ؛ گرم و سرد میں۔
thickish, a. کسی قدر موٹا ؛ گھنا یا گاڑھا ؛ کسی قدر گدلا یا ابر آلود ؛ کسی قدر بیٹھی ہوئی (آواز) ؛ کسی قدر ٹھس یا بیوقوف (شخص)۔
thickly, adv. گھنا گھنا ؛ موٹی تہ میں ؛ بیٹھی ہوئی (آواز میں) ؛ لگا تار ؛ تابڑ توڑ۔
thicken, v.i., v.t. موٹا کرنا یا ہونا ؛ زیادہ باتعلق ، مشکل یا

پیچیدہ ہونا یا بنانا ، جیسے افسانے کے پلاٹ یا واقعات کا ؛ دقیق کرنا ؛ گدلا کرنا ؛ جمانا ـ

thickener, n. موٹا ، گاڑھا یا پیچیدہ بنانے والا ؛ دقیق کار ؛ دبیز کار ـ

thickening, n. دقیق کاری ؛ دبازت کاری ؛ موٹا ہونے یا بنانے کا عمل یا طریقـہ ؛ کسی چیز خاص کر رقیق مادے کو گاڑھا کرنے کا عمل ؛ کوئی حلقہ ، جزو یا حصہ جو موٹا ہو گیا ہو ـ

thicket, n. بیشہ ؛ بنی ؛ جھاڑیوں ، جڑی بوٹیوں یا چھوٹے درختوں کی گھنی یا گنجان نشوونما ؛ گنجان جھاڑیوں کا سلسلہ جو بیشہ نما ہو اور جس میں بمشکل گھسا جا سکے ؛ جھنڈ ـ

thicketed, thickety, a. گھنی جھاڑیوں والا ـ

thick headed, a. غبی ذہن والا ؛ کوڑھ مغز ؛ احمق یا بیوقوف ، جیسے کوئی شخص ـ

thickhead, n. غبی آدمی ؛ گھامڑ ـ

thickheadedness, n. بیوقوفی ؛ احمق پن ؛ گھامڑ پن ؛ کند ذہنی ـ

thickness, n. موٹائی ؛ کثافت ؛ دبازت ؛ موٹا یا گاڑھا پن ؛ کسی ٹھوس شے کی ابعاد ثلاثہ میں سے تیسرا اور عام طور پر سب سے چھوٹا بُعد ، طول اور عرض سے ممیز ؛ کسی چیز کا دبیز یا موٹا حصہ ؛ تہ ، تاؤ یا پرت ، جیسے کپڑے یا کاغذ کی ـ

thickset, a. گٹھیلا ؛ گھن دار ؛ گھچ پچ ؛ گٹھیلے جسم یا ساخت کا(کوئی شخص)؛ مضبوط اور ٹھوس بنا ہوا ؛ چھوٹے قد اور گٹھے ہوئے جسم کا ؛ ناٹا ؛ ٹھگنا ؛ توانا ؛ گھنے انداز میں ترتیب دیا ہوا یا اس انداز میں نشوونما پانے والا ؛ گھنا (جیسے : a thickset hedge) ـ (اسم) گھن جھاڑی ؛ بیشہ ؛ بنی ؛ گھن دار چیز ـ

thick-skinned, a. دبیز جلدی ؛ بے حس ؛ موٹی کھال والا ؛ دیر حس ؛ بے شرم ؛ بے غیرت ؛ وہ شخص جس پر تنقید یا تمسخر کا کوئی اثر نہ ہو ؛ سخت بدن ؛ بے درد یا کٹھور ـ

thick-witted, a. غبی ؛ ٹھس ؛ کند ذہن ؛ احمق ؛ بیوقوف ؛ گھامڑ ؛ بدعقل ـ

thief, n. چور ؛دُزد ؛ سارق ؛ وہ شخص جو خفیہ طور پر یا طاقت آزمائی کے بغیر دوسرے کی جائیداد ہتھیا لے ؛ چوری کرنے والا یا چوری ، سرقے کا مجرم ـ

thieve, v.t. چرانا ؛ چوری کرنا ـ (فعل لازم) چور ہونا یا چوری کا پیشہ کرنا ـ

thievery, n. چوری ؛ چرانے کا فعل ؛ چوٹّا پن یا چوری کرنے کی عادت ؛ سرقہ ؛ دزدی ـ

thievish, a. چوٹّا ؛ چور صفت ؛ چوری کرنے کی فطرت رکھنے والا یا اس سے متعلق یا چور ؛ چرایا ہوا یا چوری کا ـ

thievishly, adv. چوری سے ؛ چور کی طرح ؛ چوٹّے پن سے ؛ بے ایمانی سے ـ

thievishness, n. چوٹّا پن ؛ چوری ـ

thigh, n. ران ؛ فخذ ؛ آدمی کی ٹانگ کا وہ حصہ جو کولھے اور گھٹنے کے درمیان ہو یا دیگر جانوروں کے پچھلے اعضا میں اسی طرح کا حصہ ؛ پرندوں میں جانگھ کی ہڈی کا اسی طرح کا حصہ جو ان کی کھال کے اندر چھپا ہوا ہوتا ہے یا وہ حصہ جس میں پسلی اور پنڈلی ہوتی ہے ؛ کیڑے مکوڑوں کا اسی قسم کا حصہ ؛ ران حشرہ ـ

thighbone, n. (تشریح الاعضا) ران کی ہڈی ؛ عظم الفخذ ـ

thigmotaxis, n. (حیاتیات) لمس ترتیب ؛ میکانی رابطے کے ہیجان کی طرف یا اس سے دور کسی سالمے یا جسم نامیہ کی حرکت ؛ ٹھـوس رخی ـ

thigmotactic, a. لمس ترتیب والا ـ

thigmotropism, n. (حیاتیات) لمس رخی ؛ کسی پودے یا جسم نامیہ کی غیر ارادی مقامی تبدیلی جو اس کی نشوونما کے دوران میکانی ربط کے ردعمل سے اس کی طرف یا اس سے دور رخ بدلنے یا جھکاؤ سے واقع ہوتی ہے ـ

thigmotropic, a. لمس رخی والا ـ

thill, n. بانس ؛ بم ؛ گاڑی کے دو بموں میں سے کوئی ایک بم جن کے درمیان کوئی جانور گاڑی کھینچنے کے لیے جوتا جاتا ہے ـ

thimble, n. انگشتانہ ؛ دھات یا پلاسٹک کی بنی ہوئی گھنٹی کی شکل کی ٹوپی جو سلائی کرتے وقت سوئی کو دھکیلنے کے لیے انگلی پر پہنی جاتی تھی ؛ ٹوپی ؛ چھلاّ ؛ شام ـ (میکانیات) دھات کی بنی ہوئی ٹوپی نما کوئی چیز ، جیسے نلکی وغیرہ جس کے ذریعے پائپ کے سروں کو جوڑا جاتا ہے ـ (جہاز رانی) دھات کا حلقہ جس میں باہر کی طرف نالی بنی ہوئی ہوتی ہے اور رسی میں یا بادبان کے سروں پر رگڑ سے بچانے کے لیے لگا دیا جاتا ہے ـ

thimbleberry, n. ٹوپارس بھری ؛ امریکی رس بھری پودا یا دیگر متعلقہ پودے جن میں ٹوپ نما رس بھری پھل لگتے ہیں ، خاص طور پر پھول والی رس بھری ـ

thimbleful, n. انگشتانہ بھر ؛ مقدار جتنی انگشتانے میں سما سکے ؛ چمچی بھر ؛ بہت تھوڑی سی مقدار ؛ چٹکی بھر ـ

thimblerig, n. پتّے باز ؛ کرتب باز ؛ ہاتھ کی صفائی کا کھیل جس میں کھیل دکھانے والا چھوٹے سے گیند یا مٹر کے دانے کو بظاہر تین انگشتـانوں میں سے کسی ایک کے نیچے چھپا دیتا ہے اور پھر انگشتانہ نما ٹوپیوں کو ادھر ادھر کر کے تماشائیوں سے کہتا ہے کہ وہ شرطیہ طور پر بھی نہیں بتا سکیں گے کہ وہ گیند یا دانہ تینوں میں سے کس کے نیچے ہے ؛ خاص کر یہ کھیل دکھانے والا ـ نیز : thimblerigger ـ (فعل متعدی) یہ کھیل دکھانا ؛ ٹھگنا ؛پتّے بازی کرنا ، جیسے اس کھیل سے ـ

thimbleweed, n. انگشتانہ جھاڑ ؛ گل شقائق ، جس کے تخم دان انگشتانہ نما ہوتے ہیں ـ

thimerosal, n. تھائی میرو سال ؛ ہلکے رنگ کا پانی میں حل ہو جانے والا قلمی سفوف جو مصفی اور جراثیم کش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ـ

thin, a. پتلا ؛ رقیق ؛ مہین ؛ باریک ؛ چھدرا ؛ لاغر ؛ خفی ؛جھرا ؛ جھرجھرا ؛ ہلکا ؛ دبلا پتلا ؛ سوکھا ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ ناکـافی ؛ اکہرا ؛ خفیف ؛ اپنی سطح یا مقابل کے کونے سے نسبتاً کم موٹائی والا یا جو موٹا نہ ہو (جیسے : a thin paper) ؛ لمبائی کے مقابلے میں چھوٹا ، متقاطع یا نازک (جیسے : a thin wire) ؛ کم گوشت والا ؛ ہلکا یا پتلا ، جس سے بہ آسانی دیکھا جا سکے ؛ شفاف ؛ کمزور ؛ناکافی (جیسے : a thin excuse)؛جس میں ترکیبی اجزاء یا افراد کی نسبتاً کمی ہو اور وہ پاس پاس نہ ہوں (جیسے : thin hair) ؛ جوگھنے نہ ہوں ؛ کم

تھوڑے ؛ بہت کم استقامت والا ، جیسے سیّال ؛ رقیق مادہ ؛ کم یاب و لطیف ، جیسے ہوا ؛ جامدیت یا مادے کے بغیر یا غیر مادی ، جیسے بخارات وغیرہ ؛ جس میں گہرائی اور شدت نہ پائی جائے ، جیسے رنگ ؛ جو بھرا بھرا اور بھاری بھر کم نہ ہو جیسے کمزور آواز ؛ ہلکا ؛ ناکافی یا کمزور ؛ معمولی یا تھوڑی ، جیسے غذا ؛ جس میں حجم ، لطافت اور قوت نہ ہو ، جیسے شراب میں الکحل کی معمولی سی مقدار ۔ (عکاسی) ایسا دھندلا جس پر تیز روشنی یا گہرے سائے کے بغیر پرنٹ نہ لیا جا سکے ، جیسے بنا ہوا نیگیٹو ۔ (متعلق فعل) باریک و مہین طریقے سے ؛ پتلے پن سے ۔ (فعل متعدی) پتلا یا باریک بنانا ؛ رقیق کرنا ؛ موٹائی ، حجم ، تعداد (شمار) یا دبازت میں کم کرنا (down اور at کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل لازم) پتلا یا باریک ہونا (جیسے : the woods thin towards the edge) ؛ ختم ہو جانا یا ہلکے پڑ جانا ؛ چلے جانا (off, down یا away کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

thinly, adv. باریکی سے ؛ پتلے پن سے ؛ ہلکے پن یا دبلے پن کے ساتھ ؛ کم کم ؛ ناکافی طور پر ؛ بھونڈے طریقے سے ؛ ناقص طور پر ۔

thinness, n. دبلا پن ؛ ہلکا پن ؛ پتلا پن ۔

thinish, a. قدرے پتلا ؛ قدرے دبلا ۔

thine, pron. تیرا ؛ Thou کی اضافی صورت (حرف علت سے پہلے عموماً thine آتا ہے)؛ جو شے تجھ سے متعلق اور تیری مِلک ہو ؛ تیرا یا تیری ۔

thing, n. چیز ؛ شے ؛ بات ؛ معاملہ ؛ امر ؛ نمونہ ؛ جو کچھ خیال میں آئے یا خیالی بن سکے خواہ وہ مادی ہو کہ مثالی ، جاندار ہو کہ غیر جاندار ، اصلی ہو کہ امکانی یا تصوراتی ؛ جو انفرادی طور پر وجوداً قائم ہو خواہ حقیقت میں یا خیال میں ؛ ایک علیحدہ اور انفرادی وجود ؛ کوئی وجود ، چیز یا جاندار جو واضح نہ ہو اور نہ ہی جس کی وضاحت کی گئی ہو ؛ وہ جسے ظاہر کیا گیا ہو یا جس کی نمائندگی کی گئی ہو ، لفظ ، علامت یا خیال سے مُمیز ؛ کوئی مادی چیز جو زندگی اور حس سے عاری ہو یا غیر جاندار شے ؛ زندہ رہنے والا انسان یا حیوان (جیسے انسان کے لیے) ؛ انسان سے منسوب زندہ وجود یا مخلوق (جیسے : She is a pretty little thing) ؛ کوئی چیز جو پوری طرح واضح تو نہ ہو لیکن اکثر و بیشتر اس کا مفہوم سمجھ لیا جائے ؛ خاص قسم کا مادہ یا مواد ۔ (قانون) کوئی چیز جو جائیداد کے حق کا موضوع بنے ، ملکیت ذاتی یا املاکِ جائیداد وغیرہ ۔ (جمع) کپڑے یا ملبوسات خاص کر عام لباس کے ساتھ گھر سے باہر جاتے ہوئے جو دیگر آرایشی چیزیں استعمال کی جاتی ہیں ؛ سازوسامان ، برتن اور دیگر کام آنے والے ظروف ؛ ادب ، موسیقی ، فن یا اسی نوع کا کوئی فن پارہ (جیسے : A little thing written for the occasion) ؛ واقعہ یا معاملہ (جیسے : Things are going well now) ؛ عمل ، کام یا کارکردگی (جیسے : to do great things) ؛ وقوعہ (جیسے : many things have happened since) ؛ نصب العین یا مدعا ، جیسے کسی سرگرمی کا ؛ خیال ، تصور یا بیان ۔ (بول چال) جنون یا دیوانگی (جیسے : to have a thing about cars) ۔

make a good thing of, نفع کمانا یا فائدہ اٹھانا ؛ تجربے یا موقع محل سے ۔

see things, وہم یا توہمات کا اسیر ہونا ۔

the things, درست ، مناسب یا اہم نتیجہ یا عمل ؛ وہ چیز جو مقبول ہو ۔

thingamajig, thingumajig, thingamabob, thingumabob, thingumboh, n. (بول چال) مجہول الاسم ؛ کوئی شے یا ترکیب ، شخص یا چیز جس کا نام یاد نہ آ رہا ہو یا معلوم نہ ہو ، جیسے دوران گفتگو کہتے ہیں ، وہ کیا بھلا سا نام تھا یا کیا نام تھا وغیرہ ۔

thing-in-itself, n. (فلسفہ) حقیقت یا مظہر فطرت ، کانٹ کے نظریے کے مطابق جو انسانی فہم و تجربے سے ماورا ہے اور شے مدرکہ نہیں بن سکتا ۔

think, v.t. سوچنا ؛ سوچ بچار کرنا ؛ خیال کرنا ؛ غور کرنا ؛ ذہنی طور پر متشکل یا تصور کرنا ، جیسے کوئی خیال ؛ غوروفکر کر کے کوئی تصور یا نظریہ پیدا کرنا ؛ خیال کرنا ؛ غور کرنا یا سوچ بچار سے کام لینا (عام طور پر over یا through کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : to think it over before deciding) ؛ از روئے عقل حل کرنا یا معائنہ کرنا (عام طور پر out سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ؛ غوروفکر کرنا یا پوری طرح سوچ میں غرق رہنا ، جیسے کسی خاص مضمون کے بارے میں ؛ یاد داشت میں لانا ، سوچنا یا یاد کرنا (جیسے : to think what has happened since then) ؛ تجویز کرنا ؛ ترکیب لڑانا یا خیال کرنا (up کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ ارادہ کرنا یا قرار دینا ، جیسے مقصد ؛ یقین کرنا ، رائے رکھنا یا فرض کرنا (جیسے : they thought that the earth was flat) ؛ توضیح کے مطابق غور کرنا یا تصور کر لینا (جیسے : to think the lecture interesting) ؛ شبہ ظاہر کرنا ، شک کرنا (جیسے : thinking no harm) ؛ پہلے سے سمجھ لینا یا متوقع ہونا (جیسے : not thinking to see you here) ؛ ارادہ کرنا (جیسے : to think oneself into a state, condition or action) - (فعل لازم) خیالات ، فیصلوں ، مقدمات کے فیصلوں اور حوالوں وغیرہ میں قوائے ذہنی استعمال ہونا ؛ دلیل دینا ؛ جتن کرنا یا سوچنا ؛ کسی خیال یا ذہنی تصور کو بنانا یا قائم رکھنا (of یا about کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ مسؤلہ معاملے پر غور و خوض کرنا (جیسے : to think carefully before beginning) ؛ یاد داشت پر اثر پڑنا (عام طور پر of کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : I can't think of his name) ؛ قدر کرنا یا اچھی رائے رکھنا (عموماً of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to think of other's first) ؛ کوئی ذہنی ایجاد عمل میں لانا یا منصوبہ بنانا (عام طور پر of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to think of it first) ؛ خیال یا منصوبہ رکھنا (عام طور پر of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to think of selling)؛ ویسا ہی یقین و عقیدہ رکھنا جیسا کہ اشارتاً بتایا جا چکا ہے (جیسے : If you think so, to think well of a person) ؛ پیش بین ہونا یا متوقع ہونا (of کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : He little thought of what would happen) ۔ (اسم) (بول چال) سوچنے کا عمل ؛ سوچ یا خیال ؛ کسی چیز کے متعلق جو سوچی جائے ۔

think better of, دوبارہ غور کرنا یا بدل دینا ، جیسے کسی کام کو کرنے کا ارادہ کر کے ترک کر دینا ؛ کسی شخص کی نسبت بہتر رائے رکھنا ۔

think fit, مناسب یا موزوں سمجھنا ۔

thinker, n. خیال کرنے والا ؛ صاحب فکر ؛ مفکر ؛ حکیم ؛ فلسفی ؛ سوچنے اور غور کرنے والا ۔

thinkable, a. جس کا خیال کیا جا سکے ؛ قابل خیال ؛ خیال پذیر ؛ جو تصور میں آ سکے ؛ قیاس پذیر ؛ ممکن ۔

thinkableness, n. خیال پذیری ؛ قیاس پذیری ۔

thinkably, adv. قابل خیال طور پر ؛ قیاس پذیرانہ ۔

thinking, a. خیال کی قوت رکھنے والا ؛ معقول ۔
(اسم) سوچنے والے کا عمل اور اس کی کیفیت ؛ خیال ؛ غوروفکر ؛
سوچ بچار ؛ تفکر ۔

thinkingly, adv. سوچتے ہوئے ، غوروفکر کرتے ہوئے ؛
خیال کی رُو سے ۔

thinking cap, n. اغراق ؛ ایک حالت جو سوچ بچار
سے مخصوص ہے ؛ سوچ بچار کی کیفیت (جیسے : If you put on your
thinking cap, you can answer the question) ۔

think piece, n. صحافت ۔ (بول چال) خیال انگیز مقالہ ؛
فکر انگیز مضمون ؛ پس منظر پر مشتمل معلومات ، مجموعی تجزیے اور
عام طور پر ذاتی رائے کے اظہار پر مبنی ایسا مضمون جو کسی خبر کے
موضوع کے مقام سے متعلق ہو اور ترغیب دینے کے لیے لکھا گیا ہو ۔

think tank, n. فکر گاہ؛سوچ مرکز؛
سائنسی شعبوں کے ماہرین کی وہ جماعت جو مشترکہ طور پر کمپیوٹر
اور فضائی خلا کے برقیاتی پروگرام وضع کرنے کے لیے بنائی جاتی ہے ،
یہ گروہ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے جن کا سامنا حکومت اور اس
صنعت سے متعلق افراد کو کرنا پڑتا ہے ، خاص کر شہری ترقیات یا دیگر
معاشرتی اور اقتصادی منصوبہ بندی کے سلسلے میں ، متحد ہو کر ایک
وحدت کی طرح کام کرتا ہے ۔

thinner, n. رقیق کار ؛ وہ شخص یا چیز جو پتلا بنائے ؛ سیماب وش رقیق
مادہ جو روغن جیسے تارپین کو پتلا بنانے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

thin-skinned, a. پتلی کھال والا ؛ زود حس ؛ تنک مزاج ؛
زود رنج ؛ سریع الحس ؛ چھوئی موئی ۔

thioacetic acid, n. (کیمیا) کبریتی سرکہ ؛ بخارات کی طرح
اڑ جانے والا ایک رقیق مادہ ۔

thioacid, n. (کیمیا) کبریتی تیزاب ؛ گندھک کا تیزاب ؛
تیزاب جس کی تیاری میں آکسیجن کی جگہ جزوی یا کلی طور پر
گندھک نے لے لی ہو ۔

thiocarbamide, n. (کیمیا) تھایو کاربامائڈ ؛ گندھک آلودہ
پیشابی مادہ ؛ گندھکی یوریا ۔

thiocyanate, n. (کیمیا) تھایوسایانک تیزاب سے ماخوذ ایسٹر یا نمک ۔

thiocyanic, a. (کیمیا) تھایوسایانک ؛ تیز و تلخ ، شفاف ،
رقیق تیزابی مادے یا اس کے تعلق سے ۔

Thiokol, n. کیمیائی طریقے سے بنے ہوئے
پولی سلفائڈ ربر کی کوئی قسم۔(تجارتی نشان) ۔

thionate, a. گندھکی تیزاب سے ماخوذ ایسٹر یا نمک کا ۔

thionic, a. (کیمیا) کبریتی ؛ گندھکی ؛ گندھک کا ،
گندھک سے متعلق یا گندھک سے بنا ہوا ۔

thionic acid, n. (کیمیا) کبریتی تیزاب ؛ گندھکی تیزاب ؛ عام فارمولے
کے مطابق بنے ہوئے گندھک کے پانچ غیر قیام پذیر تیزابوں میں سے
کوئی تیزاب جس میں گندھکی عناصر کی مقدار دو سے چھ تک کوئی
بھی ہو سکتی ہے ۔

thionyl, sulfinyl, n. (کیمیا) دو عنصری اساسی جزو جو ایک سالمے
سے بنتا ہے اور ہر سالمہ گندھک اور آکسیجن سے ترکیب پاتا ہے ۔

thiopental, thiopental sodium, n. (علم ادویہ) تھایوپینٹل
سوڈیم کا ایک مرکب جو ٹیکے کی مدد سے نس کے ذریعے جسم میں
داخل کیا جاتا ہے تا کہ جراحت اور سائیکوتھراپی کے اعمال میں مسکّن
اور خواب آور ثابت ہو ۔

thiophene, thiophen, n. (کیمیا) تھایوفین ؛ بے رنگ رقیق مادہ جو
پانی میں حل نہ ہو اور بنزین کے مشابہ ہو ، خام کولتار بنزین میں پایا
جاتا ہے اور خاص طور پر نامیاتی ترکیب
(organic synthesis) میں استعمال ہوتا ہے ۔

thiosulfate, n. (کیمیا) تھایو سلفیٹ ؛ تھایو گندھکی
تیزاب کا کوئی بھی نمک یا ایسٹر جو گندھکی تیزاب کا مماثل ہو ۔

thiosulfuric, a. (کیمیا) تھایو گندھکی ؛ غیر قائم تیزاب
کا نشان دہ یا اس سے متعلق،جسے گندھک کا تیزاب ہی سمجھا جا
سکتا ہے،جس کا ایک ایٹم آکسیجن کی بجائے گندھک سے بدلا ہوا ہو ۔

thiouracil, n. (علمِ ادویہ) ضد درقی ایجنٹ
جو مسمومیت درقی کے علاج معالجے میں غدہ درقی سے ہارمون کی
پیداوار گھٹانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

thiourea, thiocarbamide, n. (کیمیا) گندھکی یوریا ؛ بے رنگ
بلور آسا مواد جو تلخ ذائقے کا ہوتا ہے،اس کو آکسیجن کے بجائے
گندھک والا یوریا سمجھا جاتا ہے اور خاص طور پر مرہم وغیرہ ، نامیاتی
ترکیب ، نیز فوٹو گرافی میں استعمال ہوتا ہے ؛ گندھکی مادۂ تیزاب ۔

third, a. تیسرا ؛ ثلث ؛ تیسرا حصہ ، کسی چیز کے
تین مساوی حصوں میں سے ایک حصہ جو مساوی تقسیم کیا گیا ہو ؛
سوئمی ؛ تیجا ۔ (اسم) برابر کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ؛ دوسرے
کے بعد جو سلسلہ وار آئے ؛ موٹر کار چلانے میں تیسرا گیئر ؛ تیسرا
حصہ ؛ تہائی ؛ ایک تہائی ۔ (بیس بال) تیسرا بیس ۔ (موسیقی) کسی
مقررہ سُر سے شمار کردہ تیسرے درجے کا سر ؛ ایسے سُروں کا درمیانی
فاصلہ ؛ ایسے سُروں کا ہم آہنگ امتزاج ۔ (قانون) (عموماً جمع) ثُلث ؛
شوہر کی املاک کا تیسرا حصہ جو شوہر کے مرنے کے بعد بعض
صورتوں میں لازمی طور پر زوجہ کو ملتا ہے ؛ متوفی شوہر کی جائیداد
میں بیوی کا حصہ ۔

thirdly, adv. تیسرے ؛ تیسری جگہ ؛ ثالثاً ۔

third base, n. (بیس بال) کھیل کے میدان کا وہ بیس جس کی
طرف دوڑنے والا دوسرے بیس سے دوڑتا ہے ؛ اس بیس کے حلقے کا دفاع
کرنے کے لیے کھلاڑی کی پوزیشن ۔

third baseman, n. تیسرے بیس کا کھلاڑی ۔

third class, n. تیسرا درجہ ؛ دوسرے کے بعد والا درجہ ،
عہدہ یا گریڈ ؛ ریل گاڑیوں اور جہازوں میں ادنیٰ درجے کی نشستیں ؛
امریکی محکمہ ڈاک کا سستا ترسیلی ذریعہ جس کے تحت
اشتہارات اور کتابوں جیسا مطبوعہ مواد ارزاں نرخوں پر بھیجا جاتا
ہے ، اس میں ۱۶ اونس سے زیادہ وزن کے باقاعدہ رسائل اور اخبارات
شامل نہیں ہوتے اور ان کا معائنہ کیا جا سکتا ہے ۔

third-class a., adv. ؛ دوسری کے بعد آنے والی قسم کا یا اس سے متعلق
سفر کرنے میں تیسرے درجے سے متعلق ۔

third degree, n. اذیت رسانی ؛ چھترول ؛ تشدد ؛
معلومات حاصل کرنے یا اقبال جرم کرانے کے لیے پولیس کی ملزم پر
سختی ؛ فری میسنری میں ماسٹر کی ڈگری ۔

third-degree, a. تشدد سے متعلق ۔
third-degree, v.t. اقبال جرم کرانے کے لیے تشدد کرنا ؛ چھترول کرنا ۔
third-degree burn, n. بری طرح آگ سے جھلساؤ ؛ اس طرح کہ اوپر کی جلد جل کر کوئلہ ہو جائے اور رگیں تک نظر آنے لگیں ۔
third dimension, n. سہ ابعاد ؛ ابعاد ثلاثی ؛ دباذت یا گہرائی ؛ وہ بُعد جو کسی ٹھوس شے کو اس کی دو بعدی نمائندگی یا دو بعدی چیز سے متمیز کرے ؛ کوئی ایسی صفت یا طریقہ جو حقیقت یا گہرائی میں اضافہ کرے ۔
third dimensional, a. سہ ابعادی ؛ ابعاد ثلاثہ کا ۔
third estate, n. سیاسی سلسلہ مدارج میں تیسرا درجہ ؛ روایتاً انگلستان اور فرانس میں عوام ، جو اشرافیہ اور پادریوں کے فرقے سے ممیز ہوں ؛ عوام ۔
third force, n. تیسری قوت ؛ سیاسی طاقت ، جس کا مقام ، دو انتہائی سیاسی قوتوں کے درمیان ہو ؛ تیسری معتدل سیاسی طاقت ۔
third order, n. (عموماً بڑے T سے ، کلیسیات) مذہبی سلسلے کے زیر ہدایت دعوت و ارشاد کی ایک عوامی تنظیم ۔
third party, n. فریق غائب ؛ فریق ثالث ؛ تیسری سیاسی جماعت ؛ دو بڑی سیاسی جماعتوں کے بالمقابل بدل یا آزادانہ طور پر ایک تیسری سیاسی پارٹی ؛ وہ شخص ، مقدمے یا جھگڑے میں ، جس کی بنیادی حیثیت نہ ہو ۔
third person, n. (گرامر) صیغہ غائب ؛ حاضر کی ضد ؛ اسی طرح کے اور صیغے ۔ (صفت) بولی کی اس شکل میں یا گرامر کی رو سے ایسے شخص کے متعلق (جیسے : He, it یا they ، یہ سب ضمائر غائب ہیں) ۔
third rail, n. تیسری پٹڑی ؛ بجلی سے چلنے والی ریل کی پٹڑی کے ساتھ اضافی کٹہرے کی شکل میں لگا ہوا موصل تار جو برقی رَو کا متحمل ہوتا ہے ۔ (صفت) ریل کی پٹڑی کے ساتھ اضافی کٹہرے کی شکل میں لگے ہوئے موصل تار سے متعلق ؛ تیسری پٹڑی کا ۔
third-rate, a. گھٹیا ؛ ادنیٰ قسم کا ؛تیسرے درجے کا ۔
third-rater, n. معمولی ، ادنیٰ ، فضول شخص یا شے ۔
thirl, v.t., v.i. (برطانوی بولی) چھیدنا ، برمانا ؛ گھس جانا ؛ نفوذ کرنا ؛ جوش پیدا کر دینا ۔ (اسم) (برطانوی بولی) سوراخ یا شگاف ۔
thirst, n. پیاس ؛ تشنگی ؛ عطش ؛ پانی نہ ملنے یاپانی کی ضرورت محسوس ہونے سے منہ اور حلق کے تکلیف دہ حد تک خشک ہو جانے کی حالت ؛ تشنگی کی کیفیت ؛ بے حد شوق یا خواہش (جیسے : his thirst for power) ؛ خواہش ؛ شوق ؛ ہوس ؛ چاہ ؛ طلب ؛ ہوکا ؛ لگن ؛ ہڑک ۔ (فعل لازم) پیاس لگنا ؛ تشنہ ہونا ؛ بے حد طلب یا لگن کا ہونا ۔
thirster, n. پیاسا شخص ۔
thirsty, a. پیاسا ؛ تشنہ ؛ جس کو پیاس لگی ہو ؛ شراب کا خواستگار ؛ بے آب ، جیسے زمین یا پودے وغیرہ ؛ خشک ، بنجر یا ویران ؛ بے آب و گیاہ ؛ بے حد طلبگار یا شوقین ۔
thirstily, adv. پیاس سے ؛ بے پناہ طلبگاری سے ۔
thirstiness, n. تشنگی ؛ طلب ؛ لگن ؛ پیاسا پن ؛ تشنہ لبی ۔
thirteen, n. تیرہ ، سیزدہ ؛ تیرہ کی علامت ۔ (صفت) تیرہ افراد یا اشیا کا (مجموعہ) ۔
thirteenth, a. تیرھواں ؛ سیزدہم ؛ تیرہ برابر کے حصوں میں تقسیم شدہ شے کا ایک (حصہ) ۔ (اسم) تیرہ کے برابر حصوں کا ایک حصہ ۔
thirtieth, a. تیسواں : تیس کا ترتیبی عدد ؛ تیس برابر کے حصوں میں منقسم شے کا ایک (حصہ) ۔ (اسم) تیس کے برابر حصوں کا ایک حصہ ۔
thirty, n. تیس ؛ انتیس اور اکتیس کے درمیان کا ترتیبی عدد ؛ علامت جو اس سے منسوب ہے ؛ تیس افراد یا اشیا کا مجموعہ ۔ (جمع) ۳۰ اور ۳۹ سمیت تمام درمیانی اعداد ، عمر یا صدی کی تیسری دہائی کے سال ۔
thirty-second note, demisemiquaver, n. (موسیقی) سُر جس کا دورانیہ پورے سر کا ۱/۳۲ واں حصہ ہو ۔
thirty-three, n. تینتیس ، ۳۳ ؛ بتیس اور چونتیس کے درمیان کا ترتیبی عدد ؛ علامت جو اس سے منسوب ہے ؛ ۳۳ افراد یا اشیا کا مجموعہ ؛ LP فونو گراف ریکارڈ ۔
thirty-twomo, trigesimosecundo, n. ۳۲ ویں تقطیع ؛ کاغذ کا بڑا ورق جسے ۳ × ۵ انچ کے ۳۲ چھوٹے اوراق میں تہ کیا جائے ؛ اس تقطیع کی کتاب یا صفحہ ۔ (صفت) اس تقطیع کے اوراق والا ۔ مخفف : 32mo ۔
this, pron. یہ ؛ یہی ؛ اس ؛ حال ؛ موجودہ ؛ اسم اشارہ جس سے کسی شخص ، چیز ، خیال یا حالت (جیسے وہ موجود ، قریب ، مذکورہ ، فرضی طور پر مفہومہ یا جس کا ذکر ہونے والا ہو) کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہو ؛ اشارہ کرنا دو میں سے کسی ایک شخص ، اشیا ، خیالات یا حالتوں کی طرف جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے یا کسی ایسی چیز کا حوالہ دے کر اشارہ کرنا جو مقام ، وقت یا سوچ کی رو سے زیادہ قریب ہو یا محض امتیاز و فرق قائم کرنے کے لیے اِشارہ کرنا ؛ that کے برعکس ۔ (صفت ، متعلق فعل) قدر یا درجہ ظاہر کرنے کی علامت (جیسے : this much, this far, this early) ۔
thistle, n. گوکھرو ؛ خار مغیلاں ؛ کوئی سا کانٹے والا پودا ؛ جنگلی خار دار بوٹی جس میں چھوٹے چھوٹے سرخ،سفید پھول لگتے ہیں ، اب یہ بوٹی امریکا میں بھی اگنے لگی ہے اور جڑی بوٹیوں میں سب سے زیادہ اذیت دہ بوٹی شمار کی جاتی ہے ؛ دیگر خار دار پودوں میں سے کوئی سا پودا ؛ بھٹ کٹیا ؛ اونٹ کٹارا ؛ بھربھانڈ ۔
thistly, a. خار دار ؛ گوکھرو بھرا ؛ کانٹوں والا ۔
thistledown, n. وہ روئیں یا ریشے جو خار دار پودوں وغیرہ کے پھل پر ہوتے ہیں ؛ ریشک ۔
thither, adv. اس طرف کو؛ ادھر کو ؛ وہاں ؛ فاصلے پر ، دور ۔ (صفت) دوسری طرف واقع ۔
thitherto, adv. اس وقت تک ؛ اتنے عرصے تک ؛ جب تک ۔
thitherward, thitherwards, adv. اس جگہ کی طرف ؛ اس جانب ؛ ادھر ؛ وہاں ؛ اس مقام کی سمت ۔
thole, tholepin, n. نصاب پتوار ؛ کشتی کے اوپر کے کنارے میں پتوار کی ٹیک ، کیل کانٹا جس پر پتوار ٹکی ہوتی ہے اور گھومتی ہے ۔
thomisid, n. مکڑ پایہ ؛ اس نام و نسل کی کیکڑے جیسی مکڑی ۔
Thomist, n., a. تھامس ؛ اکوئی نس کے متکلمانہ فلسفے کا پیرو ۔
Thomism, n. تھامسیت ؛ تھامس اکوئی نس (م ۱۲۷۴) کا مذہب جو مسئلہ تقدیر اور رحمت کا قائل مگر حضرت مریم کی معصومیت کا منکر تھا ۔

Thomistic, a. تھامسیت کا یا اس مذہب سے متعلق ۔

Thompson submachine gun, tommy gun, n. اعشاریہ ۴۵ کی چھوٹی مشین گن ۔

thong, n. تسمہ ؛ چیزوں کو باندھنے والا چمڑے کا تسمہ ؛ چمڑے یا اسی قسم کی اور شے سے بنا ہوا ، لمبا سا چابک یا باگ وغیرہ ؛ چابک ؛ سَلّو ؛ بدھی ۔

thoracic duct, n. (تشریح الاعضا) قنات صدر ؛ جسم میں سب سے لمبی ڈھیلے پٹھوں والی رگ جو ریڑھ کی ہڈی کے پاس ہوتی ہے اور شریانوں کے عرق کو بائیں ہنسلی کی نچلی رگ تک پہنچانے کا کام کرتی ہے جہاں یہ خون کے گردشی نظام میں داخل ہو جاتی ہے ۔

thoracostomy, n. (جراحی) صدر شگافی؛ عمل جراحی سے سینہ شگاف کرنا خصوصاً پانی خارج کرنے کے لیے ۔

thoracotomy, n. (جراحی) دیوارِ سینہ کی چیر پھاڑ ۔

thorax, n. سینہ ؛ صدر (انسانوں اور جانوروں کا) ؛ جسمانی خلا جو ریڑھ کی ہڈی ، پسلیوں اور سینے کی ہڈی سے پُر ہو اور ان میں پھیپھڑے اور دل بھی موجود ہوں ؛ چھاتی ؛ حیوانوں کے جسم میں اسی طرح کا حصہ ؛ کیڑے کے سر اور ناف کا درمیانی حصہ ۔

thoracic, a. سینے کا ؛ صدری ؛ چھاتی سے متعلق ۔

thoria, thorium oxide, thorium dioxide, n. (کیمیا) تھوریم آکسائڈ ؛ تھوریم ڈائی آکسائڈ ؛ تھوریم کا آکسائڈ ، جو ایک وزنی سفید سفوف ہے اور جو گیس لیمپ روشن کرنے کے لیے جالی دار ٹوپیاں (مینٹل) بنانے اور کٹھالیوں کے استر کے کام آتا ہے ۔

thorianite, n. ایک کمیاب تابکار معدنی شے جو عام طور پر بکثرت تھوریم آکسائڈ سے ترکیب یافتہ چھوٹے ، سیاہ ، مکعب نما قلموں میں پائی جاتی ہے مگر ان قلموں میں یورینیم ، سیریئم اور اسی طرح کی نادر دھاتیں بھی ہوتی ہیں ۔

thorite, n. معدنی شے ؛ تھورائٹ ؛ تھوریم سلیکیٹ ، جو سیاہ سے براؤن یا زرد قلموں کی شکل میں ہوتی ہے ۔

thorium, n. (کیمیا) تھوریم ؛ وزنی ، مٹیالے رنگ کا تابکار دھاتی عنصر جسے تھورائٹ اور دیگر نایاب معدنیات سے علیحدہ کیا گیا ہے ، دھاتوں کی آمیزش اور ایٹمی توانائی پیدا کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

thoric, a. تھوریم والا ؛ جو تھوریم سے مرکب ہو ۔

thorn, n. کانٹا ؛ خار ؛ نوک ؛ سول ؛ ابرہ ؛ پودے کا تیز نوکیلا کانٹا ؛ خاص کر تیز نوکدار نمو یافتہ شاخ ؛ لکڑی کا نوک والا حصہ ؛ جانور پر اس نوعیت و شکل کی کوئی چیز ؛ خار دار جھاڑی یا کانٹوں والا درخت خصوصاً وہ خار دار جھاڑی جس کے پھول سفید ، گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی طرح کے گہرے سرخ ہوتے ہیں ؛ جو چیز زخم پیدا کرے یا سوہانِ روح ثابت ہو ؛ انگریزی حروف تہجی کے متروک حرف کا نام جس کا تلفظ "th" تھا ، جیسے لفظ "thin" میں ۔

thorn in the side, پریشانی یا تکلیف کا منبع یا سبب ۔

thornless, a. بے خار ؛ جس میں کانٹا نہ ہو ۔

thornlike, a. خار نما ؛ کانٹے جیسا ؛ کانٹے کی شکل کا ۔

thorn apple, n. دھتورہ ؛ داتورہ ؛ اسی نام و نسل سے تعلق رکھنے والے بعض زہریلے پودے جن کی بعض اقسام میں حب نما ایسے پھل لگتے ہیں جو نوکدار کانٹوں سے ڈھکے ہوئے ہوتے ہیں ، خاص طور پر جمسن بوٹی (Datura Stramonium) ؛ دھتورہ (Crataegus)

نسل کی بے شمار خار دار جھاڑیوں میں سے کسی ایک جھاڑی کا پھل ۔

thornback, n. ماہی خار پشت ؛ یورپین مچھلی Raia clavata جس کی پشت اور دم پر کانٹے ہوتے ہیں ؛ رائیہ ماہی (Platyrhinoidis triseriatus) جو شارک مچھلی سے مشابہ ہوتی ہے ، خاص طور پر کیلیفورنیا کے سمندروں میں پائی جاتی ہے اور اس کی پشت بھی خار دار ہوتی ہے ؛ یورپ کا لمبا کیکڑا Maia squinado جس کی ٹانگیں لمبی اور بہت پتلی ہوتی ہیں ۔

thorny, a. خار دار ؛ کانٹوں ، خاروں یا سولوں بھرا ؛ چبھنے والا ؛ تکلیف دہ ؛ مضطرب کرنے والا ؛ مسائل یا مشکلات سے بھرا ہوا ؛ پُرخار ؛ کٹھن ؛ دشوار ؛ کٹیلا ۔

thorniness, n. خار داریت ؛ کانٹے کی چبھن ؛ بے چینی یا اضطراب ۔

thoron, n. (کیمیا) تھوران ؛ گیسی عنصر جو تھوریم سے پیدا کیا جاتا ہے اور یہ randon کا تابکار ہم جا ہوتا ہے ؛ علامت :Tn ۔

thorough, a. مکمل طور پر ؛ نہایت ، سراسر ؛ پورا ؛ آخر تک مکمل (جیسے : a thorough study of the matter) ؛ کامل یا اکمل (جیسے : thorough fulfilment) ؛ پوری اور صحیح توجہ دیا گیا (جیسے : a thorough research) ؛ محتاط اور بالکل درست (جیسے : a thorough housekeeper) ؛ کسی شعبے میں پوری طرح ماہر (جیسے : He was a thorough artist) ۔

thoroughly, adv. بخوبی ؛ پوری طرح ؛ مکمل طور پر ؛ پورا پورا ۔

thoroughness, n. مکمل حالت ؛ کامل پن ؛ مکملیت ۔

thorough bass, n. (موسیقی) اتم کھرج ؛ سرگم پر نشانات کے ذریعے دھن کے اظہار کا طریقہ جس سے ہر سر کے تمام دوسرے حصوں میں ہم آہنگی کا اظہار کیا جاتا ہے ؛ نشان زدہ سرگم ۔

thorough brace, n. چمڑے کے دو تسموں یا فیتوں میں سے کوئی ایک تسمہ یا فیتہ جو بگھی یا گاڑی کی حلقہ نما کمانیوں کے بیچ میں لگا ہوا ہوتا ہے اور عام طور پر اسپرنگ کا کام دیتا ہے ۔

thorougbred, a., n. اصیل ؛ خالص نسل کا ، جیسے گھوڑا یا دوسرے جانور ؛ عالی نژاد و عمدہ ترین خاندان کا ۔ (عموماً بڑے T سے) انگریزی نسل کے گھڑ دوڑ والے گھوڑوں میں بہترین نژاد گھوڑا جس کا نسب نامہ نسل در نسل اصطبل خانوں کی سرکاری کتابوں میں محفوظ ہو ؛ جس میں خالص نسل ہونے کی تمام خوبیاں موجود ہوں ؛ عالی ہمت ؛ عالی ظرف ؛ باتمکنت ؛ سجیلا شکل یا جسم کے لحاظ سے ؛ جب کسی شخص کے لیے استعمال ہو تو مطلب ہو گا تعلیم یافتہ ، تجربہ کار یا مہذب ۔

thoroughfare, n. شارع عام ؛ غیر مسدود راستہ ، خاص کر ایسی سڑک یا کوچہ جس پر عوام کو چلنے پھرنے کی پوری آزادی حاصل ہو ؛ گزرگاہ یا جہاں سے گزرنے کا حق ہو ، شاہراہ ؛ آبی شاہراہ ۔

thoroughgoing, a. پکا ؛ جُملہ حدود پھاندنے والا یا پھاند جانے پر آمادہ ؛ پرجوش ؛ سخت ؛ کٹر (جیسے : thorough going rascal) ۔

thoroughgoingly, adv. پوری طرح سے ؛ سختی کے ساتھ ۔

thoroughgoingness, n. کٹر پن ؛ سختی ؛ درشتی ۔

thoroughpaced, a. ہر چال سیکھا ہوا ، جیسے عمدہ تربیت یافتہ گھوڑا ؛ پورا ؛ پکا ؛ پرلے سرے کا ؛ کامل ۔

thoroughpin, n. بیطاری امراضیات) موتھرے کی بیماری ، جس میں گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے ٹخنے کے قریب ورم ہو جاتا ہے ، بعض اوقات اس مرض سے گھوڑے کی دونوں ٹانگیں متورم ہو جاتی ہیں جس کے سبب وہ کبھی کبھی لنگڑا کر چلنے لگتا ہے۔

thoroughwort, n. ہڈی جوڑ۔

thou, pron. تو ؛ صیغہ واحد حاضر ، اسم ضمیر ذاتی فاعلی حالت میں مخاطب شخص کے لیے استعمال ہوتا ہے لیکن اب شاعری ، بائبل یا مذہبی انداز میں مستعمل ہے یا اسے فرینڈز اور کویکر آپس میں بطور خطاب استعمال کرتے ہیں ؛ اس کی جمع you عام طور پر اس کے متبادل کے طور پر رائج ہے ۔(فعل متعدی) اس طرز خطاب کا استعمال کرنا ؛ توتکار کرنا ؛ آپے تپے کرنا ؛ تُو سے خطاب کرنا۔

thou, n. (عوامی) thousand کا مرخّم ، ایک ہزار (1,000) خصوصاً امریکی ڈالر۔

though, conj., adv. اگرچہ ؛ گو ؛ ازبس کہ ؛ حالانکہ ؛ مگر ؛ پھر بھی ؛ تاہم ؛ باوجودیکہ (جیسے : though the sun shone it was still cold) ؛ اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے ، عموماً even کے بعد۔

tho, adv. (بول چال) تاہم ؛ مگر ؛ بہرحال ؛ بہر کیف۔

as though, گویا کہ ؛ جیسے۔

thought, n. خیال ؛ سوچ ؛ فہم ؛ ارادہ ؛ سوچنے کی قوت یا عمل ؛ سوچ بچار ؛ غوروفکر (جیسے : lost in thought) ؛ جو سوچا جائے ؛ خیال ؛ تصور ؛ رائے ؛ نازک خیالی ؛ غور و خوض یا تفکر (جیسے : It takes some thought) ؛ مقصد یا ارادہ (جیسے : have some thought of moving)؛ توقع ؛ امید (جیسے : no thought of recovering it)؛ رائے یا مشورہ (جیسے : give my thought on the matter)۔

thoughtful, a. متفکر ؛ فکر مند ؛ متردد ؛ سوچنے والا ؛ غور و فکر کا عادی ؛ خلیق یا بامروت ؛ محتاط؛صاحب فکر ؛ پُرفکر ؛ لحاظ رکھنے والا ؛ پُراندیشہ۔

thoughtfully, adv. سوچ سمجھ کر ؛ غور و فکر کے ساتھ ؛ دلجوئی اور مروت سے ؛ فکر سے ؛ تردد سے ؛ بغور۔

thoughtfulness, n. غور و فکر کا عالم ؛ مروت ؛ فکر مندی ؛ تفکر ؛ تردد۔

thoughtless, a. بے فکر ؛ غافل ؛ خیال یا احتیاط میں کمی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ بے پروا ؛ عاقبت نااندیش ؛ بے سوچا سمجھا ؛ لاابالی پن کا ؛ بے مروت۔

thoughtlessly, adv. بے پروائی یا عاقبت نااندیشی سے ؛ بے خیالی میں ؛ بے سوچے سمجھے ؛ لاابالی پن سے؛ بے فکری سے ؛ بلا تامل ؛ بلاغور ؛ بے مروتی سے۔

thoughtlessness, n. بے خیالی ؛ بے پروائی ؛ عاقبت نااندیشی ؛ بے مروتی ؛ بے خبری ؛ بے فکری۔

thought-out, a. بڑی محتاط سوچ سمجھ کے بعد حاصل شدہ ؛ گہرے غور و فکر کا ماحصل۔

thousand, n. ہزار ؛ علامت جو اس عدد کی مظہر ہے ؛ ایک ہزار افراد یا اشیا پر مشتمل مجموعہ ؛ غیر واضح کثیر تعداد یا بہت بڑی رقم۔

thousandth, a., n. ہزاروان۔

Thousand Island dressing, n. ایک قسم کی سلاد جو انڈے کی زردی ملی چٹنی ، ٹماٹر کی چٹنی ، زیتون ، اچار اور دیگر مسالے وغیرہ ملا کر تیار کی جاتی ہے۔

thrall, n. قیدی ؛ غلام ؛ حلقہ بگوش ؛ چاکر ؛ غلامی کی حالت ۔ (فعل متعدی ، قدیم) قید میں ڈالنا یا رکھنا۔

thralldom, thraldom, n. غلام ہونے کی حالت یا شرط ؛ غلامی ؛ حلقہ بگوشی۔

thrash, thresh, v.t. چھڑی یا چابک سے اچھی طرح مارنا ؛ مکمل شکست دینا ، ہرانا ؛ پٹائی کرنا ؛ خبر لینا ۔ (فعل لازم) زور سے ادھر ادھر پھینکنا یا اچھالنا ؛ گاھنا ۔ (جہاز رانی) ہوا کو یا لہروں کو دھکیل کر آگے بڑھنا ۔ (اسم) گاہنے یا اچھالنے کی مثال یا اس کا عمل ۔ (تیراکی) اڑ جو پانی میں تیرتے ہوئے استعمال کی جاتی ہے یا جوابی ضرب ، پشت دست کی ضرب۔

thrash over or out, معاملے کے ہر پہلو پر اچھی طرح بات چیت کرکے اور فکر و کاوش کے بعد کسی نتیجے یا حل پر پہنچنا۔

thrasher, n. دراسہ ؛ گاہنے والا ؛ گاہنے کی مشین ؛ مزدور یا غلہ نکالنے والا شخص۔

thrashing, n. ٹھکائی ؛ مرمت ؛ گاہ ؛ گہائی ؛ دراسی۔

thrasher, thrusher, n. (حیوانیات) سُم دہن(Toxostoma) نسل کے لم دمے پرندوں میں سے کوئی پرندہ ؛ امریکی مینا جو عام طور پر جھاڑیوں میں پائی جاتی ہے ؛ شارک مچھلی کی ایک قسم ؛ ثعلب البحر ؛ روباہ شارک۔

thrasonical, a. [تھراسو ، قدیم طربیہ کے شیخی باز کی نسبت سے] شیخی بگھارنے والا ؛ شیخی باز ؛ لاف زن ؛ مغرور۔

thrasonically, adv. شیخی سے۔

thread, n. دھاگا جو سینے (سلائی کرنے) میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ روئی ، چمڑے ، ریشم یا اون کے نرم ریشوں سے کاتا ہوا مہین تار یا باریک ڈورا ؛ کوئی شے جو اس کے مشابہ ہو ؛ نازک سا کوئی تار ؛ سوت ؛ تار ؛ ڈورا ؛ تاگا ؛سلسلہ ؛ رشتہ ؛ لکیر ؛ رسی ؛ لڑی ؛ مسلسل دورانیہ یا عرصہ (جیسے : the thread of discourse) ؛ پیچ کا نمایاں چکر دار حصہ ۔ (فعل متعدی و لازم) کسی ناکے یا سوراخ میں سے دھاگا گزارنا ؛ تنگ راستے سے جانا یا گزرنا/گزارنا۔

threader, n. دھاگے یا ڈورے والا ؛ چُوڑی ساز مشین۔

threadless, a. جس میں دھاگا نہ ہو ؛ تاگے کے بغیر ؛ بغیر چُوڑی کے۔

threadlike, a. تاگے ڈورے جیسا ؛ چُوڑی کی طرح کا۔

threadbare, a. تار تار (کپڑا) ؛اس قدر پرانا کہ تار نظر آنے لگیں ؛ فرسودہ ؛ پامال ؛ پرانا ؛ پھٹا ہوا ؛ جھر جھر۔

threadbareness, n. فرسودگی ؛ پامالی۔

threadfin, n. تاگا پر مچھلی ؛ ایک قسم کی فلس دار مچھلی ؛ اس کے فلس بے شمار نرم ریشوں کے بنے ہوئے ہوتے ہیں اور الگ الگ دکھائی دیتے ہیں۔

threadworm, n. خیطیہ یا رشتہ نما کیڑوں میں سے کوئی کیڑا ، خاص طور پر چرنا یا چلونا۔

thready, a. دھاگے جیسا ؛ ریشہ دار ؛ جس میں دھاگا ہو ؛ کنجوس یا بخیل ؛ کمزور ، جیسے نبض ؛ (آواز)جو بھاری نہ ہو ، ہلکی (آواز)؛باریک (آواز)۔

threadiness, n. دھاگے جیسا پتلا پن۔

threat, n. ڈراوا ؛ دھمکی ؛ تخویف ؛ تہدید ؛ اندیشہ ؛ خطرہ ؛ آثار ؛ جوکھم ؛ ڈر ؛ گھڑکی ؛ کسی آدمی یا چیز کی دہشت ؛ کسی کو سزا دینے ، اس کا نقصان کرنے یا اسے ایذا پہنچانے کا اعلان ؛ تنبیہ یا آنے والے خطرے یا ہونے والے نقصان کی گھنٹی (جیسے : a threat of a tornado)۔ (فعل متعدی و لازم) (قدیم) ڈرانا دھمکانا۔

threaten, v.t., v.i. کسی کو دھمکیاں دینا ؛ ڈراوا دینا ، جیسے زخمی کر دینے کا ؛ خوف دلانا ؛ کسی کو خوفزدہ کرنا ؛ زحمت دینے اور ناگواری کے لیے ڈراونی صورت کا اظہار کرنا (جیسے : The clouds threaten us with rain)؛ ناگزیر ہونے کا اظہار (جیسے : the sky threaten the storm)؛ دھمکیاں دینا یا دہشت انگیز طریقے استعمال کرنا۔

threatener, n. ڈرانے والا ؛ دھمکیاں دینے والا ؛ خوفزدہ کرنے والا ؛ دہشت انگیز۔

threateningly, adv. ڈراوے کے طور پر ؛ دھمکاتے ہوئے ؛ خوفناک طریقے سے ؛ دھمکی کے طور پر ؛گھڑکی دے کر ؛ دھما کر ؛ تہدید آمیز طریقے سے ؛ ڈراوے کے طور پر۔

three, n. تین ؛ سہ ؛ علامت جو اس سے منسوب ہے ؛ تین اشخاص یا اشیا کا مجموعہ۔ (صفت) تیسرا۔

three-base hit, triple, n. (بیس بال) گیند کو اس طرح مارنا کہ اس کی وجہ سے بلے باز کو تیسرا بیس مل جائے۔

three-color, a. سہ رنگی ؛ سہ رنگا یا جس میں تین رنگ استعمال ہوئے ہوں ، خصوصاً میکانکی طریقے سے قدرتی رنگ پیدا کرنے کے عمل سے متعلق (سرخ ، نیلے اور پیلے رنگ کے بلاکوں سے) : یہ عمل تین اساسی رنگ کی پلیٹیں بنا کر ہاف ٹون کے ذریعے کیا جاتا ہے اور پھر ان تین پلیٹوں سے تین یکساں رنگوں کی سیاہیوں سے ایک تصویر کے اوپر دوسری تصویر رکھ کر بہت سے رنگین ایک ہی جیسی تصویریں نکال لی جاتی ہیں۔

three-decker, n. سہ عرشہ یا سہ منزلہ ؛ سہ عرشہ جہاز ؛ پہلے اس سے مراد وہ جنگی کشتی تھی جس کے تینوں عرشوں پر توپیں گڑی ہوتی تھیں ؛ سینڈوچ جو تین ڈبل روٹی کے ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے اور اس میں دو بھرائی کی تہیں ہوتی ہیں ؛ تین عرشوں ، تین منزلوں یا تین تہوں والی کوئی شے۔

three-dimensional, a. سہ ابعادی ؛ کوئی چیز جو اپنی پوری جسامت یعنی لمبائی ، چوڑائی اور گہرائی میں نظر آئے یا اس کے مطابق دکھائی دے۔

three fold, a., adv. تگنا ؛ تہرا ؛ تین کا مرکب۔ (اسم) (تھیٹر) پردوں کے تین چوکھٹوں کو قلابوں سے جوڑ کر بنایا گیا ایک یونٹ۔

three-gaited, a. سہ چالا ؛ سہ چالا گھوڑا جسے عام چال ، دلکی اور پویہ چلنے کی تربیت دی گئی ہو۔

three-legged, a. تین ٹانگوں والی (جیسے : a three legged swivel chair)۔

three-mile limit, n. سہ میلی حد ؛ ساحل سے تین میل دور تک کا سمندری پانی جس پر بین الاقوامی قانون کی رو سے اس متعلقہ ساحلی ریاست کا تصرف ہوتا ہے۔

threepence, n. تین پینس ؛ برطانیہ عظمیٰ کا ایک چھوٹا سکہ۔

threepenny, a. تین پینی کے برابر ؛ معمولی قیمت کا۔ (اسم) (نجاری) میخ ؛کیل ؛ سوا انچ یا $1\frac{1}{8}$ انچ لمبی میخ۔

three-phase, a. (برق) سہ ہئیتی ؛ تین فیز ؛ باری باری بجلی مہیّا کرنے کے نظام سے متعلق جس میں تین سرکٹ لگے ہوئے ہوتے ہیں جو فیز کے لحاظ سے ایک دوسرے سے ۱۲۰ درجہ کا یا ایک دوری گردش یا چکّر کا ایک تہائی اختلاف رکھتے ہیں۔

three-piece, a. تین مجموعی تاثّر والے یا تین ہم قسم ٹکڑوں کو بہم کرنے کے متعلق ، جیسے فرنیچر کا سیٹ ؛ تین حصّوں میں۔

three-ply, a. تین تہوں کا ؛ سہ پرتی ، تین پرتوں یا تین تہوں کا بنا ہوا۔

three-point landing, n. (طیرانیات) ہوائی جہاز کو رن وے پر اس طرح اُتارنے کا عمل کہ اس کے تینوں پہیّے بیک وقت زمین کو چُھوئیں۔ (مجازاً) کوئی مکّمل انجام دہی یا کامیاب نتیجہ۔

three-quarter, a., n. تین چوتھائی ؛ پُورے کا تین چوتھائی یا اس سے متعلق (جیسے : a three quarter portrait) ؛ پورے چہرے کی نہیں بلکہ تین چوتھائی چہرے کی تصویر۔

three-quarter binding, n. (جلد بندی) تین چوتھائی جلد بندی ؛ اس طرح جلد بندی کہ کتاب کا پشتہ جلد کے دونوں اطراف میں ایک تہائی تک بڑھا ہوا ہو۔

three-ring circus, three-ringed circus, n. سہ حلقی سرکس : سرکس جس کے تین حلقوں میں بیک وقت کھیل دکھائے جائیں ؛ کوئی موقع یا تقریب جو بیک وقت ہونے والی سرگرمیوں سے ابتری کا شکار ہو کر رہ جائے۔

three R's, n. تین آر : لکھنا ، پڑھنا ، گننا ؛ ایک عام محاورہ جو reading (پڑھنا)، riting (لکھنا) اور rithmetic (حساب) کے لیے استعمال ہوتا ہے اور ان تینوں سے خواندگی کے بُنیادی عناصر مراد لیے جاتے ہیں۔

threescore, a. تین بیسیاں یعنی ساٹھ کا ؛ تین کوڑی کا ؛ ساٹھ۔

threesome, a. تین کا ؛ تین گنا ؛ کھیل جو تین اشخاص میں کھیلا جائے۔ (اسم) تِکڑی ؛ تین افراد کا مجموعہ جس میں تین کی شرکت ہو۔ (گالف) میچ جس میں ایک کھلاڑی اپنے دو مقابل کھلاڑیوں سے ایک ہی گیند کے ساتھ کھیلتا ہے جبکہ دوسرے دو کھلاڑی باری باری سے گیند کو ضرب لگاتے ہیں۔

three-square, a. سہ مربع ؛ مساوی الاضلاع تکونی شکل کی ، جیسے ریتی کی بعض اقسام۔

thermatology, n. (حیاتیات) گھریلو طور پر جانوروں کی افزایش نسل کا فن یا پودوں کی پرورش کا علم۔

threnody, threnode, n. نوحہ خصوصاً فوت شدہ کا مرثیہ ؛ مرثیہ ؛ ماتمی گیت۔

threnodial, threnodic, a. ماتمی ؛ ماتمی گیت کا ؛ نوحے کا ؛ نوحے کی طرز کا ؛ مرثیہ سے متعلق ؛ مرثیے کا ؛ ماتم کا ؛ سوگ کا ؛ سوگی ؛ ماتم سے متعلق۔

threnodist, n. نوحہ خواں ؛ مرثیہ گو ؛ نوحہ گر۔

threonine, n. (حیاتی کیمیا) أمینو تیزاب

جو غذائیت کا لازمہ خیال کیا جاتا ہے۔

thresh, v.t. غلّے کو گاہنا، پَوڑ یا خرمن کوب سے اُس کی بالیاں / سٹّے علیحدہ کرکے یا پھر گاہنے کی مشین استعمال کرکے؛ مارنا یا چابک لگانا؛ سونٹے سے خبر لینا۔ (فعل لازم) غلّہ گاہنا؛ تڑا تڑ لگانا یا اُچھالنا پھینکنا۔

thresher, thrasher, n. دراّسہ؛ گہائی مشین؛ گاہنے والا؛ کُوٹنے والا؛ گیہوں یا غلّے سے پَوڑ یا خرمن کوب کے ذریعے چھلکے اُتار کر دانے علیحدہ کرنے والے یا پھر گاہنے کی مشین استعمال کرکے یہ کام انجام دینے والا؛ اس کام کا آلہ یا مشین۔ (حیوانیات) دراسہ مچھلی؛ گرم پانیوں کی ایک قسم کی بہت بڑی مچھلی جو تھریشر شارک یا فوکس شارک کہلاتی ہے کیونکہ یہ اپنی دُم کے اُوپر والے لمبے پرے کو پانی میں کنگھالتے ہوئے چھوٹی مچھلیوں کو جمع کرتی رہتی ہے۔

threshing machine, thrashing machine, n. (زراعت) دراّسہ؛ گاہنے کی مشین؛ سٹّوں میں سے اناج کو علیحدہ کرنے والی مشین۔

threshold, n. دہلیز؛ آستانہ؛ پتھر یا لکڑی کا ٹکڑا جو دروازے کے نیچے لگا ہوتا ہے؛ دروازہ؛ چوکھٹ؛ آغاز؛ ابتدا (جیسے: The threshold of an argument) ۔ (نفسیات، فعلیات) وہ درجہ جہاں کوئی مہیج محسوس ہو سکے (جیسے: The threshold of consciousness)؛ اقل شعور؛ اقل حِس؛ آغاز شعور۔ نیز: limen ۔

thrice, adv. تین بار؛ تین گنا (جیسے: one, twice, thrice)؛ سہ چند؛ تگنی اہمیت یا رقم کا؛ تگنا؛ تین دفعہ؛ سہ بارہ؛ تاکیداً یا زور کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے (جیسے: thrice blessed) ۔

thrift, n. کفایت شعاری؛ خوش اسلوبی؛ توازن و کفایت؛ کفایت شعارانہ انتظام؛ وسائل و اقتصادیات کی کفایت؛ کم خرچی۔ (نباتیات) آرمیریا نسل اور دیگر کئی ایک نسلوں سے متعلق کوہی یا بحری پودوں میں سے کوئی جن میں گلابی اور سفید پھول لگتے ہیں، ان میں سے بحری گلاب (Armeria maritima) پودا اپنی گھنی نشوونما کے لیے مشہور ہے۔ (شاذ) طاقتور نشوونما، جیسے پودے کی۔

thriftshop, n. کفایتی دکان؛ دکان جہاں پُرانا مال اسباب وغیرہ عام طور پر خیرات کی غرض سے ارزاں نرخوں پر فروخت ہوتا ہے۔

thrifty, a. کفایت شعار یا جُز رسی سے کام لینے والا؛ وسائل کے استعمال میں مُحتاط؛ جُز رس؛ کم خرچ؛ خوشحال؛ دولت مند یا ترقی پذیر؛ ہمت سے فروغ پانے والا؛ پھلا پھولا۔

thriftily, adv. کفایت شعاری کے ساتھ؛ اقبال مندی سے؛ بہ کفایت؛ جزرسی سے۔

thriftiness, n. کفایت شعاری؛ کم خرچی؛ جز رسی۔

thrill, v.t., v.i. جوش سا پیدا کر دینا؛ دل میں جذبات کی ایک لہر پیدا کر دینا جیسے خوشی یا اہتزاز کی؛ لرزا دینا۔ (فعل لازم) جھنجھناہٹ کا سا احساس پیدا ہونا؛ تھرتھراتے ہوئے کام کرنا؛ اہتزاز ہونا؛ ارتعاش پیدا ہونا یا کرنا؛ لرزش کا رگ وپے میں دوڑ جانا؛ کانپنا؛ جھرجھری محسوس کرنا یا ٹھٹھرے ہوئے حرکت کرنا؛ تھرتھرانا۔ (اسم) ہیجانی کیفیت؛ وہ چیز جس سے ہیجانی کیفیت پیدا ہو؛ ہیجان؛ سنسنی؛ پھریری؛ اختلاج؛ لرزہ؛ تھرتھری؛ دھڑکن؛ اہتزاز؛ پھڑک؛ تڑپ۔

thriller, n. جوش پیدا کرنے والا؛ پُراسرار یا تجسس خیز کہانی۔

thrillful, thrilling, a. تجسس آمیز؛ ہیجان خیز؛ جوش آور؛ پُراسرار۔

thrillingly, adv. جوش آورانہ؛ ہیجان خیز طریقے سے؛ تجسس آمیزانہ۔

thrips, n. نبات چُوس کیڑا؛ طرہ پراں (Thysanoptera) سلسلے کے چھوٹے چھوٹے کیڑے جن کے لمبے لمبے تنگ بازو بالوں سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں، ان کی بعض قسمیں خصوصاً تھریپی (Thripidae) خاندان، بہت سے کاشتہ پودوں کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے؛ ترپسہ۔

thrive, v.i. فروغ پانا؛ بڑھنا یا ترقی کرنا؛ خوش قسمت ہونا؛ مال و متاع اور جائیداد بڑھانا؛ اپنی دستیابیوں میں اضافہ کرتے جانا؛ فروغ و ترقی کے لیے مشہور ہونا (جیسے: a business which thrives)؛ بڑھتے رہنا اور آمدنی میں اضافہ ہونا؛ اچّھا نتیجہ اخذ کرنا؛ اچّھا نکاس ہونا؛ بہتات سے اُگانا؛ تیزی سے ترقی کرنا؛ پھلنا پُھولنا؛ دولت کمانا؛ پنپنا؛ پلنا۔

thriver, n. فروغ پانے والا؛ آگے بڑھنے والا؛ کاروبار چمکانے والا؛ دولت کمانے والا؛ نشوونما پانے والا۔

thriving, a. فروغ پاتا ہوا؛ پنپتا ہوا؛ ترقی پاتا ہوا۔

thrivingly, adv. ترقی کرتے ہوئے؛ دولت کماتے ہوئے؛ پنپتے ہوئے؛ کامیابی سے۔

throat, n. حلق؛ گلا؛ گُلو؛ حلقوم؛ وہ راستہ جو ناک اور مُنہ سے پھیپھڑوں اور معدے تک جاتا ہے اور جس میں نرخرا، حلقوم اور گلا شامل ہے؛ گردن کا اگلا حصّہ؛ ٹینٹوا؛ کنٹھ؛ تنگنا؛ نرخرا؛ حنجرہ؛ بہت سی تنگ نلیوں یا حصّوں میں سے کوئی ایک جیسے سوراخ یا پودے کے مسام؛ انگھیٹی اور دُود کش کے درمیان خَم خوردہ چوڑا سا منہ یا ٹینس کھیلنے والے ریکٹ کا ایک حصّہ جہاں دستہ بیضوی حصے سے ملتا ہے۔ (فعل متعدی) گلا لگانا؛ حلقی تلفّظ سے کچھ بیان کرنا یا کہنا یا گلے سے آواز نکالنا۔

cut one's own throat, (بول چال) اپنے ہاتھوں اپنی بربادی کا سامان کرنا؛ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔

cut someone's throat, (بول چال) کسی کا گلا کاٹنا؛ کسی کو شدید نقصان پہنچانا؛ کسی کی بربادی کا سامان کرنا۔

jump down someone's throat, (بول چال) اچانک اور بڑی سختی کے ساتھ مین میخ نکالنا؛ جھڑکنا؛ لعنت ملامت کرنا۔

lump in one's throat, جذبات کی وجہ سے حلق میں کھنچاؤ یا رکاوٹ کا احساس۔

ram something down one's throat, (بول چال) دباؤ ڈال کر کسی شخص کے ساتھ کوئی معاہدہ کرنا یا کوئی بات منوانا۔

stick in on's throat, گلے میں اٹک جانا جیسے وہ الفاظ جنھیں کہنے میں ہچکچاہٹ محسوس ہو؛ تسلیم کرنے میں تکلیف دہ یا دشوار۔ (مجازاً) جسے نگلنا مشکل ہو۔

throated, a. حلق دار؛ حلقومی۔

throatlatch, n. چمڑے کا فیتہ یا تسمہ جو گھوڑے کے حلق کے نتیجے سے گزارا جاتا ہے تاکہ لگام یا وہ دستی جس میں گلے میں ڈالنے کے لیے حلقہ بنایا گیا ہو، اپنی جگہ پر قائم رہے۔

(continued) مرتبے پر فائز ہونا یا فائز کرنا۔

throaty, a. بھاری اور حلقی آواز کا حامل۔

throatily, adv. حلقی آواز سے ؛ بھاری آواز سے۔

throatiness, n. حلقیت ؛ حلقی آواز۔

throb, v.i. دھڑکنا ؛ پھڑکنا ؛ دل یا نبض کا دھڑکنا خصوصاً غیر معمولی تیزی سے ؛جوش وجذبہ دکھانا ، ظاہر کرنا یا محسوس کرنا ؛ لرزنا ؛ مرتعش ہونا۔ (اسم) دھڑکن ؛ تُند ارتعاش یا اہتزاز ؛ اختلاج ؛ لرزہ ؛ تھرتھری۔

throbber, n. دھڑکانے والا ؛ لرزانے والا۔

throe, n. سخت قسم کی اینٹھن یا شدید درد ؛ کرب ؛ دورہ ؛ جذبات کا شدید حملہ۔ (جمع) دردِ زہ ؛ نزع یا جانکنی کا عالم ؛ سخت اُلجھن یا کشمکش۔

thrombin, thrombase, n. (حیاتی کیمیا) خمیرِ خُون ؛ انجمادِ خون پیدا کرنے والا کیمیاوی خمیر ؛ دَلمہ ساز مادہ ؛ عُروقِ شعریہ سے بہتا ہوا خون بند کرنے کی دوا۔

thrombocyte, n. (فعلیات) خلیہ دَلمی ؛ خون کی خلیۂ بَستگی۔

thrombocytic, a. بَستہ خُون کے خلیے کا۔

thromboembolism, n. (امراضیات) ایک سُداد جو شریانوں میں جمے ہوئے خون سے علیٰحدہ ہو کر خون کی کسی نالی میں گردشِ خون کو روک دے۔

thrombogen, n. دیکھیے : Prothrombin۔

thrombophlebitis, n. (امراضیات) ورمِ دلمی ؛ کسی نالی پر ورم جس کے ساتھ خونی سداد بھی ہو۔

thromboplastic, a. (حیاتی کیمیا) دلمہ ساز ؛ خون کے تھکّے بننے کی رفتار تیز کرنے والا یا رفتار بڑھانے کا باعث۔

thromboplastin, thrombokinase, n. (حیاتی کیمیا) دلمی شحمین ؛ شحمی لحمیات جو خون کے تِھکّوں کو بڑھاتی ہے اور خُون کے خلیوں میں موجود ہوتی ہے۔

thrombosis, n. (امراضیات) تجمّد ؛ دلمیت ؛ علقیت ؛ خُون بستگی ؛ کسی شریان میں یا جیتے جی دل میں خون کا جماؤ ؛ انجمادِ خُون ؛ خونی سداد کی موجودگی یا اس کی بناوٹ۔

thrombotic, a. عَلقِیتی ؛ دلمی ؛ انجمادِ خون سے متعلق۔

thrombus, n. (امراضیات) خونی سداد ؛ دَلمۂ رگ ؛ لیفینی یا ریشہ دار خون کا تھکّا/دلمہ جو دوران حیات اندر ہی اندر ترکیب پاتا ہے اور شریان میں گردشِ خون کے لیے رکاوٹ پیدا کرتا ہے ؛ دلمہ۔

throne, n. تختِ شاہی ؛ مسند یا راج گدّی جو حاکم اعلیٰ ، اُسقف یا کسی دوسرے مقتدر شخص کی سرکاری تقریبات میں نشت گاہ ہو ، خصوصاً تختِ شاہی جس پر بادشاہ رسمی تقریبات میں جلوہ افروز ہوتا ہے ؛ یہ مزیّن و مرصّع اور پُرتکلّف طریقے سے آراستہ و پیراستہ تخت ایک خوبصورت شامیانے کے نیچے بچھا ہوتا ہے ؛ حاکم کا منصب اعلیٰ یا جاہ و حشم ؛ اقتدارِ شاہی یا حکومت ؛ اورنگ ؛ سریر ؛ گدّی ؛ بلند مقام ؛ مُمتاز مقام یا حیثیت ؛ سنگھاسن ؛ راج پاٹ ؛ اونچا درجہ ؛ اُسقفی منصب کا مسند یا سلطنت ؛ تخت یا مسند پر بیٹھنے والا ؛ راجا۔ (جمع) ملائکہ کے طبقات میں سے ایک طبقہ۔ (فعل متعدی و لازم) تخت پر بیٹھنا یا بٹھانا ؛ تخت نشین کرانا ؛ کسی مرتبے پر فائز ہونا یا فائز کرنا۔

throneless, a. بے تخت ؛ اقتدار شاہی کے بغیر۔

throne room, n. سرکاری تخت خانہ ؛ وہ کمرہ جہاں تختِ شاہی رکھا جائے۔

throng, n. مجمع ؛ ہجوم ؛ چھوٹی سی جگہ میں آدمیوں کی کثرت ؛ بھیڑ،کثیر تعداد ، انبوہ،لاتعداد چیزوں کا ڈھیر/انبار ؛ازدحام ؛ جمگھٹ۔ (فعل لازم) ہجوم ہو جانا ؛ جوق در جوق چلے آنا۔ (فعل متعدی) انبوہ کرنا یا دبانا ؛ آدمیوں کی ریل پیل سے پریشان ہو جانا یا جھنجھلانا ؛ ہجوم کرنا۔

throstle, n. (برطانوی ، طیوریات) طرقہ ؛ مُغنّی چڑیا کا ادبی نام؛ یورپ کا خوش الحان پرندہ جو بانسری جیسے راگ الاپتا ہے؛ نیز : mavis؛ چرخہ ؛ کاتنے کی مشین۔

throttle, v.t. حلق دبا کر سانس روک دینا ؛ گلا گھونٹ دینا؛ کسی طرح سانس روک دینا؛ کوئی مضبوط پھندا ڈال کر گلا دبا دینا ؛ خاموش کر دینا یا آواز بند کر دینا جیسے حلق میں گرہ ڈال کر۔ (میکانیات) صمام یا والو کے ذریعے بھاپ کے اخراج کو روکنا ؛ اس طرح ایندھن کی فراہمی کم کرکے انجن کی رفتار کم کرنا۔ (فعل لازم) دم گُھٹنا ؛ سانس کا رُک جانا۔ (اسم) (میکانیات) دروں احتراق یا اسٹیم انجن میں ایندھن یا بھاپ کا حجم کنٹرول کرنے کے لیے ہینڈل ، لیور اور پیڈل ؛ نیز : throttle valve۔ (میکانیات) لیور جو اس ہینڈل یا والو کو کنٹرول کرتا ہے۔ (شاذ) گلا، حلقوم یا سانس لینے کی نالی ؛ نرخرا۔

throttler, n. پھندا ڈالنے والا ؛ گلا دبانے والا ؛ کسی شے کی فراہمی کم کرنے والا۔

through, thru, prep. آرپار ؛ میں سے ؛ ایک سرے ، طرف یا پہلو سے اندر داخل ہو کر دوسری طرف باہر نکل جانا (جیسے : to pass through a door) ؛ ایک سرے، طرف یا پہلو میں گُھس کر دوسری طرف سے باہر نکل آنا ؛ آرپار ہونا (جیسے : to bore a hole through a board)؛ انفرادی اجزا یا حصوں کے درمیان یا اُن کی حدود کے اندر سے راستہ بناتے ہوئے (جیسے پانی یا درختوں یا گھاس میں سے) ؛ سطح یا حدود کے اندر رہتے ہوئے ؛ یہاں وہاں یا ہر کہیں (جیسے : to travel through a country) ؛ پورے عرصہ میں (جیسے : to enjoy health through life) ؛ کسی چیز کے شروع سے آخر تک یا اُس کے خاتمے تک (جیسے : to be through a book) ؛ خاتمے یا نتیجے پر پہنچتے ہوئے (جیسے : through one's work) ؛ کامیابی کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچانا (جیسے : to get through an examination)؛کے سبب یا کے نتیجے میں (جیسے : to run away through fear) ؛ بدولت یا کی وجہ سے (جیسے : it was through him they found out) ۔ (متعلق فعل) ایک سرے ، طرف یا پہلو میں سے دوسرے سرے ، طرف یا پہلو میں نکلتے ہوئے (جیسے : an apple with a knife stuck through)؛ کسی چیز کی ایک طرف یا ایک پہلو سے دوسری طرف یا دوسرے پہلو تک (جیسے : to cut a thing through) ؛ پوراراستہ یا پوری مسافت کا طے کرنا (جیسے : this train goes through to Lahore)؛ پورے عرض ، حجم یا جسامت میں یا پُورے میں سے (جیسے : chilled through) ؛ شروع سے لے کر آخر تک (جیسے : to read a letter through) ؛ اخیر یا مطلوبہ نتیجے تک (جیسے : to carry a matter through) ؛ مطلوبہ اور کامیاب انجام

(جیسے: to pull through) ؛ کام یا عمل کو ختم کرتے ہوئے ؛ تکمیل یا مکمل شدہ ، جیسے کوئی عمل ؛ اس سرے سے اس سرے تک ؛ اول سے آخر تک ؛ بالکل ؛ سراسر ۔ (صفت) ایک سرے ، طرف یا پہلو سے دوسرے سِرے ، طرف یا پہلو میں سے گزرنے یا نکلنے والا ؛ جیسے بولٹ ؛ ایک مقام سے دوسرے مقام تک بلا رکاوٹ سیدھی جانے والی (جیسے: through train) ؛ ختم شدہ (جیسے: He is through with my book) ۔

throughout, prep. تمام تر ؛ بالکل ؛ سراسر ؛ ہر جگہ پر یا ہر حصّے میں (جیسے: There was rejoicing throughout the city) ؛ شروع سے لے کر آخر تک (جیسے: It rained throughout the day) ۔ (متعلق فعل) ہر حصے میں (جیسے: dark throughout) ؛ ہر لمحہ ، ہر مقام پر ، ہر لحاظ سے (جیسے: The party was well planned throughout)؛ اوّل سے آخر تک ، پوری طرح ؛ پورا وقت یا پُورے طور پر (جیسے: The troops fought courageously throughout) ۔

through street, n. بے روک شاہراہ ؛ ایسی شاہراہ جس کو اطراف سے ملنے والی سڑکیں قطع نہیں کرتیں ۔

throughway, n. بے روک گزر گاہ ۔

throw, v.t. پھینکنا ؛ اچانک جھٹکے یا بازو سیدھا کرکے ہوا میں کوئی چیز اُچھالنا یا پھینکنا ؛ دے مارنا یا اُچھالا دینا ؛ ٹھیلنا یا کسی طرح آگے بڑھانا ؛ زور سے پھینکنا یا اگلنا جیسے توپ سے میزائل کا فائر ؛ روشنی یا سایہ ڈالنا؛ اثر یا اختیار کام میں لانا یا استعمال کرنا (جیسے: to throw one's influence into the case) ؛ اچٹتی نظر ڈالنا ؛ کسی جگہ ، پوزیشن یا حالت میں جانے یا اُس سے نکلنے کے قابل بنانا مثلاً پھینک کر (جیسے: to throw troops into action to throw a bridge across a river, to throw a man into prison) ؛ جلدی جلدی کپڑے پہننا (جیسے: to throw a shawl over one's shoulders) ۔ (مشین) بیرم یا لیور کی طرح حرکت کرنا (مشینی پُرزوں کو علیٰحدہ کرنے یا انھیں جوڑنے کے لیے) ؛ مشینی پُرزوں کا جوڑنا ، لگانا ، علیٰحدہ کرنا یا ہٹانا اس طرح کے عمل سے ؛ کمہار یا کوزہ گر کے چاک پر مٹی کے برتن بنانا ؛ مارنا جیسے گھونسا (انعامی کُشتی میں) ؛ کھیلنا جیسے تاش ؛ پٹخ دینا ، جیسے دنگل میں حریف کو۔ (بول چال) کھیل میں حریف کو جیتنے دینا غیر ضروری طور پر یا پہلے سے طے شدہ اقرار کی صورت میں؛ پھینکنا جیسے پانسہ ؛ گرا دینا (جیسے: That horse throws any rider) ؛ گھریلو پالتو جانوروں کا بچے دینا ؛ دھاگے بٹنا ، جیسے کچّے ریشم کے ۔ (بول چال) پریشان ہونا (جیسے: Don't let the bad news throw you) ۔ (عوامی) دعوت دینا یا میزبان بننا (جیسے: to throw a party) ۔ (فعل لازم) کوئی چیز ڈالنا ، اُچھالنا یا پھینکنا ۔ (اسم) پھینکنے یا پھینکے جانے کا فاصلہ ؛ چال ؛ باری ؛ وار ؛ جھونک دینے کا عمل ؛ داؤں ؛ ٹپا ؛ فاصلہ ؛ زور ؛ ضرب ؛ صدمہ ؛ پھینکنے یا ڈالنے کا عمل ؛ پھینک یا اُچھال ؛ فاصلہ جہاں کوئی چیز پڑی ہو یا جہاں تک پھینکی جائے ، جیسے پتھر پھینکے جانے کے فاصلے تک ۔ (مشین) کلسی مشین کے دو طرفہ حرکت کرتے ہوئے حصے یا اسی قسم کے دوسرے پُرزے کی ہر جانب حرکت جو اُس کے کنٹرول کی جگہ سے انتہائی جگہ تک یا طے کردہ فاصلے تک ہو یا وہ طے کردہ فاصلہ ؛ ڈُھرے کا نصف قطر جو حرکت ُدوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں تبدیل کرنے کے مترادف ہوتا ہے ؛ عکس اندازی/ظل اندازی : پروجیکٹر کے ذریعے تصویروں کی پردۂ فلم تک مسافت، جیسے فلموں میں ؛ پانسہ یا کعبتین ؛ مہم یا جو کھم ؛ ہلکا غلاف یا چادر (جیسے: a throw for a couch)؛ خواتین کا اسکارف ،گلوبند یا بوٹائی ۔ (کُشتی) داؤ جس سے حریف کو چت کر دیا جائے ۔ (ارضیات، کان کَنی) کسی چٹان یا زمینی تہ میں خلا کی وجہ سے پیدا ہونے والی عمودی بھرائی کا حجم ۔

throw cold water on, کسی کام یا منصوبے پر پانی پھیر دینا، اعتراض کرکے پست ہمت یا افسردہ بنا دینا ۔

throw in the sponge or towel, ہار مان لینا ۔

throw oneself at, کسی کی رُومانی توجہات کا مرکز بننے کے لیے واضح کوشش کرنا جیسے کسی عورت کا مرد کو متوجہ کرنے کے لیے ۔

throw oneself into, کسی کام کو زور شور سے اُٹھانا ؛ سرگرمی سے مصروف یا منہمک ہونا ۔

throw oneself on or upon, اپنے آپ کو چھوڑ دینا جیسے عدالت کے رحم و کرم پر ؛ کسی پر تکیہ یا سہارا کرنا ۔

throw open, (مجازاً) پابندی اُٹھا دینا (جیسے: to throw open a meeting for discussion) ۔

throw over, ساتھ چھوڑ دینا ؛ قطع تعلق کر دینا (جیسے: to throw over an admirer) ۔

throw together, باہم کرنا ؛ اکٹھے ہونا یا اٹکل پچو طور پر اکٹھے رکھے جانا ، جیسے کھانا ۔

thrower, n. پھینکنے والا ؛ بٹنے والا ۔

throw away, v.t. ترک کرنا ، چھوڑنا؛ بے پروائی سے خرچ کرنا؛ فضول خرچی کرنا ؛ موقع کو ہاتھ سے کھو دینا ، ضائع کر دینا ، جیسے موقع کو ؛ اڑانا ؛ گنوانا ؛ برباد کرنا ۔

throw away, n. تقسیمی اشتہار ؛ مشتہری مواد پر مشتمل اشتہار جو گھر گھر تقسیم کیا جائے یا گلیوں ، بازاروں میں لوگوں کو دیا جائے ۔

throw back, n. مراجعت ؛ رجوع ؛ واپس پھینکنے کا عمل ؛ مزاحمت یا روک ؛ نسلی مراجعت ؛ موروثی سیرت کی طرف رجوع ۔ (فعل لازم) موروثی سیرت یا کردار کی طرف راجع ہونا ؛ نسلی مراجعت کرنا ؛ اجداد سے مشابہت دکھانا ۔ (فعل متعدی) کسی کی ترقی یا کمال کو روکنا ؛ زبردستی دست نگر رکھنا ؛ الٹنا ؛ پلٹ دینا ؛ الٹ کے جواب دینا ؛ خارج کرنا ۔

throw in, v.t. اضافے کے طور پر ڈالنا ؛ شامل کرنا خاص کر پیسہ لیے بغیر ، جیسے سودا بازی میں ؛ گھسیڑنا ؛ ٹھونسنا ۔ (میکانیات) لگانا ، جیسے کَلَچ ۔ (فعل لازم) گہری دوستی پیدا کرنا (with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

throw off, v.t. الگ یا علیٰحدہ ہونا ؛ ترک کر دینا ؛ رد کرنا ؛ دھوکے سے آنکھ بچا جانا ، جیسے تعاقب میں؛ باہر نکالنا ، جیسے حرارت ؛ بغیر کوشش کے لا کر دکھانا ؛ اُلجھانا یا پریشانی میں ڈالنا ؛ نکالنا ؛ دُور کرنا ؛ کاڑھنا ؛ لحاظ نہ کرنا ؛ خیال نہ کرنا ۔ (فعل لازم) توہین آمیز کلمات کہنا (on کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

throw out, v.t. نکال پھینکنا ؛ رد کر دینا یا باہر پھینک دینا ؛ درپردہ کچھ کہنا ؛ اشارہ کرنا یا اشارے سے کہنا (جیسے: to throw out a hint) ؛ نکالنا ؛ خارج کرنا ؛ غیر عامل کرنا ، جیسے مشین کے پرزے کو ۔ (بیس بال) اپنی ٹیم کے پاس گیند پھینک کر مخالف بلّے باز یا رنر کو گڑبرا

دینا ؛ بے دخل کرنا خصوصاً طاقت سے ۔

throw rug, n. پھیلائے ہوئے غالیچے ۔

throwster, n. بٹیّا ؛ اصلی یا مصنوعی ریشم کے دھاگے بٹنے والا ۔

throw up, v.t. تیزی سے اُٹھانا یا تعمیر کرنا ؛ تیاگنا ؛ اٹھا رکھنا ؛ جلدی اور مایوسی کے عالم میں ملازمت سے استعفا دے دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ ملامت کرنا ؛ قے کرنا ، کھائی ہوئی چیز قے میں اُگل دینا ۔ (فعل لازم) قَے کرنا ۔

thrum, v.i. ستار جیسے آلۂ موسیقی کو اس کے تار کھینچ کر بھدّے طریقے اور اناڑی پن سے بجانا ؛ ستار کی طرح انگلیوں سے ٹن ٹن کرنا ؛ طبلہ بجانا یا انگلیوں سے کھٹ کھٹ کرنا ۔ (فعل لازم) اناڑی پن سے ستار وغیرہ بجانا ؛ تھکا دینے والے طریقے سے نظم پڑھنا یا کچھ کہنا ؛ طبلہ بجانا یا کھٹ کھٹ کرنا ۔ (اسم) ٹن ٹن کرنے کا عمل یا آواز ؛ کوئی بھدّی سی تھکا دینے والی صدا ۔

thrummer, n. اناڑی پن سے ستار بجانے والا ۔

thrum, n. پلّو ؛ تانے کا سرا ؛ موٹا سوت ؛ ریشم کی جھالر جو کھڈّی سے تھان کاٹ لینے کے بعد اُس پر لگی رہتی ہے ؛ اس کا کوئی نرم تار یا ریشہ ؛ کپڑے کے ٹکڑے کے کنارے لگا ہوا کوئی ٹوٹا ہوا تار ، دھاگا یا جھالر کا گُچّھا ۔ (جمع) اس قسم کے دھاگوں کی قطار یا دھاگوں کی بنائی ہوئی گُچھی ۔ (جہاز رانی) رسیّوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو کینوس کو کُھردرا بنانے اور اُسے گِھسنے سے بچانے کے لیے استعمال ہوں ۔ (فعل متعدی ، جہاز رانی) کینوس کے ٹکڑے کے طور پر رسیّوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے استعمال کرنا تاکہ سطح کُھردری رہے اور گھسنے سے بچانے کے لیے کسی حِصے کے گرد لپیٹا جا سکے ۔

thrush, n. طُوطی ؛ دُج ؛ طرفہ ؛ دُجّاں نسل (Turdidae) کی بہت سی اقسام کی عصفوریہ چڑیا خصوصاً لال چڑیا ؛ جنگلی چڑیا جو بہت خوش الحان پرندہ خیال کیا جاتا ہے ؛ اس نسل سے غیر متعلق پرندوں میں سے کوئی پرندہ جیسے آبی پرندہ ۔

thrush, n. (امراضیات) قلاع ؛ جوشش دہن ؛ ایک بیماری خاص طور پر بچوں کی، جس میں منھ کی جِھلّی اور حلقوم وغیرہ میں سفید رنگ کے دانے اور چھالے پڑ جاتے ہیں جس کی وجہ طفیلی قرحہ ہوتا ہے ۔ (بیطاری امراضیات) مرض قلاع جو گھوڑے کے سُم کے بیچ میں لاحق ہو جاتا ہے ۔

thrust, v.t. زور سے دھکّا دینا ، چلانا ، جھٹکے کے ساتھ آگے بڑھانا ؛ ریلنا یا اُکسانا ؛ کسی چیز میں بھونکنا (جیسے : to thrust a knife into an apple)؛ کسی طرف لگانا یا بڑھانا ؛ کسی شخص کو زبردستی کسی جگہ ٹھونسنا یا زور سے کسی حالت میں رکھنا (جیسے: to thrust one self in danger) ؛ بیچ میں لے آنا ، مداخلت کرنا (جیسے: She thrust in her opinion) ؛ چھید ڈالنا یا آر پار کرنا ، جیسے تلوار بھونک کر ۔ (فعل لازم) کسی چیز کے خلاف دھکیلنا ؛ دھکّا دے کر بھیڑ میں سے نکل جانا یا لوگوں کی صفیں چیر کر آگے بڑھ جانا ؛ کسی پر ہلّہ بولنا ؛ وار کرنا یا ہتھیار سے حملہ کرنا ۔ (اسم) زور کا دھکّا ؛ دھکم پیل یا نیزے وغیرہ کا وار ؛ مجموعی دباؤ ؛ دھکیل ؛ زور ؛ دھاوا ؛ ہلّہ ؛ وار ؛ شدید حملہ ؛ کھونچا ۔ (میکانیات ، فن تعمیر) کسی مشین یا کسی پُرزے کے دباؤ کی طاقت یا دباؤ جو اس کے ساتھ جڑے ہوئے پُرزوں کے خلاف استعمال کیا جائے خاص کر وہ دباؤ جو محراب کی بغلی جانب پر اثر انداز ہو اور جس سے مشین کو سہارا دینے والے جوڑوں کے تہ و بالا ہونے کا اندیشہ پیدا ہو جائے ۔ (ارضیات) افقی شگاف ۔ (عسکری) حملہ ؛ ہلّہ ؛ دھاوا ۔

thruster, n. دھکیلنے والا ؛ حملہ کرنے والا ؛گھونپنے والا وغیرہ ۔

thruway, throughway, n. بے روک گزر گاہ ؛ تیز رفتاری کا راستہ جس پر قاطع راستے نہ ہوں اور جس میں داخل ہونے یا جس سے باہر نکلنے کی سہولتیں محدود ہوں ۔

thud, v.i., v.t. بَھد سے گِرنا ؛ زور دار بھداکے والی آواز سے مارنا یا ضرب پہنچانا ۔ (اسم) دھم کی آواز، جیسے زور دار مُکّے یا گرنے کی ؛ بھداکا ؛ گد ؛ بھداک ؛ دھماکا ؛ ٹھائیں ٹھائیں ؛ ایسی آواز پیدا کرنے والی ضرب ۔

thug, n. [اردو] ٹھگ ؛ خُونی ؛ بدمعاش ؛ غُنڈہ ؛ پُرانے وقتوں میں ہندوستان کی ڈاکوؤں ، لیٹروں اور خُونیوں کی پیشہ ور جماعت جو اپنے شکاروں کا گَلا گُھونٹ دیا کرتی تھی ۔

thuggery, thuggism, n. ٹھگی ؛ غنڈہ گردی ؛ بدمعاشی ۔

thuggish, a. ٹھگی کا ؛ بدمعاشی سے متعلق ۔

thuggee, n. (اکثر بڑے T سے) ٹھگی ؛ ٹھگوں کا پیشہ یا طریقہ واردات ۔

thuja, thuya, n. تُھوجا یا تُھویہ ؛ مور پنکھ ؛ صنوبری قسم کا کوئی سا درخت ، پودا یا جھاڑی جس میں سے دوائی کے طور استعمال ہونے والا تیل نکلتا ہے ؛ ایک ہومیوپیتھک دوا ۔

thulium, n. (کیمیا) تُھولیئم ؛ زمین سے دستیاب ہونے والا کمیاب دھاتی عُنصر؛علامت:Tm ۔

thumb, n. انگوٹھا ؛ نر انگشت ؛ انسانی ہاتھ میں انگشت شہادت کے بعد والی تقابل پذیر اندر کی طرف جھکی ہوئی چھوٹی اور موٹی انگلی (انگوٹھا) ؛ انگشت نر ؛ دستانے یا ساعد پوش کی گنجایش جس میں انگوٹھا سما جائے ۔ (طیوریات) پرندے کے پر کا حرکت پذیر نصف قطری حصّہ ؛ پرندے کی پچھلی اُنگلی ۔ (فن تعمیر) بیض حاشیہ ؛ انڈا نُما گولا ۔ (فعل متعدی) استعمال کرتے ہوئے جلد ورق گردانی کرنا ، جیسے کتاب کی؛ بھدے طریقے سے استعمال کرنا؛ کھیلنا یا سرانجام دینا؛ انگوٹھے سے گھسنا یا مَیلا کر دینا ، جیسے کتاب کے صَفحات وغیرہ ۔ (بول چال) انگوٹھے کے اشارے سے گزرتی ہوئی موٹر کار رُکوا کر اس میں بیٹھنے کی درخواست کرنا ۔ (فعل لازم ، بول چال) لفٹ لے کر سفر کرنا ۔

all thumbs, (بول چال) پھوہڑ؛ بدسلیقہ ؛ بھدّے ہاتھوں سے بھدا عمل ۔

thumbs down, (بول چال) انکار یا ناپسندیدگی کا اظہار ۔

thumbs up, (بول چال) قبولیت یا پسندیدگی کا اظہار ، جیسے خوب ، واہ واہ وغیرہ ۔

under one's thumb, under the thumb of, کسی کے قابو میں ، کسی کے زیر اختیار یا کسی کی مُٹھی میں ۔

thumb one's nose, انگوٹھا ناک کے ایک نتھنے پر رکھتے ہوئے انگلیاں پھیلا کر نفرت اور حقارت کا اظہار ۔

thumbless, a. بے انگوٹھے کا ؛ انگوٹھے کے بغیر ۔

thumblike, a. انگوٹھا نما ؛ انگوٹھے جیسا ۔

thumb index, n. انگشت اشاریہ؛ اوراق کتاب کے سامنے کے کنارے پر کٹے ہوئے نشانات جن پر ابواب یا فصلیں تحریر ہوتی ہیں

اور اشاریے کا کام دیتے ہیں ۔ نیز فعل لازم ۔

thumb nail, n. انگوٹھے کا ناخن ؛ انگوٹھے کے ناخن برابر کوئی چیز یا بہت چھوٹی اور مختصر ، جیسے پور بھر تصویر یا خاکہ یا چھوٹا سا مضمون ۔

thumb print, n. نشان انگوٹھا ؛ انگوٹھے کا چھاپا ، نشان یا نقش ۔

thumb screw, thumbkin, n. شکنجۂ ابہام ؛ پیچ جسے انگوٹھے یا ساتھ والی انگلی سے کسا اور کھولا جا سکے۔ (سابقاً)انگلی اور انگوٹھا دبا کر تعذیب کرنے کا ایک آلہ ۔

thumbtack, n. چپٹی کِیل ؛ کوکہ ؛ کیل بٹن ؛ لمبے چوڑے سرے کا کیل بٹن جو انگوٹھے یا انگلی کے دباؤ سے کسی چیز میں گُھسیڑا جائے ۔

thump, n. بھاری شے کے گرنے سے پیدا ہونے والی دھم کی آواز ؛ کسی موٹی چیز ، جیسے لٹھ یا ڈنڈے وغیرہ کی شدید ضرب ۔ (فعل متعدی) ڈنڈے رسید کرنا ؛ وزنی یا موٹی شے سے پیٹنا ؛ ٹھونکنا ؛ تھپتھپانا ۔ (بول چال) بُری طرح پٹائی کرنا ۔ (فعل لازم) زور سے ہاتھ پڑنا یا دھم سے گرنا؛ بھاری قدموں سے کچلا جانا یا پامال ہونا ۔

thumping, a. تھپتھپاتا ہوا ، پھڑکتا ہوا ؛ دھپ دھپ کرتا ۔ (بول چال) غیر معمولی جسامت یا وسعت والا ۔

thunder, n. رعد ؛ گھن گرج ؛ گڑگڑاہٹ ؛ گرج چمک ؛ بادل کی گرج ؛ بجلی کی کڑک ؛ صَاعقہ ؛ کڑکنے کی آواز جو فضائی برق کے زور دار اخراج سے بجلی چمکنے کے بعد ہوا کے اچانک پھیلاؤ سے پیدا ہوتی ہے ؛ گرج دار کوئی آواز ؛ پُر شور اور سخت کلمات ، جیسے دھمکی یا لعن طعن ۔ (فعل لازم) گونجنا ، گرجنا ؛ کڑکنا ، عام طور پر غیرمشخصہ(جیسے : It thunderd yesterday) ؛ گونج دار شور پیدا کرنا ؛ سخت دھمکیاں دینا ؛ لعن طعن کرنا ؛ الزام لگانا ۔ (فعل متعدی) گرجنا ، کڑکنا ، جیسے دھمکی یا بُرا بھلا کہنے کے طور پر ۔

steal someone's thunder, بغیر اجازت ہتھیا لینا ، جیسے کسی کی تخلیق ، تصور یا دلائل ۔

thunderer, n. گرجنے والا ؛ کڑکنے والا ؛ اندر راجا ۔

thunder bird, n. گرج پرندہ ؛ شمالی امریکی انڈین کا لوک روایتی ایک بڑا سا پرندہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بجلی کڑکانے ، بادل گرجانے اور بارش برسانے کا اہل ہے ۔

thunder bolt, n. بجلی کا کڑکا ؛ صاعقہ ؛ کڑکنے کے بعد چمکنے والی بجلی کی لہر ؛ پتّھر کے ٹکڑے جن کے متعلق خیال ہے کہ وہ بجلی کے ساتھ آسمان سے زمین پر گرتے ہیں ؛ سنگِ رعد ؛ غیبی گولے ؛ خوفناک دھمکی یا ڈراوا ، لعن طعن یا ملامت ؛ شدید قسم کی زجر و توبیخ ۔

thunderclap, thunderpeal, n. رعد ؛ بجلی کی کڑک ؛ گرج ؛ تڑپ ؛ بلائے ناگہانی ؛ بجلی کا کڑکا ۔

thundercloud, n. دَل بادل ؛ تاریک ، ہر طرف چھایا ہوا گرجنے والا بادل ۔

thunderhead, n. اُفق پر دَل بادلوں کی دبیز تہیں جو گرج کڑک کے طوفان کا پیش خیمہ ہوتی ہیں ۔

thundering, a. گرج دار ؛ گرجتا ہوا ؛ کڑکتا ہوا یا اور کسی قسم کا سخت شورو غُل مچاتا ہوا ؛ رعد زن ، کڑک دار ۔ (بول چال) بڑا یا غیر معمولی ، نمایاں (جیسے : a thundering success) ۔

thunderingly, adv. گرجتے ہوئے ؛ کڑکتے ہوئے ، غیر معمولی طور پر ؛ شدت کے ساتھ ۔

thunderous, a. گرج دار ؛ کڑک دار ؛ گرج یا کڑک کا شور پیدا کرنے والا ؛ گونج دار ۔

thunderously, adv. گرجتے ہوئے ؛ کڑک کے ساتھ ۔

thunderpeal, n. دیکھیے : Thunderclap ۔

thunder shower, n. طوفانِ برق و باراں ؛ گرج چمک کا طوفان ۔

thunderstick, n. دیکھیے : Bull-roarer ۔

thunder stone, n. سنگ رعد ؛ پتھروں کی ایک قسم جن کے بارے میں کبھی خیال کیا جاتا تھا کہ یہ بجلی کے ساتھ گرتے ہیں ۔

thunderstorm, n. طوفانِ برق و باد ؛ برق و باراں کا طوفان ؛ گرج کڑک کا طوفان ؛ طوفان رعد و برق ۔

thunderstruck, thunderstricken, a. بجلی زدہ ؛ برق زدہ ؛ جس پر بجلی گرے ؛ حیران ؛ ہکّا بکّا ؛ بھوچکّا ؛ مبہُوت ۔

thurible, n. (کلیسیات) عُود سوز ؛ لُبان سوز ؛ بخوردان ؛ اگردان؛ مجمرہ ۔

thurifer, n. (کلیسیات) عبادت کے دوران میں بخوردان اُٹھانے والا ؛ اگر دَان بردار ۔

Thuringian, a. تھیورنجی ؛ جرمنی کے علاقے تھیورنجیہ کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) تھیورنجیہ کاقدیمی یا نو آباد باشندہ ۔

Thursday, n. جمعرات ؛ پنج شنبہ ؛ ہفتے کا پانچواں دن ؛ بُدھ کے بعد آنے والا دن ۔ مخففات:Thurs; Thur; Th ۔

Thursdays, adv. جمعرات کے جمعرات ؛ ہر جمعرات کے دن ۔

thus, adv. یوں ؛ چنانچہ ؛ اِس یا اُس طور ، طریقے یا طرز پر ؛ لہٰذا ، چنانچہ ، پس ؛ حسبِ ذیل طریقے سے ، اس طرح پر ، اس قدر ؛ اتنا ؛ اس لیے ؛ اس حد یا درجہ تک ۔

thwack, v.t. چپٹی چیز سے مارنا ، پیٹنا ، ٹھونکنا؛ یا مرمّت کرنا ۔ (اسم) وزنی یا چپٹی چیز سے شدید ضرب ، دھماکا ؛ ضرب کی آواز ؛ ٹھوک ۔

thwacker, n. چپٹی اور وزنی چیز سے مارنے والا ۔

thwart, v.t. کامیابی سے مخالفت کرنا یا کوئی کام سرانجام دینے سے روکنا (جیسے: to thwart his plans) ؛ مقصد پُورا نہ ہونے دینا ؛ روک دینا ؛ سراسیمہ کرنا ۔ (صفت) آڑا ترچھا گزرتا ہوا یا آر پار ؛ متقاطع ۔ (قدیم) بے راہ ؛ ضدی ۔ (متعلق فعل ، حرف جار ، قدیم) آڑا ترچھا ؛ آر پار ۔

thwartedly, adv. مزاحمانہ انداز سے ؛ مزاحمت کرتے ہوئے ۔

thwarter, n. حائل ؛ رکاوٹ ڈالنے والا ۔

thwart, n. کشتی میں آڑا لگا ہوا تختہ جو پتواریے کی نشست ہوتی ہے ؛ تسمے یا رسیّاں جو ڈونگی میں عرضاً آڑی ترچھی بندھی ہوئی ہوتی ہیں ۔

thy, pron ominal,a (قدیم) تیرا ؛ thou کے مضاف الیہ کے طور پر (جیسے : Thy trust comforts me) ۔

thylacine, Tasmanian wolf, Tasmanian tiger, n. تسمانیا کا بھیڑیا نما گوشت خور جانور جس کی پُشت پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں ، یہ آج کل تقریباً نایاب ہے ۔

thyme, n. جنگلی پودینہ ؛ صعتر ؛ سَعتر ؛ اسی نام و نسل کی کوئی چھوٹی سی خوشبودار جھاڑی جس کی خوشبودار پتّیاں مسالے کے طور پر کھانوں میں ڈالی جاتی ہیں ـ

thmic, thymy, thymey, a. صَعتَر آمیز ؛ جس میں پودینے کی آمیزش ہو ـ

thymol, n. (کیمیا ، علم ادویہ) سَت پودینہ ؛ تھائی مول ؛ ستِ سَعتَر ؛ قلمی مادہ جو پودینے کے تیل سے نکالا جاتا ہے اور کیمیائی طور پر بھی تیار ہوتا ہے ، جراثیم کُش ہے ، نیز ادویہ اور عطریات میں بھی اسے استعمال کیا جاتا ہے ـ

thymus, n. (تشریح الاعضا) تیموسیہ ؛ تیموسی غدود ؛ غدود تیموسیہ جو گردن کی جڑ میں ہوتا ہے اور انسانی جسم میں دو سال کی مدت ختم ہو جانے پر پوری طرح نشوونما پا جاتا ہے لیکن بلوغ کے زمانے میں اس کے صرف آثار رہ جاتے ہیں ؛ غُدَّۂ تیموس ـ

thymic, a. تیموسی غُدود کا ؛ اس غدود سے متعلق ؛ تیموسی (شریان) ـ

Thyratron, n. (برقیات) گیس بھری برقیہ نلی جس میں گرم شدہ زیر برقیرہ برقیاتی رو کا آغاز کرتا ہے لیکن اس کو محدود نہین کر سکتا ـ (تجارتی نشان)ـ

thyroid, a. (تشریح الاعضا) کنٹھ ؛ درقی ؛ درقیہ ؛ سپرنُما ؛ غُدَّۂ دَرَقیہ ؛ حنجرے کی سب سے بڑی کُرکُری ہڈی کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ حنجرے اور ہوا کی اوپر والی نالی کے متصل بے مسام غدود کے بارے میں یا اس سے متعلق ـ (اسم) کنٹھ کی رگ ، شریان یا کوئی نس وغیرہ ؛ کنٹھ کی کُرکُری ہڈی ؛ کنٹھ کا غدہ ؛ بعض پالتو جانوروں کے غدود درقیہ سے تیار کیا ہوا مرکب جو کنٹھ کے نقائص دُور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ڈھال کی شکل کا ؛ گھنڈی ؛ غضروف دَرقی ـ

thyroidless, a. بے کنٹھ ؛ جس میں درقی غدود نہ ہوں ـ

thyroid cartilage, n. (تشریح الاعضا) غُضرُوف دَرَقی ؛ حنجرے کی کُرکری ہڈی جس سے وہ اُبھار بنتا ہے جو مردوں میں گھنڈی کے نام سے موسوم ہے ؛ سپر نُما کری ـ

thyroidectomy, n. (جرّاحی) غدّۂ درقی کے کسی حِصّے یا پورے غُدّے کو کاٹ کر نکال دینے کا عمل ـ

thyroid gland, غُدّۂ درقی ؛ درقیہ ؛ بے مسام دو گوشے والا غُدّہ جو ہواکی اوپر والی نالی اور حنجرہ کے متصل واقع ہوتا ہے اور ایسی اہم رطوبت فراہم کرتا رہتا ہے جس سے باقاعدہ جسمانی نشوونما ہوتی ہے اور تغذیہ میں مدد ملتی ہے ـ

thyrotoxicosis, n. (امراضیات) گِلھڑ ؛ مسمُومیَّت درقی ؛ ایک مرض جو غُدّہ درقی کے پھیلاؤ سے بکثرت رطوبت خارج ہونے کے سبب لاحق ہو جاتا ہے ، اور جس کے نتیجے میں آنکھیں متورم ہو جاتی ہیں ، رعشہ طاری ہو جاتا ہے اور دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے ؛ شدید تسمّم جوہرِ درقیہ ـ

thyroxine, n. (حیاتی کیمیا) تھائی راکسین ؛ افرازِ درقیہ یا گلھڑ کے لیے تیز آیو ڈینی مرکب جو عمل تغذیہ کو منضبط کرتا ہے اور شدید تسمّم جوہر درقیہ کے علاج معالجے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایسا ہی مرکب جو کیمیائی طریقے سے بھی تیار یا جانوروں سے اخذ کیا گیا ہو ـ

thyrsus, n. (نباتیات) گنجان پھولداری ؛ پھولوں یا پھلوں کے گنجان گُچھے جن میں تنے اور دوسرے حِصّوں میں تمیز کرنا مشکل ہو ، جیسے گُل یاس یا بکائن اور انگور ـ نیز ؛ thyrse شراب کے دیوتا باخوس اوراُس کا جشن منانے والوں کا نشان جس کی موٹھ پر صنوبر کا مخروطی پھل ہوتا تھا اور جس کے گرد عشق پیچاں اور انگور کی بیلیں لپٹی ہوتی تھیں ـ

thyrsoid, thyrsoidal, a. گُنجان پھولداری والا ـ

thysanuran, a. طُرّہ دُم ؛ رِیَہ دُم ؛ لمبی ریشہ دار دُمیں رکھنے والے بے پنکھ کیڑوں کی نسل کا ـ (اسم) لمبی ریشہ دار دُم والا کیڑا ـ

thysanurous, a. کانٹوں بھری لمبی دُم والا ـ

thyself, pron. (قدیم) توخود ؛ تیرا اپنا آپ ؛ thou کے بعد تصریح و تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : Thou knows thyself better than anyone else,) ؛ (تُو یا تُم کی مفعولی صورت) اپنے آپ کو ؛ خود کو ؛ تُم خود (جیسے : Control thyself) ـ

ti, n. (موسیقی) سرگم کے اصول پر تربیت دینے میں آٹھ سُروں میں سے ساتویں یا سب سے اُونچے سُر کا رُکن ـ

ti, n. (نباتیات) درخت ٹی ؛ ایشیا اور بحرالکاہل کے علاقوں میں اگنے والے کارڈلین (cordyline) نسل کے درختوں یا جھاڑیوں میں سے کجھور کی قسم کا کوئی درخت جس کے ڈنٹھل پر پتّوں کے گُچھے لگے ہوئے ہوتے ہیں ـ

tiara, n. [فارسی : طره] طرّہ ؛ مرصّع مکٹ یا کُلاہ جو عموماً عورتیں پہنتی ہیں ؛ دستار ؛ تاج ؛ جیغہ ـ (رومی کیتھولک کلیسا) پوپ کا تہرا تاج ؛ پوپ کا عہدہ یا پاپائیت کا منصب ؛ قدیم ایرانی دستار ـ

tiaraed, a. تاجور ؛ کُلہ پوش ـ

Tibetan, Thibetan, a., n. تبتی ؛ تبت کا یا تبت سے متعلق ؛ تبت کے باشندے یا تبتی بولی کے بارے میں ـ

tibia, n. (تشریح الاعضا) قَصبَۃ الکُبریٰ ؛ ٹانگ کے نِچلے حِصّے (پنڈلی) کی ہڈّی ؛ عظم القصبہ ـ (حشریات) کیڑوں کی ٹانگ کا چوتھا جوڑ ؛ ساقہ ؛ ایک قسم کا باجا (بگل) ، یونانیوں اور رُومیوں کا عام ساز ـ

tibial, a. سَاقوی ؛ پنڈلی کا ؛ قصبی ـ

tic, n. (امراضیات) لقوہ ؛ بعض عضلات کی معمول کی تشنّجی سُکڑن،خاص کر چہرے کی ؛ عُرَّۃُ الوَجہ ؛ عضلی تشنج ؛ رعشۂ وجہ ـ

tic douloureux, facial neuralgia, trigeminal neuralgia, n. ـ عصابہ ؛ دردِ ابرو ؛ چہرے کا تشنج ؛ لقوہ ؛ ایک قسم کا شدید اعصابی درد جس کی وجہ سے چہرے کے عضلات میں سُکڑنے کی اضطراری حرکت ہوتی ہے ؛ عُرۃ الوجہ ـ

tick, n. ٹِک ٹک کی آواز ؛ ہلکا ، تیز لمس یا کھٹ کھٹ جیسے گھڑی کی ٹِک ٹِک ؛ ہلکی اور تیز آواز یا آوازیں یا ارتعاش جیسے کسی سخت سطح پر کسی چھوٹی سخت چیز کےگزرنے سے پیدا ہو ؛ارتعاش یا دھڑکن جیسے تال شمار کی ـ (برطانوی ، بول چال) لمحہ بھر یا ثانیہ ؛ ٹِک مارک یا نشان جو حساب جانچتے وقت یا پرکھتے ہوئے مختلف مدوں پر لگائے جائیں ـ (فعل لازم)

ٹِک کی آواز پیدا کرنا یا نکالنا (گھڑی کی طرح) ؛ وقت کا دورانیہ گزارنا یا اس کا اعلان کرنا ، جیسے گھڑی یا ٹیکسی کے میٹر کا کھٹ کھٹ کرکے ۔ (فعل متعدی) فہرست یا اشیا کے سلسلے پر پنسل سے نمبر شمار ، نقطے یا ٹِک کے نشان لگانا یا درج کرنا ؛ ہلکے اور تیز طور سے چُھونا یا کھٹ کھٹ کرنا ۔

tick, n. چچڑی ؛ لیک ؛ قراد ؛ جُوں ؛ بہت سی قسم کی چچڑیوں یا طفیلی جُوؤں میں سے کوئی سا کیڑا جو جانوروں کے جسم پر بیٹھ کر اپنا سر ان کی جلد میں ٹھونس دیتا ہے اور خون چُوستا رہتا ہے اور بالعموم امراض پھیلانے کا باعث بنتا ہے ؛ خون چُوسنے والے دو پَرہ حشرات میں سے ایک بے پر کیڑا جو بھیڑوں کو لگ جاتا ہے ؛ خون چُوسنے والی چچڑی جو گھوڑوں کو ایذا پہنچاتی ہے اور دیگر چچڑیاں یا جُوئیں جو پرندوں کو لگ جاتی ہیں یا ان کی کھالوں میں گُھس جاتی ہیں ۔

tick, n. گدّے ، رضائی اور تکیے کا غلاف جس میں روئی ، اون یا ایسا ہی دوسرا سامان بھرا گیا ہو ۔ (بول چال) غلاف بھرائی ۔

tick, n. (برطانوی، بول چال) ٹکٹ کا مرخمّ ؛ اعتبار ؛ ساکھ ؛ اعتماد (جیسے : to buy on tick) ۔

ticker, n. تارنگار ؛ ٹِک ٹِک کرنے والا شخص یا کوئی شے جو ٹِک ٹِک کرے ؛ نرخ نما ؛ خودکار تلغرافی آلہ جو بازارِ حصص کی رپورٹیں وغیرہ ایک چھوٹے سے فیتے پر چھاپتا رہتا ہے ۔ (عوامی) گھڑی ؛ دل ۔

ticker tape, n. نرخ فیتہ ؛ کاغذی فیتہ جس پر خود کار تلغرافی آلے سے اطلاعات چھپتی رہتی ہیں ۔

ticker-tape parade, n. کسی سُورما ، رن بیر ، ہیرو یا بڑے آدمی کے جلوس میں عین جلوس کی ابتدا میں چھپی ہوئی پرچیاں یا بڑی تعداد میں چھپے ہوئے اشتہاروں کا دفاتر کی کھڑکیوں سے جلوس کی گزرگاہوں میں پھینکنے کا عمل ۔

ticket, n. ٹکٹ ؛ کاغذ یا گتّے کا پُرزہ جو رقم دے کر حاصل کیا گیا ہو اور حامل کے کسی حق یا ذمّہ داری کی نشاندہی کرتا ہو (جیسے : an admission ticket) ؛ کاغذ یا گتے کی لکھی یا چھپی پرچی جو اشیا پر چسپاں ہوتی ہے اور اُن کی نوعیت یا قیمت ظاہر کرتی ہے ؛ لیبل یا چٹ ؛ سیاسی پارٹی یا کسی جماعت کی طرف سے نامزد امیدواروں کی پیش کردہ فہرست جن کو ووٹ دیا جائے ؛ ٹریفک یا پارکنگ (گاڑی کھڑی کرنے) کے مروجہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کو دیا جانے والا سمن ؛ چالان کا کاغذ ؛ ملّاح یا ہوائی جہاز کے پائلٹ کا لائسنس یا سرٹیفکیٹ ۔ (بول چال) صحیح اور ٹھیک ٹھیک وہی چیز، اس کے ما قبل the استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : That's the ticket) ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کے ساتھ ٹکٹ ٹانک دینا ؛ ٹکٹ یا لیبل کے ذریعے پہچاننا ؛ ٹکٹ مہیا کرنا ، جیسے ریل سے سفر کرنے کے لیے ۔

ticket agency, n. ایجنسی جو سفری ٹکٹ اور تھیئٹر وغیرہ دیکھنے کے ٹکٹ فروخت کرے ۔

ticket agent, n. ٹکٹ فروخت کرنے والا ؛ ٹکٹ ایجنٹ ۔

ticket office, n. ٹکٹ گھر ؛ دفتر جہاں ٹکٹوں کی فروخت اور نشستیں محفوظ کرانے کا کام کاج ہوتا ہو ۔

ticket of leave, ticket-of-leave, (برطانوی) رعایتی چھٹی جس کی رُو سے مجرموں کو تھوڑی سزا بُھگتنے کے بعد بعض شرائط کے تحت رہائی مل جاتی ہے ؛ مشروط رہائی ۔

tick fever, n. (امراضیات) چچڑی بُخار ؛ چچڑی یا جُوؤں کی وجہ سے آدمی یا جانور کا بخار (جیسے : Rocky Mountain Spotted) ؛ بُخار جو آدمیوں کو ہو جاتا ہے ؛ مالٹا بخار اور ٹیکساس بخار (Texas fever) جس میں بعض جانور ، خصوصاً مویشی مبتلا ہو جاتے ہیں ۔

ticking, n. مضبوط دھاری دار لینن یا سُوتی کپڑا جو گدّوں یا تکیوں کے غلاف بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

tickle, v.t. گُدگُدانا ؛ بڑی نرمی اور آہستگی کے ساتھ چُھونا ، جیسے انگلیوں یا پَر سے تاکہ گُدگُدی جیسا احساس پیدا ہو ؛ خوشگوار بے چینی کی سی کیفیت پیدا کرنا ؛ جسم کے کسی حسّاس حصّے کو اس طرح چھیڑنا ، دبانا یا اس میں کچھ چبھونا کہ بے اختیار ہنسی کا دورہ پڑ جائے ؛ خوشگوار طور پر تحریک میں لانا یا دلجوئی کرنا ؛ کسی چیز میں حظ پیدا کرنا ؛ تاروں والے ساز کو چُھونا یا ہلکے سے چھیڑنا ؛ لذّت حاصل ہونا یا گدگدانے سے لطف حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) جھنجھناہٹ کا یا خارش کے احساس سے متاثر ہونا ، جیسے ہلکے لمسوں یا ضربوں سے ؛ گُدگُدی کا احساس پیدا ہونا ۔ (اسم) گُدگُدی کرنے کا عمل ؛ گُدگُدی کا احساس ۔ (کینیڈین) تنگ آبنائے ؛ گزرگاہ یا تنگ کھاڑی ، نیو فاؤنڈلینڈ یا لبرا ڈور کے ساحل پر ۔

tickler, n. گُدگُدانے والا شخص یا کوئی چیز جو گُدگُدائے ؛ یادداشت نامہ یا ایسی ہی کوئی چیز جو یاد تازہ کرنے کے لیے ہو ، جیسے مصروفیات یا واجب الادا رقموں کے بارے میں ۔ (برقیات) پیچیدہ لچّھا یا کوائل ۔

tickler coil, n. (برقیات) پیچیدہ لچّھا/کوائل ؛ لہریں پیدا کرنے کے لیے خلا نالی کے پلیٹ سرکٹ میں مستعمل لچّھا جو ضابط دور کے ساتھ امالی طور پر جفت شدہ ہو ۔

ticklish, a. گدگدی کے لیے حساس ؛ متزلزل یا ڈگمگاتی ہوئی ، جیسے کشتی ؛ غیر مستحکم، غیر معیّن یا غیر یقینی ؛ نازک مزاج ؛ زود حس ؛ محتاط عمل یا استعمال کا متقاضی ؛ نازک ؛ پرخطر یا پیچیدہ ؛ مشکل ؛ غیر مستقل ؛ بے ثبات ؛ ناپایدار ؛ دشوار ؛ باریک ۔

ticklishly, adv. پیچیدگی یا نزاکت کے ساتھ ۔

ticklishness, n. زود حسی ؛ نزاکت ؛ پیچیدگی ؛ گُدگُدی سے بہت جلد متاثر ہونے کی کیفیت ؛ سریع الحسی ؛ نازک مزاجی ۔

tickseed, n. (نباتیات) ایک پودا جس کے بیج کیڑے کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

tickseed sunflower, n. (نباتیات) سُورج مُکھی ؛ پُھول کی ایک قسم جس سے نمایاں زرد شعاعیں سی پُھوٹتی ہیں ۔

tick tack, tic tac, n. ٹک ٹک ؛ متوالی اور عموماً بار بار آنے والی آواز ، جیسے گھڑی کی ٹِک ٹِک اور دل کی دھڑکن ؛ ٹِک ٹِک کرنے یا کھٹ کھٹ کرنے کی آواز ، جیسے کھڑکی کے دروازے پر مذاقاً کیا جائے ۔ (فعل لازم) ٹک ٹک کرنا ۔

tick-tack-toe, tic-tac-toe, n. کیڑی کاٹا ؛ دو اشخاص کا کھیل جس میں ہر ایک کھلاڑی دو عمودی اور دو افقی خطوں سے بنائے گئے ۹ خانوں میں باری باری صفر اور کانٹے کا نشان لگاتا ہے اور جو کھلاڑی ایک ہی سیدھ میں ایک جیسے نشان پہلے لگائے وہ جیت جاتا

ہے ؛ بچّوں کا کھیل جس میں آنکھیں بند کرکے سلیٹ پر لکھے ہوئے اعداد پر پنسل رکھنا مقصود ہوتا ہے ، جس عدد پر پنسل رکھ دی جائے اُتنے ہی نمبر مل جاتے ہیں اور سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والا جیت جاتا ہے ؛ ٹِک ٹِک کرنے کا عملی مذاق ۔

tick tock, tic toc, n. ٹک ٹک ؛ گھڑی کے ٹِک ٹِک کی آواز ۔ (فعل لازم) اس قسم کی آواز پیدا ہونا ۔

tick trefoil, n. (نباتیات) ایک قسم کا سہ برگہ پودا جس میں کانٹے جیسے بالوں بھری پَھلیاں لگتی ہیں اور وہ ان کے سہارے مختلف اشیا سے چپک جاتا ہے ۔

tidal, a. مدّوجزری ؛ جَواری ؛ جوار بھاٹے کا ؛ مَدوجزر کا یا اس سے متعلق ؛ کبھی کبھی یا تھوڑے تھوڑے وقفے سے واقعہ ہونے والا ؛ جس کی آمدورفت جوار بھاٹے کی کیفیت پر منحصر ہو (جیسے : a tidal steamer) ۔

tidally, adv. مدوجزر کی طرح ؛ مدوجزر کی وجہ سے ۔

tidal wave, n. مدوجزری موج ؛ مدوجزر کی لہر ؛ سمندر میں اُٹھنے والی خطرناک زبردست موج جو زلزلے ، تیز آندھی اور غیر معمولی تموّج سے پیدا ہوتی ہے ۔ (مجازاً) کوئی شدید امر واقعہ ، جس میں عام جذبات و خیالات کا اظہار ہو (جیسے : a tidal wave of letters supporting the president) ۔

tidbit, Brit. titbit, n. ترنوالہ ؛ خوراک کا مزے دار لُقمہ ؛ کوئی پُرلطف بات چیت ، جیسے گپ شپ ؛ لطیفہ ؛ چٹپٹی خبر یا بات ۔

tiddlywinks, tiddledywinks, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ایک کھیل جس میں شریک کھلاڑی پلاسٹک سے بنے ہوئے مُہروں کو چپٹی سطح پر رکھی چھوٹی گوٹوں کے کناروں سے دبا کر اُنھیں ایک پیالے میں ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں ۔

tide, n. جوار بھاٹا ؛ مد یا جزر ؛ مدوجزر ؛ تقریباً ہر بارہ گھنٹے کے بعد چاند اور سورج کی کششِ ثقل کے باعث سمندر کے پانیوں کا دَوری اُتار چڑھاؤ ؛ طوفانی موج ؛ لہریں یا رَو ۔ اُتار چڑھاؤ کا کوئی رجحان (جیسے : a rising tide of public indignation) ۔ (قدیم) وقت کا دورانیہ ؛ مناسب وقت ۔ (کلیسیات) سالگرہ یا کلیسیائی جشن ، اب صرف بعض مرکّبات میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : Whitsuntide) ۔ (فعل لازم) مدّوجزر کی طرح اِدھر اُدھر بہنا ؛ دھارے میں بہنا یا دھارے کا ساتھ بہالے جانا ۔ (جہاز رانی) موجزن سمندر کا فائدہ اُٹھا کر سمندر میں جہاز رانی کرنا ۔ (قدیم) واقع ہونا ؛ ظہور میں آنا ۔ (فعل متعدی) بہالے جانا یا تیرتے رکھنا ، جیسے پانی کی موج کرتی ہے ؛ کسی شخص یا خاندان کو زندہ رہنے یا مشکلات پر غالب آنے کے قابل بنانا ۔ (عام طور پر over سے پہلے استعمال ہوتا ہے) قابُو پانا (جیسے : a check to tide him over his illness) ۔

tideful, a. متموّج ؛ مدوجزر سے بھرا ہوا ۔

tideless, a. بےمدّوجزر ؛ اتار چڑھاؤ کے بغیر ۔

tidelessness, n. مدوجزر نہ ہونے کی کیفیت ۔

tidelike, a. مدوجزر سا ۔

tideland, a. مدوجزری علاقہ ؛ زمین جو کامل مد کی حالت میں سمندر کے پانی سے بھر جائے اور جزر کی حالت میں پانی اُتر جانے کے سبب خشک ہو جائے ۔

tidemark, n. نشان مد و جزر ؛ کامل مد یا کامل جزر کا چھوڑا ہوا یا خود لگایا ہوا نشان جس سے مدوجزر کے آخری نشیب و فراز کا پتا چل سکے ؛ اکتساب و رجعت کی کوئی مخصوص سطح ۔

tide table, n. گوشوارہ مدوجزر ؛ گوشوارہ جس میں دن کے بعض اوقات میں واقع ہونے والی مدوجزر کی اُن متوقع بلندیوں کا اندراج ہوتا ہے جو کسی خاص مقام پر سال بھر کے ہر دن کے لیے نکالی جاتی ہیں ۔

tidewaiter, n. گھٹوال ؛ سابقاً ایک افسر جو ہر آنے والے جہاز میں داخل ہو کر یہ پڑتال کرتا تھا کہ کسٹم قوانین کی خلاف ورزی تو نہیں کی گئی ۔

tide water, n., a. راہِ مدّوجزر ؛ کامل مد کا پانی جو زمین کو پانی سے بَھر دے ؛ عام مدّوجزر سے متاثرہ پانی ؛ ساحلِ سمندر کا علاقہ جہاں لہروں کی وجہ سے پانی متموّج رہتا ہے ۔

tideway, n. مدّوجزر کی گزرگاہ ۔

tidings, n. خبریں ؛ اطلاع ؛ مُخبری ؛ نوید ؛ بشارت ؛ سندیسہ ۔

tidy, a. صاف سُتھرا ؛ نفیس ؛ صاف ؛ مصفّا ؛ سلیقے کا یا خوش ترتیب (جیسے : a tidy room) ؛ چیزوں کو صفائی اور ترتیب سے رکھنے کی عادی (جیسے : a tidy woman) ۔ (بول چال) معقول (جیسے : a tidy sum) ؛ اوسطاً یا اچھا خاصا تسلی بخش (جیسے : a tidy agreement) — (فعل لازم و متعدی) باترتیب اور صاف سُتھرا بنانا ، اکثر up سے پہلے استعمال ہوتا ہے (جیسے : she tidied up the room) ۔ (اسم) چیزیں رکھنے والے برتن ، خُصوصاً چھوٹے جنھیں ترتیب سے رکھا گیا ہو ؛ گدّے دار کُرسیوں کی پُشت اور بازو کے غلاف ۔

tidily, adv. صاف سُتھرے طریقے سے ؛ سلیقے کے ساتھ ؛ درستی سے ؛ پاکیزگی سے ۔

tidiness, n. سلیقہ مندی ؛ سُتھرائی ۔

tidytips, n. (نباتیات) کیلے فورنیا کا ایک خوبصورت آرایشی پودا جس پر سال بھر میں صرف ایک بار چمکیلے زرد رنگ کی شعاعیں دینے والے پُھول لگتے ہیں ۔

tie, v.t. باندھنا ؛ رسّی ، سُتلی یا اسی قسم کی کسی شے سے ایک چیز کو دوسری کے ساتھ یا دو چیزوں کو اکٹھا کس کے باندھنا یا گرہ لگا دینا ؛ کچھ حصّوں کو اکٹھا کرکے زور سے باندھ دینا (جیسے : to tie a bundle) ؛ کسی چیز کے ڈورے یا فیتوں کو کس کے باندھنا (جیسے : to tie one's shoe) ؛ گرہ لگانا جیسے ٹائی یا فیتے میں ؛ حلقہ بنا کر گرہ دینا ؛ کسی طرح باندھنا ، جوڑنا یا باہم پیوست کرنا ؛ باندھنا ؛ اکٹھا کرنا یا مضبوط بنانا ؛ جکڑ دینا ؛ محدود کرنا یا پابند کر دینا (جیسے : His infirmities tied him to a wheel chair) ؛ کھیل میں کسی دُوسرے کے برابر اسکور کرنا یا اسکور میں برابر رہنا (جیسے : Harvard tied Yale in football) ۔ (بول چال) رشتہ ازدواج میں منسلک کرنا ۔ (موسیقی) سُروں کو نشانِ ربط کے ذریعے آپس میں ملانا ۔ (فعل لازم) بندھن باندھنا یا تعلّق استوار ہونا ؛ جکڑ بند ہونا ؛ مقابلے میں اسکور برابر ہونا ۔ (اسم) بندھن ؛ ڈورا یا رسّی یا ایسی ہی کوئی شے جس سے کوئی چیز باندھی جا سکے ؛ رشتہ ؛ عقدہ ؛ گرہ ؛ کٹائی ؛ تسمہ بندھا نیچی ایڑی کا جُوتا ؛ آرایشی گرہ یا گلوبند ؛ کوئی چیز جو باندھنے اور محفوظ رکھنے کا کام دے ؛ اتحادی اصول یا رشتہ (جیسے : a tie of blood) ؛ رابطہ یا تعلق ؛ مزاحمت یا دباؤ ؛ باندھنے یا باندھے جانے کا طریقہ یا عمل ؛ نمبروں یا ووٹوں وغیرہ میں برابری کا حصول (جیسے : The match ended in a tie) ؛ برابر رہنے والا

مقابلہ ؛ شہتیر یا کڑی وغیرہ جو کسی چیز کے دو یا دو سے زیادہ حصّوں کو مضبوطی سے ملائے رکھے ۔ (موسیقی) دو ہم اوج سُروں کو ملانے والا خمیدہ خط جو اس بات کا اشارہ ہے کہ صدا کو جاری رکھنا ہے ، دہرانا نہیں ۔ (ریلوے) ریلوے لائن کے سلیپروں میں سے کوئی ایک جن پر ریلوے لائن کسی ہوتی ہے ۔ نیز : sleeper ۔

tie down, باندھنا ؛ باز رکھنا یا محدود کر دینا (جیسے : to tie down with responsibilities) ۔

tieback, n. کپڑے ، تانت یا دھات کی ڈوری جو کھڑکی پر پردے لٹکانے کے لیے باندھی جاتی ہے ۔ (عموماً جمع) ڈوری گزارنے کے لیے تیار کردہ پردہ ۔

tie in, v.t. ملانا یا مربوط کرنا ۔ (فعل لازم) مربوط ہونا یا ہم رشتہ ہو جانا ۔

tie-in, a. بندھا سودا ؛ سودے کی پیش کش سے متعلق جس میں گاہک کو بیک وقت دو یا دو سے زیادہ اشیا عموماً ایک پسندیدہ اور دوسری ناپسندیدہ شے ،ارزاں نرخ پر خریدنا ہوں یا خریدنا پڑیں ؛ اس نوعیت کی فروخت میں کسی ایک شے سے متعلق ۔ (اسم) ایسی فروخت یا اس کا اشتہار جبکہ دو یا دو سے زیادہ اشیا بیک وقت اکٹھی فروخت کرنا مطلوب ہوں ؛ اِس طرح کی فروخت میں بکنے والی کوئی چیز ؛ رابطہ ؛ علاقہ ؛ تعلق ۔

tiemannite, n. [ڈبلیو ٹائمن کے نام پر جس کی یہ ایجاد ہے] ٹائمینائٹ ؛ معدنی شے ، کچّا ، پارے کا سلے ناڈ جو گہرے بُھورے رنگ کے دھاتی چمک رکھنے والے تودوں میں پایا جاتا ہے ۔

tiepin, n. کانٹے والی آرایشی پن جو ٹائی میں لگائی جاتی ہے تاکہ ٹائی اپنی جگہ قائم رہے ۔

tier, n. درجہ ؛ قطار ؛ صف ؛ سطر ؛ قطاروں یا صفوں کا سلسلہ جس میں چاروں طرف ایک کے پیچھے ایک اور ایک کے اُوپر دوسری قطار یا صف ہو ، جیسے گول تماشا گاہوں کی نشستیں ؛ تھیٹر کی گیلری ؛ ایک ہی سطح پر قطار در قطار ہونے کی حالت ۔ (فعل متعدی) قطار در قطار ترتیب دینا ۔ (فعل لازم) قطار در قطار بلند یا اونچا ہونا ۔

tier, n. باندھنے والا ؛ ایک قسم کا پیش بند جو بچّے کے استعمال کے لیے ہوتا ہے ۔

tierce, n. مقدار ناپنے کا پُرانا پیمانہ جو شراب کے پیپے کے ایک تہائی یا ۴۲ گیلن کے برابر ہوتا ہے ؛ پیپا یا برتن جس میں اتنی مقدار سما سکے ۔ (تیغ بازی) تیغ بازی کے آٹھ داؤں میں تیسرا داؤ ۔ (تاش) ایک ہی رنگ کے تین مسلسل پتّوں کا جوڑ ۔ (کلیسیات) گرجا کے اوقات کا تیسرا گھنٹہ (نو بجے دن) ، نو بجے دن کی عبادت ۔

tiercel, n. دیکھیے : Tercel ۔

tier table, n. اوپر تلے دو یا دو سے زیادہ گول تختوں والی چوکی ۔

tie tack, n. آرایشی سرے والی پن جو نکٹائی کو اپنی جگہ برقرار رکھنے کے لیے اس کے اندر لگا لی جاتی ہے ۔

tie up, v.t., v.i. بند کرنا ؛ مضبوطی سے باندھنا ؛ باندھنا یا لپیٹنا ؛ روکنا ؛ ختم کر دینا یا وقفہ دینا ؛ سرمائے کو اس طرح لگانا یا پھنسانا کہ وہ دسترس سے باہر ہو کر رہ جائے (جیسے : to tie up money) ؛ ایسی شرائط اور پابندیوں کے تحت رکھنا کہ نہ فروخت کی جا سکے نہ اسے دُوسرے مصرف میں لایا جا سکے (جیسے : to tie up property) ؛ کشتی کو لنگرگاہ سے باندھ دینا (جیسے : to tie up a boat) ۔

tie-up, n. کام کاج ؛ ذرائع آمدورفت ، ٹیلی فون کی خدمت یا اسی قسم کے دیگر ذرائع کا ہڑتال ، طوفان ، حادثے ، مشینی نقص یا اسی طرح کئی دیگر وجوہات کی بدولت کم ہو جانا یا بالکل بند ہو جانا ؛ وہ جگہ جہاں کشتی کو لنگر گاہ سے باندھا جائے ۔ (بول چال) میل یا ربط (جیسے : political tie up) ۔

tiff, n. چھوٹا یا معمولی جھگڑا ؛ بدمزاجی یا خفگی کا ہلکا سا دورہ ؛ شکر رنجی ؛ رنجش ؛ تکرار ۔ (فعل لازم) معمولی سا جھگڑا ہونا ؛ جھگڑے میں پڑنا ۔

tiffany, n. باریک جالی دار کپڑا ؛ بہت مہین جالی دار کپڑا جو پہلے ریشم کے باریک ریشوں سے بنایا جاتا تھا لیکن اب عام طور پر سوتی یا مصنوعی دھاگے سے تیار کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کی چھدری یا کچی ململ ۔

tiger, n. شیر ؛ باگھ ؛ ایشیا کا بڑا سا بلّی جیسا گوشت خور چوپایہ جس کی گندم گوں یا چمپی رنگ جلد پر کالی کالی دھاریاں اُبھری ہوئی ہوتی ہیں ؛ بہت سے جنگلی بلّوں میں سے باگھ جیسی صفات کا مالک جانور ، جیسے امریکا کا گُلدار تیندوا ؛ ظالم اور سنگدل انسان ۔ (بول چال) امریکی اصطلاح میں ہُرّے کا نعرہ جو 'tiger' کے لفظ سے تالیاں بجانے کے بعد بلند کیا جائے ؛ طاقتور اور جارح مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی ۔

tigerlike, a. شیر کی طرح ؛ باگھ کی مانند ۔

tiger beetle, n. حشرات خور بھونرا ؛ جگنُو ؛ بہت ہُشیار قسم کا شکاری بھونرا جو عام طور پر دھوپ پڑنے والی کھلی جگہوں جیسے ریتیلے ساحلوں پر پایا جاتا ہے ۔

tiger cat, n. بن بلاؤ ؛ جنگلی بلّی جو شیر یا باگھ سے چھوٹی لیکن شکل و شباہت اور خونخواری میں بالکل اس کے مشابہ ہوتی ہے ، جیسے امریکا میں گُربہ شیر یا بلّی کی قسم کا جانور اوسیلوٹ (ocelot) ؛ شیر جیسی دھاری دار کھال والی پالتو بلّی ۔

tigereye, tiger's-eye, n. عین الاسد ؛ سنہری مائل کتھئی متغیرّاللمعان قیمتی پتّھر جو زیور کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور بنیادی طور پر آئرن آکسائڈ سے رنگے ہوئے گار پتّھر پر مشتمل ہوتا ہے ۔

tigerish, tigrish, a. شیر کا سایا شیر سے متعلق ؛ شیر کی طرح خونخوار ، سنگ دل یا بہادر ۔

tigershly, adv. خونخواری سے ؛ دلیری سے ؛ سنگدلانہ وغیرہ ۔

tigerishness, n. خونخواری ؛ سنگدلی ؛ بہیمیّت ۔

tiger lily, n. چتّی دار سوسن ؛ سُوسن کا پودا جس کے نارنجی پھولوں پر سیاہ یا ارغوانی رنگ کی چتّیاں پڑی ہوتی ہیں اور پتے کے درمیانی ریشے پر گنٹھیاں ہوتی ہیں؛ سُوسن کا کوئی سا پودا جس میں اس طرح کے پھول آئیں ۔

tiger moth, n. دھاری دار پتنگا ؛ ایک قسم کا پتنگا جس کے پر روئیں دار اور اُن پر دھاریاں یا چتّیاں پڑی ہوتی ہیں ۔

tight, a. چُست ؛ تنا ہوا ؛ اپنی جگہ ٹُھکا ہوا یا کسا ہوا (جیسے : a tight bolt) ؛ کھنچا یا تنا ہوا ؛ ٹھیک یا تنگ (جیسے : tight shoes) ؛ مشکل سے قابو یا ضبط میں آنے والا (جیسے : to be in a tight place) ؛ بھنچا یا گُتھا ہوا ؛ بافت یا بُنت میں یوں جُڑا یا گُتھا ہوا کہ پانی ، بھاپ یا ہوا اور اسی طرح کی کوئی چیز اس میں سے گزر نہ سکے (جیسے : tight roof) ؛ مختصر یا

مؤجز (جیسے : a tight essay) ؛ پکّا یا سخت گیر (جیسے : to keep a tight rein over one's subordinates) ۔ (بول چال) تقریباً برابر برابر یا کانٹے کی (جیسے : a tight race) ؛ بخیل یا کنجوس ۔ (عوامی) نشے میں ؛ شراب پیے ہوئے ۔ (معاشیات) یسیرالحصول اور کثیرالطلب (جیسے : tight money) ؛ رَسَد کی کمی اور طلب کی زیادتی (جیسے : tight market) ۔ (بولی) صاف ، باسلیقہ یا عُمدہ بناوٹ کا ؛ قابل ۔ (متعلق فعل) پاس پاس ، مضبوطی سے یا حفاظت سے ۔

tightly, adv. کس کر ؛ تان کر ؛ بھینچ کر ؛ تنا ہوا ؛ کسا ہوا ؛ مضبوطی سے ؛ زور سے ۔

tightness, n. تناؤ ؛ کساوٹ ؛ مندا بازاری ؛ کساؤ ؛ چُستی ؛ کھچاوٹ ؛ تنگی ؛ کھنچاو ؛ سکڑاؤ ۔

tighten, v.t., v.i. کسا ہونا یا کسے جانا ؛ تاننا ؛ کس جانا ؛ تن جانا ؛ چُست کرنا یا ہونا ؛ تنگ کرنا ؛ بھینچنا ۔

tightener, n. کَسنے والا ؛ کَسنے کا آلہ ۔

tight-fisted, *a.* بند مُٹّھی والا ؛ کنجوس ؛ جُز رس ۔

tight-lipped, a. لب بند ؛ کم گو ؛ کم سخن ۔

tightrope, n. تنا رسّا ؛ زمین سے اونچا تنا ہوا رسّا یا تار جس پر نٹ توازن برقرار رکھنے کا مظاہرہ کرتے ہیں ۔

tights, n. (جمع) پھیلنے کی صلاحیت رکھنے والے کپڑے سے بُنا ہوا چُست لباس جو جسم کا نچلا حصّہ (دھڑ) اور ٹانگیں ڈھانکنے کے لیے ہوتا ہے اور بعض اوقات پورا جسم ڈھانپنے کے لیے پہنا جاتا ہے ، جیسے خصوصاً رقاص ، نٹ اور بازیگر وغیرہ استعمال کرتے ہیں ۔

tightwad, n. (عوامی) مُٹّھی بند یا بخیل آدمی ۔

tiglon, n. نرشیر (tiger) اور مادہ شیر ببر (lioness) کے جُفت سے پیدا ہونے والا بچّہ ؛ باگھ ببر ۔

tigress, n. شیرنی ؛ مادہ شیر ؛ آتش مزاج عورت ۔

tike, n. دیکھیے Tyke ۔

tiki, n. (عموماً بڑے T سے) پولینیشیائی لکڑی یا پتھر سے بنایا ہوا دیوتا ؛ اساطیری پہلا انسان ؛ جد امجد ؛ مورثِ اعلیٰ کا کھودا ہوا چھوٹا سا مجسّمہ ۔

til, teel, n. [اردو] تل ، کنجد کا پودا ۔

tilak, n. [اردو ، ہندی] تلک ؛ ہندوانی رسم جس میں ماتھے پر رنگ کا ٹیکہ یا رنگ دار پوڈر کا دھبّا سا لگا دیا جاتا ہے ۔

tilbury, n. [۱۹ ویں صدی کے آغاز میں لندن کے تِلبری نامی شخص کی ایجاد] تلبری ؛ ہلکی قسم کی گاڑی جس کے دو پہیّے ہوتے تھے اور کوئی چھت نہیں ہوتی تھی ۔

tilde, n. (ہسپانوی) اعراب ؛ امتیازی صوتی نشان ؛ حرف 'n' میں نون کی آواز کو یائے معروف کے ساتھ ملا کر ادا کرنے کا نشان جیسے ہسپانوی زبان میں señora یا پُرتگالی زبان میں حرفِ جار پر نون غنّہ کی آواز نکالنے کا نشان ، جیسے : Joâa ۔

tile, n. کھپرا ؛ ٹائل ؛ پٹڑی ؛ نریا ؛ پُختہ مٹی کی پتلی سِل ، پلیٹ یا اینٹ وغیرہ عموماً چمکدار یا آرایشی جو چھت یا دیوار کو ڈھانپنے ، فرش بنانے ، زمین کو نمی سے بچانے یا سجاوٹ کے کاموں میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایسی ہی سلیں یا ٹکڑے جیسے پتّھر یا دھات کے ؛ ٹائلیں بنانے کی مٹی یا سامان وغیرہ ؛ مجموعی طور پر ٹائلیں ؛ ریت ، سیمنٹ یا پختہ مٹی سے بنا ہوا بلاک جو اندر سے خالی ہو ، جو عمارتی کاموں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (عوامی) سخت قسم کا ہیٹ یا اونچا ریشمی ہیٹ ۔ (فعل متعدی) ٹائل لگانا یا ٹائلوں کا فرش بچھانا ۔

tilefish, n. بحرِ اوقیانوس میں پائی جانے والی بڑی اور چمکدار فلس والی خوردنی مچھلی ۔

tiling, n. ٹائل لگانے یا ٹائلوں سے فرش بچھانے کا عمل ؛ ٹائل لگی کوئی چیز ؛ ٹائلوں کا انبار ۔

till, prep. جب تک ؛ اُس وقت تک ؛ تا ؛ تاوقتیکہ (جیسے : we waited till noon) ؛ پہلے (نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : He didn't come till evening) ۔ (شمالی انگلستان میں) کو ، تک ۔ (حرفِ عطف) اُس وقت یا جس وقت ؛ جب تک کہ (جیسے : I'll wait till they come) ؛ قبل یا پہلے ، نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : They did not come till I was gone) ۔

till, v.t. قلبہ رانی کرنا ؛ زمین پر کام کرنا جیسے ہل چلانا ، جوتنا یا کاشت کرنا ، فصل وغیرہ اُگانے کے لیے ؛ کاشتکاری کرنا ۔ (فعل لازم) زمین زیر کاشت آنا ۔

tillable, a. قابلِ کاشت ؛ کشاورزی کے قابل ۔

till, n. زرنقد رکھنے کا خانہ یا طشتری جیسے بینک یا جہاز میں ؛ قیمتی اشیا رکھنے کا خانہ ، جیسے الماری یا صندوق میں ۔

till, n. (ارضیات) صخرہ ؛ برفانی چٹانوں کی مٹّی کی تہ جس میں پتھر کے چکنے ڈھیلے اور ریت ملی ہوتی ہے ؛ ڈھیلوں والی مٹی ؛ تل ؛ ٹیلہ ۔

tillage, n. کاشت ؛ زمین کاشت کرنے کا عمل یا فن ؛ زیر کاشت زمین کا رقبہ ؛ کھیتی ؛ کاشتکاری ؛ زراعت ؛ قلبہ رانی ؛ کشاورزی ۔

tillandsia, n. [سترھویں صدی میں فن لینڈ کے ماہر نباتیات ای ۔ ٹِل لینڈز کی نسبت سے] ٹل اینڈسیا ؛ امریکا کے گرم یا ان سے ملحقہ ممالک کا انّناس نسل سے ایک پودا جو بہت سی پتیوں کے ساتھ درختوں پر طفیلی کی طرح پھوٹتا ہے ۔

tiller, n. زمین جوتنے والا ؛ کاشتکار ؛ قلبہ راں ؛ کسان ؛ مُزارِع ۔

tiller, n. سُکّان ؛ پتوار کاہتھا یا ڈنڈا جو کشتی چلانے میں رُخ موڑنے کے کام آتا ہے ۔

tiller, n. بروا ؛ زیر بچّہ ؛ پودے کی وہ شاخ جو جڑ سے پھوٹتی ہے ؛ پود یا نونہال ۔ (فعل لازم) جڑ سے سٹّوں یا شاخوں کا سَر نکالنا یا پھوٹنا ۔

tillerman, n. کشتی کھینے یا پتوار چلانے والا شخص ؛ مانجھی ؛ ملاح ؛ کھیون ہار ۔

tilt, v.t. جُھکانا ؛ ٹیڑھا کرنا ؛ اُفقی یا عمودی پہلو کی جانب جُھکانا یا جُھکنے پر مائل کرنا ؛ خم دینا یا ٹیڑھا کرنا ؛ وار کرنے کے لیے تولنا جیسے نیزے کو ؛ دوڑ کر تیزی سے حملہ کرنا ، جیسے نیزوں کی لڑائی میں ہوتا ہے ؛ خمیدہ ہتھوڑے سے کُوٹنا پیٹنا ۔ (فعل لازم) داخل ہونا یا ایک طرف سے جُھکی ہوئی حالت اختیار کرنا ؛ نیزوں سے لڑنا ؛ ٹورنامنٹ یا ایسے ہی کسی مقابلے میں

شریک ہونا یا مصروف ہونا ؛ نیزے سے مارنا ؛ نیزہ چبھونا یا نیزے وغیرہ سے حملہ کرنا (عام طور پر at سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ۔ (اسم) جُھکنے کا عمل یا جُھکاؤ کی حالت ؛ ڈھلوانی کیفیت ؛ ڈھلوان ؛ نیزوں کی لڑائی یا ایسا ہی کوئی مقابلہ ؛ نیزہ بازی کے لیے گھڑ سواری ؛ دنگل ، کُشتی یا کوئی مقابلہ ؛ لڑائی جھگڑا ؛ نیزہ بازی ؛ نیزے کے وار ، جیسے جُھک کر یا لڑتے ہوئے ۔

at full tilt, سرپٹ ؛ پُوری رفتار سے ؛ پوری طاقت سے ۔

tilter, n. جُھکانے والا ؛ جُھکانے کا آلہ ؛ نیزہ بازی کرنے والا ۔

tilt, n. گاڑی یا چھکڑے کے اوپر ڈالنے والا کپڑا ؛ کشتی کے پچھلے حصّے کے اُوپر والا سائبان یا نمگیرہ ؛ گھٹا ٹوپ ؛ پال ؛ تنبوٹی ؛ بُول ۔ (فعل متعدی) سائبان یا نمگیرے سے ڈھانپ دینا ۔

tilth, n. کشاورزی ؛ زمین جوتنے کا کام یا عمل ؛ کاشت ؛ کاشت کاری ؛ جوتے جانے کی حالت (جیسے :land in good or bad tilth) ؛ کاشت کردہ زمین ؛ زمین زیر کاشت ؛ مزروعہ اراضی ؛ جُتائی ؛ زراعت ۔

timbal, tymbal, n. کوس ؛ طَبل ؛ نقّارہ ۔ (حشریات) بعض حشرات الارض جیسے ٹڈّوں وغیرہ کی تھرتھرانے والی جھلّی جس کی وجہ سے اُن کے تیز تیز چہچہانے کی آواز پیدا ہوتی رہتی ہے ۔

timbale, n. ایک قسم کا انگریزی کھانا جو آٹے کے بیٹر کے اندر قیمہ ، مچھلی یا ترکاری وغیرہ ڈال کر تیّار کیا جاتا ہے ، کبھی بُھون کر یا پکا کر ؛ اس قسم کی چیزیں ڈال کر بنایا ہوا پیسٹری نُما کھانا ۔

timber, n. کاٹھ ؛ چوبینہ ؛ چوب ؛ گیلی ؛ عمارتی لکڑی یا بڑھئی کے کام آنے والی لکڑی جس سے وہ مختلف چیزیں بنائے ؛ نشوونما پاتے ہوئے درختوں کی لکڑی جو تعمیراتی کاموں میں استعمال کے قابل ہو ؛ لٹھا ؛ ایسے درختوں کی پرورش ؛ بَلّی ؛ کڑی ؛ کاٹھ کا شہتیر یا ٹکڑا جو کسی تعمیر کا حصّہ ہو یا حصّہ بننے کے قابل ہو ؛ ذاتی کردار یا خوبی ۔ (جہاز رانی) جہاز کی خم دار کاٹھ کڑیوں میں سے ایک کڑی جس سے جہاز کا ڈھانچا تیار ہوتا ہے اور جو جہاز کے پیندے سے اوپر کی جانب یا باہر کی طرف اُٹھی رہتی ہے ؛ خم دار کڑی جس میں تختے جڑے ہوئے ہوتے ہیں ؛ ایک ڈنڈی ۔ (فعل متعدی) لکڑی لگانا ؛ لکڑی کا سہارا دینا ۔ (فجائیہ) جنگلی درختوں کے رکھوالے کا ''خبردار'' کا نعرہ جب درخت کٹنے سے زمین پر گرنے کے قریب ہوتا ہے ۔

timbered, a. لکڑی کا یا چوبی ؛ کاٹھ کا ؛ نشوونما پاتے ہوئے یا گنجان درختوں سے بھرا ہوا (جیسے: the timbered slopes) ۔

timberhead, n. (جہاز رانی) کاٹھ سرا ؛ جہاز کی چوبی کڑیوں کے سرے جو اُوپر نکلے ہوئے ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ رسوں کو باندھا جاتا ہے ؛ چوبی کڑی کا اونچا سرا جو گھاٹ کے اُوپر نکلا ہوا ہوتا ہے ۔

timber hitch, n. (جہاز رانی) پھندا یا گانٹھ جس کے ذریعے رسّے کو شہتیر کے ساتھ اٹکایا جاتا ہے یا ایسی ہی کوئی اور چیز ۔

timbering, n. لکڑی کا عمارتی سامان ؛ کاٹھ کا انبار ؛ کاٹھ کا کام کاج ۔

timberland, n. رَکھ ؛ جنگلات سے بھری زمین خصوصاً جہاں سے قابل فروخت لکڑی مہیّا ہو ۔

timber line, tree line, n. کاٹھ لکیر ؛ خطِ شجر ؛ سطح سمندر سے بلندی جیسے پہاڑوں یا قطب شمالی یا قطب جنوبی کے علاقوں کی جہاں درختوں کی نشوونما رُک جاتی ہے ۔

timber-line, a. پہاڑوں یا قطبی علاقوں کا جہاں درخت نہیں اُگتے ۔

timber wolf, n. کٹھ بھیڑیا ؛ شمالی ریاست ہائے متحدہ امریکا اور کینیڈا میں پایا جانے والا بُھورے رنگ کا بھیڑیا ۔

timberwork, n. لکڑی کا کام ، خصوصاً لکڑی سے عمارتی ڈھانچے ، دروازے ، کھڑکیاں یا الماریاں بنانے کا کام ۔

timbre, n. طَنِین ؛ آواز کی وہ خصوصی کیفیت جو ایک آواز کے ہم آہنگ سُروں کو دُوسری آواز کے ویسے ہی سُروں سے جُدا کر دے جیسے صوتی یا سازینے کی آواز یا تقریر میں مُنھ سے نکلی ہوئی آواز جو الگ الگ ہوتی ہے ۔

timbrel, n. دَف ؛ طنبورہ ؛ دستی ڈھولک ؛ طبلہ ؛ پکھاوج ؛ مردنگ ۔

timbrelled, a. چھوٹی ڈھولک یا طبلے کا یا ڈھولک ، طبلہ بجنے کی آواز سے متعلق ۔

time, n. وقت ؛ زمانہ ؛ زمان ؛ عہد ؛ قرن ؛ جُگ ؛ دَور ؛ موقع محل ؛ فرصت ؛ مہلت ؛ وقفہ ؛ میعاد ؛ مناسب وقت ؛ موسم ؛ باری ؛ گوں ؛ ایسا نظام جو ایک واقعے کا دوسرے واقعے یعنی حال ، ماضی ، مستقبل سے تعلق قائم کرے ؛ وہ غیر معیّن مسلسل دورانیہ جس میں یکے بعد دیگرے واقعات ظہور میں آتے رہیں ؛ اگلی زندگی یا زندگی جاوید سے مُمیز موجودہ زندگی کا دورانیہ ؛ وقت کی گردش کو ناپنے یا شمار کرنے کا طریقہ یا نظام ؛ محدود مُدّت ، جیسے دو یکے بعد دیگرے پیش آنے والے واقعات میں (جیسے : a long time) ؛ دوسرے وقتوں کی نسبت کوئی مخصوص وقت (جیسے : for the time being) ۔ (اکثر جمع) تاریخِ عالم کے ادوار میں سے ایک دور یا کسی مشہور و معروف شخصیت کی زندگی اور کارناموں کی ہم عصری (جیسے : in ancient times) ؛ اب یا جب موجود دَور یا عہد (جیسے : the indifference of the time) ؛ زمانے کا رنگ جسے اس کے دوران میں ہونے والے واقعات ، موجود حالات ، رجحانات یا خیالات کے حوالے سے دیکھا جائے (جیسے : hard times) ؛ معیّنہ یا مقررّہ عرصہ یا مدّت ، جیسے کسی کا عرصۂ حیات ؛ شاگردی کرنے یا تربیت پانے کی مدّت یا مدت حمل وغیرہ ؛ زمانہ جو خاص قسم کے تجرباتی حوالے سے تعبیر کیا جائے (جیسے : to have a good time) ؛ وقت جو رقم کی ادائیگیوں کے لیے مخصوص ہو ؛ ملازم کے کام کرنے کا وقت یا اُجرت جو اُسے ملے ۔ (بول چال) قید کی میعاد (جیسے : to do time) ؛ کسی چیز کے لیے ضروری یا درکار وقت (جیسے : to ask for time to consider) ؛ فراغت یا فاضل وقت (جیسے : to have no time) ؛ دن میں کوئی خاص یا قطعی زمانی نقطہ (جیسے : what time is it?) ؛ سال یا دن وغیرہ کا کوئی خاص حصّہ (جیسے : spring time) ؛ مقرّرہ ، مناسب ، موزوں یا صحیح لمحہ ؛ درست موقع محل (جیسے : to watch one's time) ؛ متواتر کام کی ہر ایک بار (جیسے : one thing at a time) ۔ (جمع ، ریاضی) گُنا یا ضربیہ علامت (جیسے : four times five) ۔ (ڈراما) ارسطو کی تین

تمثیلی وحدتوں یعنی وحدتِ زمانی ، وحدتِ مکانی اور وحدتِ کرداری میں سے کوئی ایک وحدت ۔ (عروض) مصرعے کی تقطیع میں رُکن یا ارکان کا مجموعہ ۔ (موسیقی) ڈھول یا نقّارے پر مسلسل تھاپ یا تال کی ترتیب ، بجانے میں ہر طرح کی گت کا استعمال جو کئی ایک تھاپوں پر مشتمل ہو ؛ رفتار ؛ سُر کا اوزانی دورانیہ یاٹھہراؤ ؛ مخصوص حرکت کا طرز ؛ خاص نوع کے گیت کی اُس کے سُر ، بحر کی ساخت اور رفتار کے حوالے سے عام حرکت ؛ موسیقی کی دُھنوں پر رقّاص یا رقّاصہ کے نرَت یا بتاوے ۔ (عسکری) قدم بقدم چلنے کی شرح جو فی مِنٹ اُٹھائے گئے قدموں کی تعداد کے حساب سے نکالی جائے (جیسے : double time) ۔ (فعل متعدی) وقت مقرر کرنا یا موقع و محل مُنتخب کرنا ؛ وقت کے مطابق چلانا ، جیسے ریل گاڑی یا گھڑی کو ۔ (موسیقی) تال یا لَے جانچنا ؛ دورانیہ مقرّر کر دینا (جیسے : to time an exposure in photography) ؛ وقت ، عرصے یا شرح کا پتا چلانا یا ریکارڈ رکھنا (جیسے: to time a race) ۔ (فعل لازم) وقت کا حساب رکھنا ؛ ہم آہنگی سے آواز لگانا یا حرکت کرنا ۔ (صفت) وقت کا یا وقت سے متعلق ؛ منصوبے کے مطابق مطلوبہ وقت پر یا اس کے دوران ہونے والا یا وقوع میں آنے والا ؛ مقرّرہ تاریخ پر یا اس کے بعد کسی وقت یا خرید پر خاص مدت گزر جانے کے بعد جو رقم واجب الادا یا انفکاک پذیر ہو ؛ قسط وار ادائیگی سے متعلق (جیسے: a time loan) ۔

behind the times, جو رفتار وقت کا ساتھ نہ دے ؛ وقت سے پیچھے ؛ پُرانی وضع کا ؛ جس کا دور ختم ہو چکا ہو ؛ پُرانے فیشن کا ۔

keep time, وقت کا صحیح اظہار کرنا ، جیسے ٹائم پیس یا گھڑی کا ۔ (موسیقی) لے اور تال کے عین مطابق کوئی نغمہ گانا یا ساز پر بجانا ؛ تال کے ساتھ ناچنا یا گانا ۔

time of one's life, (بول چال) بے حد لُطف والا واقعہ یا تجربہ ۔

time and a half, n. فاضل وقت کام کرنے کی اُجرت جو ملازم کو اُس کی مقررہ اُجرت سے ڈیوڑھی دی جائے ۔

time bill, n. ہُنڈی جو مقررہ تاریخ تک واجب الادا ہو ۔

time bomb, n. میعادی بم ؛ وقتِ مقررہ پر پھٹنے والا بم ۔

time capsule, n. مروجہ تہذیب کی بہت سے امتیازی نشانیوں اور مخصوص اشیا سے بھرا ہوا برتن جسے آئندہ زمانے میں دریافت ہونے کے لیے کسی عمارت کی بنیاد یا زمین میں دبا دیا جائے ۔

timecard, n. کتاب اوقات ، تختہ اوقات یا فرد اوقات جس میں مشینی طریقے سے یہ درج کیا جاتا ہے کہ مزدور نے کتنی دیر کام کیا اور کتنے دن حاضر رہا ۔

time chart, n. خاکۂ وقت ؛ دنیا کے مختلف ممالک میں متبادل وقت دکھانے کا خاکہ یا نقشہ ۔

time clock, n. وقت پیما گھڑی ؛ گھڑی جس میں ایک ایسا پُرزہ لگا ہوتا ہے جس کی مدد سے کارڈ یا فیتے کے اوپر کسی کھیل یا تقریب کا یا ملازمین کی آمد و رفت کا وقت درج ہوتا رہتا ہے ۔

time-consuming, a. دیر تکمیل ؛ وقت طلب ؛ وہ کام جسے مکمل کرنے میں کافی وقت لگے ؛ وقت ضائع کرنے والا ۔

timed, a. منصوبے کے مطابق ہونے ، وقوع میں آنے یا مقررہ وقت پر ظاہر ہونے والا ، جیسے کوئی دھماکا ؛ خاص وقت پر ہونے والا (جیسے : an ill timed departure) ۔

time deposit, n. میعادی کھاتہ ؛ بینک میں روپیہ جمع کرنے کا میعادی کھاتہ جس میں سے مقررہ مدت گزرنے کے بعد رقم نکالی جا سکتی ہے یا رقم نکالنے کے لیے پیشگی نوٹس دینے کی ضرورت پڑتی ہے ۔

time draft, n. میعادی ہُنڈی ؛ ڈرافٹ جو بینک میں پیش کرنے کے بعد ، مقررہ دن گزر جانے پر ، واجب الادا ہو ۔

time exposure, n. (عکاسی) کیمرے کا شٹر کھلنے اور بند ہونے کے درمیان کچھ وقفہ ؛ تصویر جو کیمرے کی پلیٹ کو کُھلی روشنی میں کچھ عرصہ رکھ کر کھینچی جائے ۔

time-exposure, a. وقت لے کر عکّاسی کرنے والا (کیمرہ) ؛ معیّن وقفے سے فوٹو کھینچنے والا ۔

time-honored, (Brit.) time-honoured, a. شرفِ زماں ؛ قدیم اور تادیر قائم رہنے کے سبب قابلِ عزت و احترام ۔

time immemorial, n. زمانۂ غیر یادگاری ؛ بہت پرانا زمانہ ؛ قدیم زمانہ ؛ دورِ عتیق ؛ اتنا پُرانا ماضی کہ ذہن یا تاریخ میں اس کا زمانہ بھی محفوظ نہ ہو ۔ (انگریزی قانون) رچرڈ اوّل کے عہد سے پہلے کا ، ۱۱۸۹ء کا دور جس سے پہلے کی قانونی عملداری کا کوئی نشان موجود نہیں ۔

timekeeper, n. آلہ ساعت نُما ؛ وقت نویس ؛ حاضری نویس ؛ حساب رکھنے والا شخص یا چیز ؛ وہ شخص جو بعض کھیلوں میں کھیل شروع ہونے یا کھیل کے دورانیہ کا اعلان کرے یا حساب رکھے ؛ ٹائم پیس ؛ شخص جو دوسروں کے کام کے وقت کا حساب رکھنے کے لیے ملازم رکھا جائے ۔ (موسیقی) تال دینے والا ۔

timekeeping, n. وقت نویسی ؛ وقت گیری ؛ وقت کا حساب رکھنے کا عمل ۔

time-lag, n. تاخرِ وقت ؛ دو واقعات یا مظاہر فطرت کے درمیان وقفہ ، جیسے علت و معلول کے درمیان ۔

time-lapse, a. (عکاسی) وقت چھوڑ ؛ توقّفی ؛ وقفہ جاتی ؛ آہستہ عمل سے فلم بنانے کے بارے میں یا اس سے متعلق جیسے پودے کی نشوونما کو تصویر کے ہر چوکھٹے میں وقفے سے روشنی پہنچا کر دکھانا تاکہ متحرک تصویر میں یہ سست عمل تیز نظر آئے ۔

timeless, a. لازمان ؛ اَبدی ؛ جس پر وقت کا کوئی اثر نہ ہو ؛ لامتناہی ؛ ہمیشہ رہنے والا/والی ؛ زندۂ جاوید ؛ وقت کی قید سے ماورا ۔

timelessly, adv. بے وقتی سے ؛ لازمانی طور پر ۔

timelessness, n. لازمانیت ۔

time limit, n. مُہلت ؛ وقت جس کے اندر اندر کام مکمل کیا جائے ؛ محدُود وقت ؛ حدِّ وقت ؛ میعاد ۔

time loan, n. میعادی قرض ؛ قرضہ جس کی واپسی کے لیے کوئی خاص تاریخ مقرر ہو ؛ موقتی قرض ۔

time lock, n. ساعتی قفل ؛ گھڑی سے منضبط قفل جسے لگایا جائے تو اُس وقت تک نہیں کُھلتا جب تک مقررہ وقت گزر نہ جائے ؛ میعادی قفل ۔

timely, a., adv. بروقت ؛ بر محل ؛ بہت موقع کا ؛ برموقع ؛ مناسب موقع ؛ موقع پر ؛ ٹھیک وقت پر ۔

timeliness, n. بر وقت ہونے کی حالت ؛ بر محل ہونے کی کیفیت ۔

time money, n. موقتی رقم ؛ قرض کے لیے مخصوص کی جانے والی رقم جس کی واپسی کا جدول پہلے سے طے کر لیا جائے ۔

time note, n. میعاد نامہ ؛ میعادی اقرار نامۂ ادائیگی ؛ اقرار نامہ جس میں معینہ وقت پر واپسی

کا اقرار کیا گیا ہو۔

time-out, time out, n. مدت تعطل ؛ عمل میں عارضی تعطل خصوصاً کھیلوں کے مقابلے میں ؛ وقفہ ؛ سکون ؛ سستانے کا وقفہ ۔

timepiece, n. وقت نُما ؛ گھڑی ؛ گھڑیال ؛ ٹائم پیس ؛ وقت کی رفتار کو ریکارڈ کرنے اور ناپنے کا آلہ ؛ وقت پیما ۔

timer, n. ساعت گیر، وقت کا حساب رکھنے والا شخص ؛ وقت کا اندازہ کرنے کا آلہ ، جیسے اسٹاپ واچ ؛ انجن کا اندر سے آگ پکڑنے کا خود کار طریقہ جس کے ذریعے شعلے کی لپک سے مطلوبہ برقی بار فوراً جل اُٹھتا ہے ؛ میکانی عمل جس سے مشین یا کوئی آلہ خود بخود شروع ہو کر معینہ وقت پر ختم ہو جاتا ہے ، جیسے کسی خود کار بھٹی میں کوئی ساعت گیر۔

timesaving, a. وقت بچاؤ ؛ کسی کام کو تھوڑے عرصے میں کرنے کے قابل بنانے والا ؛ کام کو تیزی سے ختم کرنے میں مدد گار۔

timesaver, n. وقت کو ضائع نہ کرنے والا شخص ؛ وقت بچانے والا ۔

timeserver, n. اِبنُ الوقت ؛ موقع پرست ؛ زمانہ ساز ؛ وہ شخص جو اپنے مفاد کے لیے اپنی رائے اور اطوار کو موقع کے مطابق بدلے یا حاکم وقت کے احکام کی تعمیل کرے۔

timeserving, a., n. موقع پرست ؛ موقع پرستی ؛ زمانہ ساز ؛ زمانہ سازی ؛ ابن الوقت ؛ ابن الوقتی ۔

time-share, v.i., v.t. کم از کم دو کاموں میں پورے صَرف ہونے والے وقت کا حصوں میں متعین یا مقرر ہونا یا کرنا ، جیسے کمپیوٹر کے امور میں ۔

time sheet, n. فرد اوقات ؛ کارڈ یا بہی کھاتہ جس میں یہ ریکارڈ رکھا جاتا ہے کہ مزدور نے کتنے گھنٹے کام کیا اور جس سے خاص طور پر یہ پتا چلتا ہے کہ وہ کس وقت کام پر آیا اور کب کام ختم کرکے گیا ۔

time signature, n. (موسیقی) گیت یا نغمے کے آغاز میں پائی جانے والی مطلوبہ وزن (سُرتال) کی جُزوی ترسیم اعداد ، جیسے ۳/۴ یا ۶/۸ ۔

timetable, n. اوقات نامہ ؛ ٹائم ٹیبل ؛ نظام الاوقات ؛ اوقات کا جدول یا رجسٹر جیسے ریل گاڑیوں کی آمد و رفت کے معینہ اوقات کا نقشہ (ریلوے ٹائم ٹیبل) جو نظم اوقات کی نشاندہی کرے ؛ نقشۂ اوقات ۔

timework, n. یومیہ کام ؛ دہاڑی ؛ کام بحساب وقت ؛ کام جس کا معاوضہ وقت ، عام طور پر فی گھنٹہ یا یومیہ کے حساب سے دیا جائے ۔

timeworker, n. دہاڑی مزدور ؛ امانی پر کام کرنے والا ؛ یومیہ مزدور ۔

timeworn, a. دقیانوسی ؛ گِھسا پٹا یا فرسودہ ؛ پرانا یا جس سے امتداد زمانہ کے اثرات ظاہر ہوں (جیسے: time worn buildings) ؛ حقیر یا پیش پا افتادہ ، جیسے فرسودہ یا پامال جملہ یا کلیشے ۔

time zone, n. منطقۂ میقات ؛ منطقہ وقت ؛ کُرۂ ارض کے ۲۴ طول بلدی قطعات میں سے کوئی سا ایک قطعہ جسے سمت الراس سے ۱۵ ڈگری سے تقسیم کرکے اگر گرین وچ ، انگلینڈ سے شروع کیا جائے تو اس سے متصل ہر قطعے میں آگے پیچھے ایک گھنٹے کا فرق واقع ہو۔

timid, a. ڈرپوک ؛ بودا ؛ بُزدل ؛ کمزور ؛ خائف ؛ خوفزدہ ۔

timidly, adv. ڈرتے ڈرتے ؛ ہچکچاتے ہوئے ؛ بودے پن سے ۔

timidity, timidness, n. بودا پن ؛ بُزدلی ؛ خوف زدگی ؛ ڈرپوکی ۔

timing, n. (تھیٹر ، کھیل ، موسیقی) تساویٔ وقت ؛ کسی کام ، جملے یا آواز کا اس طرح ترتیب دینا کہ وہ زیادہ سے زیادہ تاثّر کے ساتھ فوراً اُبھر سکے یا دیگر حرکات ، آوازوں یا تاثرات سے ہم آہنگ رہ سکے ؛ اس ہم آہنگی کا نتیجہ ؛ کسی کھیل یا مقابلے میں صرف ہونے والے وقت کی پیمایش کا عمل ، جیسے اسٹاپ واچ سے ۔

timocracy, n. امراء شاہی ؛ ایک قسم کی طرزِ حکومت جس میں جاہ و جلال اور عزت و وقار سے محبت کرنے کا جذبہ حکمرانوں میں غالب ہوتا ہے ؛ ایسی حکومت جس میں کوئی عہدہ یا منصب حاصل کرنے کے لیے مخصوص طور پر صاحبِ املاک ہونا ضروری ہے ؛ حکومتِ امراء ؛ منصب داری ۔

timocratic, timocratical, a. امراء شاہی سے متعلق ۔

timorous, a. ڈرپوک ؛ تھڑدِلا ؛ بودا ؛ کم ہمّتا ؛ بُزدل ؛ کچا ۔

timorously, adv. تُھڑدلی سے ؛ بزدلی سے ؛ کچ دلی سے ۔

timorousness, n. بُزدلی ؛ ڈرپوکی ؛ بودا پن ۔

timothy, herd's-grass, timothy grass, n. (نباتیات) ٹموتھی ؛ چارہ ا گھاس ؛ گھٹیا قسم کی ایک گھاس ؛ چارا گھاس جسے جانور چَرتے ہیں ۔

timpani, n. آرکسٹرا کے ساتھ بجنے والے نقاروں/ڈھولوں کی جوڑی ۔

tin, n. (کیمیا) قلعی ؛ رانگ ؛ رانگا ؛ ٹین ؛ چاندی جیسا سفید متورق اور لوچ دار دھاتی عُنصر جو قلعی کرنے اور دھاتوں میں ملانے کے کام آتا ہے۔نیز: stannum ۔ ٹین کا ڈبّہ ، صندوقچہ ، ڈول یا ٹین یا ٹین کی چادر سے بنا ہوا برتن ۔ (برطانوی) ڈبہ ، جیسے خوراک بند کرنے کے لیے ۔ (برطانوی عوامی) روپیہ پیسہ ۔ (فعل متعدی) قلعی چڑھانا یا قلعی سے بند کرنا ؛ قلعی کرنا ۔ (برطانوی) ٹین کے ڈبّے بنانا ۔ (صفت) ٹین کا بنا ہوا ؛ جعلی ؛ سستا ؛ حقیر ؛ بازاری ۔

tinamou, n. امریکی تیتر ؛ ٹنامو ؛ جنوبی اور وسطیٰ امریکا میں پایا جانے والا اسی نام و نسل کا تیتر سے مشابہ ایک پرندہ ۔

tincal, n. ٹِنگار ؛ خام سہاگہ ۔

tincan, n. ٹین ڈبہ ؛ ٹین کا سر بند ڈبّہ جو عام طور پر خوراک محفوظ رکھنے کے لیے ٹین سے بنایا جاتا ہے ۔ (بحریہ ، عوامی) جنگی جہاز ، خصوصاً تباہ کُن جہاز ؛ آبدوزبم ؛ وہ بم جو آبدوز کو ڈبونے یا گہرائی میں پھٹنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

tinct, a. (شاعری) رنگین ؛ چاشنی دار ؛ پُر لطف ۔ (اسم) کسی رنگ کا کوئی ہلکا سا رُوپ ؛ مزہ ؛ رنگت و لُطف ؛ حسنِ بیان ۔

tinctorial, a. صِبغی ؛ رنگت کا ؛ رنگوں سے متعلق یا رنگوں سے بھرا ہوا ؛ رنگ برنگا ؛ جس سے رنگ اُبھریں ۔

tinctorially, adv. رنگریزی سے ؛ رنگوں کے تعلق سے ۔

tincture, n. مصبُوغ ؛ ٹنکچر ؛ خفیف سا رنگ

کھیلنے والا ؛ قمار باز ؛ جواری ۔

tinker, n. پنجیرا ؛ ٹھٹھیرا ؛ گھریلو استعمال میں آنے والے دھات کے برتن ، ظروف ، دیگچیاں اور دیگر ٹوٹی ہوئی چیزیں جوڑنے والا ، خاص کر پھیری والا پنجیرا ؛ اَن سیکھا ، بے اُستاد یا بھدّے طریقے سے مرمت کرنے والا یا کارکن ؛ اناڑی ؛ سیکھتڑ ؛ دفع الوقتی کے لیے کئی ایک مشینی کاموں کو معمولی طور پر درست کرنے والا ؛ ہر کام کو بے ڈھنگے طریقے سے کرنے کا دعویدار۔ نیز : tinkerer ؛ پھوہڑ پن کا کام یا اس جیسی کوئی مثال ؛ ایک قسم کی مچھلی خصوصاً چھوٹی ماکریل ۔ (فعل متعدی و لازم) مرمت یا جوڑنے کا کام کرنا ؛ کسی چیز پر پھوہڑ پن یا بھدّے طریقے سے کام کرنا ؛ مفید نتائج پیدا کیے بغیر کسی کا اپنے آپ کو کام میں مصروف رکھنا ؛ ٹھٹھیرے کی طرح ٹُوٹے ہوئے برتنوں کی مرمت کرنا ؛ اناڑی پنے ، بھدے طریقے یا وقتی طور پر کسی چیز کو معمولی طور پر ٹھیک کر دینا ۔

tinker's damn, tinker's dam, n. (بول چال) حقیر ؛ ادنیٰ ؛ غیر اہم ہیچ شے (جیسے : not worth a tinker's damn) ۔

tinkle, v.i. ہلکی ، تیز یا اونچی آواز پیدا ہونا جیسے ٹن ٹن کی آواز جو دھات پر مارنے یا چھوٹی گھنٹی بجانے سے پیدا ہو ؛ جھنکار پیدا ہونا ۔ (فعل متعدی) ٹن ٹن بجانا یا بجنا ؛ ٹن ٹن کی آواز سے اشارہ کرنا یا اعلان کرنا ۔ (اسم) ہلکی ، تیز ، نمایاں ٹن ٹن کی آواز یا ٹنٹنانے کا شور وغل ؛ ٹنٹنانے جیسی آواز کا کوئی عمل یا اس جیسی کوئی مثال ۔

tinkling, n. ٹن ٹناہٹ ، جھنکار ۔

tinkly, a. ٹن ٹن کرنے والی ؛ ٹنٹناتا ہوا ۔

tinman, n. قلعی گر ؛ ٹین کے برتن بنانے والا یا ٹین کے برتنوں کا کاروباری ؛ ٹین گر ۔

tinner, n. قلعی کی کان میں کام کرنے والا ؛ ٹین کے کاموں کا ماہر ؛ قلعی گر ؛ ٹین گر ؛ ٹین کے برتن بنانے والا ۔

tinnitus, n. (امراضیات) سنسناہٹ ؛ کانوں کا بجنا (حالت یا کیفیت) ؛ طنین ؛ جھنکار سی جو از خود کانوں میں سنائی دے ؛ دانگ ۔

tinny, a. ٹینی ؛ ٹین سے مشابہ یا ٹین سے متعلق ؛ جس میں گُونج نہ ہو ؛ قلعی دار ؛ جو ٹین کا سا مزہ دے ، جیسے کھانا جو ٹین کے ڈبّوں میں بند ہوتا ہے ۔

tinnily, adv. قلعی کے طور پر ۔

tinniness, n. قلعی پن ؛ رانگا پن ؛ ٹین پن ۔

Tin-Pan Alley, n. شہر یا قصبے میں کوئی علاقہ یا گلی خاص کر نیویارک سٹی میں وہ علاقہ جہاں بہت سے ناشر یا عوامی گیتوں کے موجد اور نغمہ نگار آباد ہیں ؛ ناشر اور نغمہ گر اجتماعی طور پر ۔

tin plate, tinplate, n. ٹین کی چادر ؛ لوہے یا فولاد کی پتلی چادر جس پر قلعی چڑھائی گئی ہو یا ملمع کیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) قلعی کرنا ۔

tinplater, n. قلعی کرنے والا ؛ قلعی گر ؛ ملمع گر ۔

tinsel, n. بھڑکیلا ؛ چمکدار دھاتی مادے کے باریک دھاگے ، ٹکڑے یا چادریں جو سستی آرایش و زیبایش کے لیے استعمال کی جائیں ؛ چھوٹی ٹیپ ٹاپ والی کوئی شے یا کوئی کم قیمت بھڑکدار چیز ؛ چل چل ؛ بھرج ؛ جِھلمل ؛ پنّی ؛ جھوٹا کام ؛ مصنوعی شے ؛ ٹیپ ٹاپ ؛

یا اس کی ذرا سی جھلک ؛ ہلکا سا مزہ جو کسی چیز میں بڑھا دیا جائے ۔ (طب) کسی مادے کے عامل اساسی عناصر کا محلول ، عام طور پر الکحل ۔ (نقابت) کوئی رنگ ، دھات یا سمور جو ایسی ڈھال بنانے کے کام آئے جس پر ہتھیاروں کی تصاویر ہوں ۔ (فعل متعدی) رنگ دینا ؛ کس چیز کو ہلکی سی چاشنی دینا ؛ لبریز کر دینا ؛ رگ و ریشے میں بھر دینا ؛ رنگنا یا رنگ چڑھانا ۔

tinder, n. قو ؛ شتابہ ؛ آتشی ؛ سوختہ ؛ ابتداً کوئی آتش گیر مادہ جیسے نیم سوختہ لینن کا کپڑا جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جو پتھر یا چقماق کے ٹکراؤ سے نکلنے والے شعلے سے آگ جلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ آتشگیر مادہ ۔

tindery, a. جلد آگ پکڑنے والا ؛ سوختے کا سا ؛ آتش گیر ۔

tinderbox, n. قُوبکس ؛ سوختہ دان ؛ وہ ڈبیا جس میں چقماق کو رگڑ کر آگ پیدا کرتے ہیں ؛ تیزی سے جَل اٹھنے والی کوئی شے ؛ جسے بہت زیادہ جوش میں لایا یا بھڑکایا جائے ؛ متعدی تشدد کا زبردست ذریعہ ۔

tine, n. شاخ ؛ کانٹا ؛ کانٹے کی نوک ؛ دوشاخہ ؛ جانوروں کے سینگ کی نوک یا شاخ ؛ شاخۂ سینگ ؛ بینگا کے دانتے ۔

tined, a. نوکدار ؛ شاخ جیسے سینگوں والا ۔

tinea, n. (امراضیات) داد یا اسی قسم کی جِلد کو لگنے والی ، کوئی متعدی بیماری ؛ جِنس کرم لباس ؛ جنس بید ۔

tineal, a. جِلدی بیماری لگانے والی ۔

tin fish, n. (عوامی) تار پیڈو ۔

tinfoil, tin foil, n. پنّی ؛ ورقۂ قلع ؛ ایلومینم یا قلعی یا سیسے کی ملاوٹ کی آمیزش سے کوٹی ہوئی اور تہ کی ہوئی باریک پتّیاں جو کھانے کی اشیا پر لپیٹی جاتی ہیں ۔ (صفت) پنّی سے متعلق ۔

ting, n. ٹِنگ ؛ ہلکی سی ٹنگ کی آواز جیسے چھوٹی سی گھنٹی کی تیز آواز ۔ (فعل متعدی و لازم) ٹن ٹن بجنا یا ٹن ٹن کی آواز پیدا کرنا ۔

tinge, v.t. ہلکا رنگ دینا ؛ رنگ ، ذائقے یا خوبی کو بدلنے یا اُسے تھوڑا سا مؤثر بنانے کے لیے اس میں کوئی چیز ملانا ؛ ہلکا سا رنگ ، ذائقہ یا ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ؛ رنگ کرنا یا رنگ دینا ۔ (اسم) ہلکا سا رنگ ، ذائقہ ، چاشنی یا لذّت جو کسی شے میں پیدا کی جائے یا ملائی جائے ؛ جھلک ؛ رنگ ؛ مزہ ؛ چاشنی ؛ لوین ؛ شائبہ ؛ عکس ؛ ہلکا اثر ۔

tingle, v.i. جھنجھناہٹ یا لرزش کا ہلکا سا احساس ہونا جیسے دفعتاً ہلکی ضرب یا سردی سے ۔ (فعل متعدی) جھنجھنانا جھنجھناہٹ پیدا کرنا ۔ (اسم) جھنجھناہٹ ۔

tingler, n. کپکپانے والا ؛ جھنجھناہٹ پیدا کرنے والا ۔

tinglingly, adv. جھنجھناہٹ سے ۔

tingly, a. جھنجھناہٹ والا ۔

tin hat, n. خود ؛ ٹھوس قسم کی سخت ٹوپی جو عام طور پر فولاد سے بنی ہوئی ہوتی ہے اور عمارتی کام کرنے والے یا سپاہی اسے اپنے سروں پر پہنتے ہیں ۔

tinhorn, n., a. (عوامی) شور مچانے والا یا ڈینگیں مارنے والا جو معمولی سی رقم اور معمولی سی قابلیت کا مالک ہو ، جیسے جُوا

بھڑک دار شے ؛ جھوٹا گوٹا کناری یا مسالا ۔ (فعل متعدی) جھوٹی ٹیپ ٹاپ سے سجانا یا بھڑکیلے جھوٹے لچکے گوٹے سے آراستہ کرنا ۔

tinselly, a. بھڑک دار طریقے سے ؛ سج سجا کر ۔

tinsmith, n. ٹین کار ؛ قلعی گر ؛ ٹین گر ؛ قلعی ، ٹین کی چادر یا کسی اور ہلکی دھات سے چیزیں بنانے والا یا ٹوٹی ہوئی چیزوں کی مرمت کرنے والا ۔

tin spirit, n. (اکثر جمع) تیز قسم کے تیزاب میں ملا ہوا ٹین کے مرکبات میں سے کوئی محلول جو اکال یا محرّق کے طور پر رنگنے میں استعمال کیا جائے ۔

tinstone, n. معدن قلعی ؛ کچی قلعی کا خاص جُز ؛ قلعی پتھر ؛ کچی قلعی ۔

tint, n. جھلک ؛ شائبہ ؛ رنگت ؛ کسی رنگ کا کوئی رُوپ خصوصاً ہلکا رُوپ ؛ رنگ ؛ لَون ؛ شدت رنگ کا درجہ ؛ بالوں کا خضاب ۔ (طباعت) پھیکا رنگ جس کے اُوپر کوئی چیز ، کُھلے اور واضح رنگ میں چھاپی جائے ؛ پھیکے رنگ کی ہلکی زمین ۔ (فعل متعدی) کسی رنگ کی ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ؛ رنگ کرنا ۔

tinter, n. رنگ کرنے والا ؛ رنگ ساز ؛ رنگ کرنے کا آلہ ۔

tinting, n. رنگ سازی کا عمل ۔

tintless, a. بے رنگ ؛ پھیکا ۔

tintin nabular, tintin nabulary, tintin nabulous, a. گھنٹیوں یا اُن کی آوازوں کے بارے میں یا اِن سے متعلق ؛ ٹن ٹن کا ۔

tintin nabulation, n. گھنٹیاں بجنے کی آواز ؛ طنطنہ ؛ ٹن ٹن کی آواز ۔

tintype, n. مثبت عکس جو ایک پتلے سے ٹین یا لوہے کے ورق پر لیا جائے ؛ اس طرح فوٹو اُتارنے کا عمل ۔

tinware, n. ٹین یا لوہے کے ظروف/برتن ۔

tinwork, n. ٹن کی بنی ہوئی کوئی چیز ۔

tinworks, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ٹین کا کارخانہ ؛ ٹین کی کان یا کارخانہ جہاں ٹین کا یا ٹین کے برتن بنانے کا کام ہوتا ہو ۔

tiny, a. بہت چھوٹا ؛ ننھا ؛ ذرا سا ؛ ٹھنگنا ؛ ٹینی ؛ ناٹا ؛ ٹوئیاں ۔

tinily, adv. چھوٹے پن سے ۔

tininess, n. چھوٹا پن ۔

tip, n. نازک سا سرا یا نوک خصوصاً کسی چھوٹی اور گاؤ دُم چیز کی (جیسے : the tip of a leaf) ؛ منتہا ؛ چوٹی یا سب سے اونچا سرا ؛ دھات یا چمڑے کا چھوٹا سا ٹکڑا یا جُزو جو کسی چیز کے آخری سِرے یا کنارے کی شکل کا ہو ؛ منھ ، شام (چھڑی کی) ؛ پھُلنگ ؛ پھننگ ؛ کگر ۔ (فعل متعدی) نوک بنانا ؛ نوک سے چھیڑنا ؛ نوک کو سجانا یا سنوارنا ؛ ڈنڈی اُتارنا ، جیسے اسٹرا بری کی ۔

tip in, n. (جلد بندی) کتاب یا رسالے میں کوئی اضافی ورق لگانا ، جیسے نقشہ یا تصویر ۔

tipless, بے سرا ؛ بے کنارا بے نوک ۔

tip, v.t. ترچھا کرنا یا ترچھا ہونا ؛ مائل ہونا ؛ جُھک جانا ؛ گرا دینا ، اُلٹ دینا یا تہ و بالا کر دینا (over سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ؛ چھونا یا اُٹھانا ، جیسے آداب کرنے کے لیے ہیٹ کو ۔ (برطانوی) اُنڈیل کر خالی کر دینا ؛ کُوڑے کی طرح پھینکنا ۔ (فعل لازم) ترچھا یا آڑا ہونا ؛ جُھکنا ؛ ایک سرے پر اونچا اُٹھنا اور دوسرے سِرے پر نیچا ہونا ؛ اُلٹ جانا یا درہم برہم ہو جانا ؛ گرنا یا قلابازیاں کھانا (over سے پہلے استعمال ہوتا ہے ، جیسے : The milk bottle tipped over) ۔ (اسم) اُلٹنے یا لُڑھکنے کا عمل ؛ لڑھک جانے کی حالت ۔ (برطانوی) جگہ جہاں کوڑا کرکٹ وغیرہ پھیکا جائے ؛ کُوڑا جمع کرنے کی جگہ ۔

tippable, a. جسے لڑھکایا جا سکے ؛ جس سے انڈیلا جا سکے ۔

tipper, n. اُنڈیلنی ؛ انڈیلنے والی کُپّی یا برتن ۔

tip, n. ٹپ ؛ بخشیش ؛ رقم کی صورت میں چھوٹا سا انعام جو قُلیوں ، ٹیکسی ڈرائیوروں اور ہوٹل کے بیروں کو ان کی خدمات کے عوض دیا جائے ۔ (بول چال) نجی یا خفیہ معلومات جو شرط بدنے ، سٹہ کرنے یا اسی قبیل کی دوسری سرگرمیوں میں استعمال ہوتی ہیں (اکثر off کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ مفید اشارہ ، تجویز یا خیال ؛ گُر ۔ (فعل متعدی) کسی کو بخشیش دینا ۔ (بول چال) نجی یا خفیہ معلومات دینا (اکثر off کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (فعل لازم) بخشیش عطا ہونا ۔

tipless, a. انعام سے محروم رہنے والا ؛ بے بخشیش ۔

tippable, a. انعام دیے جانے کے قابل ۔

tipper, n. انعام یا بخشیش دینے والا ؛ خفیہ معلومات مہیا کرنے والا ۔

tip, v.t. ہلکی یا تیز مار مارنا یا ضرب پہنچانا ؛ دستک یا تھپکی دینا ۔ (بیس بال) ترچھے بَلّے سے ہلکی سی ضرب لگانا ۔ (اسم) ہلکی سی ضرب ؛ تھپکی ۔ (بیس بال) بلے سے ہلکی سی ضرب ؛ ہلکی سی تھپکی ؛ ہلکی سی ضرب جو گیند پر لگائی جائے (جیسے : a foul tip) ۔

tipcart, n. انڈیل گاڑی ؛ چھکڑا ؛ ایک قسم کی گاڑی جس کے اندر کا سامان اُتارنے کے لیے اُس کی بیٹھک پیچھے کی طرف جُھکائی جا سکے ۔

tipcat, n. گُلی ڈنڈا ؛ ایک قسم کا کھیل جس میں لکڑی کے چھوٹے سے ٹکڑے کو جو دونوں طرف سے نوکدار بنا ہوتا ہے اور جسے بِلّی یا گُلّی کہتے ہیں ، اُس کی ایک نوک پر ڈنڈا مار کر اُسے زمین سے اُچھالا جاتا ہے اور پھر اُسے ڈنڈے سے مارا جاتا ہے اور دُوسرا کھلاڑی اس کو لپک کر ہاتھوں میں دبوچنے کی کوشش کرتا ہے ؛ لکڑی کا ٹکڑا جو اس کھیل میں استعمال ہو یعنی گُلّی ۔

tipi, n. دیکھیے : Tepee ۔

tip-off, n. (بول چال) خفیہ اطلاع ظاہر کرنے کا عمل ؛ اشارہ یا کنایہ ؛ خبرداری یا تنبیہہ ۔

tippet, n. گلو بند ؛ لباس کا ایک جُزو جو عام طور پر سموری یا اُونی ہوتا ہے جو گردن یا گردن اور کندھوں پر اوڑھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اس کے لمبے لمبے سرے سامنے کی طرف لٹکتے رہتے ہیں ؛ لباس کا لٹکتا ہوا لمبا پتلا حصہ جو آستینوں یا سرپوش کے حصے کے طور پر ہو ۔ (کلیسیات) ریشم یا اسی طرح کا بنا ہوا چوڑا گلو بند جس کے کنارے آگے لٹکتے رہتے ہیں اور جو پادریوں کی منصبی پوشاک کا ایک حصہ ہے ۔

tipple, v.i., v.t. بہت تیز شراب پینے کا عادی ہونا ؛ اکثر پینا؛ لیکن تھوڑی تھوڑی مقدار میں پینا ؛ چُسکی لے کر پینا ۔ (اسم) نشہ آور مشروب ۔

tippler, n. شرابی ؛ متوالا ؛ مے نوش ؛ بلا نوش ؛ کثرت سے تیز شراب پینے والا ۔

tipple, n. وہ جگہ یا وہ چھکڑا یا آلات جن سے کوئلہ بھری گاڑیوں کو ترچھا کرکے خالی کیا جائے ۔

tipstaff, n. (قانون) چوب دار ؛ انگریزی عدالت میں حاضر باش جس کا کام عدالتوں کی نگرانی اور امن قائم رکھنا ہوتا تھا؛ عصا بردار ؛ سپاہی ؛ دھات کے مُٹھہ والا عصا جو پہلے منصبی نشان کے طور پر بعض انگریز اہل کاروں جیسے کانسٹیبل یا شیرف کے ہاتھ میں رہا کرتا تھا ؛ اس قسم کا عصا بردار کوئی سا اہل کار۔

tipster, n. (بول چال) وہ شخص جسے جواریوں یا سٹّہ کھیلنے والوں کو خفیہ خبریں پہنچانے کا معاوضہ دیا جاتا ہے ؛ خفیہ خبر یا معلومات بہم پہنچانے والا ۔

tipsy, a. متوالا ؛ مست ؛ جو نشے کی حالت میں ہو لیکن بدمست اور مدہوش نہ ہو ؛ جس سے نشے میں ہونا ظاہر ہو یا جو نشے کی وجہ سے سر زد ہو (جیسے : a tipsy laugh) ۔ (مجازاً) لہراتا ہوا ، متزلزل یا ڈگمگاتا ہوا ، جیسے نشے میں ہو۔

tipsily, adv. مدہوشوں کی طرح ؛ نشہ کرنے والوں کے انداز سے ۔

tipsiness, n. بدمستی ؛ مدہوشی ؛ متوالاپن ۔

tiptoe, n. پنجے کا سرا یا آخری کنارا ؛ پاؤں کی انگلیوں کا سرا ؛ مجموعی طور پر پنجوں کے سرے ؛ پَب ۔ (فعل لازم) پنجوں کے بل حرکت کرنا یا چلنا ، جیسے بڑی احتیاط سے دھیمے دھیمے اور چوری چوری ۔ (صفت) پنجوں کے بل کھڑے ہونے یا چلنے والا ؛ مشتاقانہ امیداوار ؛ محتاط ۔ (متعلق فعل) چوری چھپے ؛ ایڑیوں یا پنجوں کے بل ؛ دبے پاؤں ۔

on tiptoe, اوپر کی طرف زور دے کر ؛ مشتاق ؛ متوقع ؛ محتاط یا دبے قدموں سے ۔

tiptop, n. (بول چال) عمدہ ترین ؛ درجۂ کمال ؛ بہترین ۔ (صفت ، بول چال) اعلیٰ درجے کا ؛ چوٹی کا ؛ اول درجے کا ۔ (متعلق فعل) نہایت عمدہ فیشن میں؛ بڑی عمدہ طرز پر ؛ بہت خوب انداز میں ۔

tirade, n. بڑی لمبی سخت قسم کی تقریر خصوصاً عیب جویانہ انداز کی ؛ ولولہ انگیز اور جوش بھرا خطاب ؛ طول طویل تقریر ؛ دھواں دھار تقریر۔

tire, v.t., v.i. تھک ہار جانا جیسے محنت سے ؛ تھک جانا ؛ تھکاوٹ محسوس کرنا ؛ صبرو توجہ کا دامن ہاتھ سے کھو دینا جیسے کوفت یا ناگواری سے ؛ تھک جانا ؛ توجہ اور صبر کا دامن ہاتھ سے دے بیٹھنا ۔

tireless, a. بے حد محنتی ؛ اَن تھک ۔

tirelessly, adv. بے حد محنت کے ساتھ ؛ ان تھک طور پر۔

tirelessness, n. ناتھکنے کی حالت ؛ اَن تھک پن ۔

tire, Brit. tyre, n. ٹائر ؛ ہوا سے بھرا ہوا ٹائر جو گاڑی کے پہیوں کا احاطہ کرتا ہے ، جیسے موٹر کار یا بائیسکل کے پہیّوں کے ٹائر جو اندر کی ہوا بھری ٹیوب کے اُوپر چڑھے ہوئے ہوتے ہیں اور ٹیوب کو محفوظ رکھتے اور سکڑاؤ مہیا کرتے ہیں ؛ اندر کی ٹیوب کے مقابلے میں اُسے ڈھانپنے والی باہر کی پوشش ؛ بیل گاڑی وغیرہ کا ہال جو فولاد یا ٹھوس ربڑ کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) ٹائر چڑھانا ۔

tire, v.t. (قدیم) پوشاک پہننا ؛ لباس زیب تن کرنا ؛ بال سنوارنا ۔ (اسم ، قدیم) پوشاک ؛ سرکی پوشش ؛ کلاہ ۔

tired, a. تھکا ہارا ؛ محنت کرکے تھکا ہوا؛ ماندہ ؛ خستہ ؛ کسل مند ؛ اُکتایا ہوا ۔ (بول چال) بے صبرا یا غصیل ۔

tiredly, adv. تھکاوٹ سے ؛ ماندگی سے ۔

tiredness, n. تھکن ؛ کسل مندی ؛ اُکتاہٹ ؛ ماندگی ؛ تھکان ؛ سُستی ۔

tiresome, a. تھکا دینے والا ؛ جس سے اُکتاہٹ پیدا ہو ؛ تکلیف دہ ؛ اُچاٹ کرنے والا ؛ ماندہ کرنے والا ۔

tiresomely, adv. تکلیف دہ طور پر؛ بے لُطفی سے ۔

tiresomeness, n. تھکن ؛ بے لُطفی ؛ عدم دلچسپی؛ اُکتاہٹ ؛ تھکاوٹ ۔

tiro, n. دیکھیے : Tyro ۔

tisane, n. (علم الادویہ) جوشاندہ ؛ آش جو ۔ دیکھیے : Ptisan ۔

Tishabb'Ab, Tishah b'Av, n. یروشلم میں معابد کی تباہی و بربادی کی یاد میں یہودیوں کے روزہ رکھنے کا دن ۔

tissue, n. (حیاتیات) بافت ؛ ریشہ ؛ نسیج ؛ ٹِشو ؛ خلیوں کا مجموعہ جو عام طور پر ایک ہی طرح کے ہوتے ہیں اور ایک ہی طرح کے یا باہم رشتہ فرائض ادا کرتے ہیں ، جیسے کہ چوبی ریشے یا پٹھوں کے ریشے ؛ بلکی یا باریک بافت کے کپڑے کا تانا بانا ؛ زربفت ؛ بادلا ؛ باہم پیوستہ یا باہم بافتہ سلسلہ (جیسے : a tissue of falsehoods) ؛ پتلا اور صاف مضبوط کاغذ جیسے مُنھ صاف کرنے کا کاغذ ؛ رومال کاغذ ؛ ریشمی کاغذ ؛ ٹِشُو پیپر ؛ ٹائپ کرنے کے لیے کاغذ کی ایک بہترین قسم ۔ (فعل متعدی) کم خواب یا زربفت پہنانا ؛ بافتہ کپڑے پہنانا یا ٹشو سے آراستہ کرنا ۔

tissue culture, n. نسیجی کشت ؛ نسیج پروری ؛ جانور سے علیحدہ کیے ہوئے ریشے کے ٹکڑے کو کاشتی واسطے (culture medium) کے طریقے سے نشونما دینے کا علم ۔

tissue paper, n. حریری کاغذ جو نازک چیزوں کو ڈھانپنے ، لپیٹنے ، کتابوں میں تصویروں وغیرہ کے اوپر لگانے اور خطوط کی نقل وغیرہ اُتارنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

tit, titmouse, n. بیا ؛ پُھدکی ؛ چھوٹے پرندوں کی قسموں میں سے ایک پرندہ ۔

tit, n. بُھٹنی ؛ چوچی ؛ حلمہ ؛ سرپستان ؛ چھاتی جس سے بچہ ماں کا دُودھ چُوستا ہے ۔

Titan, n. (یونانی اساطیری) طیطَان دیوتا ؛ قدیم الایام کے دیوتاؤں میں سے ''یُورے نَس'' یا ''ہیون'' اور 'گے' (Gaea) یا ارض (Earth) کا بیٹا جسے ہر قانونی پابندی سے آزاد ، دیو قامت ار ر بے انتہا قوت کا مالک سمجھا جاتا تھا ، اس نے زمین کے حکمران 'یُورے نَس' کا تختہ اُلٹ کر ، کرونس ، کو تخت پر بٹھا دیا تھا ، لیکن کرونَس کے بیٹے زیوس (Zeus) کے ہاتھوں اسے شکست کا سامنا کرنا پڑا ؛ سُورج دیوتا ؛ 'طیطان ہائی پیرئن' کا بیٹا 'ھِلی اَس' یا سول ۔ (عموماً چھوٹے t سے) (مجازاً) عظیم الجثہ اور بے پناہ طاقت کا مالک

شخص یا کوئی چیز ؛ نہایت عالی دماغ شخص ۔ (بڑے T سے) (عسکری) امریکا کا بین براعظمی میزائل ۔ (صفت) عظیم ؛ دیو پیکر ؛ فوق البشر ؛ عظیم الجثہ ۔

Titaness, n. دیو پیکر عورت ؛ دیونی ؛ عالی دماغ عورت ۔

titanate, n. (کیمیا) طَیطانِیَم کے تیزاب کا نمک ۔

titanic, a. طَیطانیمی ؛ طیطانیم کا یا اس سے متعلق ۔

Titanic, a. طیطانی ؛ طیطانیوں سے متعلق ۔ (چھوٹے t سے) عظیم الجُثّہ ، دیو پیکر ؛ زبردست قوت رکھنے والا ؛ عفریت آسا ۔

titanic acid, n. (کیمیا) طَیطانِیَم ڈائی آکسائڈ سے اخذ کردہ تیزاب ۔

titaniferous, a. طیطانیم دار ؛ وہ شے جس میں طیطانیم موجود ہو یا جس سے طیطانیم حاصل کیا جائے ۔

Titanism, n. (بعض اوقات چھوٹے t سے) طیطانیت ؛ طیطانی جیسی روح کی حامل کیفیت خصوصاً جو روایتی طور طریق یا رسم و رواج کے خلاف بغاوت کی صورت میں سامنے آئے۔

titanite, sphene, n. طیطانائٹ ؛ عام معدنی مرکب ، کیلسیم طیطانیم سِلی کیٹ جو زرد ، سبزہ یا کتھئی قلموں میں پایا جاتا ہے ۔

titanium, n. [طیطانیوں کی خیالی نسبت سے یہ نام پڑ گیا] ٹیٹانیم ؛ طیطانیم ؛ بہت سخت قسم کا سیاہی مائل بھورے رنگ کا چمکتا ہوا دھاتی عُنصر جو روشن اور چمکیلے پتّھر کی چٹانوں میں پایا جاتا ہے اور دھات کاری میں استعمال ہوتا ہے خصوصاً فولاد کو اپنی کم وزنی ، قوّت اور مانع گلاوٹ خصوصیات کی وجہ سے صاف کرنے کے کام آتا ہے ۔ علامت : Ti ۔

titanium dioxide, n. (کیمیا) طیطانیم ڈائی آکسائڈ ؛ سفید رنگ کا سفوف جو بہت سے صنعتی کاموں مثلاً رنگ و روغن ، چھاپے ، ربڑ ، پلاسٹک ، ظروف سازی میں استعمال ہوتا ہے نیز کیمیائی طور پر ریشوں سے بنے ہوئے کپڑوں کے لیے رنگ کاٹ کا کام دیتا ہے ۔

titanium white, n. سفید طیطانیم ؛ طیطانیم ڈائی آکسائڈ سے بنایا ہوا سفید روغن ۔

titanosaur, n. کھریا کے زمانے کا خُشکی اور تری میں اُگنے والا پودا جو رینگنے والے کیڑے مکوڑوں کو ہڑپ کر جاتا تھا۔

titanous, a. (کیمیا) طیطانیم مرکبات کا یا ان سے متعلق خُصوصًا جب وہ سہ گرفتہ ہوں ۔

tit bit, Brit. tidbit, n. تر نوالہ ؛ مزیدار لُقمہ ؛ چٹ پٹی خبر وغیرہ ؛ ترمال ۔

titer, titre, n. (کیمیا) عیّار ؛ معیاری محلول کی طاقت یا قوّت بڑھانے کے لیے کسی شے کا ارتکاز جو مُعائرہ (titration) کے مطابق ہو ۔

tit for tat, n. اَدلے کا بدلہ ؛ ترکی بہ ترکی جواب ، جیسے انتقامی طور پر ہوتا ہے ؛ تھپڑ کا جواب تھپڑ ؛ اینٹ کا جواب پتھر۔

tithe, n. دسواں حِصّہ ؛ عُشر ؛ ۱/۱۰ حصّہ ؛ پیداوار یا آمدنی کا دسواں حصّہ جو ٹیکس یا محصول کے طور پر پاپائیت اور دینی اداروں کی امداد کے لیے ہر سال ادا کیا جائے ؛ عشری محصول ؛ محصول یا ٹیکس جو زمینی پیداوار یا آمدنی میں سے دسویں حصّے کے برابر ہو ؛ کسی شے کا حقیر سا کوئی جزو (جیسے : Not one tithe of the sum was recovered) ۔ (فعل متعدی و لازم) عُشر ؛ دسویں حصّے کی ادائیگی کرنا ، جیسے کلیسا کو بطور امداد دینا ؛ عُشر ادا کرنا ؛ عُشر وصول کرنا ؛ عُشر عائد کرنا ؛ عُشر یا دسواں حصّہ دینا یا ادا کرنا ۔

tithable, a. جس سے عُشر وصول کیا جا سکے ؛ مستوجبِ عُشر۔

titheless, a. جو عُشر ادا نہ کر سکے ؛ جس پر عُشر کی ادائیگی واجب نہ ہو۔

tithing, n. عُشر۔ (برطانوی) انتظامی علاقہ جو پہلے صرف دس گھرانوں پر مشتمل تھا۔

titi, n. (حیوانیات) جنوبی امریکا کا چھوٹا بندر ، ٹیٹی ۔

titi, n. (نباتیات) امریکا کی جنوبی ریاستوں میں اُگنے والی جھاڑی یا چھوٹا سا درخت جس کے پتّے چمکدار ہوتے ہیں اور ان میں سفید پھولوں کے گُچّھے لگتے ہیں ؛ امریکا کے گرم سیر علاقوں کے درخت کی ایک قسم ۔

titian, n., a. [(۱۴۷۷ء ـ ۱۵۷۶ء) کے ایک مصور یا رنگ ساز کے نام پر جس نے عورتوں کے بال رنگنے کا ایک رنگ ایجاد کیا تھا] سنہرا ، سرخی مائل بُھورا رنگ ۔

titillate, v.t. گُدگُدی کرنا ؛ گُد گُدانا (جیسے : to titillate the fancy) ۔

titillation, n. گُدگُدی ؛ چُل ؛ گدگُداہٹ ۔

titillative, a. گُد گُدی آمیز ؛ جس سے گُدگُدی سی پیدا ہو۔

titivate, tittivate, v.t., v.i. (بول چال) بننا سنورنا ؛ پوشاک اور صورت میں اپنے آپ کو خوب صورت ، صاف ستھرا اور چاق و چوبند بنا کر دکھانا ؛ سجانا ، آراستہ کرنا ۔

titivātion, n. بناؤ سنوار ۔

titlark, n. قُنبرک ؛ لوا ؛ چنڈول یا چکاوک سے مشابہ چھوٹے پرندوں میں سے کوئی پرندہ ۔

title, n. عُنوان ؛ خطاب ؛ سُرخی ؛ کسی کتاب ، نظم ، گیت ، تصویر یا کسی اور چیز کا تمیزی نام ؛ بیانیہ عُنوان یا سُرخی جیسے کتاب کے کسی حِصّے ، باب یا فصل کی ؛ قانون موضوعہ یا ضابطۂ قانون کا عُنوان ، خاص کر جو ایک آرٹیکل یا ایک دفعہ سے زیادہ طویل ہوں ؛ سرورق کا تحریری مواد یا خود سرورق ؛ کتاب کی پُشت پر لگا ہوا چرمی ٹکڑا جس پر کتاب کا نام لکھا ہوا ہو ؛ کوئی توضیحی یا ممیزی نام ، خطاب ، لقب یا اسم جو کسی عہدے ، منصب ، کسب کمال کی وجہ سے کسی شخص کو حاصل ہو یا احتراماً یا از راہِ عنایت دیا گیا ہو ؛ لقب القاب جو سماجی حیثیت کو ظاہر کرے ، جیسے طبقۂ امرا و نوابین میں ؛ کسی چیز پر جائز اور مسلّمہ حق ؛ ملکیت ؛ حقّیت ؛ دعوے کا جواز ؛ بنائے دعوی ۔ (قانون) حق ملکیت خاص کر جائز ملکیت کا ؛ بنائے استحقاق یا حقیقت کی کوئی شہادت ۔ (کھیل) چمپئن شپ ؛ میریت ، اعزاز (جیسے : They won the title) ۔ (سینما نگاری) تعارفات ؛ زیر عنوانات ؛ ذیلی سُرخیاں ۔ (کلیسیات) مقررہ حلقۂ کار اور ذریعۂ آمدنی جس کا ہونا پادری بنائے جانے کے لیے ضروری ہے ؛ روم کے کلیساؤں میں سے کوئی سا کلیسا یا گرجا جس کا عہدے دار صدر کلیسا کا پادری ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) عنوان دینا ؛ کسی خطاب یا لقب سے نوازنا ؛ بلانا یا کسی نام یا لقب سے مخاطب کرنا ؛ حقدار بنانا ۔

titled, a. خطاب یافتہ ۔

titled deed, n. (قانون) دستاویز ملکیت (بیع نامہ ، قبالہ وغیرہ) ؛ دستاویز حقیت ۔

titleholder, n. خطاب یافتہ ؛ وہ شخص جس کے پاس کوئی اعزاز وغیرہ ہو ، جیسے کسی کھیل میں چمپئن (بہترین کھلاڑی) ہونے کا اعزاز ؛ حقیت دار ۔

title page, n. سرورق ؛ سر لوح ؛ کتاب کا ابتدائی یا پہلا صفحہ جس پر اس کا پورا عنوان بشمول اسمائے مصنف و ناشر وغیرہ تحریر ہوتا ہے ۔

titmouse, n. قرقف ؛ چھوٹے پرندوں کی مختلف اقسام میں سے ایک پرندہ جسے قرقف یا پُھدکی کہتے ہیں ۔

Titoism, n. قوم پرستانہ اشتراکیت جسے مارشل ٹیٹونے یوگوسلاویہ میں شروع کرکے عمل کیا تھا اور اس بات پر خاص زور دیا تھا کہ اشتراکی ممالک پر رُوسی قبضے کے خلاف بغاوت کرکے انھیں آزاد کرایا جائے ۔

titration, n. (کیمیا) معائرہ ؛ کسی محلول میں کسی جز کی مقدار کا یقینی تعین کرنے کا ایک طریقہ جس میں محلول کے اُس طاقت کے باز عامل کی مقدار کو صحیح طور پر ناپا جاتا ہے جو مرکب کو ایک اور شکل دینے کے لیے ضروری ہے اور ردعمل کی تکمیل پر کوئی خاص مظہر سامنے آتا ہے ، جیسے رنگ کی تبدیلی ۔

titratable, titrable, a. معائرہ پذیر ۔

titrate, v.t., v.i. معائرہ کرنا ؛ عیّار بنانا ۔

tit-tat-toe, n. دیکھیے : Tick tack toe ۔

titter, v.i. دبی ہنسی ہنسنا ؛ منھ دبا کر ہنسنا ۔ (اسم) دبی ہوئی ہنسی ؛ ٹھی ٹھی ؛ کھی کھی ۔

titterer, n. دبی ہنسی ہنسنے والا ۔

titteringly, adv. دبی دبی ہنسی سے ۔

tittle, n. ذرہ ؛ رتّی ؛ شمّہ ؛ اعرابی نشانات زیر ، زبر ، پیش میں سے کوئی ایک ۔

tittle-tattle, n. فضول گپ شپ ؛ بکواس ؛ بے فائدہ گفتگو ؛ یاوہ گوئی ؛ ایسی گپ شپ اور بکواس کرنے والا ۔ (فعل لازم) بکواس کرنا ؛ گپ ہانکنا ۔

tittle-tattler, n. گپ شپ ہانکنے والا ؛ بکواسی ؛ یاوہ گو ؛ بکّی ؛ جھکّی ۔

tittup, n. پویہ چال یا ہلکی دُلکی جیسے گھوڑے کی ؛ اترا کر چلنے والی حرکت ؛ لنگوری چال ؛ لہروں پر بہنے والی کشتی کی سی چال ؛ جست و خیز ۔ (فعل لازم) پویہ یا دلکی چلنا (گھوڑے یا گھڑ سوار کی طرح) ؛ اُچھلتے کودتے ہوئے جانا ، جیسے کشتی لہروں پر ہچکولے کھاتے ہوئے یا جیسے کوئی لہراتے بل کھاتے ہوئے چلے ؛ اٹھلاتے ہوئے چلنا ؛ ترارے بھرتے ہوئے چلنا ؛ اُچھلتے کودتے ہوئے چلنا ؛ جست لگانا ؛ کلیلیں بھرنا ۔

titular, a. محض خطاب یا نام کا حامل ؛ برائے نام ؛ نام کا ؛ خطاب کا ، خطاب سے متعلق یا مبنی بر خطاب ۔ (اسم) جس کے پاس کوئی خطاب ہو ؛ خطاب یافتہ شخص ۔

titularly, adv. برائے نام ؛ خطاب کے طور پر ۔

tizzy, n. (بول چال) ذہنی پریشانی ؛ ذہن کی ہیجانی کیفیت ؛ کپکپاہٹ ؛ لرزش ۔ (برطانوی ، عوامی) چھ پینی کا سکہ ۔

T-man, n. (امریکی ، بول چال) ٹی مین ؛ محکمہ خزانہ کے خصوصی ایجنٹ کا عُرف ۔

tmesis, n. (گرامر) کسی مرکب لفظ کی دو حصوں میں تقسیم جن کے بیچ میں ایک یا ایک سے زیادہ الفاظ ہوتے ہیں (جیسے What so ever کی بجائے What place soever) ۔

to, prep. (غیر تاکیدی حرف جار) کو ، جگہ یا شخص جہاں جانا یا جس تک پہنچنا مقصود ہو (جیسے : Come to the house) ؛ کی طرف ؛ حرکت کا اظہار کرنے کے لیے (جیسے : from north to south) ؛ تک ؛ حد تک (جیسے : rotten to the core) ؛ ملا ہوا یا مسلسل (جیسے : Apply varnish to the surface) ؛ جب تک ، جہاں تک ؛ جہاں وقت کا اشارہ کرنا مقصود ہو (جیسے : to this day) ؛ آج تک ؛ معنون بہ (جیسے : This note is addressed to you) ؛ مقصد کے لیے (جیسے : leaping to his defence) ؛ مقررہ انجام کی جانب (جیسے : sentenced to death) ؛ براہِ راست (جیسے : Person to person) ؛ کسی کے اعزاز میں (جیسے : They drank to his success) ؛ حد تک (جیسے : punctual to the minute) ؛ علاوہ (جیسے : He added insult to injury) ؛ وابستگی میں ؛ جماعت میں (جیسے : He held to his opinion) ؛ مقابلے میں ، نسبت سے ؛ بہ نسبت (جیسے : One man's wealth is nothing to an other's) ؛ حسب خواہش یا مطابقت سے (جیسے : a position to one's liking) ؛ بحوالہ ؛ کے بارے میں (جیسے : What will he say to this?) ؛ دوسری زبانوں میں افعال متعدی کو ان کے بدلتے ہوئے افعال و ضمائر کے ساتھ یا براہِ راست مفعول ، اسمائے ذاتی وصفاتی اور افعال لازم و مجہول کے بعد میں آنے والے اسم کے ساتھ ملانے کے لیے بطور اسم ظرف استعمال ہوتا ہے جو ان کے فعل یا اطلاق کو محدود کر دیتا ہے ؛ معمولی علامت کے طور پر یا علامت مصدری کے طور پر فعل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جس سے اس کی اصل حرکت ، سمت یا غایت وغیرہ ظاہر ہوتی ہے جیسے اسم ذات کے عام استعمالات میں لیکن اب اکثر معاملات میں بے معنی سا نشان بن کر رہ گیا ہے ۔ (متعلق فعل) مفہومہ یا مفروضہ شخص ، چیز یا نقطے کی طرف اشارے کے طور پر ۔ (بول چال) رابطے والی یا بندش کی جگہ تک (جیسے : Pull the shutter to) ؛ معاملے کو یا کسی کام کو یا شغل کو (جیسے : fall to) ؛ شعور میں یا ہوش و حواس میں (جیسے : after he came to) ۔

to and fro, اِدھراُدھر ؛ کسی جگہ یا چیز کی طرف یا وہاں سے ؛ مقابل یا مختلف جہتوں میں باری باری آنا جانا ۔

toad, n. (حیوانیات)مینڈک ؛غُوک ؛ بے دُم ، پانی و خشکی میں رہنے والا جانور ؛کُھردرے جسم کا مینڈک ۔ (مجازاً) قابل نفرت یا مکروہ چیز یا کوئی شخص ؛ بھدا آدمی ۔

toadeater, toady, n. خوشامدی اور چاپلوس شخص ؛ کاسہ لیس ۔

toadfish, n. غوک ماہی ؛ امریکا میں بحر اوقیانوس کے ساحلوں پر پائی جانے والی موٹے سر اور چوڑے مُنھ کی مچھلی ۔

toadflax, butter-and-eggs, n. غوک بوٹی ؛ ایک عام انگریزی پودا جس میں چمکیلے زرد نارنجی پھول لگتے ہیں اور جسے امریکا میں عام اُگایا جانے لگا ہے ؛ اسی قسم کا پودا ۔

toad spit, toad spittle, n. دیکھیے : cuckoo spit ۔

toadstone, n. ٹوڈ پتّھر : غُوک پتھر ؛ کوئی پتھر یا

پتھر کی طرح کوئی چیز جو شکل یا رنگ میں مینڈک سے مشابہ ہو ، پہلے اسے زیور یا تعویز کی شکل میں پہنا جاتا تھا ۔

toadstool, n. فطری نبات ؛ چھتری جیسی ٹوپی دار ڈنٹھل والی کھمبی خصوصاً زہریلی قسم کی جو کھانے کے لائق نہ ہو ؛ سانپ چھتری ؛ کوکرمُتّا ۔نیز دیکھیے : mushroom ۔

toady, n. خوشامدی ؛ کاسہ لیس ؛ چاپلوس ؛ چپڑقناتیا ؛ ٹوڈی ؛ جی حضوریا ۔ (فعل لازم و متعدی) غلامانہ طریقے سے للوپتّو کرنا ؛ خوشامد یا چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا یا خوشامدی کی طرح کام کرنا ۔

toadyism, n. خوشامد ؛ کاسہ لیسی ؛ ٹوڈیّت ؛ چاپلوسی ؛ للّو پتّو ۔

to-and-fro, a. آگے پیچھے ؛ ادھر اُدھر ۔ (اسم) آگے یا پیچھے کی طرف جنبش یا حرکت ۔

toast, v.t. توس ؛ ڈبل روٹی یا پنیر کو آگ پر سینکنا ؛ آگ سے پوری طرح گرم کرنا یا حرارت پہنچانا ۔ (فعل لازم) توس بننا ۔ (اسم) ڈبل روٹی کے ٹکڑے جو آگ پر سینکے ہوئے ہوں ۔

toast, n. وہ شخص جس کا جام صحت پیا جائے ؛ کوئی واقعہ ، جذبہ یا شخص جس کی صحت و سلامتی کا جام نوش کیا جائے ؛ کسی چیز یا شخص کی سلامتی کے لیے دوسرے یا دوسروں کو دعوت بادہ نوشی ۔ (فعل متعدی) جام تجویز کرنا ؛ کسی کے اعزاز میں یا کسی کی صحت کا جام نوش کرنا ۔ (فعل لازم) جام تجویز ہونا یا جام نوش ہونا ۔

toaster, n. توس سینکنے والا ؛ روٹی یا پنیر کے توس بنانے کا آلہ ؛ ٹوسٹر ۔

toastmaster, n. ٹوسٹ ماسٹر ؛ وہ شخص جو سرکاری دعوتوں وغیرہ میں کسی کا جام صحت تجویز کرنے کے لیے مقرر ہوتا ہے ؛ دعوت عشائیہ کا صدر جو ختم طعام کے بعد تقریر کرنے والوں کو متعارف کرائے ۔

toastmistress, n. ٹوسٹ مسٹریس ؛ ٹوسٹ ماسٹر جیسے فرائض انجام دینے والی عورت ۔

tobacco, n. تمباکو ؛ نکوٹین (Nicotiana) نسل کا ایک پودا جس کے پتّوں کو پینے یا چبانے یا نسوار بنانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے ؛ اس طرح بنی ہوئی تمباکو کی پتیاں ۔

tobacco heart, n. (امراضیات) تمباکو زدہ دل ؛ بکثرت تمباکو کے استعمال سے دل کی کارکردگی میں نقص جس کے سبب نبض تیز تیز اور اکثر بے قاعدہ چلتی ہے ۔

tobacconist, n. تمکھیرا ؛ تمباکو فروش ؛ تمباکو کا کاروبار کرنے والا ؛ تمباکو یا تمباکو سے متعلق اشیا کا خوردہ فروش ۔

to-be, a. ہونے والا ؛ متوقع ؛ اُس شے سے متعلق جو بہت جلد یا عنقریب واقع ہونے والی ہو ، مرکب استعمال ہوتا ہے (جیسے: mother to be) ۔

toboggan, n. برف گاڑی ؛ پتلی لکڑی سے بنی ہوئی ایک قسم کی چوڑی مسطح برف گاڑی جو سامنے سے اُوپر کی طرف اُٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کے دونوں بازوؤں پر نیچے کٹہرے لگے ہوتے ہیں ، برف پوش ڈھلانوں پر پھسلنے کا کام دیتی ہے ۔ (فعل لازم) ایسی برف گاڑی استعمال کرنا ۔ (مجازاً) تیزی سے گرنا ، جیسے حصص کی قیمتیں ۔

tobogganer, tobogganist, n. برف گاڑی میں چلنے والا ۔

toby, toby jug, n. ٹوبی ؛ ٹوبی جگ ؛ شراب کا چھوٹا جگ یا مگ جو سَر کے اوپر تکونی ٹوپی پہنے ہوئے توانا بوڑھے آدمی کی شکل کا ہوتا ہے ۔ (عوامی) معمولی قسم کا سگار ۔

toccata, n. (موسیقی) مشق نغمہ ؛ پردہ ہائے ساز کے تختے کے لیے مشق کے طور پر ایک طرح کا نغمہ جو اکثر موسیقار کے اظہار فن کے لیے ترتیب دیا جاتا ہے ۔

tocology, tokology, n. دوا جو زچگی اور وضع حمل کے دوران استعمال کی جاتی ہے ؛ زچگی ؛ قبالت ؛ دایہ گیری ۔

tocopherol, n. (حیاتی کیمیا) چار کاربالک تیزابوں کے مرکبات میں سے کوئی ایک مرکب جو مختلف پودوں ، جیسے گندم یا بنولے کے تیل سے اخذ کیا گیا ہو اور جس میں حیاتین ای کا عامل اصل عُنصر شامل ہو ۔

tocsin, n. خطرے کی گھنٹی ؛ گھنٹی جو خبردار کرنے یا کسی آنے والے خطرے کی علامت کے طور پر بجائی جائے ۔

tod, n. تول ؛ تولنے کا انگریزی پیمانہ ، خصوصاً اُون کے لیے ، جو عموماً ۲۸ پونڈ کا ہوتا ہے لیکن مقامی طور پر اس میں رد و بدل ہوتا رہتا ہے ؛ بوجھ ؛ گھنی جھاڑی ، خاص طور پر عشق پیچاں ۔

today, to-day, adv. اج کے دن ؛ آج ؛ ان دنوں ۔ (اسم) آج کا موجود دن ؛ آج کا موجود وقت یا دَور ؛ امروز ۔

toddle, v.i. ننّھے ننّھے قدموں سے ڈگمگا کر چلنا ، جیسے بچہ یا بوڑھا چلتا ہے ۔ (اسم) اس طرح چلنے کا عمل ڈگمگاتی یا لڑکھڑاتی چال ؛ ڈھیلی چال ۔

toddler, n. ڈگمگا کر چلنے والا بچّہ جو پاؤں چلنا سیکھ رہا ہو ۔

toddy, n. [اردو] سیندھی ؛ تاڑی ؛ ٹوڈی ؛ شراب میں گرم پانی اور شکر ملا کر بنایا ہوا ایک مشروب جس میں اکثر کوئی کڑوی شے ، لونگ یا لیموں کا چھلکا ڈالا جاتا ہے ؛ شرق الہند میں تاڑ کے درختوں سے بہنے والا رس جو مشروب کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

to-do, n. (بول چال) کھلبلی ، ہَل چَل ؛ افراتفری ، شورش ؛ بھاگ دوڑ ، ہنگامہ ؛ بے تابی ، اضطراب (جیسے :He made little to do about his good fortune) ۔

tody, n. [اردو] رام چڑیا ؛ سبز چڑیا ؛ جنوبی ہند کے چھوٹے کرم خور پرندوں میں سے اسی نسل کا رنگ برنگے چمکیلے پَروں والا کوئی پرندہ ۔

toe, n. انگشتِ پا ؛ پاؤں کی انگلی ؛ پاؤں کا پنجہ ؛ انسان یا دیگر ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کے پاؤں کے اعضا کا مُنتہائی عُضو یا پاؤں کی انگلیاں ؛ دیگر جانوروں میں اس کے مُماثل عُضو ؛ کُھر سرا ؛ پاؤں کا یا گھوڑے کے کُھر کا اگلا حصّہ یا اس کے مشابہ کوئی شے ؛ جراب یا جُوتے کا وہ حصّہ جو پنجے کو ڈھانپ لے ؛ شکل یا جگہ میں پنجے یا پنجوں سے ملتا جلتا حصّہ ۔ (مشین) دُھرا یا اس کا کوئی حصّہ جو بیئرنگ میں عموداً رکھا جائے ؛ آگے نکلا ہوا حصّہ یا ڈنڈا جس کے سہارے دائری حرکت دوسری حرکت میں منتقل ہوتی رہے ۔ (گالف) گالف کے ڈنڈے کا آخری سرا ۔ (فعل متعدی) پنجہ یا پنجے لگانا ؛ پنجوں سے چھونا یا پنجوں کے بل پہنچنا ؛ ٹھوکر مارنا ۔

tog, n. (عوامی) کوٹ ۔ (عموماً جمع) کپڑے ؛ پوشاک ۔
(فعل متعدی) (بول چال) کپڑے پہنانا یا لباس زیب تن کرانا (اکثر out یا up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

toga, n. چوغہ ؛ قبا ؛ فرغل ؛ قدیم رُوما کا ، کپڑوں کے اوپر پہننے والا فرغل جو وہاں کے شہری گھر سے باہر نکلتے وقت پہنا کرتے تھے ؛ اسی طرح کی منصبی خلعت یا کوئی اور امتیازی لباس ۔

togaed, a. چوغہ پہنے ہوئے ؛ چوغہ پوش ۔

togated, a. قبا پوش ۔ (مجازاً) شان و شوکت والا ؛ پُر شکوہ ۔

toga virilis, n. چوغہ عموماً سفید رنگ کا جو بلوغت کا نشان سمجھا جاتا تھا اور جسے رومن لڑکے ۱۴ برس کے بعد پہن سکتے تھے ۔

together, adv. باہم ؛ اکٹھے ؛ سب مل کر ایک ہی جتّھے ، کمپنی ، اجتماع یا گروہ میں یا اس کے اندر ہونے کے انداز میں (جیسے: to call the people together) ؛ دو یا دو سے زیادہ کا باہم اتفاق ، قربت ، تعلق یا مٹھ بھیڑ ہوتے ہوئے ؛ ایک مکان میں ؛ ایک جگہ ؛ ہم عصر ؛ ایک ہی وقت میں ؛ مل کر ؛ باہم دگر ؛ ساتھ ؛ بہ شمول ؛ ساتھ میں ؛ ملا کر ؛ ایک دوسرے کے ساتھ ؛ ایک ساتھ ؛ مجموعاً ؛ باہم ؛ شامل حال ؛ ایک حال ہوکے ؛ ملا جُلا کر (جیسے: to tie or sew things together) ؛ دو یا دو سے زیادہ افراد ، آپس کی تعلق داری یا شرکت میں ہوتے ہوئے ؛ مجموعی طور پر یا ملا کر سمجھایا یا سوچا ہوا (جیسے: This one cost more than all the others together) ؛ یک رنگی اور پیوستگی کی حالت میں ہوتے ہوئے یا بیک وقت یا باری باری مکمّل اجزا سے ربط یا یک جہتی پیدا کرتے ہوئے (جیسے: you cannot have both together) ؛ وقفے یا مداخلت کے بغیر ، لگاتار یا مسلسل ؛ عملی اتّحاد کے تعاون سے یا مِل ملا کر ؛ اشتراکِ عمل سے ؛ ایک دوسرے کے ساتھ مِل کر ، مشترکہ یا جوابا (جیسے: to confer together) ۔

togetherness, n. اکٹھ ؛ مجموعہ ؛ اجتماعیت ؛ یکجائیت ۔

toggery, n. (بول چال) چوغے ؛ کپڑے ؛ لباس ؛ پوشاکیں ؛ دکان جہاں کپڑے اور ملبوسات فروخت کیے جائیں ۔

toggle, n. میخ ، کُنڈا یا ڈنڈا سا جسے عرضاً رسّی کے پھندے یا زنجیر کے حلقے میں ڈال کر بہت سے کاموں کے لیے جَڑ دیا جاتا ہے ، جیسے کسی کٹے ہوئے ٹکڑے ، پھانسے یا حلقے کو دوسری رسّی یا زنجیر سے جوڑ دیا جائے تاکہ دونوں رسّے اور دونوں زنجیریں بہم پیوستہ ہو جائیں یا انگلیوں کے لیے آنکڑے کا کام دے سکیں ؛ آنکڑوں کا جوڑ یا کوئی آلہ جس میں آنکڑے کا جوڑ ہو ؛ کُہنی جوڑ ۔
(فعل متعدی) میخ یا میخیں لگانا ؛ میخ یا میخوں سے مضبوط کرنا یا باندھنا ؛ آنکڑوں سے جوڑنا ۔

toggle joint, n. (میکانیات) دو ڈنڈیوں کے اندرونی کناروں کو قبضے کے ذریعے جوڑنے کی ترکیب جس سے ان کے بیرونی کنارے آپس میں ایک دوسرے سے پیوست ہو جائیں اور کسی چیز پر زاویۂ قائمہ سے زور لگانے کے کام آئیں ؛ کُہنی جوڑ ۔

toggle switch, n. (برق) کہنی جوڑ بٹن ؛ بجلی کا سوئچ یا بٹن جس کے اندر لگا ہوا بیرم (lever) ایک چھوٹی سی قوس میں سے گزرتا ہے اور برقی سرکٹ کو کھولنے یا بند کرنے کا کام دیتا ہے ۔

(گالف) گیند کو ڈنڈے کے پنّے سے مارنا ۔ (نجّاری) مضبوطی سے جوڑنا ، باندھنا جیسے میخوں کو آڑے ترچھے رُخ خوب اچّھی طرح ٹھونک کر ۔ (فعل لازم) مخصوص طریقے سے پنجے رکھنا یا انہیں حرکت دینا (جیسے: to toe in) ؛ زمین پر پاؤں مارنا جیسے رقص میں ۔

toe the mark or line, کسی نشان یا سطر کو چھوتے ہوئے پنجوں کے بل کھڑا ہونا ۔ (مجازاً) کسی معیار پر سختی سے قائم رہنا ، جیسے فرض یا کردار میں ؛ حکم برداری کرنا ؛ اشاروں پر ناچنا ؛ اشاروں پر چلنا ؛ بات ماننا ۔

toeless, a. انگلیوں کے بغیر ؛ بے پنجہ ۔

toe box, n. پنجہ پوش ؛ سخت چمڑے یا اسی طرح کی کسی چیز کا چھوٹا سا حصّہ یا ٹکڑا جو جوتے کے استر اور اوپری حصے کے درمیان رکھا جاتا ہے ۔

toecap, n. پنجہ ٹوپی ؛ چمڑے یا اسی قسم کی شے کے بُوٹ یا جُوتے کے پنجے یا نوک کی پوشش ۔

toe crack, n. سُم شگاف ؛ سُم پھٹاؤ ؛ گھوڑے کے سُم میں گرم ریت پر چلنے سے پیدا ہو جانے والا شگاف ۔

toed, a. انگلی یا انگلیوں والا (جیسے: a five toed animal) ۔ (نجّاری) آڑی ترچھی ٹھونکی ہوئی ، جیسے میخ ؛ آڑی ترچھی میخیں ٹھونک کر مضبوط کیا ہوا ؛ باندھا ہوا ؛ میخوں سے پکا کیا ہوا ۔

toe dance, n. پنجہ رقص ؛ پنجہ ناچ ؛ ناچ جو پنجوں کے بل کیا جائے ۔ (فعل لازم) پنجہ رقص ہونا ۔

toe dancer, n. پنجہ ناچ ناچنے والا ؛ پنجہ رقّاص ۔

toe hold, n. کگر ؛ چھوٹی سی جگہ یا کگر جو چڑھتے وقت پنجوں کا سہارا بنے ؛ آگے بڑھنے یا چڑھنے کی ٹیک ؛ سہارا یا پاؤں جمانے کی جگہ (جیسے: to obtain a toe hold in the country) ۔ (کُشتی) داؤں یا گرفت جس میں مدّمقابل کا پاؤں پیچھے کی طرف موڑا جاتا ہے ۔

toe-in, n. ٹوان ؛ موٹر کار کے اگلے پہیّوں کو پچھلے پہیّوں کی نسبت ایک دوسرے کے قریب لگانے کی ترتیب جس سے گاڑی کا رخ موڑنا آسان ہو جاتا ہے ۔

toenail, n. ناخن پا ؛ آدمی کے پاؤں کی انگلیوں کے ناخن ؛ ترچھی گڑی میخ ۔ (فعل متعدی) (نجّاری) آڑی ترچھی میخیں لگا کر کس کر جوڑنا ۔

toeshoe, n. سخت پنجہ جوتا ؛ رقص کا جوتا جس کی ایڑی نہیں ہوتی اور پنجہ لکڑی کا ہوتا ہے جس پر چمڑا منڈھا ہوتا ہے ۔

toff, n. (برطانوی ، عوامی) معزز آدمی ؛ بڑا آدمی ؛ طرحدار اور خوش شباہت شخص ؛ معزز اور ٹھاٹھ باٹھ والا ؛ بعض اوقات احتراماً نیک اور بھلا انسان ۔

toffee, toffy, n. مٹھائی ؛ ٹافی ۔ (بالخصوص برطانوی) سخت قسم کی مِٹھائی یا قند جو شَکر اور مکھن میں رم کی سی خوشبو ڈال کر ، باہم جوش دے کر اور بعض اوقات مغزیات و میوہ جات ملا کر بنائی جاتی ہے ۔ نیز دیکھیے : taffy ۔

toft, n. (برطانوی بولی) مکان اور اس سے ملحقہ اور متعلقہ عمارتوں کی جگہ ؛ حویلی یا حویلی مع اراضیٔ ملحقہ؛ ٹیلا یا پہاڑی ۔

toil, v.i. سخت محنت کرنا ؛ مسلسل کوئی مشکل کام کرتے رہنا یا مشقّت کرنا ؛ سخت محنت سے مزدوری کرنا ؛ عرق ریزی کرنا ؛ جاں فشانی کرنا ؛ بڑی مشکل ، لاچاری یا تکلیف سے چلنا پھرنا یا سفر کرنا ۔ (فعل متعدی) سخت محنت سے لانا ، انجام دینا یا پیدا کرنا ۔ (اسم) مشقّت طلب کام جو مسلسل کیا جائے یا محنت مزدوری ؛ تھکا دینے والی مشقّت یا کوشش ؛ مُشکلات بھری جدّوجہد ؛ پُر مشقت کام ؛ کٹھن دور ؛ عرق ریزی ؛ محنت و مشقّت سے پیدا کی ہوئی یا سر انجام دی گئی کوئی چیز۔

toiler, n. سخت محنت کرنے والا ؛ نہایت محنتی شخص ؛ مشقت کار۔

toil, n. (عموماً جمع) کسی جگہ پر لگایا ہوا جال یا پھندا جہاں شکار کو پھانسنے کی غرض سے ہانک کر لایا جائے یا جس میں شکار خود آکر پھنس جائے ؛ چُنگل ؛ کمند ۔

toile, n. کتان یا کتان جیسے ریشوں سے بنے ہوئے مہین کپڑوں میں سے کوئی ۔

toile de Jouy, n. لِنن یا لِنن جیسا کپڑا جو ہلکی زمین پر ایک رنگ کے نقش و نگار کی وجہ سے ممیز ہوتا ہے اور عام طور پر پردے بنانے اور صوفوں پر چڑھانے کے کام آتا ہے ۔

toilet, n. سنگھار ؛ ٹائیلٹ ؛ سنگھار کا کمرہ جس کے ساتھ غسل خانہ وغیرہ ہو ؛ حمام خانہ ؛ (محدود معنوں میں) غسل خانہ یا طہارت خانہ ؛ بیت الخلا ؛ غُسل خانے میں حاجت ضروریہ سے فارغ ہونے کا سازوسامان جہاں بول و براز کو پانی سے بہا دینے کا انتظام موجود ہو ؛ لباس پہننے کا عمل یا طریقہ جس میں غسل کرنا اور بال سنوارنا شامل ہو ؛ پوشاک یا لباس ۔ نیز : toilette ۔ (جرّاحی) عمل جرّاحی کے بعد کسی عُضو کی صفائی خصوصاً جوفِ شکم یا پیڑو کے پردے کی ؛ زخم پٹی ؛ سنگار پٹّی ؛

toilet paper, bath room tissue, toilet tissue, n. صفائی کاغذ ، ٹائیلٹ پیپر ؛ ہلکا نرم کاغذ جو عموماً لپٹے ہوئے بنڈل کی شکل میں ہوتا ہے اور طہارت خانوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

toilet powder, n. سنگھار غازہ ؛ بہترین قسم کا کوئی خوشبودار اور عفونت دور کرنے والا پوڈر جو نہانے کے بعد جلد پر چھڑکا یا مَلا جائے ۔

toiletry, n. ہار سنگھار کرنے یا سج دھج نکالنے کے لیے استعمال ہونے والی کوئی چیز ، جیسے صابن ، خوشبو (عطر پھلیل) اور کنگھی وغیرہ ۔

toilet soap, n. سنگھار صابن ؛ عمدہ صابن ؛ کسی قسم کا رنگین اور خوشبودار نرم اور عمدہ صابن ۔

toilette, n. لباس زیب تن کرنے کا عمل ۔ دیکھیے : toilet ۔

toilet water, n. سنگھار پانی ؛ ہلکی خوشبو والا پانی جس میں اَلکحل کی معمولی سی آمیزش ہو۔

toilful, a. (پُر مشقت) محنت مشقت سے بھرا ہوا ؛ کٹھن ؛ صعب ؛ محنت طلب ؛ تھکاؤ ؛ کوفت بھرا ۔

toilfully, adv. محنت اور مشقّت کے ساتھ ؛ سخت محنت سے ۔

toilsome, a. محنت طلب ؛ پُر مشقّت ؛ تھکا دینے والا ؛ کٹھن ؛ پُرصعوبت ۔

toilsomely, adv. محنت کے ساتھ ؛ تکلیف اُٹھا کر۔

toilsomeness, n. صعوبت ؛ پُر مشقّت کیفیت ۔

toilworn, a. فرسودہ ؛ محنت کرکے تھکا ہوا ۔

Tokay, n. ٹوکے ؛ ایک خوشبودار اور میٹھی مسالے والی پُر ذائقہ شراب جو پہلی مرتبہ ہنگری میں واقع ٹوکے میں تیّار ہوئی اور اسی نسبت سے اس کا نام بھی ٹوکے رکّھا گیا ؛ ایک قسم کا لمبا سفید یا سُرخ رنگ کا انگور جس کی فصل پہلے پہل ٹوکے کے گرد و نواح میں اگائی گئی ۔

token, n., a. ٹوکن ؛ نشانی ؛ علامت ؛ کوئی چیز جو کسی دوسری شے کی نمائندگی کرے یا کسی واقعے کی یادگار ہو ؛ علامت ؛ پہچان ؛ قرص ؛ ٹکیہ ؛ دوستی یا محبّت کی یادگار ؛ کوئی تحفہ جو یادگار کے طور پر خلوص اور صدق نیّت ظاہر کرنے کے لیے دیا جائے ؛ مُہر زدہ ٹھپا وغیرہ جو کرایہ ادا کرنے یا اسی طرح کے مقاصد کے لیے دیا جائے ۔ (فعل متعدی) نشانی کے طور پر دینا ؛ یادگار کے طور پر دینا ۔

token payment, n. علامتی ادائی ؛ بیعانہ ؛ تھوڑی سی رقم کی برائے نام ادائی یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ بڑے قرضے یا اسی قسم کی دوسری ذمّے داری اصولی طور پر تسلیم کی جاتی ہے ؛ سائی ؛ پیشگی ۔

tolbutamide, n. (علم ادویہ) سلفونامائڈ سلسلے کی ایک مُفرد دوا جو مرض ذیابیطس کی بعض اقسام کے علاج معالجے میں استعمال کی جاتی ہے ۔

tole, n. دھات کا بنا ہوا ایک قسم کا ظرف عموماً ٹِین کا جس پر انیمل یا سنہری روغن کیا ہو اور جس کی سیاہ یا گہری سبز زمین پر چمک دمک والے نقش و نگار ہوں ؛ یہ سامان عموماً طشتری ، لیمپ یا چھوٹے صندوقچے کی صورت میں ہوتا ہے ۔

Toledo, n. (اکثر چھوٹے t سے) طلیطلہ ؛ عمدہ قسم کی تلوار یا تلوار کا پَھل جو ٹولیڈو (طلیطلہ) واقع اسپین میں بنتا ہے، جو پہلے اسلحہ سازی کے لیے مشہور تھا ۔

tolerable, a. قابل برداشت ؛ تحمل پذیر ؛ برداشت کے قابل ؛ جو برداشت کیا جا سکے اور سہا جا سکے ؛ اچّھا خاصا ، اوسط درجے کا ؛ دلپسند ؛ گوارا ۔

tolerableness, tolerability, n. دل پسندی ؛ تحمل پذیری ؛ گوارا ہونے کی کیفیت ؛ تحمل ؛ سہار ۔

tolerably, adv. قابل برداشت طور پر ؛ روا رکھنے یا کاربراری کے طور پر ؛ کسی قدر اچھا ؛ کچھ ؛ خاصا ؛ تحمل کے انداز میں ۔

tolerance, n. تاب آوری ؛ تحمل ؛ برداشت ؛ رواداری ؛ برداشت کرنے کی استعداد یا عمل ۔ (طب) کسی دوا یا زہر کا اثر برداشت کرنے کی استعداد ۔ (میکانیات) مشین کے کسی حصّے کے ابعاد میں مناسب ردّوبدل ۔ (تسکیک/سکہ سازی) سکّوں کی عُمدگی اور وزن میں قانوناً جائز ترمیم ۔ نیز : remedy ۔

tolerant, a. روادار ؛ متحمّل ؛ برداشت کرنے والا ؛ بُردبار یا بُردباری کی طرف رجحان رکھنے والا ؛ ثابت ؛ تاب آور ؛ رواداری برتنے والا ۔ (طب) سہہ جانے والا (دوائی کے اثرات کو) ۔

tolerantly, adv. بردباری یا رواداری سے ۔

tolerate, v.t. روادار ہونا ؛ بے چُون و چرا گوارا کر لینا ؛ کسی کی صحبت برداشت کرنا ؛ تکلیف اُٹھانا یا دُکھ سہنا کسی ممانعت یا روک ٹوک کے بغیر ؛ قبول کرنا ؛ روا رکھنا ؛ جائز رکھنا ؛ تحمل سے کام لینا ؛ سہنا ۔ (طِب) برداشت کر لینا یا مدافعت کرنا جیسے

کسی دوا یا زہر کے اثر کی ۔

tolerative, a. سہنے والا ؛ برداشت کر لینے کے قابل ۔

tolerator, n. برداشت کرنے والا ؛ بردبار ؛ متحمل ۔

toleration, n. تحمّل ؛ برداشت ؛ سہہ جانے کا عمل یا عادت ؛ بُردباری ؛ تاب آوری ؛ رواداری ؛ مذہبی آزای ؛ چشم پوشی ؛ اغماض ؛ اجازت ؛ جواز ؛ اُن ادیان پر عمل پیرا ہونے کی حکومت کی طرف سے عطا کردہ اجازت جنھیں سرکاری یا مسلّمہ حیثیت حاصل نہ ہو ۔ (طِب) دوا کے اثرات برداشت کرنے کی قوت یا استعداد ۔

tolidine, n. (کیمیا) ٹولی ڈین ؛ ٹولواین کے بہت سے ہم ترکیب بنیادی مشتقات میں سے کوئی مشتق ، جن میں سے ایک رنگ بنانے کے کام آتا ہے ۔

toll, n. گزرانہ ؛ محصول ؛ رقم جو حق یا رعایت کے طور پر جمع کی جائے خصوصاً سڑک یا پُل پر سے گزرنے کا حق دینے کے لیے ؛ خدمات کا معاوضہ ، جیسے ذرائع آمدورفت استعمال کرنے یا کہیں دُور ٹیلی فون کرنے کے لیے ؛ محصولِ راہ داری ؛ باج ؛ راہ پٹّی ؛ سایر ؛ سڑک کا محصول ؛ تہ بازاری ۔ (مجازاً) کسی قبول کردہ ذمہ داری یا اتفاقی حادثے کی صورت میں نقصان و ضرر کا قابلِ ادا معاوضہ ؛ جبری وصولی (جیسے :The epidemic took a heavy toll of lives) ۔ (فعل متعدی) راہ داری وصول کرنا یا جمع کرنا ۔ (فعل لازم) راہ داری کا وصول ہونا یا جمع ہونا ۔

toll, tole, v.t. گھنٹے کو آہستہ آہستہ اور لگاتار بجاتے رہنا جیسے گرجا گھروں میں عبادت کے لیے بُلاوا ، کسی کی موت کا اعلان یا کسی کی تدفین کے موقع پر اعلان کرنا ؛ پھانسنا یا زیردام لانا جیسے شکار کو ۔ (فعل لازم) آہستہ آہستہ مسلسل بجانا جیسے گھنٹا ۔ (اسم) آواز جو گھنٹے پر چوٹ لگنے سے پیدا ہو ؛ گجر ؛ گھنٹا ؛ گھنٹا بجانے کا فعل ۔

tollbooth, n. گزرانہ چوکی ؛ محصول گھر ؛ شاہراہ یا پُل کے کنارے چھتی ہوئی جگہ جہاں محصول لیا جائے ؛ محصول خانہ ۔

toll bridge, n. گزرانہ پُل ؛ محصول پُل ۔

toll call, n. بیرونی کال ؛ ٹیلی فون پر کیُ جانے والی بات خصوصاً دُور جگہ جس کے لیے ٹیلی فون سے مقامی طور پر بات کرنے کی نسبت زیادہ رقم ادا کرنی پڑے ؛ کسی دُور افتادہ مقام پر ٹیلی فون سے کی گئی بات ۔

toll collector, tollkeeper, n. گزرانہ گیر ، پھاٹک پر محصول وصول کرنے والا شخص ؛ وصول کار ۔

tollgate, n. سڑک یا پل پر بنائی ہوئی رسائی کا دروازہ یا پھاٹک جہاں راہ داری یا محصول لیا جائے ۔

tollhouse, n. گزرانہ چوکی ؛ محصول گھر ؛ پھاٹک کے پاس بنا ہوا چِھت والا گھروندا جہاں محصول لینے والا موجود رہتا ہے ؛ محصول خانہ ۔

tollman, n. دیکھیے : Toll collector ۔

toll road, tollway, n. گزرانہ شاہراہ ؛ سڑک خصوصاً شاہراہ جس پر سے گزرنے کا محصول لیا جائے ۔

Toltec, a. ٹالٹک ؛ ان امریکی انڈین سے متعلق جو آزٹک قوم سے پہلے میکسیکو میں حکمران رہے اور جو روایات کے مطابق آزٹک تہذیب کے بانی تھے ۔ (اسم) ٹالٹکیوں کا ایک رُکن ۔

Toltecan, a. ٹالٹکی ؛ ٹالٹک نسل کا ۔

tolu, balsam of Tolu, n. ٹولو ؛ خوشبودار زرد بھورے رنگ کی بلسم (رال) جو جنوبی امریکا کے درخت ، مائیروزائلین بلسام (Myroxylan balsamum) سے حاصل کی جاتی ہے اور ادویہ میں ہاضم اور دافع بلغم کے طور پر نیز خوشبویات میں استعمال ہوتی ہے ۔

toluate, n. (کیمیا) ٹولو تیزاب کا نمک یا ایسٹر/ترشہ سدیمی ۔

toluene, methylbenzene, n. (کیمیا) ٹالواین ؛ بے رنگ ، آتشگیر مائع ہائیڈرو کاربن جو پٹرولیم اور تارکول سے برآمد ہوتا ہے ، بم سازی ، رنگ سازی اور محلّل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

toluic acid, n. ٹولواک تیزاب ؛ ہم ترکیب تیزابوں میں سے کوئی تیزاب جو ٹالو اِین کے مُشتقات سے ہو ۔

toluic, a. ٹولواک سے متعلق ۔

toluidine, n. (کیمیا) ٹولو ایڈین ؛ تین ہم ترکیب امائن میں سے کوئی ایک جو ٹالو این کے مرکّبات سے ماخوذ ہو اور ادویہ نیز رنگ بنانے کے کام آئے ۔

toluol, toluole, n. (کیمیا) ٹالو این جو خام قسم کی اور تجارتی اغراض کے لیے ہو ۔

tolyl, n. (کیمیا) ٹولائل ؛ ہائیڈروکاربن کا یک گرفتہ جوہر اصلی جو ٹالواین سے ماخوذ ہو ۔

tom, n. حیوان نر ؛ بعض جانوروں کے نر ، اکثر مرکب استعمال ہوتا ہے (جیسے :tom cat) ۔

tomahawk, n. ٹومہاک ؛ شمالی امریکا کے انڈین کی ہلکی کُلہاڑی جسے وہ ہتھیار اور اوزار کے طور پر استعمال کرتے ہیں ؛ اسی قسم کے ہتھیاروں یا اوزاروں میں سے کوئی ایک ۔ (فعل متعدی) ٹامہاک سے وار کرنا ، کاٹنا یا قتل کرنا ۔

tomalley, n. لابسٹر مچھلی کی کلیجی جو پکانے سے سبز ہو جاتی ہے اور تر لُقمہ شمار ہوتی ہے ۔

Tom and Jerry, n. ٹام و جیری ؛ ایک مشروب جو پانی یا دودھ میں رَم (شراب) پھینٹے ہوئے انڈے ، شکر اور مَسالے ملا کر تیار کیا جاتا ہے اور گرم گرم پیش کیا جاتا ہے ۔

tomato, n. ٹماٹر ؛ جنوبی امریکا کے بادنجانیہ جنس کے پودوں کی ایک قسم جس میں ہلکا تیزابی ، بھرا بھرا پھل لگتا ہے جو عام طور پر سُرخ لیکن کبھی زرد بھی ہوتا ہے ، بطور سبزی استعمال کرتے ہیں ؛ پودے کا پَھل یعنی ٹماٹر ؛ اسی جنس کا کوئی پودا یا اس کا پَھل ۔ (عوامی) عورت ، خاتون ۔

tomb, n. مزار ، مقبرہ ؛ میّت دفنانے کے لیے زمین یا چٹان کی کُھدائی ؛ قبر ، جوف یا مقبرے کا تہ خانہ ؛ مرقد ؛ تربت ؛ گور جس میں مُردہ دفن کیا جائے یا دبایا جائے یا جو یادگار کے طور پر باقی رہے ؛ درگاہ ۔ (فعل متعدی) میّت کا رکھنا یا دبانا ، جیسے قبر یا مقبرے میں ؛ دفنانا ۔

tombless, a. بے قبر ؛ جسے قبر نصیب نہ ہوئی ہو ؛ بے گور ۔

tomblike, a. مزار کی مانند ؛ مزارنما ۔

tombac, tombak, tomback, tambac, n. تمبک ؛ تانبے اور جست کا مرکّب جو مصنوعی سونے اور سستے زیورات بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

tombolo, n. تمبولو ؛ ریت یا کنکر بجری کی پٹّی جو جزیرے کو خشکی سے ملانے یا دو جزیروں کو ملحق کرے ۔

tomboy, n. شوخ اور چنچل لڑکی ؛ بڑدنگی ؛ شریر قسم کی ، دھما چوکڑی مچانے والی لڑکی ۔

tomboyish, a. بڑدنگی ؛ شریر ۔

tomboyishness, n. شوخی و شرارت ؛ مکروفن ؛ بڑ دنگا پن ۔

tombstone, n. لوحِ مزار ؛ کتبہ ؛ قبر پر نصب شدہ پتھر جس پر عام طور پر میت کا نام اور اس کی تاریخِ پیدایش و مرگ کندہ ہوتی ہے ؛ نشان لگانے والا ؛ تعویذ ؛ سنگِ مزار ۔

tomcat, n. بلاّ ؛ گُربۂ نَر ؛ قطّ ؛ بلاؤ ؛ بِلار ۔

tomcod, n. شمالی امریکا کے اوقیانوسی ساحلوں کے پانی میں پائی جانے والی چھوٹی خوردنی کاڈ مچھلی ؛ اسی نوع کی کوئی اور مچھلی ۔

Tom Collins, n. ٹام کولنز ؛ ایک مشروب جو جن (شراب) ، سوڈا واٹر ، لیموں کا رس اور شکر ڈال کر بنایا جاتا ہے ۔

Tom, Dick and Harry, n. (بول چال) ایرا غیرا ؛ غیر معین اشخاص خاص کر عام لوگوں میں سے ، جیسے عُمر ، بکر ، زید کوئی ایک ؛ ہر شخص (عام طور پر every کے بعد استعمال ہوتا ہے) ۔

tome, n. کتاب ؛ جلد ؛ مجلّد ضخیم کتاب ؛ کتاب کی کئی ایک جِلدوں میں سے ایک جلد ۔

tomentose, tomentous, a. (حیاتیات) خملی ؛ کرک دار ؛ چھوٹے چھوٹے پشمی روئیں دار بالوں سے پوری طرح ڈھکا ہوا ۔

tomentum, n. (حیاتیات) خمل ؛ کَرک ؛ رُوئیں داری ، جو سطح کے ساتھ چپکے ہوئے لمبے ، نرم اور اُلجھے ہوئے بالوں پر مشتمل ہو ۔ (تشریح الاعضا) خمل دماغ ؛ اسی طرح خون کی شریانوں کا جال جو مغز اور ام رقیقہ کی دماغی سطح پر ہوتا ہے ۔

tomfool, n., a. احمق ؛ گاؤدی ؛ کاٹھ کا اُلّو ؛ بیوقوف ؛ غبی ؛ کودن ؛ لغو باتیں یا حرکات کرنے والا ۔

toomfollery, n. مہملات ؛ حماقت اور بیوقوفی کی باتیں یا احمقانہ حرکت ؛ فضولیات ۔

tommy, Tommy Atkins, n. [ٹامس ایٹکنس کی رعایت سے جس کا نام فوجی ضوابط کے نمونے کے فارموں میں دیا ہوتا تھا] (عموماً بڑے T سے) ٹامی ؛ برطانوی فوج کا سپاہی ۔ (برطانوی بول چال) لقمہ یا روٹی کا ٹکڑا خصوصاً براؤن بریڈ (بھوسے یا چوکر کی روٹی) کا ؛ سامانِ خوارک ؛ راشن ؛ کھانے پینے کی اشیاء ۔

Tommy gun, n. (بول چال) ٹامی گن ؛ چھوٹی تھامپسن توپ یا اسی قسم کا کوئی اور ہتھیار ۔

tommyrot, n. (بول چال) بیوقوفی ؛ احمق پن ؛ حماقت ؛ بکواس ۔

tomography, n. (طِب) ٹوموگرافی ؛ طبقہ نگاری ؛ ایکس رے کی خاص تکنیک جس سے مخصوص نسیجوں کی تہ میں موجود کسی ساخت کا تفصیلی عکس حاصل کیا جا سکتا ہے جب کہ دوسری تہوں میں موجود ساختوں کا عکس خارج یا مدھم ہو جاتا ہے ۔

tomorrow, to-morrow, n. کَل ؛ آج کے بعد آنے والا دن (جیسے tomorrow will be fair:) ؛ آئندہ ، فردا ، مستقبل (جیسے the: inventions of tomorrow) ۔ (متعلق فعل) کل کو ؛ آج کے دن کے بعد آنے والے دن کو (جیسے come tomorrow:) ۔

tompion, n. دیکھیے :Tampion

Tom Thumb, n. بالشتیا جس کا ذکر بطور ہیرو مشہور کہانیوں میں آتا ہے ؛ بَونا شخص ؛ چھوٹے قد کا ۔

tomtit, n. قرقف ؛ پُھدکی ؛ پِدڑی ؛ چھوٹے پرندوں کی قسمیں ، خصوصاً tit mouse وغیرہ ؛ امریکا میں ایک گانے والی چڑیا کا بھی یہی نام ہے ۔

tom-tom, tam-tam, n. ڈھول ؛ شرق الہند اور افریقہ میں چھوٹے سر کا ہاتھ سے بجانے والا ڈھول ؛ گھنٹہ ، گھڑیال جسے منڈھی ہتھوڑی سے بجایا جاتا ہے ؛ ڈھول کی مسلسل تال یا لے ۔

ton, n. ٹن ؛ تولنے کا پیمانہ یا وزن جو امریکا میں دو ہزار پونڈ کا ہوتا ہے جسے چھوٹا ٹن (Short ton) کہتے ہیں اور برطانیہ میں ۲۲۴۰ پونڈ کا جسے بڑا ٹن (long ton) کہتے ہیں ؛ جہاز کے وزن سے ہٹائے جانے والے پانی کا پیمانہ جو ۳۵ مکعب فٹ فی ٹن ہوتا ہے ؛ جہازوں کی اندرونی وسعت ناپنے کا پیمانہ جس کی اکائی مکعب فٹ ہے ، اسے رجسٹر ٹن کہتے ہیں ؛ کرایہ ادا کرنے کے لیے حجم ناپنے کی اکائی جس کا وزن تو ایک ٹن ہوتا ہے لیکن پیمایش میں سامان کی نوعیت سے اس کا ناپ مختلف ہو جاتا ہے ، اس کو فریٹ ٹن کہتے ہیں ؛ حجم کی اکائی جو مال برداری بذریعہ جہاز میں استعمال ہوتی ہے ، یہ عموماً ۴۰ مکعب فٹ کی ہوتی ہے ،اسے شپنگ ٹن کہتے ہیں ؛ میٹرک نظام میں وزن کا پیمانہ جو ایک ہزار کلوگرام یا ۲۲۰۴ء۶ پونڈ کا ہوتا ہے ، جسے میٹرک ٹن کہتے ہیں ۔ (اکثر جمع) (بول چال) بہت بڑی تعداد یا مقدار ؛ بکثرت ؛ وافر ؛ لاٹ ۔

ton, n. فیشن ؛ وضع ؛ طرح داری ۔

tonish, a. طرح دار ؛ فیشن پرست ۔

tonishly, adv. فیشن کے ساتھ ؛ طرح دارانہ ۔

tonishness, n. وضع داری ؛ فیشن ؛ طرح داریت ۔

tony, a. فیشنی ؛ طرح دار ۔

tonality, n. (موسیقی) سُرلہر ؛ آہنگ ؛ سُروں کا سلسلہ یا نظام جس میں سر ایک مرکزی کلیدی سُر سے مربوط ہوتے ہیں ؛ atonality کی ضِد ۔ (فن) فن پارے میں سائے اور روشنی کے امتزاجی درجے جو رنگ کے درجوں سے تو مختلف ہیں لیکن ان سے اثر پذیر ہوتے ہیں ۔

tone, n. آواز ؛ صدا ؛ بانگ ؛ لہجہ ؛ سُر ؛ گمک ؛ تلفظ ؛ نوا ؛ آواز جو کان کو اپنی انفرادی خصوصیت خصوصاً اوج ، معیار صدا یا بافت کی وجہ سے متاثر کرے ؛ آواز کی قوت یاحجم ؛ آواز کا اتار چڑھاؤ جو کسی جذبے کا مظہر ہو ؛ زور جو لفظ کے ایک ٹکڑے پر دیا جائے ۔ (لسانیات) لہجے یا آواز پر تاکیدی زور جو ایک لفظ کو کوئی دوسرا مفہوم عطا کرے (جیسے in tone language) ۔ (موسیقی) گانے یا ساز کی مخصوص آواز ؛ خالص اور اساسی یا بُنیادی سُر ؛ جُزوی سُروں پر مشتمل واضح اوج ؛ قدیم موسیقی جو گریگوری کے حمدیہ سُر کی اصل بُنیاد ہے ؛ سرگم کے دو سُروں کا درمیانی فاصلہ ؛ آواز کی کیفیت یا بافت ؛ ذہنی کیفیت یا اُفتاد طبع ؛ مزاج ؛ عام مروّجہ کردار ، جیسے اخلاق ، طور طریق ، طرز معاشرت وغیرہ ؛ مزاجِ صحیح ؛ اخلاقی حالت ۔ (مصوری) رنگوں کُا ہم آہنگ تناسب یا اُن کے ہلکا یا گہرا ہونے کی درجہ بندی ؛ کیفیت رنگ ؛ کسی تصویر کا مخصوص تاثر جو اُس کے رنگوں سے نمایاں ہو ۔ (فعلیات) جسم توانا کی ایک حالت جب کہ اعصاب اپنی جگہ مضبوط ، توانا،تندرست ہوں اور اعضا اپنا کام

کر رہے ہوں اور نسیجیں مضبوط اور کسی ہوئی ہوں ۔ (فعل لازم و متعدی) ۔ کسی کو کوئی خاص سُر دینا ؛ بناوٹی آواز سے بات کرنا ؛ کسی خاص سُر کا اختیار کرنا ۔

tone down, ہلکا یا معتدل کرنا ، جیسے تصویر کے رنگوں کا معتدل ہونا ؛ نرم ہونا ؛ مدھم کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ملائم کرنا؛ ہلکا کرنا ۔

tone up, قوّت بڑھانا کسی شے کی یا خوبی میں اضافہ کرنا؛ رنگ گہرا کرنا ؛ سُر اونچا کرنا ۔

tonal, a. لہجے یا سُروں کے متعلق ؛ صَوتی ؛ سُری (نظام) ۔

tonally, adv. لہجے یا سُر کے لحاظ سے ۔

toneless, a. بے سُرا ؛ بے صدا ؛ جس میں گمک نہ ہو ؛ بے رنگ ، بے کیف ؛ سُست ، نڈھال ۔

tonelessly, adv. بے سُرے طور پر ؛ بے ڈھب طور پر ؛ بے وضع طور سے ۔

tonelessness, n. بے سرا پن ؛ بے وضعی ؛ بے رنگی ؛ بے آوازی ۔

tone arm, n. (موسیقی) صوتی بازو ؛ ریکارڈ پلیئر کا محوری چُولی بازو جس کے سِرے کے گرفتے میں سوئی لگی ہوتی ہے جو ریکارڈ کی لکیروں کے ارتعاش کو برقی لہروں میں تبدیل کرتی ہے ۔

tone-deaf, a. (امراضیات) سُرناشناس ؛ جسے موسیقی کے سُروں میں تمیز کرنے اور بیان کرنے کی فہم نہ ہو ۔

tone language, n. (لسانیات) سُرزبان؛ زبان جس میں آواز کے وقفے اور زیروبم کی تبدیلی ایک جیسے الفاظ کو مختلف معانی دیتی ہے ، جیسے چینی زبان ۔

toneme, n. (لسانیات) تانیہ ؛ سُر زبان میں بات چیت کرنے کا خاص واضح انداز ۔

tonemic, a. تانیائی ؛ صوتی بولی والا ۔

tone poem, n. ہم صوت نظم ؛ ترانے کی نظم ؛ سمفنی والی نظم یا آرکسٹرا پر بجایا جانے والا نغمہ جس میں کئی مختلف گتیں ساتھ چلتی ہیں ۔

tonetic, a. (لسانیات) تان زبانی ؛ گفتگو میں آواز کے زیروبم کے معانی کے بارے میں یا اُس کے متعلق خاص کر اُس وقت جب سُرزبان میں وقفے ہوں اور زیروبم کی تبدیلیاں واقع ہوں ۔

tonetically, adv. تان زبانی طور پر ؛ صوتیات کی رُو سے ۔

tonetics, (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (لسانیات) تانیات ؛ تان زبانی کی صوتیات ۔

tong, v.t., v.i. چمٹے سے پکڑنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ تھامنا یا اُٹھانا جیسے برف یا لکڑی کے ٹُکڑے ؛ چمٹا استعمال ہونا یا چمٹے سے کام لینا ۔

tong, n. تانگ ؛ چین کی انجمن یا تنظیم ؛ امریکا میں چین کی خفیہ سوسائٹی ۔

tonga, n. [اُردو] تانگا ؛ ہلکی دو پہیّہ گاڑی جسے عموماً گھوڑا کھینچتا ہے اور برّصغیر پاک و ہند میں استعمال ہوتی ہے ۔

tongs, n. (جمع، ترکیب میں واحد یا جمع) چمٹی ؛ چمٹا ؛ سانسی ؛ دھات کا بنا ہوا آلہ ، دو قلابے یا چُول والی ایک قسم کی لمبی سی چمٹی جو چیزیں اُٹھانے اور پکڑنے کے لیے استعمال کی جائے ؛ سنسی ؛ دست پناہ ۔

tongue, n. زبان ؛ جِیبھ یا جِیب ؛ نطق ؛ آدمی یا دیگر فقری حیوانوں کے مُنھ میں آزادی سے حرکت کرنے والا عُضو یا بے فقری جانور کا مماثل عُضو جو مختلف کاموں ، جیسے ذائقہ چکھنے یا نگلنے کے لیے موزوں صورت اختیار کر لیتا ہے اور آدمی اسے نطق یا گویائی کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ کھانے کے لیے پکائی ہوئی جانور کی زبان؛ حَسّاسہ جو ذوقی کلی اور عصبی سروں والا ہو ؛ آدمی میں عضوِ گویائی ؛ گویائی کی قوت یا عمل ؛ مجموعۂ الفاظ جسے کوئی خاص لِسانی گروپ استعمال کرے یا اُس کی بولی ؛ کوئی چیز جو زبان کی طرح کام میں لائی جائے ، وضع کی جائے یا اُس شکل کی بنائی جائے ؛ زمین ، چٹان یا برف کا وہ پتلا سا ٹکڑا جو اپنے اردگرد کے مقابل زبان کی طرح باہر نکلا ہوا ہو جیسے راس یا پتھر کا آگے کو نکلا ہوا ٹکڑا ؛ زیور یا بکسوئے کو بند کرنے والا کانٹا ؛ لَو جیسے شعلے کی ؛ گھنٹی کا گھنگھرو ۔ (لومڑی شکار) لومڑی کے پیچھے بھاگتے ہوئے شکاری کتّوں کی بھونک ؛ الہامی بول ؛ ڈنڈا جس سے گاڑی کھینچی جائے ؛ تسمے یا بکسوئے والے بوٹ کی زبان یا چھوٹا سا چمڑے کا ٹکڑا جو تسمے کے سوراخوں کے نیچے لگا ہوتا ہے ۔ (نجّاری) سال اور سرا جو تختہ جوڑ میں کاٹا جاتا ہے ۔ (مشین) آگے کو نکلا ہوا حصّہ ، چھینی کا پَھل یا چِپٹی باڑھ یا کگر جس کا کنارا باہر کو نکلا رہے ؛ پھونک باجے میں پتی کا مرتعش حصہ جیسے الغوزے میں ؛ (موسیقی) زبانِ الغوزہ ۔ (فعل متعدی) زبان سے جانچنا یا چھونا ۔ (قدیم) بولنا ؛ آواز نکالنا ۔ (بول چال) بُرا بھلا کہنا ۔ (موسیقی) ساز یا تان کا سُر بدلنا (جیسے: to tongue, or in tonguing a trumpet) ۔ (نجّاری) چُول بنانا ؛ سوراخ میں چُول جوڑ کر ٹھوکنا ۔ (فعل لازم) زبان کی طرح اُبھارنا یا پھیلانا ؛ بولنا ۔ (موسیقی) پھونک باجا بجانے میں زبان استعمال کرنا ۔

hold one's tongue, خاموش رہنا ؛ چُپ ہونا ؛ زبان سنبھالنا ۔

on the tip of one's tongue, نوک زبان پر ؛ لبوں تک آئی ہوئی بات جو پوری طرح یا حافظے میں نہ آئی ہو ۔

slip of the tongue, سہو زبان ؛ لفظ جو غلط ادا ہو جائے ۔

tongue-and-groove joint, n. (نجّاری) جِیب نالی جوڑ ؛ چوبی سال یا زبان جیسا سِرا کاٹ کر اُسے دوسرے تختے کی جھری میں ڈال کر دو تختوں کو آپس میں جوڑنے کا طریقہ ؛ جیب جھری جوڑ ؛ چُول جھری جوڑ ۔

tongue in cheek, adv. منافقت سے ؛ غیر مخلصانہ طور پر ؛ کسی شخص کو بناتے ہوئے ؛ ایسی باتیں کرکے جن سے دوسرا خوش ہو مگر درپردہ اُس کی تضحیک مقصود ہو (عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

tongue-lash, v.t, v.i. (بول چال) زبان کے تازیانے لگانا ؛ سختی سے سرزنش کرنا یا ہونا ؛ تادیب کرنا ۔

tongue-lashing, n. زجروتوبیخ ؛ تادیب ؛ سرزنش ۔

tongueless, a. بے زبان؛ جس کی زبان نہ ہو ؛ خاموش ؛ گُونگا ۔

tongue-tie, n. لُکنت ؛ عقدة اللسان ؛ زبان بستگی؛ بولنے میں رکاوٹ جو زبان کے ایک خاص پٹھے کے چھوٹے ہونے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) زبان بندی کرنا ؛ زبان بستہ کرنا ۔

tongue-tied, a. گنگ ؛ زبان بستہ ؛ جسے عُقدةُ اللسان کی شکایت ہو ؛ جو صاف نہ بول سکے ؛ جس کے بولنے میں رکاوٹ ہو یا جس کی زبان بند ہو ۔ (مجازاً) حیرت کی وجہ سے جسے مجالِ گفتگو نہ ہو ؛ زبان

بند ۔

tongue twister, n. عصیر اللسان ؛ زبان مروڑ ؛ فقرہ ، لفظ یا جملہ جسے ہم صوت آوازوں کی تکرار یا مختلف آواز کے ایک جیسے حرف صحیح سے شروع ہونے کے سبب ، زبان سے نکالنا مشکل ہوجائے (جیسے : rubber baby buggy bumpers) ۔

tonguing, n. (موسیقی) پُھونک باجا بجاتے وقت سُر کی تقسیم ، امتیاز یا لرزش پیدا کرنے کے لیے زبان کا استعمال ؛ بانسری وغیرہ بجانے میں زبان کا استعمال ؛ سانس لیتے ہوئے سُر یا زبان کی نوک سے ادا ۔

tonic, a. (طب) قوت بخش ؛ مقوی ؛ جو نظام جسمانی یا اعضا کو ٹھیک رکھنے ، قوّت دینے ، شفا بخشنے یا صحت دینے کے لیے ہو جیسے دوا ؛ تقویت بخش یا جسمانی نظام کو مستعد کرنے والی یا ذہن اور اخلاقی طبع کو اُبھارنے والی (جیسے : a tonic experience) ۔ (امراضیات ، فعلیات) تناؤ سے متعلق ، جیسے پٹھوں کے ؛ پٹھوں کے مسلسل تشنج سے مخصوص ۔ (لسانیات) ایک جیسے یا ملتے جُلتے الفاظ میں تمیز پیدا کرنے کے لیے سرکے اوج میں تبدیلیوں کا استعمال ، جیسے بعض زبانوں میں ہوتا ہے ؛ تقریر میں آواز یا لہجے سے متعلق ۔ (صوتیات) زور جو کسی لفظ پر دیا جائے ۔ (موسیقی) سر یا سُروں کے بارے میں یا اُن سے متعلق ؛ پردۂ ساز پر مبنی یا اُس سے متعلق یا سرگم کا پہلا سُر (جیسے : a tonic chord) ؛ باجے کا تار جس کی بنیاد کھرج ہو ۔ (اسم) (طب) تقویت بخش چیز یا دوا ؛ مقویہ ؛ جسمانی ، ذہنی یا اخلاقی طور پر قوّت دینے والی یا طبیعت اُبھارنے والی کوئی چیز ۔ (موسیقی) بُنیادی سُر یا سرگم کا پہلا سُر ؛ کھرج ؛ آبِ سنکونا ؛ کونین کا پانی ۔

tonically, adv. مقّوی کے طور پر ؛ سُر کے اعتبار سے ۔

tonic accent, n. تلفظ کی ادائیگی یا گفتگو میں الفاظ یا رکنِ صوت پر زور ۔ (صوتیات) تاکید جو مُنصرف زور کی بجائے آواز کے اتار چڑھاؤ سے پیدا کی جائے ۔ نیز : pitch accent ۔

tonicity, n. تقویت ؛ مقوی ہونے کی خاصیت یا کیفیت ؛ باعث تقویت ہونے کی حالت ؛ جسم کے لیے صحت بخشی کی خاصیت ۔ (فعلیات) تناؤ ؛ پٹھوں ، رگوں اور دیگر عضلات کا عام کھنچاؤ جس سے اعصابی نظام برقرار رہتا ہے ؛ لوچ ؛ لوچ عضلات ۔

tonic sol-fa, n. (موسیقی) تانی سولفا ؛ موسیقی،خصوصاً گانا سکھانے کا ایک طریقہ جس میں سُر یا سروں کے باہمی ربط پر زور دیا جاتا ہے اورسروں کی عام علامتوں کو خصوصی علامتوں سے بدل دیا جاتا اور سروں کو سولفا رُکن تہجی یا اُن کے ابتدائی حروف سے ظاہر کیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : solfa ۔

tonight, to-night, n. آج کی رات ؛ اِمشب ؛ آج شب کو ؛ آج کا دن گزرنے کے بعد آنے والی رات ۔ (متعلق فعل) آج رات یا آج رات کے دوران یا رات جو موجودہ دن ختم ہونے کے بعد آئے گی ۔

tonka bean, n. ٹونکا پَھلی ؛ جھاڑی دار پھلیوں والے درخت کا پھل جس کا ایک ہی بیج ہوتا ہے جو خوشبودار ہوتا ہے اور عطریات تیار کرنے میں/ونیلا کے متبادل کے طور پر یا خوشبودار تمباکو بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ درخت جس پر یہ پھل لگتا ہے ۔

tonnage, tunnage, n. محصولِ اجناس محمولہ ؛ باربردار جہاز کی ٹنوں کے لحاظ سے گنجایش (ایک ٹن = ۱۰۰ مکعب فٹ) ؛ باربرداری کی گنجایش یا کھیپ کے حوالے سے مال بردار جہاز بحیثیت مجموعی ؛ محصول جو فی ٹن کے حساب سے جہازوں سے لیا جائے ؛ جہاز کا کرایہ یا ٹنوں کے حساب سے گنجایش کے مطابق باربرداری کا کرایہ ؛ سامان کی ٹنوں میں مجموعی وزن یا مقدار جو جہازوں کے ذریعے بھیجا جائے ۔

tonneau, n. ٹونو ؛ خود کار گاڑی (آٹو موبائل) کا پچھلا حصّہ یا ڈبہ جہاں مسافروں کی نشستیں ہوتی ہیں ؛ خود کار گاڑی جس میں ایسا حصّہ لگا ہوا ہو ؛ نشستوں والی موٹر کار ۔

tonneaued, a. نشستوں والی ؛ سیٹوں والی ۔

tonometer, n. سرپیما ؛ آلۂ سُر پیما ؛ سُر کے اوج کی پیمایش کا آلہ خصوصاً صوتی دوشاخہ یا ان کا بتدریج سلسلہ جن کا اوج سُر صحیح طور پر متعین ہو ۔ (طب) تنش مائع پیما ؛ تمدد پیمائے چشم ؛ تنش مقلہ پیما ؛ مختلف فعلیاتی آلات میں سے کوئی ایک ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا تناؤ یا فشار خون معلوم کرنے کا آلہ ؛ بخارات کے دباؤ کی پیمایش کرنے والا آلہ ۔

tonometric, a. سُر پیمائی سے متعلق ۔

tonometry, n. سُر پیمائی ؛ تنش مائع پیمائی ؛ تنش مقلہ پیمائی ۔

tonsil, n. لوزہ ؛ گلے کی گِلٹی ؛ ٹانسل ؛ گوشت کے ان دو ٹکڑوں میں سے ایک جو حلق کے دونوں طرف لٹکے ہوتے ہیں ؛ لوزۃ الحلق ۔

tonsillar, tonsilar, a. لوزیہ ؛ لوزی ۔

tonsillectomy, n. (جرّاحی) لَوزہ براری ؛ اخراج لوزہ ؛ بڑھے ہوئے یا متورم لَوزتین کا عمل جرّاحی سے اخراج ۔

tonsillitis, n. (امراضیات) التہاب لوزہ ؛ خناق مطلق ؛ گلوں کا پڑ جانا یا گلے پڑ جانا ؛ ٹانسل کی سوزش یا ورم لوزہ ؛ زہرباد ۔

tonsillotomy, n. (جرّاحی) لوزہ تراشی ؛ عمل جرّاحی سے ٹانسل کا کوئی حصہ تراشنے یا مکمل طور پر کاٹ دینے کا عمل ؛ لَوزہ شگافی ؛ شق لوزہ ؛ عملیۂ لَوزہ ۔

tonsorial, a. حجّام یا حجامت کے بارے میں یا اُس سے متعلق (مزاحاً استعمال ہوتا ہے) ۔

tonsure, n. مُونڈن ؛ چندیا صاف کرانے یا پورا سر منڈوانے کی رسم جو پادریوں اور راہبوں کے سلسلے میں داخل ہونے والوں کو ادا کرنا پڑتی ہے ؛ اس رسم کے طور پر سر مُنڈائی ؛ سرکا حِصّہ،خصوصاً چندیا جو منڈوائی جائے ۔ (فعل متعدی) سر مونڈنا یا بال تراشنا ؛ سر منڈوانے کی رسم ادا کرنا ۔

tontine, n. [نایل کے باشندے لورنیزو ٹونٹی نے جو بینکار تھا یہ طریقہ ۱۶۵۳ء میں فرانس میں شروع کیا] جین حیاتی شرکت : اس طریقے کی رُو سے شراکتی فنڈ یا قرض کے تمسکات وغیرہ کی سالانہ آمدنی میں کئی لوگ شریک ہوتے ہیں ، ان میں سے ہر ایک کے مرنے کے بعد دوسروں کی آمدن کے حِصّے میں اضافہ ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ آخر میں صرف ایک شخص جو زندہ رہتا ہے ، وہی کُل آمدنی کا مالک بن جاتا ہے ؛ منقسم شدہ سالانہ نقد رقم ؛ ہر شراکت دار کا حِصّہ ؛ حِصّے داروں کی تعداد ؛ اسی نوعیت کا بیمۂ زندگی ۔

tonus, n. (فعلیات) تناؤ ؛ لوچ عضلہ ؛ تناقہ ؛ پٹّھوں

کے تناؤ کی معمول کی حالت جو محرّک کا رد عمل پیدا کر سکے ۔

too, adv. اسی طرح ؛ بھی ؛ علاوہ ازیں (جیسے : Let him come too)؛حد سے زیادہ ؛ مقرّرہ یا مطلوبہ معیار سے بڑھ کر (جیسے : too long or too short) ؛ بہت ؛ نہایت (جیسے : only too glad to help) ؛ مزید برآں ؛ اور پھر یہ (جیسے : being a painter and a poet too) ۔ (بول چال) اثبات تاکیدی جو پہلے دیے گئے بیان کی تردید میں ہو (جیسے : I did too attend the meeting) ۔

tool, n. آلہ ؛ اوزار ؛ ٹول ؛ کوئی سا آلہ جو کاریگر یا مزدور اپنے کام میں لائے ؛ میکانکی کام میں سہولت پیدا کرنے کے لیے ہاتھ سے استعمال کیا جانے والا آلہ ؛ کئی ایک مشینوں میں لگا ہوا تراشنے والا حِصّہ جو بجلی سے چلے (جیسے برما یا خراد) ؛ مشین کا کوئی اوزار ؛ مکمل مشین ؛ نقش و نگار یا سجاوٹ جو کتاب کی جلد پر چھاپی جائے ؛ آلۂ کار ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے شخص سے اپنی مرضی کے مطابق کام لے ۔ (فعل لازم ومتعدی) اوزار سے کوئی شکل دینا ؛ نقش و نگار کرنا ، جیسے کتاب کی جلد پر ۔ (بول چال) چلانا ، جیسے گاڑی ؛ اوزار استعمال کرنا یا ان سے کام لینا ۔ (بول چال) موٹر کار یا دوسری گاڑیاں چلانا ۔

toolbox, n. اوزار بکس ؛ چھوٹی الماری یا بکسہ جس میں اوزار وغیرہ رکھے جائیں ؛ ٹول بکس ۔

tool engineering, n. آلات انجینئری ؛ انجینئری کا وہ شعبہ یا شاخ جس کا تعلق مصنوعات کی پیداوار ، مشینری اور اوزاروں کی فراہمی اور مطلوبہ سہولتیں بکفایت مہیا کرنے سے ہے ۔

toolholder, n. آلہ گیر ؛ فولاد کا بنا ہوا آلہ جس کے مقابل سروں پر اوزار پکڑنے کے لیے دستہ اور شکنجہ لگا ہوتا ہے ۔

toolhouse, toolshed, n. اوزار خانہ ؛ اوزار گھر ؛ عمارت جہاں عام طور پر اوزار وغیرہ جمع رکھے جاتے ہیں ۔

toolmaker, n. اوزار گر ؛ آلہ گر ؛ اوزار بنانے ، اُن کی مرمت کرنے اور ان سے متعلقہ کام کرنے والا کاریگر ۔

toolmaking, n. اوزار گری ؛ آلہ گری ؛ اوزار سازی ۔

toolroom, n. اوزار کمرہ ؛ اوزار خانہ ؛ وہ کمرہ جہاں آلات رکھے جاتے ، نصب ہوتے یا بنائے جاتے ہیں خصوصاً مشین شاپ میں ۔

tool subject, n. (تعلیم) امدادی مضمون ؛ کوئی مضمون جس پر پوری طرح عبور حاصل کیا جائے تاکہ دوسرے مضمون یا مضامین کا مطالعہ کرنے میں اس سے مدد ملے ۔

toon, n. تندک ؛ تُن ؛ تُون ؛ تُن کا درخت ؛ شرق الہند کے ایک درخت Toona ciliata کی لکڑی جو فرنیچر بنانے کے لیے بہت عمدہ خیال کی جاتی ہے ؛ اس لکڑی کا درخت ۔

toot, v.i., v.t. قرنا یا بگل بجا کر شور پیدا کرنا خاص کر چھوٹے وقفوں میں ؛ سیٹی یا سَنکھ پھونکنا یا بجانا ؛ سنکھ بجانا ؛ سنکھ بجنا ۔ (اسم) بجنے کی آواز جو سنکھ سے پیدا ہو ؛ اس نوع کا کوئی شور ۔

tooter, n. دھوتُو ، سیٹی یا سنکھ ؛ سنکھ بجانے والا ۔

toot, n. (عوامی) رنگ رلیاں ؛ مے کشی کا دور ۔

tooth, n. دانت ؛ دندان ؛ دندانہ ؛ سَن ؛ ایک سخت قسم کی ، دنتینی انیمل کی ساخت جو فقاری جانوروں میں عام طور پر ہر جبڑے میں قطار کی صورت پیوست ہوتی اور غذا پکڑنے اور چبانے کا کام دیتی یا حملہ اور دفاع کرنے میں ہتھیار کا کام دیتی ہے ، میمل جانوروں میں عام طور پر یہ مسوڑوں کو محیط کیے ہوتی ہے ؛ غیر فقاری جانوروں میں اسی طرح کا یا مماثل عمل جو دہن میں یا غذا کی نالی میں کار فرما ہو ؛ اُبھار جو دانت کی طرح یا دانت سے مشابہ ہو ؛ دندانوں کے سلسلے میں سے کوئی ایک جیسے کنگھے ، ریتی یا آرے وغیرہ کے ۔ (مشین) پہیے کے سرے پر دندانوں کا ایک سلسلہ جو دوسرے پہیوں کے ہم جوڑ حِصّوں یا ساخت کے ساتھ اٹک جاتے ہیں ؛ غیر مسطح ، جیسے نقشہ کشی کا کاغذ یا ڈرائنگ پیپر ؛ ایک تیز ، تکلیف دہ یا تباہ کُن خاصیت یا ذریعہ ، ذائقہ ، مزہ یا لُطف ؛ چاٹ ؛ چاشنی ؛ لذّت ۔ (نباتیات) پتے کے ارد گِرد دندانوں کے سلسلے میں سے کوئی ایک ۔ (فعل متعدی و لازم) دانت جڑنا ؛ کاٹنا کُترنا ؛ دانتوں سے کاٹنا ؛ دانت کی طرح یا دانت کے طریقے سے کسی چیز میں کچھ جڑنا یا لگانا؛ دندانے دار چکّر کی طرح ایک دوسرے میں پھنسنا یا اٹکنا ۔

by the skin of one's teeth, ذرا سے فرق سے ؛ بال بال ۔

cut one's teeth on, کسی کام یا زندگی کی عملی ابتدا ۔

in one's teeth, in the teeth, براہِ راست مخالفت یا جھگڑے میں ؛ کسی کے مدِّمقابل یا کُھلّم کُھلا ۔

in the teeth of, بالمقابل ؛ کے مقابلے میں ؛ نافرمانی کے طور پر یا باوجودیکہ ، بااِیں ہمہ (جیسے : to persist in the teeth of warnings,) ۔

put teeth in, موثر بنانا (جیسے : to put teeth in a law) ۔

set one's teeth, کام کرنے کا عزم کر لینا ؛ ہر مصیبت یا بُرے وقت کو برداشت کرنے کے لیے تیار رہنا ۔

show one's teeth, دشمنی ظاہر کرنا یا دھمکیاں دینا ؛

to the teeth, پُوری طرح ؛ مکمّل طور پر (جیسے : armed to the teeth) ۔

toothlike, a. دندان نُما ؛ مثل دندان ۔

toothache, n. دردِ دنداں ؛ دانت یا دانتوں کا درد جو دانتوں کی بوسیدگی کے سبب پیدا ہوتا ہے ۔

toothachy, a. دانتوں کے درد کا ۔

tooth and nail, adv. پوری طاقت سے ؛ تن من یا دل و جان سے ؛ حملے اور دفاع کے تمام ذرائع استعمال کرتے ہوئے ۔

toothbrush, n. دانت برش ؛ مسواک ؛ دانت صاف کرنے کا چھوٹا سا بُرش ۔

toothed, a. دندانے دار یا دانتوں والا ؛ دانتوں کی مانند آگے نکلے ہوئے اُبھار یا نوکوں والا ؛ دراڑوں والا ۔

toothed whale, n. دندانی وھیل ؛ مخروطی دانتوں والی وھیل مچھلی جو قیرمابی (squid) کھا کر زندہ رہتی ہے ۔

toothless, a. پوپلا ؛ بے دانت ؛ دندانے بغیر ؛ اثر اور قوت سے عاری ۔

toothlessly, adv. دانت یا دندانے نہ ہونے کی وجہ سے ؛ غیر موثر طور پر ۔

toothlessness, n. دانتوں یا دندانوں کے نہ ہونے کی کیفیت ؛ بے دندی ؛ غیر موثریت ۔

tooth paste, n. ٹوتھ پیسٹ ؛ منجن ؛ مسّی جو لئی کی شکل میں ہو اور دانت صاف کرنے کے کام آئے ؛ رقیق منجن ۔

toothpick, n. خلال ؛ دانتوں کا خلال ؛ پلاسٹک یا لکڑی کا

چھوٹا سا تنکا جس سے دانتوں کے اندر پھنسے ہوئے خوراک کے ذرات نکالے جائیں ۔

tooth powder, n. منجن ؛سنون ؛ مسّی؛ ٹوتھ پاؤڈر ؛ دانتوں کو صاف کرنے والا پوڈر یا سفوف ۔

tooth shell, n. نلکی دار گھونگھے والا صدفہ ؛ گھونگھا ؛ گھونگے کا خول ۔

toothsome, a. لذیذ ؛ مزے دار ؛ مرغوب یا دلپسند ؛ خوش ذائقہ ؛ سوادی ۔

toothsomely, adv. مزے دار طور پر ؛ لذیذ طور پر ۔

toothsomeness, n. لذّت ؛ مزہ ؛ خوش ذائقہ پن ۔

toothwort, n. دنتی بُوٹی ؛ دنتیریا (Dantaria) نسل کے پودوں میں سے کوئی چوپتیا پودا جس کے پتّے دانتوں کی طرح نکیلے ہوں ؛ یورپ کا ایک پودا جس کے تنوں سے نکلے ہوئے کھپرے دانت کی طرح نوکیلے ہوتے ہیں ۔

toothy, a. دانتو ؛ دندو ؛ دنتی ؛ لمبے یا نمایاں دانتوں والا یا ایسے دانت رکھنے والا(شخص)؛دنتیلا ؛ ناہموار سطح رکھنے والا ۔

toothily, adv. لمبے یا نمایاں دانتوں سے ۔

toothiness, n. دندو پن ؛ بڑے بڑے دانت رکھنے کی حالت ۔

tootle, v.i. بجانا،نرم آواز میں ؛ آہستہ آہستہ یا بار بار بجانا جیسے بھونپو وغیرہ ۔ (فعل متعدی) بار بار بجاتے رہنا ۔ (اسم) بھونپو کی آواز ۔

tootler, n. بھونپو بجانے والا ۔

top, n. چوٹی ؛ کسی چیز کی سطح ، حِصّے یا نوک کا سب سے اُونچا یا بالائی سِرا ؛ پُھننگ ؛ منتہا ؛ راس ؛ اُونچا سمجھا جانے والا حِصّہ (جیسے : the top of a street) ؛ وہ حِصّہ جو ڈھکن یا غلاف کا کام دے ؛ سر پوش (جیسے : a convertible top) ؛ اونچا خاص کر سر کا تاج (جیسے : from top to toe) ۔ (نباتیات) پودے کا وہ حِصّہ جو زمین سے اوپر رہے اور اُسے جڑ سے مِیز کرے (جیسے: a carrot top) ۔ (جہاز رانی) چبوترہ جو سب سے نچلے مستول کی چوٹی کو محیط کیے ہوتا ہے ؛ کسی شے کا حِصّہ جو پہلا اور ابتدائی ہو ؛ آغاز ؛ چوٹی پر یا بلند مقام ، عہدے یا منصب پر (جیسے: the top of his class) ؛ سب سے بلند رتبے یا عہدے والا شخص ؛ سب سے تیز یا اونچی (جیسے: shouted at the top of his voice) ؛ پُوری مکمّل مثال یا قسم ؛ مُنتخب حِصّہ ۔ (تاش کا کھیل) بڑے پتّوں،خصوصاً یکّوں اور بادشاہوں کا ہاتھ میں ہونا ۔ (کھیل) گیند کے وسطی حصّے کے اُوپر ضرب ؛ اس طرح کی ضرب سے گیند کی پھینک ۔ (صفت) سِرا ؛ سرے پر قائم یا سِرے سے متعلق ؛ بلند ترین ؛ سب سے بالا ؛ اُوپر کا ؛ اُونچے درجے کا ؛ سب سے بڑا ؛ سب سے اگلا ؛ سردار ؛ صدر ۔ (فعل متعدی و لازم) اُتارنا جیسے ڈھکن ؛ رکھنا جیسے سرپوش ؛ پھننگ پر ہونا یا کسی چیز کی پُھننگ بننا ؛ پہنچنا جیسے چوٹی پر ؛ سر بلند ہونا یا اُونچا اُٹھنا ؛ قد ، رقم یا تعداد میں بڑھنا ؛ آگے نکل جانا ؛ سبقت لے جانا یا بڑھ جانا ۔ (کھیل) گیند کے وسطی حصّے کے اوپر مارنا ؛ اس طرح گیند کو مار کر زور دار ضرب لگانا ۔

blow one's top, (عوامی) غصّے ہونا ؛ بہت ناراض ہونا ؛ ہوش کھو دینا ۔

on top, چوٹی پر ؛ اوّل ؛ فاتح ؛ کامیاب ؛ غالب ۔

on top of, اوپر اور سہارا لیے ہوئے ؛ علاوہ ازیں ؛ دبا لینا ؛ نتیجہ نکالنا ۔

over the top, پہلے سے معینہ مطمح نظر سے بڑھ کر ۔ (عسکری) خندقی مورچوں کے اوپر سے ، جیسے فوجیں جنگ کا آغاز کرتی ہیں ۔

top off, مکمّل کرنا ؛ جو کمی ہو اُسے پُورا کر دینا ۔

top out, (فن تعمیر) سب سے اوپر کی منزل کا ڈھانچا مکمل کر دینا ۔ (بازار حصص) نرخوں کے چڑھے ہوئے رجحان کے بعد قیمتوں کا آہستہ آہستہ گرنے کے بعد ایک سطح پر آ کر ٹھہر جانا ۔

top, n. لٹّو ؛ بچّوں کا ایک قسم کا کھلونا جو قُبّہ نما ہوتا ہے ، جیسے تسمے یا اسپرنگ سے گُھمانے والا لٹُو ۔

topaz, n. یاقوت زرد ؛ پُکھراج ؛ ایک معدن ؛ ایلومینم کا سلیکیٹ عام طور پر مختلف رنگوں کی منشوری قلموں میں ہوتا ہے اور نگینے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ زرد رنگ کے نیلم کی ایک قسم ؛ زرد رنگ کا پتّھر جس میں سے سونا برآمد ہوتا ہے ؛ امریکا کے گرم سیر علاقوں کے دو گانے والے زرد پرندوں Topaza pyra اور T.pella میں سے کوئی ایک پرندہ جس کے پر سنہری اور چمک دار ہوتے ہیں ۔

topazine, a. پکھراج یا زرد یاقوت والا ۔

top boot, n. لمبے بُوٹ جن کے اُوپر کی پٹّی ہلکے رنگ کی یا چمڑے کی مختلف نسیج کی ہوتی ہے اور جنھیں شہ سوار یا عام طور پر گُھڑ سواری کے کرتب دکھانے والے پہنتے ہیں ۔

topcoat, n. ہلکے وزن کا، کپڑوں کے اوپر پہننے والا کوٹ یا اوور کوٹ ۔

top cross, n. (جینیات) اعلیٰ نسل کشی ؛ نسل کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے گھٹیا قسم کی مادہ کی کسی اعلیٰ نسل کے جانور سے جُفتی ؛ مذکورہ جُفتی سے پیدا ہونے والا بچہ ۔

top dog, n. (بول چال) غالب فرد یا جماعت جو عموماً اپنے حریف یا حریفوں پر فتح پا کر غالب آئی ہو ۔ (صفت) فاتح ؛ کامیاب ؛ حریف پر غالب آنے والا ۔

top drawer, n. (بول چال) عمدہ معیار ؛ سب سے اونچا مرتبہ ؛ تقدم یا اختیار ۔ (صفت) اونچے مرتبے یا بڑے اختیار والا ۔

top-dress, v.t. اوپر لگانا یا سطح کے اوپر بچھا دینا ، جیسے زمین پر کھاد بچھا دینا ۔

top dressing, top-dressing, n. لپائی ؛ بچھائی ؛ کھاد کی تہ ۔

tope, v.i., v.t. کثرت کے ساتھ الکحلی مشروبات استعمال کرنا ۔

toper, n. دریا نوش ؛ بلا نوش ؛ بکثرت شراب پینے والا ؛ ساغر کش ۔

tope, n. ٹوپ ؛ یورپ کی چھوٹی شارک مچھلی ۔

tope, stupa, n. ٹوپہ ؛ بُدھ مت کے بانی کی گُنبد نُما یاد گار یا خانقاہ ۔

topee, topi, pith helmet, n. [اردو] ٹوپی؛ہلکے وزن کا گودے بھرا سر پر اوڑھنے والا ہیٹ جو دھوپ کی تپش سے بچاتا ہے ۔

topflight, a. (بول چال) اعلیٰ درجے کا ؛ بہترین ۔

topfull, topful, a. لبالب ؛ بھرا ہوا ؛ لبریز ۔

topgallant, a. (جہاز رانی) سب سے اونچے مستول کے اوپر اور سب سے نچلے مستول کے نیچے ۔ (اسم) مستول ؛ بادبان ؛ سہارے کی

topless, a. چھت بغیر ؛ انگیا بغیر (جیسے : a topless swimsuit) ۔ (مجازاً) جس کا رُجحان بے پایاں بلندی کی طرف ہو (جیسے : topless mountains) ۔

toplofty, a. (بول چال) مغرُور ؛ خود پسند ؛ گھمنڈی ؛ طمطراق والا ؛ نخوت شعار ؛ خودبیں ۔

toploftily, adv. غرور سے ؛ تکبّر سے ۔

toploftiness, n. غرور ؛ خود پسندی ؛ تفاخر ۔

topmast, n. (جہاز رانی) دوسرا مستول ؛ نچلے مستول سے اوپر کا مستول جو عام طور پر اوپر کے مستول کو سہارا دینے کی گُلّی کا کام کرتا ہے ۔

topminnow, n. بیض زا خاندان (Cyprinodontidae) یا بچہ زا خاندان (Poeciliidae) کی چھوٹی مچھلی جو سطح سے غذا حاصل کرتی ہے ۔

topmost, a. (برطانوی) سب سے اونچا ؛ بالائی ؛ بالاتر ؛ بالاترین ۔

topnotch, a. (بول چال) اعلیٰ درجے کا ؛ بڑھیا/اول درجے کا ؛ بہترین ؛ عمدہ ۔

top notcher, n. اعلیٰ درجے کا شخص یا بہترین چیز ۔

topographical, topographic, a. مقام نگارانہ ؛ مقامی جغرافیائی ؛ علم جغرافیہ سے متعلق ؛ کسی علاقے یا مُلک کے جغرافیائی ماحول کا بیان ۔

topgraphically, adv. جُغرافیائی حالت یا نقشے کے لحاظ سے ؛ جُغرافیائی مطالعہ کی رُو سے ۔

topography, n. مقام نگاری ؛ مقامی جغرافیہ ؛ کسی خطے کا صحیح اور تفصیلی جغرافیائی بیان ؛ کسی آبادی یا خطے کے مجموعی خط و خال ؛ مقامی نقشہ کشی ؛ نقشے یا چارٹ کی شکل میں کسی علاقے کے طبعی اور غیرطبعی عناصر کا مکمّل ذکر ۔

topographer, n. مقام نگار ؛ نقشہ بنانے والا ؛ کسی مقام کا جغرافیائی مطالعہ کرنے والا ۔

topology, n. مقامیات ؛ علم مقامات ۔ (جیومیٹری) اُن اشکال کی خاصیتوں کا علم جو اُس صورت میں بھی برقرار رہتی ہیں جب کہ شکلیں اس طرح تبدیل ہوں کہ نتیجتاً وجود میں آنے والی شکلوں کے تمام نکات اُس وقت بھی اصل سے متطابق ہوں جب کہ کسی شکل کو توسیع دی گئی ہو ۔ (ارضیات) علم مقامات نگاری؛ جغرافیائی حالات کے تحت کسی علاقے کی لکھی ہوئی تاریخ ۔ (تشریح الاعضا) جسم کے کسی خاص حِصّے یا کسی خاص عضو کی بناوٹ ۔

topologic, topological, a. مقامیاتی ۔

topologically, adv. مقامیات کی رُو سے ۔

topologist, n. مقامیات کا ماہر ۔

toponym, n. مقامی نام ؛ تسمیہ مقام ؛ علاقائی نام ؛ نام جو کسی جگہ ، آبادی یا اصل سے ماخوذ ہو جیسے تسمیہ میں ، خصوصاً حیوانات و نباتات کا نام رکھنے میں ؛ جسم کے کسی خاص حِصّے کو نام دینا جو عضو سے مختلف ہیں ۔

toponymic, toponymical, a. تسمیۂ مقامات و اعضا سے متعلق یا جس کا نام کسی خاص نسبت سے رکھا گیا ہو ۔

toponymy, n. تسمیہ مقامات ؛ مقامات کے ناموں کا مطالعہ ۔ (تشریح الاعضا) اعضائے جسمانی کے نام ۔

topper, n. (بول چال) جو اوّل آئے یا دوسروں پر فوقیت بلّی ۔

tophamper, n. (جہاز رانی) اوپر کے ہلکے بادبان ، بلّیاں ، رسّیاں وغیرہ ؛ غیر ضروری وزن جو یا تو اونچائی پر ہو یا اُوپر کے عرشوں کے اردگرد ہو ۔

top hat, high hat, silk hat, topper, n. ٹاپ ہیٹ ؛ لمبی مخروطی شکل کا ریشمی ہیٹ ۔

top-heavy, a. نچلے حِصّے کی نسبت جس کا اُوپر کا حِصّہ بھاری اور وزنی ہو اور اس کی وجہ سے گرنے کا اندیشہ ہو ؛ سر گراں ؛ مخمور ؛ غیر متوازن یا غیر متناسب ۔ (مالیات) ضرورت سے زیادہ سرمایہ بند ۔

top-heavily, adv غیر متوازن یا غیر متناسب طریقے سے ۔

top-heaviness, n. عدم توازن ؛ عدم تناسب ۔

Tophet, Topheth, n. (بائبل) یروشلم کے قریب ایک جگہ جہاں آگ کے دیوتا ''مولک'' کے حضور انسانی قربانی دینے کی رسم ادا کی جاتی تھی ؛ مرنے کے بعد جائے عذاب یعنی دوزخ ۔

top-hole, a. (برطانوی ، عوامی) اعلیٰ ؛ بڑھیا درجے کا ؛ ٹھاٹھ کا ؛ شان دار ۔

tophus, n. (امراضیات) کلسی تُوفا ؛ تُوفَس ؛ پیشاب آور یا آہکی قسم کا مادہ جو جسم کے ریشہ دار خلیوں میں پیدا ہو جاتا ہے اور جوڑوں پر یا ان کے اردگرد یا دانتوں پر چونے کی طرح جم جاتا ہے جس سے گٹھیا یا نُقرس کا مرض لگ جاتا ہے ۔

topi, n. ارغوانی اور بھورے رنگ کی کھال والا افریقی ہرن ۔

topiary, a. خوشنما کٹا ہُوا ؛ جھاڑ دار پودوں کو خوشنما طور پر کاٹنے ، چھانٹنے یا سجانے کے فن سے متعلق ۔ (اسم) خوش تراشی ؛ اسی طرح کا کوئی عمل ؛ خوش تراشیدہ چمن ۔

topic, n. موضوع ؛ کسی گفتگو ، بحث یا ادبی مضمون کا موضوع ؛ تقریر یا تحریر کا عنوان ؛ سُرخی ؛ عام اطلاق یا حوالے کا خیال یا سبب ، قاعدہ یا مقولہ ؛ استدلال ظنّی ؛ کسی دلیل کی بنیاد مہیا کرنے والا کوئی سبب ؛ بات ؛ موضوعِ بحث ؛ مبحث ؛ مسئلہ ؛ تذکرہ ۔

topical, a. وقتی ؛ اصولی ؛ موجودہ یامقامی دلچسپی کے معاملات کے بارے میں یا اُن سے متعلق ؛ تقریر و تحریر کے کسی عنوان کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ عام موضوع یا مبحث کے متعلق ؛ مسائل حاضرہ کے متعلق ؛ وقتی یا مقامی حالات و کوائف سے متعلق ؛ خاص موقع کا ؛ کسی جگہ کا یا اس سے متعلق ؛ مقامی ۔ (طب) جسم کے کسی خاص حصے پر لگائی جانے والی دوا کا یا اس سے متعلق ۔

topicality, n. موضوعیت ؛ مقامی حیثیت ؛ مقامی پن ۔

topic sentence, n. تلخیصی جُملہ ؛ جملہ جس میں پورے پیرا گراف یا مفصل تحریر کا پورا مطلب بیان کر دیا جائے ، عام طور پر یہ جملہ تقریر و تحریر کی ابتدا میں ہوتا ہے ۔

top kick, n. (عسکری) (عوامی) اس لفظ سے فرسٹ سارجنٹ مُراد ہوتا ہے ۔

topknot, n. چوٹی کی گرہ ؛ بالوں کا گُچھا ؛ چوٹی جو چندیا پر ہو یا گھُنڈی فیتہ وغیرہ جو اس جگہ لگایا جائے ؛ پرندے کی کلغی ؛ جُوڑا ۔

لے جائے ؛ برتر و اعلیٰ شے ؛ عورت کا اوپری کوٹ جو عام طور پر ہلکا، ڈھیلا ڈھالا اور چھوٹا ہوتا ہے ۔ (بول چال) ٹاپ ہیٹ ۔

topping, n. کسی شخص کے اوّل ہونے کا عمل ؛ کسی چیز کی سب سے اوپر ہونے کی حالت ؛ نمایاں حصہ جو سرے کے طور پر نظر آئے ؛ کسی چیز کو مکمل کرنے کے لیے ، اس پر رکھی یا لگائی جانے والی چیز جیسے چٹنی یا کھانے کی پلیٹ سجانے والی کوئی چیز ؛ کھانے کی پلیٹ پر اوپر ڈالنے والی چیز ۔ (جمع) پودوں کی کاٹ چھانٹ میں جو چیزیں علیحدہ کر لی جائیں جیسے شاخیں ۔ (صفت) کسی دوسری چیز پر چڑھنے والا یا سب سے اوپر ہونے والا ، سبقتی منصب یا عہدے وغیرہ میں برتر ۔ (برطانوی بول چال) لائق و فائق یا ارفع و اعلیٰ ؛ شاندار یا بہترین ۔

topple, v.i. غیر متوازن ہونے کے سبب آگے کی طرف گر پڑنا ؛ ڈگمگا کر گر جانا ؛ ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا یا گرنے کے قریب ہونا ؛ پاؤں کی لرزش ۔ (فعل متعدی) اُلٹ دینا یا گِرا دینا ؛ گِرانا ؛ چت کر دینا ۔

topround, n. پٹھے کے نچلے حصّے اور ران کے حلقے سے کاٹا ہوا گوشت کا ٹکڑا ۔

tops, a. (بول چال) بہت اعلیٰ ؛ سب سے اونچا ۔

topsail, tops'l, n. (جہاز رانی) چوکور یا مستولی جہاز کے کسی مستول پر عرشے کے اُوپر کا دوسرا بادبان ؛ جہاز کے بیشیں اور عقبی حصے کے مستولوں پر لگا ہوا اوپر کا بادبان ۔

top-secret, a. انتہائی خُفیہ ؛ بہت ہی خُفیہ ؛ جس کی درجہ بندی بہت ہی خفیہ اور پوشیدہ طور پر ہوئی ہو ، جیسے کوئی منصوبہ یا دستاویز جس تک صرف خصوصی مجاز عملے کی رسائی ہو ۔

top sergeant, n. (عسکری) (عوامی) امریکی فوج کا فرسٹ سارجنٹ ۔

topside, n. (اکثر جمع)(جہاز رانی) جہاز کے ایک طرف اُوپر کا حِصّہ جو بالائے آب رہتا ہے ؛ بالائی حِصّہ ۔ متعلق فعل(جہاز رانی)عرشے پر یا عرشے کے رُخ ۔

topsoil, n. مٹی کی سطح یا اس کے اُوپر کی تہ ۔ (فعل متعدی) مٹّی کی اوپری تہ کو ہٹانا جیسے زمین کے کسی علاقے سے ۔

top spin, n. (کھیل) کسی مطلوبہ چیز کا گھماؤ خصوصاً گیند کا ۔

topstone, n. دیکھیے : Copestone ۔

topsy-turvy, adv. اُلٹا پُلٹا ؛ زیر و زبر ؛ اوندھا ؛ درہم برہم ؛ الٹ پلٹ ۔ (صفت) اوندھا ؛ ابتر ؛ گڑ بڑ ؛ اُلٹ پُلٹ یا بے ترتیب ؛ اوندھا سیدھا ؛ الٹا سُلٹا ۔ (اسم) طبعی حالت کے خلاف ؛ افراتفری یا بدنظمی کی کیفیت ؛ سرنگونی ؛ گڑ بڑ سڑ بڑ ۔

topsy-turvily, adv. بد نظمی کے ساتھ ۔

topsy-turviness, n. افراتفری ؛ ابتری ۔

topsy-turvydom, n. طوفانِ بے تمیزی ؛ افراتفری ۔

toque, tuque, n. طُوق ؛ ایک قسم کی تنگ سی چُست ٹوپی ، چھوٹی چھجّے والی یا چھجّے بغیرجسےعورتیں سر پر پہنتی ہیں ؛ اسی قسم کی ایک ٹوپی جو سولھویں صدی میں استعمال ہوتی تھی ۔

tor, n. پہاڑی ؛ اُونچی نوکدار پہاڑی یا قلّۂ کوہ ۔

Torah, Tora, n. تورات ؛ توریت ؛ شریعت مُوسوی ؛ تفصیلی ہدایات و نظریات جن کا ذکر عہد نامۂ عتیق میں موجود ہے ؛ طومار یا مکتوب جس پر توراۃ تحریر ہو ۔

torch, n. مشعل ؛ ٹارچ ؛ دستی روشنی جو بہت جلد آگ پکڑ لینے والے مادے از قسم موم سے تر لکڑی ، بٹے ہوئے سَن یا کتان کی بنی ہوتی ہے ؛ موم بتّی ؛ شمع ؛ فلیتہ ؛ برقی لیمپ ؛ دیپ ؛ دیپک ۔ (مجازاً) ہدایت کی روشنی جس سے فیض حاصل ہو (جیسے : The torch of freedom) ؛ کوئی منقولہ آلہ جو شعلہ افروزی کا موجب بنے ، جیسے دھاتوں میں ٹانکا لگانے کا آلہ ۔ (برطانوی) نُور لامع ؛ بھڑک روشنی ؛ وہ شعاع جو اشارہ کرنے کے لیے ڈالی جائے ۔

carry a or the torch for, کسی سے بے پناہ محبت کرنا عموماً جوابی محبت کی اُمّید کیے بغیر ۔

torchlike, a. ٹارچ کی طرح ۔

torch bearer, n. مشعلچی ؛ مشعل بردار ۔ (مجازاً) کسی مقصد یا تحریک کے حامیوں کے ہراول دستے کا شخص ؛ فلیتہ بردار ۔

torchlight, n. ٹارچ یا مشعلوں کی روشنی ۔ (صفت) مشعلوں سے روشن (جیسے : torch light parade) ۔

torchon lace, n. بابن لنن لیس کاسادہ ،کُھلے نمونے پر ڈھیلے گرہ زدہ دھاگوں سے ، کیا ہوا کام ؛ اسی طرح کا کام جو مشین پر بنایا گیا ہو ۔

torch song, n. ناکام عشق کی داستان یا محبّت کے دُکھوں سے بھرا مقبول نغمہ ۔

torchwood, n. رال دار قسم کی لکڑی جس سے مشعلیں بنائی جاتی ہیں جیسے چیڑ ، دیودار وغیرہ ؛ درخت جس سے رال دار لکڑی حاصل ہو ۔

toreador, n. مصارع الثور ؛ سانڈ سے لڑنے والا ۔

torero, n. گاؤ باز ؛ سانڈ لڑاکا ؛ سانڈ کا مقابلہ کرنے والا پہلوان ۔

toreutics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) منبت کاری ؛ کندہ کاری ؛ دھات پر کُھدے ہوئے یا اُبھرے ہوئے نقش و نگار بنانے کا کام یا فن ۔

toreutic, a. سادہ کاری کے کام والا ؛ جس پر منبت کاری کی ہوئی ہو ۔

toric, a. توری ؛ نیم مُدوّر حاشیے کا یا اس سے متعلق خصوصاً ایسے عدسے کے بارے میں یا ان کے تعلق سے جن کی سطح سے عینکوں میں استعمال ہونے والے شیشوں کے نیم مدوّر حاشیے کا ایک حصّہ تشکیل پاتا ہے ۔

torii, n. [جاپان] ایک قسم کا آرایشی پھاٹک یا جاپان کا شاندار دروازہ جو لکڑی کے دو سیدھے اور ان کے اوپر دو افقی ڈنڈوں پر مشتمل ہوتا ہے اور عام طور پر شانتو مندروں کے داخلے پر بنا ہوتا ہے ۔

torment, n. اذّیت ؛ انتہائی کرب ؛ جسمانی یا ذہنی تکلیف ؛ عذاب جان ؛ جو چیز اذیت کا باعث ہو ؛ بلا ؛ مصیبت ؛ عذاب ؛ سوہانِ رُوح ؛ دُکھ ؛ صعوبت ؛ عقوبت ؛ شکنجہ ۔ (فعل متعدی) شدید تکلیف یا مصیبت میں ڈالنا ؛ عذاب جان بنا دینا ؛ سخت اذیت دینا ؛ ایذا پہنچانا ؛ تنگ کرنا ، ناک میں دم کر دینا ؛ زِچ کر دینا ؛ دِق کرنا ۔

tormentingly, adv. اذیّت پہنچاتے ہوئے ؛ تکلیف دے کر وغیرہ ۔

tormentil, n. (نباتیات) ٹارمینٹل ؛ گلاب کی نسل کا

جنگی کشتی جو تار پیڈو نلکیوں سے مسلّح ہوتی ہے۔

torpedo-boat destroyer, n. (جہازرانی) تار پیڈو کشتی شکن ؛ تار پیڈو کشتی سے ذرا بڑی کشتی جس سے تارپیڈو کشتیوں کو تباہ کیا جاتا ہے یا جو زیادہ طاقتور اور تباہ کار تارپیڈو کشتی کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

torpedo tube, n. تار پیڈو نلی ؛ تار پیڈو نلکی جس میں رکھ کر تار پیڈو مارتے ہیں۔

torpid, a. بے حِس و حرکت ؛ سُن ؛ بے حس ؛ کاہل ؛ ماندہ ؛ ڈھیلا ؛ مٹھّا ؛ مجہول ؛ سُست ؛ بے عمل ؛ خوابیدہ۔

torpidity, n. بے حِسی ؛ خدر ؛ کاہلی ؛ سُستی ؛ مجہول پن ؛ مجہولی۔

torpidly, adv. سُستی یا بے حِسی کے ساتھ۔

torpor, n. تخدّر ؛ جسمانی قوت اور عمل کی معطل کیفیت ؛ سُستی یا بے حِسی کی کیفیت ؛ خوابیدگی کا عالم ، جیسے جانور جاڑے کے موسم میں پڑے سوتے رہتے ہیں ؛ سُتویت ؛ بے عملی یا بے حرکتی ؛ کاہلی ، سُستی یا بے حِسی ؛ مُردہ دِلی ؛ مجہولی۔

torporific, a. مخدر ؛ سُستی یا بے حِسی پیدا کرنے والی ؛ بے حِسی آور۔

torquate, a. (حیوانیات) طوق دار ؛ کنٹھ والا ؛ پرندہ ، جس کی گردن یا پروں پر خاص رنگ کا حلقہ بنا ہوا ہو۔

torque, n. (میکانیات) پیچہ ؛ مروڑ ؛ وہ جو مروڑ یا گردش پیدا کرے یا ایسا کرنے کا میلان رکھے ؛ اُن قوتوں کے نظام کا معیارِ اثر جو گردش پیدا کرنے کا میلان رکھے ؛ گھومنے والی شافٹ کا دباؤ جو پاؤنڈ فی فُٹ کے حساب سے ناپا جائے۔

torque, torc, n. قیمتی دھات کا بنا ہوا کالر یا نکلس یا اسی قسم کا کوئی اور مروڑی دار زیور جو قدیم گال اور برطانوی قوم پہنا کرتی تھی۔

torque converter, n. ماقوائی آلہ جو رفتار گھٹا کر گردش بڑھاتا ہے۔

torrefy, torrify, v.t. حرارت دے کر سکھانا، بھوننا، تڑکانا یا بریاں کرنا، جیسے دواؤں یا کچ دھاتوں کا۔

torrefaction, n. خشکاؤ ؛ سُوکھنے یا سُکھانے ، بریاں کرنے یا بریان ہونے کا عمل۔

torrent, n., a. تیز دھارا ؛ سَیل ؛ بڑی تیزی اور شدّت سے بہتی ہوئی پانی کی رَو ؛ کسی شے کی تیز ، تند یا کثیر مقدار میں مسلسل رَو ؛ لپکتی ، لہراتی ، آگے بڑھتی ہوئی موج ؛ مُوسلا دھار بارش ؛ شدید، طوفانی یا تیز بہاؤ ؛ بوچھاڑ ؛ بہاؤ ؛ سیلاب ؛ طُوفان ؛ باڑھ۔

torrential, a. طوفانی ؛ سیلابی ؛ سیلاب کا ، سیلاب سے متعلق یا سیلاب کا سا ؛ شدّت اور تندی میں سیلاب سے مشابہ ؛ بہت زور سے گرتا ہوا(پانی)؛سیلابی عمل سے پیدا شدہ ؛ زور کا ؛ تند و تیز یا شور مچاتا ہوا ؛ زبردست ؛ بے پناہ۔

torrentially, adv. سیلاب کی طرح ؛ تندی و تیزی سے ؛ بہت زور کے ساتھ۔

torrid, a. حارّ ؛ سورج کی سخت گرمی یا حرارت کے زیر اثر (جیسے : torrid desert) ؛ جلتے اور تپتے ہوئے ؛ موسم یا آب و ہوا کے لحاظ سے سخت گرم ؛ محروقہ ؛ بریاں۔ (مجازاً) گرمیٔ احساس

چھوٹے قد کا یورپی پودا جس میں چھوٹے چھوٹے زرد پھول آتے ہیں اور جس کی جڑ سخت، قابض دوا کے طور پر نیز چمڑا کمانے اور رنگنے کے کام آتی ہے۔

tormentor, tormenter, n. اذیت رساں ؛ موذی ؛ اذیت دینے والا۔ (تھیٹر) پردہ یا سینری کا چوکھٹا جو اسٹیج کے دونوں اطراف پہلوؤں میں لگا ہوتا ہے تاکہ اطراف ناظرین سے اوجھل رہیں۔ (فلم) آواز گیر ؛ صدا جذب پردہ جو فلم بنانے کے دوران کسی قسم کی گونج یا صدا کے دیگر متعلقہ مسائل پیدا ہونے کی روک تھام کرتا ہے۔ (زراعت) (برطانوی) دندانہ دار سہاگا۔

tornado, n. عاصفہ ؛ جھکّڑ ؛ بگولا ؛ امریکا کے وسطی مغربی اور جنوبی علاقوں میں زور سے چلنے والی تباہ کُن آندھی جو چکر کھاتی ہوئی بڑھتے ہوئے دھنوارے کی طرح کالے بادل میں سے زمین کی طرف اُترتی ہوئی دکھائی دیتی ہے ؛ طوفان گرد و باد ، جیسے موسم گرما میں افریقہ کے مغربی ساحلوں پر اُٹھتے ہیں (cyclone سے مشابہ) ؛ آندھی ؛ طوفانِ افریقہ ؛ ٹارنیڈو۔

tornadic, a. آندھی کا سا ؛ جَھکّڑ کی طرح کا۔

tornillo, n. لوبیے یا باقلے کی پیچ دار پھلی۔

toroid, n. (جیومیٹری) کسی بند مستوی ، قوس یا خط حد کے اپنے ہم سطح محور کے گرد گردش سے پیدا ہونے والی سطح ؛ ایسی سطح میں محصور ٹھوس مادہ ؛ مخروط نُما ؛ تور نما۔

toroidal, a. مخروطی ؛ ٹوری ؛ مخروطی شکل کا۔

toroidally, adv. کسی مخروطی شکل کے طریقے سے ؛ ٹوری انداز سے۔

torose, torous, a. توریّہ ؛ پُھولا ہوا ؛ آماسیا؛ گُومڑے دار۔ (نباتیات) اُستوانی شکل کا کوئی پودا جس کی شاخوں یا پتّوں پر جابجا گُومڑے یا چھالے سے پڑے ہوئے دکھائی دیں۔

torosity, n. آماس ؛ سُوجن ؛ گومڑا یا چھالا زدگی۔

torpedo, n. تار پیڈو ؛ دشمن کے جہازوں کو تباہ کرنے والا زیر آب دھماکا خیز آلہ خصوصاً سگار کی شکل کا خودکار میزائل جس میں پھٹنے والا مادہ ہوتا ہے اور جو آبدوز کی نلی میں سے چھوڑا جاتا ہے ، جس جہاز پر اُس سے چھوڑا جائے اس سے ٹکرا کر پھٹ جاتا ہے اور اُس کے پرخچے اُڑا دیتا ہے ؛ تباہ کاری کے لیے زمین میں دبایا ہوا پھٹنے والا بم ؛ پھٹنے والی کوئی چیز جیسے گولا جس میں آتشگیر مادہ بھر کر سنگریزوں کے ساتھ ٹشو ہیپر سے منڈھ دیا جاتا ہے اور جب اُسے زور کے ساتھ زمین یا کسی سخت چیز پر پٹختے ہیں تو دھاکے کے ساتھ پھٹ کر تباہی مچا دیتا ہے ؛ انتباہ کے طور پر ریل کی پٹڑی پر رکھی جانے والی دھماکا خیز شے جو انجن کے پہیّوں تلے دب کر پھٹ جائے ؛ ڈائنامیٹ یا بارُود بھرا کارتوس جس کے ذریعے تیل کے کنوئیں میں سے تیل نکالنے کی ابتدا کرنے یا زیادہ مقدار میں تیل برآمد کرنے کے لیے دھماکا کیا جاتا ہے ؛ رعاد ماہی ؛ برقی قوت والی ایک قسم کی مچھلی۔ (عوامی) اُجرتی بندوقچی۔(فعل متعدی) تار پیڈو سے حملہ کرنا ، اُڑانا ، نقصان پہنچانا یا تباہ کر دینا ؛ دشمن کے جہازوں کے راستے میں تار پیڈو یا آب دوز بارودی گولے بچھانا ؛ تار پیڈو مارنا جیسے تیل کے کنوئیں میں تیل نکالنے یا تیل نکلنے کی دھار بڑھانے کے لیے۔(فعل لازم) تار پیڈو کا استعمال ہونا ، چھوڑا جانا یا پھٹنا۔

torpedo boat, n. (جہاز رانی)تارپیڈو کشتی ؛چھوٹی دُخانی تیز رَو

رکھنے والا ؛ گرم مزاج یا پُر جوش ۔

torridity, torridness, n. گرمی ؛ حدّت ؛ سو زندگی ؛ تپش ؛ سخت گرمی ۔

torridly, adv. حدّت کے ساتھ ۔

Torrid Zone, n. منطقہ حارّہ ؛ خطِ سرطان کے دونوں طرف خط جدی اور خطِ سرطان کے درمیان کی سرزمین ۔

torsade, n. [فرانسیسی] بل دی ہوئی ڈوری ؛ آرایشی بَل جیسے مخمل کا ۔

torsion, n. مروڑ ؛ قوت مروڑ ؛ بَل یا مروڑ دے کر بٹنے کا عمل ؛ بٹائی ۔ (میکانیات) دو برابر کی اور مخالف طاقتوں سے کسی چیز کو بل دینا یا مروڑنا ۔

torsional, a. مروڑی ؛ بل یا مروڑ کا ۔

torsionally, adv. بَل یا مروڑ دے کر ۔

torsion balance, n. مروڑ کانٹا ؛ کم قوتوں جیسے برقی کشش یا دھکیل ناپنے کا آلہ جو پتلے تار یا فلامنٹ کے بَل کے تعین سے ناپا جاتا ہے جو ان میں اُس قوت سے پیدا ہوتے ہیں ؛ برقی قوتوں کے باریک فرق کو ناپنے والا آلہ ۔

torso, n. دھڑ ؛ انسانی جسم کا دھڑ ؛ مجسّمے کا دھڑ ؛ جس میں صرف دھڑ ہو ؛ بدنۂ مجسمہ ؛ کسی چیز کے الگ الگ کیے ہوئے ٹکڑے یا کوئی غیر مکمّل چیز ۔

tort, n. (قانون) ٹارٹ ؛ دیوانی ہر جانہ ؛ معاہدے کی خلاف ورزی کے علاوہ کوئی ہرج مرج جس سے کسی کو نقصان پہنچے اور جس کا ہرجانہ عدالتِ دیوانی دِلا سکے ؛ ہرجہ ؛ حق تلفی ۔

torte, n. مقوی کیک ؛ ایک پُر تکلف کیک جو انڈوں ، چینی ، مکھن اور عموماً گریوں ، پھلوں اور ڈبل روٹی کے ٹکڑوں سے بنایا جاتا ہے اور اس میں آٹا بہت کم ہوتا ہے ۔

torticollis, n. (امراضیات) التواء العنق ؛ صَعر ؛ گردن سیخی ؛ وجع مفاصل سے گردن کے عضلات اینٹھ جانے اور سر ایک طرف ڈھل جانے کا مرض ۔

tortilla, n. [میکسیکو] تَرتلاّ ؛ توے پر پکی ہوئی مکئی کی پتلی سی گول روٹی جو گرم گرم کھائی جائے ۔

tortious, a. (قانون) ٹارٹ کی نوعیت کا یا اس سے متعلق ۔

tortiously, adv. ٹارٹ کے طور پر ۔

tortoise, n. سنگ پُشت ؛ کچھوا ، خصوصاً خشکی میں رہنے والا ، آبی کچھوے سے ممیز ۔ (روما ، عسکری) سپر بند آڑ یا تحرّک پذیر جائے پناہ یا ڈھالوں کو ساتھ ساتھ جوڑ کر صف بندی کا نظام ۔ (مجازاً) دھیمی چال چلنے والا شخص یا کوئی چیز جو سست رفتار ہو؛ سست رو ۔

tortoise beetle, n. بھڑکیلے رنگوں والے چھوٹے بھونرے جو چپٹے بیضوی شکل کے ہوتے ہیں اور کچھوؤں سے تھوڑا بہت ملتے جلتے ہیں ۔

tortoise shell, n. پوستِ سنگ پشت ؛ خول ؛ کچھوے کا باہر کا سخت خول ؛ سخت قسم کا اور بھورے زرد رنگ کا یا چتّی دار مواد جو بعض بحری کچھوؤں کے خول پر قشر یا چتّیوں کی صورت میں ہوتا ہے ، اس سے کنگھیاں یا دُوسری اشیا بنائی جاتی ہیں یا منبت کاری کے کام آتا ہے ۔

tortoise -shell, n. دھاری دار تیتری ؛ پری وش نسل کی چتّی دار تیتریوں میں سے کوئی ایک ؛ کچھوے کے خول جیسے رنگوں والی دھاری دار بلّی ۔ (صفت) بحری کچھوے کی طرح دبنے والا پوستِ سنگ پُشت ؛ کچھوے کے خول کا بنا ہوا ؛ سنگ پُشت یا کچھوے کے رنگ برنگ خول کی طرح چتّیوں والا ۔ خاص کر زرد ، سیاہ اور دیگر رنگوں والا (جیسے : a tortoise-shell cat, tortoise-shell ware) ۔

tortoni, n. گاڑھی بالائی اور انڈوں سے بنی ہوئی آئس کریم خصوصاً وہ جس میں میوے ، پسے ہوئے بادام اور ملیدہ بسکٹ کی آمیزش ہو ۔

tortricid, n. ٹارٹریسی ؛ مضبوط جسم اور چوڑے مقلوب پروں والے چھوٹے پتنگوں کا خاندان جن کی سُنڈیاں پتوں کے کناروں کو موڑ دیتی ہیں ۔ (صفت) ٹارٹریسی خاندان کے بارے میں یا اس سے متعلق ۔

tortuosity, n. کجی ؛ پیچاک یا التوا کی حالت ؛ مُڑی ہوئی شکل یا راستہ ؛ خمیدگی ؛ اینٹھن ؛ پیچیدگی ؛ بل ؛ پیچ ، خم یا اُلجھاؤ جیسے کسی کے راستے میں ؛ مُڑتا ، بل کھاتا حِصّہ ، راستہ یا کوئی چیز ۔

tortuous, a. پیچیدہ ؛ کَج ؛ ٹیڑھا ؛ چکردار ؛ مروڑی دار ؛ پیچ و خم اور چکروں سے بھرا ہوا ؛ ٹیڑھا ، کج یا مُڑا ہوا ۔ (مجازاً) جو سیدھا اور صاف صاف نہ ہو ، جیسے کسی لائحہ عمل ، فکر ، تحریر یا تقریر میں ؛ فریب آمیز یا مکّارانہ یا اخلاقی طور پر مغالطے میں ڈالنے والا ، جیسے روئداد ، طریقے یا پالیسی ؛ بالواسطہ یا چکّر دار طریقے یا پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ۔

tortuously, adv. پیچیدہ طریقے سے ؛ کائیاں پن سے ۔

tortuousness, n. مغالطہ دہی ؛ پیچیدگی ؛ فریب آمیزی ۔

torture, n. تعذیب ؛ اذیّت ؛ محض ظلم ؛ تشدد ؛ نفرت یا انتقام خواہی کے لیے کسی کو مُبتلائے کرب رکھنے کا عمل ؛ عدالتی اختیارات کے تحت اقبالِ جُرم کرانے کے لیے یا سزا کے حصّے کے طور پر دی گئی جسمانی تعذیب ؛ تعذیب دینے کا کوئی سا طریقہ ؛ آلہ جس سے تعذیب دی جائے ؛ شدید قسم کی دماغی ، جسمانی یا رُوحانی اذیت دہی ؛ کوفت ؛ سزا ؛ دکھ ؛ کسی کو دی جانے والی تکلیف یا وہ تکلیف جو خود اُٹھائی جائے ؛ جسمانی یا ذہنی عذاب ؛ ایذا ؛ سخت کرب یا درد کا موجب ؛ توڑ مروڑ دینے یا کھینچ تان کر کچھ کا کچھ بنا دینے کا عمل ، جیسے زبان کے الفاظ کا ۔ (فعل متعدی) تعذیب کرنا خصوصاً عدالتی اختیارات کے تحت ؛ جسمانی یا روحانی اذیّت پہنچانا ؛ تشدّد کرنا ؛ مروڑنا ؛ جبر کرنا یا غیر فطری حالت میں لانا (جیسے : trees tortured by storms) ؛ بگاڑ دینا یا مسخ کر دینا جیسے زبان کے الفاظ کا ۔

torturable, a. قابلِ تعذیب وغیرہ ۔

torturedly, adv. سخت اذیّت ناک طریقے سے ، تعذیبانہ ، ایذا رسانہ وغیرہ ۔

torturer, n. تعذیب دینے والا ؛ سخت اذیت پہنچانے والا ؛ نہایت نقصان دہ ؛ اذیت رساں (شخص یا شے) ۔

torturesome, a. پُر تعذیب ؛ اذیت دہ وغیرہ ۔

torturesomeness, n. تعذیب ؛ ظُلم ؛ تشدّد ؛ دُکھ ؛ تکلیف

وغیرہ ۔

torturingly, adv. درد ناک طریقے سے ؛ بے حد دُکھ دے کر ۔

torturous, a. تعذیبی ؛ اذیّت سے بھرا ہوا ؛ اذیت ناک یا اذیّت دہ ۔

torturously, adv. اذیّت دہ طریقے سے ۔

torus, tore, n. (فن تعمیر) ہلالی گولا ؛ نیم مدوّر حاشیہ،عام طور پر ستُون کی کُرسی کے سب سے نچلے یا نیو موجود ہو تو اس سے اوپر والے حصے میں ، جو بعض اوقات جوڑے کی شکل میں ستون کے گول حاشیے اور دو کگروں کی درمیانی پٹی سے علیحدہ کرکے بنایا جاتا ہے ۔ (نباتیات) طبق ، سریر ، پیندی ؛ پھول کی پینـدی ؛ پودے کا وہ حِصّہ (ڈنـڈی) جہاں پھول پتے اُگتے ہیں ۔ (تشریح الاعضا) تورہ ؛ ورمہ ؛ عضلات وغیرہ کا اُبھرا ہوا حِصّہ جسے مچھلی کہتے ہیں ۔ (جیومیٹری) تور ؛ دائروں کی اپنے مستوی کے محور کے گرد ،گردش سے بنی ہوئی سطح ۔

Tory, n. ٹوری ؛ انگلستان کی قدیم سیاسی پارٹی کا رُکن جو اٹھار ویں صدی کے دوران اور اُنیسویں صدی کے آغاز میں قدامت پسند پارٹی بن کر اُبھری اور جو موجود نظام کو برقرار رکھنے کی حامی تھی ۔ (چھوٹے t کے ساتھ) قدامت کے اصولوں کا حامی ؛ قدامت پسند ؛ امریکی انقلاب کے دوران تاج برطانیہ کا حمایتی ؛ شاہ پرست ؛ سترھویں صدی میں آئرلینڈ سے نکالے ہوئے لوگوں کی ایک جماعت جو شاہ پرست کہلاتی تھی اور جس نے قانون کی حمایت سے محروم ہو کر لُوٹ مار ، ظلم و ستم اور قانون شکنی کا پیشہ اختیار کر لیا تھا ۔ (صفت) ٹوری پارٹی کا ، اس سے متعلق یا ٹوری کردار کا حامل ؛ ٹوری ۔ (بعض اوقات چھوٹے t سے) قدامت پرست ۔

Toryism, n. قدامت پسندی ؛ ٹوری پارٹی کے اصول اور نظریات ۔

tosh, n. (برطانوی ، عوامی) فضول ؛ مہمل ؛ بکواس ۔

toss, v.t. اچھالنا ؛ پھینکنا ، آہستہ اور بے پروائی کے ساتھ ؛ گرانا ، ڈالنا یا اُچھالنا (جیسے : to toss a bone to the dog) ؛ ایک سے دوسرے کی طرف گیند اُچھالنا یا پھینکنا ؛ بے قاعدگی سے پھینکنا ، اُچھالنا ، کھینچنا یا اِدھر اُدھر ہچکولے دینا (جیسے : Ships tossed) ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ ہلچل ڈالنا یا بے کل کرنا ؛ اچانک اوپر اٹھنا یا ہلنا (جیسے : to toss the head in impatience) ؛ لینا دینا یا بحث کرتے ہوئے ادل بدل کر لینا ؛ آزادی سے اور بلا ارادہ بات چیت کرنا (جیسے : to toss in an idea) ؛ الٹنا پلٹنا ؛ ہوا میں سِکّہ اُچھال کر اُس کے چت یا پَٹ گرنے سے کسی سوال کا فیصلہ کر لینا (اکثر up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ قرعہ ڈالنا ؛ پانسہ پھینکنا ؛ آہستگی سے ملانا جیسے سلاد ملاتے ہیں ۔ (فعل لازم) بے قاعدگی سے گرنا ، ہلنا ، لہرانا یا حرکت کرنا ؛ ہچکولے کھانا جیسے طوفان زدہ سمندر میں جہاز کا ؛ اپنے آپ کو ہلانا ، جھٹکے دینا یا بے چینی سے پہلو بدلنا ، خاص کر بستر یا صوفے میں (جیسے : to toss in one's sleep) ؛ کوئی چیز پھینکنا ؛ سکّہ اُچھال کر اُس کے چت یا پٹ گرنے سے کوئی فیصلہ کرنا (اکثر up کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ غصّے میں تیزی سے یا ہاتھ پاؤں جھٹکتے جانا (جیسے : to toss out of a room) ۔ (اسم) پھینکنے کا عمل ؛ پھینکے جانے کی حالت ؛ پھینک یا وہ فاصلہ جہاں تک کوئی چیز پھینکی گئی ہو یا پھینکی جا سکتی ہو ؛ سِکّے کی اُچھال ؛ جِسم کی اچانک جھٹک یا جنبش یا پچھلی طرف سرکی جُنبش ؛ قلابازی ؛ پھینـک ؛ ٹپّا ؛ قرعہ اندازی ؛ شرط ؛ اُچھال ؛ جھوکا ؛ اُتھل پتھل ۔

toss off, چٹکی بجاتے میں کام کر ڈالنا ؛ اک دم چڑھا جانا یا ایک ہی گھونٹ میں ختم کر دینا ؛ جلدی سے پینا ۔

tosser, n. پھینکنے والا ؛ اُچھالنے والا ۔

tosspot, n. شراب کا عادی یا کثرت سے شراب پینے والا ؛ مخمور ؛ بدمست ؛ شرابی ؛ سبوکش ؛ پیالہ باز ؛ متوالا ؛ مد ہوش ۔

toss up, n. (بو ل چال) کسی بات کا فیصلہ کرنے کے لیے سکّے کو اُچھالنے کا عمل ؛ یکساں موقع ۔

tot, n. ننھا بچّہ ؛ کوئی بھی چھوٹی سی اور حقیر شے ؛ شراب کا ایک چھوٹا سا گھونٹ ۔ (ریاضی) میزان ارکان ۔ (تشریح الاعضا) ہڈّی ۔

tot, v.t., v.i. [Total کا مرخّم] جمع کرنا ، میزان کرنا ، جوڑنا (اکثر up کے ساتھ مستعمل) ۔

total, a. کامِل ؛ کُلّی ؛ کُل ؛ میزان ؛ کسی چیز کے کُل کا یا اس سے متعلق (جیسے : a total eclipse) ؛ پُورے کا پُورا ؛ جُملہ (جیسے : the total amount expended) ؛ تمام ؛ پُورا ؛ سارا ؛ پُوری تعداد یا مقدار ؛ قطعی یا مجموعی (جیسے : a total failure) ۔ (اسم) کُل رقم ، مجموعہ یا میزان ؛ حاصل جمع ۔ (فعل متعدی و لازم) میزان لگانا ؛ جمع کرنا ؛ حاصل جمع ہونا (اکثر by سے قبل استعمال ہوتا ہے) ۔

total depravity, n. (الٰہیات) ازلی گناہ ؛ کلیۃً شَر ؛ ازل سے انسان کے مطلق خراب اور خطا کار ہونے کا کالوِینی عقیدہ جس کے مطابق ازلی گناہ کے باعث انسان کامل طور پر خطا کار ہے جو روح القدس کے ذریعے باز آفرینش تک خطا کار ہی رہے گا

total eclipse, n. پُورا گرہن ؛ خُسوفِ کامل ؛ گرہن جس میں ایک جرم فلکی دوسرے جرم فلکی کے سامنے آجانے سے پورے کا پورا اوجھل ہو جاتا ہے ؛ کسوف کامل ۔

totalitarian, a. ہمہ گیر ؛ مطلق العنان ؛ یک حزبی حکومت کا یا اس سے متعلق ؛ ایسی طرز حکومت جس میں مرکز کے اربابِ اختیار مختلف الخیال جماعتوں کو نہ تو تسلیم کریں اور نہ ہی اُنھیں برداشت کر سکیں ۔ (اسم) یک حزبی حکومت کے اصول و نظریات کا حامی ۔

totalitarianism, n. ہمہ گیریت ؛ مطلق العنانی ؛ یک حِزبی حکومت کا نظریہ ۔

totalitarianize, v.t. یک حِزبی حکومت قائم کرنا ؛ مطلق العنانی کو فروغ دینا ۔

totality, n. کلیّت ؛ مجموعیت ؛ کُل تعداد ؛ مجموعی رقم ؛ میزان کُل ۔ (فلکیات) پورے گرہن کی حالت یا کیفیت ؛ کسوفِ کامل ۔

totalizator, n. میزان کنندہ ؛ مشین جو تمام کاموں اور پیمایشوں کا اندراج کر سکے ۔

totalize, v.t. میزان لگانا ؛ مجموعہ بنانا ؛ جمع کرنا ؛ میزان معلوم کرنا ۔

totalizer, n. میزانیہ ؛ میزان لگانے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ میزان لگانے یا جمع کرنے کا آلہ ؛ میزان آلہ ۔

totally, adv. کلی طور پر ؛ کلیتاً ؛ بالکل ؛ قطعاً ؛ پورے طور پر ؛ مکملاً ؛ کُلّہم ؛ سراپا ؛ جزو کل ؛ در و بست ؛ یک قلم ۔

totaquine, n. (علمِ ادویہ) ٹوٹا کوئنن ؛ نائٹروجن والی اساسی اشیا کا مرکب جو سنکونا درختوں سے کشید کیا گیا ہو ، اسے دوا کے طور پر ملیریا کے علاج معالجے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

tote, v.t. لادنا ؛ اٹھانا ؛ کسی بوجھ یا بار کو ہاتھوں یا بازوؤں میں اٹھانا یا پُشت پر لادنا ؛ اپنے استعمال کے لیے کسی چیز کا پاس رکھنا یا ساتھ لے جانا ؛ گاڑی یا کشتی میں لاد کر یا اٹھا کر لے جانا ۔ (بول چال) (اسم) اٹھانے کا کام ، لادنے کا عمل ؛ اٹھایا گیا بوجھ یا بار ؛ عورت کا بڑا دستی تھیلا ۔ نیز : tote bag ۔

totter, n. بوجھ اٹھانے والا ؛ بار کش ؛ حمال ۔

totem, n. ٹوٹم ؛ قدیم تہذیبوں کی رو سے مظاہر فطرت میں سے کوئی چیز ، عموماً کوئی جانور جس کو کسی قبیلے ، خاندان یا ہم رشتہ جماعت نے اپنی علامت یا اپنے تشخص کا نشان قرار دیا ہو ؛ علامت تشخص ؛ اس قسم کی کوئی علامت یا نشان جو کسی قبیلے ، قوم ، خاندان یا جماعت کے لیے وجہ امتیاز ہو ؛ قبیلہ یا جماعت جس کے پاس اپنا کوئی امتیازی نشان ہو ۔

totemic, a. ٹوٹم کا ؛ ٹوٹم کے عقیدے کا ۔

totemism, n. ٹوٹم پسندی ؛ ٹوٹم رکھنے کی رسم ؛ وہ رسوم و روایات جو اس سے متعلق ہیں ؛ ٹوٹموں کے مطابق قبیلوں کی تقسیم ، گروہوں ، قبیلوں اور ٹوٹموں کے مابین تعلق یا رشتوں کا عقیدہ ۔

totemist, n. ٹوٹم پسند ؛ اس قبیلے کا رکن جس میں کسی جانور یا پودے کو ٹوٹم کے طور پر امتیازی علامت یا نشان مانا جاتا ہو ؛ ٹوٹم عقیدے کو ماننے والا ۔

totemistic, a. ٹوٹم کا ؛ ٹوٹم کے عقیدے کا ۔

totem pole, n. ٹوٹم کا کھمبا ؛ جس میں ٹوٹم کھدا یا منقش ہو اور جسے شمالی امریکا کے شمال مغربی سواحل پر رہنے والے انڈین ، جو ٹوٹمی عقیدہ رکھتے ہیں ، اپنا اپنا ٹوٹم اپنے گھروں کے سامنے گاڑے رکھتے ہیں تا کہ ان کا تشخص یا پہچان قائم رہے ۔

tote road, n. غیر مسطح سڑک ؛ ناہموار یا دشوار گزار راستہ جو فوجی چھاؤنی تک مال، اسباب اور اسلحہ وغیرہ لے جانے نیز رسد پہنچانے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

tother, pron., a. (بولی)وہ دوسری ؛ دوسری ؛ دوران گفتگو دو چیزوں میں تمیز کرنے کے لیے مستعمل ہے ۔

totipalmate, a. (طیوریات) کامل پردہ پا ؛ پرند ، جس کے پنجے کی چاروں انگلیاں جال کی طرح آپس میں ملی ہوئی ہوتی ہیں ، جیسے ماہی خور آبی پرندے حواصل/پیلیکن لی ۔

toller, v.i. لڑکھڑانا ؛ ڈگمگانا ؛ پاؤں لڑکھڑانا ؛ لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے چلنا یا جانا ، جیسے انتہائی کمزوری کی حالت میں ؛ لڑکھڑانا یا چکرانا ، جیسے گرنے کے قریب ہو ؛ لرزنا یا کانپنا ۔ (اسم) لڑکھڑاہٹ ؛ متزلزل حرکت یا چال ۔

totterer, n. لڑکھڑانے والا ؛ لغزاں ۔

tottery, n. لغزش،ڈگمگاہٹ ؛ لڑکھڑاہٹ ۔

tottering, a. لڑکھڑاتے یا ڈگمگاتے قدموں سے چلنے والا ؛ غیرپائیدار، جیسے ڈھانچے یا حالات ؛ غیر محفوظ ؛ پُرخطر۔

totteringly, adv. ڈگمگاتے ہوئے ؛ لڑکھڑاتے ہوئے ۔

toucan, n. لم چونچا ؛ طویل منقاری ؛ ٹوکانہ ؛ امریکا کے منطقہ حارہ کا پھل خور پرندہ جس کی چونچ بہت لمبی اور رنگ شوخ ہوتے ہیں ۔

touch, v.t. چھونا ؛ مس کرنا ؛ ہاتھ یا انگلی وغیرہ کو کسی چیز کے اوپر رکھنا یا ملانا ؛ یوں ملنا کہ محسوس ہو یا لمس کا احساس پیدا ہو ؛ کسی چیز سے لمس پیدا کرنا ؛ نرمی سے لگانا یا مارنا ؛ متصل ہونا ؛ ملنا یا سرے پر چھونا ۔ (جیومیٹری) مماس ہونا ، جیسے خط یا سطح کو ایک نقطے پر چھونا؛ لگنا؛ مقابلہ کرنا (اکثر نفی میں) (جیسے : no one can touch her cooking) ؛ ترمیم کرنا یا بہتر بنانا ، جیسے موقلم سے تصویر کے خدوخال چھیڑنا یا درست کرنا ؛ برش ، پینسل یا قلم سے نشان لگانا (up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ رنگ سے نشان لگانا یا رنگ کو ہلکا سا نمایاں کرنا (جیسے : a black dress touched with red) ؛ کوئی چیز ملا کر اثر پیدا کرنا ؛ رنگ ملانا یا رنگ چڑھانا ؛ شفقت ، رحم یا احسان کے جذبے سے متاثر کرنا ؛ ہاتھ میں لینا ؛ استعمال میں لانا یا مجبوراً کسی نہ کسی طرح کرنا ، عام طور پر منفی انداز میں (جیسے : He will never touch another card) ؛ تحریر یا تقریر میں کہنا یا ذکر کرنا ؛ ضمناً بیان کر دینا ؛ حوالہ دینا یا روایت کرنا ۔ (موسیقی) باجے کے تار یا پردوں کو چھیڑنا ؛ سُر نکالنا ۔ (فلزیات) کچ دھات کو کوٹنا یہ معلوم کرنے کے لیے کہ خالص ہے یا نخالص ۔ (عوامی) کسی سے رقم وصول کرنے میں کامیاب ہونا ۔ (فعل لازم) ہاتھ ، انگلی یا جسم کا کوئی حصہ کسی چیز پر رکھنا یا کسی چیز سے چھوانا ؛ مَس ہونا ؛ چھوا جانا ۔ (اسم) مَس ؛ لمس ؛ لامسہ ؛ قوت لامسہ ؛ چھونے کا عمل ؛ چھوئے جانے کی حالت یا یقین ؛ گمک ؛ چھیڑ ؛ رنگ ؛ جھلک ؛ اشارہ ؛ ثبوت ؛ حِس لامسہ جس کے ذریعے جسم کا کوئی حصہ کسی مادی شے کے لگنے سے اسے محسوس کر سکے ؛ احساس یا تاثر جو کسی چیز کے لمس سے پیدا ہو یا تجربے میں آئے (جیسے : a slimy touch) ؛ ملنا یا ملا ہوا ہونا ؛ لامسہ ؛ خبروں ، قول و قرار یا ہمدردی کا قریبی رابطہ (جیسے : to be in touch with public opinion) ؛ ایک ہلکا سا وار یا ہلکی چوٹ ؛ مرض کا ہلکا سا حملہ ؛ کسی کام کی تکمیل کے لیے کی جانے والی معمولی کوشش یا سرگرمی ؛ فنی کام پر عمل درآمد کا طریقہ ۔ (موسیقی) کلیدی ساز کی کلیدوں کو چھیڑنے کا عمل یا فن ؛ ایسے ساز کی کلیدوں کے عمل کا انداز ؛ فنی کام کی تفصیل ؛ معمولی سی خوبی یا صفت (جیسے : a touch of anger in his expression) ؛ خفیف سی مقدار (جیسے : a touch of garlic) ؛ امتیازی وصف یا خصوصیت (جیسے : his light touch with colors) ؛ کسی چیز کے جانچنے کا عمل ۔ (عوامی) تحفے یا قرض کے طور پر رقم وصول کرنے کا کام ؛ رقم جو اس طریقے سے ملے ؛ وہ شخص جسے قرضہ دے کر بہ آسانی زیر دام لایا جا سکے ، جملوں میں اکثر مستعمل ہے (جیسے : an easy touch, a soft touch) ۔ (فلزیات) اصلی دھاتوں پر لگائی جانے والی سرکاری مہر یا چھاپ ۔

touch at, جہاز کا یا جہاز میں سوار مسافروں کا بندرگاہ پر ٹھہرنا یا دوران سفر رکنا ۔

touch off, دھماکا کرنا ؛ کسی آتشگیر مادے کو آگ دکھانا ؛ جلا دینا ۔

touch on, کسی چیز کا ہونا یا کسی چیز سے

touch-type, v.t. لمسی ٹائپ کرنا ؛ ٹائپ مشین کے تختے پر ، انگلیوں کے لمس سے ، بِن دیکھے ٹائپ کرنا ۔
touch-typist, n. لمسی ٹائپ کا ۔
touch up, v.t. معمولی اضافوں یا غلطیوں کی اصلاح سے ترمیم کرنا یا بہتر بنانا ، جیسے تصویر یا دیگر فن پارے کو ؛ کاٹ کر چھیڑنا یا ابھارنا ؛ ٹیپ ٹاپ کرنا ؛ مرمت کرنا ۔ (اسم) کمی کا ازالہ ۔
touchwood, n. قُو ؛ چوب سوختہ ؛ بھربھری لکڑی ؛ سفید پلپلا مادہ جو لکڑی پرفُطرات کے عمل سے بنتا ہے ، جس سے یہ جلد آگ پکڑ لیتی ہے ؛ لکڑی کا سوختہ ۔
touchy, a. زود رنج ؛ زود حس ؛ تنک مزاج ؛ تند خو ؛ آتش مزاج ؛ چھوئی موئی ؛ سن کے ٹکڑے کی طرح جلد آگ پکڑ لینے والا ؛ مخدوش یا پر خطر ، جیسے کوئی موضوع یا صورت حال ۔
touchily, adv. زود رنجی سے ؛ تنک مزاجی سے ۔
touchiness, n. زود حسی ؛ زود رنجی ؛ تنک مزاجی ؛ تند خوئی ۔
tough, a. جفاکش ؛ مضبوط ؛ پائدار ؛ ٹوٹے بغیر دباؤ پذیر ؛ سخت جان ؛ کٹھن ؛ مشکل ؛ کڑا ؛ مضبوط مگر لچک دار جو بھربھرا نہ ہو ؛ کاٹنے یا چبانے میں دشوار ؛جیسے خوراک ؛ اڑیل ؛ ذہنی اور جسمانی طور پر جفا کش ؛ ضدی ، جسے رام کرنا اور جس سے کام لینا دشوار ہو ؛ جس کا کرنا یا جسے حاصل کرنا کٹھن ہو ؛ دقت اور مشقت طلب ، جیسے کوئی کام یا کھیل ؛ سخت گیر ، متشدد یا جابر ۔ (بول چال) جھگڑالو ؛ اکھڑ ؛ جنگجو ؛ بے ہودہ ؛ بد نصیب ؛ بدبخت ۔ (اسم) (بول چال) اکھڑ ، ناشایستہ اور جھگڑالو شخص ۔
toughly, adv. سختی سے ؛ مضبوطی سے ؛ اکھڑ پن سے وغیرہ ۔
toughness, n. دشواری ؛ سختی ؛ مشکل ؛ کڑا پن ۔
toughen, v.i. سخت ہونا ؛ کڑا ہونا ؛ اینٹھنا ۔ (فعل متعدی) سخت بنانا ؛ چمڑانا ؛ کڑا کرنا ۔
toughener, n. سخت ہونے والا یا سخت بنانے والا ؛ مضبوط کرنے والا ۔
toughie, toughy, n. (بول چال) ناشایستہ ؛ بے ہودہ یا بداخلاق شخص ؛ مشکل مسئلہ ؛ دشوار حالات ۔
tough-minded, a. جس میں جذبات و احساسات کی کمی ہو ؛ حقیقت پسند اور عملی رویے یا نظریے کا حامل ؛ پرعزم ۔
tough-mindedly, adv. حقیقت پسندی سے ؛ پرعزم طور پر ؛ جذبات سے بلند ہو کر ۔
tough-mindedness, n. حقیقت پسندی ؛ غیر جذباتی پن ؛ عملی پن ۔
toupee, n. بال ٹوپی ؛ مصنوعی بالوں کا گچھا ؛ ادھوری وِگ جو سر کے گنجے حصے پر لگائی جائے ۔ (سابقاً) سر کی چوٹی پر لگائے جانے والے مصنوعی بال ؛ مصنوعی لٹ ؛ ججوں کی بالوں والی ٹوپی ۔
tour, n. دورہ ؛ سیاحت ؛ ٹور ؛ نوبت ؛ لمبا سفر یا تفریحی دورہ جو مناظر وغیرہ دیکھنے یا تجارتی امور کے لیے کیا جائے ؛ گشتِ جیسے تھیٹر کمپنی کا ۔ (عسکری) ملازمت کا عرصہ یا ایک ہی چھاؤنی میں قیام کی مدت ۔ (فعل متعدی و لازم) دورہ کرنا ؛ کسی ملک کی سیاحت کرنا ؛ دورے پر لے جانا یا پیش کرنا ، جیسے بیلے ناچ یا ڈرامے کا ۔
touraco, turaco, n. تراکو ؛ بڑے قد کا ، چمک دار ارغوانی

متعلق ہونا ؛ معمولی ذکر کرنا یا ضمنی اشارہ کرنا ۔
touchable, a. محسوس ؛ جسے چھوا جا سکے ؛ محسوس ہونے والی (شے) ۔
touchableness, n. مس ؛ لمس ۔
toucher, n. چھونے والا ؛ مس کرنے والا ؛ باجے کے تاروں کو چھیڑنے والا ۔
touch and go, n. تیز حرکت یا تیزی کا عمل ؛ غیر یقینی ، مخدوش ، نازک یا مشتبہ صورت حال ۔ (صفت) عاجلانہ ؛ سرسری یا بے ترتیب ؛ پُرخطر ؛ نقصان دہ ؛ مخدوش ۔
touchback, n. (فٹ بال) مقابل ٹیم کی طرف سے پھینکے گئے گیند کو اپنی گول لائن پر یا اس سے پیچھے چھونے کا عمل ۔
touchdown, n. (فٹ بال) مقابل ٹیم کی گول لائن پر یا اس کے پیچھے فٹ بال اپنے قبضے میں لینے کا عمل جس سے چھ پوائنٹ ملتے ہیں ۔ (طیرانیات) وہ لمحہ جب ہوائی جہاز کا زمین پر اترنے والا پہیہ زمین کی سطح کو چھولے ۔
touche, interj. (تیغ بازی) فجائیہ جو یہ نشان دہی کرتا ہے کہ تلوار کی نوک مخالف کے لگا دی گئی ہے ؛ اظہار جس سے یہ مقصود ہو کہ مخالف کامیاب رہا ، جیسے اپنی دلیل میں ۔
touched, a. جذباتی یا خبطی ؛ غیر متوازن ؛ ذہنی طور پر مریض ۔
touch football, n. حفاظتی پہناووں کے بغیر فٹ بال کا ایک کھیل جس میں حریف کو اڑنگا لگانے کے بجائے دونوں ہاتھوں سے صرف چھوا جاتا ہے ۔
touchhole, n. رنجک سوراخ ؛ پرانے زمانے کی توپ کے مسالے کا سوراخ جس میں رنجک رکھ کر توپ چلاتے تھے ۔
touching, a. متاثر کن ؛ دلگداز ؛ دل پر اثر کرنے والا ؛ رقت انگیز ؛ الم ناک ؛ قابل افسوس ؛ اثر انگیز ؛ جگر سوز ۔ (حرف جار) حوالے یا تعلق سے ؛ بابت ؛ متعلق ؛ حق میں ؛ نسبت ۔
touchingly, adv. پُر اثر طریقے سے ؛ رقت انگیز طریقے سے ۔
touchingness, n. رقت انگیزی ؛ دل گدازی ۔
touchline, n. (رگبی اور سوکر کے کھیلوں میں) اطراف کی لکیروں میں سے کوئی ایک ،جو کھیل کے میدان کی حد بندی کرے ۔
touchmark, n. نشان جو اصلی جست کے ظروف پر لگایا جائے اور جس سے صانع کی نشان دہی ہو ۔
touch-me-not, n. (نباتیات) چھوئی موئی ؛ گل حنا ؛ مرجیونی بوٹی اصلاً بلسمی پودا جس کے پختہ غنچے ہاتھ لگانے سے بیج پھینک دیتے ہیں ۔
touchstone, n. کسوٹی ؛ عیار ؛ پتھر جس پر سونے اور چاندی کو رگڑ کر پرکھا جائے ؛ محک یا معیار ، جس سے کسی چیز کی اصل نوعیت پہچانی جائے ۔
touch system, n. لمسی نظام ؛ ٹائپ مشین کے بورڈ پر آہستہ سے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں مار کر بن دیکھے ٹائپ کرنے کا طریقہ ۔
touch-tone telephone, n. دباؤ بٹن ٹیلی فون ؛ دباؤ بٹن سے استعمال ہونے والا ٹیلی فون ۔

و سبز پروں اور چھجا نما کلغی والا افریقی پرندہ ۔

tourbillion, ہوائی ؛ چکر کھانے والا فضائی راکٹ ؛ گرداب ۔

tour de force, n. کامیابی جو اپچ استعداد یا قوت سے حاصل ہو ؛ بے مثل یا بے نظیر فن پارہ ۔

touring car, n. دورہ گاڑی ؛ **لپٹواں چھت کی کھلی موٹر کار** جو پانچ یا پانچ سے زیادہ مسافروں کے لیے **بنائی گئی تھی اور ۱۹۲۰ء** میں مقبول تھی ۔

tourism, n. سیروسیاحت ؛ تفریحاً سفر کرنے کی عادت یا رواج ؛ **سیاحوں کے لیے پرکشش بنانے کے لیے ملکوں یا** اداروں کی ترغیب یا اشتہار بازی ؛ **سیاحوں کو مختلف سہولتیں بہم** پہنچانے کا پیشہ یا کاروبار۔

tourist, n., a. سیاح ؛ سیاحت کرنے والا ؛ جو شخص تفریحاً سیر و سفر کرے ۔

tourist class, n. سیاحی درجہ ؛ بحری اور ہوائی جہازوں میں ارزاں کرائے کی نشستیں ۔

tourist court, n. موٹل ؛ سرائے ۔

tourist home, n. سیاح گھر ؛ پرائیویٹ گھر جو سیاحوں یا دیگر مسافروں کو عارضی طور پر جائے قیام مہیا کرے ۔

tourist trap, n. سیاح جال ؛ سیاحوں کو مہنگے داموں اشیائے ضرورت فروخت کرنے کا کاروبار۔

tourmaline, tourmalin, turmaline, n. ترمری ؛ ٹرملین ؛ بورون اور ایلومینم کا مرکب سلی کیٹ ؛ معدنی مرکب جو سیاہ اور مختلف رنگوں میں پایا جاتا ہے اور اس کی شفاف اقسام نگینے کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں ۔

tournament, n. مبارزہ ؛ ٹورنامنٹ ؛ باہمی مقابلہ ؛ دنگل ؛ مہارتوں کا مقابلہ (جیسے : a chess tournament) ؛ عام یا ورزشی کھیلوں کا سلسلہ جس میں ٹیمیں یا افراد ایک دوسرے کا مقابلہ کرتی ہیں ؛ ازمنۂ وسطی میں ایک قسم کی کُشتی یا سپاہیانہ کھیل جس میں امرا یا سورما گھوڑوں پر سوار ہو کر نمایش کی خاطر یا مقابلے میں انعام حاصل کرنے کے لیے اپنی بہادری ، قوت اور چستی و چالاکی کا مظاہرہ کرتے تھے ۔

tourney, n. دیکھیے : Tournament ۔ (فعل لازم) ٹورنامنٹ میں شرکت کرنا یا مصروف ہونا ۔

tournequet, n. (جراحی) شریان بند ؛مرقات ؛ لہو روک ؛ پٹی جسے چھڑی کے ساتھ بل دے کر بڑی مضبوطی سے زخم پر کس دیا جائے یا گدی جسے زخم کے منہ پر رکھ کر پیچ سے یا الاسٹک کے فیتے سے باندھ دیا جائے تا کہ شریانوں سے لہو بہنا بند ہو جائے ؛ فرنیچر کے حصوں کو اکٹھا کرنے والے اوزار۔

tousle, touzle, v.t. درہم برہم کر دینا ؛ بکھیر دینا ؛ الجھا دینا ۔ (اسم) کپڑوں یا سر کے بالوں کا الجھاؤ۔

tout, v.i. (بول چال) بڑے اصرار اور خوشامد سے ملازمت ، ووٹ یا کاروبار کا خواستگار ہونا ؛ بے حد اور لگا تار خوشامد کیے جانا ؛ خفیہ نظر رکھنا ، جیسے ریس کے گھوڑے پر تا کہ شرط بدنے کے لیے معلومات حاصل ہوتی رہیں ۔ (فعل متعدی ، بول چال) خوشامد سے تائید یا امداد حاصل کرنا ؛ دلالی کرنا ؛ مسلسل اور مبالغہ آمیز تعریف کرنا ؛ گھڑ دوڑ کے گھوڑے کے بارے میں شرطیں لگانے کی خاطر ، معلومات حاصل کرنے کے لیے جاسوسی کرنا ؛ رقم لے کر اطلاع دینا ، جیسے گھڑ دوڑ کے گھوڑے کے بارے میں ۔ (اسم) (بول چال) ٹاؤٹ ؛ خوشامدی ؛ دلال ؛ اصرار اور خوشامد کر کے ملازمت ، ووٹ اور کاروبار مانگنے والا شخص ؛ گھڑ دوڑ کے گھوڑے کے بارے میں پیشے کے طور پر جاسوسی کرنے والا شخص ۔

touter, n. دلال ؛ ٹاؤٹ ۔

tovarich, tovarish, tovarisch, n. [روسی زبان میں] کامریڈ ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ سوویت روس میں کمیونسٹ پارٹی کے اراکین کا لقب یا ان کے مابین طرز خطاب ؛ سوویت یونین کا باشندہ۔

tow, v.t. کھینچنا رسے یا زنجیر کی مدد سے جیسے ٹریلر ، کشتی یا موٹر کار ؛ گھسیٹنا ۔ (اسم) کھینچنے یا کھینچے جانے کا عمل ؛ کھینچنے کے لیے رسے یا زنجیر وغیرہ ؛ کھینچی جانے والی چیز ؛ جو چیز کھینچنے والی ہو ؛ کھینچنے کا ذریعہ ؛ برف پر پھسلنے والی گاڑی ۔

in tow کھینچے جانے کی حالت میں ؛ رہنمائی یا انتظام کے تحت ؛ ہمراہ ، پیچھے یا ساتھ ۔

towage, n. کھینچنے کا عمل یا کھینچے جانے کی حالت ؛ کھینچے جانے یا کھینچنے کی مزدوری ۔

tow, n., a. السی ، کتان یا سن کے ریشے جنھیں بننے کے لیے کوٹ کر تیار یا صاف کیا جائے ؛ خراب اور ٹوٹے ہوئے بوسیدہ ریشے جنھیں اچھے اور عمدہ ریشوں سے الگ کر دیا گیا ہو ؛ موٹا سن ؛ پاٹ ؛ پٹوا ؛ پٹ سن ؛ گن ؛ رسی ۔

toward, twards, prep. کی سمت (جیسے : toward the house) ؛ طرف (جیسے : turned toward us) ؛ توقع میں یا امید پر (جیسے : saving toward a new car) ؛ قریب یا نزدیک ، وقت کے حوالے سے ؛ مدد کرتے ہوئے یا امداد دیتے ہوئے ؛ کے متعلق یا کی نسبت (جیسے : an attitude toward war) ۔ (صفت) ناگزیر ؛ جاری یا رواں ؛ موافق ؛ سیکھنے پر آمادہ یا تیار ؛ موزوں ؛ تربیت پذیر ۔

towardly, a. (قدیم) ہونہار یا مناسب ؛ بات ماننے والا یا مؤدب ؛ دوست دار ؛ موافق یا ساز گار ؛ بروقت ؛ مناسب موقع پر ۔

towardliness, n. مستعدی ؛ ہونہاری ؛ دوست داری ؛ ادب ؛ استعداد ؛ آمادگی ؛ تربیت پذیری ۔

towboat, tugboat, n. اسٹیم یا ڈیزل سے چلنے والی چھوٹی کشتی جو بندرگاہ سے یا ساحل کے نزدیک پانیوں میں سے جہازوں اور بجروں کو کھینچنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

tow car, n. ٹوکار ؛ کھینچ گاڑی ؛ کھینچ ٹرک ۔

towel, n. تولیہ ؛ کپڑا یا نرم مضبوط کاغذ جس سے کوئی چیز خشک کی جائے یا پونچھ لی جائے ، خاص کر ہاتھ اور منہ دھونے کے بعد ۔ (فعل متعدی و لازم) کپڑے یا تولیے سے پونچھنا یا خشک کرنا ۔

toweling, (Brit.) towelling, n. کپڑا یا دوسرا سامان جو تولیے بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

tower, n. بُرج ؛ مینار ؛ ٹاور ؛ کوئی ساخت یا عمارت جو نسبتاً اونچی اور پتلی ہو خواہ علیحدہ یا کسی گرجے ، قلعے یا اور عمارت کا حصہ ہو ؛ کوئی اونچا ، پتلا سا ڈھانچا ، جیسے ٹیلی وژن ٹاور ؛ ایک لمبا ، تحرک پذیر لکڑی کا ڈھانچا جو پرانے زمانے کی جنگوں

میں قلعوں پر گولہ باری کرنے کے کام آتا تھا ؛ قلعہ ؛ حصار ؛ لاٹھ ؛ کوٹ ۔ (فعل لازم) اٹھنا اور اونچا اڑنا ؛ پرواز کرنا ؛ بلند ہونا ؛ ممتاز و برتر ہو کر کھڑے ہونا ؛ سب سے اوپر نکل جانا ؛ فوقیت حاصل کر لینا ۔

towered, a. بُرج دار ؛ ٹاور والا ؛ مینار والا ؛ بلند و بالا ۔

towering, a. بہت اونچا یا بلند ؛ ارفع ؛ بلند و بالا ؛ غیر معمولی ؛ آخری ؛ انتہائی ؛ شدید ؛ بے حد ۔

towhead, n. سر کے بال جو زردی مائل یا ہلکے بھورے رنگ کے ہوں یا وہ شخص جس کے بال اس رنگ کے ہوں ؛ ریتی روک ؛ کم گہرا پانی یا دریا میں تازہ بنا ہوا خشکی کا ٹکڑا ؛ جزیرہ ۔

towheaded, a. سنہری بالوں والا ؛ تری میں خشکی والا حصہ ۔

towhee, ground robbin, towhee bunting, n. (طیوریات) ایک قسم کی ننھی سے پیاری چڑیا ۔

twoline, n. کھینچ رسن ؛ لوہے کا تار، رسّا یا ایسی ہی کوئی چیز جس سے کوئی شے کھنچے یا کھینچی جا سکے ۔

town, n. قصبہ ؛ بلدہ ؛ بستی جو گاؤں سے بڑی ہو اور جس کی اپنی مقامی بلدیہ ہو ؛ گڑھی ؛ خاص بستی یا آبادی جو زیر توجہ ہو ؛ ملک یا ضلع کا شہر یا بڑا قصبہ ؛ شہر کا مرکزی علاقہ ؛ نیو انگلینڈ کی میونسپل کارپوریشن جسے شہر کی نسبت کم اختیارات حاصل ہوتے ہیں اور جہاں بلدیاتی تنظیم بھی سادہ ہے ؛ نیو انگلینڈ کے علاوہ دیگر ریاستوں میں چھوٹا قصبہ ؛ اہل قصبہ ۔ (برطانوی) موضع یا دیہی آبادی جہاں منڈی لگتی ہو یا بینٹھ بھرتی ہو ۔ (صفت) قصباتی؛ قصبے سے متعلق ؛ قصبے سے مخصوص ۔

go to town, (عوامی) جلدی حاصل کر لینا ؛ آگے بڑھنا ۔

on the town, (عوامی) تفریح کرنا ، خصوصاً نائٹ کلبوں وغیرہ میں ؛ میونسپل کمیٹی سے سرکاری امداد حاصل کرنا ۔

paint the town red, (عوامی) دھوم دھڑکے سے جشن منانا ۔

town car, n. بڑی بس جس کی اگلی نشست شیشہ لگا کر مسافروں کی نشستوں سے الگ بنی ہوئی ہوتی ہے ۔

town clerk, n. محرر قصبہ ؛ میونسپل کمیٹی کا منشی جس کی تحویل میں قصبے سے متعلق جملہ اندراجات کا رجسٹر ہوتا ہے ۔

town crier, n. قصبے کا ڈھنڈورچی یا معلّن ؛ مناد ؛ میونسپل کمیٹی کا ملازم جو قصبے کے گلی کوچوں میں اونچی آواز سے لوگوں کو سرکاری اعلانات سے باخبر کرنے پر مامور ہوتا ہے ۔

town hall, n. ٹاؤن ہال ؛ قصبے کا بڑا کمرہ یا عمارت جو میونسپل کمیٹی کے دفتر ، کاروباری مرکز اور عام جلسہ گاہ کا کام دے ؛ دربار ۔

town house, n. قصبے میں بنا ہوا کسی کا گھر یا بڑی حویلی جو اس کی شہری رہائش گاہ کے علاوہ ہو ؛ مکان یا رہائش گاہ جہاں ایک ہی خاندان کے افراد رہتے ہوں ، عموماً دو منزلہ ، جو ایک باہمی دیوار کے ذریعے ساتھ والے ویسے ہی مکان سے متصل ہوتا ہے ۔

town meeting, n. اہل قصبہ کا عام اجلاس ؛ کسی سرکاری کام کے لیے قصبے کے باضابطہ ووٹ دینے والے افراد کا اجتماع ۔

townsfolk, n. قصبے کے رہنے والے ؛ قصبے کے لوگ ۔

township, n. چھوٹا قصبہ یا بستی ؛ انتظامی لحاظ سے ملک کی بلدیاتی تقسیم میں وہ علاقے جنھیں مختلف بلدی اختیارات حاصل ہوتے ہیں ؛ پرگنہ یا ضلع جو عام طور پر سرکاری زمین کی مساحت میں پرگنہ یا ضلع رقبہ میں چھ مربع میل ہوتا ہے ، جو ۳۶ حصوں پر مشتمل اور اس کا ہر حصہ ایک مربع میل کے برابر ہوتا ہے ؛ نیو انگلینڈ کی ریاستوں میں مقامی آبادی کا وہ علاقہ جہاں کے انتظامی امور کی دیکھ بھال خود وہاں کی ٹاؤن کمیٹی کرتی ہے ۔ (تاریخ انگلستان) جاگیردار کا یا کلیسائی یا کلیسا کے تحت کوئی حلقہ یا اس قسم کے حلقے کی آبادی ۔

townsman, n. قصباتی ؛ قصبے کا رہنے والا ؛ خود اپنے قصبے کا یا اسی قصبے کا رہائشی یا کسی کا ہم قصبہ؛ نیو انگلینڈ کے سالانہ منتخب ہونے والے ارکان میں سے کوئی ایک رکن ۔

towns people, town's folk, n. (جمع) اہالیان قصبہ ؛ قصبے کے باشندے بمقابلہ اہل دیہات ۔

towns woman, n. قصبے میں رہنے والی عورت ۔

townwear, n. لباس جو عام طور پر بلحاظ رنگ اور انداز قدامت پسندانہ ہو اور شہری علاقے میں بھی پہنا جا سکے ۔

towpath, n. کھینچنے کا راستہ ؛ نہر یا دریا کے کنارے پر ، آدمیوں یا جانوروں کے ذریعے کشتیوں کو کھینچنے کا راستہ ۔

towrope, towline, n. رسّا یا تار یا اسی قبیل کی کوئی اور شے جو کشتیاں کھینچنے میں استعمال کی جائے ۔

tow truck, tow car, n. ٹوٹرک ؛ کھینچ ٹرک ؛ خراب یا ٹوٹی پھوٹی موٹر کاروں کو کھینچ کر لے جانے والی گاڑی ۔ دیکھیے : wrecker ۔

toxalbumin, n. (حیاتی کیمیا) زہریلی البومین ؛ زہریلا مادہ جو حیوانی اجسام میں پایا جاتا ہے ۔

toxaphene, n. (کیمیا) ٹاکسافین ؛ کلورین زدہ مومی کیمفین جو پھنسی پھوڑوں کے علاج میں کام آتی ہے اور کرم کُش دوا کا کام دیتی ہے ۔

toxemia, toxaemia, n. (امراضیات) تسمم الدم ؛ مسمومیت خون ؛ خون میں زہر سرایت کر جانے کی ایک قسم ؛ مسمومیتِ خون کا مرض جو کسی جرثومے کے ذریعے خون میں پہنچ جاتا ہے ۔

toxemic, toxaemic, a. زہریلے خون والا ۔

toxic, toxical, a. زہریلا ؛ سمّی ؛ زہر یا سم کا ؛ زہر سے متعلق یا اس سے پیدا شدہ ؛ زہریلی نوعیت کا ؛ سم آلود ؛ زہر آلود ؛ مسمّم ۔

toxically, adv. زہر کی طرح ؛ سمّی طور پر ۔

toxicant, a. مسمّم ؛ زہر والا یا زہریلا ۔ (اسم) زہر ؛ تحرک دلانے والی ، سلانے والی یا بے حس بنا دینے والی کوئی زہریلی نشہ آور چیز ؛ سم ۔

toxication, n. تسمّم ؛تسمیم ۔

toxicity, n. زہر آلودگی ؛ مسمومیت ۔

toxicogenic, a. زہر زا ؛ زہر پیدا کرنے والی یا سمیات زا ؛ زہریلے یا سمی مادے سے یا اس کی وجہ سے پیدا شدہ ۔

toxicology, n. علم سموم؛ سمیات یا زہروں کے بارے میں ، ان کے اثرات ، تریاق اور تشخیصات وغیرہ کا علم ۔

toxicologic, toxicological, a. سمیاتی ؛ زہر والا ۔

toxicologically, adv. سمیات کی رو سے یا اس کے مطابق ۔

toxicologist, n. عالم سمیات ؛ علم سمیات کا ماہر ۔

toxicosis, n. (امراضیات) تسمیم ؛ زہر کے زیر اثر لگا ہوا مرض؛ تسمیم کی بیماری ۔

toxin, n. ٹاکسن ؛ سم؛ ایک قسم کا عموماً ناپائیدار نامیاتی زہر جو زندہ یا مردہ عضویات یا ان سے پیدا شدہ اشیا میں ہو جیسے عفونتی زہر؛ ایسا زہر جو کسی جرثومے کے ذریعے جسم میں پہنچے اور مختلف قسم کی بیماریوں ، جیسے اعصابی تشنج یا خناق کا باعث بنے ؛ مواد سامہ ؛ ٹومین ۔

toxin-antitoxin, n. ٹاکسین اور انٹی ٹاکسین (سم اور ضد سم) کی ملاوٹ یا مرکب جو پہلے سے لاحق مرض کے اثرات ، جیسے خناق وغیرہ کے زائل کرنے کا موجب بنتا ہے ۔

toxiphobia, n. (نفسیات) زہر ترسی ؛ خوف جو دل میں بیٹھ چکا ہو کہ مجھے زہر دے کر ہلاک کر دیا جائے گا ؛ وہم زہر خورانی ؛ سمیت ترسی ۔

toxoid, n. سم نما ؛ زہر جس کی خصوصیتِ زہر ختم کر دی جائے عموماً کیمیائی عمل کے ذریعے ، لیکن جو اپنی تریاق زائی کی خاصیت برقرار رکھتا ہے اور جسم میں ٹیکے کے ذریعے داخل کیے جانے پر ضد جسمیے (antibodies) پیدا کر کے قوت مدافعت پیدا کرتا ہے ۔

toxophilite, n., a. تیراندازی کا شائق ؛ تیرانداز ۔

toxoplasmosis, n. ایک قسم کا اعصابی نظام کا عارضہ جو ریشوں میں یک کیسہ طفیلیوں کی کثرت کے سبب پیدا ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی جانوروں میں اور خال خال انسانوں میں ظاہر ہوتا ہے ۔

toy, n. کھلونا ؛ کسی شے کی عموماً جانی پہچانی چیز کی چھوٹی سے نقل جو بچوں کے کھیلنے کے کام آئے ؛ بازیچہ ؛ غیر اہم ، بے قدر یا معمولی سی کوئی شے ؛ معمولی قیمت والی کوئی چیز جو کسی وجہ سے قیمتی سمجھی جائے ؛ آرایشی قسم کا دل بہلاوا ؛ کوئی چھوٹی سی پرتکلف چیز ؛ کم قیمت زیور ؛ ننھا منا سا کھلونا ؛ چھوٹا کتا ۔ (صفت) بچوں کے کھیلنے کے لیے ، کھلونے کی طرز پر بنایا ہوا ؛ کسی معروف یا عام چیز کی نقل جو کھلونے کے طور پر استعمال کی جائے ؛ حقیر کردار یا بَونا ۔ (فعل لازم) سرسری طور پر یا بے پروائی سے کام کرنا ؛ فضول حرکات کرنا ؛ عاشقانہ چاؤ چونچلے کرنا ؛ جھوٹی محبت جتانا ۔

toyer, n. کھلونوں سے دل بہلانے والا ؛ غیر سنجیدہ حرکات کرنے والا ؛ جھوٹی محبت جتانے والا ۔

toylike, a. کھلونے جیسا ، کھلونا نما ۔

toyon, tollon, christmas berry, california holly, n. سدا سبز جھاڑی یا چھوٹا سا درخت جو گلاب کی نسل سے ہوتا ہے اور جس میں سفید پھول اور سرخ چمکیلی گوندنیاں لگتی ہیں ، یہ جھاڑیاں اور درخت شمالی امریکا میں بحرالکاہل کے سواحل پر عام پائے جاتے ہیں ۔

trabeated, trabeate, a. (فن تعمیر) لنٹل؛ بے ڈاٹ ؛ داسہ ؛ شہتیری ؛ کڑی دار افقی کڑیوں سے بنی ہوئی سیدھی چپٹی (چھت) ؛ایسے طرز تعمیر سے متعلق جو ڈاٹ دار یا محرابی طرز سے مختلف ہو ۔

trabeation, n. شہتیری عمارت؛ شہتیروں یا کڑیوں سے کیا جانے والا عمارتی کام ۔

trabecula, n. (حیاتیات) گنڈا ؛ تیرک ؛ ساخت کا حصہ جو چھوٹی کڑی یا چوکھٹے کے مشابہ ہو ؛ جانوروں میں کسی عضو کو سہارا دینے والا ریشہ یا پودوں کی قناتوں پر پھیلا ہوا ابھار ؛ اجوزہ ؛ سہارک ؛ کڑی ۔

trabecular, a. گنڈے کی یا گنڈے کی سی ؛ تیرکی ، اجوزی ۔

trabeculate, a. اجوزہ دار ؛ گنڈے دار ۔

trace, n. سراغ ؛ نشان ؛ نقش ؛ خاکہ ؛ مٹی ہوئی شے کے باقی آثار یا نشان ؛ خفیف سی مقدار یا بے وقعت ذرہ ؛ نشانی ۔ (کیمیا) کسی کیمیاوی جزو یا عنصر کی تقریباً ناقابل پیمایش مقدار ؛ راستہ ، پگڈنڈی یا دنبالہ جو کسی شخص کے چلنے یا کسی شے کے گھسٹنے سے بن جائے ؛ نقش پا ۔ (حیاتیات ، نفسیات) نقش ؛ نقش دوام ؛ نقش حافظہ ؛ ہلکا سا کھینچا ہوا خط یا نشان ؛ کسی آلے کے لگائے ہوئے خط جو درجات کو ظاہر کریں ، جیسے آلہ زلزلہ نگار کے خطوط ۔ (فعل متعدی) بچے کھچے نشانوں پر چلنا ؛ کھوج لگانا ؛ قدموں کے نشانات پر یا سراغ لگاتے ہوئے چلنا ؛ کھوج لگا کر تلاش کرنا یا معلوم کرنا ؛ چربہ اتارنا ؛ نشانات لگانا یا خاکہ اتارنا ؛ نقشہ بنانا؛ ڈیزائنوں سے سجانا یا آراستہ کرنا ؛ ڈیزائن بنانا ؛ کسی ڈرائینگ یا نقشے کے اوپر باریک مومی کاغذ رکھ کر اس کا چربہ اتارنا ؛ شکستہ یا لہریا خط سے نشان لگانا یا چھاپنا جیسے زلزلہ پیما کے خطوط یا دیگر آلہ جات خط لگاتے ہیں ۔ (فعل لازم) چلنا ؛ سفر کرنا ؛ ابتدا ، وقت یا تاریخ تک سلسلہ پہنچانا ۔

traceable, a. سراغ کے قابل ؛ سراغ پذیر ۔

traceableness, n. سراغ پذیری ۔

traceably, adv. قابل سراغ طریقے سے ؛ اس طرح کہ پتا چل سکے ۔

traceless, a. جس کا کوئی کھوج نہ لگے ؛ بے نشان ؛ بے سراغ ۔

trace, n. جوت ؛ جتے ہوئے گھوڑے یا کسی اور جانور سے کھینچنے والی گاڑی یا چھکڑے کی ہر دو راسوں ، رسیوں یا زنجیروں میں سے کوئی ایک راس ، رسی یا زنجیر ؛ مشین میں جوڑنے والا حصہ ، جیسے لوہے کی ڈنڈی جس کے دونوں سرے چول دار ہوتے ہیں اور جس کی مدد سے ایک حصے میں ہونے والی مشینی حرکت کو دوسرے حصے میں بدلا جا سکتا ہے ۔

kick over the traces, منھ زوری کرنا ؛ بے قابو ہو جانا ؛ سرکشی کرنا ؛ نافرمانی کرنا ۔

trace element, micro element, n. (حیاتیات) قلیل عنصر ؛ وہ عنصر جسے حیوانات و نباتات کو کم سے کم مقدار میں اپنی نشوونما کے لیے استعمال کرنا پڑتا ہے ۔

tracer, n. نقشہ نویس ؛ سراغ رساں ؛ خاکہ کھینچنے والا شخص یا جس چیز سے خاکہ کھینچا جائے ؛ کھوئی ہوئی شے ، جیسے پارسل یا سامان تلاش کرنے والا ؛ سوالنامہ جو جہاز میں گمشدہ مال یا پارسل وغیرہ کا کھوج لگانے کے لیے جاری کیا جائے ؛ خاکہ سازی کا کوئی طریقہ ، جیسے ڈرائینگ یا نقشہ کشی ، منصوبہ بندی وغیرہ ؛ بارود جس میں ایک کیمیکل کی آمیزش ہوتی ہے اور اس سے پھینکی گئی چیز (گولہ وغیرہ) کا راستہ روشن ہو جاتا ہے ؛ چربہ گیر ؛ نشان گیر ؛ سراغی عنصر ؛ تابکار ایٹم کی مانند کوئی

شے جو حیاتیات اور کیمیا کی تحقیق میں کوئی طریق عمل تلاش کرنے میں مدد دیتی ہے ۔

tracery, n. نقش و نگار سنگی ؛ پتھر کے کٹاؤ کا آرایشی کام خصوصاً جو گوتھک طرز پر بنی ہوئی کھڑکیوں سے اوپر یا پٹیوں اور پردوں پر کیا جاتا تھا ؛ لیس یا کشیدہ کاری کا کوئی نازک سا کام جیسے نقش و نگار کاڑھنے یا زردوزی کا کام ؛ جالی کا کام ۔

trachea, a. (تشریح الاعضا) سانس نالی ؛ انسان اور فقاری جانوروں میں ہوا کی نالی جس کے ذریعہ سانس پھیپھڑوں میں داخل اور خارج ہوتا ہے ؛ قصبۃ الریہ ؛ کیڑوں مکوڑوں میں بھی اسی طرح کے تنفس کا نظام ۔ (نباتیات) پودوں میں ایسے خلیوں کی قطار سے بنی ہوئی نالی یا ظرف جو قوت نمو سے محروم ہو چکے ہوں اور جن کے ذریعے پودوں کو پانی مہیا ہوتا رہے ۔

tracheat, a. ہوائی نالی کا ۔

tracheate, a. قصبیہ ؛ ہوا کی نالی سے سانس لینے والا جیسے مفصل پایاں جانور ۔

tracheid, n. (نباتیات) چوب نالی ؛ چوب رگ ۔

tracheidal, a. چوب نالی والا ۔

tracheitis, n. (امراضیات) سانس کی نالی کی سوزش ؛ ورم قصبیہ ۔

tracheo bronchial, a. (تشریح الاعضا) نرخرے اور سانس کی نالیوں کے حصے میں ، ان سے متعلق یا ان پر اثر انداز ۔

tracheophyte, n. (نباتیات) رگی پودے ؛ عرقی پودے ۔ رگ ساز پودوں کے گروہ کا کوئی پودا ؛ عرقی پودا جس کے اندر عرق کی گردش کے لیے چھوٹی چھوٹی نالیاں بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔

tracheoscopy, n. (طب) قصبیہ بینی ؛ حنجرہ بین آلے سے سانس نالی کے اندر کا معائنہ ۔

tracheoscopic, a. سانس نالی کے مرض میں مبتلا ۔

tracheoscopist, n. قصبیہ بین ؛ سانس نالی کے مرض کا ماہر یا سانس نالی کا معائنہ کرنے والا ۔

tracheotomy, n. (جراحی) ہوا کی نالی کا عمل جراحی ؛ قصبیہ شگافی ؛ قصبۃ الریہ تراشی ۔

trachoma, n. (امراضیات) روہے ؛ کُکرے ؛ تراقوما ؛ آنکھ کی متعدی بیماری جس سے پپوٹوں میں چھوٹے چھوٹے دانے نکل کر آنکھیں متورم ہو جاتی ہیں ۔

trachomatous, a. ککری ؛ ککرے پیدا کرنے والا ۔

trachycarpous, a. جھام پھل کا ؛ خراب سطح والے پھل کا ۔

trachyspermous, a. (نباتیات) کھردری گٹھلی والا ؛ جس کی گٹھلی ناہموار ہو ؛ کھردرا تُخمہ ؛ جھام تخمہ ۔

trachyte, n. جھام چٹان ؛ ہلکے رنگ کی کھردری آتش فشاں پہاڑی جس کے پتھروں میں ایک قسم کی سفید یا سرخ قلمی دھات اور ابرق کی پرت دار تہیں بھی پائی جاتی ہیں ۔

trachytic, a. جھام چٹانی ؛ جھام چٹان سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ آتش فشاں چٹان سے متعلق جس کی پرتیں متوازی ہوں ۔

tracing, n. چربہ ؛ ترسیم ؛ خاکہ بنانے کا کام یا جس چیز کا خاکہ بنایا جائے ؛ جو چیز خاکہ کھینچ کر ، نشان لگا کر یا ڈرائنگ کی شکل میں بنائی جائے ؛ ریکارڈ جو خودکار آلے کی مدد سے تلاش کر لیا جائے ؛ مومی کاغذ پر کسی ڈرائنگ وغیرہ کا اتارا ہوا چربہ ۔

track, n. نقش پا ؛ پٹڑی ؛ راستہ ؛ روش ؛ راہ ؛ گزرگاہ ؛ ڈگر ؛ خط ؛ پگڈنڈی ؛ ایک یا ایک سے زیادہ ریلوے لائن یا ریل گاڑی کی پٹڑی مع بندش کے ؛ گاڑی کے پہیوں سے بننے والی لیک ؛ گزرنے والی چیز کا چھوڑا ہوا نشان یا نشانات ۔ (عموماً جمع) انسان یا جانور کے قدموں کے نشانات کا سلسلہ ؛ آدمی یا جانوروں کی آمدورفت سے بنی ہوئی پگڈنڈی ؛ سفر کرنے یا چلنے پھرنے کا راستہ (جیسے : the track of a bird) ؛ طریقہ جس کے مطابق عمل کیا جائے ؛ لائحہ عمل یا طریق کار (جیسے : to go on in the same track year after year) ؛ راستہ یا طریقہ جو کسی خاص مقصد کے لیے وضع کیا گیا یا اختیار کیا گیا ہو ؛ تفکرات و حادثات یا واقعات کا یکے بعد دیگرے رونما ہونا ؛ راستے میں نشان بنانے والی کوئی چیز ، جیسے گاڑی کے ٹائر ؛ ٹائروں کے رموں سے باہر کی طرف کا درمیانی فاصلہ ۔ (کھیل) دوڑ کے لیے بنایا گیا راستہ ؛ ایک ہی راستے پر ہونے والے اجتماعی کھیل ، جیسے رکاوٹ دوڑ اور سادہ دوڑ ۔ (کمپیوٹر) یاد داشتی آلے پر خانوں کا سلسلہ ، جیسے کمپیوٹر کا ٹیپ یا ڈرم ، جس میں سے ایک وقت میں ایک پڑھا جا سکتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) تلاش کرنا یا کھوج لگانا ، جیسے راستے سے ، گزرگاہ سے یا چھوڑے ہوئے قدموں کے نشانات دیکھ کر ؛ راستے یا سڑک پر چلنا ؛ اپنا راستہ بنانا یا چلنا ؛ قدموں کے نشانات بنانا ؛ گردوغبار ، کیچڑ ، برف یا کولتار لتھڑے پاؤں سے چل کر نشانات چھوڑنا ؛ ریل گاڑیاں چلانے کے لیے ریلوے لائن یا پٹڑیاں مہیا کرنا ، لگانا یا بچھانا ۔ (طیرانیات ، راکٹ سازی) ہوائی جہاز یا راکٹ پر نگاہ رکھنا یا اس کی پرواز دیکھنا ، جیسے ریڈار ، محدب شیشے یا ریڈیو کے سمت نما کی مدد سے ؛ کسی لیک یا ڈگر پر چلنا ؛ ایک ہی راستے میں برابر دوڑنا ، جیسے گاڑی کے پہیے ؛ ایک سیدھ میں ہونا ؛ جیسے موٹر کار کے اگلے پہیے ایک سیدھ میں ہوتے ہیں ؛ پہیوں یا پٹڑیوں میں مقررہ فاصلہ ہونا ۔

in one's track, (بول چال) اسی حالت میں جس میں کوئی ہو ۔

keep track of, کسی چیز کی رفتار یا ترقی پر نظر رکھنا ۔

lose track of, نصیحت پر عمل کرنے سے غفلت برتنا ۔

make tracks, (بول چال) چلے جانا یا بھاگ نکلنا ۔

off the track, اصل موضوع سے ہٹا ہوا ؛ پٹڑی سے اترا ہوا ۔

on the track of, کسی کے تعاقب میں ؛ کسی کا پیچھا کرتے ہوئے ۔

on the wrong side of the tracks, غربت زدہ علاقے میں ۔

trackable, a. چلنے کے قابل ، جس پر سفر کیا جا سکے ؛ جس کا سراغ لگایا جا سکے ؛ جس کا تعاقب کیا جا سکے ؛ تعاقب پذیر ۔

tracker, n. تعاقب کرنے والا ؛ کھوج لگانے والا ؛ کشتی کھینے والا ؛ آرگن باجے کا ڈنڈا ۔

trackage, n. ریلوے یا ریل کی پٹڑی کا پورا سلسلہ ؛ ایک کمپنی کی ریل پٹڑیاں استعمال کرنے کا حق جو کسی دوسری کمپنی کو حاصل ہو ؛ رقم جو بطور کرایہ اس حق یا رعایت کے عوض لی جائے ۔

track and field, n. دوڑ پٹڑی اور میدان ؛ ورزشی کھیلوں کی ایک قسم جس میں دوڑ ، اچھل کود اور گولا اندازی کے بہت سے کھیل شامل ہوتے ہیں جو ایک مدور روش اور اس کے ارد گرد

میدان میں ہوتے ہیں ۔ (صفت) ورزشی کھیلوں کے میدان سے متعلق ۔

tracking station, n. (فضائیات) مدار اسٹیشن ؛ پرواز کرنے والی یا اجرام فلکی کے کسی مدار میں گھومنے والی شے کے لیے راستے کی کھوج لگانے والا مرکز یا اسٹیشن ، خصوصاً ایسے فضائی اسٹیشنوں کا سلسلہ جو خلائی جہاز یا سٹیلائٹ سے بذریعہ راڈار یا ریڈیو رابطہ قائم رکھنے کے لیے بنایا جائے ۔

trackless, a. بے نشان ؛ بے سراغ ؛ بے راستہ ؛ بے نقش پا ؛ جو سڑک یا پٹڑی پر نہ چلے ۔

tracklessly, adv. بغیر سراغ چھوڑے ہوئے ۔

tracklessness, n. بے سراغی ؛ بے نشانی ؛ ناگزاری ۔

trackless trolley, n. ٹرالی بس ۔

track meet, n. ورزشی کھیلوں کا مقابلہ جس میں دوڑ پٹڑی اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیل شامل ہوتے ہیں ۔

trackwalker, trackman, n. (ریلوے) ریلوے کے محکمے کا افسر جو گاہ بگاہ ریلوے لائنوں کے کسی حصے کا معائنہ کرنے پر مامور ہوتا ہے ۔

tract, n. قطعہ ؛ پانی یا زمین کا کوئی قطعہ ؛ کوئی علاقہ ۔ (تشریح الاعضا) جسم کا کوئی خاص حصہ ، خصوصاً متعلق اعضا کا کوئی نظام (جیسے : the digestive tract) ؛ حلقۂ اعضا ۔ (قدیم) وقت یا دورانیے کی وسعت ؛ امتداد زمانہ ؛ وقفہ ؛ مدت ۔

tract, n. کتابچہ ؛ ایک مختصر سی کتاب یا رسالہ جو عموماً مذہبی ، اخلاقی اور سیاسی موضوعات پر مشتمل ہوتا ہے اور عام لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

tract, n. (رومی کیتھولک کلیسا) ایک طرح کی مناجات ؛ مقدس انجیل کی آیات جو ہلولیا (حمد ربانی) کی بجائے عشائے ربانی کے اختتام پر جملہ نمازوں میں صوم کبیر سے قبل تیسرے اتوار سے شروع کر کے ہفتۂ مقدس کے سنیچر یعنی ایسٹر کی شام تک پڑھی جاتی ہیں ۔

tractable, a. جسے آسانی کے ساتھ منظم کیا جا سکے اور تربیت دی جا سکے ؛ تربیت پذیر ؛ مؤدب ؛ بات ماننے والا ؛ حکم بردار ؛ دبا دبایا ؛ قابو کا آدمی ؛ تاثر پذیر ؛ فرماں بردار ۔

tractability, tractableness, n. تربیت پذیری ؛ اثر پذیری ؛ فرمانبرداری ؛ اطاعت ۔

tractably, adv. اطاعت و فرمانبرداری سے ؛ تربیت پذیری کے ساتھ ۔

Tractarian, a., n. ٹریکٹیرین ؛ ٹریکٹیری ؛ قدیم عیسوی کیتھولک فرقے کا حامی و مددگار یا Tracts for the Times لکھنے والوں کے نظریات و عقائد کا حامی یا ان سے تعلق رکھنے والا : Tracts for the Times رسائل کا ایک سلسلہ ہے جو ۱۸۳۳ء تا ۱۸۴۱ء کے دوران انگلستان میں قدیم کیتھولک مذہب کی تائید میں شروع کی جانے والی آکسفورڈ تحریک کے اہل قلم نے شائع کیا تھا ؛ آکسفورڈ تحریک کے کسی ترجمان ، حامی یا تحریک کے اصول و نظریات سے متعلق ۔

Tractarianism, n. ٹریکٹیرین کے نظریات ۔

tractate, n. مقالہ ؛ رسالہ ؛ کتابچہ ۔

tractile, a. جرّی ؛ تار پذیر ؛ کھینچے جانے کے قابل ؛ جو لمبائی میں کھینچا جا سکے ؛ لچک دار ؛ متمدّد ۔

tractility, n. تارپذیری ؛ تمدد ؛ لچک ۔

traction, n. جر ؛ کشش ؛ کھنچاؤ ؛ سکڑاؤ ؛ کھینچنے کا عمل ؛ کسی چیز کو سطح پر کھینچنے کا عمل ، جیسے پانی میں جہاز کا ؛ سطح پر کسی شے کی رگڑ ، جیسے گاڑی کے ٹائر کی سڑک پر ۔ (طب) عضلات یا پٹھوں کو کھینچنے کا عمل ، دباؤ ختم یا کم کرنے کے لیے یا کوئی اترا ہوا جوڑ بٹھانے کے لیے ۔

tractional, tractive, a. کھنچائی کا ؛ جرّی ۔

traction engine, n. جرّی انجن ؛ کھینچنے والا دخانی انجن جو سڑکوں یا میدانوں سے وزنی بوجھ کھینچتا رہتا ہے ۔

tractor, n. جرارہ ؛ ٹریکٹر ؛ مضبوط ، عموماً وزنی متحرک گاڑی جو بھاری ساز و سامان اور زرعی مشینری ڈھونے اور کھینچنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ انجن والا ٹرک جس کے ساتھ ٹریلر لگا ہوا ہو اور وزنی سامان کھینچنے کے کام آئے ؛ کوئی چیز جس سے کھینچنے یا گھسیٹنے کا کام لیا جائے ۔ (جہاز رانی) جرّی طیارہ جس کا انجن آگے ہوتا ہے ۔

trade, n. تجارت ؛ حرفہ ؛ بیوپار ؛ کاروبار ؛ پیشہ ؛ دھندا ؛ کام یا شغل جو کاروبار کے طور پر کیا جائے خصوصاً کوئی پیشہ جس میں باقاعدہ تربیت حاصل کر رکھی ہو اور جو تجارتی ، بیوپاری ، زرعی یا محنت مزدوری کے پیشوں سے مختلف ہو (جیسے : the trade of a carpenter) ؛ کوئی ذریعہ معاش یا آمدنی کا کوئی سلسلہ ؛ سوداگری ؛ بیوپار یا کسی خاص چیز یا چیزوں کی قسم کی خریدوفروخت (جیسے : the silk trade) ؛ کسی خاص شعبے کے تاجر ، جیسے کتب فروش ؛ اندرون ملک یا بین الممالک خریدوفروخت یا اشیا کا تبادلہ ، تھوک فروشی یا خوردہ فروشی کے طور پر ، جیسے داخلی یا خارجی کاروبار یا درآمدی و برآمدی تجارت ؛ لین دین ؛ کوئی خاص سودا ؛ خرید ، فروخت یا تبادلہ ؛ سودا یا معاملہ ۔ (عموماً جمع) تجارتی ہوائیں ۔ (فعل متعدی و لازم) خریدنا ؛ بیچنا ، تبادلہ کرنا یا کاروبار کرنا ؛ مال کا مبادلہ کرنا یا مال بدلائی میں دینا (جیسے : to trade one thing for another) ؛ خریدوفروخت کا معاملہ ہونا یا کرنا (جیسے : to trade with the Indians) ؛ مبادلہ ہونا ، خریدنا یا سودا ہونا ۔ (صفت) تجارتی ؛ کاروباری ۔

trade in, استعمال شدہ چیز کا تبادلہ ویسی ہی کسی چیز خریدنے کے عوض (جیسے : to trade in one's old type writer) ۔

trade on or upon, کسی چیز کو ذاتی مفاد کے لیے استعمال کرنا (جیسے : a trade on the family name) ۔

trade acceptance, n. قبولی ہنڈی ؛ خریدار کے نام فروخت کنندہ کی طرف سے جاری شدہ ہنڈی جس میں خریدار مستقبل میں ادائیگی قبول کرے ۔

trade book, n. عام نسخہ ؛ عام فروخت کے لیے کتاب (درسی یا نصابی کتاب یا عام نسخے کے محدود ایڈیشن سے ممیز) ۔

trade council, n. ٹریڈ کونسل ؛ مقامی مزدور انجمنوں کی تشکیل دی ہوئی کونسل یا مجلس ۔

trade discount, n. (تجارت) مجرائی ؛ منہائی ؛ کٹوتی ؛ جو مصنوعات بنانے والے یا تھوک فروش ، زیادہ ل خریدنے والوں یا خوردہ فروشوں کے لیے مال فروخت کرتے وقت عم مقرر کر دیتے ہیں ۔

trade dollar, n. ٹریڈ ڈالر ؛ ۱۸۷۳ء تا ۱۸۸۵ء کے دوران امریکا کا مشرق سے تجارتی مال کی ادائی کے لیے مستعمل ڈالر جس میں عام معیار سے کچھ زیادہ چاندی کا عنصر ملا ہوا ہوتا تھا ۔

trade edition, n. عام ایڈیشن ؛ کوئی کتاب جو عام لوگوں کے پڑھنے کے لیے چھاپی جائے (نصابی یا درسی ایڈیشن سے ممیز) ۔

trade-in, n., a. استعمال شدہ چیز ، جیسے موٹر کار یا ریڈیو جو نئی چیز خریدتے ہوئے رقم کی جزوی ادائی کے طور پر دے دی جائے ؛ اس نوعیت کا کاروباری طریقہ ۔ (فعل متعدی) درج بالا طریقے پر کاروبار کرنا ۔

trade-last, n. (بول چال) دو افراد کا باہمی گفتگو میں کسی اور کے حوالے سے تعریفی اور خوشامدانہ کلمات دہرانا ۔ (مخفف : T.L) ۔

trade mark, n. مارکہ ؛ ٹریڈ مارک ؛ تجارتی نشان ؛ کارخانے کا نشان ؛ حکومت کی طرف سے رجسٹری شدہ نشان ، الفاظ یا وضع جو صنعت کار ، تاجر یا کاروباری اپنی مصنوعات کے لیے مقرر کرے اور دوسروں کی بنائی ہوئی اشیا سے ممیز کرنے کے لیے ان پر اپنی مہریں ، اپنی چھاپ یا اپنا لیبل لگائے ۔ (فعل متعدی) ٹریڈ مارک کے طور پر مہر لگانا ؛ سرکاری طور پر اپنا مارکہ رجسٹر کرانا ۔

trade name, n. تجارتی نام ؛ نام جس سے کوئی چیز تجارتی لحاظ سے مشہور ہو جائے ؛ نام یا نشان جس کے تحت کوئی فرم ، کمپنی یا کارخانہ کوئی کاروبار کرے ۔

trader, n. تاجر یا صنعت کار ؛ بازار/حصص کا دلال جو محض اپنا ذاتی کاروبار کرتا ہو ؛ کسی خاص قسم کے تجارتی مال کا جہاز ۔

trade route, n. تجارتی راستہ ؛ بری یا بحری تجارتی راستہ جس پر تجارتی قافلوں یا تجارتی جہازوں کی آمدورفت ہو ۔

tradescantia, n. ارغوانی نیلگوں پھولوں والی نسل کے پودوں میں سے کوئی پودا ۔

trade school, n. مدرسہ یا مکتب جہاں پیشوں کی نظری تعلیم کے ساتھ عملی تعلیم بھی دی جائے ۔

trade secret, n. صدری نسخہ ؛ تجارتی راز ؛ گھریلو نسخہ یا ترکیب جسے کسی پیشے ، کاروبار یا حرفت وغیرہ میں اپنے فائدے کے لیے استعمال کیا جائے اور دوسرے کو نہ بتایا جائے ۔

tradesfolk, tradespeople, n. پیشہ ور ، کاروباری یا تاجر لوگ ۔

tradesman, n. مستری ؛ ہنرور ؛ تربیت یافتہ مزدور ۔ (برطانوی) دکان دار ۔

tradeswoman, n. ہنرور عورت ۔

trade union, (Brit.) trades-union, n. ٹریڈ یونین ؛ مزدور انجمن جو کسی صنعت و حرفت سے متعلق شعبوں کے کارکنوں پر مشتمل ہو ؛ انجمن پیشہ وراں ۔

trade unionism, (Brit.) trades-unionism, n. ٹریڈ یونین یا مزدوروں کی انجمن قائم کرنے کا اصول یا نظریہ ۔

trade unionist, (Brit.) trades-unionist, n. مزدوروں کی انجمن قائم کرنے کا حامی ؛ مزدوروں کی انجمن کا رکن ۔

trade wind, n. تجارتی ہوا ؛ باد مراد ؛ ان ہواؤں میں سے ایک جو بحر اوقیانوس اور بحرالکاہل میں ۳۰ شمالی اور ۳۰ جنوبی عرض البلد کے درمیان خط استوا کی طرف چلتی رہتی ہے اور شمالی کرے میں اس کا رخ شمال مشرق سے جنوب مغرب کی طرف اور جنوبی کرہ میں جنوب مشرق سے شمال مغرب کی طرف ہوتا ہے ۔

trading post, n. تجارتی کوٹھی ؛ غیر مستقل یا کم آبادی والے علاقے میں کسی تجارتی کمپنی یا تاجر کی طرف سے لگائی گئی دکان یا خریدوفروخت کی جگہ ۔

trading stamp, n. تجارتی اسٹامپ ؛ دکاندار کی طرف سے گاہک کو دیا جانے والا خاص مالیتی مطبوعہ ٹکٹ جس کی کچھ رقم مال کی قیمت کے طور پر کاٹی جا سکتی ہے ۔

tradition, n. رسم ؛ روایت ؛ خیالات ؛ عقائد ؛ ریت ؛ رواج ؛ سنت ؛ ریتوں ، رسموں اور رواجوں کا باپ سے بیٹے کی طرف یا اسلاف سے اخلاف تک غیر تحریری طور پر انتقال مسلسل ؛ عقائد و رسوم جو پشت در پشت سینہ بہ سینہ چلے آ رہے ہوں ؛ نظریات و حقائق جو اس طریقے سے منتقل ہوتے رہے ہوں ۔ (الٰہیات) یہودیوں کے احکام و عقائد جو ضبط تحریر میں نہیں لائے گئے اور جن کے متعلق انہیں یقین ہے کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بصورت صحائف نازل ہوئے اور وہیں سے لیے گئے ؛ اس قبیل کے مسیحی عقائد و اصول جو زبانی چلے آتے ہیں ۔ (قانون) چیز کو باضابطہ خریدار کے حوالے کرنے کا عمل ؛ تحویل یا سپردگی ۔

traditionless, a. بے روایت ، جس کی کوئی روایت نہ ہو ؛ بے رسما ، بے رواجا ۔

traditional, a. روایتی ؛ رواجی ؛ سینہ بہ سینہ ؛ روایت سے ماخوذ یا روایت سے متعلق ؛ جو باتیں یا رسم و رواج ، اسلاف سے اخلاف تک منتقل ہوتی چلی آئی ہوں ۔

traditionally, adv. نقلاً ؛ رواجاً ؛ روایتاً ؛ روایت کی رو سے ۔

traditionalism, n. رواج پسندی ؛ روایت پرستی ؛ رسم و رواج سے چپکے رہنے کی حالت ؛ رسوم کا اتباع یا انہیں اہم گرداننے کا عمل ؛ منقولات ؛ یہ عقیدہ کہ وحی و الہام ہی مذہبی صداقتوں کا سرچشمہ ہے ؛ پیروی سنت ۔

traditionalist, n. روایت پرست ؛ منقولی ۔

traditionalistic, a. روایت پرستانہ ۔

traditor, n. زمانہ اولیٰ کے عیسائی دور کا غدار جو اہل روما کے تعذیبی دور میں اپنی جان بچانے کے لیے انجیل کے نسخے اور دوسری مقدس تحریریں دشمنوں کے حوالے کر دیتا تھا اور عیسائیوں کی مخبری کرتا تھا ۔

traduce, v.t., v.i. بدنام کرنا ؛ دانستہ بہتان باندھنا ؛ افترا پردازی کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ بُرا کہنا ؛ الزام لگانا ؛ عیب لگانا ؛ کلنک لگانا ۔

traducement, n. بہتان طرازی ؛ افترا ؛ بدگوئی ؛ بدنامی ؛ اتہام ؛ الزام ۔

traducer, n. مفتری ؛ بدنام کرنے والا ؛ افترا پرداز ؛ تہمت لگانے والا ۔

traffic, n. راہ روی ؛ ٹریفک ؛ آمدورفت ؛ سڑک ، ریل ، جہاز یا ہوائی راستے سے لوگوں کی آمدورفت یا سامان لانے اور لے جانے کا کام ؛ مال اسباب یا لوگوں کی نقل و حرکت ؛ حمل و نقل ؛ لین دین ؛ مواصلاتی کاروبار ؛ ممالک ، اقوام یا افراد کے درمیان سامان یا تجارتی

مال کا تبادلہ ؛ تجارت ؛ کاروبار ؛ بھاری تبادلہ یا کسی چیز کی خریدوفروخت ، جیسے مال وغیرہ کی ؛ نظام ترسیل کا تاجرانہ بہاؤ جس کا اندازہ ایک دوسرے کو سگنل یا پیغامات بھجوانے سے ہو ؛ غیر قانونی تجارت ، جیسے مسروقہ مال کی ۔ (فعل لازم و متعدی) خلاف قانون کاروبار کرنا یا ہونا ؛ تجارت یا لین دین کرنا یا ہونا (عموماً with سے پہلے آتا ہے) ۔

trafficker, n. غیر قانونی کاروبار کرنے والا ؛ سوداگر ؛ بیوپاری ، تاجر ؛ مسروقہ مال کا تاجر ۔

traffick circle, Brit. round about, n. دیکھیے : rotary

traffic court, n. ٹریفک عدالت ؛ عدالت جس کا دائرہ اختیار صرف ٹریفک کے اصولوں کی خلاف ورزی کے مقدمات کی سماعت اور ان کے فیصلوں تک محدود ہے ۔

traffic island, n. سڑک پر ممنوعہ علاقہ جو ٹریفک کے علاوہ کسی اور کام کے لیے مخصوص کیا گیا ہو ؛ پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ علاقہ ؛ سڑک کے درمیان پتلا سا قطعہ ۔

traffic light, traffic signal, n. ٹریفک بتی ؛ اشارۂ آمدورفت ؛ علامتی بتیاں جو سڑکوں پر لگی ہوئی ہوتی ہیں تا کہ ٹریفک کی نقل و حرکت ان کے مطابق ہو ، سرخ بتی اس بات کی علامت ہے کہ چلتا ہوا ٹریفک رک جائے اور سبز بتی سے ٹریفک حرکت میں آجائے؛ گلی کوچوں کے سروں پر لگی ہوئی روشنیاں جو کھلے اور بند گلی کوچوں کی نشاندہی کرتی ہیں ؛ موڑوں پر سبز رنگ کے تیر کا اشارہ جو اس خاص سمت میں مڑنے کا اشارہ ہوتا ہے ۔

tragacanth, n. کتیرا ؛ سفید یا سرخی مائل ایک قسم کا گوند جو جنس کنیر (Astragalus) کی پرانی جھاڑیوں سے اخذ کیا جاتا ہے ؛ حلبہ ؛ اس کے مرکبات سے دوا کی گولیاں اور میٹھی ٹکیاں وغیرہ بنتی ہیں ، اشیائے خوردنی کو دیر تک محفوظ رکھنے کے بھی کام آتا ہے نیز کپڑے چھاپنے اور چمڑا کمانے میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

tragedian, n. المیہ اداکار ؛ المیہ نگار ؛ حزنیہ نگار ؛ ایسی کہانیاں ، ناول اور ڈرامے لکھنے والا جس کے پڑھنے اور سننے سے دل پر چوٹ سی لگے ؛ غمگین واقعہ کا راوی یا نقال ؛ ڈرامہ جو غم و الم کے واقعات سے بھرا ہوا ہو ؛ المیہ ڈرامے کا اداکار ؛ حزنیہ اداکار ۔

tragedienne, n. المیہ اداکارہ ؛ حزنیہ اداکارہ ؛ کسی المیہ ڈرامے میں کردار ادا کرنے والی اداکارہ ۔

tragedy, n. ٹریجڈی ؛ المیہ ؛ حزنیہ ؛ تعزیہ ؛ المناک واقعہ ؛ ڈراما جو عموماً نظم میں لکھا گیا ہو اور جس میں کسی باہمت اور پُرعزم ہیرو کی اپنی اس قسمت کے خلاف جدوجہد دکھائی گئی ہو جو پُراسرار ، ازلی ، معاشرتی یا نفسیاتی طاقتوں کے تحت پہلے ہی سے اس کا مقدر بن چکی تھی اور جو ہیرو کے کردار میں حسد یا لالچ جیسی کمزوری پیدا ہو جانے کے سبب تباہی و بربادی یا بالعموم موت پر منتج ہوئی ہو ؛ کلاسیکی المیہ میں واقعات کا تسلسل جو ارسطو کے قول کے مطابق دلوں میں خوف اور رحم کے جذبات پیدا کرے ؛ اس قسم کے یا اس طرز پر لکھے گئے ڈراموں کا انداز عام طور پر طربیہ ڈراموں کی ضد ہوتا ہے ؛ قرون وسطی کا نظم یا نثر میں لکھا ہوا کوئی قصہ جو کسی بڑی شخصیت کے دردناک انجام سے متعلق ہو ؛ انسانی زندگی کا شعور و ادراک جو المیہ ڈرامے کی شکل میں واضح کیا جائے ؛ کوئی مصیبت ، حادثہ ، بدنصیبی ، موت یا اسی نوع کے سانحات ۔

tragic, tragical, a. درد ناک ؛ الم ناک ؛ درد انگیز ؛ المیہ ؛ پُرسوز ؛ سوزناک ؛ المیے کی طرز کا یا اس سے متعلق ؛ غم آلود ؛ رنج آور ۔

tragically, adv. درد ناک طریقے پر ؛ المیہ انداز میں ۔

tragicalness, n. درد ناکی ؛ المناکی ؛ غمناکی ؛ سوز و گداز ؛ المیہ کیفیت ۔

tragic flaw, n. (ادب) المیہ ڈرامے میں ہیرو کے کردار میں کوئی خامی یا نقص ، عموماً حُبّ جاہ یا انانیت جو اُس کے زوال کا باعث بنتی ہے گو یہ اُس کی سربلندی کا موجب بھی ہوتی ہے ۔

tragicomedy, n. الم طربیہ ؛ المفرحیہ ؛ ٹریجڈی کومیڈی ؛ الم زا طربیہ ؛ کھٹ مٹھا ناٹک ؛ ایسا ڈراما یا ادب پارہ جس میں غم اور خوشی کا ملا جُلا رنگ پایا جائے ؛ کوئی واقعہ یا سلسلۂ واقعات جو رنج اور خوشی سے عبارت ہو ۔

tragicomic, tragicomical, a. المفرحی ؛ غم اور خوشی میں سمویا ہوا ۔

tragicomically, adv. رنج و راحت کے سموئے ہوئے انداز میں ۔

tragopan, n. کبک ؛ اسی نام و نسل کا ایشیائی تیتر ، کبک یا درّاج ، جس کے سر پر سینگ نما اُبھرا ہوا گوشت ہوتا ہے اور چمکدار رنگیلے پَر ہوتے ہیں ۔

tragus, n. (تشریح الاعضا) غَنَمہ ؛ کان کے باہر سامنے کی طرف چھوٹا سا مُرمُرا اُبھار ؛ صَرصُورُالاُذن ۔

trail, v.t. پیچھے یا زمین پر گھسیٹنا ؛ کھینچنا ؛ خود اپنے پیچھے اُٹھانا جیسے دنبالۂ گرد یا دھویں کا غبار ؛ عقب میں اُٹھانے کا سبب بننا (جیسے :to trail dust or smoke) ؛ نشان یا کھوج لگانا ؛ سراغرساں کی طرح پیچھا کرنا ۔ (فعل لازم) کھنچتے ہوئے یا گھسٹتے ہوئے کسی جگہ سے گزر جانا ؛ لمبی نازک شاخوں یا کونپلوں کی طرح پھوٹنا جیسے کسی پودے کا ؛ پیچھے رہ جانا ؛ کم کم اُگنا یا گھٹ جانا یا بے اثر ہونا (off کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : The music trailed off) ۔ (اسم) راستہ یا پگڈنڈی جو انسانوں یا جانوروں کی لگاتار آمدو رفت سے از خود بن جائے ، جیسے جنگل وغیرہ میں ؛ شکاری ، دوڑ لگانے والے یا گُھڑ سوار کا راستہ ؛ لکیر جو چلنے سے پیچھے بن جائے (جیسے :a trail of smoke) ۔ (عسکری) سازوسامان سے لیس توپ گاڑی کا پچھلا سِرا جو توپ داغتے وقت زمین سے لگ جاتا ہے؛ لیک جو کسی شے کے گِھسٹنے یا چلنے سے بن جائے ۔

trail arms, (عسکری) رائفل کو اس طرح پیچھے لٹکانا کہ نالی کا مُنہ سامنے رہے اور کُندا نیچے کی طرف جُھکا ہوا ہو ۔

trail blazer, n. ویرانے میں نیا راستہ بنانے والا ؛ درختوں پر نشان لگا کر جنگل میں نیا راستہ بنانے والا ۔ (مجازاً) کوئی مخترع یا موجد جو اپنے کام سے مابعد کارکنوں کے لیے سہولتیں پیدا کر جائے ۔

trail blazing, a., n. ویرانے میں نیا راستہ بنانے والا ؛ ویرانے میں نیا راستہ بنانے کا عمل ؛ پیش رو ہونے کی کیفیت ۔

trailer, n. دنباله ؛ ٹھیلا ؛ ٹریلر ؛ کھینچنے والا شخص یا کوئی چیز جس کے ذریعے کھینچا جائے ؛ ٹھیلے کی مانند موٹر کار، ٹریکٹر یا ٹریکٹر کے عقب میں لگی ہوئی یا کھینچی جانے والی گاڑی جو کرائے پر مال اسباب ڈھونے کے لیے یا کشتی غیرہ کو خشکی کے راستے کہیں پہنچانے کے لیے استعمال کی جائے ؛ ون والا مکان جسے

کسی انجن والی گاڑی کے پیچھے لگایا جا سکے اور جس میں تمام سہولتیں موجود ہوں ، جیسے خیمہ زنی کے لیے ؛ پودا جو بیل کی طرح زمین پر پھیلنے والا ہو ؛ آئندہ چلنے والی فلم کے منتخب حصّوں پر مشتمل چھوٹی سی نمونہ فلم جو اشتہار کے طور پر فلم سے پہلے دکھائی جاتی ہے ۔

trailer camp, trailer court, trailer park, n. گاڑی خانہ ؛ موٹر کاریں کھڑی کرنے کا پارک یا میدان جہاں گھریلو استعمال میں آنے والے ٹریلر، سفری کاریں یا اسی قسم کی گاڑیاں عارضی یا مستقل طور پر کھڑی کرنے کی عام سہولتیں میّسر ہوتی ہیں ۔

trailing arbutus, n. غُنچہ نو ؛ ناشگفتہ ؛ بَندبُو ؛ بہاریہ پُھول ۔

trailing edge, n. (طیرانیات) ہوائی جہاز کے پروں یا پنکھوں کا وہ ڈھلوان حصّہ جس پر سے ہوا کا بہاؤ آخر میں گزرتا ہے ۔

train, n. ریل گاڑی ؛ سلسلہ ؛ آپس میں جُڑے ہُوئے ریل کے ڈبّے ؛ ہم سفر لوگوں ، گاڑیوں ، جانوروں کی قطار یا اجتماع ؛ رُوئداد ، واقعات یا حالات کی یکے بعد دیگرے وقوع پذیری یا اُن کا سلسلہ ؛ مربُوط خیالات کا تسلسل یا کسی توجیہہ واستدلال پر گفتگو ؛ پیچھے آنے والی اشیا یا اشخاص کی صف یا تانتا ؛ پیروکاروں یا حاضر باشوں کی جماعت ؛ مصاحبین ؛ خدم و حشم ، نوکرچاکر ؛ عواقب یا نتیجہ (جیسے : famine following in the train of crop failure) ؛ چیزوں یا حصّوں کا سلسلہ یا اُن کی قطار ؛ دامن ، خلعت یا اسی قسم کی پوشاک جس کا لمبا حصّہ پیچھے گھسٹتا چلا جائے ؛ کسی محرک شے کا دنبالہ یا بہاؤ ، جیسے دُم دار ستارے یا شہاب ثاقب کا دنبالہ ؛ کسی طریق کار کے لیے نظم یا خاص ترتیب ؛ کسی چیز کو بھک سے اُڑانے کے لیے آتشگیر مادّے کا فتیلہ ، جیسے بارود کا ۔ (عسکری) فوجی سازوسامان اور رسد کو لے جانے والی گاڑیاں ، جانور اور لوگ مجموعی طور پر ۔ (مشین) چرخیوں یا پُرزوں کا سلسلہ جن سے حرکت کی ترسیل ہوتی ہے ۔ (طبیعیات) مسلسل لہروں یا اہتزاز کا گروپ یا سلسلہ ۔ (فعل لازم و متعدی) تربیت یا ریاضت سے کردار ، عادات یا ذہنی رجحان تشکیل دینا ؛ کسی فن ، پیشے یا کام کے لیے ہدایات اور مشق کے ذریعے تیار کرنا ؛ سکھانا اور سدھانا ، جیسے جانور کو (مختلف کام یا کرتبوں کے لیے) ؛ تربیت دینا ؛ مناسب ورزش ، خوراک اورقواعد کرا کے کسی کو ورزشی کھیلوں کا مظاہرہ یا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنا ؛ مطلوبہ شکل ، حالت یا رُخ پرلانے کے لیے سلیقے سے کام کرنا یا انجام دینا ؛ کسی چیز کو سیدھ میں رکھنا یا نشان پر جمانا ؛ شست لینا ، جیسے اسلحہ ، کیمرا ، دور بین یا آنکھ کی ۔ (گل بانی) پودے یا شاخ وغیرہ کو کسی شکل یا حالت میں موڑ کر ، کاٹ چھانٹ کر کے یا کسی اور طرح کسی مخصوص حالت میں لانا ؛ مہارت بڑھانے کے لیے تربیت دینا ، مشّاق بنانا ، قواعد کرانا یا مشق کرانا ؛ ایسی تربیت حاصل کرنے ، سیکھتے یا مشق کرتے رہنا ؛ مقابلے یا ورزشی مظاہرے کے لیے اپنے آپ کو ورزش ، مشق اور خوراک سے تیار کرنا ؛ ریل گاڑی میں سفر کرنا ۔

trainable, a. تربیت پذیر ؛ تعلیم پذیر ؛ قابلِ تربیت ؛ جو سدھائے جانے کے قابل ہو ۔

trainer, n. تربیت کار ؛ تربیت دینے والا ؛ سدھانے والا ؛ ورزشی مقابلوں کے لیے مشق و ریاضت کرنے والا ؛ گھوڑوں کو گھڑ دوڑ کے لیے سِدھانے والا ۔

trainband, n. تُمن ؛ رسالہ ؛ پلٹن ؛ سولھویں ، سترھویں اور اٹھارویں صدی میں لندن یا کسی اور جگہ کے شہریوں کا تربیت یافتہ فوجی دستہ ۔

training, n. تربیت ؛ سدھاوٹ ؛ تربیت کار کا یا جس چیز سے تربیت دی جائے، اُس کا طریقہ یا عمل یا عمل کے نتیجے میں ظاہر ہونے والی کیفیت ؛ مشق ؛ ریاضت ۔ (صفت) تربیت کا ؛ تربیت سے متعلق یا تربیت میں مستعمل ۔

training college, n. (برطانوی) کلیۂ تربیت اساتذہ ؛ ٹریننگ کالج ؛ معلّموں کا کالج ؛ تربیتی کالج ؛ تربیتی ادارہ ؛ کالج جہاں طلبہ کو اساتذہ بننے کی تعلیم و تربیت دی جائے ۔

training school, n. مدرسۂ تربیت ؛ تربیت گاہ ؛ ٹریننگ اسکول ؛ تربیتی اسکول ؛ تربیتی مدرسہ یا مکتب جہاں کسی فن ، پیشے یا دستکاری وغیرہ کی تعلیم و تربیت دی جائے ؛ ایک نگراں ادارہ جہاں نافرمان ، بگڑے بچّوں کو اصلاحی تربیت اور تعلیم دینے کی غرض سے رکھا جاتا ہے ۔

trainman, n. ٹرین مَین ؛ بریک والا آدمی یا جھنڈی بردار جو ریل گاڑی کے کنڈکٹر کی مدد کرنے کے لیے ریلوے کے محکمہ کی طرف سے مامور ہوتا ہے ۔

train oil, n. روغنِ وھیل ؛ تیل جو وھیل مچھلی کی زیر پوست یا دوسری چربی سے نکالا جاتا ہے ۔

trainsick, a. ریل روگی ؛ ایک قسم کا مرض یا بیماری جو ریل گاڑی کے سفر میں ہچکولے کھانے سے پیدا ہو جاتا ہے اور اس مرض میں متلی یا قے کرنے کی حاجت محسوس ہوتی رہتی ہے ؛ حرکت سے پیدا ہونے والے اضطراب سے متعلق ۔

trainsickness, n. ریل روگ ؛ ریل گاڑی کے سفر میں ہچکولے کھانے سے پیدا ہو جانے والا متلی یا قے کا عارضہ ۔

traipse, trapes, v.i., v.t. (بول چال) چلنا یا آوارہ پھرنا ؛ بے مقصد اِدھر اُدھر گھومنا ؛ مٹرگشت کرنا ؛ چہل قدمی کرنا ۔ (اسم) آوارگی ؛ مٹرگشت ؛ چہل قدمی ۔

trait, n. خصلت ؛ خاصیت ؛ خاصہ ؛ نشان ؛ شباہت ؛ پُٹ؛شائبہ خصوصیت یا امتیازی وصف ۔ (قدیم) ہلکا سا حظ یا ذرا سی چاشنی ۔

traitor, n. غدّار ؛ نمک حرام ؛ اپنے ملک سے بے وفائی کرنے والا ؛ بغاوت کا مُجرم ؛ جس نے خیانت یا دھوکا دہی کا جرم کیا ہو ۔

traitorous, a. غدّار صفت ۔

traitorously, adv. غدّاری سے ؛ نمک حرامی سے ؛ دغا بازی سے ؛ بیوفائی سے ۔

traitress, n. غدّار یا نمک حرام عورت ۔

traject, v.t. کسی چیز پر سے یا اُس کے اندر سے پھینکنا ۔

trajection, n. کسی جگہ کے اوپر سے یا اندر سے پھینکنے کا عمل ۔

trajectory, n. خط حرکت ؛ خط مستدیر ؛ خط پرواز ؛ مسیر ؛ عمودی مستوی پر بندوق کی گولی یا شیل وغیرہ کی قوس جو وہ پھینکنے والے آلے کے دہانے سے نشانے پر گرنے تک بنائے ؛ کسی چیز یا جسم وغیرہ کی وہ قوس جو بیرونی طاقت سے پھینکنے کی وجہ سے بنے ۔ (جیومیٹری) منحنی خط جو خطوں کے سلسلے کو ایک مقرّرہ

زاویے پر قطع کرے ۔

tram, n. ریشم کا ڈھیلا بٹا ہوا دوہرا تار جو ریشمی اور مخملی کپڑوں کی بُنائی میں آڑے دھاگے کا کام دے ۔

tram, n. (برطانوی) ٹرام گاڑی ؛ پٹڑی پہیّوں والا ٹرک یا موٹر گاڑی جو کوئلے کی کانوں میں ایک جگہ سے دوسری جگہ باربرداری کے لیے استعمال کیا جائے ؛ ٹرام کی پٹڑی ۔ (فعل متعدی و لازم) ٹرام سے سفر کرنا یا ٹرام کے ذریعے لانا یا لے جانا ۔

tramcar, n. (برطانوی) ٹرام گاڑی ؛ گلی کوچوں میں چلنے والی ٹرام ؛ ٹرام کار ۔

tramline, n. (برطانوی) گلی کوچوں میں چلنے والی ٹرام گاڑی کی لائن یا پٹڑیاں ۔

trammel, n. (عموماً جمع) دام ؛ رکاوٹ ؛ پھندا ؛ جال ؛ بندش ؛ اڑنگا ؛ کوئی چیز جو کام ، آزادی یا ترقی میں کسی قسم کی رُکـاوٹ پیدا کرے ، اُس پر بندش لگائے یا اُسے محدود کرے ؛ سدّراہ ؛ بیضوی کش آلـہ ؛ دائـرے کھینچنے والا پرکار یا کوئی مشینی آلہ ؛ گھوڑے کودو گامہ چال سکھانے والا کڑا ؛ زنجیر ؛ بیڑی ؛ مچھلی پکڑنے کا تہرا جال جس میں کناروں کے دو جال بڑے پھندوں والے اور درمیانی جال چھوٹے پھندوں والا ہوتا ہے ؛ پرندے پکڑنے کا پھندا یا جال ؛ مشینی پُرزوں کو ایک سیدھ میں کرنے کا اوزار ۔ (فعل متعدی) قید کرنا ؛ پابند کر دینا یا زنجیروں میں جکڑ دینا ۔

trammeler, Brit. trammeller, n. قید کرنے والا ؛ پابند کردینے والا ؛ زنجیروں میں جکڑ دینے والا ۔

tramontane, a., n. ماورائے کوہ ؛ سلسلۂ کوہ کے دوسری طرف کا ؛ اطـالـویوں کے مطابق : کوہِ آلپس کے دوسری طرف کے باشندے ؛ بدیسی ؛ غیر مہذب ؛ وحشی ؛ اجنبی ۔

tramp, v.i. مضبوط ، بھاری ، دھم دھماتے ہوئے قدموں سے چلنا یا پھرنا ؛ زور سے ایڑیاں مارکر یا دھپ دھپ کرتے ہوئے چلنا (عام طور پر on یا upon کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to tramp upon a person's toes) ؛ وزنی قدموں کے ساتھ یا آرام سے، معیّن رفتار کے ساتھ یا دقّت سے چلنا ؛ سیرو تفریح کرنے کے لیے جانا یا کسی مہم پر روانہ ہونا ؛ آوارہ گردی کرنا یا کسی مقصد کے بغیر ادھر اُدھر آوارہ مزاج لوگوں کی طرح گھومتے رہنا ۔ (فعل متعدی) پامال کرتے ہوئے چلنا ؛ اُوپر سے یا بیچ میں سے وزنی قدم اُٹھاتے ہوئے یا آہستہ سے گزرنا ؛ پیدل چلنا ۔ (اسم) جگہ بہ جگہ پیدل پھرنے والا شخص خاص کر آوارہ گرد جو ملک میں یونہی جُوتیاں چٹخاتا پھرے اور مانگی تانگی یا تحفے میں ملی ہوئی رقم ، خوراک یا عارضی ذریعۂ معاش سے اپنی گزران کرے ؛ پامالی ؛ مضبوط ، وزنی اور آواز دار چال ؛ مسلسل بھاری قدموں سے چلنے کی آواز ؛ سبک خرامی سے لمبی سیر یا مٹر گشت ؛ سیر سپاٹا یا مُہم جُوئی ؛ کرائے کا مال بردار جہاز جو مقررہ بندرگاہوں کے درمیان باقاعدہ طور پر نہیں چلتا بلکہ جہاں مال بھیجنے والا (تاجر) چاہے وہاں سامان لے جاتا ہے ؛ بھاڑے کا سمندری جہاز ؛ لوہے کا تَلا جو کُھـدائی کا کام کرنے والے مزدور اپنے بُوٹ کے تلے کے نیچے بطور حفاظت لگا لیتے ہیں ۔ (عوامی) جنسی طور پر اوباش عورت ؛ چھنال ۔

tramper, n. پامال کنندہ ؛ کُچلنے والا ؛ آوارہ گھومنے والا ۔

trample, v.i. پامال کرنا ؛ روندنا ؛ کچلنا ؛ کھوندنا ؛ وزنی قدموں سے شور کرتے ہوئے چلنا یا زمین پر زور سے پاؤں مارنا ؛ بھاری قدموں سے ، بُرے طریقے کے ساتھ یا کسی چیز کو کُچلتے ہوئے چلنا (جیسے : to trample upon young plants,) ؛ نہایت سختی ، تندی اور ظالمانہ طریقے کا سلوک کرنا یا برتاؤ روا رکھنا ؛ غیر مناسب رویّے سے پیش آنا (عموماً on یا upon کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to trample on an oppressed people or their rights) ۔ (فعل متعدی) زور دے کر ، بُری طرح یا بے پروائی کے ساتھ کسی چیز کو کُچلنا یا پیروں تلے روندنا ۔ (مجازاً) پامال کرنا ؛ سختی سے غالب آنا یا کچل ڈالنا (جیسے : to trample law and order) ؛ بجھا دینا ، مجبور کرنا ؛ روند کر دبا دینا (عموماً out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to trample out a fire) ۔ (اسم) کچل دینے کا عمل یا اس سے پیدا ہونے والی آواز ۔

trampler, n. کُچلنے والا ؛ پامال کُنندہ ۔

trampoline, n. ترامپلین ؛ کسی چپٹے مستطیل فریم میں اسپرنگوں یا لچک دار رسّے سے بندھا ہوا بھاری کینوس یا جال جو قلابازی کھانے یا نٹوں کے کرتب دکھانے میں استعمال ہو ۔

trampoliner, trampolinist, n. اسپرنگ یا لچک دار رسّے سے بندھے ہوئے کینوس یا جال پر قلا بازیاں کھانے والا یا اس پر کرتب دکھانے والا نٹ ؛ قلا باز ؛ نٹ ۔

tramroad, n. ٹرام سڑک ؛ پٹڑی دار سڑک ؛ سڑک یا راستہ جس پر پہیّوں کے چلنے کے لیے لکڑی کے شہتیروں ، پتھر کے لمبے ٹکڑوں یا لوہے کے ٹکڑوں کی پٹڑیاں یا لائنیں بچھی ہوتی ہیں ، خصوصاً کانوں وغیرہ میں ۔

tramway, n. پٹڑی دار راستہ ؛ ٹرام کی سڑک ؛ کان کے اندر یا کان پر ریل کی پٹڑی ۔ (برطانوی) گلی کوچوں میں چلنے والی ٹرام کی پٹڑی ۔

trance, n. وجد ؛ حال ؛ بے خودی ؛ نیم مدہوشی جیسے سوتے جاگتے کی درمیانی کیفیت جس میں افعال غیر ارادی طور پر سر زد ہوتے ہیں ؛ بے ہوشی ؛ سکتے یا ہپناٹزم کی کیفیت ؛ بدحواسی یا ششدر ہونے کا عالم ؛ محویت یا استغراق ۔ (روحانیات) وہ عارضی حالت جس میں روح ، جسم سے جُدا ہوکر عالم ملکوت کی سیر کرتی ہے اور اس پر رُوحانی حقائق منکشف ہوتے ہیں جو بات چیت کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں جیسے مُردے کی رُوح سے ہمکلامی ؛ عالم رویا ؛ حالت جذب ۔ (فعل متعدی) جذبات ، مسرّت یا غم وغیرہ سے بے خود کرنا ؛ وجد میں لانا ؛ مدہوش کرنا ۔

tranquil, a. پُرسکون ؛ شانت ؛ خاموش ؛ بے اضطراب ؛ پُرامن (جیسے : a tranquil landscape) ؛ مطمئن ؛ پُر اطمینـان ، جسے آسانی سے مُضطرب نہ کیا جا سکے (جیسے : a tranquil disposition) ۔

tranquilly, adv. سکون سے ؛ اطمینان سے ؛ آسودگی سے ۔

tranquilness, n. سکون ؛ آسودگی ؛ اطمینان ۔

tranquilize, tranquillize, v.t. ساکن کرنا ؛ اشتعال کو دبا دینا ، خصوصاً دوائیوں کے استعمال سے ؛ ٹھیک کر دینا ؛ ٹھنڈا کر دینا ؛ پُر سکون کر دینا ۔ (فعل لازم) ساکن ہو جانا یا ٹھنڈا ہونا یا ٹھنڈا پڑ جانا ؛ بے اضطراب ہونا ؛ آسودہ ہونا ؛ پر سکون ہونا ۔

tranquilizer, tranquillizer, n. مُسکِّن ؛ سکون آور ؛ سکون یا آرام پہنچانے والی کوئی چیز ؛ کوئی مُسکّن دوائی ۔

tranquillity, tranquility, n. سکون ؛ طمانیت ؛ اطمینان ، آرام کی حالت یا کیفیت ؛ آسودگی ۔

transact, v.t., v.i. کرنا یا انجام دینا ؛ کاموں یا کسی معاملے کو نتیجے یا فیصلے تک پہنچانا ؛ کام پورا کرنا یا ہونا ؛ گفت و شنید کرنا یا ہونا ؛ سودا یا معاملہ کرنا یا ہونا ۔

transactor, n. معاملہ کرنے والا ؛ کام کرنے والا ؛ سودا کار ؛ کاروباری ۔

transaction, n. معاملہ ؛ کارروائی ؛ سودا ؛ لین دین ؛ بیوپار ؛ سودا کاری ؛ معاملہ یا سودا کرنے کا عمل ؛ سودا کیے جانے کی حقیقت ؛ معاہدہ ؛ کسی چیز کا سودا کرنے کی مثال یا طریقہ یا جس چیز کا سودا ہوا ہے اُس کی مثال یا طریقہ ، جیسے چھوٹا سا تجارتی معاملہ ۔ (جمع) کسی علمی انجمن کی مطبوعہ کارروائی یا کسی جلسے میں پڑھے گئے مقالات اور کی گئی تقریروں یا بحثوں وغیرہ کی مطبوعہ رپورٹیں ؛ روئداد ۔

transactional, a. لین دین کے بارے میں ؛ سودے یا کارروائی سے متعلق ۔

transalpine, a. ماورائے آلپس ، خصوصاً اطالوی نقطۂ نظر سے ۔ (اسم) کوہِ آلپس کے دوسری طرف کا قدیمی باشندہ یا ساکن ۔

transaminase, n. (حیاتی کیمیا) کوئی خامرہ جو ایک مرکب سے امائینو گروہ کو دوسرے مرکب میں منتقل کرنے کا کیمیائی عمل کرے ۔

transamination, n. وہ کیمیائی عمل جس سے کوئی مرکّب ایک امائینو گروہ سے دوسرے گروہ میں بدل جاتا ہے ۔

transatlantic, a. بحراوقیانوس کے ماورا کا یا اوقیانوس کے دوسری طرف کا ؛ امریکی ؛ ماورائے اوقیانوسی ۔

transceiver, n. (برقیات) آلہ ترسیل و وصول ؛ سفری یا ہلکے وزن کا ریڈیو جس میں ٹرانسمیٹر اور ریسیور اکٹھا لگا ہوا ہو اور جو بہ آسانی ایک جگہ سے دوسری جگہ اُٹھا کر لے جایاجا سکے ۔

transcend, v.t., v.i. بڑھ جانا یا سبقت لے جانا ؛ مافوق ہونا یا گزر جانا ، جیسے حد سے ؛ بلندی ، کمال ، حد یا درجے میں ماورا ہونا ؛ فائق ہونا ؛ فضیلت رکھنا یا آگے نکل جانا ۔ (الٰہیات)(دیوتا کے متعلق جو عالم مادی سے ماورا اوراس کے تعینات سے بالا ہو) لامحدود ہونا ؛ مطلق ہونا؛ ماورا ہونا؛ مافوق ہونا ۔

transcendent, a. افضل ؛ اعلیٰ ؛ ارفع ؛ برتر ؛ ماورا ؛ مطلق ؛ لامحدود ؛ ماورائے حدود ؛ افضل واشرف ؛ مقتدر و مختار ۔ (الٰہیات) دیوتا کے متعلق جو عالم مادّی سے ماورا ہو ۔ (فلسفہ) علم کلام میں ، ارسطو کے مقولات عشر سے بالا ؛ ماورائے ادراک ؛ ہستیٔ مطلق ؛کانٹ کے فلسفے میں ، مافوق تجربہ اور انسانی ادراک میں نہ آنے والا ۔

transcendence, transcendency, n. سبقت ؛ برتری ؛ مطلقیت ؛ ماورائیت ؛ رفعت ؛ تنزیہ ؛ ماورائے ادراک ہونے کی کیفیت ۔

transcendently, adv. نہایت ؛بے حد ؛ ماورائے ادراک ہوتے ہوئے ۔

transcendental, a. ماورائی ؛ ارفع ، اعلیٰ یا برتر ؛ معمولی یا عام تجربے ، خیال یا عقیدے سے ماورا ؛ فوق الفطرت ؛ مجرد یا نظری ؛ تصوری ، بلند یا حدود معقولیت سے متجاوز ؛ حواس خمسہ سے باہر ۔ (فلسفہ) بعض نظریات کے بارے میں جس میں اشیا ، خارجی نظریات یعنی نفس مُدرکہ کی پیدا کی ہوئی قرار دی جائیں ؛ کانٹ کے فلسفے کے مطابق فوق تجربی ، قبل تجربی جو تجربے سے قبل ذہن میں موجود ہو اور جس کے بغیر تجربہ ، جو انسان کے علم کی اصل بُنیاد ہے ، ممکن نہ ہو ؛ موضوعی ؛ عُلوی ؛ بدیہی ۔ (ریاضی) تفاعل کی صفت ، جو جبر و مقابلہ کی جمع ، تفریق اور ضرب وغیرہ اور ان کے برعکس اعمال سے پیدا نہ کی جا سکے ؛ ماورائی ۔

transcendentally, adv. بدیہی طور پر؛ بے تجربہ ؛ بے مشاہدہ ؛ مبہم یا دقیق طور پر ؛ نہایت عمدہ طور سے ؛ بخوبی ؛ فوقیت سے ۔

transcendentalism, n. علویت ؛ ماورائیت ؛ فوق العقلیت ؛ ماورائے عقل خصوصیت ؛ الہامی فکریا الہامی زبان ؛ فوق التجربیت ۔ (فلسفہ) کوئی فلسفہ جو اس نظریے پر مبنی ہو کہ خارجی اشیا کی حقیقت کے اصول تعاملِ فکر کے مطالعے ہی سے یا حسیات چھوڑ کر وجدان اور روحانی کشف سے دریافت کیے جا سکتے ہیں ؛ موضوعی فلسفہ ۔ نیز : transcendental philosophy

transcendentalist, n. موضوعی ؛ موضوعیت پسند ؛ ماورائیت پسند ۔

transcontinental, a. بین براعظمی ؛ جو کسی برّاعظم سے گزرے یا اسے عبور کرے (جیسے : a trans continental rail road) ؛ براعظم کے دوسری جانب؛ برّاعظم پار ۔

transcribe, v.t. نقل کرنا ؛ اُتارنا ؛ ہاتھ سے لکھ کر نقل کرنا یا بذریعہ ٹائپ نقل اُتارنا جیسے کسی دستاویز کے متن ، مختصرنویسی کے کسی نوٹ یا کسی تقریر کے نکات کی ۔ (صوتیات) آواز کو صوتی علامت میں پیش کرنا یا ظاہر کرنا ۔ (موسیقی) کسی خاص سازو آواز کے لیے لکھے گئے نغمے کو کسی اورآواز و ساز کے لیے ترتیب دینا ۔ (ریڈیو) بعد میں نشر کرنے کے لیے پہلے ہی سے ریکارڈ کر لینا جیسے کسی پیشکش یا اعلان کا ؛ ریکارڈ شدہ آواز کو سُن کر الفاظ میں لکھنا ۔

transcriber, n. کاتب ؛ نقل کرنے والا ؛ ریکارڈ کرنے والا ؛ نغمہ ترتیب دینے والا ۔

transcript, n. نقل ؛ نسخہ ؛ ہاتھ سے لکھی ہوئی یا اُتاری ہوئی نقل ؛ تحریری یا ٹائپ شدہ نقل ؛ نقل یا اس کا چربہ ؛ کسی چیز کی شکل جو ایک حرفِ ابجد یا زبان سے دوسرے حرفِ ابجد یا زبان میں بدلی گئی ہو ؛ اسکول کی سرکاری رپورٹ جو طالب علم کی نصابی کتابوں کی فہرست ، مدارج ارتقا اور اُس سے وصول کی جانے والی رقومات پر مشتمل ہو ۔

transcription, n. نقل نگاری؛ نقل نویسی ۔ (موسیقی) آہنگ یا ساز کے لیے کسی نغمے کی اُس نغمے کے علاوہ ترتیب ، جس کے لیے وہ پہلے لکھا گیا تھا ۔ (ریڈیو) نشرنگاری ؛ ریڈیو سے نشر کرنے کے لیے کسی نغمے ، ڈرامے یا اس طرح کی پیشکش کو پہلے ہی سے ریکارڈ کر لینے کا عمل ۔

transcriptional, transcriptive, a. نقل کے بارے میں یا نقل سے متعلق ۔

transducer, n. (برقیات) مبدّل توانائی ؛ ایک نظام ترسیل کی توانائی کو دوسرے نظام ترسیل کی توانائی میں بدلنے کا آلہ ۔

transduction, n. (جینیات) درایصال ؛ پار ایصال ؛ ایک طریقہ جس سے توالد و تناسل کا تعیّن کرنے والے عناصر (جین) ایک خرد بینی اجسام نامیہ سے وائرس جیسے کسی عامل کے ذریعے دوسرے خُرد بینی اجسام نامیہ میں داخل ہو جائیں ۔

transect, v.t. کسی چیز کا عرضاً تراشنا یا کاٹنا؛ آرپار کرکے تقسیم کرنا ؛ عرضاً قطع کرنا ۔

transection, n. مقطع عرضی ؛ عرضی تراش ؛ عرضی قطعہ ؛ کسی چیز کا قطعہ جو پوری سطح سے عرضاً تراشا جائے ؛ عرضی کاٹ ۔

transept, n. (فن تعمیر) عرضی بازو ؛ آڑا بازو ؛ صلیب نما گرجے کا بنا ہوا وہ حصہ جو وسط کلیسا اور سماع خانے کے درمیان ہو اور ہر طرف سے اُس کا آڑا بازو باہر نکلا ہوا ہو تاکہ وہ صلیب کے دو چھوٹے بازوؤں کی طرح دکھائی دے ؛ اس حِصّے کے دو بازوؤں میں سے کوئی بازو ؛ عرضی فصل ۔

transeptal, a. گرجے کے عرضی حِصّے کے بارے میں ۔

transeptally, adv. گرجے کے عرضی حِصّے کے طریقے سے ۔

transfer, v.t. تبدیل کرنا ؛ ایک جگہ یا شخص سے دوسری جگہ یا دوسرے شخص تک لے جانا یا ان کے پاس سے اُٹھا لینا ۔ (قانون) قبضہ دینا یا کسی کو منتقل کرنا (جیسے : to transfer a title to land) ؛ فروخت کرنا یا دے ڈالنا ؛ ڈرائنگ ، نقشے یا تصویر کا ایک سطح سے دوسری سطح پر اُتارنا ۔ (فعل لازم) ایک جگہ سے دوسری جگہ خود کو تبدیل کرنا ؛ کسی اور جگہ تبادلہ ہو جانا ؛ ایک گاڑی سے دوسری گاڑی بدلنا ۔ (اسم) تبادلہ ، تبادلے کا عمل یا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی ؛ داخل خارج ؛ انتقال ؛ نقل مکانی ؛ تبدیلی ؛ بدلی ؛ منتقلی ۔

transferal, transferral, a., n. منتقل شدہ چیز ، جیسے نقشہ یا ڈرائنگ وغیرہ ؛ تبدیلی کا مقام یا جگہ ؛ تبادلے کا ذریعہ یا طریقہ ؛ ٹکٹ جس سے مسافر دوسری گاڑی میں سفر کرنے کا مجاز ہو ۔

transferable, a. تبدیل پذیر ، نقل پذیر ؛ قابل فروخت ۔ (قانون) قابل انتقال ، جیسے ملکیت وغیرہ ؛ سکارنے کے قابل ، جیسے ہُنڈی وغیرہ ۔

transferee, n. منتقل الیہ ؛ ملکیت جس کے نام مُنتقل ہو ؛ وہ شخص جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ مُنتقل ہو جائے یا جس کا تبادلہ ہو جائے ۔

transferase, n. (حیاتی کیمیا) کیمیائی خمیر جو اجسام نامیہ کے گروہوں کو ایک سالمے سے دوسرے سالمے میں مُنتقل کرنے کے لیے بطور حملان کام کرے ۔

transferee, n. (قانون) مُنتقل الیہ ؛ جس کے نام جائیداد وغیرہ منتقل کی جائے ؛ جو ایک جگہ یا ایک عہدے سے دوسری جگہ یا دوسرے عُہدے پر بدل دیا جائے ۔

transference, n. نقل ؛ انتقال ۔ (تحلیل نفسی) تحویل تاثر ؛ انتقال جذبات ؛ جذبات کا احیا اور منتقلی خصوصاً بچپن کے فراموش شدہ تجربات کی (اُس شخص کی بجائے جس سے وہ آغاز میں حاصل ہوئے ہوں، کسی دوسرے شخص کی طرف ، عموماً تحلیل نفسی کرنے والے کی طرف) ۔

transferential, a. انتقالی ۔

transferor, n. (قانون) منتقل کنندہ ؛ جائیداد منتقل کرنے والا ؛ انتقال کنندہ ۔

transfer payment, n. سرکاری اخراجات جو اشیا، خدمات یا سامان وغیرہ کے حصول کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے کیے جائیں ۔

transfiguration, n. تبدیلی صورت ؛ تبدیلی شکل یا تبدیلی ہئیت کا عمل ۔ (بڑے T سے) حضرت عیسیٰ کی شکل میں تبدیلی جو پہاڑی پر واقع ہوئی تھی ۔ (متی : باب ۱۱ ، آیات : ۱ تا ۹) ؛ کلیسائی تہوار جو ٦ اگست کو اس تبدیلی کی یاد گارمیں منایا جاتا ہے ؛ عید معجزۂ تبدیلی ؛ تجلّی عیسی ۔

transfigure, v.t. ظاہری شکل یا ہئیت بدل دینا ؛ شکل میں تبدیلی پیدا کر دینا ؛ کہیں زیادہ حسین اورشاندار بنا دینا ؛ معزز اور پُر شکوہ بنانا ؛ بڑھانا چڑھانا ۔

transfigurement, n. شکل یا ہئیت کی تبدیلی ۔

transfinite, a. ورائے محدود ؛ محدود سے بالا یا ماورا ۔

transfinite number, (ریاضی) غیر محدود بُنیادی یا غیر محدود ترتیبی عدد ۔

transfix, v.t. چھید ڈالنا ، جیسے نوکدار اسلحہ سے ؛ خوف اور دہشت سے کسی کو مبہوت کر دینا ۔

transfixion, n. (جرّاحی) بتر داخلی ؛ آر پار چھید؛ چھری اندر گھونپ کر باہر کی طرف کاٹنے کا عمل ؛ دروں تراشی ؛ خوف و دہشت سے مبہوت کرنے کا عمل یا ایسی حالت ۔

transform, v.t., v.i. ہیئت یا شکل بدل دینا ؛ کایا پلٹ کر دینا ؛ حالت ، طبع یا خاصیت میں تبدیلی لے آنا ؛ بدل دینا ؛ قلبِ ماہیت کر دینا؛ دوسرا روپ دینا ؛ تقلیب کرنا ۔ (برق) برقی رو بدل دینا جیسے توانائی زیادہ ہو تو کم کر دینا اور کم ہو تو اُسے بڑھا دینا یا اس کی قوت میں تبدیلی لانا ، جیسے بدل رو سے راست رو میں ۔ (ریاضی) ایک رقم کا مساوی مقدار کی دوسری رقم میں بدلنا ؛ منقلب ہو جانا ۔ (طبیعیات) بدلنا ، جیسے توانائی کی ایک شکل سے دوسری شکل ؛ حالت یا خاصیت میں تبدیلی ہونا ۔ (اسم) (ریاضی) بدلی ہوئی رقم یا مقدار ؛ تغیّر کُلی ۔

transformable, a. منقلب ؛ انقلاب پذیر ۔

transformative, a. قلبِ ماہیت کا ؛ منقلب کرنے والا ۔

transformation, n. تقلّب ؛ تبدیلی ؛ تناسخ ؛ آواگون ؛ استحالہ ؛ کایا پلٹ ؛عملِ تغیر یا متغیّر حالت ؛ قلب ماہیت ؛ تبدل ؛ تبدل نوع ۔ (ریاضی) تحویل مساوات ؛ اس تحویل کا قاعدہ ۔ (لسانیات) کسی لفظ یا جملے کی نحوی یا صوتی تبدیلی جو لاحقے، حذف یا بدل سے واقع ہو اور جس سے اکثر فعل کے زمانے یا فعل کی حالت میں لفظی یا معنوی تغیّر پیدا ہو جاتا ہے ؛ عورتوں کے لیے پورے سر کے مصنوعی بال (وِگ) ۔

transformational, a. تغیّر کے قابل ۔

transformationally, adv. بدلتے ہوئے ، متغیّر ہوتے ہوئے ۔

transformational grammar, n. (لسانیات) تبادلی قواعد ؛ قواعد زبان یا صرف ونحوجس میں تغیّرات کا استعمال ہو ، جیسے لسانی رشتوں کو ظاہر کرنے والے لفظوں یا جملوں کے لاحقے ، محذوفات یا بدل وغیرہ، خصوصاً ایسی صرف و نحو ۔ (گرامر) جس میں فرضی نحوی رشتوں کی گہری ترکیب کی موجودگی کو فرض کر لیا جائے جس سے کسی زبان کے لیے لفظی و معنوی اجزائے ترکیبی میں تغیّر پذیری کے سبب، جولغوی طریقے سے جملوں کی نحوی ساخت کی گہری ترکیب میں داخل ہوئے ہوں، صحیح اور باضابطہ ترکیبی سطح پیدا ہو جاتی ہے ۔

transformer, n. (برق) مُبدّل ؛ ٹرانسفارمر؛ بدل گر ؛ برقی رو کے سرکٹ بدلنے کا آلہ جس کے ذریعے زیادہ توانا برقی رو کو کم اور کم برقی رَو کو توانا بنایا جا سکے ۔

transfuse, v.t. رطوبت یا خون منتقل کرنا ؛ دھار باندھ کر ڈالنا ؛ داخل کرنا یا منتقل کرنا ؛ ٹپکانا یا دینا ۔ (جرّاحی) ایک شخص یا جانور کی شریانوں یا رگوں سے خون نکال کر دوسرے شخص یا دوسرے جانور کی شریانوں یا رگوں میں داخل کرنا ۔

transfusible, transfusable, a. خُون جو انتقال کے قابل ہو ؛ ایک دوسرے میں ڈالنے یا پہنچانے کے قابل ۔

transfusion, n. نقل الدّم ؛ انتقال خون کا عمل ۔ (جرّاحی) کسی شخص یا جانور کی شریانوں سے خون نکال کر دوسرے شخص یا جانور کی شریانوں یا رگوں میں منتقل کرنے کا عمل ؛ انتقال خون ، جیسے کسی ایک شخص کے خون کا دوسرے اشخاص میں ادخال ؛ نفوذ باہمی ؛ انتقال رطوبت ؛ نفوذ ؛ خَلط ۔

transgress, v.i., v.t. خلاف ورزی کرنا جیسے کسی مقررہ اصول یا قانون کی ؛ حد سے متجاوز ہونا ؛ قانون توڑنا ؛ انحراف کرنا ؛ عدول کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ کج روی اختیار کرنا ؛ خطا کرنا ؛ ارتکاب جُرم کرکے اشتعال دلانا ؛ گناہ کرنا ؛ خطا وار ہونا ؛ بھٹک جانا ۔

transgressive, a. عدول حکمی ؛ خلاف ورزانہ ؛ خطا کارانہ ؛ قصور وارانہ ۔

transgressor, n. مخالف ؛ خطاکار ؛ قصور وار ؛ مرتکب خطا ؛ کج رو ۔

transgression, n. عمل انحراف ؛ خلاف ورزی یا قانون شکنی ؛ جُرم ؛ تجاوز ؛ عہد شکنی ؛ عدول حکمی ۔

transhumance, n. موسمی ہنکاؤ ؛ ڈھور ڈنگر کا پہاڑیوں سے میدانوں کی طرف موسمی ہنکاؤ کیونکہ عام کھیت اس موسم میں عمدہ چراگاہیں بن جاتے ہیں ۔

transhumant, a. موسمی ہنکاؤ کے بارے میں ۔

transience, transiency, n. ناپائداری ؛ عارضی ہونے کی کیفیت یا حالت ۔

transient, a. مستعجل ؛ ناپائدار؛ عارضی ؛ زُود گزر ؛ وقتی ؛ آنی جانی ؛ فرعی ؛ چند روزہ ؛ جو مستقل رہنے والا اور پائدارانہ ہو ؛ لمحہ بھرکا ؛ گزراں ؛ سریع الزوال ؛ غیر اصلی ۔ (اسم) عارضی یا ناپایدار شخص یا چیز (جیسے: a room for a transient) ۔

transiently, adv. عارضی طور پر ؛ دم بھر کو ؛ آناً فاناً ۔

transilient, a. جَستی ؛ عابر ؛ جلدی سے ایک حالت یا ایک چیز سے دوسری حالت یا دوسری چیز تک جانے والا ؛ مستعجل ۔

transilluminate, v.t. اندر سے روشنی گزارنا ؛ دروں ضوفگنی کرنا ؛ در تنویری کرنا ۔ (طب) تشخیص مرض کے لیے کسی عضو یا اس کے کسی حصّے کے اندر تیز روشنی ڈالنا ۔

transillumination, n. دروں ضوفگنی ؛ درتنویری ۔

transistor, n. (برقیات) ٹرانسسٹر ؛ نیم موصل جیسے جرمینیئم اور سلیکان استعمال کرنے والاآلہ جو برقیرہ نلی کا کام انجام دیتا ہے لیکن اُس کی طرح اُسے جگہ اور توانائی کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس طرح چھوٹے پیمانے کے پرزوں کا استعمال اور نئے برقی سرکٹ کا نظام ممکن ہو جاتا ہے ۔

transistorize, v.t. ٹرانسسٹر بہم پہنچانا یا ڈیزائن کرنا ۔

transit, n. گُزر ؛ عبور ؛ مرور ؛ گُزرنے کا عمل ؛ اُوپر سے یا اندر سے جانے کا راستہ ؛ لانے ، لے جانے کا طریقہ ؛ راہ ، تبدیلی یا بدل ؛ نقل و حمل (جیسے: the transit of goods through a country) ۔ (فلکیات) کسی جرم فلکی کا کسی رصد گاہ کے خطّ نصف النہار پر سے گزر ؛ کسی جرم فلکی کا اپنے سے بڑے جرم فلکی کی قرص کے اوپر سے گزر ، جیسے سُورج کی قرص پر سے سیّار گان عطارد اور مشتری کا گزر ؛ زاویہ پیما ؛ زاویہ گیر ؛ تھیوڈولائٹ ۔ (فعل متعدی و فعل لازم) گزرنا ؛ عبور کرنا ۔

transit instrument, n. آلہ عبور ؛ دُور بین نصف النہار ؛ ایک فلکی آلہ جس میں دُور بین اِس طرح نصب ہوتی ہے کہ وہ نصف النہار کے مستوی میں ہی گھومے ، اس سے کسی جرم فلکی کے جائے مشاہدہ کے نصف النہار پر سے گزرنے کے عین لمحے کا تعین کیا جاتا ہے ؛ زاویہ گیر؛ تھیوڈولائٹ ۔

transition, n. عبور ؛ ایک جگہ یا ریاست سے دوسری جگہ یا دوسری ریاست میں نقل مکانی ؛ تغیّر یا عمل تغیّر ۔ (موسیقی) غنائی ترکیب کے دوران ایک سُر سے دوسرے سُر یا ایک حصے سے دوسرے حصے میں تبدیلی ۔ (علم بیان) خطاب کے دوران ایک موضوع سے دوسرے موضوع کی طرف رجوع ۔

transitional, a. عبوری ؛ تغیّر پذیر ؛ عارضی ؛ تغیّر و تبدل سے متعلق ۔

transitionally, adv. عارضی طور پر ؛ تغیّر پذیر طور پر ۔

transitive, a. (گرامر) مروری ؛ متعدی ؛ ایسے فعل سے متعلق جس کا عمل اپنے فاعل سے براہ راست تکملہ تک پہنچے اور یہ براہِ راست تکملہ مسند کے مکمل معانی دے ۔

transitively, adv. (فعل) متعدی کے طور پر ۔

transitiveness, transitivity, n. متعدیت ؛ متعدی ہونے کی حالت ۔

transitory, a. ہنگامی؛ چند روزہ ؛ عارضی ؛ غیر مستقل ؛ ناپائدار ؛ گُزران ؛ وقتی ۔

transitorily, adv. عارضی طور پر ؛ غیر مستقل طریقے سے؛ وقتی طور پر ۔

transitoriness, n. بے ثباتی ؛ ناپائداری ؛ بے بنیادی ؛ عارضی پن ۔

translate, v.t., v.i. ترجمہ کرنا ؛ دُوسری زبان میں مُنتقل کرنا ؛ ترجمانی کرنا ؛ مطلب سمجھانا؛ کسی اصول وغیرہ کو ایک فن سے دوسرے فن میں مُنتقل کرنا (جیسے: to translate enthusiasm with accomplished tasks) ؛ جامہ پہنانا ؛ تعبیرکرنا ؛ ہیئت بدلنا ۔ (کلیسیات) اُسقف کو ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں تبدیل کر دینا ؛ کسی بزرگ یا ولی کی میت یا اس کے تبرّکات کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ؛ موت سے پہلے آسمان پر پہنچانا یا زندہ اُٹھا لینا ؛ ترجمے کے کام میں مشغول ہونا یا ترجمہ کرنے کی مشق کرنا ؛ ترجمہ کرنے کے قابل ہونا ۔ (تار برقی) بذریعہ تارپیغام بھیجنا ۔

translatability, n. ترجمہ پذیری ؛ ترجمہ کرنے کی قابلیت یا استعداد ۔

translatable, a. ترجمہ پذیر ؛ قابل ترجمہ ؛ قابلِ تعبیر۔

translating, n. ترجمہ کاری

translator, n. مترجم ؛ ترجمہ کرنے والا؛ ترجمان ۔

translation, n. ترجمہ ؛ ترجمہ کرنے کا عمل ، خصوصاً ایک زبان کو دوسری زبان میں ڈھالنے کا کام یا طریقہ ؛ فن ترجمہ ؛ دوسری زبان میں بیان کرنے کا ماحصل ؛ ترجمہ شدہ عبارت ؛ تبدیل صورت ؛

بدل ؛ بدلی ہوئی صورت ۔ (کلیسیات) تبادلہ (اُسقف کا ایک جگہ سے دُوسری جگہ) ؛ نقل مکانی ، کسی بزرگ یا ولی کی میت یا اُس کے تبرّکات کی ؛ انتقال ؛ کسی شخص کا زندہ ، آسمان پر اُٹھا لیا جانا ۔ (مشین) کسی شے کے ذرّات کی متوازی خطوط کے اندر یکساں حرکت پذیری ۔ (تار برقی) پیغام رسانی ۔ (فضائیات) چکّر کھائے بغیر خط مستقیم میں حرکت ۔

translational, translative, a. انتقالی ، ترجمے وغیرہ کا ۔ (میکانیات) مُستقیم حرکت کا ۔

transliterate, v.t. حروف یا الفاظ کا نقل کرنا ؛ نقل حرفی کرنا ، ایک زبان کے الفاظ کو دوسری زبان کے حروف میں لکھنا ؛ نقل لفظ کرنا ؛ لفظوں کی اصل آواز ظاہر کرنے کے لیے اُنھیں دوسری زبان کے حروف میں لکھنا ؛ دوسرے رسم الخط میں لکھنا ۔

transliteration, n. نقل حرفی ؛ نقل صوتی ؛ ایک زبان سے دوسری زبان میں حرفی یا لفظی نقل ؛ دوسرے رسم الخط میں لکھنے کا عمل ۔

translocate, v.t. ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا ؛ جگہ بدلنے کا باعث بننا ؛ مُنتقل کرنا ؛ ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھنا ؛ اپنی جگہ سے ہٹانا ۔

translocation, n. نقل مکان ؛ نقل مکانی ؛ جگہ بدلی ۔

translucent, a. نیم شفّاف ؛ اَدھ صاف ؛ جس میں سے روشنی گزر سکے لیکن دوسری طرف کی اشیا کا رنگ اورشکل واضح طور پر نظر نہ آئے ؛ دُھندلا ۔

translucene, translucency, n. نیم شفّافی ؛ دھندلا پن ۔

translucently, adv. نیم شفّافی سے ؛ دھندلے طور پر ۔

translucid, a. دیکھیے : translucent ۔

transmarine, a. ماورائے بحر ؛ سمندر پار کا ؛ ورائے بحری ؛ سمندر پار ۔

transmigrate, v.i. ہجرت کرنا ؛ ایک ملک یا علاقے سے دوسرے مُلک یا علاقے میں جانا ؛ ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا جیسے موت کے بعد روح کا ۔

transmigration, n. نقل وطن ؛ ہجرت ؛ مہاجرت ؛ آواگون ؛ تناسخ ؛ حلول ؛ نقل مکانی؛ ترکِ وطن ۔

transmigrator, n. مہاجر ؛ قالب بدلنے والی رُوح ؛ نقلِ وطن کرنے والا ؛ تارک وطن ۔

transmigratory, a. تناسخ پذیر ؛ قالب بدلنے والی ؛ ہجرت پذیر ۔

transmission, n. ترسیل ؛ ترسیل کا عمل یا ترسیلی حالت ؛ خبررسانی ؛ مخابرہ ؛ انتقال ؛ گزر جیسے روشنی کا شیشے یا کسی اور شفّاف چیز میں سے ۔ (میکانیات) وہ ترکیب یا آلہ جو ، چلنے والے حصّے کو انجن سے طاقت فراہم کرے ، جیسے موٹر کار کے انجن سے ۔ (طبیعیات) ایصال ؛ حرارت وغیرہ کا گُزر کسی چیز یا جسم کے اندر ۔ (ریڈیو/ٹی وی) مجلس نشریات ؛ ترسیل نشریات ۔

transmissibility, transmissivity, n. ترسیل پذیری ؛ انتقال پذیری ؛ ایصال پذیری ؛ گزرپذیری ، حرارت وغیرہ کی ؛ سرایت پذیری ؛ انتقالیت ؛ عبور پذیری ؛ ترسیل ؛ انتقال ۔

transmissible, transmissive, a. ترسیل پذیر ؛ سرایت پذیر ؛ ایصال پذیر ۔

transmit, v.t. ترسیل کرنا ؛ منتقل کرنا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا یا بھیجنا ، جیسے ڈاک ، تار ، ریل یا ہوا کے ذریعے؛ منتقل کرن بذریعہ ترسیل ؛ ایک شخص یا ایک جگہ سے دوسرے شخص یا جگہ کو ارسال کرنا ؛ نسل در نسل مُنتقل کرنا ، جیسے بیماری ؛ روشنی ، آواز یا حرارت کی طرح گزرنے دینا ۔ (فعل لازم) (برقیات) برقی توانائی کی ترسیل کرنا اور بامعنی سگنل کی صورت میں اُسی وقت وصولی کرنا جیسے ریڈیو ، راڈار ، ٹیلی وژن یا کسی اور برقناطیسی نشری لہر کی صورت میں ۔ (میکانیات) مشین کے ایک حصّے کی حرکت کو دوسرے حصّے میں بدل دینا ، عموماً توانائی مہیّا کرنے کی شرح اور بعض اوقات رُخ بدل کر، جیسے کہ آٹو موبائل ٹرانسمشن کے نظاموں میں کیا جاتا ہے ۔

transmittable, a. ترسیل پذیر ؛ قابلِ ارسال ؛ قابلِ عبور ؛ انتقال پذیر ۔

transmittal, n. عملِ ترسیل ؛ انتقال ؛ ایصال ؛ گُزر حرارت ۔

transmittance, n. عمل ترسیل ؛ بھیجنے کا عمل ؛ کسی پیغام یا اشارے کی ترسیل ۔ (طبیعیات) کسی چیز یا جسم کے اندر حرارت کا گُزر یا ایصال ۔

transmittancy, n. ترسیلی استعداد ۔

transmitter, n. مُرسِل ؛ ٹرانسمیٹر ؛ پہنچانے والا ؛ منتقل کرنے والا ؛ ٹیلی فون اور لاسلکی کے آلہ ہائے ترسیل ۔ (برقیات) پرزہ جات کا وہ حصہ جس میں نشریات کے لیے ریڈیو اور ٹیلی وژن کی تعدّدی توانائی پیدا کرنے ، اُنھیں بڑھانے اور متشکّل کرنے کے لیے سرکٹ شامل ہوتے ہیں ؛ فریسندہ ؛ آلہ ترسیل ۔

transmogrify, v.t. کایا پلٹ کر دینا ؛ قطعی طور پر شکل و ہئیت کو بدل دینا ۔

transmogrification, n. قلب ماہیّت جو حیرت انگیز ہو ؛ کُلّی طور پر کایا پلٹ ۔

transmontane, a. دیکھیے : Tramontane ۔

transmutation, n. تقلّب ؛ کایا پلٹ ؛ قلب ماہیت یا تقلیب کا عمل ؛ شکل ، طبیعت یا جوہر کی تقلیب یا اس کی تبدیلی ۔ (کیمیا گری) ادنیٰ دھاتوں کی سونے یا چاندی میں مفروضہ تقلیب ؛ تغیر نوع ؛ تبدیل شکل ؛ کیمیا سازی ۔

transmutable, transmutative, a. تقلب پذیر ؛ قلب ماہیت کے قابل ؛ تقلیب پذیر ۔

transmute, v.t., v.i. ماہیت بدلنا ؛ کسی چیز کی نوعیت ، شکل یا جوہر کو دوسری شے کی نوعیت ، شکل یا جوہر میں بدل دینا ؛ کسی اور چیز یا جسم میں تبدیل کر دینا ؛ تقلیب کرنا/ہونا ۔

transmuter, n. قلب ماہیت کرنے والا ؛ تقلّب گر ۔

transmutableness, transmutability, n. قلب ماہیت کی استعداد ؛ تقلیب پذیری ؛ قلب پذیری ؛ کایا پلٹی ۔

transmutably, adv. قلب ماہیت سے ؛ تقلیب پذیری سے ۔

transnational, a. قومی حدود سے بلند یا چھوٹے چھوٹے قومی مفادات سے بالا ۔

transoceanic, a. ورائے بحری ؛ سمندر پار ؛ سمندر سے پرے یا سمندر سے گزرنے والا ۔

transom, n. داسا ؛ سردل ؛ دروازے کے اوپر چھوٹی یا لمبی کھڑکی جو عموماً قلابے دار ہوتی ہے تاکہ آسانی کے ساتھ اس میں روشندان لگایا جا سکے ؛ اُریب سلاخ جو ایسی کھڑکی کو عام کھڑکی یا دروازے سے علیحدہ کر سکے ؛ اُفقی پٹّی جو کھڑکی کو کئی ایک حصّوں میں منقسم کرے ـ (جہازرانی) مضبوط کرنے والی چُول کڑی جو پتوار کھمبے میں لگی ہوئی ہو ـ (توپ خانہ) توپ بردار گاڑیوں کے رُخ جوڑنے والا چوبی یا آہنی ٹکڑا ـ

transomed, a. سردل دار؛ جس میں اُفقی کڑی یا سلاخ لگی ہوئی ہو ـ

transonic, a. (طیرانیات) بالاصوتی (supersonic) اور زیر صوتی (subsonic) رفتاروں کی درمیانی رفتاروں سے متعلق ؛ نیز ان حدود میں وقوع پذیر مظاہر سے متعلق ـ

transpacific, a. بحر اوقیانوس سے ماورا ؛ بحراوقیانوس کے آرپار ؛ اوقیانوس سے پرے ، اُس پر سے گزرتے ہوئے یا اس کے دوسری طرف ـ

transparence, n. دیکھیے : transparency ـ

transparency, n. شفافیت ؛ صاف شفاف ہونے کی صفت یا حالت ـ نیز : transparence ـ کوئی چیز جو صاف اور شفاف ہو ؛ تصویر جو شفاف یا نیم شفاف چیز پر اس طرح بنائی گئی ہو کہ اس کے پیچھے روشنی پڑے تو نمایاں ہو سکے ـ (عکاسی) روشنی کی مقدار جو تصویر کے نیگیٹو (negative) کو دھونے کے لیے درکار ہو ـ

transparent, transpicuous, a. شفّاف ؛ کسی چیز میں روشنی کی شعاعیں پہنچانے کی خاصیت رکھنے والا تاکہ پیچھے والی اور دُور کی چیزیں صاف نظر آ سکیں؛ نرمل ؛ صاف شفّاف ؛ واضح ؛ جس کے اندر سے دیکھا جا سکے؛ بے ریا ؛ بھولا بھالا ؛ بے لاگ ؛ روشن یا بدیہی ؛ اندرونی جذبات کو چھپانے کے ناقابل؛ کھرا ؛ بے داغ ـ

transparently, adv. صاف طور پر ؛ بیّن طریقے سے ؛ واضح طور پر وغیرہ ـ

transparentness. n. شفّافیّت ؛ کھرا پن ؛ صفائی ؛ سطحیت ـ

transpicuous, a. دیکھیے : transparent ـ

transpierce, v.t. آرپار چھیدنا ـ

transpiration, a. دم برآری ؛ اخراج بخارات ؛ جلد سے رطوبت کا اخراج ـ (نباتیات) پودوں کے پتّوں کے مسامات سے ابی بخارات کا اخراج ـ دیکھیے : persiparation ـ

transpire, v.t., v.i. جلد کے مسامات سے فاسد مادّے کی طرح پسینے کا خارج ہونا ؛ نباتات کا آبی بخارات خارج کرنا ؛ مسامات کے ذریعے خارج ہونا ؛ پودوں سے بخارات بن کر نکلنا ؛ آہستہ آہستہ کُھل جانا ؛ ظاہر ہو جانا ؛ واقع ہونا ؛ عمل میں آنا ـ

transpirable, a. بخارات کی صورت میں خارج ہونے والا ؛ ظاہر ہو جانے والا ؛ دم برآر ـ

transpiratory, a. دم برآر ؛ اخراج بخارات کرنے والا ؛ مخرج بخارات ـ

transplant, v.t. ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دُوسری جگہ لگانا (جیسے پودے کو) ؛ لوگوں کو ایک جگہ سے اُٹھا کر دوسری جگہ بسانا، خصوصاً ایک مُلک سے دوسرے ملک میں لا کر نئی بستی بسانا ـ (جرّاحی) جسم کے کسی حصّے کے نسیج یا عضو کو کاٹ کر کسی دوسرے حصّے ، دوسرے شخص یا جانور کے جسم کے کسی حصے میں لگانا ـ (فعل لازم) مخصوص طریقے سے نسیج یا عضو کی تبدیلی ہونا ـ (اسم) منتقلی کا عمل ؛ منتقل شدہ چیز ؛ پود ـ

transplantable, a. انتقال پذیر ؛ منتقل پذیر ـ

transplantation, n. نقل ؛ عمل نقل ؛ مُنتقلی ؛ پود ـ

transplanter, n. مُنتقل کرنے والا ؛ آلۂ نقل ؛ پودے کو جڑ سمیت اُکھاڑنے کا اوزار ؛ پود گیر ـ

transponder, n. (برقیات) طیرانیات ، موسمیات اور جہازرانی میں استعمال ہونے والا ریڈیو یا راڈار جو سوال کنندہ سے ارتعاش وصول ہونے پر خود بخود مطلوبہ معلومات مہیا کرتا ہے ـ

transpontine, a. پُل پار ؛ دریا پار ؛ پُل سے پرے کا یا جو پل کے پار واقع ہو ؛ لندن کے اس حصے کا جو دریائے ٹیمز اور لندن پُل کے دوسرے کنارے پر ضلع سرے کی طرف واقع ہے ـ

transport, v.t., v.i. ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ؛ لا اتارنا ؛ ڈھونا ؛ خوشی سے لے جانا ؛ ملک بدر کرنا ـ (اسم) مال یا مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والی گاڑی یا جہاز ؛ فوجیوں یا جنگی اسلحہ لانے اور لے جانے والا جہاز ؛ ذریعۂ نقل و حمل ؛ سواری ؛ شدید جذبہ ؛ جوش ؛ بے خودی ؛ ترنگ ـ

transportability, n. نقل پذیری ؛ نقل و حمل کے قابل ہونے کی کیفیت ـ

transportable, a. نقل پذیر ؛ قابل نقل و حمل ـ

transporter, n. نقل و حمل کار ؛ باربردار ـ

transportation, n. نقل و حمل ؛ باربرداری ؛ انتقال ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے یا پہنچانے کا عمل ؛ نقل و حمل کے ذرائع ؛ بس ، ٹرین یا کشتی یا ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کرنے کا خریدا ہوا ٹکٹ ؛ اس قسم کی سواری کا کرایہ ـ (ارضیات) برف ، ہوا یا پانی اور کشش ثقل کے عمل کی جُنبش سے سطح زمین کے گرد مادوں کی نقل و حرکت یا تبدیلی ـ

transportational, a. جگہ یا محل تبدیل کرنے والا ـ

transpose, v.t., v.i. منتقل کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ الفاظ یا جملوں کا ان کے مقررہ یا موجود محل سے ہٹا کر کہیں اور رکھنا ؛ جگہیں بدلنا ـ (الجبرا) مساوات میں ایک رقم کو بہ تبدیلِ علامت دوسری طرف لے جانا؛ عمل انتقال ـ (گرامر) الفاظ کے طبعی سلسلے کو بدلنا ـ (موسیقی) سُر بدلنا ؛ نغمے کو کسی اور آہنگ میں لکھنا یا بجانا ـ

transposable, a. انتقال پذیر ؛ محل یا ترتیب بدلنے کے قابل ـ

transposition, n. انتقال ؛ ترتیب بدلی ؛ تبدیلِ محل ؛ تبدیل ترتیب یا بدلی ہوئی جگہ ـ (الجبرا) مساوات میں ایک رقم کو دوسری طرف لے جانے کا عمل ـ

transpositional, a. تبدیل محل یا تبدیل ترتیب کے بارے میں ـ

trans ship, tranship, v.t. مسافروں کو ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں سوار کرانا ؛ جہاز بدلی کرنا ؛ ایک سواری سے دوسری سواری میں منتقل کرنا ـ

transshipment, n. جہاز بدلی ؛ نقل باربرداری ـ

transubstantiate, v.t. قلب ماہیت کرنا ؛ جوہر بدل دینا ـ (عیسائیت) روٹی اور شراب کا حضرت یسوع مسیح کے جسم اور خون میں بدل جانا ـ

transubstantial, a. مقلب ماہیت ۔

transubstantially, adv. استحالے سے ؛ تبدیلیٔ جوہر سے ۔

transubstantiation, n. (الٰہیات) قلب ماہیت ؛ رومی کیتھولک عقیدہ کہ عشائے ربانی میں روٹی اور شراب اپنی ظاہری شکل برقرار رکھتے ہوئے حضرت مسیح کے جسم اور خون میں بدل جاتی ہے؛ استحالۂ عشائی ؛ جوہر کی تبدیلی ؛ تقلیب کا عمل ۔

transudation, transudate, n. تراوش ؛ نفوذ کرنے کا عمل یا طریقہ نفوذ کردہ سیّال شے یا مادّہ ؛ رساؤ ؛ پسینہ ۔

transude, v.i. کسی چیز کے مسامات سے گزرنا یا نفوذ کرنا ؛ پسیجنا ۔

transuranic, transuranian, transuranium, a. (کیمیا) ورائے یورینیئم ؛ ان بے شمار عناصر میں سے کسی ایک سے متعلق جس میں یورینیئم نمبر ۹۲ کی نسبت زیادہ ایٹمی نمبر موجود ہوں ۔

transvalue, v.t. نئے قواعد کے مطابق دوبارہ قیمت مقرّر کرنا ، عام طور پر رائج الوقت معیاروں کو رد کرکے ۔

transvaluation, n. نئے قواعد کے مطابق تبدیل شدہ قیمت بندی ۔

transversal, a. آڑا ؛ عرضی ؛ قاطع ؛ جو خطوط کے ایک سرے کو قطع کرے ۔ (اسم) (جیومیٹری) خط قاطع ۔

transversally, adv. عرضاً قطع کرتے ہوئے ۔

transverse, a. قاطع ؛ مستعرض ؛اُریب ؛ آڑا ؛ عرضی ؛ جو عرضاً واقع ہو ۔ (اسم) عرض نُما شے ۔ (جیومیٹری) وہ محوری خط جو قطعۂ زائد کے دونوں نقطہ ہائے ماسکہ میں سے گزرے ۔ نیز : transverse axis ۔

transversely, adv. عرضاً ؛ عرض میں ؛ چوڑائی کے بل ؛ آڑا ؛ اُریبواں ؛ ترچھا ۔

transverse colon, n. (تشریح الاعضا) بڑی آنت کا وہ حصّہ جو ناف کے خلا کے آرپار دائیں سے بائیں نکلا ہوا اور ناف کے دائیں بائیں اطراف پر ،اوپر اور نیچے کے حصّوں سے ممیز ہوتا ہے ۔

transverse process, n. (تشریح الاعضا) زائدہ مُستعرض ؛ ریڑھ کی ہڈّی کے ہر جوڑ کی بغلی توسیع ۔

transvestism, transvestitism, n. (نفسیات) خلط لباسی ؛ جنس مخالف کا لباس پہننے کی عادت یا مجبوری ۔

transvestite, n. جنس مخالف کا لباس پہننے والا؛ خواجہ سرا ؛ ہیجڑا ۔

trap, n. پھندا ؛ جال ؛ گڑھا؛ سازش ؛ چھل ؛ جھانسا ؛ دام ؛ شکار پھانسنے کا ذریعہ جیسے گڑھا ؛ کھٹکے دار اسپرنگ کا پھندے والا پنجرہ ؛ بے خبری کی حالت میں پکڑنے یا دبوچ لینے کا کوئی طریقہ ، ذریعہ یا پھندا ؛ بھاپ یا پانی کی گزرگاہ بند کرنے کا کوئی وسیلہ ؛ 'U' کی شکل کا پائپ جسے کھول دینے سے ایک طرف سے پانی آکر گیس کی واپسی کو روک دیتا ہے ؛ اُڑاؤ پنجرہ جس میں کبوتر یا مٹّی کے گلولے اُڑا کر نشانہ بازی کی جاتی ہے ؛ اُچھل کھٹکا ، جوتے کی شکل کا لکڑی کا ٹکڑا جس کا ایڑی والا حصہ کھوکھلا ہو اور جو دھرے پر حرکت کرے ، اسے ٹریپ بال کھیلنے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ٹریپ بال کا کھیل ؛ اُچھل گیند ۔ (گالف) گالف کے میدان کی خراب زمین ، جیسے ریت بھرے گڑھے ۔ (برطانوی،بول چال) ہلکے وزن کی دو پہیّہ گاڑی ؛ کوئی کھٹکے دار دروازہ ۔ (عوامی) مُنھ ، دہانہ (جیسے : never closes her trap) ؛ نائٹ کلب ۔ (فعل متعدی) پھندے وغیرہ میں پھانسنا ؛ دام میں لانا ؛ دھوکے یا فریب سے پھانسنا ؛ پھندا یا جال لگانا ؛ موری وغیرہ میں نعل نُما پائپ بچھانا ؛ گیس یا ہوا کو نعل نُما پائپ لگا کر روک دینا ۔ (فعل لازم) شکار پھانسنے کے لیے جال بچھانا یا پھندا لگانا ؛ جانوروں کی سمُور حاصل کرنے کے لیے اُنھیں پھندا لگا کر پکڑنا ؛ شکار کا پھندا لگانا ۔

trapper, n. پھندا شکاری ؛ پھندے سے شکار کرنے والا ۔

trap, v.t. گھوڑے پر ساز رکھنا ؛ سجانا ؛ وردی وغیرہ پہنا (اپنے عہدے کے آرایشی ساز و سامان کے ساتھ) ؛ سج سجا کر تیّار ہونا ؛ جھول ڈالنا ۔

trap, traprock, n. (ارضیات) زینہ پتھر ؛ سیاہ پتھر ؛ سیاہ رنگ کی ستون نُما آتش فشاں چٹان جیسے بسالٹ وغیرہ یا گہرا سبز یا بادامی آتشی پتّھر ۔

trap door, n. چور دروازہ ؛ فرش یا چھت میں لگا ہوا دروازہ ؛ فرشی یا سقفی دَر ۔

trapeze, n. ورزشی جھولا ؛ ایک قسم کا جُھولا جس کے دو عمودی ڈنڈے، جن میں ایک اُفقی ڈنڈا ہوتا ہے ، زمین سے ذرا اونچے فاصلے پر دو رسیوں سے لٹکائے جاتے ہیں اور اس پر کئی طرح کی ورزشیں کرتے ہیں ۔ (جیومیٹری) مربّع منحرف ؛ جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ہوں یا صرف دو ضلعے متوازی ہوں ۔

trapezist, n. جُھولے پر ورزشیں کرنے یا دکھانے والا ۔

trapezium, n. (جیومیٹری) منحرف ؛ چار خطوط مستقیم کی سادہ سی شکل جس کے دو خط بھی متوازی نہ ہوں ۔ (برطانوی) جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ہوں یا صرفدو ضلعے متوازی ہوں ۔ (تشریح الاعضا) کلائی کی ہڈّی جسے اپنی وضع قطع کی نسبت سے یہ نام دیا گیا ؛ عظم منحرفہ ؛ مُنحرف ہڈّی ۔

trapezius, n. (بول چال) منحرفیّہ ؛ عُضلۂ منحرفہ ؛ پُشتِ گردن کے لمبے تکونے پٹھوں میں سے کوئی پٹھا یا عُضلہ اور اس سے ملحقہ حِصّے جن سے سر کو پیچھے کی طرف یا اِدھر اُدھر جنبش دی جاتی ہے اور بازوؤں کو ہلایا جاتا ہے ۔

trapezohedron, n. منحرف السطوح مجسم ؛ کرسٹل ؛ جامد جس کے چہرے تمام تر منحرفات ہوتے ہیں ۔

trapezohedral, a. (قلمیات) منحرفی ؛ منحرف السطوح ۔

trapezoid, n. (جیومیٹری) مربع منحرف نما ؛ چارخطوں والی سادہ سی شکل جس کے دو مقابل خط متوازی ہوں ۔ (برطانوی) دیکھیے : trapezium ۔ (تشریح الاعضا) انگشتِ شہادت کی اساس پر بے قاعدہ سی بنی ہوئی ہڈّی ۔

trapezoidal, a. منحرف نُما ؛ مربع کی شکل کا ۔

trappings, n. آرایشی سازوسامان خصوصاً گھوڑے کا ساز؛ لباس یا وردی کا آرایشی سامان ؛ بناؤ سنوار کا سامان یا بھڑکیلا لباس ۔

Trappist, a., n. [نارمنڈی کے لاتراپے گرجا میں پہلے پہل قائم شدہ راہبوں کے سلسلے کی نسبت سے] (رومی کیتھولک کلیسا) ترابی ؛ رومی کیتھولک راہبوں کے اس سلسلے کا رُکن جس کی خصوصیت درویشانہ زندگی بسر کرنا ہے ۔

trap rock, n. (ارضیات) زینہ چٹان ؛ سیاہ رنگ کی ستون نُما آتش فشاں چٹان۔

traps, n. (جمع) آلہ ہائے موسیقی بجانے کے مختلف طریقے جو رقص یا جاز بینڈ کے دوران ڈھول تاشے یا جانجھ مجھیرے کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔ (عوامی) سفری اسباب ؛ ذاتی سامان، خصوصاً کپڑے وغیرہ۔

trapshooting, n. ٹریپ مشین کے ذریعے ہوا میں مٹی کے گلولوں پر گولی چلا کر شکار کرنے کا کھیل ؛ ٹریپ شکار۔

trapshooter, n. ٹریپ مشین سے شکار کھیلنے والا ؛ ٹریپ شکاری۔

trapunto, n. لحاف، گدے بنانے کا طریقہ جس سے اس کی دو تہوں کے درمیان کسی نرم چیز کی بھرائی کے ساتھ ساتھ نگندے بھی ڈال دیے جاتے ہیں تا کہ ان سے ابھرا ہوا ہونے یا آرام دہی کا اثر پیدا ہو سکے۔

trash, n. پھوک ؛ کوڑا کرکٹ ؛ نکمی ، ردی شے یا بیکار چیز ؛ الا بلا ؛ گھاس پھونس ؛ بے ہودہ یا لغو تحریر یا خیالات ؛ بے معنی فن ؛ بیکار فرد یا افراد (جیسے : white trash) ؛ درختوں کا جھاڑ جھنکاڑ ؛ گنے کا پھوک۔ (فعل متعدی) غیر ضروری جھاڑ اور ٹہنیاں وغیرہ چھانٹنا ؛ شاخیں کاٹنا۔

trashily, adv. مہمل یا لچر طریقے سے۔

trashiness, n. لغویت ؛ نکما پن ؛ مہملیت۔

trashy, a. ذلیل ؛ کم قدر ؛ ناکارہ ؛ ہیچ ؛ لچر ؛ بے ہودہ ؛ فضول ؛ مہمل۔

trass, n. برکانی مٹی ؛ ٹراس ؛ ایک قسم کی آتش فشانی مٹی جو پہلے گچ بنانے کے کام آتی تھی۔

trattoria, n. اطالوی طعام گھر ؛ ریستوران۔

trauma, n. (امراضیات) جراحت ؛ زخم ؛ جسمانی زخم جو تشدد یا کسی صدمے سے پہنچے ؛ جراحتی حالت ؛ مجروحیت۔ (نفسیات) کسی دباؤ یا چوٹ کے زیر اثر ذہن یا مزاج کی خرابی یا برہمی جو بعض اوقات تا زندگی قائم رہتی ہے ؛ صدمہ۔

traumatic, a. جرحی ؛ چوٹ یا جراحت کا ؛ جراحتی ؛ زخمی ؛ ضربی۔

traumatically, adv. زخم ، چوٹ یا جراحت کی وجہ سے۔

traumatism, n. (امراضیات) مجروحیت ؛ مریضانہ حالت جو زخم یا چوٹ کی وجہ سے ہو ؛ چوٹ یا زخم۔

traumatize, v.t. نقصان پہنچانا ، جیسے خلیوں وغیرہ کو کسی قسم کے دباؤ یا کیمیائی عامل یا کسی اور چیز سے۔ (نفسیات) چوٹ یا زخم پہنچانا ، جیسے کسی شخص کے دماغ کو۔

travail, n. مشقت ؛ محنت ؛ سخت مشکل اور محنت کا کام ؛ ذہنی اور جسمانی مشقت ؛ درد و مصیبت ؛ درد زہ ۔ درد سری ؛ عرق ریزی ؛ شدید زحمت ؛ انتہائی دکھ ؛ پسینہ بہانے کا عمل ؛ جانفشانی۔ (فعل لازم) محنت کرنا ؛ درد زہ میں مبتلا ہونا

trave, n. داسا ؛ سردل ؛ اڑیل گھوڑے کو نعل بندی کے دوران قابو میں رکھنے کے لیے لکڑی کا جنگلا۔ (فن تعمیر) آڑے شہتیر یا آڑے شہتیروں سے گھری ہوئی جگہ۔

travel, ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا یا سفر کرنا ، جیسے ہوائی جہاز یا کار کے ذریعے ؛ ایک مقام سے دوسرے مقام تک جانا کسی طرح بڑھنا یا پیشقدمی کرنا ؛ تجارتی امور کے لیے جگہ جگہ کا سفر کرنا ؛ ساتھ دینا ، ہم رکاب ہونا ، شریک سفر رہنا (جیسے : to travel with a fast crowd) ۔ (بول چال) تیز تیز چلنا ۔ (باسکٹ بال) مقررہ راستے پر چلنا جیسے کوئی مشینی پرزہ ؛ گزرنا یا بھیجنا (جیسے : Sounds travel clearly over water) ۔ (فعل متعدی) سفر کرتے ہوئے گزرنا یا نکل جانا جیسے شہر یا کوچے میں سے ؛ فاصلہ طے کرنا (جیسے : to travel 25 miles) ۔ (اسم) سفر ؛ مختلف ممالک کی سیاحت کرنے یا سفر پر جانے کا کام ؛ حرکت یا پیشقدمی ؛ کسی جگہ سے یا کسی سڑک پر گاڑیوں یا لوگوں کی آمد و رفت یا ان کی تعداد ؛ کسی مشین کے حرکت کرنے والے پرزے کی آگے پیچھے حرکت پذیری ؛ حرکت کا فاصلہ ؛ دھکا ؛ حد حرکت ؛ سیر و سفر ؛ سیاحت ؛ قطع مسافت ؛ آواجائی ۔ (جمع) سیاحت یا سفر ، سفر نامہ یا سفروسیاحت کے دوران پیش آمدہ واقعات و مشاہدات کا بیان۔

travel agency, travel bureau, n. سفری ادارہ ؛ ٹریول ایجنسی ؛ مسافروں کو مطلوبہ سفر کی معلومات بہم پہنچانے ، ان کی نشستیں محفوظ کرنے اور انھیں ٹکٹ فروخت کرنے والا ادارہ۔

travel agent, n. ٹریول ایجنٹ ؛ سفری نمائندہ ؛ ٹریول ایجنسی کا ملازم جو مسافروں کو سفر کی معلومات دینے ، ان کی نشستیں محفوظ کرنے اور ان کے لیے ٹکٹ خریدنے کا کام کرے۔

traveled, Brit. travelled, a. جہاں گرد ؛ غیر ممالک میں جو خوب گھوما پھرا ہو یا جس نے باہر کے ملکوں کے بہت زیادہ سفر کر رکھے ہوں ؛ سیروسیاحت سے جس نے خوب تجربہ حاصل کیا ہو ؛ آزمودہ کار سیاح ؛ سیاحوں کا کثرت سے استعمال کردہ۔

traveler, Brit. traveller, n. مسافر ؛ سیاح ؛ رونده ؛ راہی ؛ مسافر جو غیر ممالک کا سفر کرے یا جس نے باہر کے ملکوں کا سفر کر رکھا ہو۔ (برطانوی) سفری فروخت کنندہ یا جو شخص تجارتی کاروبار کے لیے سفر کرے۔ (جہاز رانی) مشینی پرزہ جو مقررہ راستے پر حرکت کرتا رہے ؛ دھات کا چھلا جو جہاز کی مستول والی بلّی ، رسے یا سلاخ کے ساتھ پھسلتا رہتا ہے ؛ بلّی ، رسّا یا سلاخ ؛ جہاز کو پہلو کے بل پھیرنے کا آلہ یا ترکیب۔

traveler's check, n. سفری چیک ؛ مخصوص کمپنی یا بینک کی طرف سے جاری کردہ چیک یا ڈرافٹ جس پر خریدار کے دستخط ہوتے ہیں اور جس کے بدلے نقد رقم حاصل کرنے کے لیے خریدنے والا ، رقم دینے والے کی موجودگی میں اس پر دوبارہ اپنے دستخط کرتا ہے اور رقم وصول کرتا ہے۔

traveling bag, n. سفری بیگ ؛ دستی بیگ ؛ سفری بقچہ جس میں مسافر کا ذاتی سامان اور کپڑے وغیرہ رکھے ہوتے ہیں اور جسے وہ سفر کے دوران اپنے پاس رکھتا ہے۔

traveling salesman, n. سفری فروخت کار ؛ سفری سیلزمین ؛ سفری فروخت کنندہ یا کسی تجارتی کمپنی یا فرم کا کسی مقررہ یا مخصوص حلقے کے لیے نمائندہ جہاں وہ کمپنی یا فرم کی خدمات یا مصنوعات فروخت کرنے یا کمپنی یا فرم کے نام آرڈر وصول کرنے کا مجاز ہوتا ہے۔

travelogue, travelog, n. سفر داستان ؛ سفر نامہ ؛ سفر کی روداد پر مشتمل لیکچر جس میں عموماً سلائیڈیں یا متحرک فلم دکھائی جاتی ہے۔

traverse, v.t. چلنا ؛ کسی چیز کے آر پار ، اوپر ، اندر یا

trawl, n. جال ؛ دام ؛ بڑی رسی جس کے ساتھ چارا لگے کانٹوں والی چھوٹی رسیاں لٹکی ہوئی ہوتی ہیں اور جال کے طور پر سمندر سے مچھلیاں پکڑنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

trawl line, مچھلیاں پکڑنے کا جال جسے دریا کی تہ میں ڈال کر کشتی سے کھینچا جاتا ہے ۔ نیز : trawl net ۔

trawl, v.t., v.i. ٹرال جال سے مچھلی شکار کرنا ؛ پکڑنا ، جیسے مچھلی کا بڑے جال کے ذریعے ۔

trawler, n. دام کش ؛ ٹرالر ؛ بڑے جال کو کھینچنے والا ؛ دام کشتی جس سے بڑا جال کھینچتے ہیں ۔

tray, n. طشت ؛ ٹرے ؛ کشتی ؛ سینی ؛ طشتری ؛ خوانچہ ؛ خوان ، طباق ؛ تھال ؛ لکڑی ، دھات یا اسی قسم کی بنی ہوئی ، مڑے ہوئے کناروں والی ، چھوٹی سینی یا طشتری جس پر بہت سی چیزیں رکھ کر لے جائی جائیں یا دکھائی جائیں ۔

treacherous, a. دغا باز یا مکار ؛ کپٹی ؛ غدار ، باغی یا مرتد ؛ بے وفا ؛ فریبی ؛ دھوکا دینے والا ؛ بے اعتبار یا ناقابل اعتماد (جیسے : treacherous waters) ؛ پرخطر ؛ جان جوکھم کا ۔

treacherously, adv. دغا سے ؛ فریب سے ؛ غداری سے ؛ کپٹ سے ۔

treacherousness, n. غداری ؛ دغابازی ؛ بیوفائی ؛ دھوکا ؛ مکروفریب ؛ کپٹ ۔

treachery, n. دغا ؛ غداری یا ارتداد ؛ بے وفائی ، دھوکے ، نمک حرامی یا خیانت کا کوئی کام یا اس کی کوئی مثال ؛ فریب ؛ کپٹ ۔

treacle, n. (برطانوی) گڑ ؛ راب ؛ تریاق ؛ شیرہ جو شکر کی تلچھٹ سے نکلے ؛ مختلف اجزا سے مرکب دوا جسے پہلے زہر کا علاج اور زہریلے اثرات کا ازالہ سمجھا جاتا تھا ، خصوصاً سانپ کے زہر کا ؛ بہت زیادہ جذبات اور مٹھاس ؛ وفور جذبات ؛ کثرتِ شرینی ۔

treacly, a. تریاقی ؛ شیرے کا سا ؛ شیرہ آلود ؛ راب بھرا ۔

tread, v.t. چلنا ؛ قدم رکھنا یا آگے ، آر پار ، اندر یا اوپر چلنا ؛ قدموں تلے کچلنا یا روندنا ؛ قدم اٹھا کر یا دھم دھماتے قدموں سے گزرنا (جیسے : to tread a trail through the field)؛ نفرت سے یا ظالمانہ سلوک کرنا ؛ ظلم کرنا ؛ پاؤں کی جنبش سے کوئی کام کرنا یا عقب میں چلنا (جیسے : to tread a rhythm)۔ (طیوریات) جفتی کھانا ، جیسے نر پرندوں کا ۔ (فعل لازم) قدم قدم چلنے کے لیے پاؤں آگے بڑھانا ؛ چلنا ؛ پاؤں سے دبانا یا مسلنا (عام طور پر on یا upon کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔ (اسم) چال ؛ قدم رکھنے یا چلنے کا عمل ، آواز یا طریقہ ؛ ڈگ ؛ قدم ؛ گام ؛ ٹاپ ؛ بہت سی ایسی چیزوں میں سے کوئی چیز جس پر آدمی چل سکے یا کوئی شے حرکت کر سکے ، جیسے جوتے کے تلے کا وہ حصہ جو زمین پر ٹکا ہوتا ہے یا کسی ٹائر یا پہیے کا وہ حصہ جو زمین یا پٹڑی پر چلے ؛پانہاد ؛ قدم گاہ ؛ ٹائر پر بنایا گیا ڈیزائن یا نمونہ ؛ زینے کا افقی قدمچہ ۔

tread on some one's toes, کسی کو غصہ دلانا ؛ توہین کرنا ؛ دل آزاری کرنا ۔

tread water, (تیراکی) پانی میں سیدھا کھڑے رہنا : اس طرح کہ سر پانی سے باہر رہے اور تیرنے کے لیے ٹانگیں حرکت میں رہیں اور کبھی بازو ہلا کر بھی کام لیا جائے ۔

treader, n. چلنے والا ؛ روندنے والا ؛ قدم بڑھانے والا ؛ کچلنے والا ؛ کھڑا ہیراک وغیرہ ۔

ساتھ چلنا ؛ ساتھ ساتھ یا اوپر ، آگے بڑھنا یا آگے پیچھے چلنا ؛ اوپر یا آر پار کھینچنا ؛ ایک زاویے کے آر پار ، اوپر یا نیچے حرکت کرنا (جیسے : to traverse a mountain) ؛ پہلو کے رخ چلنے کا اہتمام کرنا ؛ بڑی احتیاط سے نظر ڈالنا یا غور کرنا ؛ انکار کرنا ؛ حائل ہونا یا مزاحمت کرنا ؛ تردید کرنا ۔ (جہاز رانی) کشتی کے اگلے سرے سے پچھلے سرے تک ایک تار پر کسنا ۔ (توپ خانہ) توپ کا اطراف میں حرکت کرنا ؛ توپ کا رخ پھیرنا ۔ (قانون) عدالت کے سامنے فریق مخالف کے بیان کی تردید کرنا ؛ اتفاق نہ کرنا یا تدبیر کی کاٹ کرنا ؛ چلنے نہ دینا (جیسے : to traverse an important point in an indictment)۔ (فعل لازم) آر پار ، اونچائی سے ، اوپر یا نیچے چلنا ؛ گھومنا ، جیسے چول یا محور پر ؛ ایک طرف بھرانا ، جیسے ہتھیار یا توپ کا ۔ (تیغ بازی) تلوار کے پھل کو مخالف کی تلوار کے دستے کی طرف رپٹانا ۔ (اسم) اوپر ، آر پار یا بیچ میں سے گزرنے کا عمل ؛ رکاوٹ بننے والی یا حائل ہونے والی چیز ؛ رکاوٹ ؛ سدراہ ؛ آڑی کڑی ؛ عرضی حرکت ؛ خط متقاطع ؛ عُذر ؛ تردید ؛ افقی شے ، جیسے قاطع سلاخ یا خط قاطع ؛ آر پار جانے کی جگہ ؛ پل تختہ ؛ جائے عبور ؛ چوراہا ۔ (فن تعمیر) گیلری یا رابطہ اٹاری ، جیسے گرجا یا کسی دوسری بڑی عمارت میں ۔ (جیومیٹری) کوئی قاطع خط ۔ (جہاز رانی) جہاز کا ٹیڑھا میڑھا راستہ جب وہ مختلف راستوں پر چلنے پر مجبور ہو ؛ ایسے طور سے ایک رخ پر سفر ۔ (توپ خانہ) توپ کی اطرافی حرکت تا کہ وہ ہر طرف کا نشانہ لے سکے ۔ (مساحت) زمینی قطعہ کی مساحت کی حد بندی کی لکیر ۔ (قانون) مخالف فریق کے بیان کی تردید ۔ (قلعہ بندی) دفاعی روک یا فصیل جو آڑی کاٹ کی ہو ؛ دمدمہ جو مسقف راستے کی حفاظت کے لیے بعض مقامات پر بنایا جائے ۔ (میکانیات) کسی آلے کی اطرافی حرکت خصوصاً خراد کی ؛ خراد کے پھل کی حرکت ؛ ایسی حرکت پیدا کرنے کا آلہ یا پرزہ ۔ (صفت) آر پار جانے یا پہنچنے والا ؛ عرضی ؛ کپڑوں کے تھان لٹکانے وغیرہ سے متعلق ، جنھیں رسی کی مدد سے علیحدہ اور اکٹھا کیا جا سکا ۔

traversable, a. قابل انکار ؛ عرضی حرکت کرنے کے قابل ۔

traversal, n. عرضی حرکت کرنے والا ۔

traverser, n. تختہ تحویل جس کے ذریعے ریل کا انجن پٹڑی بدلتا ہے ۔ (قانون) چھوٹی جیوری ۔

travertine, travertin, n. کلسی تُف ؛ ایک قسم کا سفید ٹھوس چونے کا پتھر جو چشموں کے گچ ملے پانی کی تہ میں جم کر سخت ہو جاتا ہے ۔

travesty, n. تمسخرانہ روپ ؛ بہروپ ؛ نقل ؛ کوئی ادب پارہ یا فن پارہ جس میں سنجیدہ موضوع کو مضحک انداز میں پیش کیا گیا ہو ؛ ایسی تحریر جو مضحک ہو ؛ کوئی مضحک شبیہہ یا نقل (جیسے : a travesty on humanity)۔ (فعل متعدی) مضحک بنا دینا ؛ کسی سنجیدہ کام یا موضوع کی بھونڈی نقل اتار کر مذاق اڑانا ؛ بے ہودگی یا بے ڈھنگے پن سے نقل اتارنا ، قابل استہزا بنانا یا سوانگ بنا کر اس کا تمسخر اڑانا ۔

travois, travoise, n. ایک قسم کی گاڑی جسے جنوبی امریکا کے رہنے والے انڈین استعمال کرتے تھے ، یہ گاڑی دو بانسوں کی بنی ہوتی تھی جن کے اوپر جال یا تسمے آڑے ترچھے لگے ہوتے تھے اور کتا یا گھوڑا اسے اپنے پیچھے لگے ہوئے بانسوں کی مدد سے کھینچتا تھا ۔

treadle, n. پاتختی ؛ پائدان ؛ کپڑا بننے والی مشین یا کسی اور مشین کا پائے دان جس سے حرکت پیدا کرنا مقصود ہو، خصوصاً دوری حرکت ؛ دواسہ ؛ ٹریڈل ؛ رکاب ۔ (فعل لازم) پاؤں پائدان پر چلانا ؛ پاؤں سے چلانا ۔

tread mill, n. پاؤں چکی ؛ ڈھینکلی ؛ پاچکی ؛ خراس ؛ دو سلنڈروں کے گرد پٹہ لپٹی مشین یا آلہ جو پہلے تشدد کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ؛ چکی جسے لادو جانور چلائیں ۔ (مجازاً) اکتا دینے والا بیکار کا معمول ۔

treason, n. غداری یا وطن سے بغاوت ؛ باغیانہ سازش ؛ بدخواہی ؛ اپنے ملک کے دشمنوں کو مدد دینے کا غیر قانونی کام ۔

treasonable, treasonous, a. باغیانہ ؛ مجرمانہ ۔

treasonably, adv. غداری سے ؛ باغیانہ طور پر ۔

treasure, n. گنج ؛ خزانہ ؛ دفینہ ؛ کسی طرح کا جمع کردہ مال و دولت ، خاص کر محفوظ رکھی ہوئی دولت کا ذخیرہ ؛ کوئی گراں قدر شخص یا چیز ؛ بیش بہا چیز ۔ (فعل متعدی) ذخیرہ کرنا ؛ جمع کرنا یا آئندہ استعمال کے لیے اکٹھا کرنا ؛ دفینہ گاڑنا ؛ احتیاط سے حافظے میں محفوظ رکھنا ؛ عزیز رکھنا ؛ قیمتی یا گراں بہا سمجھنا ؛ قابل قدر جاننا ۔

treasurable, a. قابل قدر ؛ محفوظ رکھنے کے قابل ۔

treasure hunt, n. معمہ ؛ اشاراتی عبارات میں خالی چھوڑی ہوئی بعض جگہوں کو پُر کرنے کا کھیل ، جس میں خالی جگہوں کو اشارات کی مدد سے پہلے پُر کرنے والا کھلاڑی انعام کا حق دار ہوتا ہے ؛ تلاش خزانہ ۔

treasurer, n. خزانچی ؛ خازن ؛ خزانہ دار ؛ کمپنیوں ، انجمنوں یا نجی اداروں کا اجتماعی سرمایہ جس کی تحویل میں ہو ؛ ٹیکسوں اور دیگر ذرائع آمدن سے حاصل ہونے والی رقوم کو جمع اور خرچ کرنے والا مجاز سرکاری افسر ؛ تحویل دار ؛ روکڑیا ؛ فوطہ دار ۔

treasureship, n. خزانچی کا عہدہ ۔

treasure-trove, n. (قانون) برآمد دفینہ ؛ روپیہ پیسہ ، سونا چاندی یا اسی نوع کا دفینہ جو زمین سے یا کسی نجی مقام سے برآمد ہو اور جس کے مالک کا پتا نہ ہو ؛ کوئی قیمتی اکتشاف ۔

treasury, n. خزانہ ؛ مخزن ؛ وہ مقام جہاں حکومت کے محاصلات جمع ہوں اور قرضے ادا کیے جائیں ۔ (اکثر بڑے T سے) حکومت ، کارپوریشن یا اسی قبیل کے ادارے کا وہ محکمہ جو مالیات کا نگران ہو ؛ محکمہ خزانہ ۔ (بڑے T سے) ریاستہائے متحدہ امریکا کی وفاقی حکومت کا وہ محکمہ جو محاصل کے جمع اور خرچ کا ذمہ دار ہے ۔ (چھوٹے t سے) وہ جگہ جہاں قیمتی اشیا رکھی جائیں ؛ خزینوں یا بیش قدر چیزوں کا انبار ؛ لکھی ہوئی کتابوں ، معلومات و حقائق یا اسی قبیل کی قابل قدر اشیاء کا مجموعہ ۔

treasury note, n. امریکی محکمہ خزانہ کی طرف سے جاری کردہ نوٹ جو ہر قسم کے سرکاری اور نجی قرضوں کی ادائیگی کے لیے اپنی قدر عرفی کے مطابق کام آتے ہیں ۔

treasury of the Church, treasury of merits, n. روحانی یا مقدس فنڈ جو یسوع مسیح ، کنواری مریم اور ولیوں کے لامحدود استحقاقات کے نام سے جمع ہوتا رہتا ہے اور جس میں رومی کیتھولک چرچ مستوجب سزا کو معافی دلانے کے لیے تصرف کرنے کا مجاز ہے ۔

treat, v.t. برتاؤ کرنا ، پیش آنا یا سلوک کرنا (جیسے : to treat elderly people with kindness) ؛ دیکھنا یا کسی خاص رنگ میں لینا ؛ علاج معالجے سے کام لینا (جیسے : to treat a patient)؛ کسی خیال یا مضمون کو لکھنے ، بولنے یا فن کے کسی طریقے سے ادا کرنا ؛ کوئی عمل کرنا ؛ کسی چیز کو بدلنے یا اسے بہتر بنانے کے لیے اس میں کوئی اور شے ملانا یا داخل کرنا ؛ مہمان کی بلا اجرت خاطر و مدارت کرنا ؛ خورد و نوش مہیا کرنا ۔ (فعل لازم) کسی موضوع کو تحریری یا تقریری طور پر چھیڑنا (عام طور پر of کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ ضیافت کرنا یا ضیافت کا خرچہ اٹھانا ؛ شرائط صلح یا فیصلے پر گفتگو کرنا ؛ باہم بات چیت کرنا ، گفت و شنید کرنا ۔ (اسم) دعوت جو تحسین یا عزت افزائی کے لیے دی جائے ؛ خاطر تواضع ؛ ضیافت ؛ کوئی نعمت جس سے بے حد خوشی حاصل ہو ؛ برتاؤ کا عمل ؛ سلوک ؛ برتاوا ؛ ایک آدمی کی دعوت دینے کی باری ؛ اچھا کھانا ۔

treatable, a. سلوک کے قابل وغیرہ ۔

treater, n. برتاؤ کرنے والا ۔

treatise, n. مقالہ ؛ رسالہ ؛ کسی موضوع پر لکھا ہوا مقالہ جس میں موضوع سے متعلق اصولوں پر بحث کی گئی ہو یا باضابطہ طور پر ان کی وضاحت کی گئی ہو ۔

treatment, n. برتاؤ ؛ سلوک ؛ برتاؤ کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ مدارت ؛ فن ، موسیقی یا ادب میں مخصوص طرز یا اسلوب ؛ کسی شخص سے سلوک یا برتاؤ ؛ مرض سے شفایابی کے لیے علاج معالجے یا عمل جراحی سے کام لینے کی تدبیر ؛ معالجہ ۔

treaty, n. عہدنامہ ؛ معاہدہ ؛ صلح نامہ ؛ باہمی گفت و شنید سے جھگڑے ختم کرنے کی قرارداد یا قوموں کے درمیان عہدنامہ ؛ اقرار نامہ ؛ میثاق ؛ سمجھوتا ؛ دو یا دو سے زیادہ قوموں یا فرمانرواؤں کے درمیان معاہدے کی دستاویز ۔

treaty port, n. ۱۹ ویں صدی میں چین ، جاپان اور کوریا کی کوئی بھی سمندری اور دریائی بندرگاہ جو غیر ملکی تجارت کے لیے حسب معاہدہ کھلی رہتی تھی ۔

treble, a. سہ چند ؛ تگنا ؛ سہ گونہ ؛ تہرا ۔ (موسیقی) سب سے اونچی اور بہت تیز آوازوں سے متعلق ؛ بہت اونچی لے یا بہت تیز آواز سے گانے بجانے سے متعلق ؛ بے انتہا باریک اور تیز یا اونچی اور پنچم سر والا ۔ (اسم) (موسیقی) نغمے میں ساز و آواز کا بلند ترین حصہ ؛ پنچم میں گانے والا یا پنچم کے سر الاپنے والا ساز ؛ تیز، اوپر اٹھتی ہوئی لے یا آواز ؛ موسیقی کے سروں میں سب سے اونچا سر ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کا تگنا کرنا ؛ سہ گنا کرنا ۔ (فعل لازم) تین تہ ہونا ؛ تہرا ہونا ۔

trebly, adv. تگنے طور پر ؛ سہ چند طور پر ؛ تہرے انداز میں ۔

treble clef, n. (موسیقی) وہ علامت جو مطبوعہ اوراق موسیقی کی جدولوں میں بہت اونچی آوازوں یا سازوں کے لیے پانچ متوازی خطوط کے آغاز میں دوسرے خط پر درمیانی سطر کے اوپر G کا مقام ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے ۔

treble staff, n. (موسیقی) علامت جس سے آواز کا چڑھاؤ یا اٹھان ظاہر ہو ۔

trebuchet, trebucket, n. منجنیق ؛ ازمنہ وسطیٰ کا فوجی آلہ یا مشین جس کے ذریعے جنگ کے دوران سنگ باری کی جاتی تھی یا دشمن پر

گولے وغیرہ پھینکے جاتے تھے ؛ سنگ انداز ؛ گولے گرانے والی مشین ۔

trecento, n. اطالیہ میں ادب و فنون کے حوالے سے چودھویں صدی ۔

trecentist, n. چودھویں صدی کے اطالوی ادب و فنون کا عالم ۔

tredecillion, n. ایک اساسی عدد جو امریکی اور فرانسیسی نظام اعداد میں ایک (۱) کے بعد ۴۲ صفر لگا کر لیکن برطانوی اور جرمنی عددی نظام میں ایک (۱) کے بعد ۷۸ صفر لگا کر بنتا ہے ۔

tree, n. درخت ؛ شجر ؛ پیڑ ؛ رکھ ؛ برکش ؛ بہت بڑے سائز کے چوبی تنے کا سدا بہار پودا جس سے شاخیں پھوٹتی رہتی ہیں یا نخل جن میں بغیر پھول کے ورق نما پتے لگتے ہیں ؛ شجر کے مشابہ کوئی شے جو ڈنٹھل ، تنے اور ڈالیوں پر مشتمل ہو (جیسے : a genealogical tree) ؛ شجرۂ نسب ؛ مشینوں یا ڈھانچوں میں کام آنے والے بہت سے لکڑی کے ٹکڑوں کا اصلی نام (جیسے : axil tree, saddle tree) ۔ (فعل متعدی) گھیر کر درخت پر چڑھانا (جیسے : A dog trees a squirrel) ۔ (فعل لازم) درخت میں پناہ لینا ، جیسے وحشی جانور پناہ لیں ۔

up a tree, (عوامی) زچ ؛ ضیق میں ؛ مشکل میں ۔

treeless, a. بے شجر ؛ درختوں سے خالی ۔

treelessness, n. بے شجری ؛ درختوں سے خالی ہونے کی کیفیت ۔

treelike, a. شجر نما ؛ درخت کی طرح ؛ پیڑ کی مانند ۔

tree farm, n. ذخیرہ ؛ شجر فارم ؛ جنگلی رقبہ جس کا مالک کاروبارانہ طریقے سے اس کی دیکھ بھال کرتا ہو تا کہ باقاعدہ طور پر عمارتی لکڑی کی فراہمی کی جائے ۔

tree fern, n. شجر کرف ؛ درخت سرخس ؛ فرن ؛ درخت کی طرح اونچی قسم کا فرن پودا جو عام طور پر منطقہ حارہ کے علاقوں میں پایا جاتا ہے ، شکل و صورت میں درخت کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے تنے کے آخر میں شاخیں اور پتے ہوتے ہیں ۔

tree frog, tree toad, n. شجری غوک ؛ ایک قسم کا شجری جانور جو مینڈک سے مشابہ ہوتاہے ، جس کے پنجوں کے سروں پر چمٹنے والے اعضا ہوتے ہیں جن سے وہ درخت پر چڑھ سکتا ہے ۔

tree heath, n. مغربی یورپ کی لمبی قسم کی ایک جھاڑی شجری خلنج(Erica Arborea) جس میں سفید پھول لگتے ہیں ؛ جھاڑی جس کی جڑ کے پائپ بنتے ہیں ۔

tree hopper, n. شجری ٹڈا ؛ ہم پراں خاندان(Homoptera) کے مختلف کیڑے مکوڑوں خاص طور پر ممراسی خاندان (Membracidae) میں سے کوئی ایک جس میں بھدی شکل کی پھدکنے والی اقسام شامل ہیں ، جیسے جاموس شجری ٹڈا، جودرختوں کو برباد کر دیتا ہے ۔

tree house, n. بچوں کے لیے چھوٹا سا کھیل گھر جو عام طور پر درختوں کی شاخوں میں بنایا جاتا ہے ۔

tree line, n. خط شجر ؛ بلندی کی طرف وہ مقام جس سے اوپر کے خطوں میں درخت نہیں اگتے ۔

tree nail, trenail, trunnel, n. سخت لکڑی کی مخروطی میخ یا کھونٹی جو تر ہونے سے پھول جاتی ہے اور لکڑی جوڑنے میں استعمال ہوتی ہے ، خاص کر فرنیچر اور جہاز سازی میں ۔

tree of heaven, n. شجر فلک ۔ دیکھیے : Ailanthus ۔

tree shrew, n. شجری چھچھوندر ؛ ایک قسم کا رُکھ باسی (درختوں پر رہایش رکھنے والا) میمل جانور ، جو شکل و عادات میں بالکل گلہری سے مشابہ ہوتا ہے اور عام طور پر جنوبی ایشیا کے علاقوں نیز اس کے اردگرد کے جزائر میں پایا جاتا ہے ۔

tree surgery, n. شجری جراحی ؛ روگی ، نقصان زدہ یا گلے سڑے درختوں کا پیشہ ورانہ علاج اور نگہداشت ۔

tree surgeon, n. شجری جراح ؛ درختوں کی چیر پھاڑ کرنے والا معالج ۔

tree toad, n. شجری غوک ؛ درخت کا مینڈک ۔

tree top, n. درخت کی سب سے اونچی شاخ یا درخت کا سب سے اونچا حصہ ؛ پھننگ ۔

tref, a. یہودی شرع کے مطابق جو (شے) حرام ہو ؛ جو (چیز) حلال کھانوں کے زمرے میں نہ آئے ۔

trefoil, n. سہ برگہ ؛ تپتیا ؛ اسی نام و نسل کی کوئی بھی جڑی بوٹی ؛ تپتیا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں ؛ سہ گوشہ پتوں والا پودا جس میں سرخ سفید ، زرد اور سفید پھول لگتے ہیں اور نفل شامل ہوتے ہیں ؛ اسی قسم کا کوئی پودا : برسیم ، نفل ، ترفیل ، تپتیا گھاس وغیرہ ۔ (فن تعمیر) سہ گوشہ سے مشابہ کوئی آرایشی کام یا تعمیر۔

trefoiled, a. سہ گوشی ؛ سہ گوشہ وضع قطع کا ۔

trehalose, n. (حیاتی کیمیا) ایک ڈائی سیکرائڈ جو قلمی شکل میں ہوتا ہے اور اکثر فطرات اسے خوراک کے طور پر ذخیرہ کرتے رہتے ہیں ۔

treillage, n. جالی والا کام ؛ کٹہرا ؛ جنگلا یا جعفری ؛ شبکہ ؛ جھلملی ۔

trek, v.t. (جنوبی افریقہ) کھینچنا یا گھسیٹنا ، جیسے جُتے جانور کا گاڑی یا بوجھ ۔ (فعل لازم) (جنوبی افریقہ) بیل گاڑی میں سفر کرنا/ہونا ؛ نقل وطن کرنا ؛ ہولے ہولے سفر کرنا ۔ (اسم) (جنوبی افریقہ) کھینچنے یا گھسیٹنے کا عمل ؛ بیل گاڑی کا یا کسی اور ذریعے سے سفر ؛ بیل گاڑی کے ذریعے نقل مکانی یا مہم جوئی ؛ سفر منزل ؛ سست رفتار یا کسی اور طرح کا سفر ، جیسے تھکا دینے والا ۔

trekker, n. نقل وطن کرنے والا ؛ بیل گاڑی کے ذریعے سفر کرنے والا ۔

trellis, n. جھنجری ؛ جعفری ؛ جالی کے کام کا فریم یا ڈھانچا ، جیسے گرمیاں گزارنے کے لیے بنگلہ یا پھاٹک میں ؛ شبکہ ؛ جالی یا جعفری جو پتلے تنے کی بڑھتی ہوئی بیلوں کو سہارا دینے کے لیے ہو ۔ (فعل متعدی) جعفری بنانا ؛ جنگلے سے محصور کرنا ؛ جنگلے یا جعفری پر چڑھانا یاسہارا دینا ؛ جالی کی شکل بنانا یا جالی کا کام کرنا ۔

trellised, a. جالی کا بنا ہوا ؛ جعفری والا ؛ شبکہ دار ۔

trelliswork, n. جالی کا کام ۔

trematode, n. وشیعہ ؛ ایک قسم کا کیڑا ؛ دو یا دو سے زیادہ موشاف (چوسنے والے منھ) رکھنے والا کرم جو عام طور پر طفیلی بن کر جانوروں کی کھال سے چمٹا رہتا ہے ؛ چم چچڑ ؛ چیچڑی ۔

trematoid, a. چیچڑی نما ۔

tremble, v.i. کانپنا ؛ اضطراری طور پر لرزنا ، جیسے خوف ، جوش ، کمزوری یا سردی سے ؛ تھرتھرانا ؛ کپکپانا ؛ خوف یا تشویش سے مضطرب ہونا ؛ تھرتھراہٹ سے متاثر ہونا ؛ لرزاں ہونا ، جیسے روشنی یا آواز کا ۔ (اسم) کپکپانے کا عمل ؛ کپکپی یا لرزش کی کیفیت

تھرتھراہٹ ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (امراضیات) مسلسل کپکپی یا لرزنے کی حالت یا مرض ، جیسے تپ لرزہ ، تپ شیری یا لرزے کی بیماری جو خاص کر مویشیوں کو سفید انجبار (Snakeroot) کھانے سے ہو جاتی ہے ۔

trembler, n. کانپنے والا ؛ برقی گھنٹی ؛ تھرتھرانے والا ۔

trembly, a. لرزاں ؛ تھرتھراتا ہوا ؛ کانپتا ہوا ۔

tremblingly, adv. لرزش سے ؛ تھرتھراہٹ سے ؛ کانپتے ہوئے ؛ ڈرتے ہوئے ؛ ترساں ترساں ؛ لرزاں لرزاں ۔

tremendous, a. (بول چال) بہت بڑا ؛ مہیب ؛ جو اپنے ڈیل ڈول ، طاقت ، بڑائی اور برتری سے حیرت میں ڈال دے ؛ غیر معمولی ؛ جو خوف اور دہشت کا باعث بنے ؛ خوف ناک ؛ ڈراؤنا ؛ رعب دار ؛ ہیبتناک ؛ ہولناک ؛ تند ؛ تیز ؛ شدید ۔

tremendously, adv. خوفناک طور پر ؛ ڈراؤنی حد تک ؛ ڈراؤنے طور پر ؛ مہیبانہ ۔

tremendousness, n. دیو قامتی ؛ ہیبتناکی ؛ عظیم الجثہ ہونے کی کیفیت ۔

tremolant, a. (موسیقی) لرزش والی (آواز) ۔ (اسم) باجے میں ایک قسم کا پائپ جس سے لرزتی ہوئی آواز نکلتی ہے ؛ صوت لرزاں ؛ لرزش ۔

tremolite, n. ٹرمولائٹ ؛ مبھمہ کی سفید اور خاکستری قسم جس میں کیلسیئم کا سلی کیٹ اور میگنیشیئم لازمی جزو ہوتے ہیں ۔

tremolo, n. (موسیقی) لرزش کا تاثر جو جذبات کے اظہار کے لیے انسانی آواز یا ساز سے پیدا کیا جائے ؛ باجے کا وہ پرزہ جس سے لرزتی ہوئی آواز پیدا ہو ؛ لرزش آواز ؛ لرزہ ۔

tremor, n. لرزش ؛ رعشہ ؛ دہشت ، کمزوری یا بخار سے جسمانی اعضا کا خود بخود ہلنا ؛ کپکپی کا دورہ ؛ تھرتھری ؛ کپکپی ؛ تھرتھراہٹ ؛ لرزنے یا کانپنے کی حرکت ، جیسے زمین کی ؛ کانپنے اور تھراتھرانے کا اثر ، جیسے روشنی کا ؛ لرزتی ہوئی آواز یا سُر ۔

tremorous, a. لرزنے والا ؛ جس میں لرزش ہو ؛ لرزاں ۔

tremulant, a. لرزاں ؛ کانپتا ہوا ؛ تھرتھراتا ہوا ۔

tremulous, a. لرزاں ؛ تھرتھراتا ہوا ، جیسے خوف ، اضطراب یا ضعف کے سبب ؛ خوفزدہ یا ڈرپوک ؛ کانپتا ہوا ؛ لرزتے ہاتھوں سے کیا ہوا کام ، جیسے ٹیڑھا میڑھا لکھا ہوا ؛ لرزنا یا کپکپانا ، جیسے چیزوں کا ۔

tremulously, adv. ڈرتے ہوئے ، کانپتے ہوئے ؛ لرزش سے ؛ تھرتھراہٹ سے ۔

tremulousness, n. کپکپاہٹ ؛ تھرتھراہٹ ؛ ہچکچاہٹ ؛ لرزش ؛ تھُڑ دلی ۔

trench, n. کھائی ؛ نالی ؛ خندق ؛ گھاٹی ؛ زمین میں کی ہوئی کافی لمبی تنگ کھدائی ؛ گہری نالی ۔ (عسکری) زمین میں کی ہوئی کھدائی جو عموماً تنگ ہوتی ہے اور اس کے کناروں پر مٹی کا دھس بنا دیا جاتا ہے جو دشمن کی گولہ باری سے بچاتا ہے اور اس کی پیشقدمی روکتا ہے ۔ (فعل لازم و متعدی) کاٹنا ؛ کاٹ کر تقسیم کرنا ؛ کاٹنا یا گڑھے کھودنا ؛ زمین میں خندق یا خندقیں کھودنا ؛ گہری نالی یا کھائی بنانا زمین کاٹ کر ؛ حقوق میں مداخلت کرنا یا خلل انداز ہونا (on یا upon کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

trenchant, a. تیزیا پرجوش ، جیسے زبان یا شخص ، لکھنے یا بولنے میں ؛ راست رو ، قوی یا اثر آفریں (جیسے : a trenchant policy) ؛ صاف اور واضح تعین کردہ ، جیسے خاکہ ۔

trenchancy, n. زور ؛ سختی ؛ حدت ۔

trenchantly, adv. پرزور طریقے سے ؛ سختی سے ۔

trench coat, n. فوجی برساتی ؛ فوجیوں کے استعمال کا دوہری چھاتی والا بارانی کوٹ جس کی پشت پر چھوٹی سی پیٹی اور کندھوں پر فیتہ یا کندھ پٹی لگی ہوتی ہے ۔

trencher, n. مربع یا گول چوڑی لکڑی جس میں پہلے اشیائے خوردنی رکھ کر پیش کی جاتی تھیں یا کاٹی جاتی تھیں ؛ کندہ ۔

trencher, n. خندق کن ؛ خندقیں اور کھائیاں کھودنے والا یا وہ شے جس سے خندقیں اور کھائیاں کھودی جائیں ۔

trencherman, n. پیٹو ؛ بسیار خور ؛ کھانے والا خصوصاً پرخور ، جس کی خوراک زیادہ ہو ۔ (قدیم) طفیلی ؛ دست نگر ۔

trench fever, n. (امراضیات) خندقی بخار ؛ بار بار ہونے والا بخار جو پہلی عالمی جنگ کے دوران فوجیوں میں جوؤں کی وجہ سے پھیل گیا تھا ۔

trench foot, n. (امراضیات) خندقی پا ؛ سردی اور نمی میں کھلا رہنے سے پاؤں کی کھال گل جانے کی کیفیت ، جیسے خندقی جنگوں میں ہو جاتی ہے ۔

trench knife, n. دست بدستی جنگ میں استعمال ہونے والا خنجر نما فوجی چھرا ۔

trench mouth, n. سوزش گلو ؛ خناق ۔

trend, n. رجحان ؛ میلان ؛ خیال ؛ جھکاؤ ؛ روش ؛ عام طریقہ ؛ سمت ؛ رخ (جیسے : the trend of events, a trend of literature) ؛ اسی قسم کی کوئی جہت ، موڑ یا سمت ۔ (فعل لازم) عام روش ہونا ، جیسے واقعات کی ؛ کوئی خاص جہت لینے کی طرف رجحان ہونا ؛ کسی مخصوص رخ کی طرف مڑنا ، جیسے سڑک یا ساحل کا ۔

trente et quarante, n. [فرانسیسی] دیکھیے : Rouge et noir –

trepan, n. تربان ؛ سرے دار آرے کی شکل کا سوراخ کرنے والا اوزار جس سے چٹانوں میں سوراخ کیے جاتے ہیں ، اسی طرح کا ایک اوزار جو دھاتی پلیٹوں کی ٹکڑیاں کاٹنے کے کام آتا ہے ؛ پرانے زمانے کا ٹرفین جو آلہ جراحی کا کام دیتا تھا ۔ (فعل متعدی) تربان سے کاٹنا یا تراشنا ۔

trepanation, n. تربان کا عمل جراحی ؛ کسی چیز میں سوراخ کرنے کا عمل ؛تربان کاری۔

trepan, trapan, n. (قدیم) دوسروں کو پھانسنے یا پھندے میں لانے والا ؛ جو دوسروں کو دھوکا فریب دے کر ناموافق راستے یا مقام پر لے جائے ؛ مکر ؛ فریب ؛ پھندا ؛ جال ؛ دام ۔ (فعل متعدی) (قدیم) پھانسنا یا پھندا لگانا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب کرنا ؛ چکمہ دینا یا جھانسا دینا ۔

trepang, n. ترپانگ ؛ حلزونی آبی ؛ سمندری گھونگے کی ایک قسم جو جنوبی آسٹریلیا اور شرق الہند کے جزائر میں پائی جاتی ہے اور جسے چین میں غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

trephine, n. ترفین ؛ تربان ؛ آلہ جراحی کی ترقی یافتہ شکل جس سے چھید کر کے کھوپڑی کی الواح سر کاٹی جاتی ہیں ، اس کا دستہ عرضی ہوتا ہے اور وسط میں ایک پن آویزاں ہوتی ہے جو

عمل جراحی کے دوران آلے کو مضبوط پکڑنے کے لیے ہڈی میں اٹک جاتی ہے ۔ (فعل متعدی)ترفین یا ترپان سے آپریشن کرنا ۔

trephination, n. ترپان سے جراحی کا عمل ؛ترفین کاری ۔

trepidation, trepidity, n. لرزش ؛ رعشہ ؛ بے چینی ؛ خوف ؛ شدید گھبراہٹ ؛ اضطراب ؛ دہشت ؛ اعضا کی کپکپاہٹ ، جیسے رعشہ جو فالج کے سبب ہو جاتا ہے ؛ لرزش ؛ لرزنے کی حرکت ۔

treponema, n. ٹرپونیما نسل کا کوئی سا کنڈلی دار جرثومہ جو انسان اور میمل جانوروں سے طفیلی کی طرح حمٹ کر انہیں آتشک کا مرض لگا دیتا ہے ۔

treponemal, treponemalous, a. آتشک کی بیماری لگانے والا ؛ جس سے آتشک کا مرض لگ جائے ۔

trespass, v.i. بے جا مداخلت کرنا ؛ حد سے بڑھ جانا یا جرم کرنا ؛ حد سے متجاوز ہونا ؛ خفا کرنا ؛ گناہ کرنا ؛ کسی شخص کی موجودگی وقت یا خلوت میں بے جا حائل ہونا ؛ مخل ہونا یا حقوق پامال کرنا (on کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (قانون) خلاف ورزی کرنا ۔ (فعل متعدی) حد سے بڑھ کر کام کرنا ؛ حد سے بڑھ جانا یا نافرمانی کرنا ۔ (اسم) خطا ؛ قصور ؛ مداخلت مجرمانہ ؛ بے جا دخل ؛ کھوٹ ؛ گناہ ؛ دست اندازی ؛ قانون یا فرض کی خلاف ورزی ؛ حد سے تجاوز ؛ جرم ، معصیت یا غلطی ؛ بے جا مداخلت یا دخل اندازی ۔ (قانون) کوئی قانونی خلاف ورزی جو کسی کو ضرر پہنچانے ، کسی کی جائیداد ہتھیانے یا کسی کا حق چھیننے سے متعلق ہو اور جو صریحاً یا زبردستی ، بالفعل یا بالارادہ عمل میں آئی ہو ، خاص کر کسی کی زمینوں پر مداخلت بے جا ؛ اس طرح کی حرب و ضرب کا ہرجانہ طلب کرنے کا عمل ۔

trespasser, n. مداخلت بے جا کرنے والا ؛ خطا کار ؛ قصور وار ؛ دست انداز ؛ مداخلت بے جا کا مرتکب ؛ مخل ۔

tress, n. (قدیم) زلف ؛ انسان کے سر کے بالوں کی لٹ (عام طور پر جمع مستعمل ہے) ؛ کاکل ؛ گیسو ؛ جٹا ؛ مینڈھی ؛ لمبی زلفیں یا خمدار گیسو ، خاص کر عورت کی زلفیں جو گندھی ہوئی نہ ہوں ۔

tressed, a. زلف والی ؛ کاکل دار ۔

tres-tine, royal antler, n. بارہ سنگھے کے بڑے سینگ کے نیچے والا تیسرا سینگ ۔

trestle, n. گھوڑی ؛ ڈھانچ ؛ قینچی دار پایوں کی سیڑھی ؛ ٹکٹکی ؛ سہارا دینے والا ڈھانچا خصوصاً وہ جو دو آڑے شہتیروں کے دونوں سروں پر بلی نصب کر کے بنا ہوتا ہے ۔ (سول انجنیئری) سہارا دینے والا ڈھانچا جو عام طور پر سہاروں یا ان کے بغیر عمودی یا ترچھے ٹکڑوں سے بنا ہوتا ہے اور مختلف کاموں کے لیے استعمال ہوتا ہے ، جیسے ندی نالے یا اوپر سے ریل کی پٹڑی لے جانے کے لیے ۔

trestle tree, n. (جہاز رانی) جہاز کے نچلے مستول میں لگی ہوئی دوہری افقی لکڑیوں یا سلاخوں میں سے کوئی ایک لکڑی کا ٹکڑا یا سلاخ جس کے سہارے مستول اونچا کھڑا رہتا ہے ۔

trestlework, trestling, n. قینچی دار کام ؛ قینچی یا گھوڑی کا بنا ہوا ڈھانچ ؛ سہارا ؛ پل یا اس قسم کی کوئی شے ؛ اس نوع کا ڈھانچا ۔

trews, n. اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی باشندوں کی چست چارخانی پتلون ، جیسے آج کل پہاڑی رجمنٹ کے سپاہی استعمال کرتے ہیں ۔

trey, n. تاش کے چاروں رنگوں کے پتوں میں سے کسی رنگ کی تگی یا کسی پانسے کا رخ جس پر تین نقطے لگے ہوں ۔

triable, a. آزمایش کے قابل ۔ (قانون) قابل عدالتی چارہ جوئی ؛ قابل نالش ؛ نالش پذیر ۔

triableness, n. امتحانی استعداد ؛ قابل چارہ جوئی ہونے کی حالت ؛ آزمایشی قابلیت ؛ نالش پذیری ۔

triacid, a. (کیمیا) سہ تیزابہ ؛ یک اساسی تیزاب کے تین سالمات سے ترکیب پانے کے قابل جن میں تین تبدُّل پذیر ہائیڈروجن ایٹم ہوں ۔ (اسم) تیزاب جس میں تین تبدل پذیر ہائیڈروجن ایٹم موجود ہوں ۔

triad, n. تِکڑی ؛ تین کا جوڑ ، خصوصاً تین قریبی رشتہ داروں یا ہم صحبتوں یا اشیا کا ؛ ثلاثہ ۔ (موسیقی) سہ سری دھن ، تین سروں کا ، خصوصاً تین سروں کی دھن ۔ (کیمیا) عنصر ، ایٹم یا جس کا ایک جوہر ہائیڈروجن کے تین جوہروں سے مرکب ہو سکے ؛ سہ گرفتہ ؛ تثلیث ۔

triadic, a. سہ فلزی ؛ تثلیثی ۔

triadically, adv. تین تین کے جوڑ سے ۔

trial, n. آزمایش ؛ سعی ؛ جانچ ؛ مقدمہ ۔ (قانون) فریقین کے درمیان تنازع کی عدالتی تحقیقات اور اس کا فیصلہ ؛ تجربے یا آزمایش کا عمل ؛ کوشش ؛ تجربہ ؛ آزمایشی تجربہ ؛ تجربے سے ثبوت ؛ جو چیز ابتلا و آزمایش کا باعث بنے ، جیسے مصائب و آلام ؛ کٹھنائی ؛ مشکل ؛ جس سے قوتِ کردار ، ایمان ، صداقت یا اصول کو پرکھا جائے ؛ آزمایشی کیفیت ؛ امتحان ۔ (صفت) امتحان ، ثبوت ، تجربے یا نمونے کے طور کا ، اس سے متعلق یا اس طریقے پر کیا گیا ، جیسے آزمایشی طور پر ۔

trial and error, n. سعی و خطا ؛ تجربہ کرنے یا مسئلہ حل کرنے کا ایسا لائحہ عمل جس میں طرح طرح کے اصول یا طریقے آزمائے جائیں اور غلطیوں کو رد کر کے انجام کار مطلوبہ نتیجے اور صحیح حل تک پہنچا جائے ۔

trial balance, n. جانچ میزان ؛ دہرے اندراج کی کھاتہ داری میں حساب کتاب کو متوازن کرنے کی تیاری میں کھلے کھاتے میں ادائیگی و وصولی کا اندراج ۔

trial baloon, n. رخ نما غبارہ ؛ غبارہ جو ہوا کا رخ معلوم کرنے کے لیے اڑایا جائے ؛ طریقہ ، لائحہ عمل یا تدبیر جو رائے عامہ معلوم کرنے کے لیے وضع کی جائے ۔

trial jury, n. دیکھیے : Petit jury ۔

trial lawyer, n. عدالتی وکیل ؛ قانونی عدالتوں میں مقدمات بھگتانے والا ماہر اور تجربہ کار وکیل ۔

trial run, n. آزمایشی پھیرا ؛ ابتدائی آزمایش جو کسی چیز کی کارکردگی دیکھنے کے لیے کی جائے خاص کر کسی سواری کی ، جیسے موٹر کار یا بحری جہاز کی آزمایشی پھیرا یا چکر ۔

triangle, n. (جیومیٹری) تکون ؛ مثلث ؛ کثیرالاضلاع جس کی تین اطراف اور تین زاویے ہوں ؛ اس طریقے پر یا اس وضع کی بنی ہوئی کوئی شے ، جیسے قطعۂ زمین کا کونا ؛ تین کونوں والا مسطح اور سیدھی اطراف والا آلہ جس سے جیومیٹری کی اشکال یا خطوط بنائے جائیں ؛ تِکڑی یا تین کا مجموعہ ؛ ایسی جذباتی کیفیت جس میں تین

افراد شامل ہوں ، جیسے ایک شخص جس پر دو عورتیں عاشق ہوں ۔ (موسیقی) تھاپ کا ساز جو فولاد کے تکونے کڑے کی شکل کا ہوتا ہے اور ایک کونے کی طرف سے کھلا ہوتا ہے ۔

triangular, a. تکونا ؛ تکونیہ ؛ سہ گوشہ ؛ ثلاثی الزوایا ؛ مثلث سے متعلق ، مثلث نما یا مثلث کی شکل کا ؛ تین کونوں والا ؛ مثلث القاعدہ ؛ سہ شاخہ ؛ مثلث جیسے قاعدے یا سطح والا ؛ تین ارکان ، عناصر یا افراد کے بارے میں ، ان سے متعلق یا ان سے ترکیب یافتہ ۔

triangularity, n. مثلثی ؛ مثلثیت ۔

triangularly, adv. مثلث کی شکل میں ۔

triangulate, v.t. تکونا بنا دینا ؛ مثلثوں میں تقسیم کر دینا ؛ مساحت کرنا یا نقشہ بنانا ، جیسے کسی علاقے یا رقبے کا مثلثوں میں تقسیم کر کے (جیسے : to triangulate the height of a mountain) ۔

triangular, a. مثلثی ؛ تکونیہ ؛ مثلثوں سے بنا ہوا یا مثلثوں سے مخصوص ۔

triangulation, n. پیمایش مثلثی ؛ مثلثی تقسیم ۔ (مساحت ، جہاز رانی) طویل فاصلے کی صحیح پیمایش کرنے یا کسی مخصوص مقام یا جگہ معلوم کرنے کا طریقہ جس میں طے کردہ لمبائی کے قاعدے پر مثلثوں کا سلسلہ بنا کر علم مثلثیات کی رو سے نامعلوم فاصلے یا جگہ کا تعین کیا جاتا ہے ؛ اس طرح بنائی گئی اور پیمایش کردہ مثلثوں کا سلسلہ ؛ مثلث بندی ۔

triarchy, n. سہ عملی ؛ سہ شخصی حکومت ؛ سہ رکنی حکومت ؛ ملک جو تین حاکموں کے زیر نگیں ہو ؛ تین بادشاہوں کی متحدہ فرماں روائی ۔

Triassic, a. (ارضیات) سہ گانہ ؛ تریائی ؛ جوراسی یا میان حیاتی ارضی دور یا اس دور کی چٹانوں کی بنیادی تقسیم کے نظام سے متعلق یا مخصوص ۔ (اسم) جوراسی یا میان حیاتی عصر یا نظام ۔

triatic stay, n. (جہاز رانی) رسّا جو اگلے ، بڑے مستول کے سروں پر لپٹا ہوتا ہے اور جو کشتیوں یا دوسرے بھاری بوجھوں کو اٹھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے جس میں رسا چرخیاں لگائی جاتی ہیں ۔

triatomic, a. سہ جوہری ؛ تین ایٹموں والا سالمہ ؛ جس میں تین ہائیڈرو آکسل گروپ موجود ہوں ۔

triaxial, a. سہ محوریہ ؛ سہ محورہ ؛ جس کے تین محور ہوں ۔

triazine, n. (کیمیا) تین مرکبات کا ایک گروہ جو تین ایٹم نائٹروجن کے اور تین ایٹم کاربن کے سلسلے پر مشتمل ہوتا ہے ؛ ان مرکبات کے مختلف مشتقات میں سے کوئی ۔

triazole, n. (کیمیا) سہ نائٹروجنی مرکب ؛ چارمرکبات کے گروہ میں سے ایک جس میں تین نائٹروجن ایٹم اور دو کاربن ایٹم کا پانچ عددی سلسلہ ہوتا ہے ؛ ان مرکبات کے مشتقات میں سے کوئی ایک ۔

triazolic, a. سہ نائٹروجنی ۔

tribal, a. قبائلی ؛ کسی قبیلے سے متعلق ؛ قبیلے سے مخصوص ؛ قبیلے یا قبیلوں کا ۔

tribally, adv. قبائلی طور پر ؛ قبیلوں میں ۔

tribalism, قبائلیت ؛ قبائلی تقسیم ؛ معاشرے کے قبیلوں میں بٹ جانے کی حالت ۔

tribasic, a. (کیمیا) سہ اساسی ؛ سہ اساسہ ؛ اس کا اطلاق اُن تیزابوں پر ہوتا ہے جو ایک ہی اساس کے تین مرادفات سے مل کر بنتے ہیں ؛ نمکیات پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جس میں تین اساسی ایٹم ہوتے ہیں اور ہر ایک میں کیمیائی گرفت ایک ہوتی ہے ۔

tribe, n. قبیلہ ؛ لوگوں یا قوم کا ایک طبقہ ، جماعت یا گروہ ۔ ایک ہی مورث اعلیٰ کا خاندان یا نسل جو ممیز ہو (جیسے : the 12 tribes of Israel) ؛ اہل روم کا ایک سیاسی زمرہ جو روم کے تین پرانے قبیلوں یعنی صابیین ، لاطینی اور اٹرسکنوں میں سے کسی ایک کا مظہر ہو ؛ ابتدائی لوگوں کی قوم یا خاندان جو نسلی شاخ بن گئی ؛ کوئی خاص وصف یا پیشہ رکھنے والی ٹولی کے لوگ (عموماً حقارت سے استعمال کرتے ہیں) ۔ (حیاتیات) مختلف اصناف کے جانوروں یا پودوں کی تقسیم جو اپنی جنس سے کم تر اور خاندانی شاخ سے فروتر ہوں ؛ فرقہ ؛ جماعت ؛ جرگہ ؛ قسم ؛ جنس ؛ نوع ؛ خاندان ؛ جاتی ؛ دَل ؛ خیل ؛ طائفہ ؛ فریق ۔

tribesman, n. قبائلی ؛ کسی قبیلے سے تعلق رکھنے والا ؛ کسی قبیلے کا رکن یا فرد ۔

triboelectricity, n. (برق) فرکی برق ؛ رگڑ برق ؛ بجلی جو رگڑ سے پیدا ہو ، جیسے اونی غالیچے پر چلنے سے ۔

triboelectric, a. رگڑ سے پیدا ہونے والی بجلی کا یا اس سے متعلق ۔

triboluminescence, n. (طبیعیات) فرکی نورانیت ؛ چمک ، نورانیت جو عام طور پر کرسٹل میں رگڑ سے پیدا ہو جاتی ہے ۔

triboluminescent, a. فرکی نورانیت کا ۔

tribrach, n. (عروض) رکن شعر جس میں تین چھوٹے ہجا (syllable) ہوں ؛ ثلاثی قصیر ۔

tribrachic, a. تین ہجائی ؛ ثلاثی قصیر کا ۔

tribromoethanol, n. (علم ادویہ) ایتھائل الکوحل کا سفید قلمی شکل میں برومائن مرکب جو عام طور پر سُن کرنے والی بنیادی دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

tribulation, n. مصیبت ؛ جو چیز دکھ اور پریشانی کا باعث ہو ؛ شدید تکلیف ؛ آزار ؛ ابتلا و آزمایش ۔

tribulate, v.t. دکھ دینا ؛ آزار پہنچانا ۔

tribunal, n. معدلہ ٹریبونل ؛ کچہری ؛ عدالت انصاف ؛ عدالت میں صدر کی حیثیت سے جج یا مجسٹریٹ کا مقام یا اس کی نشست ۔

tribune, n. حامیٔ جمہور ؛ وکیل جمہور ؛ قدیم روما میں بہت سے افسروں کا خطاب ، خاص کر ان مجسٹریٹوں کا جو جمہور کے منتخبہ ہوتے تھے اور اشرافیہ کے مقابلے میں ان کے حقوق کی حفاظت کرتے تھے ؛ ان چھ فوجی افسروں میں سے کسی ایک افسر کا خطاب جو ہر سال باری باری رومی فوج کے سردار بنائے جاتے تھے ۔

tribuneship, tribunate, n. وکیل جمہور کا عہدہ ۔

tribune, n. اونچا چبوترہ ؛ مسند یا شہ نشین ، جو شروع شروع میں رومی قصر عدالت میں مجسٹریٹ کے بیٹھنے کے لیے بنایا جاتا تھا ؛ اونچا حصہ یا نشستوں والی گیلری ، جیسے گرجوں میں بنی ہوتی ہے ؛ مسیحی باسلیق میں اسقف کا تخت یا وہ محراب جس میں یہ تخت رکھا ہو یا نیم قوسی محراب ۔

tributary, a. باج گزار ؛ معاون (دریا) ؛ امدادی ؛ چندہ دینے والی ؛ مدد کرنے والی ؛ خراج ادا کرنے والا یا خراج ادا کرنے پر مجبور ؛ جو شے بطور خراج ادا کی جائے ـ (اسم) نہر جو اپنا پانی کسی بڑی نہر یا کسی اور ذخیرہ آب کو دے ؛ خراج ادا کرنے والا ـ

tributarily, adv. امدادی طور پر ؛ باج گزارانہ طریقے سے ـ

tribute, n. نذر ؛ کسی شخص یا واقعہ کی یاد میں کہی گئی اچھی باتیں یا کیے گئے کام ؛ خراج عقیدت(جیسے : a tribute to one's predecessors) ؛ سالانہ یا مقررہ رقم جو ایک ریاست یا حکمران دوسرے کو ادا کرے خواہ باج گزاری کے طور پر یا اقرار نامہ کی رو سے ؛ باج ؛ خراج ؛ جزیہ ؛ ہدیہ ؛ جاگیردارانہ نظام میں جو کرایہ یا محصول جاگیردار اپنی رعایا پر لگائے ؛ گراں رقوم جو ڈراوے دھمکاوے سے جبراً وصول کی جائیں ؛ غیر واجب مطالبات کو پورا کرنے کی ضرورت اور مجبوری ـ

tricarpellary, a. (نباتیات) سہ بقچوی ؛ تین بقچوں والا پودا ـ

trice, v.t. (جہاز رانی) بادبان کو چھوٹے رسے سے چڑھانا ؛ بادبان کو رسے کے ساتھ اونچا کرنا یا پھیلانا (عام طور پر up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ـ

trice, n. بہت کم وقت ؛ لمحہ بھر ؛ پل بھر ؛ (آجکل in a trice استعمال ہوتا ہے)یعنی چشم زدن میں ؛ فوراً ؛ بلا تاخیر ـ

triceps, n. (تشریح الاعضا) تین سَری عضلہ : پٹّھا جس کے تین سرِا نقطے ہوں ، خاص کر جو اوپر کے بازو کی پشت پر سے نکلا ہوتا ہے ؛ اوپر کے بازو کا پٹھا ـ

triceratops, n. (صخریات) سہ قرنی سوسمار ؛ ایک مہیب رینگنے والا جانور جس کی دونوں آنکھوں کے اوپر دو لمبے سینگ اور ایک چھوٹا سینگ ناک کے اوپر ہوتا ہے اور گردن لچک دار ہوتی ہے جسے وہ آسانی کے ساتھ آگے پیچھے پھرا سکتا ہے ـ

trichiasis, n. (امراضیات) پڑبال ؛ شعرۃ العین ؛ پلکوں کے بالوں کا اندر کی طرف مڑ جانے یا دروں روئی کی کیفیت جس سے پُتلی میں رگڑ پیدا ہوتی ہے ـ

trichina, n. ترخینا ؛ بال کی مانند ایک قسم کا خیطیہ کیڑا جو انسان کے عضلاتی ریشوں اور بعض جانوروں خصوصاً سور اور چوہے کے جسم سے طفیلی بن کر کیسہ بند سُنڈی کی صورت میں چپٹا رہتا ہے ـ

trichinal, a. ترخینا بیماری کا یا اس سے متعلق ـ

trichinize, v.t. ترخینا کا مرض ہونا یا پیدا کرنا ـ

trichinization, n. ترخینا بیماری لاحق ہونے کی کیفیت ـ

trichinosis, trichiniasis, n. (امراضیات) مرض ترخینا ؛ ترخینا کیڑے سے پیدا ہونے والا مرض جو آنتوں اور پٹھوں کے ریشوں کو لگ جاتا ہے ـ

trichinous, a. ترخینا زدہ ؛ جس میں ترخینا کیڑے پائے جائیں ـ

trichite, n. (ارضیات) موئے بلورہ ؛ خُرد بال نما معدنی عناصر میں سے کوئی ایک جو زجاجی آتش فشاں چٹانوں میں پایا جاتا ہے ، خصوصاً شیشۂ معدن ؛ موبائیہ ؛ شعری بلورہ ؛ سوزن اسفنج ـ

trichitic, a. شیشہ معدن کا ـ

trichloride, n. (کیمیا) ٹرائی کلورائڈ ؛ جس کے ہر سالمے میں کلورین کے تین ایٹم موجود ہوں ـ

trichocyst, n. (حیوانیات) مُوانبان ؛ خلیے جو دھاگا نما ریشے اگلنے کے قابل ہوں ، جیسا کہ بعض نخز حوینی (Protozoanes) میں ہوتے ہیں ـ

trichocystic, a. دھاگا نما ریشہ اگلنے والے خلیے کے بارے میں ؛ مُوانبان کا ـ

trichogyne, n. (نباتیات) شعری بقچہ ؛ مادے کے آلہ تولید پر بال کی طرح کا ابھار جو نر کا تخم وصول کرتا ہے ، جیسے چند بحری کائیٔ فطرات اور اُشنہ ـ

trichoid, a. بال کی طرح ؛ شعری ؛ بال جیسا ـ

trichome, n. (نباتیات) شعیرہ داخلی ؛ بال یا ایسی ہی کوئی فاضل روئیدگی جو پودے کی ڈنڈی کے بالائی حصے پر ہو ـ

trichomonad, n. سوطات حوینی جو طفیلی بن کر بہت سے جانوروں اور اس کی بعض اقسام اور انسانوں کے ساتھ چمٹی رہتی ہیں ـ

trichomonadal, trichomonal, a. سوطات حوینی دار ـ

trichomoniasis, n. (امراضیات) نخزحوینوں (پروٹوزون) سے لگنے والی بیماری ؛ عورت اور مرد کے آلہ ہائے تناسل کا تورّم ، جس سے لیس دار مادّہ خارج ہوتا ہے ـ (بیطاری امراضیات) جانوروں میں حمل گر جانے اور بانجھ ہونے کا مرض ؛ پرندوں کو لگ جانے والی بیماری ـ

trichotomous, a. سہ شاخہ ؛ تین حصوں میں منقسم یا تقسیم ہوتا ہوا ؛ تین حصوں والی ٹہنیوں کا ؛ تین تین کی شاخوں میں پھوٹنے والا ـ

trichotomously, adv. تقسیم ثلاثی کے طریقے سے ـ

trichotomy, n. تبانٹ ؛ تقسیم ثلاثی ؛ کسی چیز کی تقسیم تین حصوں میں ، خصوصاً وجود انسانی کی ، جیسے جسم ، نفس اور روح ـ

trichromat, n. معمول کے رنگ کی یا سہ رنگی نظر رکھنے والا شخص ـ

trichromatic, a. سہ رنگا ؛ تین رنگوں کی ملاوٹ یا ان کے استعمال سے متعلق ، جیسے طباعت میں ، سہ رنگا یا تین رنگی چھپائی والا ؛ سہ رنگ بیں ؛ تراکمی ؛ سہ لونہ ـ

trichromatic vision, n. معمول کی نظر جس میں آنکھ کا پردہ سب رنگ پہچان لیتا ہے ـ

trichromatism, n. تراکمی حالت ؛ سہ لونی بصارت ؛ تین مختلف رنگوں کا استعمال یا ان کی ملاوٹ ـ

trick, n. کرتب ؛ داؤ ؛ چال یا فریب ؛ دھوکا ، مکر ، دغا یا جھوٹ ؛ دھوکے یا فریب والی شکل و صورت ؛ بے ہودہ یا شرارت آمیز کارکردگی ؛ شوخی ؛ عملی مذاق (جیسے : to play a trick on some one) ؛ الو بنانا ؛ بے ہودہ ، توہین آمیز اور خفیف حرکت یا عمل ؛ انوکھا انداز یا خوش سلیقہ داؤ (جیسے : a rhetorical trick) ؛ چکمہ ؛ جھانسا ؛ جُل ؛ خاص طریقے یا ڈھنگ سے کرنے کا فن یا سلیقہ ؛ داؤں پیچ یا کرتب کا مظاہرہ ؛ بازیگری کا کھیل یا ہاتھ کی صفائی ؛ خاص عادت ، حرکت یا انداز ؛ عجیب ترکیب یا ڈھب ؛ کھیل ؛ عادت خاص ؛ تاش کا ہاتھ ؛ گھات ؛ پیچ ؛ جوڑ توڑ ؛ چالاکی ؛چھَل ، حرکت ؛ بازی ؛ جعل ؛ فن فریب ؛ شعبدہ بازی ـ (بول چال) بچہ یا جوان لڑکی ـ (جہاز رانی) پتوار چلانے کا عرصہ یا باری ـ (تاش) ایک بار میں بنائے جانے والے ہاتھ یا سریں ـ (فعل متعدی و لازم) چال سے دھوکا دینا ؛ دھوکا کرنا یا فریب دینا (out, of کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ جعلسازی سے

tricostate, a. (حیاتیات) سہ ضلعہ ؛ سہ پسلا ؛ جس کی تین پسلیاں یا ابھری ہوئی ہڈیاں ہوں ؛ تپسلیا ـ

tricot, n. ٹریکو ؛ ہاتھ یا مشین سے بنا ہوا نیلون ، سوت یا ریشم کا کپڑا ؛ ایک قسم کا اونی کپڑا ـ

tricotine, n. اونی ، سوتی یا بٹے دھاگوں سے بنا ہوا کپڑا جس کی سطح دوسوتی ساخت کی ہو ـ

tricrotic, a. (فعلیات) سہ ضربی (نبض) ؛ تگنی دھڑکن جیسے شریانی نبض کی ؛ شریانی نبض کے متعلق ـ

tricotism, n. سہ ضربیت ؛ نبض کی تگنی دھڑکن ـ

trictrac, n. دیکھیے : Trick track ـ

tricuspid, tricuspidal, a. سہ نُکّا ؛ جس کی تین نوکیں یا اَنیاں ہوں ، جیسے دانت ـ (تشریح الاعضا) سہ نکے صمام کے متعلق ؛ تین نقطے کا ـ (اسم) (تشریح الاعضا) نوکیلا دانت ؛ نوکدار صمام ـ

tricuspidate, a. سہ کنگری ؛ تین نوکوں والا ؛ سہ شاخہ ـ

tricuspid valve, n. (تشریح الاعضا) سہ نکا صمام ؛ تین نوکوں یا تین تہوں والی وہ جھلّی جو دل کے بائیں حصے میں گردش کرتے ہوئے خون کو بائیں جوف دل میں جانے سے روکے ـ

tricycle, n. سہ چرخہ ؛ سہ پہیہ سائیکل : ٹرائسکل ؛ تین پہیوں والی سائیکل جس کے پچھلے دو پہیے ایک دوسرے کے متوازی اور ایک بڑا پہیہ آگے لگا ہوتا ہے ؛ دو پیڈلوں سے چلتی ہے اور بچوں کے لیے بنائی جاتی ہے ـ

tricyclic, a. تین پہیوں سے بنا ہوا یا ان پر مشتمل ـ

tridactyl, a. (حیوانیات) تین انگلیوں ، چنگلوں یا پنجوں والا جانور یا حیوان ؛ سہ انگشت ؛ سہ اصبع ـ

trident, n., a. سہ شاخہ ؛ ترنگل ؛ کانٹے کی شکل کا سہ شاخہ اوزار خاص کر سہ پہلو نیزہ یا برچھا جو سمندر کے دیوتا (نیپچون) کے ترشول کی نمائندگی کرے ؛ سہ شاخہ اوزار ؛ ترشول ـ

tridentate, tridental, a. سہ دندانہ ؛ سہ دنتا ؛ سہ شاخہ نیزے ، برچھے یا ترشول کا ـ

Tridentine, a. ترینٹ یا اس مجلس کلیسا سے متعلق جو ۱۵۴۵ء میں اس شہر میں منعقد ہوئی تھی ـ

tridimensional, a. سہ ابعادی ؛ ابعاد ثلاثہ رکھنے والی شے ، جس کی لمبائی ، چوڑائی اور گہرائی ہو ؛ ذوابعاد ثلاثہ ـ

tridimensionally, adv. ابعاد ثلاثہ کی رُو سے ـ

tried, a. تجربہ شدہ ؛ ثابت شدہ ؛ مجرب ؛ آزمودہ ؛ بھروسے کے قابل (جیسے : tried friends) ـ

triennial, a. سہ سالہ ؛ جو تین سال کے بعد واقع ہو ؛ جو تین سال تک رہے ـ (اسم) ہر تین سال کے بعد منعقد ہونے والا ؛ تیسری سالگرہ ؛ تین سال کا عرصہ ـ

triennially, adv. ہر تین سال کے بعد ؛ سہ سالہ ـ

triennium, n. تین سال کا عرصہ ـ

trier, n. آزمانے والا ؛ وہ شخص جو تجربہ کرے یا آزمائے یا وہ چیز جس سے تجربہ کیا جائے یا آزمایا جائے ؛ تجربہ کرنے والا ؛ حاکم مجوّز ؛ تحقیقات کرنے والا ـ

trier arch, n. (قدیم یونانی) سہ طبقہ جنگی جہاز کا کپتان ؛ ایتھنز کا وہ شہری جو انفرادی یا اجتماعی طور پر دوسرے شہریوں کی

شکار ہونا (into کے ساتھ مستعمل) ؛ کسی کو دغا دینا ؛ دھوکا کرنا ؛ چالیں کھیلنا ؛ جُل دینا ـ

tricker, n. چالباز ؛ فریبی ؛ دھوکا دینے والا ـ

trickery, n. دھوکا ؛ فریب ؛ دغا دینے کا عمل ؛ دغا بازی ؛ حیلہ ؛ چھل ؛ جعل سازی ـ

trickish, a. چالاک ؛ کائیاں ؛ دغا باز ـ

trickishly, adv. چالاکی سے ؛ دغا بازی و مکاری سے ـ

trickishness, n. دغا بازی ؛ چالاکی ، مکروفریب ؛ دغا ؛ دھوکا ـ

trickle, v.i. رسنا ؛ ٹپکنا ؛ کسی سیال شے کا قطرہ قطرہ یا تھوڑی مقدار میں گرنا یا بہنا (جیسے : Tears trickled down the cheeks) ؛ قطروں کی شکل میں یا ہلکی دھار کی صورت میں آنا ، بہنا ، گزرنا یا آگے بڑھنا (جیسے : Subscriptions are trickling in) ـ (فعل متعدی) قطرہ قطرہ کرکے یا ہلکے بہاؤ سے گرانا یا گرنے دینا ـ (اسم) قطروں کا ٹپکاؤ یا دھار ؛ کسی چیز کی مقدار کا قطرہ قطرہ یا پتلی دھارمیں آنا ، جانا یا آگے بڑھنا (جیسے : a trickle of visitors to a house) ـ

trick or treat, n. (امریکا) داؤ یا دو ؛ ہالووین کے موقع پر بچے اپنے پڑوسیوں کے گھر جاتے اور مٹھائی ، قند وغیرہ طلب کرتے ہیں اور یہ دھمکی دیتے ہیں کہ اگر ایسا نہیں کیا تو وہ ایسا داؤ کریں گے کہ یاد کروگے ـ

trickster, n. دھوکا دینے والا ؛ دغا باز ؛ فریبی ؛ فطرتی ؛ چالیا ؛ چھلیا ؛ چال باز ؛ حَراف ـ

tricksy, a. چال بھرا ؛ شوخ ؛ چنچل ؛ شریر ؛ عجیب ؛ انوکھا ؛ فریبی ؛ عیار ؛ چھلیا ـ

tricksiness, n. شوخی ؛ شرارت ؛ مکروفن ؛ چالاکی ـ

trick-track, trictrac, n. چوسر کی طرح کا ایک کھیل جس میں نردیں اور گٹے دونوں استعمال ہوتے ہیں ـ

tricky, a. مکار ؛ دغا باز ؛ فریبی ؛ چالاک ؛ کائیاں ؛ ناقابل اعتماد ؛ عجیب ؛ انوکھا ؛ عیار ؛ چھلیا ؛ چنچل ؛ شوخ ـ

trickly, adv. چالاکی سے ؛ دغابازی سے ـ

trickiness, n. چالاکی ؛ دغابازی ـ

triclinic, a. (قلمیات) ؛ سہ مائلہ ؛ تین غیر مساوی محوروں والی شے جس میں محور ایک دوسرے کو آڑے ترچھے قطع کرتے ہیں ـ

triclinium, n. قدیم اہل روما کی کھانے کی میز کے تین اطراف رکھا منقسم صوفہ جو ٹیک لگانے کے کام آئے ؛ کھانے کا کمرہ جس میں ایسا صوفہ لگی ہوئی میز پڑی ہو ـ

tricolette, n. ریشم جیسا بنا ہوا کپڑا جو عورتوں کے ملبوسات کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے ـ

tricolor, Brit. tricolour, n. سہ رنگ جھنڈا ؛ سہ رنگی شے ؛ ترنگا جھنڈا جس کی دھاریاں برابر برابر ہوں ، جیسے فرانس کا جھنڈا ـ (صفت) تین رنگوں والا ؛ ترنگا ـ

tricorn, tricorne, a. سہ شاخہ ؛ تِسنگا ؛ تین سینگوں والا ؛ تین سینگوں جیسے ابھار یا کونوں والا ؛ سہ قرنہ ؛ سہ گوشہ ـ (اسم) ہیٹ جس کے چھجے تین اطراف سے اوپر اُلٹے ہوئے ہوں ـ

tricornered, a. سہ گوشیا ؛ تین کونوں والا ـ

مدد سے پبلک (عوامی) خدمت کے لیے اسی قسم کا جہاز تیار کرنے پر مامور تھا ـ

trierarchy, n. (تاریخ یونان) سہ طبقہ جنگی جہاز کے کپتان کا عہدہ ؛ قدیم ایتھنز کے باشندوں کا فریضہ کہ انھیں پبلک (عوامی) خدمت کے لیے سہ طبقہ جنگی جہازوں کا بیڑہ تیار اور بروقت مہیا کرنا پڑتا تھا ـ

triethyl, a. (کیمیا) سہ ایتھائل ؛ جس میں ایتھائل کے تین گروپ موجود ہوں ـ

trifacial, n. دیکھیے : Trigeminal ـ

trifid, a. سہ لختہ ؛ سہ شگافہ ؛ جو تین حصوں میں شگافتہ ہو ؛ سہ چیرا ـ

trifle, n. معمولی سا معاملہ ؛ خفیف یا ادنیٰ سی بات ؛ کھلونا ؛ کم قیمت چیز یا چھوٹی موٹی آرایشی شے ؛ ہلکا یا معمولی ادب پارہ یا گیت ؛ کسی چیز کی تھوڑی سی مقدار یا تعداد ؛ چھوٹی سی رقم ؛ جست کی ایک قسم جس میں اوسط درجے کی سختی ہوتی ہے ـ (برطانوی ، طباخی) ایک میٹھی ڈش جو پھینٹی ہوئی بالائی یا اسی قسم کی دوسری چیز جیسے انڈوں کی سفیدی ، شراب میں تر کیک کے ٹکڑوں ، شیرہ اور پھلوں پر مشتمل ہوتی ہے ـ (فعل لازم و متعدی) ہنسی مذاق میں ٹالنا ؛ سنجیدگی سے نہ لینا یا نہ ماننا (with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ ہاتھوں یا انگلیوں سے کھیلنا یا شغل کرنا (with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ فضول باتیں کرنا یا بے ہودہ حرکتیں کرنا ؛ وقت ضائع کرنا یا کھیل کود میں اڑانا ، سست ہونا ؛ فضول یا بیکار بکواس کرنا ؛ بیکاری میں یا کھیل کود کر وقت گنوانا (away سے پہلے مستعمل ہے) ـ

trifler, n. سطحی قسم کا آدمی ؛ خفیف الحرکت شخص ـ

trifling, a. بے قدر ؛ غیر اہم ؛ خفیف ؛ سطحی یا ہلکا ؛ معمولی ؛ ذرا سا یا بیکار ؛ حقیر ؛ قدروقیمت یا نرخ میں کم ؛ ادنیٰ ؛ ہیچ پوچ ؛ بے مصرف ؛ بے حقیقت ـ

triflingly, adv. سبک سری سے ؛ خفیف الحرکتی سے ؛ بیہودگی سے ؛ سبکی سے ؛ ہلکے پن سے ؛ خفیف حد تک ـ

triflingness, n. سبک سری ؛ سطحیت ، کم قیمتی ؛ بے حقیقتی ـ

trifocal, a. (بصریات) تین ماسکہ ـ (جمع) تین فاصلوں تک توافق پذیر عینک کے شیشے ـ

trifoliate, trifoliated, a. (نباتیات) سہ برگہ ؛ تین پتوں والا ؛ تپتیا ـ

trifoliate orange, n. چینی سنگترہ ؛ چینی سنگترے کا درخت ، خاص کر جو پیوند لگانے کے لیے ذخیرہ کرنے کی خاطر اگایا جاتا ہے ـ

trifoliolate, a. (نباتیات) سہ برگہ ، جیسے قرنفل کا پتا ـ

trifolium, n. جنس شفتل ـ

triforium, n. (فن تعمیر) (قدیم) سہ دری گیلری ؛ کلیسا کی محراب والی دیوار پر بنی ہوئی سہ دری گیلری ؛ مسقف غلام گردش ـ

triforial, a. کلیسا کی سہ دری گیلری سے متعلق ـ

triform, triformed, a. تین شکلی ؛ تین ہیئتی ؛ تین شکلوں یا تین ہیئتوں پر مشتمل ـ

trifurcate, trifurcated, a. سہ شاخہ یا تین ٹہنیوں والا ؛ تقسیم ثلاثی والا ـ

trifurcation n. سہ شاخیت ـ

trig, a. (عام طور پر برطانوی بولی) صاف ستھرا ؛ سلیقے کا ؛ چست یا بنا ٹھنا ؛ عمدہ جسمانی حالت میں ؛ سنجیدہ ؛ سچا ، وفادار یا قابل اعتماد ـ (فعل متعدی) (زیادہ تر برطانوی بولی) آراستہ کرنا ؛ سنوارنا ؛ چست بنانا ، عمدہ لباس پہنانا (up, out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ـ

trigness, n. چُستی ؛ آراستگی ؛ خوش لباسی ؛ بناؤ سنگھار ـ

trig, v.t. پہیے یا بیرل وغیرہ کی حرکت کو پتھر یا لکڑی کی پچر یا پھانے سے روکنا یا سہارا دینا ـ (اسم) آڑ یا بلاک جو روک کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ اڑواڑ ؛ روک ـ

trigeminal, trifacial, a. (تشریح الاعضا) سہ رُخا ؛ پانچویں قحفی عصبات کے جوڑے سے متعلق ، جس میں سے ہر ایک چہرے اور سر کو حسی عصبات فراہم کرنے کے لیے تین شاخوں میں بٹ جاتا ہے ؛ سہ توامی عصب ؛ عصب مثلثی ـ

trigeminal neuralgia, n. چہرے کا تشنج ؛ عرۃ الوجہ ؛ سر اور چہرے کے پٹھوں کا درد ـ

trigger, n. گھوڑا ؛ زناد ؛ لبلبی ؛ ٹرائگر ؛ بندوق یا پستول میں لگا ہوا انگشت نما پرزہ جس کو انگلی سے دبانے یا کھینچنے سے کھٹکا یا کمانی کھل جاتی ہے اور گولی چلنے کا نظام چل پڑتا ہے ؛ کوئی کل جیسے لیور جس کو کھینچنے یا دبانے سے کھٹکا یا کمانی کھل جائے ؛ کوئی عمل یا واقعہ جو جذبات کو برانگیخت کرے یا کام پر اکسائے یا اسے متاثر کرے ـ (کیمیا) لبلبہ (عامل) ـ (فعل متعدی) چلانا جیسے بندوق وغیرہ ؛ شروع کرنا یا ابتدا کرنا ؛ پہل کرنا ـ

quick on the trigger, (بول چال) بندوق چلانے میں جلد باز ؛ بہت جلد جواب دینا ؛ تڑاق پڑاق ؛ سمجھ لینا یا عمل کرنا ؛ ہوشیار ـ

triggerless, a. لبلبی کے بغیر ـ

triggerfish, n. گرم پانیوں کی مضبوط گٹھے ہوئے جسم کی مچھلیاں جن کی پشت کا اگلا پنکھ دو یا تین ریڑھ کی ہڈیوں کے جوڑ پر مشتمل ہوتا ہے اور ان کی پہلی ہڈی اس وقت تک نہیں دبتی جب تک دوسری ہڈی زور دے کر نہ دبائی جائے ـ

trigger-happy, a. (بول چال) بے پروائی سے بندوق چلانے کا عادی ؛ لاپروائی و غیر ذمہ داری سے ایسے حالات و عوامل کو آگے بڑھانے والا جن سے لڑائی چھڑ جانے کا اندیشہ ہو ؛ جھگڑالو طبیعت کا ـ

triggerman, n. (عوامی) پیشہ ور خونی ، خاص کر جس کا تعلق معاشرے کے ادنیٰ طبقے سے ہو ؛ پیشہ ور مجرم کا محافظ ـ

triglyph, n. (فن تعمیر) ترجھری ؛ ڈورک طرز پر بنے ہوئے آرایشی حاشیے میں ابھرا ہوا مستطیل جس کی پیشانی پر تین متوازی عمودی جھریاں ہوتی ہیں ـ

triglyphic, a. جھری دار مربع کا یا اس شکل کا ـ

trigon, n. (نجوم) سہ برُج ؛ تکون ؛ مثلث ؛ راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی ایک مجموعہ ؛ ایک تکونا اوزار ؛ تِکھونٹ ؛ پرانے زمانے کا مثلث بربط ؛ ایک قسم کا ستار ـ (قدیم) مثلث ـ

trigonal, a. سہ پہلو ؛ مثلثی ؛ سہ برجا ؛ مثلث شکل کا ، اس سے متعلق یا اس شکل میں ؛ سہ پہلو ؛ تین زاویوں والا ـ (قلمیات) تہرے جوڑ میل والا قلمی نظام ـ

trigonometric function, circular function, n. (ریاضی) مثلثاتی تفاعل ؛ مثلث پیمائی تفاعل ؛ زاویے یا قوس کا عمل ، جیسے جیب زاویہ ، جیب التمام ؛ مماس ، مماس التمام ، قاطع یا قاطع التمام ، جسے زاویہ قائمہ کے دونوں اطراف کی نسبت کے طور پر دکھایا گیا ہو۔

trigonometry, n. مثلثیات ؛ علم مثلثات ؛ ریاضی کا وہ شعبہ جس میں مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی باہمی نسبت سے بحث کی جائے ؛ مثلث پیمائی۔

trigonometric, trigonometrical, a. مثلثیاتی ؛ علم مثلثات کے بارے میں یا اس علم سے متعلق۔

trigonometrically, adv. علم مثلثات کی رو سے یا اس کے مطابق۔

trigonous, a. سہ گوشہ ؛ تدھارا یا تکونیا ؛ سہ کنار یا سہ پہلو ، جیسے شاخیں یا بیج وغیرہ۔

trigraph, n. تین حروف کا جوڑ جو ایک آواز ظاہر کرے ، جیسے eau ، لفظ beau میں۔

trigraphic, a. تین حروف کے جوڑ والا۔

trihedral, a. (جیومیٹری) سہ سطحی ؛ تین سطحوں والا۔ (اسم) تین متقاطع خطوط والی شکل جس میں ہر خط کی سطح الگ الگ ہو۔

trihedron, n. (جیومیٹری) سہ سطحی مجسم ؛ تین متقاطع خطوط سے بنی ہوئی شکل جس کا ہر خط مختلف سطح کا ہو۔

trihydrate, n. (کیمیا) سہ آبی ؛ پانی سے ترکیب یافتہ مرکب جس میں پانی کے تین سالمے ہوں۔

trihydroxy, a. (کیمیا) تین ہائیڈرو کسل گروپ والے سالمے سے متعلق۔

trijugate, trijugous, a. (نباتیات) سہ جفتہ ؛ تین جوڑوں والا ، جیسے دونوں طرف بالمقابل تین تین پتیوں والا پتّا ؛ سہ جوگا۔

trilateral, a. سہ طرفہ ؛ سہ ضلعی (شکل) ؛ مثلث۔

trilaterality, n. سہ طرفیت ؛ مثلثیت ؛ سہ ضلعیت۔

trilaterally, adv. تکونے طریقے سے۔

trilby, n. (برطانوی) نرم قسم کے نمدے سے بنا ہوا مردانہ ہیٹ جس کا دندانے دار چندوا ہوتا ہے۔

trilinear, a. سہ خطہ ؛ سہ خطی ؛ تین لکیروں والا یا تین سطروں کا۔

trilingual, a. سہ زبانہ ؛ سہ لسانی ؛ تین زبانوں پر مشتمل یا تین زبانوں سے متعلق ؛ تین زبانیں بولنے کے قابل یا تین زبانوں میں بات چیت کرنے کا ماہر۔

trilingually, adv. تین زبانوں میں یا تین زبانوں کے طور پر۔

triliteral, a. ثلاثی ؛ سہ حرفی ، تین حروف خصوصاً حروف صحیح پر مشتمل ، جیسے سامی زبان کے بہت سے مصادر۔ (اسم) سہ حرفی لفظ یا مصدر۔

triliteralism, n. ثلاثیت ؛ سہ حرفیت۔

trill, v.t. گٹکری گانا ؛ لرزاں آواز میں گانا یا باجا بجا کر کھنک کا تاثر پیدا کرنا۔ (صوتیات) لرزاں آواز سے ادا کرنا/بولنا ، جیسے اسپینی ادا کرتے ہیں۔ (فعل لازم) لرزتی یا تھرتھراتی ہوئی آواز کا گونجنا۔ (موسیقی) گٹکری میں الاپنا۔ (اسم) پرندے ، کیڑے مکوڑے یا گانے والے شخص کی لرزتی ہوئی آواز یا آوازیں۔ (موسیقی) دو متوالی سُروں کی یکسا یک تبدیلی ؛ لرزش ؛ ارتعاش ؛ کھنک ؛ ترانہ ؛ گٹکری ؛ آواز کی لرزش یا لہک۔ (صوتیات) مرتعش انداز میں حرف صحیح کی ادائیگی ؛ لفظ جو اس طرح صحیح ادا کیا جائے۔

trill, v.t. (قدیم) نیچے گرانا یا ٹپکانا۔ (فعل لازم ، قدیم) قطرہ قطرہ ٹپکنا یا بہنا۔

trillion, n. دس کھرب ؛ ٹرلین ؛ امریکا اور فرانس میں کوئی عدد جس کے بعد بارہ صفر ہوں ؛ برطانیہ عظمی اور جرمنی میں ایک ملیئن بلیئن یا کوئی ہندسہ جس کے بعد اٹھارہ صفر ہوں۔

trillionth, n., a. دہ کھربواں۔

trillium, n. امریکی سوسن ؛ تین پتوں کا پودا جس کے درمیان صرف ایک ہی پھول کھلتا ہے ؛ تہتیا سوسن۔

trilobate, trilobated, a. (نباتیات) سہ گوشیہ ؛ تین کونوں والا پتا۔

trilobation, n. سہ گوشیت۔

trilobite, n. (حجریات) سہ لختہ ؛ حجری دور کے سہ لختہ دار بحری جانور جو اب ناپید ہو چکے ہیں ، ان کے جسم بیضوی شکل کے چپٹے ہوتے تھے اور لمبائی ایک انچ یا اس سے بھی کم ، سے لے کر دو فٹ تک ہوتی تھی۔

trilobitic, a. سہ لختہ جانوروں کا ؛ سہ لختہ۔

trilocular, a. (حیاتیات) سہ خانوی ؛ سہ درجی ؛ تین خانوں والا ؛ جس کے تین درج یا خانے ہوں۔

trilogy, n. مثلثیات ؛ تین ڈراموں ، اوپیروں یا ناولوں کا سلسلہ جن میں ہر ایک اپنی جگہ خاص اعتبار سے مکمل ہو ، لیکن اکٹھے مل کر بھی ان کا موضوع تسلسل مربوط ہو ؛ یونانی ڈرامے کی ایک اصطلاح جس کی رو سے تین المیہ ڈرامے مل کر کسی قصے یا کہانی کو پورا کریں ؛ سہ المیہ۔

trim, v.t. تراشنا ؛ اصلاح کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کر درست کرنا ؛ کترنے ، صاف کرنے ، جھاڑ جھنکاڑ دور کرنے ، تراشنے ، قطع کرنے یا کسی اور طرح بیکار ، فالتو یا استعمال شدہ حصے ہٹا کر صاف ستھرا بنانا یا سنوارنا (جیسے : to trim a person's hair) ؛ تراشنے ، کاٹنے یا چھانٹنے سے جھاڑ علیحدہ کرنا (off کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ خیالات کو ضرورت کے مطابق بدلنا یا ٹھیک کرنا۔ (قدیم) لباس تبدیل کرنا یا سجنا (عام طور پر up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔ (نجاری) لکڑی کے ٹکڑے کو مطلوبہ صفائی یا شکل دینا۔ (طیرانیات) توازن درست کرنا (کسی سواری ، جیسے ہوائی جہاز کا) تا کہ ہوائی جہاز افقی پرواز میں رہے۔ (جہاز رانی) بوجھ کو اس طرح تقسیم کر کے سلیقے سے رکھنا کہ جہاز سمندر میں سیدھا چلتا رہے ؛ جہاز کا بوجھ برابر کرنا ، مال ، اسباب یا مسافروں کو ادھر ادھر ہٹا کر ؛ مستولوں یا بادبانوں وغیرہ کی ترتیب ہوا کے رخ پر بدلنا ؛ قرینے سے دھرنا یا لگانا ؛ مزین کرنا (جیسے : to trim a christmas tree) ؛ جلانے کی حالت میں رکھنا یا راکھ یا جلا ہوا ایندھن ہٹا کر استعمال کرنا یا دوبارہ آگ یا ضروری اجزا جلانا (جیسے : to trim a lamp)۔ (بول چال) ملامت یا سرزنش کرنا ؛ مارنا یا پیٹنا ؛ کھیل میں ہرانا۔ (فعل لازم) (جہاز رانی) خاص رخ اختیار کرنا یا جہاز کا متوازن کرنا ؛ مستولوں اور بادبانوں کو ہوا کے رخ اور جہاز کے رخ کے مطابق ترتیب دینا ؛ فریقین کے مابین غیر جانبدارانہ ، محتاط اور

اقتضائے وقت کے مطابق رویہ اختیار کرنا ؛ ایسی تدبیر کرنا کہ متنازعہ حالات میں گزارا ہو سکے یا فریقین یا تمام پارٹیوں کی خوشنودی حاصل کرنا ۔ (اسم) عمدہ حالات یا ترتیب (جیسے : to find everything in trim) ؛ قرینہ ؛ تراش ۔ (جہاز رانی) پانی میں جہاز کی حالت' خصوصاً انتہائی موافق ؛ متوازن حالت میں جہاز کی کیفیت ؛ جہاز کے اگواڑ ، پچھواڑ کے پانی کے کٹاؤ کا فرق ؛ بادبانوں کی ترتیب ہوا کے رخ اور جہاز کے راستے کے مطابق ؛ سمندر کا سفر اختیار کرنے کے لحاظ سے جہاز کی حالت یا کیفیت ؛ لباس ، سجاوٹ یا سازو سامان (جیسے : in one's Sunday trim) ؛ آرایشی طور پر بالوں کی تراش یا حجامت کا انداز (جیسے : a military trim) ؛ فروخت یا نمایش کے لیے اسٹور کی کھڑکی میں قرینے سے رکھا ہوا آرایشی سامان ؛ کاٹنے یا تراشنے کا عمل ، جیسے بال تراشنے کا انداز ۔ (طیرانیات) متوازن پرواز کے لیے جہاز کو صحیح ، سیدھی حالت اور رخ پر رکھنا ۔ (نجاری) کسی عمارت کے اندر لکڑی کا کیا ہوا آرایشی کام ؛ گاڑی جیسے موٹر کار وغیرہ کی اندرونی اور بیرونی سجاوٹ ۔ (صفت) خوش منظر یا خوش گوار (جیسے : trim lawn) ؛ عمدہ حالت میں ؛ صاف ستھرا ۔ (قدیم) سلیقے سے تیار شدہ ، سجا سجایا ۔

trimly, adv. سلیقے کے ساتھ ؛ ترتیب سے ۔

trimness, n. خوش ترتیبی ؛ آراستگی ؛ سجاوٹ ؛ توازن ۔

trimer, n. (کیمیا) سہ ترکیبہ مرکب ؛ وہ سالمہ جو ایک ہی قسم کے تین مگر کم پیچیدہ سالموں سے مرکب ہو ۔

trimeric, a. سہ ترکیبہ ؛ اپنے جیسے تین مگر کم پیچیدہ سالمات سے مرکب سالمے کے بارے میں ۔

trimerous, 3-merous, a. سہ پارہ ؛ تین حصوں کا یا تین حصوں میں منقسم ۔ (نباتیات) ہر حلقے میں تین پتے رکھنے والا ، جیسے تپتیا پھول ۔ (حشریات) تین جوڑوں یا تین حصوں والا ۔

trimester, n. سہ ماہی یا تین ماہ کے دورانیے والا ؛ بعض کالجوں یا یونیورسٹیوں کا تین حصوں میں منقسم تعلیمی سال کا ایک حصہ (کوارٹر یا سیمسٹر کے مقابلے میں) ۔

trimesteral, trimesterial, a. سہ ماہہ ۔

trimeter, n. سہ بحوری ؛ سہ وزنی شعر ؛ بحر مثلث ؛ ایسی نظم یا شعر کا ایک مصرع جس کے تین اوزان یا بحریں ہوں ۔

trimetric, trimetrical, a. تین بحروں یا تین اوزان کا یا ان سے متعلق ۔ (قلمیات) ثائمہ معینی ۔

trimetrogon, n., a. فضائی فوٹو لینے کا طریقہ جس میں وسیع علاقے کی جغرافیائی نقشہ سازی کے لیے تین تیز رفتار کیمرے استعمال کیے جاتے ہیں ، اُن میں سے ایک کا رخ تو نیچے کی طرف رکھا جاتا ہے اور باقی دونوں کیمرے غیر زاویہ قائمہ پر رہتے ہیں ۔

trimmer, n. تراشندہ ؛ باغبانی قینچی ؛ گل گیر ؛ تراشنے والا شخص یا وہ چیز جس سے تراش خراش کی جائے ؛ کاٹ چھانٹ کرنے ، چھیلنے یا قطع و برید کرنے کا اوزار یا مشین ؛ لکڑی کے لٹھے کاٹنے والی مشین ؛ جہازی مال اسباب ، کوئلہ یا اسی نوع کی چیزوں کو قرینے سے ترتیب دے کر رکھنے یا تبدیل کرنے والا سامان ؛ وہ شخص جو اپنے لائحہ عمل کے بین بین رہنے والا ہو ، جیسے سیاست میں ؛ فریقوں کے سلسلے میں بڑی محتاط پالیسی اختیار کرنے والا شخص جو وقتی ضرورت کے تحت کسی ایک فریق کا ساتھ دینے پر آمادہ ہو جائے ؛ ابن الوقت ؛ موقع بین ؛ گھاتیا ؛ موقع پرست ۔ (فن تعمیر) لکڑی یا شہتیر جس کے اندر پتھر یا اینٹ کا ایک سرا دھنسا دیا جاتا ہے جو دروازہ یا آتش دان بناتے وقت اس کی کڑیوں کا بوجھ سہارتا ہے ؛ کڑی ٹیک ۔

trimming, n. درستی ؛ اصلاح ؛ تراش خراش ؛ کوئی چیز جو خوشنما بنانے یا سجاوٹ کے لیے استعمال کی جائے (جیسے : the trimmings of a christmas tree) ؛ سجاوٹی لوازمات ؛ کھانے کی سجی سجائی پلیٹ یا قاب ؛ آراستہ کرنے والے شخص یا چیز کا عمل ۔ (بول چال) بدگوئی یا سرزنش ؛ مارپیٹ یا زدو کوب یا شکست ۔ (جمع) کھانے کی چیزوں کے ساتھ لوازمات یا اضافے ؛ تراشنے ، کترنے ، کاٹ چھانٹ کرنے یا چھیلنے سے جمع شدہ ٹکڑے ۔

trimolecular, a. (کیمیا) تین سالمات سے بنا ہوا یا ان سے متعلق ۔

trimonthly, a. سہ ماہی ؛ تین ماہ بعد واقع ہونے والی یا ادا کی جانے والی ، جیسے قرضے کی قسط ۔

trimorph, n. (قلمیات) سہ روپ ؛ سہ شکلہ ؛ سہ شکلی شے ؛ وہ چیز جو تین امتیازی شکلوں میں موجود ہو ؛ تین شکلوں میں سے کوئی ایک شکل ۔

trimorphism, n. (حیوانیات) سہ شکلیت ؛ ایک ہی نسل کے جانوروں کی بناوٹ یا رنگ میں تین شکلوں کی ظاہری نمود ۔ (نباتیات) ایک ہی پودے یا اسی نسل کے مختلف پودوں پر تین مختلف قسم کے پھول پتوں کی نمود ؛ سہ شکل گل ۔ (قلمیات) بعض اشیا کے جوہر جن سے تین مختلف ہیئتوں کے قلم بنتے ہیں ؛ سہ شکلی قلماؤ ۔

trimorphic, trimorphous, a. سہ روپا ؛ سہ شکلہ ؛ تین مختلف شکلوں کا ۔

trimotor, n. سہ موٹری جہاز ؛ تین موٹروں سے چلنے والا ہوائی جہاز ۔

trim size, n. تراش جسامت ؛ فالتو حصے علیحدہ کرنے کے بعد کسی چیز کی اصل ابعاد ۔

Trimurti, n. (سنسکرت) ترمورتی ؛ اہل ہنود کی تکڑی یا تثلیث ؛ برہما ، وشنو اور شو جن کے ایک جسم پر تین سروں سے تخلیق ، زندگی اور موت کے اصولوں کی نمائندگی ہوتی ہے ۔

trinal, a. سہ چند ؛ تگنا ؛ تہرا ؛ تین تہا ؛ تین حصوں پر مشتمل یا تین ٹکڑوں کا بنا ہوا ۔

trinary, a. دیکھیے : Ternary ۔

trindle, v.t. (برطانوی ، بولی) لڑھکنا ؛ لڑھکانا ؛ چکر لگانا ؛ گھومنا دائرے کی شکل میں ۔ (اسم) (جلد بندی) لکڑی یا دھات کا بنا ہوا مسطح مستطیل نما اوزار جس کے ساتھ جلد بندی سے قبل کتاب کے اگلے اور پچھلے کنارے ہموار کیے جاتے ہیں ۔ (برطانوی) چھوٹا پہیہ ؛ استوانی دندانوں والی چھوٹی چرخی ۔

trine, a. تہرا ؛ ثلاثی ؛ سہ عصبہ ؛ سہ جزہ ۔ (نجوم) دوسرے ستارے سے ثلث دائرے یا ۱۲۰ درجے کا بُعد رکھنے والا یا اس سے متعلق یا منطقة البروج (راس چکر) کا تیسرا حصہ ۔ (اسم) بعد ثلث ؛ تین کا گروہ یا جماعت ؛ سہ جزہ ۔ (بڑے T سے) تثلیث ۔ (چھوٹے t سے) (نجوم) دو سیاروں کا بُعدِ ثُلث ۔

trine immersion, n. بپتسمہ جو امیدوار کو تین دفعہ پانی میں غوطے دے کر ادا کیا جاتا ہے ، ہر غوطہ تثلیث کے ایک رکن کا مظہر ہوتا ہے ۔

Trinitarian, a. معتقد تثلیث ؛ تثلیث کا یا تثلیث سے متعلق ؛ عقیدہ تثلیث کو ماننے والا ؛ تثلیثی عقیدہ رکھنے والوں سے متعلق ؛ تثلیث کے معتقدوں کے مذہبی سلسلے کا یا اس سے تعلق رکھنے والا ۔ (چھوٹے t سے) تثلیث پر مشتمل ؛ تہرا ؛ تین جُزء ۔ (اسم) عقیدہ تثلیث کا معتقد ؛ دین عیسوی کے سلسلے یعنی تثلیث مقدس (Holy Trinity) کا ایک رکن ، یہ مذہبی سلسلہ ۱۱۹۸ء میں عیسائی قیدیوں کو مسلمانوں کے قبضے سے چھڑانے کے لیے قائم کیا گیا تھا ۔

Trinitarianism, n. ثالوث ؛ تثلیثیت ؛ تثلیث پسندی ۔

trinitrocresol, n. (کیمیا) زرد نامیاتی بلور کا مرکب جو بارود میں استعمال ہوتا ہے ۔

trinitroglycerin, n. (کیمیا) ٹرائی نائٹروگلیسرین ؛ تین نائٹروجن والی گلیسرین ۔

trinitrotoluene, TNT, n. (کیمیا) ٹرائی نائٹروٹولوین ؛ طولون کا تڑقنے والا نائٹرو مشتق جو بھک سے اڑنے والے مادے اور کیمیائی مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

Trinity, n. (الٰہیات) تثلیث ؛ باپ ، بیٹے اور روح القدس کا ذات باری میں اتحاد ؛ فنون لطیفہ میں تمثیل جو تثلیث کو ظاہر کرے ۔ (چھوٹے t سے) تین ہونے کی حالت ؛ تین کا گروہ ؛ تکڑی ۔ (جمع) تثلیثیات ۔

Blessed Trinity, Holy Trinity, Trinity Sunday, n. پینٹی کاسٹ کے بعد پہلے اتوار کی ضیافت ۔دیکھیے : pentecost ۔

trinket, n. انگوٹھی چھلا ؛ ٹوم ٹھیکری ؛ چھوٹی سی پرتکلف چیز ؛ چھوٹا زیور جیسے ہیرا ؛ انگوٹھی یا اسی نوع کی کوئی چیز ؛ جو گراں بہا یا قیمتی شے نہ ہو ؛ معمولی سی ؛ ناچیز شے ۔ (فعل لازم) خفیہ خط و کتابت یا لین دین کرنا ؛ سازش یا ساز باز کرنا ۔

trinketer, n. سازشی ؛ خفیہ اور چوری چھپے ملاقاتیں کرنے والا ۔

trinketry, n. چھوٹے موٹے زیورات ؛ معمولی قسم کی آرایشی اور بناؤ سنگھار کی چیزیں ۔

trinkums, n. دیکھیے : trinket ۔

trinominal, a. (الجبرا) سہ رقمہ ؛ تین رقموں والا ؛ تین علامتیں جو آپس میں جمع یا تفریق یا دونوں کے نشانوں سے مربوط ہوں ۔(حیاتیات) سہ اسمہ یعنی تین ناموں والا ، جنس ، نوع اور صنف کے اعتبار سے ؛ ان ناموں سے معروف ۔ (اسم) (الجبرا) سہ رقمی جملہ جیسے الف + ب – ج ۔ (نباتیات) تین طرح کے نام ، ایک ہی چیز کے (جیسے : Cannibis, Sativa Indica, Indian hemp) ۔

trio, n. تِگڈم ؛ تکڑی ؛ تین آوازوں میں گانے یا تین سازوں پر بجانے کا راگ ؛ سہ انترے کی تقسیم ، جیسے جوڑے کے رقص ، مدھم اور کھرج کے راگوں میں بدلتے ہوئے سروں کے ساتھ جو تین سازوں کے لیے تین حصوں میں لکھا گیا ہو ؛ تین گانے والوں یا بجانے والوں کا طائفہ ، منڈلی یا جماعت ؛ سہ انترہ راگ ؛ سہ سنگیت ؛ تین آدمیوں کی ٹولی ؛ تین چیزوں کی تِکڑی ۔

triode, n. (برقیات) ٹرائی اوڈ ؛ سہ برقیرہ ؛ سہ قیرہ خلانلی جو ناظم جالی ، مثبت برقیرہ اور منفی برقیرہ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

trioecious, triecious, a. (نباتیات) مختلف پودوں پر لگنے والے تین قسم کے جداگانہ یعنی نر، مادہ اور دو زوجیا پھول ۔

trioeciously, adv. سہ جداگانہ انداز سے ۔

triolet, n. (عروض) خاص صنف شعر یا نظم جو آٹھ اشعار پر مشتمل ہو ، جس میں پہلے مصرعے کی تکرار چوتھے اور ساتویں مصرعے میں اور پانچوں مصرع اس کا ہم قافیہ ہو ، اسی طرح دوسرے مصرعے کی تکرار آٹھویں مصرعے میں اور چھٹا مصرع اس کا ہم قافیہ ہو جیسے : a b a a a b a b ۔

triose, n. (کیمیا) سادہ شکر کی کوئی قسم جس میں کاربن کے تین ایٹم موجود ہوں ۔

trioxide, n. (کیمیا) آکسائڈ جس میں آکسیجن کے تین ایٹم پائے جائیں ۔

trip, n. پھیرا ؛ بری یا بحری سفر ؛ گشت ؛ دورہ ؛ سمندری سفر یا سیر جو کشتی ، ریل گاڑی یا اسی نوع کی دوسری چیز کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ تک کیا جائے ؛ ایک مقام سے دوسرے مقام کا سفر اور واپسی (جیسے : a round trip) ؛ ہوا بدلی ، تفریح یا سیروسیاحت کا سفر ؛ لغزش ، ٹھوکر یا تیزی سے اٹھایا گیا قدم ؛ اتفاقی مزاحمت یا پاؤں پکڑ کر گرانے کا اڑنگا ، جیسے کُشتیوں کے داؤں پیچ ؛ تیزی اور نزاکت سے چلنے کا عمل ؛ چہل قدمی ؛ نازک خرامی ؛ ہلکی سی چال ۔ (مجازاً) غلطی ، لغزش یا فاش غلطی ؛ بھول چُوک ؛ اخلاقی طور پر اٹھایا گیا غلط قدم ۔ (مشین) مشین کا پرزہ یا کھٹکا جو مشین چلانے یا اس کی رفتار جانچنے کے لیے ہوتا ہے ۔ (بول چال) دماغی امراض سے متعلق ادویہ کے استعمال کا تجربہ ۔ (فعل لازم) سفر کرنا ؛ سیر و سیاحت کرنا یا چکر لگانا ؛ ٹھوکر کھانا یا کسی چیز سے ٹھوکر کھا کر لڑکھڑانے یا گرنے کا احتمال ہونا ، جیسے کسی روک پر اچھلنا ؛ لغزش کھانا ؛ تتلانا ، جیسے بات کرنے میں رک رک کر بولنا ؛ آہستہ اور نزاکت سے قدم اٹھانا ؛ اچھلنا یا ناچنا ؛ ترچھا ہونا یا ڈگمگانا ۔ (گھڑی سازی) گھڑی کی چرخی کے دندانے کا گرفت کیے بغیر پھسل جانا ۔ (مجازاً) بھول یا غلطی کرنا جیسے کسی بات یا بیان میں ؛ بری طرح پیش آنا ؛ قصور یا اخلاقی غلطی کرنا ۔ (فعل متعدی) اچانک روک لگا کر یا اڑنگا دے کر لڑکھڑا دینا ، ڈگمگا دینا یا گرا دینا ؛ قدموں تلے سے زمین نکال دینا یا پریشان کر دینا ؛ ترچھانا یا گھما دینا ۔ (مجازاً) تہ و بالا یا درہم برہم کر دینا ؛ بھول یا غلطی کر انا (up کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : to trip up a witness) ۔ (جہاز رانی) پانی کی تہ سے لنگر اٹھانا ؛ جھکانے سے پہلے بادبان اونچا کرنا ، عمودی حالت سے افقی حالت میں لانا ۔ (مشین) کلچ یا دستہ کھولنا اور اچانک مشین چلا دینا ۔

trippingly, adv. تیزی اور نزاکت سے ؛ روانی کے ساتھ ۔

tripartite, a. سہ جُزہ ؛ سہ نفری ؛ سہ طرفہ ؛ سہ درزہ ؛ جو تین حصوں میں منقسم ہو ؛ جس کے تین جز ہوں ؛ جو تین فریقوں کے درمیان طے پایا ہو ، سہ فریقی (جیسے : a tripartite treaty) ۔ (نباتیات) سہ درزہ (پتی) جو قریب قریب ڈنٹھل تک تین حصوں میں تقسیم ہو ، لیکن پوری طرح علیٰحدہ نہ ہو ۔

tripartitely, adv. تین حصوں میں ؛ تین فریقوں میں ۔

tripartition, n. تین حصوں میں تقسیم یا تین پر تقسیم ۔

tripe, n. اوجھڑی ؛ بیل وغیرہ کے شکم کا پہلا اور دوسرا حصہ جو عام طور پر پکا کر کھایا جاتا ہے ؛ اوجھ ۔ (عوامی) کوئی سی نکمی یا گھٹیا چیز جیسے گھٹیا قسم کے ناول ۔

tripetalous, a. (نباتیات) سہ گلبرگہ ؛ سہ پنکھڑیا ؛

جس کی تین پنکھڑیاں ہوں ؛ تین پنکھڑیوں والا ۔

triphammer, n. گھن ؛ مدھان ؛ بجلی سے چلنے والا چوڑے منھ کا وزنی ہتھوڑا جو مسلسل اوپر اٹھتا اور نیچے گرتا رہتا ہے ۔ (صفت) مدھان کی ضربوں سے مشابہ ۔

triphenylmethane, n. (کیمیا) ٹرائی فینائل میتھین ؛ قلمی ساخت کا بے رنگ ہائیڈرو کاربن مرکب جو بعض رنگوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

triphibian, a. سہ گیرہ ؛ زمین پر ، سمندر میں یا فضا میں جنگ پر پوری طرح ماہر یا آمادہ ؛ ہوائی جہاز کے بارے میں جو پانی ، برف یا زمین پر عمل کاری کے قابل ہو ۔ (اسم) سہ گیرہ عمل کرنے والا شخص یا شے ؛ سہ گیر آلہ ۔

triphibious, a. سہ گیرہ ؛ فضائی ، بری اور بحری افواج پر مشتمل یا اجتماعی کوششوں سے انھیں استعمال میں لانے والا ؛ زمین پر چلنے والی گاڑی یا ہوائی جہاز جو زمین ، سمندر یا برف پر یکساں عمل کار ہو ۔

triphthong, n. سہ مصوتہ ؛ ایک ہی صوتے میں تین حروف علت کی آوازوں کا پیچیدہ جوڑ ، جیسے لفظ flour کے تلفظ میں ؛ تین حروف سے بنا ہوا ۔

triphthongal, a. سہ مصوتی ؛ تین حروف علت کی آوازوں والا ۔

triphylite, triphyline, n. ایک معدن جو لیتھیئم ، لوہے اور مینگنیز کے فاسفیٹ پر مشتمل ہے ، نیلے اور سبز رنگ کے انباروں کی صورت میں پایا جاتا ہے ۔

tripinnate, tripinnated, a. (نباتیات) سہ پرہ ، جیسے دوپرہ پتیاں ایک پر اور نکالیں ۔

tripinnately, adv. سہ پرہ پتے کی طرح ۔

triplane, a. سہ سطحہ ؛ سہ سطحی ؛ تین پروں یا تین اوپر نیچے امدادی سطحوں والا طیارہ ۔

triple, a. تگنا ؛ سہ گنا ؛ تہرا ؛ ثلاثی ؛ تین حصوں پر مشتمل ؛ تین اقسام کا ؛ تین گنا بڑا ۔ (اسم) تکڑی ؛ تین کا جوڑ یا مجموعہ ؛ تین گنا یا تین تہی چیز ۔ (بیس بال) گیند کو ایسی ضرب دینا کہ گیند مارنے والے کو تیسرا بیس مل جائے ۔ (فعل متعدی) تگنا کرنا ؛ تہرا کرنا ۔ (فعل لازم) تگنا ہونا ۔

triply, adv. تین گنا کر کے ۔

triple counterpoint, n. (موسیقی) جوڑ جو تین آوازوں یا حصوں میں گائے جانے والے راگ راگنیوں میں لگایا جاتا ہے ۔

triple-nerved, a. (نباتیات) سہ عصبہ ؛ سہ رگہ ؛ ایسے پتے کا جس کی دو رگیں دونوں طرف آمنے سامنے اور ایک رگ درمیان میں آخری کنارے کے قریب ہو ۔

triple play, n. (بیس بال) تہرا کھیل ؛ کھیل جو تین بیس رنر (base runners) پر منتج ہوتا ہے جو گیند کے پہلے کھیل ہی میں الگ ہو جاتے ہیں ۔

triple-space, v.t., v.i. سہ فصلی ٹائپ کرنا ؛ اس طریقے سے ٹائپ کرنا کہ سطروں کے درمیان دو خالی سطروں کی جگہ باقی ہے ۔

triplet, tercet, n. تکّا ؛ بیک وقت پیدا ہونے والے تین بچوں میں سے کوئی بچہ ؛ تین کا مجموعہ یا جوڑ خاص کر ایک ہی قسم کا ۔ (عروض) ثلاثی ؛ ہم قافیہ تین مصرعے ۔ (موسیقی) تین سُر جو دو سُروں کے تال پر گائے یا بجائے جائیں ؛ سہ مصرعی ؛ تری پد ؛ تری بھنگی ؛ واگ کی تگن ۔

tripletail, n. سہ دمی ماہی ؛ گرم پانیوں میں پائی جانے والی ایک قسم کی خوردنی بڑی مچھلی جس کے پشتی پنکھ اس طرح پیچھے کی طرف کھنچے ہوئے ہوتے ہیں کہ اس کی دم پر لگے ہوئے پنکھ سے مل کر یوں معلوم ہوتا ہے ، جیسے وہ تین دموں والی مچھلی ہو ۔

triple threat, n. ایک ہی شعبے میں تین مہارتیں رکھنے والا ۔ (فٹ بال) بَیک کھلاڑی جو بھاگ سکتا ہے ، گیند کو ٹھوکر لگا سکتا ہے اور بڑی پھرتی سے گیند کو دوسرے کے سپرد بھی کر سکتا ہے ۔

triplex, a. ثلاثی ؛ تین تہا ؛ تہرا ۔ (اسم) تین حصوں کا ، جیسے مکان ۔ (موسیقی) تین مصرعوں یا تین اوزان کا نغمہ ؛ سہ ضربہ؛ تتالہ ۔

triplicate, v.t. تین تہا کرنا ؛ تہرا کرنا ؛ تیسری بار بنانا یا خلق کرنا یا تین تین کے جوڑ میں بنانا ۔ (صفت) تین کی تہ میں ؛ سہ گنا ؛ تین پرتی ؛ سہ رکنی ؛ جو تین حصوں میں ہو ؛ سہ فریقی ۔

triplication, n. تگنا یا تہرا کرنے یا کیے جانے کا عمل ؛ سہ چندی ؛ تگنا پن ؛ تین کا اجتماع ۔

triplicity, n. سہ چندی ؛ تثلیث ؛ سہ چند ہونے کی کیفیت ؛ تہرا کردار ؛ تگنا پن ؛ تین کا جوڑ یا مجموعہ ؛ تکڑی ؛ تین کا اجتماع ۔ (نجوم) راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی مجموعہ یا تین اجرام فلکی کا اجتماع ۔

triplite, n. طرابلس پتھر ؛ سنگ جلا ؛ ایک معدن ، عام طور پر فلورین ملے لوہے اور مینگنیز کا فاسفیٹ جو گہرے بھورے اور سیاہ رنگ کے انبار میں ملتا ہے ۔

triple blastic, a. (حیوانیات) سہ نہوضی ؛ فقاری جانور جن میں جنینی کرموں کی تین تہیں ان کے رحموں کی اندرونی جھلّی اور معدے کے اوپر اور نیچے کی جھلیوں میں نشوونما پاتی رہتی ہیں ۔

triploid, n. (نباتیات) سہ لونیوی پودا ؛ پودا جس میں گمٹہ کے مقابل لونیے (کروموسوم) تین گنا موجود ہوں ۔

triploidy, n. سہ لونیہ ۔

tripod, n., a. تپائی ؛ تین پایوں والا کوئی ظرف ، جیسے برتن ، دیگ یا طشت ؛ تین ٹانگوں والا اسٹول یا ایسی ہی کوئی اور چیز ؛ کسی قسم کا تین پائے والا چوکھٹا یا بورڈ ، جیسے کیمرے کو سہارا دینے کے لیے ہوتا ہے ۔ (قدیم یونانی) تین پایہ نشست گاہ جس پر بیٹھ کر ڈیلفی کی پجارن غیب کا حال بتایا کرتی تھی ۔

tripodal, tripodic, a. تین پایوں کا ؛ تپائی کی شکل کا ۔

tripoli, n. سنگ جلا ؛ ایک قسم کا چونے کا پتھر جو دھاتیں ، سنگ مرمر ، شیشہ اور اسی قسم کی چیزیں صیقل کرنے کے کام آتا ہے ۔

tripos, n. ٹرائیپوس ؛ کیمبرج یونیورسٹی (انگلینڈ) کے آنرز کے فائنل امتحانوں میں سے کوئی امتحان ، آغاز میں یہ ریاضی کا امتحان تھا لیکن آج کل دیگر مضامین میں بھی اس کی سند حاصل کی جا سکتی ہے ۔

tripper, n. دورہ کرنے والا شخص ۔ (مشین) مشین چلانے یا مشین کی رفتار جانچنے کا آلہ ۔

tristesse, n. غمگینی ؛ افسرد گی ۔

tristful, a. (قدیم) غمگین ؛ دلگیر ؛ ملول ؛ محزوں ۔

tristfully, adv. غم سے ؛ اداسی سے ؛ دلگیری سے ۔

tristylous, a. (نباتیات) سہ اطواری ؛ تین انداز رکھنے والا یا تین طرح رہنے والا ؛ سہ اندازی ؛ سہ خامہ ؛ سہ گردنہ ۔

tristyly, n. سہ گرد نیت یا سہ اندازیت ۔

trisulfide, n. (کیمیا) ٹرائی سلفائڈ ؛ سلفائڈ جس میں گندھک کے تین ایٹم پائے جائیں ۔

trisyllable, n. سہ ہجائی ؛ سہ صوتیہ ؛ تین بول کا لفظ ؛ تین حرکات یا تین ٹکڑے کا لفظ ۔

trysyllabic, trysyllabical, a. سہ ہجائی ؛ لفظ جس کے تین صوتیے ہوں ؛ تین بول والا یا تین بولوں کا ۔

trysyllabically, adv. تین بول کے لفظوں میں ۔

trite, a. گھٹیا ؛ فرسودہ ؛ کہنہ ؛ معمولی ؛ پیش پا افتادہ ؛ پرانا ۔ (قدیم) بیکار ؛ کثرت استعمال سے تباہ شدہ یا بوسیدہ ۔

trietly, adv. معمولی طور پر ؛ فرسودہ طریقے سے ؛ کہنہ طور پر ۔

triteness, n. فرسودگی ؛ قدامت ؛ کہنگی ۔

tritheism, n. سہ الٰہیت ؛ تین خداؤں پر اعتقاد ؛ ہندوؤں اور عیسائیوں میں تین خداؤں کی پرستش ؛ تثلیث پرستی یعنی باپ ، بیٹا اور روح القدس کی پرستش ۔

tritheist, n. معتقد سہ الٰہیت ؛ تثلیث پرست ؛ تین خداؤں پر اعتقاد رکھنے والا ۔

tritheistic, tritheistical, a. عقیدہ تثلیث کا ؛ تثلیثی ۔

tritium, n. (طبیعیات) ٹریشیم ؛ ثلاثی ہائیڈروجن ؛ تاب کار ہائیڈروجن ہم جا ، جس کا ایٹمی وزن تین ہوتا ہے ۔

triton, n. (حیوانیات) آبی چھپکلی ؛ ناقوسی ناعمہ ؛ اسی نام و نسل کا کوئی بھی آبی جانور جو قرنا نما بڑی کھال والا ہو ، جیسے سنکھی گھونگا ؛ ایسے جانور کا خول ۔ (بڑے T سے) ساگر دیوتا ؛ یونانی دیو مالائی سمندری دیوتا جو پوسیدن کا بیٹا تھا ، اس کا سر اور اوپر کا دھڑ انسانوں جیسا لیکن دُم مچھلی کی طرح ہے ، اس کے ہاتھ میں گھونگے کا بگل ہوتا ہے جسے وہ سمندر میں جوار بھاٹا پیدا کرنے کے لیے بجاتا ہے ؛ چھوٹے قسم کے ساگر دیوتاؤں کی اسی طرح کی ایک نسل ۔

triton, n. (طبیعیات) دو نیوٹرون اور ایک پروٹون سے ترکیب یافتہ ثلاثی ہائیڈروجن ایٹم کا مرکزہ ۔

tritone, n. (موسیقی) سہ سرا الاپ ؛ تین سُرا بُعد ؛ تین پورے سُروں پر مشتمل وقفہ ۔

triturate, v.t. کسی چیز کو مل کر ، پیس کر ، گھس کر یا کسی اور طرح ذرات میں تبدیل کرنا یا اس کا سفوف بنانا ؛ کوٹ کر باریک یا مہین کرنا ۔ (اسم) پسی ہوئی شے ؛ مالیدہ ۔

triturable, a. جو باریک پیسا جا سکے ؛ سفوف پذیر ۔

triturator, n. باریک پیسنے کا آلہ ؛ سفوف گیر ؛ سفوف ساز ؛ مہین پیسنے والا ؛ چبانے والا ۔

trituration, n. تحلیل ؛ پسائی ؛ سفوف گیری ؛ سفوف سازی ؛ باریک پیسنے کا عمل یا پیسے جانے کی کیفیت ۔ (علم ادویہ) کوئی

trippet, n. (برطانوی بول چال) تفریحاً یا محض سیر سپاٹے کی خاطر سفر کرنے والا ؛ سیر سپاٹے کا عادی یا تفریحی ٹرین پر سفر کرنے والا ۔

trippet, n. (مشین) ایک قسم کا مشینی ابھرا ہوا پرزہ یا کیم یا اسی طرح کی کوئی اور شے جو کسی دوسرے حصے کے ساتھ متواتر وقفوں سے ضرب کھاتی ہے ۔

triptane, n. (کیمیا) سیال بے رنگ جمعی ایندھن جو طیرانی گیسولین میں شور روک جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

triptych, n. سہ لوحی تصویر ؛ قلمی یا عکسی تصویر ؛ کندہ کاری کی تصویر جو تین جڑی ہوئی لمبوتری تختیوں پر مبنی ہو ؛ سہ لوحی تصویر خاص کر جو کسی مذہبی عنوان کی عکاس ہو اور جسے قربان گاہ کے منقش پردوں پر سجاوٹ کے لیے استعمال کیا جائے ؛ لکھنے کی تختی ، جو پرانے زمانے میں استعمال کی جاتی تھی جس کے تین جڑے ہوئے یا لپیٹے جانے والے حصے ہوتے تھے ۔

triquetrous, a. تدھارا ؛ تکونیا ؛ سہ کنار ؛ تین گوشوں والا ؛ جس کے تین کنارے ہوں ۔

triradiate, triradiated, a. سہ کرنہ ؛ جس سے تین کرنیں یا شعاعیں منعکس ہوں ؛ سہ اشعاعی ۔

triradiately, adv. تین کرنوں کے انعکاس سے ۔

trireme, n. سہ طبقہ جہاز ؛ قدیم یونانی جنگی جہاز جو تین طبقہ ہوتا تھا اور اس کے ہر جانب تین تختے یا تین چپوؤں کی قطاریں ہوتی تھیں ۔

trisaccharide, n. (کیمیا) سہ شکری ؛ تین سالمات کا شکری مرکب جو یک شکری مجموعے کی آب پاشیدگی کر دیتا ہے ۔

trisect, v.t. تین حصوں میں کاٹنا یا تقسیم کرنا ، عموماً برابر حصوں میں ؛ تثلیث کرنا ۔

trisection, n. عمل تثلیث ؛ تین حصوں میں کاٹنے یا تقسیم کرنے کا عمل ۔

trisector, n. خط تثلیث ؛ تین برابر کے حصوں میں کاٹنے یا تقسیم کرنے والا شخص یا آلہ ؛ تثلیث کار ۔

triseptate, a. (نباتیات) سہ فصلہ ؛ وہ پودا جس کے تین پردے یا تین پرت ہوں ۔

triskelion, triskel, n. تین ٹانگوں اور تین بازوؤں یا شاخوں والی ایک علامتی شکل جو ایک ہی مرکز سے منعکس ہو ۔

trismus, n. (امراضیات) فک بستگی ؛ دانتا پڑ جانا ؛ کزاز کی بیماری ، جس میں عضلات کی اکڑاہٹ سے نچلا جبڑا بیٹھ جاتا ہے ۔

trisoctahedron, n. چوبیس سطحی ؛ ایک مجسم جس کی تین تین کی اکائیوں میں چوبیس برابر کی سطحیں ہوں ، یہ اکائیاں مثمن السطوح کی ہر سطح کے مطابق ہوتی ہیں ۔

trisoctahedral, a. چوبیس سطحوں والا ۔

trisomic, a. (جینیات) سہ لونیہ ؛ سہ مورثہ ؛ سہ جسمیہ ؛ عام طور پر دو لونیوی عضویوں میں ایک یا ایک سے زیادہ سہ لونیوی عضویہ ۔ (اسم) تین مورثوں یا تین جسموں والا شخص ۔

trisomy, n. سہ مورثیت ؛ سہ جسمیت ؛ سہ لونیت ۔

triste, a. غمگین ؛ اداس ؛ افسردہ ۔

پسی ہوئی چیز خاص کر دودھ کی شکر میں ملی ہوئی دوائیں جو غیر محسوس پاؤڈر کی شکل میں ہوں۔

triumph, n. فتح ؛ کامرانی ؛ فتح یابی ؛ کامیابی ؛ جیت ؛ بہت بڑی کامیابی یا کارنمایاں ؛ فتح پر اظہار فخر و مسرت ؛ کامیابی پر خوشی ؛ فیروز مندی ؛ فتح مندی ؛ کامرانی پر فخر و ناز ؛ فتح کی خوشی ؛ فخر ؛ اظہار فخر و مسرت ۔ (تاریخ روما) قدیم روما میں فاتح سپہ سالاروں کا اپنی فوج ، مال غنیمت اور قیدیوں کے ہمراہ ، فوجی یا بحری فتح حاصل کرنے کے بعد ، جشن مناتے ہوئے جلوس کی شکل میں شہر میں داخلہ ۔ (فعل لازم) فتح حاصل کرنا یا غلبہ پانا ؛ فاتح ہونا ؛ فتح پر فخر کرنا ؛ کامیابی پر خوش ہونا ؛ فخر و انبساط کا اظہار ہونا ؛ جشن فتح منایا جانا جیسے رومی سپہ سالار منایا کرتے تھے ۔

triumphal, a. فتح کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ فتح کا جشن منانے یا فتح کی یادگار قائم کرنے سے متعلق ، جیسے محراب فتح یا فتح دروازہ جو کسی فتح کی یادگار میں بنایا جائے ؛ جیت کا ؛ فیروز مندی کا ۔

triumphally, adv. فاتحانہ طور پر ۔

triumphant, a. فتح یاب ؛ کامیاب ؛ فاتح ؛ فتح مند ؛ فیروز مند ؛ اپنی فتح اور کامرانی پر نازاں ۔

triumphantly, adv. فتح مندی سے ؛ کامیابی کے ساتھ ؛ فخریہ طور پر ۔

triumpher, n. ظفر مند ؛ فتح پانے والا ؛ کامیاب ۔

triumvir, n. (تاریخ روما) ترام ویر ؛ قدیم روما کے فرماں رواؤں کی مجلس ارباب ثلاثہ کا ایک رکن ۔

triumveral, a. ترام ویری ۔

triumvirate, n. مجلس ترام ویری ؛ اتحاد ثلاثہ ؛ تین افسروں یا مجسٹریٹوں کی متحدہ حاکمیت ؛ تین افراد پر مشتمل کوئی بااختیار یا مجاز مجلس ؛ ترام ویری منصب ؛ تین آدمیوں کا مجموعہ یا جتھا ؛ تکڑی ۔

triune, a. ثلاثہ فی الواحد ؛ ایک میں تین ؛ واحد فی التثلیث ؛ تین کی اکائی ؛ تثلیث سے متعلق ۔ (اسم) (بڑے T سے) تثلیث ۔

triunity, n. توحید فی التثلیث ؛ ثالوث ؛ تثلیث فی التوحید ۔

trivalent, tervalent, a. (کیمیا) سہ گرفتہ ؛ تین کی گرفت رکھنے والا ۔

trivalence, trivalency, n. سہ گرفتگی ؛ کسی عنصر کے ایک جوہر کی ہائیڈروجن کے تین جوہروں سے ترکیب پانے کی قوت ۔

trivalve, n., a. سہ صمامیہ ؛ تین والو پر مشتمل کوئی چیز ؛ جس میں تین والو ہوں ؛ خاص کر تین صماموں والا صدف یا خول ۔

trivet, n. تپائی ؛ تین پایوں والی چوکی ؛ لوہے کا اسٹینڈ جس پر پکانے کے برتن رکھے جاتے ہیں ؛ گرم دان ؛ دھات کا بنا ہوا چھوٹا اسٹینڈ جو کھانے کی گرم گرم قابیں میز پر رکھنے کے لیے ہوتا ہے ۔

trivia, n. معمولی معاملات ؛ ادنیٰ چیزیں ؛ غیر اہم اشیا ؛ ہیچ ؛ پوچ ۔

trivial, a. خفیف ؛ ہیچ ؛ پوچ ؛ پیش پا افتادہ ؛ معمولی ؛ گھٹیا ؛ ادنیٰ ؛ کم قدر ؛ غیر اہم ؛ مہمل ؛ غیر ضروری ؛ ناقابل ذکر ۔

triviality, n. ادنیٰ شے ۔

trivialization, n. بے قدری ؛ بے اہمیتی ۔

trivialize, v.t. خفیف ، نکما یا بے لطف بنانا ؛ بے قدر کرنا ۔

trivially, adv. سرسری طور پر ؛ خفیف سمجھ کر ؛ معمولی طور پر ۔

trivium, n. علوم ثلاثہ ؛ قرون وسطیٰ کے سات فنون شریفہ میں سے تین فنون جو صرف و نحو ، علم بیان اور منطق پر مشتمل تھے ، یہ علوم ثلاثہ (بمقابلہ quadrivium یعنی علوم اربعہ) کہلاتے ہیں ، باقی چار علوم ریاضی ، ہندسہ ، علم نجوم اور موسیقی پر مشتمل ہیں ۔

triweekly, a. ہر تین ہفتہ کے بعد واقع یا منعقد ہونے والی ؛ سہ ہفتگی ؛ ہر ہفتہ میں تین بار ہونے والی ۔ (اسم) (جمع) تین ہفتہ بعد یا ہفتہ میں سہ بار اشاعت ۔

trocar, trochar, n. (طب) مبزل ؛ آلۃ البزل ؛ منقب ؛ سوراخ کرنے والا جراحی آلہ ؛ ٹروکر یا مبزل جو استسقا کے مریض کے جسم سے رطوبت خارج کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

trochaic, a. (عروض) ٹروکی بحر کا جس کے ہر رکن میں پہلا ہجا تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو ۔ (اسم) اس بحر میں لکھی گئی کوئی نظم ۔

trochal, a. (حیوانیات) پہیے کی شکل کا (جیسے : the trochal disc) ؛ پہیہ نما ۔

trochanter, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) طروخا ؛ بہت سے دودھ پلانے والے جانوروں کی ران کی ہڈی کے اوپر کا ابھار جس کے ساتھ ایک پٹھا جڑا ہوا ہوتا ہے ۔ (حشریات) کیڑے کی ٹانگ کا دوسرا جوڑ ۔

trochanteral, trochantric, a. طروخے کا ۔

troche, n. قرص ؛ ٹکیہ ؛ ادویہ کی بنائی ہوئی قرص یا چھوٹی میٹھی ٹکیاں جو منہ میں ڈال کر چوس لی جاتی ہیں ۔

trochee, n. (عروض) ٹروکی ، وہ بحر جس کے ہر رکن میں پہلا ہجا تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو ۔

trochilus, n. (طیوریات) مگرطیر ؛ شکر خورہ ؛ پرانی دنیا کے بہت سے گانے والے پرندوں میں سے کوئی پرندہ ؛ طائر مغنّی ۔

trochlea, a. (تشریح الاعضا) چرخینہ ؛ چرخی نما ڈھانچا یا ٹکڑوں کی ایسی ترتیب کہ صاف سطح بن جائے جس کے اوپر دوسرا حصہ بہ آسانی پھسل سکے ، جیسے بازو کی ہڈی کے اندرونی جوڑ کی سطح جس سے کلائی کی ہڈی ہر طرف حرکت کرتی رہتی ہے ؛ غضروفی ۔

trochlear, a. (تشریح الاعضا) چرخینی ؛ غضروفی ؛ چرخی نما ڈھانچے کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ چرخی نما ۔ (نباتیات) مدوّر اور بیچ میں سکڑا ہوا جو چرخی کی طرح دکھائی دے ۔

trochoid, n. (جیومیٹری) مستدیری خط ؛ استداری خط ؛ دائرے کے مستوی میں لگے ہوئے نقطے کی بنائی ہوئی مستوی قوس جبکہ دائرہ ایک خط مستوی کے ساتھ گھوم رہا ہو ۔ (صفت) اپنے محور پر جوڑ یا پہیّے کی طرح گردش کرنے والا ؛ مداری ۔

trochoidal, a. مستدیری ؛ مداری ؛ مفصل مداری کے متعلق ۔

trochiodally, adv. مداری گردش کے طریقے سے ۔

trochophore, n. (حیوانیات) بدبی حلقہ ؛ آزادی سے تیرنے والا غیر مہرہ پشت کیڑا جو روئیں دار لاروے یا سُنڈی کی شکل میں

troli, n. (اسکینڈی نیویا کی لوک داستان) بُھتنا ؛ بونا ؛ مافوق الفطرت تخلیق ، جیسے جنّ یا بالشتیے جو غاروں یا سمندر کی تہوں میں رہتے ہیں ۔

trolley, trolly, n. ٹھیلہ ؛ ٹرالی ؛ ٹھیلہ گاڑی جو ریل کی پٹڑی پر چلے ؛ وہ پھرکی جسے بجلی کی تار میں لگا کر ٹرام چلاتے ہیں ؛ اس کام کے لیے بجلی کی رو جمع کرنے کے کئی آلات میں سے کوئی ۔ (برطانوی) بہت سی قسموں کی چھوٹی گاڑیوں یا ٹھیلوں میں سے کوئی ایک ۔ (فعل متعدی و لازم) ٹرالی کے ذریعے پہنچانا یا ٹرالی میں جانا ۔

trolley bus, trackless trolley, n. بجلی سے چلنے والی بس جس کی بجلی اوپر لگے ہوئے تاروں سے حاصل کی جاتی ہے ۔

trolley car, n. ٹرالی کار؛ کوچہ و بازار میں چلنے والی ریل کار جو بجلی سے چلتی ہے اور یہ بجلی ٹرالی میں لگے ہوئے موصل سے لی جاتی ہے ۔

trollop, n. بلّی ؛ پھوہڑ عورت ؛ کسبی ؛ آوارہ ؛ شہوت انگیز عورت ؛ شہوانی عورت ۔

trombidiasis, trombidiosis, n. (امراضیات) جلد دوده ؛ جلد دُوده ہونے کی حالت یا کیفیت ۔

trombone, n. تُرم بُلند ؛ ترم بون ؛ ایک قسم کا بڑا ترم یا بگل جس کے ساتھ 'U' شکل کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا لگا ہوتا ہے جس سے مطلوبہ دُھن بجائی جا سکتی ہے اور دُھنیں نیز سُر بدلنے کے لیے ، اس میں صمام لگتے ہوتے ہیں ؛ تُری یا بھیر کی قسم کا ایک باجا ۔

trombonist, n. تُرم بجانے والا ؛ تُرم باز ۔

trommel, n. گول چھلنی ؛ معدنی چھاننا ؛ چکّر چھلنی ؛ ڈھول کی طرح بنی ہوئی چھلنی جس سے کچ دھاتیں ، کوئلہ ، فلزات اور اسی نوع کی اشیا حجم کے مطابق چھانی جاتی ہیں ۔

tromometer, n. لرزپیما ؛ زلزال پیما ؛ لرزش پیما ؛ ایک آلہ جس سے زلزلے کے خفیف جھٹکے ناپے جاتے ہیں ۔

tona, n. ٹونا ؛ سوڈیم کا آبیدہ کاربونیٹ ، جو بھورے اور زرد رنگوں میں ہوتا ہے ۔

troop, n. دستہ ؛ سپاہیوں کا جتّھا ؛ فوجی دستہ ؛ رسالہ ۔ (جمع) مسلّح افواج ؛ لشکر ؛ غول ۔ (عسکری) سواروں کا رسالہ جو تنظیم میں پیدل دستہ کی طرح ہوتا ہے ؛ افراد یا اشیا کا اجتماع یا اکٹھ ؛ کمپنی ؛ ریوڑ ، جُھنڈ یا انبوہ ؛ کسی بالغ کے زیر سرکردگی بچّوں اور بچیّوں کی اسکاؤٹ جماعتیں ۔ (فعل متعدی) کمپنی کی شکل میں جمع ہونا یا کوچ کرنا ؛ بڑی تعداد میں جانا اور آنا ؛ ساتھ رہنا یا ساتھ دینا (عام طور پر with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

troop carrier, n. فوج بردار ؛ فوجی نقل و حمل کا جہاز جو فوجیوں اور جنگی اسلحے کی نقل و حمل کے لیے استعمال ہو ۔

trooper, n. رسالے کا سپاہی ؛ سوار ؛ گُھڑ سوار پولیس کا رُکن ۔ (برطانوی) باربرداری کا جہاز ۔

troop ship, n. فوجوں کو لانے ، لے جانے والا جہاز ؛ سواری اور باربرداری کا جہاز ۔

troostite, n. [ماہر ارضیات ڈاکٹر ٹروسٹ کے نام پر] ٹروسٹائٹ ؛ سُرخ قسم کا ولمائٹ (willemite) جس میں جست (زِنک) کے کچھ حِصے کی جگہ مینگانیز ملا ہوا ہوتا ہے ۔

نشوونما پاتا ہے ۔

troffer, n. چھت سے لٹکانے والی طشت کی شکل کی متعدد برقی خانوں کی بنی ہوئی پٹی جس میں روشنی کی ٹیوبیں لگائی جاتی ہیں ۔

troglodyte, n. غارنشین،خصوصاً قبل تاریخ دور کا قدیم انسان ؛ گوشہ نشین ، عزلت گزیں ؛ راہب ؛ تارک الدنیا زاہد ؛ مرد مرتاض ؛ وحشی یا غیر مہذب ؛ غار باش ؛ ایک قسم کا بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے ، جیسے گوریلا ۔

troglodytic, a. گوشہ نشینوں کے بارے میں ؛ راہبانہ ۔

trogon, n. قارض ؛ ٹروگن؛ گرم اور نیم گرم علاقوں کا ایک پرندہ جو اپنے چمکیلے پروں کی وجہ سے مشہور ہے ۔

trogonoid, a. قارض نما؛ ٹروگن نما ۔

troika, n. [روسی] تین گھوڑے دوش بدوش؛ گاڑی جسے تین پہلو بہ پہلو جتے ہوئے گھوڑے کھینچیں؛ گاڑی اور گھوڑے؛ تین ہم رشتہ یا ہمکار افراد کی ٹولی ، جیسے مجلس ارباب ثلاثہ۔

troilus butterfly, spicebush, swallowtail, n. ابابیل تتلی ؛ جنوبی امریکا کی دو شاخی دُم والی بڑی تتلی جس کے کالے پنکھوں پر زرد اور نیلے دھبّے ہوتے ہیں ۔

Trojan, a. ٹروجنی ؛ قدیم ٹرائے شہر اور اس کے تہذیب و تمدن سے متعلق یا اس کے بارے میں ۔ (اسم) شہر ٹرائے کا باشندہ یا ساکن ۔ (بول چال) یارباش یا اچھا ساتھی ؛ بہادر ، جفاکش یا باہمت (جیسے : They all worked like Trojans) ۔

Trojan Horse, n. [کاٹھ کے گھوڑے کی نسبت سے جو یونانیوں نے ٹرائے کے شہریوں کو پیش کیا تھا اور جسے یونانی فوج نے شہر کے دروازے میں داخل ہونے کے لیے استعمال کیا تھا] ٹروجنی یا بو ؛ کوئی شخص ، عمل یا طریقہ جسے کسی شخص یا چیز کو اندر سے کمزور و ناکارہ بنانے ، نقصان پہنچانے یا تباہ و برباد کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

Trojan war, n. (کلاسیکی اساطیری) ٹروجنی جنگ ؛ ٹرائے کی وہ مشہور دہ سالہ تاریخی جنگ جو یونانیوں اور ٹرائے کے شہریوں میں لڑی گئی تھی اور جسے ہومر نے ایلیڈ میں شرح و بسط سے شاعرانہ انداز میں بیان کیا ہے ، اس جنگ کا سبب یہ تھا کہ ہیلن ، جو مینیلس کی بیوی تھی ، اسے پارس اغوا کرکے لے گیا تھا۔

troll, v.t. پُوری کھنکتی آواز میں بولنا یا گانا ؛ باری باری یا بے پروائی سے گانا ؛ کانٹے کو حرکت دے کر یا کانٹا کھینچ کر مچھلی کا شکار کرنا ؛ ایسا کرتے ہوئے ہلنا (بنسی کی چرخی کھولتے یا لپیٹتے ہوئے) ؛ گولائی میں گردش کرنا ؛ گُھمانا ، پھرانا ، چکّر دینا ۔ (فعل لازم) کھنکتی ہوئی آواز میں گانا ؛ کھنکتی ہوئی آوازیں نکالنا یا سُر لگانا ؛ کھنکتی آواز میں ادا ہونا ؛ حرکت کرتی ہوئی بنسی سے مچھلی کا شکار کھیلنا،خُصوصاً جو کشتی کے پیچھے لگی ہوئی ہو ؛ چکّر کھانا یا چکّر میں گھومنا ۔ (اسم) گیت جس کے ٹکڑے باری باری الاپے جائیں ؛ ایک دور ؛ باری باری گانے کا عمل ؛ مچھلی شکار کرنے کا طریقہ ؛ چارا جو مچھلی کی ڈوری میں لگایا جاتا ہے ۔

troller, n. باری باری گانے والا ؛ کھنکتی آواز میں بولنے یا گانے والا ؛ کانٹے کو حرکت دے کر مچھلی شکار کرنے والا وغیرہ ۔

tropaeolum, n. (نباتیات) ٹروپیولم ؛ اسی نام و جنس کی جنوبی امریکا کی بیلوں میں سے کوئی ایک ۔

trope, n. (علم بیان) لفظ یا جملہ جسے ارادتاًلغوی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے ؛ صنعت معنوی ، مثلاً استعارہ یا مجاز ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) الفاظ ، جُملے یا اشعار جو پادری استعارے کے طور پر اپنے خطاب میں استعمال کرے ۔

trophic, a. (فعلیات) غذا یا تغذیہ کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ عمل تغذیہ سے متعلق ؛ تغذیاتی ۔

trophically, adv. غذائی اعتبار سے ۔

trophoblast, n. (جنین) تغذ نہُوض ؛ غذا نہوضہ ؛ خلیوں کی ایک خاص تہ جو بہت سے دودھ پلانے والے جانوروں کے جنین کی خارجی جھلی میں ہوتے ہیں اور جو جنینی تغذیے سے متعلق ہے ۔

trophoblastic, a. خلیوں کے بارے میں ؛ تغذ نہوضی ۔

trophoplasm, n. (حیاتیات) غذا مایہ ؛ تغذمایہ ؛ ایک قسم کا مادۂ اُولی جس کے متعلق خیال ہے کہ اس سے خلیے کا تغذیاتی حصہ بنتا ہے ۔

trophoplasmatic, trophoplasmic, a. خلیے کے بنے ہوئے غذائی حصّے کے بارے میں ؛ غذامائی؛ تغذمائی۔

trophozoite, n. (حیوانیات نخز حوینی (پروٹوزون) جو تیزی سے نشوونما پانے کی حالت میں ہو؛ تغذیاتی رُوپ ۔

trophy, n. ٹرافی؛ کوئی چیز جو جنگ ، شکار یا اسی طرح کے کام میں ہاتھ لگی ہو اور جسے یادگار کے طور پر اپنے پاس رکھا جا سکے ؛ مالِ غنیمت یا انعام ؛ کوئی شے جو نشانی یا فتح ، بہادری یا جوانمردی کی علامت ہو ؛ کندہ شدہ کوئی چیز ، تصویر یا دوسری اشیا جو فتح مندی کا نشان یا غلبے یا نمایاں کارناموں کی یادگار ہوں ؛ کوئی نشانی یا یادگار ؛ قدیم یونانیوں یا رومیوں کی بنائی ہوئی یادگار فتح جو دشمن سے چھینے ہوئے مال و متاع اور اسلحے پر مشتمل ہو اور ان اشیا کو کسی درخت ، مینار یا ایسی ہی کسی چیز پر نمایش کے لیے لٹکایا جائے ۔ (فن تعمیر) ایک قسم کی آرایش جس میں اسلحہ کی نمونہ کاری کی گئی ہو ۔

tropic, n. (جغرافیہ) منطقہ حارہ ؛ مدار شمس ؛ خط استوا کے دو متوازی خطوط یعنی خط سرطان اور خط جدی ؛ خط سرطان ۲۳ درجے اور ۲۷ دقیقے کا عرض البلد شمالی ، خط جدی ۲۳ درجے اور ۲۷ دقیقے کا عرض البلد جنوبی ، ان دونوں خطوط میں سے کوئی خط ؛ ان میں شامل کرۂ ارضی کا وہ حصّہ جو منطقہ حارہ کہلاتا ہے ؛ ان متوازی خطوط یا ان کے قریب دونوں اطراف کا علاقہ ۔ (فلکیات) فلکی فضا کے دو دائروں میں سے کوئی ایک جو خط استوا سے ۲۳ درجے اور ۲۷ دقیقے پر واقع ہیں ۔

tropic, a. حارّی ؛ منطقہ حارہ سے مخصوص یا اس سے متعلق ۔

tropical, a. حارّی ؛ منطقہ حارہ کا ؛ منطقہ حارہ سے متعلق ؛ منطقہ حارہ میں واقع ؛ حاری ممالک کی نسبت سے (جیسے tropical diseases:) ؛ پُر جوش ؛ شدت کا ؛ کسی صنعتِ معنوی کا ، مجازی یا استعاری ؛ مستعار ۔

tropically, adv. استعارتاً؛ مجازاً ؛ استعاری طور پر؛ حارّی طور پر وغیرہ ۔

tropical cyclone, n حاری بگولا ؛ حاری جھکّڑ ؛ گرم ممالک میں چلنے والی طوفانی آندھی جو گرد و غبار اٹھاتی ہے اور چلنے میں جس کی رفتار ۷۵ میل فی گھنٹہ سے زیادہ ہوتی ہے ، امریکا اور غرب الہند میں اسے طوفانِ گرد و باد کہا جاتا ہے ، بحرالکاہل میں اِسے گرد باد (ٹائفون) ، دیگر کئی مقامات پر اس کے مختلف نام ہیں ۔

tropical fish, n. حاری مچھلی ؛ دنیا بھر کے گرم پانیوں میں مختلف اقسام کی چھوٹی خوشنما رنگوں کی مچھلیاں جو مچھلی گھروں میں نمایش کے طور پر پالی جاتی ہیں ۔

tropical storm, n. (بول چال) حارّی طوفان ؛تیز آندھی؛ایک عام اصطلاح جو گرم ممالک میں چلنے والی آندھی کے متعلق مستعمل ہے جس کی گرد و غبار اُڑانے کی رفتار طوفانی آندھی سے کم ہوتی ہے ۔

tropic bird, n. حاری مرغابی ؛ درازدُم ؛ گرم سمندروں کی ایک قسم کی چھوٹی مُرغابی جس کی چونچ بہت لمبی ، پنجے جھلّی دار اور پَر و بال عام طور پر سفید یا ہلکی کالی دھاریوں والے ہوتے ہیں ۔

tropism, n. (حیاتیات) رُخیّت ؛ رُخ گردی ؛ کسی عضویہ کا بیرونی محرک جیسے روشنی یا کشش ثقل کے فطری ردعمل کا رُجحان جس سے وہ اپنے نمو کے دوران یا تو ان کی طرف جھکتا ہے یا دور ہٹتا ہے ؛ اضطرار تام ۔

tropistic, a. رُخی ؛ رُخیت کا ۔

tropology, n. تفسیر یا تعبیر مجازی ؛ تحریر و تقریر میں صنائع معنوی کا استعمال ؛ استعارے یا صنائع معنوی پر مقالہ ؛ کتاب مقدس (انجیل) کی اُس کے اپنے معانی سے علیٰحدہ مجازی یا استعاری تفسیر؛ مجازی زُبان ؛ استعارہ ؛ صنائع معنوی ۔

tropologic, tropological, a. مجازی یا استعاری تفسیر کا ۔

tropologically, adv. استعارتاً ۔

tropopause, n. (موسمیات) کُرہ ساکتہ ؛ کرۂ وسطی ؛ ہوا کے کرۂ اوّل اور کرۂ دوم کا درمیانی کُرہ ۔

tropophilous, a. (ماحولیات) ہمہ موسمی ؛ ہر موسمی (پودا) ؛ ایسی آب و ہوا برداشت کر لینے کا عادی جس میں حالات کی بہت بڑی تبدیلیاں واقع ہوتی رہتی ہوں ، جیسے گرمی یا نمی ، اس کا اطلاق عام طور پر پودوں پر ہوتا ہے ۔

troposphere, n. (موسمیت) کُرہ متغیّرہ ؛ کُرۂ اول ؛ زمین سے قریب ترین ہوائی کُرہ جو ۷ سے ۱۲ میل تک گہرا ہے ، جس میں جیسے جیسے بلندی پر جاتے ہیں درجہ حرارت کم ہوتا جاتا ہے ، بادل بنتے ہیں اور موسمی حالات ترکیب پاتے ہیں ۔

tropospheric, a. پہلے کُرۂ ہوائی کا ؛ کُرۂ مُتغیّرہ کا ۔

trot, v.i, v.t. دُلکی چلنا ؛ جلدی چلنا ؛ ایسی چال سے چلنا جسے نہ آہستہ چلنا کہا جا سکے اور نہ دوڑنا بلکہ میانہ روی کا انداز ہو جس میں جانور، جیسے گھوڑے کی ٹانگیں ترچھے قدموں حرکت کریں لیکن بیک وقت نہیں ، رفتار ہلکی ہو تو کم از کم ایک پاؤں زمین کی سطح پر جما ہوا ہونا چاہیے اور جب رفتار تیز ہو تو چاروں کُھروں کا زمین سے اُوپر اُٹھنا لازم ہے ؛ تیز اور قائم چال چلنا ؛ دُلکی چال والے گھوڑے پر سواری کرنا ؛ دُلکی چلانا ۔ (بول چال) آگے لے کر آنا ، جیسے معائنے کے لیے ، (out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (اسم) دُلکی ؛ کوکر چال ؛ گھوڑے یا اسی نوع کے جانوروں کی چال جب وہ دُلکی چلیں ؛ دلکی چلنے کی

آواز ؛ چلنے اور دوڑنے کے مابین ہلکی چال ؛ تیز ، پیہم حرکت جیسے دُلکی میں ۔ (بول چال) ڈگمگا کر چلنے والا بچہ ۔ (عوامی) نقل ، ترجمہ یا کوئی اور ناواجب حرکت جس کا استعمال طالب علموں کے لیے امتحان کے دوران ممنوع ہوتا ہے ۔

troth, n. (قدیم) سچ ؛ یقین ؛ وفاداری ؛ راستگوئی ؛ ایمانداری ؛ دیانت ؛ راستی ؛ وفا ۔ (فعل متعدی ، قدیم) قسم کھانا ؛ زبان دینا ؛ عہد کرنا ۔

trothplight, a. (قدیم) قول یا کیا ہوا وعدہ،خصوصاً شادی کا ۔ (فعل متعدی ، قدیم) شادی کرنے کا پکّا قول یا وعدہ دینا ؛ منگنی کرنا ، نسبت ٹھہرانا ۔ (اسم ، قدیم) پکا عہد یا وعدہ خصوصاً شادی کا ؛ منگنی ؛ نسبت ؛ سنگائی ۔

trotline, n. مچھلی پکڑنے کا بھاری جال جو سمندر یا دریا میں ڈالا جاتا ہے اور جس کے ساتھ کانٹوں جڑی بہت سی چھوٹی چھوٹی رسیّاں پھانسے کے طور پر لگی ہوتی ہیں ۔

Trotskyite, a., n. ٹراٹسکی ؛ رُوسی انقلابی لیڈر لیون ٹراٹسکی (۱۸۷۹ء ۔ ۱۹۴۰ء) کے وضع کردہ سماجی ، سیاسی اور معاشی نظریات کے متعلق ، خصوصاً اس کا اشتراکی نظریہ جس میں عالمی عوامی انقلاب کا تصور لازماً شامل تھا ۔

Trotskyist, n., a. اشتراکیت میں عالمی عوامی انقلاب کا حامی ۔

Trotskyism, n. اشتراکیت میں عالمی عوامی انقلاب کا تصوّر یا نظریہ ۔

trotter, n. دُلکی چال گھوڑا ؛ گھوڑا جسے دُلکی چال چلنے کے لیے پالا گیا ہو اور تربیت دی گئی ہو ، خاص کر جُتے ہوئے گھوڑوں کی دوڑ میں حصّہ لینے کے لیے ؛ جانور کے پائے ، خصوصاً بھیڑ یا سُور کے جو پکا کر کھائے جاتے ہیں ۔

trotyl, n. رنجکی بارود ؛ ٹرائی نائٹروٹالوئین ۔

troubadour, n. گیارھویں سے تیرھویں صدی عیسوی کے دوران جنوبی فرانس نیز اٹلی اور فرانس کے ہم جوار علاقوں کے قدیم رومانی شعرا میں سے کوئی ایک جو محبّت اور پیار کے گیت لکھتا تھا ؛ عشقیہ شاعر یا ایسی شاعری کا نغمہ کار ۔

trouble, v.t. بے چین کرنا یا دُکھ دینا ؛ تھوڑی سی پریشانی یا تکلیف میں مُبتلا کرنا ؛ اذیت دینا یا بے آرام کر دینا ؛ ستانا ؛ شراب یا پانی کو ہلانا یا مرتعش کرنا ۔ (فعل لازم) پریشان ہونا ؛ ناک میں دم ہونا ۔ (اسم) ذہنی تکلیف ؛ پریشانی ؛ کوئی بات جو ذہنی اضطراب کا باعث بنے ؛ غم ، تردّد ، بپتا ؛ تشویش ؛ رنج ؛ دکھ درد ؛ مصیبت ؛ اذیت ؛ صدمہ ؛ بیماری ؛ روگ ؛ مرض ؛ شکایت ؛ گڑ بڑ ؛ فتنہ فساد ؛ تہلکہ ؛ بلوہ ؛ دقّت ؛ مشکل ؛ محنت ؛ کوشش ؛ ہلچل ؛ بے چینی ؛ بدامنی ؛ دنگا ؛ جھگڑا ؛ کشیدگی ؛ اضطراب ؛ ایذا ؛ مشقت ؛ زحمت یا کام کی تھکاوٹ (جیسے: Don't go to a lot of trouble in preparing dinner) ؛ تکلیف دینے والی جسمانی حالت یا بیماری (جیسے : foot trouble) ؛ مشکل یا بدبختی کی حالت یا کیفیت ۔

in trouble, تکلیف کی حالت میں یا مبتلائے مشکلات ۔ (بول چال) شادی کے بغیر حاملہ عورت ۔

troubler, n. تکلیف یا زحمت دینے والا ؛ موذی ؛ ایذا رساں ۔

troublemaker, n. دوسروں کے لیے ارادتاً یا بے ارادہ زحمتیں یا تکلیفیں پیدا کرنے والا شخص ؛ موذی ؛ مصیبت شخص ۔

troubleshooter, trouble-shooter, n. مشینوں اور مشینی پرزوں کے نقائص معلوم کر لینے اور ان کی مرمّت کر دینے والا ماہر ؛ نقص گیر ؛ کاروباری یا سیاسی جھگڑوں یا مسائل کو حَل یا ختم کرا دینے والا ؛ شرگیر ۔

troublesome, a. تکلیف دہ ؛ زحمت آزما ؛ دق کرنے والا ؛ ناگوار خاطر ؛ محنت طلب ؛ آزردہ ؛ رنج آور ؛ آزار رساں ؛ دُکھ دائی ۔

troublesomely, adv. تکلیف دہ طور پر ؛ بہ دقت ۔

troublesomeness, n. تکلیف دہی ؛ ایذا رسانی ؛ آزار دہی ۔

troublous, a. عوامی اضطراب یا بد نظمی و انتشار سے بھر پُور (جیسے: troublous times) ۔

troublously, adv. بے چینی سے ؛ تکلیف کے ساتھ ۔

troublousness, n. بے چینی ؛ اضطراب ؛ ہنگامہ ۔

trou-de-loup, n. (عسکری) مخروطی گڑھا ، جس کے وسط میں میخ گڑی ہوتی ہے ، یہ ابہام تنصیبات کے سامنے دشمن کے حملے کو روکنے کے لیے قطار درقطار کھودے جاتے ہیں ۔

trough, n. حوض ؛ ٹَرف ؛ ناند ؛ لگن ؛ کھرلی ؛ کونڈا ؛ کونڈ ؛ جانوروں کو دانہ پانی ڈالنے کا برتن یا کوئی چیز جو عموماً لمبی لیکن زیادہ گہری نہیں ہوتی ؛ پانی کی نکاسی کے لیے بنالی یا آبریز ؛ ناند کی شکل کی کوئی شے ؛ دو موجوں یا اُبھرواں سطحوں کے درمیان ناند کی مانند نچان یا نشیب ۔ (موسمیات) لمبوترا بیضوی رقبہ جس کا بیرومیٹری دباؤ اس کے ارد گرد کی نسبت کم ہو ؛ حضیض دباؤ ۔ (معاشیات) کاروبار کے دور میں نسبتاً مندے کا عرصہ ۔

troughlike, a. لگن یا حوض کی طرح ؛ مندے جیسا ۔

trounce, v.t. مارنا یا زدوکوب کرنا ؛ سزا دینا ؛ پیٹنا ۔ (بول چال) بُری طرح ہرانا ؛ شکستِ فاش دینا ۔

troupe, n. (تھیٹر) طائفہ ؛ کھلاڑیوں ، ناچنے والوں ، نٹوں یا اسی قسم کے لوگوں کا طائفہ ؛ ٹولی ؛ گشتی منڈلی ۔ (فعل لازم) کسی گشتی جماعت کے رُکن کی حیثیت سے سفر کرنا ۔

trouper, n. طائفے کا رُکن ؛ تجربہ کار اداکار ۔ (بول چال) مقصد یا ذمّہ داری کو سچّائی اور دیانت داری کے ساتھ انجام دینے والا ، جیسے باضمیر کارکن ۔

troupial, n. ٹروپیئل ؛ اکٹیری خاندان (Icteridae) کا کوئی امریکی پرندہ جن میں کالے اور زرد پروں والے کوّے جیسے پرندے بھی شامل ہیں ، خاص کر چمکیلے پروں والے ، جیسے 'اوریول' ؛ گرم ممالک کا سیاہ اور زرد پروں والا پرندہ ۔

trousers, n. (جمع) پائجامہ ؛ پاجامہ ؛ پتلون ؛ کمر سے لے کر ٹخنوں تک دونوں ٹانگوں کو علیحدہ علیحدہ ڈھانکنے والا لباس ، جسے عام طور پر مرد اور لڑکے پہنتے ہیں ۔

trousseau, n. جہیز ؛ کپڑوں کا ذخیرہ ؛ داج ؛ لباس ؛ دیگر لوازمات اور گھر کے استعمال کے لیے پارچات وغیرہ جو لڑکی اپنی شادی کی امید میں جہیز کے طور پر جمع کرتی رہتی ہے ۔

trout, n. ٹراؤٹ مچھلی ؛ گھینتی مچھلی ؛ سرد تازہ پانیوں کی خوردنی مچھلی ، اس کا شکار بھی کھیلا جاتا ہے ؛ اسی قسم کی بہت سی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جس کا تعلق سالمن نسل سے نہ ہو ۔

troutperch, n. ٹراؤٹ پرچ ؛ جنوبی امریکا کے سرد ترین علاقوں کے تازہ پانیوں میں پائی جانے والی چھوٹی مچھلیوں کی ایک قسم جیسی کہ امریکا کے وسطی اور مشرقی حصّوں میں ملتی ہے ۔

trouvere, trouveur, n. گیارھویں سے چودھویں صدی عیسوی تک شمالی فرانس کے بیانیہ شاعروں کا طبقہ ۔

trove, treasure, treasure-trove, n. قیمتی دریافت ۔

trover, n. (قانون) دعوی جائیداد منقولہ ؛ حصول جائیداد منقولہ ؛ جائیداد منقولہ جو کسی شخص نے ہتھیالی ہو ، اُس کی بازیابی کے لیے دیوانی نالش ۔

trow, v.i. (قدیم) خیال کرنا یا فرض کر لینا ۔

trowel, n. کرنی ؛ کرنڈی ؛ سرمئی ؛ چھوٹا سا مسطح اوزار جس سے معمار گارا یا چُونا پھیلانے کا کام لیتا ہے ؛ مالج ؛ مالی کا کُھرپا جس سے وہ پودے نکالتا اور نلائی / گوڈی کرتا ہے ۔ (فعل متعدی) (برطانوی) گارا یا چُونا پھیلانا ؛ پلاستر کرنا ؛ گارے یا چُونے کا ردّا چڑھانا ؛ نلائی کرنا ۔

troweler, troweller, n. لپائی کرنے والا ؛ نلائی کرنے والا ؛ گارے یا چُونے کی تہیں چڑھانے والا ۔

troy, a. تروا ؛ ٹرائے وزن سے متعلق ؛ سُناری بٹکھرا ۔

troy weight, n. سُناری بٹکھرا ؛ سونا اور چاندی تولنے کا ایک وزن ۔

truancy, truantry, n. کام چھوڑ کر بھاگ جانے کا عمل ؛ بھگوڑا پن یا کام چھوڑ عادت ۔

truant, n. بھگوڑا ؛ مکتب گریز ؛ کام چور یا غیر ذمّہ دار ؛ چھٹی کے بغیر مدرسے سے غیر حاضر رہنے والا بچّہ ۔ (صفت) اسکول سے غیر حاضر رہنے والا بغیر چھٹی کے ، جیسے بچہ ؛ گریز پا ؛ کام چھوڑ کر بھاگے ہوئے شخص سے متعلق یا اس کے طرز عمل سے مخصوص ۔ (فعل لازم) بھگوڑا یا آوارہ گرد ہونا ۔

truantly, adv. بھگوڑوں کی طرح ؛ گریز پائی سے ۔

truant officer, n. سرکاری اسکول کا ملازم جو محکمانہ طور پر غیرحاضر بچوں کی تفتیش پر مامور ہو ۔

truce, n. عارضی صُلح ؛ فوجوں کے درمیان التوائے جنگ جو خاص مدّت کے لیے کسی صلح نامہ کے تحت ہو ؛ عارضی صُلح ، اس کے لیے تحریری دستاویز یا عہد نامہ ؛ وقفہ ؛ مہلت یا دکھ درد سے نجات ۔

truck, n. ٹرک ؛ چھکڑا ؛ کسی سائز یا کسی قسم کی بنی ہوئی خود کار گاڑی جو باربرداری کے کام آئے ؛ وزنی بوجھ کو لانے اور لے جانے والی مختلف قسم کے پہیّوں والی گاڑی ؛ موٹر ٹرک ؛ ٹھیلا جس کے اگلے دو پہیے ذرا نیچے لگے ہوتے ہیں اور جس پر بوریاں ، تھان ، صندوق اور مال و اسباب ڈھویا جاتا ہے نیز ہتھ گاڑی ؛ مستطیل شکل کا نیچا سا ڈھانچا جس پر رکھ کر وزنی سامان لے جایا جائے ؛ ایک ہی تختے کے نیچے لگے ہوئے دو یا دو سے زیادہ پہیوں کے جوڑوں کا گروہ جو ریل کار یا انجن کے ایک سرے کو سہارا دینے یا توازن قائم رکھنے کے لیے لگائے جائیں ۔ (جہاز رانی) لکڑی کا گول یا مربع ٹکڑا جو مستول یا جھنڈا لگانے کے کھمبے کی چوٹی پر لگا ہوتا ہے اور جس میں رسّوں کے لیے سوراخ ہوتے ہیں ۔ (فعل لازم و متعدی) ٹرک پر لادنا یا رکھنا ؛ ٹرک یا ٹرکوں کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ؛ ٹرک پر لاد کر چیزیں یا مال اسباب پہنچانا ؛ ٹرک چلانا ۔

truck, n. بازار میں بکنے والی ترکاریاں ؛ مختلف اقسام کی یا چھوٹی موٹی اشیا ؛ بچا کھچا مال ۔ (بول چال) بیوپار ؛ ادل بدل ؛ سودا یا معاملہ ؛ رقم کی بجائے مال کی صورت میں اُجرت کی ادائی ۔نیز : Truck system ۔ (فعل متعدی) ادل بدل کرنا ، لین دین کرنا یا مبادلہ کرنا ؛ چل پھر کر یا پھیری لگا کر سودا بیچنا ۔ (فعل لازم) مال کا تبادلہ ہونا ؛ ایک چیز کی بجائے دوسری چیز کا تبادلہ ہونا ، سودا ہونا یا آپس میں لین دین ہونا ۔

truckage, n. مبادلہ ؛ معاوضہ ؛ ٹرک یا ٹرکوں کے ذریعے باربرداری ؛ اخراجات باربرداری ۔

trucker, n. ٹرک والا ؛ چھکڑوں کے ذریعے باربرداری کرنے والا ادارہ یا شخص ؛ چھکڑے کا ڈرائیور نیز ٹرک ڈرائیور ۔

trucker, n. مال کا تبادلہ کرنے والا ۔ (امریکی) سبزی کاشت کسان ؛ ٹرک فارمر ۔

truck farm, truck garden, (Brit.) market garden, n. (امریکی) کھیت جو بازار میں بکنے والی ترکاریاں اُگانے کے لیے وقف ہو ۔

truckfarmer, n. بازار میں بکنے والی سبزیاں اُگانے والا کھیت یا کسان ۔

truckfarming, n. بازار میں بکاؤ ترکاریوں کی کاشت ۔

trucking, n. ٹرکوں میں چیزیں اور مال اسباب بھر کر لانے ، لے جانے کا کام یا پیشہ ۔

truckle, v.i. جُھک جانا یا دُوسرے کے آگے سر تسلیم خم کر دینا ؛ دبنا ؛ فرماں بردار ہونا ؛ اطاعت کرنا ۔

truckler, n. دب جانے والا ؛ دبّو ۔

truckle, n. چھوٹے پہیوں والا پلنگ جسے لڑھکا کر بڑے پلنگ کے نیچے کر دیا جائے ۔

truckle bed, n. دیکھیے : Trundle bed ۔

truckload, n. بار ٹرک ؛ ٹرک بھر ؛ بوجھ یا مال جس سے ٹرک بھر جائے ؛ رعایتی تھوک نرخ یا لدے ٹرک کی شرح پر جہاز پر لادے جانے والے مال کا کم از کم مطلوبہ وزن ۔

truckman, n. ٹرک چلانے والا ؛ ٹرکوں پر مال اسباب لانے ، لے جانے کا کاروبار کرنے والا ۔

truck system, n. وہ طریقہ جس میں تاجر ، مزدوروں کو روپیہ کی جگہ مال دیتا ہے ۔

truck trailer, n. موٹر ٹرک یا ٹریکٹر کے پیچھے بندھا ، بے انجن چھکڑا ۔

truculent, a. درندہ خُو ؛ تُندخُو ؛ وحشی ؛ جنگ جُو ؛ عادتاً اور بولنے میں جھگڑالو قسم کا ؛ سخت قسم کا ؛ بے رحم ؛ پھاڑ کھاؤ ؛ گُستاخ اور قابل نفرت ۔

truculence, truculency, n. تُند خوئی ؛ جنگ جُوئی ؛ درشتی ؛ تُندی ؛ خشونت ؛ بے رحمی ۔

truculently, adv. تُند خُوئی یا جنگ جُوئی کے انداز سے ۔

trudge, v.i. پیدل چلنا ؛ چلنا بالخصوص مشکل سے یا گھسٹ گھسٹ کر ؛ دقت یا تکلیف سے چلنا ۔ (فعل متعدی) تھکے ہارے ہوئے چلنا ۔ (اسم) چلنے کا عمل ؛ دقت والی یا مشقتی چال ۔

trudger, n. دقّت سے چلنے والا ۔

trudgen stroke, trudgen, n. تیرنے کا ایک طریقہ جس میں سیدھا ہاتھ اور اُلٹا ہاتھ باری باری پانی پر مارا جاتا ہے اور ٹانگیں قینچی کی طرح حرکت کرتی ہیں ۔

true, a. صحیح ؛ درست ؛ سچ ؛ اصلی ؛ حقیقی ؛ ٹھیک ؛

سچّا، ثابت قدم یا قول کا پکّا ؛ جیسے کسی دوست ، مقصد یا وعدے کے حق میں ؛ بات کا دھنی ؛ وفادار ؛ باوفا ؛ باعتبار ؛ ایماندار ؛ معزّز یا راست باز ؛ دھوکے سے مبرّا ، مخلص (جیسے: true interest in a person's welfare)؛ راست گو ؛ صادق ؛ حقیقی حالات کے عین مطابق (جیسے : a ture story) ؛ حقائق کے مطابق ؛ کِذب سے دُور ؛ کسی معیار ، نمونے یا اصول یا ایسی ہی چیز کی موافقت کرنے والا ؛ ہوبہو نقل ؛ مِن و عن (جیسے : a true balance) ؛ کوئی مسطح شے ، کوئی اوزار یا کوئی مشینی پرزہ جو موزوں ترین صورت کا بنا ہو یا اُسے موزوں صورت میں لگایا گیا ہو ؛ بھروسے کے قابل ؛ ناقابلِ خرابی ؛ اصلی ، کھرا (جیسے : a ture sign) ؛ صحیح قسم کا جیسا کہ ہونا چاہیے یا ٹھیک ٹھیک ؛ جائز یا حقدار ؛ اصلی یا خالص (جیسے : true gold) ؛ صحیح نام سے متعارف یا صحیح بیان کردہ ۔ (حیاتیات) صنف ، جنس وغیرہ کی نوع یا ان کے مسلّمہ خصائص کے مطابق (جیسے : an amoeba is a true animal) ؛ خالص ؛ غیر مخلوطی ؛ غیرپیوندی ؛ خالص النسل (جیسے : a true Siamese cat) ۔ (اسم) صحیح اطلاع ، حالت یا مطابقت ؛ جو خالص ہو (the کے ساتھ مستعمل) ۔ (فعل متعدی) اصلی بنانا ؛ ٹھیک ٹھیک شکل دینا ؛ صحیح نقل اُتارنا ؛ صحیح طریقے سے ترتیب دینا یا ٹھیک طرح یا سلیقے سے رکھنا ؛ بالکل سیدھا خط ، مسطح یا مربع وغیرہ بنانا ۔ (متعلق فعل) صحیح طریقے سے؛ ٹھیک ٹھیک یا پوری طرح ؛ من و عَن یا کمال صحت و درستی سے ؛ موروثی یا جنسی مطابقت رکھتے ہوئے ۔

trueness, n. سچائی ؛ وفاداری ؛ صحت ؛ درستی ، اصلیّت ؛ خالصیت ۔

true bill, n. (قانون) فرد قرار داد جُرم جس کی تصدیق بڑی جیوری نے تفتیش کے بعد کر دی ہو کہ ایسے شواہد موجود ہیں کہ مقدمے کی سماعت ہونی چاہیے ۔

True blue, n. پکّا رنگ ؛ گہرا نیلا رنگ ؛ ۱۷ ویں صدی عیسوی کے اسکاچ متجددین کا مخصوص رنگ جو انھوں نے شاہی سُرخ رنگ کے مقابلے میں اختیار کیا تھا ؛ صحیح معنوں میں فرقۂ متجدّدین کا حامی شخص ۔

true-blue, a. پکّا ؛ سچّا ؛ پیروکار ؛ ثابت قدم ؛ کٹر ؛ کھرا ۔

trueborn, a. صحیح النسب ؛ خلف الصدق ؛ حلال زادہ؛ ست پُتر ۔

true-false, a. ایسے سوالنامہ سے متعلّق جس کے سامنے صرف غلط یا صحیح کا نشان لگانا ہوتا ہے ؛ صحیح غلط ۔

truehearted, a. وفادار یا مطیع ؛ سچّا یا پُر خلوص ؛ راست باز ؛ صاف دل ۔

trueheartedness, n. صدق دلی ؛ وفاشعاری ؛ صداقت ؛ خلوص ؛ راست بازی ؛ وفاداری ۔

truelove, n. محبوب ؛ معشوق ؛ دل سے محبت کرنے والا یا جس سے دلی محبت کی جائے ۔ (نباتیات) پارس ؛ ایک پودا جس میں چار پتوں کا گُچھا اور اُس کے درمیان دوہری گٹھی ہوئی گرہ کی طرح پھول یا پھل ہوتا ہے ۔ نیز : Paris ۔

truelover's knot, truelove knot, true-lover's knot, n. گرہ عشق ؛ پکّی گانٹھ ؛ ایک قسم کی دوہری گرہ جو دو فیتوں سے آرپار لگائی جاتی ہے اور جسے محبت کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔

true rib, n. (تشریح الاعضا) اصل پسلی ؛ آدمی کی سات پسلیوں میں سے ایک پسلی جو سینے کی ہڈّی (عظم القص) سے پیوست ہوتی ہے ۔

truffle, n. ترفاس ؛ دُنبلان ؛ پانی سے بھری ہوئی سیاہ یا بھورے رنگ کی ڈنڈی والی کُھمبی جو زمین کے نیچے اُگتی ہے ؛ اسی نوعیت کی دوسری جنس کی کُھمبی جو کھانے کے کام آتی ہے ۔

truffled, a. کُھمبیوں والی ۔

truism, n. مسلّمہ حقیقت ؛ بداہت ؛ سچا مقولہ ؛ بدیہی صداقت ؛ ضرب المثل یا کہاوت جس کی صداقت مشکوک نہ ہو ؛ امر مسلّمہ ؛ راستی ؛ صدق ؛ سچّائی ۔

truistic, a. مسلّمہ ؛ تسلیم شدہ ۔

trull, n. کسبی ؛ مالزادی ؛ بیسوا ؛ فاحشہ عورت ؛ ڈھڈّو ۔

truly, adv. سچّے دل سے ؛ سچ مچ کا ؛ ایمانداری سے ؛ قانونی طور پر ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ حقیقت میں ؛ صاف صاف ؛ اخـلاص سے ۔ (قدیم) وفاداری سے ؛ مخلصاً ۔

trump, n. (تاش) تُرپ کا رنگ جو عارضی طور پر تاش کے دوسرے رنگوں سے مُمتاز ہوتا ہے ۔ (اکثر جمع) تُرپ ؛ تُرپ کے پتّے ؛ زور دار وسیلہ ؛ طاقت ور اثاثہ ۔ (بول چال) بڑا اچھّا آدمی ۔ (فعل متعدی) (تاش) تُرپ کے پتّے کا داؤ کھیلنا ؛ آگے بڑھ جانا ؛ جیت جانا یا بازی لے جانا ۔ (فعل لازم ، تاش) تُرپ کھیلنا ؛ تُرپ مارنا ؛ ترپ سے کاٹنا ۔

trump up, دھوکا دینے کے لیے بنانا یا گھڑنا ؛ جھوٹ مُوٹ ایجاد کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ بات بنانا ۔

trump, n. (قدیم شاعری) تُرہی ؛ بُوق ؛ ترم ؛ تُری یا بگل یا ان کی آوازیں ؛ ایک طرح کی سارنگی یا بربط ۔

trumpery, n.,a. نمایشی لیکن بے قیمت ، بے وقعت ؛ گھٹیا ؛ نکمّا یا لغو ؛ فضول ؛ بکواس ؛ محض دیکھنے کا ؛ ردّی ؛ الّم غلّم ؛ لغویات ؛ مہملات ؛ جھوٹا ؛ دکھاوٹی ؛ تھوتھا ۔

trumpet, n. (موسیقی) ترم ؛ بوق ؛ بگل ؛ تُری ؛ سینگا ؛ قرنا ؛ نفیری ؛ پھونک کر بجانے والا کوئی باجا جس میں سے گونجتی ہوئی تیز آواز نکلے، جو دھات کی ، ایک دو جگہ سے مُڑی ہوئی نلکی کا بنا ہوتا ہے اوراس کا ایک پیالہ نما سِرا پھونکنے کے لیے اور دوسرا سرا پھونک سے آواز پیدا کرنے کے لیے ہوتا ہے ؛ باجے کا پردہ جس سے نکلنے والی آواز بگل یا تُرم جیسی ہوتی ہے؛ تُرم بجانے والا ، تُرمچی ؛ تُرم جیسی آواز ؛ ہاتھی یا کسی دوسرے جانور کی چنگھاڑ ؛ تُرم شکل کی کوئی چیز ؛ کَن تُرم ، کان میں لگا کر سُننے کا آلہ ۔ (جمع) صُراحی نما پودا ۔ (فعل متعدی و لازم) تُرم پھونکنا یا بجانا ؛ تُرم جیسی آواز نکالنا ؛ تُرم جیسی آواز کے ساتھ بولنا ، جیسے ہاتھی چنگھاڑتا ہے ؛ تُرم بجا کر اعلان کرنا ؛ تُرم جیسی آواز میں چنگھاڑنا ؛ اونچی آواز میں یا زور شور سے اعلان کرنا ۔

trumpetlike, a. تُرم نما ؛ تُرم جیسا یا ترم کی شکل کا ۔

trumpet creeper, trumpet flower, trumpet vine, n. تُرم بیل ؛ تُرم پھول ؛ لمبے تُرم نُما پھولوں والی بیل جو دوسرے پودوں پر چڑھ جاتی ہے اور جنوبی امریکا میں عام ہوتی ہے ۔

trumpeter, n. تُرمچی ؛ نفیری والا ۔ (مجازاً) اونچی

آواز سے اور زور شور کے ساتھ اعلان کرنے والا ؛ ڈھنڈورچی ۔ (طیوریات) ایک قسم کا امریکی کبوتر ؛ کوئی پرندہ جس کی آواز ٹرم سے مشابہ ہو، خاص کر شمالی امریکہ میں پایا جانے والا راج ہنس ؛ پالتو کبوتروں کی ایک قِسم ۔

trumpet flower, n. ٹرم پھول ؛ صُراحی دار پھولوں والا کوئی پودا ؛ لال اور پیلے پھُولوں کی چڑھتی ہوئی بیل ۔ دیکھیے : trumpet creeper ۔

trumpetweed, n. ٹرم جھاڑ ؛ ایک قسم کی ٹرم نما پھولوں والی گھاس ۔

truncate, v.t. چھانٹنا ؛ قلم کرنا ؛ کاٹنا ؛ شاخیں کاٹنا ؛ قلمیں تراشنا ؛ اِدھراُدھر سے کاٹ کرچھوٹا کرنا ؛ کاٹنا چھانٹنا ۔ (صفت) کترا ہوا؛ تراشیدہ ؛ کتر بیونت کیا ہوا ؛ تراشا ہوا ۔ (حیاتیات) جو یوں معلوم دے کہ چوٹی سے کاٹا گیا ہے ، جیسے درخت کے اوپر سے کاٹا ہوا پتا ؛ سِرے یا انی کے بغیر، جیسے بعض خول ہوتے ہیں ۔

truncation, n. قطع اطراف ؛ کتربیونت ؛ کاٹ چھانٹ ؛ تراش خراش ؛ سربُریدگی ۔

truncated, a. (جیومیٹری) مقطوع ؛ سِرا کاٹ کر چھوٹا کیا ہوا ؛ مخروطی یا استوانی شکل کی چیز جس کے اُوپر کا سرا یا چوٹی کٹی ہوئی ہو؛ سربریدہ ۔ (قلمیات) کٹے ہوئے زاویوں یا کناروں والا (قلم یا بلور) ۔ (عروض) کسی مصرع یا شعر کے شروع یا آخر میں ایک یا دو غیر تاکیدی محذوف ارکان ۔

truncheon, n. ڈنڈا ؛ چھوٹی سی وزنی چھڑی ؛ عصا جو کسی منصب کی نشانی ہو ۔ (برطانوی) پولیس کے سپاہی کا ڈنڈا ؛ جریب ؛ سونٹا ؛ لاٹھی ؛ درخت جس کی شاخیں تیزی سے نشوونما پانے کے لیے کاٹ دی گئی ہوں ۔ (فعل متعدی) درخت کی شاخیں کاٹنا یا چھانٹنا ۔

truncheoned, a. ڈنڈے کا ؛ سونٹے کا ۔

trundle, v.t. ڈھلکانا ؛ لڑھکانا ؛ لڑھکنے دینا (جیسے : to trundle a hoop) ؛ پہیّوں والی گاڑی میں لڑھکانا ۔ (فعل لازم) گھُومنا ؛ پہیوں پر لڑھکنا ۔ (اسم) چھوٹا پہیّہ جس کے دندانے استوانی شکل کے ہوں ؛ لالٹینی پہیّہ یا اس کی دونوں سلاخوں میں سے کوئی سلاخ ؛ نیچے پہیّوں والا چھوٹا چھکڑا یا ٹرک ؛ گول چیز ؛ ٹھیلہ ؛ چرخک ؛ چھوٹا پہیہ ؛ چھوٹی گاڑی ۔

trundler, n. لڑھکانے والا ۔

trundle bed, truckle bed, n. پلنگڑی ؛ چھوٹے پایوں کی چارپائی خصوصاً پھسلنے والی جو بڑی چارپائی کے نیچے دھکیل دی جاتی ہے جب وہ زیر استعمال نہ ہو ۔

trunk, n. تنا ؛ سُونڈ ؛ خرطُوم ؛ ساق ؛ درخت کا اصلی تنا جو شاخوں اور جڑوں سے متمیّز ہو ؛ ٹرنک ، صندوق ، پیٹی یا تھیلا جو سفری لباس اور دیگر سامان رکھنے کے کام آئے ؛ موٹر کار میں بنا ہوا ایک لمبا سا خالی خانہ جہاں فاضل ٹائر ، اوزار اور سامان وغیرہ رکھا جاتا ہے ؛ انسان یا کسی جانور کا دھڑ ؛ سر اور ہاتھ پاؤں سے الگ مجسّمے کا دھڑ؛ کیڑے کا سینہ ۔ (فن تعمیر) کھمبے کی چوبی یا آہنی بَلّی ؛دریا ، ریل یا نہر کی گزرگاہ ؛ تار یا ٹیلی فون کی اصل لائن ، نیز : trunk line ۔ (تشریح الاعضا) کسی آنت ، نسیج یا رَگ کی اصلی شکل جو شاخوں سے ممیز ہو ۔ (جمع) چھوٹی ، تنگ قسم کی چُست برجس یا نیکر جو کھلاڑی اور پیراک پہنتے ہیں ؛ لمبی ، لچک دار مخروطی قسم کی ہاتھی کی سُونڈ جس کے آخر میں نتھنے ہوتے ہیں ۔ (مشین) ٹرنک انجن میں پسٹن سلاخ کی جگہ لگنے والی نلی ۔ (جہازرانی) جہاز کے عرشے یا کمروں کی درمیانی دیواروں سے گزرتا ہوا بڑا محیطی راستہ جو ٹھنڈا کرنے یا ہوا کی آمد و رفت وغیرہ کے لیے ہوتا ہے ؛ جہاز کی کوئی بھی پانی روک فرشی تہ ۔ (صفت) بڑی لائن سے متعلق ، جیسے ریلوے لائن ۔

trunk fish, n. خرطوم ماہی ؛ ڈبے جیسی جسم والی چھوٹی مچھلیوں کی ایک قسم جس کا جسم کثیر الاضلاع ہڈیوں والے مستویوں میں بند ہوتا ہے ۔

trunk hose, n. (جمع) مُسوّٹ ؛ تھیلا نما برجس جو کمر سے ران کے درمیان تک یا اس سے ذرا نیچے تک ہوتی تھی ، سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں ایسی برجس پہننے کا عام رواج تھا ۔

trunk line, n. دیکھیے : trunk ۔

trunnel, n. دیکھیے : Treenail ۔

trunnion, n. ٹوپ ؛ سر محور ؛ توپ کی کیلی ؛ دونوں طرف نکلا ہوا توپ کا پتلا سِرا جو گاڑی پر اسے متوازن رکھتا ہے ؛ توازن برقرار رکھنے کے لیے کوئی بھی ایسا سہارا یا ٹھوکر ، محور یا چولیں ۔

trunnioned, a. کیلی دار ۔

truss, v.t. رسّے سے لپیٹنا ، باندھنا یا کس دینا ؛ پیل پایہ یا کھم لگا کر پُل وغیرہ کو سہارا دینا ؛ تکیہ یا گدّا لگانا ؛ باز وغیرہ کا دبوچنا یا پکڑ لینا ؛ پکانے سے پہلے پرند کے بازو باندھ دینا ؛ جسم پر کپڑے کو اچھی طرح لپیٹ لینا ۔ (اسم) (فن تعمیر) شہتیروں ، بلّیوں یا سلاخوں کی بنائی ہوئی تکون یا تکونیں جو پُلوں اور چھتوں یا ان کے کسی حصے کو سہارا دینے اور مضبوط کرنے کی خاطر ، ان کے نیچے لگائی جاتی ہیں ۔ (طب) پیٹی یا کمانی جس سے فتق کی بیماری میں کام لیا جاتا ہے ۔ (جہاز رانی) لوہے کا بریکٹ جس سے نیچے کی افقی بَلیّاں مستول سے جکڑی رہتی ہیں ۔ (نباتیات) پھولوں کا گُچھا یا طُرّہ جو ایک ہی تنے پر ہو؛ بہت سی چیزوں کا گٹّھا ؛ پُشتارہ ۔ (برطانوی) بنڈل ؛ ہری یا سُوکھی گھاس کا انبار جس میں یا تو ۵۶ پونڈ پرانا گھاس یا ۶۰ پونڈ کا نیا گھاس یا ۳۶ پونڈ گھاس پھوس ہو ۔

trusser, n. مشکیں کسنے والا ؛ کپڑے کے دامن کو سمیٹ کر باندھنے والا ۔

truss bridge, n. قینچی پُل ؛ پیل پائے لگا کر جوڑا ہوا پُل ۔

trust, n. امیدواثق ؛ ٹرسٹ ؛ بھروسا ؛ اعتبار ؛ اعتماد ؛ ساکھ ؛ وقف ؛ کسی کی دیانت و انصاف پر یقین یا کسی چیز کی عمدگی ، نفاست یا کسی خصوصیت پر پوری توقع یا امّید (جیسے: a trust in tomorrow) ؛ مال و جائیداد یا خدمات کے عوض کسی شخص کو دیا گیا اُدھار یا اُس پر کیا گیا اعتبار کہ وہ مستقبل قریب میں لوٹا دے گا (جیسے : buying on trust) ؛ وہ شخص یا چیز جس پر کوئی بھروسا کرے ؛ ذمّہ دارانہ کیفیت ؛ امانت دارانہ حالت ؛ ذمّہ داری جو بوجہ اعتبار کسی کے سپرد کی گئی ہو ؛ سپردگی میں ، حفاظت یا تحویل میں ۔ (قانون) تولّیت ، املاک یا جائیداد کی ؛ جائیداد جو زیر تولیت ہو ؛ تولیت نامہ جس کی رُو سے جائیداد کسی خاص مقصد کے لیے تولیت میں رکھی جائے ۔ (تجارت) ورائے قانون اتحادِ تاجران؛ کئی ایک صنعتی یا تجارتی کمپنیوں کا باہمی نجی اتحاد یا شرکت جس کے

ٹرسٹیوں کا اپنا بورڈ (کمیٹی) ہو اور اُسے شریک کمپنیوں کے مالی ذخائر پر پورا اختیار حاصل ہو اور جس کے مدّنظر اخراجات میں کمی کرنا ، پیداوار کو باقاعدہ بنانا ، قیمتوں کو قابو میں رکھنا اور مقابلے میں حریفوں کو شکست دینے کے امکانات پیدا کرنا ہو ؛ صنعتی یا تجارتی کمپنیوں کا متحدہ ادارہ یا ایک بڑی کارپوریشن جو کسی خاص کام یا کسی صنعتی پیداوار پر اپنی نیم اجارہ داری قائم کر لے ۔ (صفت) کسی ٹرسٹ کا یا اس سے متعلق یا کوئی ٹرسٹ ؛ تولّیت میں رکھا گیا ، زیر تولیت (جیسے : a trust fund) ۔ (فعل لازم) کسی شخص یا چیز پر اعتبار یا بھروسا ہونا ؛ امید ہونا ؛ ساکھ پر مال فروخت ہونا ۔ (فعل متعدی) کسی پر بھروسا یا اعتماد کرنا ؛ انحصار کرنا ؛ یقین کرنا ؛ نتائج کے خوف سے بے پروا ہو کر کبھی بھی ہونے یا کچھ بھی کرنے کی اجازت دے دینا ؛ مال یا خدمات کی فراہمی کے عوض کسی سے اُدھار کرنا ؛ پوری طرح توقع رکھنا یا اُمّید کرنا (عام طور پر جملۂ شرطیہ یا مصدری جملے سے پہلے استعمال ہوتا ہے ، جیسے : Trusting (to complete the first job, he began another ۔

truster, n. اعتبار کرنے والا ؛ بھروسا کرنے والا ۔

trustless, a. بے اعتبار ؛ جو بھروسے کے قابل نہ ہو ؛ غیرمعتبر ۔

trustbuster, trust buster, n. صنعتی یا تجارتی اوقاف کی تنسیخ کرانے والا یا اس کا حامی ، خاص طور پر وہ وفاقی افسر جو خلافِ اوقاف قوانین پوری طرح نافذ کرے ۔

trust busting, n. تنسیخِ اوقاف ۔

trust company, n. ٹرسٹ کمپنی ؛ کوئی کمپنی یا کارپوریشن جو متولی یا امین کے فرائض کی انجام دہی کے لیے قائم کی گئی ہو اور جو بینکاری نیز مالی لین دین کا بھی کام کرے ۔

trustee, n. امین ؛ مُتولّی ؛ ٹرسٹی ؛ وہ شخص جسے جائیداد ، املاک یا فنڈ وغیرہ کا قانونی طور پر امین بنا دیا جائے کہ وہ کسی کے مفاد میں اُسے خرچ کرنے کا مجاز ہو ؛ عام طور پر افراد کی ایک کمیٹی جو کسی کمپنی یا ادارے وغیرہ کے انتظامی معاملات سر انجام دے ۔ (فعل متعدی) متولی یا متولیوں کے سپرد کرنا ۔ (قانون) عمل تولّیت سے قرقی کرنا ۔

trustee process, (قانون) عدالتی طور پر بذریعہ نوٹس جائیداد کی قرقی ۔

trustee ship, n. ٹرسٹی ، متولّی یا امین کا عہدہ یا منصب ۔

trustful, a. بااعتماد ؛ پُر اعتماد ؛ اعتبار کرنے والا ؛ بھروسا کرنے والا ۔

trustfully, adv. اعتبار یا بھروسا کرتے ہوئے ؛ وفاداری سے ؛ دیانتداری سے ؛ ایمانداری سے ۔

trustfulness, n. بااعتمادی ؛ یقین اور اعتماد کرنے کا مادہ ؛ ایمانداری ۔

trust fund, n. وقف فنڈ ؛ کسی قسم کی املاک،خاص کر حصص ، ضمانتیں یا رقوم جو زیر تولیت ہوں یا ٹرسٹ کی ملکیت ہوں ۔

trust territory, n. ایسا علاقہ جہاں عوامی حکومت نہ ہو اور وہاں اقوام متحدہ کی ٹرسٹی شپ کونسل کے کسی رُکن کا اختیار ہو ۔

trustworthy, a. بھروسے یا اعتماد کے قابل ؛ باوثوق ؛ معتمد ؛ قابلِ اعتماد یا اعتبار ؛ بھروسے کا ؛ اعتباری ؛ مُعتبر ۔

trustworthily, adv. بھروسا کرتے ہوئے ؛ اعتماد سے ۔

trustworthiness, n. معتبری ؛ قابلِ وثوق حالت ۔

trusty, a. جس پر بھروسا یا اعتبار کیا جا سکے ؛ با اعتماد ؛ قابل اعتماد ۔ (اسم) معتبر ؛ وہ شخص جس پر بھروسا کیا جائے ، خصوصاً وہ قیدی جسے اُس کی نیک چلنی کے سبب خاص رعایتیں دی جائیں ۔

trustiness, n. قابلِ اعتماد ہونے کی حالت ؛ معتبری ؛ امانت داری ؛ وفاداری ۔

truth, n. صداقت ؛ سچّائی ؛ حق یا راستی کا ساتھ ؛ دیانت داری یا راست گوئی ؛ صدق بیانی ؛ مصدّقہ یا مسلّمہ حقیقت ؛ ٹھیک یا درست ہونے کی کیفیت ؛ وفاداری ؛ استواری ؛ اصل یا حقیقی ۔ (اکثر بڑے T سے) رُوحانی یا نظریاتی حقیقت یا اصول ۔

in truth, حقیقت میں ؛ فی الواقع ، سچ سچ ؛ فی نفس الامر ۔

truthless, a. جُھوٹا ؛ بدعہد ؛ بے صداقت ؛ بے اصلیت ؛ بے وفا ۔

truthful, a. سچّا ؛ عادتاً یا فطرتاً سچ بولنے والا ؛ صادق ؛ صادق القول ؛ حقیقت پر مبنی ؛ راست ؛ راست گو ۔

truthfully, adv. سچ مُچ ؛ سچّائی کے ساتھ ؛ سچ پن سے ۔

truthfulness, n. راستی ؛ صدق گوئی ؛ حقیقت بیانی ؛ صداقت ؛ سچائی ۔

truth serum, n. نباتِ صداقت ؛ سچ مایہ ؛ ایک دوا جو ایسی کیفیت پیدا کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے جس میں معمول ، عامل کے سوالات کا آزادانہ جواب دیتا ہے ، جیسے جرائم میں شمولیت یا تحلیل نفسی میں دبی یادوں کے بارے میں ۔

try, v.t. کوشش کرنا ؛ آزمانا ؛ کام کرنے کی کوشش کرنا یا کام کرکے پورا کرنا (جیسے : easy until you try it) ؛ کسی چیز کے اثرات یا نتائج کا آزمانا (جیسے : to try an experiment or new method) ؛ تجربہ کرکے یقین کرنے کی کوشش کرنا ؛ کسی شے کی ساخت ، قیمت ، مناسبت اور عمدگی یا پائداری معلوم کرنے کے لیے اُسے تجربے یا آزمایش سے گزارنا؛ کھڑکی یا دروازہ کھولنے کی کوشش کرنا یہ جاننے کے لیے کہ آیا وہ یونہی بندہے یا اس میں تالا پڑا ہوا ہے ؛ سخت آزمایش میں ڈالنا یا کسی کے صبر و تحمّل کو آزمانا ؛ تیل نکالنے کے لیے چربی کو پگھلانا یا صاف کرنا ۔ (قانون) عدالتی تحقیقات کرنا اور مقدمّہ قائم کرنا ؛ عدالتی طور پر مجرم ٹھہرانا یا بری کر دینا ۔ (فعل لازم) کوشش یا سعی ہونا ۔ (اسم) مساعی ، کوششیں ؛ سعی ، جدوجہد یا کوشش ؛ آزمون ۔ (رگبی) مخالف کی گول لائن کو گیند سمیت عبور کرکے حاصل کیے گئے تین نمبر ۔

the old college try, سخت قسم کی جدوجہد ؛ بھر پُور کوشش ۔

try out, کوشش کیے جانا ؛ اثرات کو آزمانا ۔

try out for, کسی مقابلے میں شامل ہونا جیسے کوئی اعزاز حاصل کرنے کے لیے یا کسی ڈرامے میں کردار ادا کرنے کے لیے ۔

try up, (نجاری) پوری لمبائی میں رندا کرکے صاف کرنا جیسے تختے کو ۔

trying, a. کٹھن ؛ دشوار ؛ تکلیف دہ ؛ تھکانے والا ؛ سخت ؛ صعب ۔

tryingly, adv.
تکلیف دہ طور پر۔

tryingness, n.
آزمایش ؛ امتحان ؛ مصیبت ؛ ابتلا ؛ تکلیف۔

tryma, n.
(نباتیات) اخروٹا ؛ ایک قسم کا گٹھلی والا اخروٹ جس کا بیرونی چھلکا ریشے دار اور دبیز ہوتا ہے لیکن پکنے کے بعد کشادہ ہو جاتا ہے۔

tryon, v.t.
لباس پہن کر دیکھنا کہ ٹھیک ہے یا نہیں۔

tryout, n.
(بول چال) کسی شخص یا چیز کی آزمایش یا امتحان ، کسی خاص مقصد کے لیے (جیسے : try outs for football)۔

trypanosome, trypanosoma, n.
جِسم تَرفانی ؛ ترپانوسوم ؛ انسان یا دوسرے فقاری جانوروں میں خون کا طفیلی جرثومہ جس سے مرض النوم جیسی اور دوسری کئی ایک خطرناک بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں ؛ کوئی اور متعلقہ نخزحوینی۔

trypanosomal, a.
ترپانوسومی ؛ خون کے طفیلی جرثومے کا۔

trypanosomiasis, n.
(امراضیات) مرض النّوم ؛ مرض جسم ترفانی ؛ کوئی بیماری جو خون کے طفیلی جرثومے سے لگ جائے۔

trypsin, n.
(حیاتی کیمیا) ٹرپسین ؛ عصیر ہاضم ؛ لبلبے کی رطوبت کا ہاضم مادہ جو لحمیات (پروٹین) کو پیپٹون میں تبدیل کرتا ہے اور دواؤں میں پیپوٹی دودھ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

trypsinogen, n.
(حیاتی کیمیا) عصیر ہاضم زا ؛ لبلبے کی رطوبت جسے خامرے کے عمل سے ٹرپسین میں بدل لیا جاتا ہے۔

tryptophan, tryptophane, n.
(حیاتی کیمیا) ایک قسم کا تیزاب جو لحمیات میں پایا جاتا ہے اور انسان و حیوان کا غذائی لازمہ ہے۔

trysail, n.
(جہاز رانی) جہاز کا موٹا لٹّھا جس کا ایک سِرا اگلے اور دوسرا پچھلے بادبان پر یا جب طوفانی موسم ہو تو بڑے اور وسطی بادبانوں کے عقب میں، چھوٹے بادبان پر رکھّا ہوتا ہے۔

try square, n.
آزمایشی گُنیا ؛ بڑھئی کا گُنیا ؛ لکڑی میں پھنسایا ہوا دھات کا عمودی پھل جو کسی ساخت کی مربّع شکل کو جانچنے یا اُسے زاویۂ قائمہ پر رکھنے کے لیٔے استعمال کیا جاتا ہے۔

tryst, n.
ملاقات کا وعدہ ؛ ملنے کی جگہ ؛ ملاقات کرنے کا مقرّرہ مقام۔

tsar, n.
دیکھیے : czar۔

tsetse, tsetsefly, n.
خرمگس افریقہ ؛ سی سی مکھی ؛ جنوبی افریقہ کی ایک مکھی جس کے کاٹنے سے نیند کی بیماری لاحق ہو جاتی ہے نیز انسان اور مویشی اس کی کاٹ سے دیگر کئی ایک بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

T-shirt, tee shirt, n.
ٹی شَرٹ ؛ سوتی کپڑے کی کالر بغیر ہلکی اور چھوٹی آستینوں والی بند گریبان کی قمیص جو آدمی بنیان کے طور پر استعمال کرتا ہے ؛ ایسی ہی قمیص جو اوپر بھی پہنی جاتی ہے۔

T square, n.
ٹی گُنیا ؛ متوازی خطوط کشی کے لیے انگریزی حرف T کی شکل کا پیمانہ ؛ اس پیمانے کا چھوٹا حصہ میز یا ڈرائنگ بورڈ کے کنارے کے ساتھ ساتھ حرکت کرتا ہے۔

tsunami, n.
بحری زلزلے یا زیر آب آتش فشاں پھٹنے سے اُبھرنے والی مُہیب سمندری لہر ؛ طُغیانی موج ؛ جہ بحر۔

tsunamic, a.
طُغیانی موج کے بارے میں۔

tsutsugamushi disease, scrub typhus, n.
(امراضیات) طغیانی بیماری ؛ طغیانی بخار ؛ سوکھے کا متعدی مرض جو عموماً مشرقی علاقوں میں پیدا ہوتا ہے اور خردناميوں کے ذریعے انسانی خون میں سرایت کرتا ہے اور جُوؤں کے ذریعے پھیلتا ہے۔

tuatara, n.
قَنطیسیّہ ؛ ایک قسم کا کانٹوں والا حشرہ جو نیوزی لینڈ کے نواحی جزائر میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔

tub, n.
ناند ؛ ٹب ؛ گول اور کھلا ہوا لکڑی کا برتن جو اونچائی کی نسبت چوڑائی میں زیادہ ہو ، عموماً تختیوں کو مستوی پیندے پر پٹیوں اور میخوں سے جوڑ کر بنایا جاتا ہے ؛ اس شکل کا کوئی برتن ؛ نہانے کا ٹب ؛ کپڑے دھونے کا ٹب۔ (خصوصاً برطانوی) ٹب کا غُسل۔ (کان کنی) ناند یا صندوق جس کے ذریعے کانوں میں سے کچ دھاتیں یا کوئلہ اُٹھایا جاتا ہے یا باہر لایا جاتا ہے۔ (بول چال) بھدّی سُست رفتار کشتی یا جہاز۔ (فعل متعدی) ٹب میں رکھنا یا لگانا۔ (خصوصاً برطانوی) ٹب میں کپڑے دھونا یا نہانا۔ (فعل لازم) (خصوصاً برطانوی) ٹب میں منہ ہاتھ دھونا یا ٹب میں بیٹھ کر غُسل کرنا۔

tubbable, a.
ٹب میں غسل کرنے کے لائق۔

tubber, n.
ٹب میں بیٹھ کر غُسل کرنے والا ؛ ٹب میں کپڑے دھونے والا۔

tuba, n.
تُوبا ؛ نفیری ؛ قنات ؛ نلی ؛ پیتل کی بنی ہوئی ایک قسم کی لمبی سی نرم سُر والی نفیری ؛ آرگن باجے میں لگا ہوا پپیّا (reed stop)۔

tubal, a.
بیض قناتی ؛ نلکی یا نلکیوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ؛ قناتی۔

tubate, a.
نلی دار ؛ نلکی یا نلکیاں تشکیل دینے والا یا اُن پر مشتمل۔

tubby, a.
گول مٹول ؛ ٹب کی شکل کا ؛ ٹب کی طرح گول ؛ بجانے پر خالی ٹب جیسی آواز والا ؛ بھدّی آواز کا ؛ بے گمک۔

tubbiness, n.
ٹبّی ؛ گول مٹول۔

tube, n.
نالی ؛ نلی ؛ انبوب ؛ ٹیوب ؛ چونگا ؛ دھات ، شیشے ، ربڑ یا پلاسٹک کی بنی ہوئی مخروطی عموماً کھوکھلی نلکی جو مائع چیزوں کو رکھنے یا ٹھوس چیزوں کے لیے سانچے کا کام دیتی ہے ؛ نلکی کی شکل کی ، ٹیوب جیسی کوئی چیز ، اس کا کوئی حصہ ، ٹکڑا یا پارہ ؛ ٹیسٹ ٹیوب (امتحانی نلی) ؛ چھوٹا سا دھات یا پلاسٹک کا بنا ہوا تہ ہو جانے والا سلنڈر جس کا ایک سرا کُھلا اور دوسرا بند ہوتا ہے اور کھلے سِرے پر ڈاٹ یا ڈھکن لگا ہوتا ہے ، چیزیں جمع رکھنے اور خارج کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، جیسے روغن ، دانتوں کا پیسٹ وغیرہ ؛ ہوائی نلکی جس میں کوئی شے رکھ کر اُسے ہوا کے دباؤ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں ؛ زیر زمین چلنے والی ٹیوب ریل۔ (تشریح الاعضا) قنات ، مجری ، خالی نلکی نُما کوئی شے۔ (نباتیات) خالی ، لمبا سا کوئی ٹکڑا یا حصّہ یا جسم نامیہ خاص کر جُڑواں پنکھڑیوں والے چہرۂ گُل کا ملا ہوا حصّہ۔ (فعل متعدی) نلکی یا نلکیاں لگانا یا ان میں رکھنا ؛ ٹیوب میں جمع کرنا یا ٹیوب سے گزارنا ؛ مخروطی بنانا ؛ قناتی بنانا۔

tube foot, n.
نال پا ؛ بہت سے نلکی نما مُلحقے جو اسٹار مچھلی یا خارپشت جانوروں کے ہوتے ہیں اور جو ان میں چلنے پھرنے اور

غذا جمع کرنے میں مدد دیتے ہیں ۔

tubeless, a. بے ٹیوب ؛ بغیر ٹیوب کا ٹائر جس کی کارکردگی ہوا دار ٹیوب جیسی ہوتی ہے اور خود مرمتی ہوتا ہے ۔

tuber, n. (نباتیات) گنٹھی ؛ بصلہ ؛ پودوں کا چھوٹا اور دبیز تنا جو زیر زمین ہوتا ہے ، جیسے آلو یا پیاز کا گنٹھا جس سے نئی کونپلیں پھوٹتی ہیں ۔ (تشریح الاعضا) گومڑی یا ورم ؛ گلٹی یا کسی عضو کی سوجن ۔

tubercle, n. (حیاتیات) دانہ ؛ بیخ دانہ ؛ بصیلہ ؛ چھوٹے چھوٹے گول دانے جیسے ہڈی کے اوپر ہوتے ہیں ؛ بعض جانوروں کی کھال پر یا پودے کی ڈنڈی پر یا پتّوں پر بنے ہوئے چھوٹے چھوٹے دانے ۔ (امراضیات) چھوٹی سی سخت قسم کی اُبھری ہوئی گول گومڑی یا ورم ؛ گلٹی ؛ مسّا ؛ گانٹھ ؛ دانہ ؛ چھوٹی سی گانٹھ یا گٹھلی خصوصاً تپ دق کی ۔

tubercle bacilus, n. عُصیۂ دِق یا سِل ؛ چھوٹا سا نازک چھڑی نما ، اکثرذرا خم خوردہ قسم کاجرثومہ جو دق یا سل کا باعث بنتا ہے ۔

tubercular, a. دَرنی ؛ مدقوق ؛ مسلُول ؛ دق یا سل سے مخصوص ۔ (امراضیات) دق کی گٹھلی کا سا یا اس کے متعلق ؛ دق سے متعلق ؛ جس میں دق کی گٹھلیاں نکلی ہوں ۔ (اسم) دق کی بیماری میں مُبتلا شخص ۔

tubercularly, adv. دق زدہ شخص/مدقوق کی طرح

tuberculate, tuberculated, a. مسلُول ؛ جس میں دق کی گٹھلیاں نکل آئی ہوں ؛ دق زدہ ؛ مدقوق ؛ بُصیلہ دار ؛گٹھلی دار ؛دَرن دار ۔

tuberculation, a. دق کی گٹھلیاں نکلنے کا عمل ؛ دق کی گٹھلیوں کا سلسلہ ۔

tuberculately, adv. گٹھلیاں نکلنے کے انداز سے ۔

tuberculin, n. (طب) سِلّیں ؛ ٹیوبرکیولن ؛ جراثیم سے پاک مائع جو عَصیۂ دِق کی کاشت جراثیم سے تیار ہوتا ہے اور مرض دق کی تشخیص اور علاج معالجے میں استعمال ہوتا ہے ۔

tuberculin test, n. ٹیوبرکیولن جانچ : شدید جسی کے ردّعمل کو معلوم کرنے کا ایک طریقہ جس سے یہ پتا چل جاتا ہے کہ آیا اس مرض کے آثار موجود تھے یا اب پیدا ہوئے ہیں ۔

tuberculoid, a. دَرنہ نما ؛ دق نُما یا دِق دانے کی طرح ۔

tuberculosis, n. (امراضیات) سِلّ ؛ تپ دِق ؛ مرض ِ سِل ؛ متعدی مرض جو جسم کے کسی بھی عُضلے کو متاثر کر سکتا ہے ، اس سے دانے نکل آتے ہیں اور جِسم پر گٹھلیاں سی بن جاتی ہیں خصوصاً جب یہ مرض پھیپھڑوں پر اثر کرے ؛ سل دق ۔ مخفّ : T.B., TB ۔

tuberculous, a. مَسلُول ؛ بصل دار ؛ دق سے متعلق یا دِق کی طرح کا ؛ مرض ِ دِق سے متاثر ؛ دَرَن دار ۔

tuberculously, adv. مرض ِ دق کے اثر سے ؛ مدقوق طور پر ۔

tuberose, n. گُل مریم ، گُل زنبق یا گُل شب بُو ؛ ایک قسم کا گومڑی دار پھول جو اپنی خوشبو اور مومی سفید پھولوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ۔

tuberosity, n. بَصَلیت ؛ بصلی یا بصلہ دار ہونے کی حالت ۔ (تشریح الاعضا) پٹھے جوڑنے والا ہڈّی کا اُبھار ؛ حَدبہ ؛ بثرہ ؛ اُماس ۔

tuberous, a. بَصَلی ؛ گٹھیلا ؛ بثور دار ؛ گٹھلی دار ؛ گومڑی دار ؛ گومڑیوں سے ڈھکا ہوا ۔ (نباتیات) بصلہ دار ؛ گومڑی نما یا اس طرح کا (جیسے : a tuberous root) ۔

tuberously, adv. بصلہ داری سے ۔

tuberous root, n. بصلہ دار جڑ ؛ موٹا تنا جو گُومڑی کی طرح دکھائی دے لیکن پتّوں سے محروم ہو ۔

tuberous-rooted, a. کونپلوں سے محروم گُومڑے جیسے موٹے تنے والا پودا

tubifex, n. نلکی میں رہنے والا نازک سا تیراکو کیڑا جو گرم ممالک کے سمندروں کی مچھلیوں یا پالنے والی مچھلیوں کی خوراک بنتا ہے ۔

tubing, n. نلکیاں بنانے یا مہیّا کرنے کا عمل ؛ نلکیوں کا سلسلہ ؛ نلی یا نلیاں بنانے کا ٹکڑا ؛ نلکیاں بنانے کا سامان ، جیسے پلاسٹک ، تانبا ، شیشہ یا ایلومینم ۔

tubular, a. نلی نما ؛ نلکی یا نلکیوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ؛ ٹیوبوں سے مخصوص یا ان پر مشتمل ؛ نلکیوں میں رکھّا ہوا ؛ ٹیوب کی وضع کا یا ٹیوب جیسا ؛ ٹیوبی شکل کا ؛ نلی سا ؛ نلی دار ۔ (طب) تنفس کی ایک کیفیت جس میں ایسی آواز نکلتی ہے جیسے ہوا کسی ٹیوب میں سے گزر رہی ہو ۔

tubularly, adv. نلکی کی طرح سے ۔

tubularity, n. نلکیت ؛ انبوبت ۔

tubule, n. چھوٹی سی نلکی/ٹیوب ؛ باریک نالی یا ٹیوب کی ساخت ۔

tubuliflorous, a. (نباتیات) انبوبی گُلہ ؛ نَلیہ گلہ ؛ بعض پودوں کے پھولوں کا نلی دار پھول ۔

tubulous, a. ٹیوب کی شکل کا ؛ مسام والا ؛ نلیوں والا یا نلیوں کا بنا ہوا ؛ نلیہ بردار ؛ نلی کی شکل کا ۔ (نباتیات) نلکی نما پھولوں والا ۔

tubulously, adv. ٹیوبوں یا نلکیوں سے ۔

tubulure, n. ٹُونٹی ؛ شیشے کے جگ پر لگی ہوئی ٹونٹی یا قرنبیق پر لگا ہوا نلکی نُما دہانہ ۔

tuchun, n. (تاریخ چین) صوبائی فوجی گورنر ؛ سپہ سالار؛سالار فوج ۔

tuck, v.t. کھینچ کر تہ کر دینا یا تہ زدہ،ترتیب میں رکھنا ؛ دامن یا کنارے کو اُڑسنا یا ٹانکنا (جیسے کپڑے یا غلاف کو) ، ان ڈھکی ہوئی جگہوں یا حصّوں میں (in یا up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے : To tuck in one's shirt) ؛ اچھی طرح ڈھانک لینا ؛ قریب کی خفیہ یا محفوظ جگہ میں سنگوا دینا (جیسے : to tuck money into a purse) ؛ کپڑے کو چُن کر ٹانکے لگانا ۔ (بول چال) کھانا یا پینا (in یا away کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to tuck away a whole pie) ۔ (فعل لازم) اکٹھے کرنا ؛ اینٹھنا ؛ سمیٹنا ؛ سنگوانا ۔ (اسم) بل دیا ہوا ٹکڑا یا حِصّہ ؛ چُنّٹ ؛ کپڑے یا لباس میں سجاوٹ پیدا کرنے یا اسے چُست بنانے کے لیے تہ دینے یا بل ڈالنے کا عمل ۔ (جہاز رانی) جہاز کے ڈھانچے کا وہ حصّہ جہاں پیندی کے تختوں کے سرے آ کر مل جائیں ۔ (برطانوی ، عوامی) کھانے کی اشیا،خصوصاً مٹھائیاں یا کیک ، پیسٹریاں ۔

tuck, n. (قدیم) نیمچہ؛ ہلکی تلوار؛ کٹاری ؛ کٹار ۔

tuckahoe, Indian bread, n. انڈین روٹی ؛ جنوبی امریکا کی ریاست ہائے متحدہ امریکا کے درختوں کی جڑوں پر اُگنے والی گومڑی جیسی کُھمبیاں جو شمالی امریکا کے انڈین عام طور پر کھاتے ہیں ۔

tucker, n. ته کرنے یا مروڑنے والا شخص یا شے ؛ سلائی مشین کا وہ پُرزہ جس سے پلیٹیں ڈالی جاتی ہیں ؛ لنن ، ململ یا کسی اور کپڑے کا رومال جو عورتیں گردن اور شانوں پر ڈالتی ہیں ۔

tucker, v.t. (بول چال) تھکا دینا ، تھکا مارنا یا ماندہ کر دینا (اکثر out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

trucker-bag, n. (آسٹریلیا) سیاحوں یا سیروسیاحت کرنے والوں کا توشہ دان یا کھانا رکھنے کا تھیلا ۔

tucket, n. تُرم کی آواز ؛ تُرئی یا بگل کی صدا ۔

tuck-point, v.t. جُڑاؤ ٹیپ کاری کرنا ؛ جڑاؤ ٹیپ کرنا ؛ عمارتی کاموں میں خالی جوڑوں کو مسالے سے بھرنا ۔

tuck-pointer, n. جُڑاؤ ٹیپ کار ؛ عمارت کے جوڑوں (خالی درزوں) کو مسالے سے بھرنے والا ۔

tuckpointing, n. جڑاؤ ٹیپ کاری ۔

tuck-shop, n. (برطانوی ، عوامی) مٹھائی یا کیک پیسٹری کی دکان ؛ ٹک شاپ ۔

Tudor, a. ٹیوڈر ؛ انگلستان کے (شاہی) ٹیوڈر خاندان (جس نے ۱۴۸۵ء سے ۱۶۰۳ء تک حکومت کی) کا رکن یا اس سے متعلق ؛ اس عہد کے مختلف پہلوؤں سے منسوب ، متعلقہ یا مخصوص خاص کر طرز تعمیر ۔

Tudor arch, n. ٹیوڈرمحراب ؛ مسطّح نظرآنے والی ایک خاص قسم کی چہار مرکزی محراب ۔

Tuesday, n. منگل ؛ سہ شنبہ ؛ ہفتے کا تیسرا دن ؛ پیر یا دو شنبے سے اگلا روز ۔

Tuesdays, adv. ہر سہ شنبے کو ؛ منگل کے منگل ۔

tufa, n. (ارضیات) تُوفا ؛ خانہ دار کلسی پتھر ؛ مسام دار چونے کے پتّھر کی ایک قسم جو چشموں سے برآمد ہوتا ہے ۔

tufaceous, a. مسام دار چونے کے پتّھر کے متعلق ۔

tuff, n. (ارضیات) تف ؛ مسام دار چٹان ؛ آتش فشانی مادے والے پتّھر کے ٹکڑے جو طبق در طبق ہوتے ہیں ۔

tuffaceous, a. تفی ؛ مسام دار (پتھر)

tuffet, n. گچھا یا لچّھا ، جیسے گھاس کا ؛ نیچا اسٹول یا گدّا ۔

tuft, n. طرّہ ؛ گچھا یا لچھا ، چھوٹی خاص کر نرم اور لچک دار چیزوں کا جیسے پروں کا ؛ بالوں کا گچھا جو نیچے سے بندھا ہوا اور اُوپر سے کُھلا ہو ؛ گُچھے کی طرح کوئی چیز ؛ تاگوں کا لچھا جو گدے ، تکیے ، لحاف یا صوفے کے گدوں میں نکندے ڈالنے کے لیے ہو تاکہ ان کے اندر بھری ہوئی پیال مضبوطی سے اپنی جگہ پر قائم رہ سکے یا ان کی سجاوٹ میں اضافہ کیا جا سکے ۔ (فعل متعدی) گچھا بنانا یا ترکیب دینا ؛ گُچھوں یا لچھوں سے آراستہ کرنا ۔ (فعل لازم) گچھوں کی شکل میں پھوٹنا ۔

tufter, n. گُچھے بنانے والا ۔

tufty, a. گچھے دار ؛ لچھے دار ؛ طرّہ دار ۔

tug, v.t. زور اور کوشش سے کھینچنا ؛ طاقت سے کھینچ کر ہلانا یا گھسیٹنا ؛ ٹگ بوٹ کے ذریعے کشتی کھینچنا ۔ (فعل لازم) پوری کوشش سے طاقت لگا کر کھینچنا (جیسے : to tug at a heavy carton) ؛ سخت جدّوجہد کرنا ؛ محنت کرنا یا مشقت کرنا ۔ (اسم) کھینچنے کا عمل ؛ شدید کھینچ ؛ گھسیٹن ؛ اینچا تانی ؛ سخت مقابلہ ؛ کشمکش ؛ کھینچنے والی کشتی ؛ ٹگ ؛ گھوڑے کی راس ؛ جس سے کوئی چیز کھینچی جائے ، جیسے رسّا ، زنجیر یا چمڑے کا پٹّا ۔

tugger, n. کھینچنے والا ؛ گھسیٹنے والا ۔

tugboat, towboat, n. کھینچ کَشتی ؛ ایک چھوٹی مضبوط ساخت کی طاقتور کشتی جو سمندری جہازوں اور بجروں کو سمندر سے کھینچ کر لانے یا لے جانے کا کام کرے ۔

tug of war, n. رسّا کشی ؛ دو ٹیموں کے درمیان رسّا کشی کا مقابلہ جس میں ہر ٹیم کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اپنے حریف کو مقررہ وسطی خط سے باہر گھسیٹ لائے ؛ کھینچ تان ؛ دھکم پیل ؛ کھینچم کھانچا ؛ کشمکش ؛ دو متنازع طاقتوں کے درمیان سخت قسم کا یا شدید تنازع ۔

tui, parson bird, n. توئی ؛ مُلّا پرند ؛ نیوزی لینڈ کا شہد خور چمکیلے سیاہ رنگ کا ایک پرندہ جس کی گردن ، چھاتی ، حلق اور پروں پر سفید سے نقطے پڑے ہوتے ہیں ۔

tuille, n. زرہ بکتر میں رانوں کا بچاؤ کرنے والی دو فولادی چادروں میں سے کوئی ایک ۔

tuition, n. اتالیقی ؛ ٹیوشن ؛ معلّمی ؛ پڑھائی کا عوضانہ جو کسی تدریسی ادارے میں وصول کیا جائے ؛ مدّرسی کا پیشہ ۔

tuitional, tuitionary, a. معلّمی کا ؛ اتالیقی کا ۔

tularemia, tularaemia, rabbit fever, n. ہرن مکھی بُخار ؛ خرگوشوں ، گلہریوں اور دیگر قارض جانوروں کی بیماری جو جرثومے سے پیدا ہوتی ہے ؛ آدمیوں میں یہ مرض کیڑوں سے یا بیمار جانوروں کو چھونے سے سرایت کر جاتا ہے اور مُزمن باری کے بخار کا،نیز لمف کی گومڑیوں ، گلٹھلیوں اور سُوجن کا باعث بنتا ہے ۔

tularemic, a. ہرن مکھی بُخار کے بارے میں ۔

tule, n. ٹیول ؛ امریکی بڑا موتھا ؛ دو بڑے ناگرموتھوں یا نرسلوں میں سے کوئی ایک جو کیلے فورنیا اور اس کے نواحی علاقوں میں زیر آبی زمین یا دلدلوں میں نشوونما پاتا ہے ۔

tulip, n. گُل لالہ ؛ شقائق ؛ اسی نام و جِنس کے کسی پودے کا نام جو مختلف اقسام میں کاشت ہوتا ہے اور اس میں بڑے بڑے خوشنما ، مختلف رنگوں کے ، پیالے یا گھنٹی کی شکل کے پھول آتے ہیں ؛ اس قسم کے پودے کا پھول یا گٹھی ۔

tuliplike, a. لالہ رنگ یا لالہ نُما ۔

tulipomania, n. خبط لالہ ؛ لالہ کاشت کرنے یا لالے کے پھول حاصل کرنے کا شوق جو خبط اور جنون کی صورت اختیار کر لے ، جیسا کہ ہالینڈ میں سترھویں صدی عیسوی کے شروع میں ہوا تھا ۔

tulip tree, tulip poplar, yellow poplar, n. شجر لالہ ؛ شمالی امریکا کا درخت جس میں لالہ جیسے پھول لگتے ہیں اور اس کی لکڑی فرنیچر اور دیگر چوبی سامان بنانے کے کام آتی ہے ۔

tulip wood, n. چوبِ لالہ ؛ شجر لالہ کی لکڑی ؛ سفید چوب ؛ دیگر درختوں کی دھاری داریا مختلف رنگوں کی لکڑی ؛ ایسا کوئی درخت ۔

tulle, n. ٹیول ؛ نائیلون یا ریان کی باریک ریشمی جالی جو پہلے پہل فرانس میں بنائی گئی ، اس سے عورتوں کی ٹوپیاں ، نقاب ، شام کو پہننے والے گون یا رقص کے لباس تیار کیے جاتے تھے ۔

tullibee, n. ٹیولی بی مچھلی ؛ ایک قسم کی سفید رنگ کی

tumefactive, a. سُوجا ہوا ؛ سوجنے والا ؛ متورّم۔
tumefy, v.t., v.i. سُوجنا یا سُجانا یا سُوجا ہوا ہونا۔
tumescent, a. پُھولا ؛ کسی قدر سُوجا ہوا ؛ سُوجنے والا ؛ قدرے متورّم۔
tumescence, n. خفیف سُوجن یا ورم۔
tumid, a. ابھرا ہوا ؛ سُوجا ہوا، پھیلا ہوا یا اندر سے پُھولا ہوا ، جیسے جسم کا کوئی حصّہ یا عُضو؛ متورّم؛ اسلوب بیان جس میں بے جا لفاظی یا عبارت آرائی ہو۔
tumidity, tumidness, n. تورّم ؛ سوجا ہوا ہونے کی حالت ؛ ورم؛ سوجن؛ آماس ؛ بے جا لفاظی یا عبارت آرائی ۔
tumidly, adv. ورم کے ساتھ؛ لفاظی یا عبارت آرائی سے ۔
tummy, n. (بول چال) پیٹ؛ شکم۔
tumor, Brit. tumour, n. (امراضیات) ٹیومر ؛ رسولی ؛ سلعہ ؛ جسم کے کسی حصے کی غیر معمولی سُوجن ؛ نئے خلیے کی نمود جو کم و بیش مدور شکل کا ہو لیکن سوجن کے باعث نہ ہو اور جس حصے میں یہ پیدا ہو اُس سے ساخت میں مختلف ہو؛ متورّم حصہ ؛ پھوڑا ؛ دنبل ؛ گانٹھ ؛ گلٹی ؛ گومڑا۔
tumorous, a. رسولی والا ؛ گومڑ والا ؛ سوجا ہوا۔
tumorlike, a. گومڑ جیسا ؛ رسولی کی طرح ۔
tump, n. (برطانوی بولی) پہاڑی؛ ٹیلہ ؛ انبار یا ڈھیر؛ درختوں یا بافراط اُگنے والی سبزیات کا جُھنڈ یا ڈھیر۔
tumpline, n. پٹا؛ پیٹھ پر لدے ہوئے بوجھ کو سہارا دینے والا پٹا جسے ماتھے یا چھاتی پر سے گزارا جاتا ہے۔
tumult, n. غوغا ؛ بلوا ؛ فساد ؛ مجمع کا شور، ہنگامہ یا شورش ؛ شوروغل ؛ سخت فساد یا بلوا جس میں چیخ پکار بلند ہو ؛ بلچل ؛ کھلبلی ؛ افراتفری ؛ بے قاعدہ یا بے ترتیب حرکت ؛ شورش یا بغاوت ؛ جذباتی ہیجان یا ذہنی اضطراب۔
tumultuary, a. شورش پسندانہ ؛ الٹ پلٹ ؛ غیر منظّم ؛ بے قاعدہ ؛ بے ترتیب ۔
tumultuous a. ہنگامے، بدنظمی یا شوروشغب سے بھرپُور ؛ ہنگامہ یا شوروشر پیدا کرنے والا ؛ پُر جوش یا ہنگامہ خیز؛ پُر شور ؛ ہنگامہ پرداز ؛ فتنہ انگیز؛ پُر آشوب ؛ دنگے باز ؛ مفسد ؛ شوری ؛ کھلبلی کا ؛ پریشان ؛ مضطر ؛ پُرشور اور خلط ملط جیسے آوازیں یا چیخ پُکار ؛ مضطرب یا طوفانی ، جیسے سمندروں کی لہر یا آندھی ؛ اضطراب یا جوش جیسے ذہن یا جذبات کا ۔
tumultuously, adv. شدّت سے ؛ جوش سے ؛ ہیجانی حالت سے ؛ ہنگامے کے طور پر۔
tumultuousness, n. ہیجان ؛ شدّت ؛ ہنگامہ خیزی ؛ شورش ؛ جوش ؛ ہنگامہ پردازی ؛ دنگے بازی ؛ دربھی برہمی ؛ آشوب ۔
tumulus, n. قبرستانی ٹیلہ ؛ مصنوعی قسم کا بنایا ہوا چبوترہ یا کوئی اونچا مقام ؛ ایسا اونچا ٹیلہ جو کسی قبر یا روضے کے گرد بنا دیا جاتا تھا ؛ مٹی کا ڈھیر جس کے نیچے لاش دفنائی جاتی تھی ۔
tun, n. شراب ، الکحل یا بیئر وغیرہ رکھنے کا بڑا پیپا یا بیرل ؛ مائع اشیا کے ۲۵۲ گیلن کے برابر ناپنے کا ایک پیمانہ ۔
tuna, tunafish, tunny, n. تونا مچھلی ؛ بڑی خوردنی مچھلی کی ایک خوردنی مچھلی ؛ خاص کر سسکو (cisco) جو گریٹ لیکس (Great Lakes) میں عام ہوتی ہے ۔
tumble, v.i. گر پڑنا ؛ اچھلنے ، کُودنے ، قلابازی کھانے یا اسی طرح کی جسمانی پُھرتی کے کرتب دکھانا ؛ پہلو بدلنا ، گھومنا ، سر کے بل گرنا یا بدحواسی میں دوڑنا ؛ ٹھوکر کھانا یا گر پڑنا ؛ گرنا یا ڈھے جانا ، جیسے عمارتی ڈھانچا ، حکومت وغیرہ ؛ اچانک یا تیزی سے گرنا، جیسے حصص کے نرخوں کا ؛ با اختیار عہدہ کھو دینا (جیسے : a tumble from power) ؛ بدحواسی کے عالم میں یا عجلت سے جانا یا آنا؛ اتفاقیہ گزر ہونا ۔ (بول چال) کسی حقیقت یا حالات سے اچانک باخبر ہونا (to کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل متعدی) درہم برہم کرنا ؛ متلاطم کرنا ؛ الٹ پلٹ کر دینا ؛ عجلت یا اکھڑ پن سے پھینکنا ، اُچھالنا ، پٹخنا ، دھکیلنا وغیرہ ؛ پہیے کی طرح لُڑھکانا ۔ (اسم) اُچھل کود؛ گراوٹ؛ تنزّل؛ ڈھینکلی؛ گڑبڑ کی حالت؛ بے ترتیب ڈھیر ؛ لڑھکنی ؛ قلابازی ۔ (بول چال) دلچسپی اور حوصلہ افزائی کی علامت۔
tumblebug, n. گُبریلا ؛ گُو گرد رنگ ؛ ایک قسم کا گُبریلا کیڑا جو گوبر یا لید کی گولیاں بنا کر ان میں انڈے دیتا ہے اور اس کی سنڈی بھی وہیں پرورش پاتی ہے ۔
tumble-down, a. ٹُوٹی پُھوٹی حالت میں ؛ خراب و خستہ ؛ شکستہ ۔
tumbler, n. لڑھکنے والا ؛ اُچھلنے کُودنے والا ؛ اُچھل کود ، قلابازیاں اور دیگر جسمانی کرتب دکھانے والا ؛ قلاباز ؛ نٹ ؛ لوٹن ؛ چھوٹے شکاری کتّوں کی ایک نسل جن سے پہلے خرگوش کا شکار کیا جاتا تھا ؛ لقا یا لوٹن کبوتر؛ پالتو کبوتروں کی وہ قسم جو اُڑان میں لوٹنی کھائیں ؛ چپٹے پیندے کا بے دستہ گلاس ؛ تاملیٹ ؛ ایک قسم کا کھلونا جو چھونے سے جُھولنے لگے؛ گھومنے والا صندوق ؛ کپڑا سکھانے والی مشین میں چکّر کھانے والا ڈرم ؛ قفل میں کوئی قفلی پرزہ جو اصلی حالت میں ہو تو کُنڈا بند رکھتا ہے لیکن چابی لگانے سے کُنڈے کو کھول دیتا ہے ؛ بندوق کے گھوڑے کا پرزہ جس کے دبانے سے اسپرنگ کے عمل کے ذریعے بندوق چلتی ہے ؛ ٹمبلر یا گاڑی ۔ (مشین) مخصوص ترسیل میں گیئر کو اپنی جگہ پر حرکت دینے والا آلہ ؛ کیم پہیّے کا دندانے دار یا بے دندانہ نکلا ہوا حصّہ جس سے دائری حرکت کو دوسری حرکت میں بدلا جا سکے ۔
tumbleweed, n. لڑھک بوٹی ؛ لڑھکنی جڑی بوٹی ؛ ایک قسم کا پودا جس کے اوپر کا شاخ دار حصہ موسم خزاں میں عام طور پر جڑ سے علیحدہ ہو جاتا ہے اور ہوا میں ادھر اُدھر لڑھکتا رہتا ہے۔
tumbling, n. قلابازی ؛ نٹوں کے کھیل جیسے اُچھل کُود ، جھپٹیں ، قلابازیاں اورجسمانی پُھرتی کے دیگر کرتبوں کا مظاہرہ جو عام طور پر کھیلوں کے مقابلے میں یا محض ورزشی طور پر کیا جاتا ہے۔
tumbling barrel, n. لڑھک پیپا ؛ گھومنے والا پیپا جس کے اندر کی چیزیں آپس میں رگڑ کر صیقل ، پالش یا ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہوتی رہتی ہیں ۔
tumbrel, tumbril, n. چھکڑا ؛ ٹب گاڑی یا دو پہیہ چھت والی گاڑی جو کوڑا کرکٹ پھینکنے کے کام آئے؛ انقلاب فرانس کے دور کی کُھلی گاڑی جس میں مجرموں کو بٹھا کر قتل گاہ کی طرف لے جایا جاتا تھا۔
tumefaction, n. ورم ؛ سوجن ؛ آماس ؛ پُھولنے یا سُوجنے کا عمل یا سُوج جانے کی کیفیت ؛ سُوجا ہوا حصّہ۔

قسم جس کا شکار کیا جاتا ہے جیسے نیلے اور زرد فلس والی مچھلی یا البکرمچھلی جو ماکریل نژاد ہوتی ہے اور اوقیانوس ، بحرالکاہل اور بحیرۂ روم میں پائی جاتی ہے ؛ کیمیاوی عمل کے ذریعے اس کا محفوظ کیا ہوا گوشت جو غذا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

tuna, n. تونا ؛ ناشپاتی کے سیدھے لمبے اور کانٹے دار درختوں کی ایک قسم جو میکسیکو اور غرب الہند سے مخصوص ہے ، جن میں شیریں اور خوردنی پھل لگتا ہے ؛ اس درخت کا پھل ۔

tunable, tuneable, a. سر پذیر ؛ ہم آہنگ ؛ موزوں ؛ سُریلا ؛ سُر ٹھیک کرنے یا سُر ملانے کے قابل ؛ سُر میں ۔

tunableness, tuneableness, n. سُریلا پَن ؛ مطابقت پذیری ۔

tunably, tuneably, adv. سُریلے پن سے ؛ مطابقت کے ساتھ ؛ تال سُر سے ۔

tundra, n. ٹُنڈرا ؛ یورپ ، ایشیا اور شمالی امریکا کے قطب شمالی کے علاقوں کا بڑے رقبے والا یا بے شجر میدان جو گرمیوں کے موسم میں بھی نچلی سطح تک یخ بستہ رہتا ہے ۔

tune, n. تان ؛ سُر ؛ ہم آہنگی ؛ تال میل ؛ سازونغمہ میں ڈھلی ہوئی آوازوں کی پیہم خوش کن تانیں ؛ آہنگ یا آہنگ کے بغیر لَے یا سُریلا گیت ؛ حمد یا بھجن کی سُروں میں،خاص کر چہار سُری گائیکی ؛ باجے کے تاروں یا پردوں کی ٹھیک ترتیب ؛ الاپ ، آہنگ یا سُر کی مطابقت (جیسے: many voices or instruments sounding in tune)؛تعلقات یا رشتوں میں سازگاری یا موافقت ؛ صحیح ترتیب جیسے طول موج کے معاملے میں لاسلکی کے سازوں یا سرکٹوں کی ۔ (فعل متعدی) باجے کے سروں کو ٹھیک ٹھیک یا مطلوبہ معیار کے مطابق ترتیب دینا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ آواز یا نغمے کو کسی خاص لَے یا کسی مخصوص جذبے کے اظہار میں ڈھالنا ؛ مناسب حال یا کیفیت مزاج کے مطابق کرنا ؛ سُر ملانا ؛ مشینی عمل کو صحیح حالت میں رکھنا ۔ (ریڈیو) سرکٹ لگانا تاکہ دوسرے سرکٹ یا مقررہ تعدّد سے گونج پیدا کی جا سکے ؛ رابطہ پیدا کرنا جیسے نشری منبع سے (in کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (فعل لازم) باجے کا سُر ٹھیک ہونا ؛ سُر کا ملنا یا ہم آہنگ ہونا ؛ نغمہ گانا ۔

call the tune, حتمی فیصلے کرنا یا قابو پانا ۔

change one's tune, اپنی بیان کردہ رائے یا عمل کو بدل دینا ۔

sing a different tune, رویّے یا خیالات میں تبدیلی لانا ۔

to the tune of, (بول چال) بہ قدر ؛ کے برابر (جیسے : She wrecked her car to the tune of a thousand dollars) ۔

tune in, (ریڈیو) لاسلکی کے آلے کو مناسب تعدّد کے مطابق کرکے نشریات وصول کرنا ۔

tune out, (ریڈیو) لاسلکی کے آلے کے سرکٹ یا سرکٹوں کا تعدّد بدل کر نشر کرنے والے مقام سے نشریات کی ترسیل روک دینا ۔

tune-up, (موسیقی) سازوں کے سُر ملانا ؛ تال میل کرنا ؛ آلۂ موسیقی میں آواز کا مناسب امتداد پیدا کرنا ۔ (میکانیات) مشین یا موٹر کو ٹھیک حالت میں لانا یا رکھنا ؛ موزوں کرنا ۔

tuneful, a. سُریلا ؛ رسیلا ؛ رَس بھرا ؛ خوش آہنگ ؛ نغمے بھری آواز والا ؛ ہم آہنگ ؛ خوش آواز ؛ موزوں ۔

tunefully, adv. خوش آہنگی سے ؛ سُریلی آواز میں ۔

tunefulness, n. سُریلا پن ؛ خوش آہنگی ؛ نغمگی ۔

tuneless, a. بے میل یا بے سُرا ؛ بے آہنگ یا بے سُرا ؛ بے نغمہ ؛ خاموش ؛ بدآواز ۔

tuner, n. ٹیونر ؛ سُر کار ؛ سُر ٹھیک کرنے والا شخص یا جس چیز سے سُر ٹھیک ہو جائے ؛ وہ شخص جس کا پیشہ آلاتِ موسیقی کے سُر ٹھیک کرنا ہو ۔ (ریڈیو) آواز گیر کا وہ حِصّہ جسے حرکت دے کر مخصوص سگنل یا تعددّ حاصل کیا جا سکے ۔

tune-up, n. مشین یا موٹر کی کارکردگی کو درست ، چالو حالت میں رکھنے کا عمل ؛ موزوں کاری ۔

tung oil, n. روغن ٹنگ ؛ چین کے ٹنگ نامی درخت کے بیجوں سے نکالا ہوا زرد رنگ کا تُرش تیل جو سُکھانے والے عامل کے طور پر وارنش یا روغن بنانے میں اور آب روک کے طور پر کام آتا ہے ۔

tung state, n. (کیمیا) ٹنگسٹک تیزاب کا نمک ؛ ٹنگس ٹیٹ ۔

tungsten, wolfram, n. (کیمیا) ٹنگسٹن ؛ ایک کمیاب دھاتی عُنصر جو چمکدار بُھورے رنگ کا ، فولاد کی طرح شفّاف اور بہت دیر سے پگھلنے والا ہوتا ہے اور وولفرامائیٹ (wolframite) ، ٹنگسٹائٹ (tungstite) نیز شیلائٹ (scheelite) میں پایا جاتا ہے ۔ یہ فولاد کے تیز رفتار اوزار یا اسلحہ ، برقی لیمپ کے فلامنٹ اور دیگر اشیا بنانے کے کام آتا ہے ۔

tungstenic, a. ٹنگسٹنی ؛ ٹنگسٹن کا ؛ جس میں ٹنگسٹن پایا جائے ۔

tungsten lamp, n. ٹنگسٹن لیمپ ؛ بجلی سے روشنی دینے والا لیمپ جس کا فلامینٹ ٹنگسٹن کا بنا ہوا ہوتا ہے ۔

tungsten steel, n. فولاد کا سخت قسم کا بھرت جس میں ٹنگسٹن بھی شامل ہو ۔

tungstic, a. (کیمیا) ٹنگسٹی ؛ ٹنگسٹن کا یا اس سے متعلق ، خاص کر جس میں ٹنگسٹن کا چھ گرفتہ جوہر ہو ۔

tungstic acid, n. (کیمیا) ٹنگسٹن کا تیزاب ؛ زردی مائل تیزاب جو ٹنگسٹن ٹرائی آکسائڈ کو پانی میں ملا کر بنایا جاتا ہے ؛ سفیدی مائل تیزاب جو ٹنگس سٹیٹ مرکبات کو تیزاب میں ملانے سے تیار کیا جاتا ہے ۔

tungstite, tungsticocher, n. (کیمیا) دیسی ٹنگسٹن ٹرائی آکسائڈ ، زرد یا زردی مائل سبز رنگ کا معدنی عُنصر جو عام طور پر سفوف کی شکل میں ترکیب پاتا ہے ۔

tungtree, n. ٹنگ شجر ؛ فرفیون نسل کی جنس کا کوئی درخت جس کے بیجوں سے روغن ٹنگ نکالا جائے ۔

Tungusic, Tungusian, a. تنگوی مشرقی سائبریا کے منگولی نسل کے باشندوں ، تنگوؤں کا یا ان سے متعلق ؛ یُورالی آلتائی زبانوں کے اس خاندان کی تقسیم سے متعلق جس میں تنگو اور مانچو بولیاں بھی شامل ہیں ۔ (اسم) یورال آلتائی زبانوں کی تنگوائی قسم ۔

tunic, tunica, n. پیراہن ؛ چوغہ ؛ عبا ؛ لمبی قمیص یا گون کی طرح کا چوغہ جسے قدیم یونانی و رُومی مرد اور عورتیں پہنا کرتے تھے ؛ کُرتی ؛ پوستیہ ؛ عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا یا چُست کمر سے نیچے تک اور گھٹنوں سے اونچا بلاؤز ؛ نیم لہنگا ۔ (خصوصاً برطانوی) فوجی وردی کا چھوٹا چُست کوٹ ۔ (کلیسیات) پادری کا کُرتہ جو عشائے ربّانی کے وقت زیب تن کیا جاتا ہے ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) غشاء ؛ کھال ؛ جِھلّی ؛ غلاف ؛ چمڑے کی سی جھلّی یا خول

جو کسی عضو کے گرد ہو۔ (نباتیات) قدرتی پوست یا دانے کے اُوپر کا چھلکا۔

tunica, n. دیکھیے : tunic ۔

tunicate, a. غلاف دار یا پوشش دار۔ (حیوانیات) پوست دار ؛ چھوٹے بحری حبلِ ظہری (chordate) سے متعلق جس کے بوری نما استوانی جسم پر موٹی جھلّی ہوتی ہے ؛ غلاف پوش ، کھال والے ؛ غشائی ظرف رکھنے والے ؛ جھلّی دار ؛ لفیہ ۔ (نباتیات) پودے جن کے پتّوں اور ڈنڈیوں پر غشائی تہیں ہوں یا گومڑیاں اُبھری ہوئی ہوں۔ (اسم) (حیوانیات) پوستیہ جانور۔

tunicated, a. پوست یا غلاف والا۔

tunicle, tunic, n. (کلیسیات) پوستینہ ؛ ڈیکن یا پادریوں کا کُرتہ جو عشائے ربّانی کے وقت پہنا جاتا ہے۔

tuning fork, n. سُردوشاخہ ؛ فولادی دوشاخہ جو مرتعش ہونے پر مقررہ اوج کی غنائی آواز پیدا کرتا ہے اور سازوں کی تال میل میں رہنمائی کرتا ہے۔

Tunisian, a. تیونسی ؛ شمالی افریقہ میں جمہوریہ تیونس یا اس کے صدر مقام تیونس کا یا ہر دو سے متعلق۔ (اسم) تیونس یا تیونیشیا کا اصلی قدیمی باشندہ یا ساکن ؛ اس علاقے کی زبان۔

tunnel, n. سرنگ ؛ زمین دوز راستہ ؛ زمین کے نیچے سڑک جیسے کسی پہاڑ یا پہاڑی میں سے یا دریا کے نیچے سے گزارا جائے ، خُصوصاً موٹر کاروں یا ریل گاڑیوں کے لیے ؛ کانوں کے اندر بنائی گئی قریباً افقی گزرگاہ ؛ جانور کا بھٹ ؛ دُود کش نل۔ (فعل متعدی) سرنگ لگانا یا سُرنگ کی طرح بنانا (جیسے : to tunnel a passage under a river) ؛ درمیان سے یا نیچے سرنگ کھودنا یا سرنگ بنانا ؛ کھود کھود کر چھید ڈالنا (جیسے : wood tunneled by ship worms) ۔ (فعل لازم) سرنگ یا سرنگیں بننا (جیسے : to tunnel through the Alps) ۔

tunneler, Brit. tunneller, n. سرنگیں کھودنے والا ؛ سوراخ کرنے والا۔

tunnellike, a. سرنگ کی طرح ؛ سرنگ نما ؛ سرنگ جیسا۔

tunny, n. دیکھیے : tuna ۔

tup, n. (خصوصاً برطانوی) مینڈھا ؛ بھیڑ کا نَر۔ (فعل متعدی ، برطانوی) مینڈھے کا جفتی کھانا۔ (فعل لازم ، خصوصاً برطانوی) مینڈھے کا بھیڑ کے ساتھ جُفتی کھانا۔

tup, n. تیرکوب ؛ مَنکی ؛ دُخانی بتھوڑے کا اگلا رُخ جو کوٹنے کا کام کرتا ہے۔

tupelo, n. ٹوپیلو ؛ شمالی امریکا کا ایک درخت جس میں سے کالا یا کھٹّا گوند نکلتا ہے ، اس درخت کی لکڑی فرشوں کے لیے تجارتی بُنیادوں پر کام آتی ہے۔

Tupian, a., n. ٹُوپیائی ؛ ٹوپئین ؛ جنوبی امریکا کے انڈینوں کے ایک خاص بولی بولنے والے طبقے کے مختلف قبائل جو پہلے امیزن کے نشیبی علاقوں میں رہا کرتے تھے لیکن بعد میں جنوب کی طرف بڑھتے ہوئے پیرا گوئے اور یورا گوئے تک پہنچ گئے تھے ، ان قبائل میں سے کسی ایک قبیلے کا فرد یا اس سے متعلق ؛ ان انڈینوں کی بولی کا یا اس سے متعلق۔

Tupi, n. ٹوپئین قبیلے کا فرد ؛ ٹوپئین انڈینوں کی بولی۔

Tupi Guaranian, Tupi-Guarani, a. ٹوپی گوارانی ؛ ان انڈین زبانوں کے خاندان سے متعلق جو وسطی جنوبی امریکا کی مقامی زبانیں ہیں۔ (اسم) زبانوں کا یہ خاندان۔

Tuque, n. طُوق ؛ بُنی ہوئی ٹوپی جو بڑی جُراب کے مشابہ ہوتی ہے اور کینیڈا میں سرد موسم میں کھیلے جانے والے کھیلوں کے دوران سر پر اوڑھی جاتی ہے۔

tu quoque, n. جوابی الزام ؛ ردِّ الزام ؛ یہ جواب کہ تُم بھی تو ایسے ہی ہو ؛ تم نے بھی تو یہی کیا ؛ ایں گناہیست کہ در شہر شما نیز کنند۔ [فارسی]

Turanian, a. تورانی ؛ کم و بیش اُن تمام ایشیائی لوگوں یا اُن کے مختلف گروہوں یا ان کی مختلف زبانوں کا یا ان سے متعلق جن کا تعلق نہ آریائی نسل سے ہو اور نہ سامی نسل سے۔ (اسم) تورانی زبان بولنے والی نسلوں میں سے کسی نسل کا فرد ، خصوصاً یورال آلتائی زبان بولنے والی نسل کا۔

turban, n. پگڑی ؛ دستار ؛ مسلمانوں کا مروجہ عمامہ جسے بحیرۂ رُوم کے مشرقی علاقوں ، برصغیر پاک و ہند اور ممالک مشرق کے لوگ سروں پر باندھتے ہیں ، یہ ریشم ، لِینن یا سُوت کا لمبا کپڑا ہوتا ہے جو براہِ راست سر پر باندھ لیا جاتا ہے یا کلاہ کے اوپر سر کے گرد لپیٹ لیا جاتا ہے ؛ اس سے ملتا جُلتا سر کا پہناوا ؛ منڈھا ہوا چھجّے دار یا بغیر چھجے کا چھوٹا ہیٹ ، جو چندیا سے لگا ہوتا ہے اور جسے بچّے یا عورتیں استعمال کرتے ہیں۔

turbaned, a. صاحبِ دستار ؛ پگڑی والا ؛ صافہ یا عمامہ پہنے ہوئے۔

turbary, n. وہ جگہ جہاں سے دُوب یا دلدلی کوئلہ کھودا جائے۔ (قانون) سرکاری یا غیر سرکاری زمینوں سے گھاس لگے تختے کھودنے کا حق یا آزادی۔

turbellarian, a. ٹربلیریا کا ؛ ایسے چپٹے ، عموماً آبی کیڑوں سے متعلق جن کے روئیں حرکت سے پانی میں ہلکی سی لہر پیدا کر دیتے ہیں۔ (اسم) چپٹا کیڑا ؛ کینچوا۔

turbid, a. مکدّر ؛ گدلا ؛ جس کی دُرد اور تلچھٹ ہل چکی ہو ؛ میلا ؛ بیرونی ذرّات سے مل کر خراب شدہ ؛ ناصاف ؛ پریشان ؛ ژولیدہ ، درہم برہم ؛ گڈ مڈّ ؛ الجھا ہوا۔

turbidity, turbidness, n. تکدّر ؛ گدلا پن ؛ میلا پن ؛ آلودگی ؛ کدورت۔

turbidly, adv. گدلے پن سے ؛ پریشانی یا اُلجھے ہوئے طریقے سے۔

turbidimeter, n. آلودگی پیما ؛ تکدّر پیما ؛ کسی سیّال شے کے گدلے پن کو ناپنے کا آلہ۔

turbidimetric, a. تکدر پیمایانہ ؛ گدلے پن کی پیمایش والا۔

turbidimetrically, adv. تکدر پیمایانہ طور پر ؛ گدلے پن کو ناپتے ہوئے۔

turbidimetry, n. آلودگی پیمائی ؛ تکدّر پیمائی ؛ گدلے پن کی پیمایش۔

turbinal, a. لٹّو کی شکل کا ؛ چکرّ دار ؛ پیچ در پیچ ؛ لپٹا ہوا ؛ مخروطی۔ (اسم) (تشریح الاعضا) نکلی ہوئی ہڈی ؛ حلزونی ہڈی ؛ عظمِ مَفتُول۔

turbinate, turbinated, a. گھومتے ہوئے لٹو کی وضع کا ؛ معکوس مخروطی ؛ لپٹا ہوا ، جیسے پیچ در پیچ بعض خول ہوتے ہیں ؛ مفتول یا لچھے دار ؛ لٹو شکل ؛ گھومتا ؛ مفتُول دار ؛ لٹو سا گھومتا ؛ چرخ زن ۔ (تشریح الاعضا) اشرف فقاریوں میں ناک کی بعض مرغولی مسام دار ہڈیوں سے متعلق ۔ (اسم) مخروطی شکل کا خول ۔ (تشریح الاعضا) عظم مفتول ۔

turbination, n. فرفری گردش ؛ لٹو نما گردش دینے کا عمل ۔

turbine, n. ٹربین ؛ ٹربائن ؛ چرخاب ؛ اُس نوع کے انجنوں میں سے کوئی ایک جو اپنے منحنی پروں پر بھاپ ، ہوا، پانی یا دوسرے مائع جات کے مسلسل بہاؤ سے پیدا ہونے والی توانائی پہنچاتا ہے ۔

turbit, n. ٹربت (کبوتر) ؛ پالتو کبوتروں کی ایک نسل جن کے جسم گٹھے ہوئے اور گول ہوتے ہیں، سر چھوٹا ، چونچ باریک اور گردن اور چھاتی کے بال الجھے ہوئے یا لہریے ہوتے ہیں ۔

turbo, n. ٹربو ؛ ٹربائن جیسے جیٹ ہوائی جہاز میں ہوتی ہے ؛ ٹربو سُوپر چارجر ۔

turbo car, n. ٹربو کار ؛ خود کار گاڑی خاص کر دوڑ میں حصّہ لینے والی کار جو گیس ٹربائن سے توانائی حاصل کرتی ہے ۔

turbo charger, n. (طیرانیات) ٹربو چارجر ۔

turbo fan, n. (طیرانیات) ٹربوپنکھا ؛ نل دار پنکھے والے جیٹ انجن کا پنکھا یا پنکھے جو ٹربائن کے زور سے چلتے ہیں ؛ ٹربو پنکھے والا ہوائی جہاز کا انجن ۔

turbo jet, n. (طیرانیات) ٹربوجیٹ ؛ جیٹ گیس چرخ انجن ؛ ایسے انجن والا طیارہ ۔

turbojet engine, n. ٹربوجیٹ انجن ؛ ہوائی جہاز کا انجن جو ہوا اندر لینے، ٹربائن کے ذریعے چلنے والے کمپریسر، احتراقی خانے اور مخروطی شکل کے ایسے بھاپ نکاس پر مشتمل ہو جس میں سے احتراق سے پیدا ہونے والی گرم گیس کے نکاس سے دھکیل پیدا ہو ۔

turbo prop, n. (طیرانیات) ٹربو دھکیل ؛ چرخی جیٹ انجن والا ہوائی جہاز ؛ چرخی جیٹ انجن ؛ ٹربائن سے چلنے والا انجن ؛ ہوائی جہاز جس میں ٹربائن سے چلنے والے انجن لگے ہوں ۔

turbo-propeller engine, n. (طیرانیات) جیٹ انجن جو عام طور پر ٹربائن سے چلنے والے داسر/پروپیلر سے توانائی فراہم کرتا ہے ۔

turbo-ramjet engine, n. (طیرانیات) جیٹ انجن جو ٹربوجٹ انجن یا ریم جٹ انجن کی طرح کام کرنے کے قابل ہو ۔

turbosupercharger, n. (طیرانیات) ٹربوسُپر چارجر ؛ ٹربائن سے چلنے والا سُوپر چارجر، جسے انجن سے خارج ہونے والی گیسیں توانائی فراہم کرتی ہیں ۔

turbosupercharged, a. ٹربائن سے سوپر چارج کیا ہوا ۔

turbot, n. شبوط ؛ سپر ماہی ؛ ٹربٹ ؛ یورپ میں پائی جانے والی چپٹی شکل کی مچھلی جو کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے ؛ اسی طرح کی چپٹی مچھلیوں کی مختلف اقسام میں سے کسی قسم کی مچھلی ، جیسے بعض چھوٹی چھوٹی چپٹی مچھلیاں ۔

turbulence, turbulency, n. ہیجان؛ اضطراب؛ ہچکولے؛ دھچکولے؛ اضطراری حالت یا کیفیت؛ کھلبلی؛ ہنگامہ ؛ شورش ؛ ہُلڑ ؛ سرکشی ؛ زور و شور ؛ موج زنی ۔ (موسمیات) موسمی حالات کی غیر یقینی ، جیسے درجۂ حرارت کی زیادتی ، کمی یا آندھی وغیرہ ۔ (طبیعیات) سیّال شے کے بہاؤ کی کیفیت جس میں فوری رفتار یا دباؤ بے قاعدہ اور بے ترتیب ہوتے ہیں ، جیسے کسی رکاوٹ یا رگڑ سے ۔

turbulent, a. پُر آشوب ؛ متلاطم یا درہم برہم ؛ پُر ہنگامہ ؛ شورش پسند ؛ سرکش ، مُفسد یا فتنہ پرداز ؛ متمرّد ؛ موّاج ؛ موجزن ؛ پُر زور و شور ؛ مضطرب ؛ شریر ۔

turbulently, adv. فساد انگیزی سے ؛ ہنگامہ پروری سے ؛ شورش سے ؛ مفسدانہ ۔

turbulent flow, n. متلاطم بہاؤ ؛ کسی سیّال شے کا بہاؤ جس میں رفتار یا دباؤ کہیں بھی یکسانیت کا حامل نہ ہو ۔ (ہوا حرکیات) پنکھے کے بازو کے ارد گرد ہوا کا بہاؤ جو مختلف رفتار سے کبھی آگے ، کبھی پیچھے گرداں ہو اور جس کے نتیجے میں ہوا کے دباؤ میں بھی تبدیلی آتی رہے ۔

Turcoman, n. تُرکمان ۔ دیکھیے : Turkman ۔

tureen, n. ڈونگا ؛ رکابی ؛ سرپوش سے ڈھکی ہوئی بڑی گہری قاب جو دستر خوان پر شوربہ یا کھانے کی کوئی چیز ڈالنے کے لیے ہو ؛ رکابی جس میں شوربہ ڈالا جائے ۔

turf, n. تیہ ؛ ٹرف ؛ دُوب تختہ ؛ گھاس یا دیگر چھوٹے پودوں (جڑی بُوٹیوں) سے ڈھکی ہوئی زمین کی سطح جو بعض زمینی قطعات کی اوپر والی سطح بن جاتی ہے ؛ اس سے کٹا ہوا کوئی ٹکڑا یا قطعہ ؛ سبزے کا تختہ ؛ دلدلی کوئلے کا ڈھیر خاص کر بطور ایندھن استعمال کرنے کے لیے ؛ گھاس کا میدان یا گھاس پھُوس کی بنی ہوئی پگڈنڈی جو گھڑ دوڑ کے گھوڑوں کے استعمال کے لیے بنائی جاتی ہے (عام طور پر اس کے پہلے the استعمال کیا جاتا ہے) ؛ گھڑ دوڑ (اِس سے پہلے the استعمال ہوتا ہے) ۔ (عوامی) وہ علاقہ جس پر جرائم پیشہ طبقہ یا نوجوانوں کی کُوچہ گرد منڈلی حکمران ہو ۔ (فعل متعدی) بنجر زمین پر گھاس یا دُوب تختے جمانا ۔

turfy, a. گھاس کے تختے کا سا ؛ نباتات کی جڑوں سے بھرا ہوا ۔

turfman, n. گھڑ دوڑیا ؛ گھڑ دوڑ میں دلچسپی رکھنے والا یا گھڑ دوڑ کا شوقین ۔

turgescent, a. پُھولتا ہوا ، سُوجنے کی حالت میں ؛ متورّم ؛ پُھلاؤ ؛ سوجن کا ؛ آماسی ؛ مبالغہ آمیز ؛نمایشی ؛ دکھاوے کا ۔

turgescence, turgescency, n. سُوجن ؛ ورم ؛ لفاظی یا عبارت آرائی ؛ پُھلاؤ ؛ تناؤ ؛ آماس ؛ مبالغہ ؛ نمایش ؛ دکھاوا ۔

turgid, a. سُوجا ہوا ؛ متورّم ؛ اپنی قدرتی حالت کے خلاف اندر سے پھُولا ہوا ؛ پھیلا ہوا ؛ ساختہ ؛ رنگین ؛ مبالغہ آمیز ؛ بے موقع ؛ پُر تکلف ؛ لفاظی یا بے جا عبارت آرائی سے بھر پُور (جیسے : a turgid style) ۔

turgidity, turgidness, n. تورّم ؛ لفاظی ؛ سُوجن ؛ تناؤ ؛ ورم ؛ رنگینی ؛ نمایش ۔

turgidly, adv. ورم کے ساتھ ؛ لفاظی کے ساتھ ۔

turgor, n. تناؤ ؛ پُھلاوٹ ؛ سُوجن یا بھراؤ کی کیفیت ۔ (نباتی فعلیات) خلیوں میں موجود پانی کے اندرونی دباؤ سے پودوں کا معمول کا پھلاؤ ۔ (فعلیات) جانوروں کے خلیوں کی معمول کے مطابق بھرائی یا تنش ۔

turkey, n. ٹرکی ؛ پیلو ؛ فیل مُرغ ؛ ترکی ؛ غر غر ؛ مرغ فرعون ؛ ایک قسم کا بڑا مُرغ جو دنیا کے ہر حصّے میں پالا جاتا ہے ، اس کے سر پر بال نہیں ہوتے لیکن پروں کا رنگ سُرخ ، زرد اور کتھئی ہوتا ہے ، اس کا گوشت غذا کے طور پر کھایا جاتا ہے ۔ (عوامی) اسٹیج پر دکھایا گیا نا کامیاب ڈرامہ یا کھیل ۔ (باؤلنگ ، عوامی) بیک وقت تین نشانے ۔

talk turkey, (بول چال) کسی معاملے پر دوٹوک بات چیت یا بحث کرنا ۔

turkey buzzard, n. ٹرکی گدھ ؛ گدھ کی ایک عام قسم جو تھوڑا بہت فیل مُرغ سے مشابہ ہوتا ہے ۔

turkey cock, n نَر پیلو ؛ نَر فیل مُرغ ۔ (مجازاً) خود پسند یا اکڑ باز شخص ۔

Turkey red, n. [ترکی میں ایجاد ہونے کی نسبت سے ترکی سرخ ؛ مجیٹھ سے بنایا ہوا ایک قسم کا چمکدار سُرخ (قرمزی) رنگ جو آجکل کیمیاوی طریقے سے تیار کیا جاتا ہے ؛ اس رنگ کا سُوتی کپڑا ۔

turkey shoot, n. پیلو نشانہ ؛ ریفلوں کی نشانہ بازی کا مقابلہ جس میں پیلو نشانہ بنائے جاتے ہیں اور عموماً پیلو ہی انعام کے طور پر دیے جاتے ہیں ۔

turkey trot, n. گول چکّر یا رقص جسے جوڑا جوڑا ساز کی لَے پر اس طرح ناچتا ہے کہ گھٹنوں میں خم لائے بغیر قدم آہستہ سے زمین پر پڑتے رہیں ، جسم لچک کر گھومتے رہیں اور کاندھے اُوپر نیچے اُٹھتے رہیں ۔

Turki, a., n. تُرکی ؛ وسط ایشیا یعنی ترکی اور ایران میں بولی جانے والی کئی ایک ترکیہ زبانوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ؛ ان زبانوں کے بولنے والوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔

Turkic, a. تُرکی کا ؛ آلتائی خاندان کی زبانوں بشمول ترکی کی ذیلی تقسیم کے بارے میں یا ان سے متعلق ؛ ان زبانوں کے بولنے والوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔ (اسم) ترکی زبانیں ۔

Turkish, a. تُرکی ؛ ترکوں یا ترکی کا یا ان سے متعلق ۔ (اسم) ترکی زبان خصوصاً وہ جسے عثمانی ترک بولتے ہیں ۔

turkish bath, n. ترکی حمام ؛ ترکی غُسل کا ایک طریقہ جس میں بھاپ سے گرم کیے ہوئے کمرے میں آدمی کو خوب پسینہ آ جانے کے بعد اُس کے جسم کی مالش کی جاتی ہے ، پھر صابن وغیرہ مل کر اُسے اچھی طرح غُسل دیا جاتا ہے ۔

Turkish delight, Turkish paste, n. تُرکی مٹھائی ؛ جیلی جیسی پھلوں کی خوشبو دار ، مزیدار میٹھی ٹکیہ جو مُنہ میں گھل جاتی ہے ۔

Turkish tobacco, n. ترکی تمباکو ؛ تمباکو کے خوشبودار پتّے جو یونان اور ترکی میں کاشت کیے جاتے ہیں اور جنھیں دوسری اقسام کے تمباکو میں ملا کر سگریٹ تیار کیے جاتے ہیں ۔

Turkish towel, turkish towel, n. ترکی تولیہ ؛ لمبے سُوتی تولیے کی ایک قسم جو روئیں دار اور کُھردرا ہوتا ہے ۔

Turkism, n. ترکوں کا طریق زندگی ، اُن کا رہن سہن ، تہذیب و تمدن ، رسم و رواج وغیرہ

Turkoman, Turcoman, n. [فارسی لفظ ترکمان سے بہ معنی ترک سے مشابہ] ترکمان ؛ وسط ایشیا کے اُن قبائل کا فرد جو ترکمانوں، ازبکوں اور قازقوں پر مشتمل ہیں اور سوویت رُوس کی اشتراکی جمہوریتوں میں آباد ہیں ؛ ان لوگوں کی بولی یا زبان ۔

Turk's-head, n. (جہازرانی) پگڑی نما ایک گرہ یا گانٹھ جو جہاز کے لمبے رسّے کو سمیٹ کر اُس کے اُوپر چھوٹی سی رسی باندھ کر لگا دی جاتی ہے ۔

turmaline, n. دیکھیے : Tourmaline ۔

turmeric, n. ہلدی ؛ ہلدی کا پودا ؛ شرق الہند کا ایک پودا جس کا تعلق ادرک کے خاندان سے ہے جو زرد رنگ اور الکلی کی موجودگی دیکھنے کے لیے کیمیائی تجربے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ زرد چوب ؛ ہلدی کا سفوف ؛ اسی طرح کے مختلف پودوں یا ان صفات والا کوئی پودا ؛ پترس ؛ زرچوبہ ۔

turmoil, n. کھلبلی ؛ شدید ہل چل ؛ ہنگامہ ؛ افراتفری یا شورش کی حالت یا کیفیت ؛ خرخشہ ؛ شوروفساد ؛ بے چینی ؛ بے کلی ؛ اضطراب ۔

turn, v.t. موڑنا ؛ محور پر یا مرکز کے گرد گھمانا ؛ گردش دینا (جیسے : to turn a wheel) ؛ پھرانا یا قدرے گھمانا جیسے کھولنے ، بند کرنے یا مضبوط کرنے کے لیے (جیسے : to turn a key, doorknob or screw) ؛ حالت یا مقام بدل دینا جیسے گھما کر (جیسے : to turn a box on its side) ؛ پلٹنا (جیسے : to turn a page) ؛ نچلی تہوں کو اوپر کی سطح پر لانا ، جیسے مٹی کی تہ کو ؛ سلے ہوئے کپڑے کا اس طرح اُلٹنا کہ سلنے کے بعد اس کا اندرونی حصّہ باہر آ جائے اور باہر کا حصہ اندر چلا جائے ؛ ذہن میں کسی خیال کا چکّر کھانا یا غور و فکر کرنا (اکثر over کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ مُڑ جانا یا موچ آنا (جیسے : to turn an ankle while going down stairs) ؛ گڑبڑ کا موجب بننا جیسے پیٹ کی خرابی ؛ لکڑی کے ٹکڑے کو خراد پر چڑھا کر گول بنانا ؛ گول یا خمدار شکل میں لانا ؛ گاڑی کے پہیّے کو گھما کر یا گردش دے کر چلانا ؛ خوش اسلوبی سے اظہار یا بیان کرنا (جیسے : to turn a sentence) ؛ موڑ دینا یا کُند کر دینا ، جیسے چاقو کی نوک کو ؛ کسی چیز کی فطرت ، رویّے یا ماہیت کو بدل دینا (عام طور پر in یا into کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to turn stocks into cash) ؛ ایک زبان یا اسلوب بیان سے دوسری زبان یا دوسرے اسلوب بیان میں بدلنا (عام طور پر into کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، جیسے : to turn verse into prose,) ؛ کسی استعمال یا مقصد میں لگانا (جیسے : to turn something to good use) ؛ کسی مخصوص چیز کی طرف جانے یا اس سے دُور رہنے کی ہدایت کرنا ، اس میں تبدیلی لانا ، اشارہ کرنا یا جانے دینا (جیسے : to turn one's eyes from an accident) ؛ رنگ بدل دینا جیسے پتّوں کا ؛ پھٹ جانا یا کھٹّا ہو جانا (جیسے : milk turned by worm weather) ؛ راستہ بدل دینا یا اُلٹ راہ چلنا ؛ منحرف کرنا یا موڑنا (جیسے : to turn an army's flank) ؛ چکّر لگانا ؛ زیادہ ہونا ، بڑھ جانا (جیسے : to turn twenty one,) ؛ روانہ کرنا ؛ بھیجنا ؛ ہٹانا یا دُور کرنا (جیسے : to turn a stranger from one's door) ؛ بیگانہ یا برگشتہ کر دینا (جیسے : to turn a child against his parents) ؛ ذہنی توازن بگاڑ دینا ؛ گھبرا دینا ، پریشان کر دینا یا اُلجھن میں ڈال دینا ؛ احمق بنانا یا فریفتہ کر لینا (جیسے : to turn someone's head) ۔ (قدیم) گمراہ کرنا ، غلط راستے پر ڈالنا ۔ (فعل لازم) محور پر یا مرکز کے گرد گردش میں ہونا ؛ چکرانا ؛ گھومنا ؛ جزوی طور پر گردا گرد حرکت ہونا ، جیسے

قلابے پر دروازے کا ؛ پہلو بدلنا (جیسے : to toss and turn) ؛ راستہ یا
رُخ بدلنا یا اُلٹا چلنا (جیسے : to turn to the right, turn to the north) ؛
پوزیشن بدلنا تاکہ رُخ کسی اور طرف یا مخالف سمت ہو جائے ؛ خیال
و توجہ کو صحیح رُخ پر لانا یا کسی طرف مائل ہونے یا کہیں سے دُور
رہنے کی خواہش کرنا ؛ آسرا یا سہارا لینا (عام طور پر on یا upon سے
پہلے استعمال ہوتا ہے ، جیسے : The question turns on a crucial point,) ؛
چکر آنے کا احساس ہونا ؛ سر چکرانا ؛ مخالفت یا دشمنی کی پالیسی
یا رویّہ اختیار کرنا (جیسے : to turn against one's friends) ؛ مدافعت
کرنے یا حملہ آور ہونے کے لیے رخ بدلنا (جیسے : the animal turned on
its owner) ؛ عادت ، رویّے یا وضع میں تبدیلی لانا یا انھیں بالکل بدل
دینا (to یا into کے ساتھ مستعمل) ؛ بدل کر کچھ اور ہو جانا (جیسے : to
turn pale) ؛ رنگ بدلنا جیسے پتّوں کا ؛ دُودھ یا شراب کا پھٹ جانا یا
کھٹّا ہو جانا ؛ خراد پر کسی چیز کو گولائی کی شکل میں ڈھالنا ؛ خمدار
شکل اختیار کرنا ؛ جُھکنا یا جُھکانا ۔ (اسم) پورا یا جزوی چکّر ؛ گردش ؛
موڑ ؛ بل ؛ بٹ ؛ پھیر ؛پیچ ؛ گھماؤ ؛ گردش کرنے والی اور چکّر کھانے والی
کوئی چیز جیسے خراد ؛ راستہ یا جہت بدلنے یا اس کے معکوس ہوجانے کا
عمل (جیسے : a turn to the right) ؛ جگہ یا مقام جہاں یہ تبدیلی واقع ہو
جیسے دریا یا سڑک کا موڑ ؛ اکٹھے مل کر کام کرنے والے بہت سے افراد
میں ہر فرد کی اپنی اپنی باری یا نوبت (جیسے : a turn at bat) ؛ گول
چکّر ؛ نوبت ؛ مدوّر یا خم دار وضع ؛ ڈول ، شکل ، ہیئت نمونہ یا انداز
(جیسے : a happy turn of expression) ؛ فطری مناسبت ، رجحان ،
میلان ، طبیعت یا مزاج (جیسے : of a philosophical turn of mind) ؛
طبیعت ، مزاج ، حالات یا کیفیت میں تبدیلی یا تغیّر (جیسے : a turn for
the better in the weather) ؛ رُخ ، بہاؤ یا رجحان (جیسے : a right ward
turn in his politics) ؛ دائیں جانب رُجحان ؛ کسی کو فائدہ یا نقصان
پہنچانے کا عمل : ضرورت ؛ اقتضا ، حاجت (جیسے : This will serve
your turn) ؛ مختصر سیر یا سواری جس میں آنا جانا شامل ہو (جیسے :
a turn in the park) ؛ بٹے ہوئے اور بل کھائے ہوئے رسّے کا ایک حلقہ ؛
ایک چیز کا دوسری چیز میں سے گزارنا یا بل دے کر مروڑنا ، جیسے
مستول کے گرد رسّے کا ۔ (موسیقی) زائد سُر ؛ اصل سُر کے ساتھ اس
سے اوپر والی یا نیچے کی سُرتیاں جو محض خوبصورتی کے لیے بجائی
جائیں ۔ (تھیٹر) چھوٹا ایکٹ یا انفرادی اداکاری ۔ (بول چال) دہشت یا
حیرت سے پہنچنے والا اعصابی دھچکا ۔ (بازارِحصص) ضمانتوں کی
خرید و فروخت کا کاروبار ۔ (عسکری) عسکری مشق کا ایک داؤں یا
چال جس میں دستہ اپنے سامنے کا رُخ بدلتا ہے ۔

at every turn, ہر جگہ ؛ ہر بار ؛ لگاتار ۔

by turns, ایک کے بعد دوسرا ؛ باری باری یا دَور میں ۔

in turn, باری سے ؛ سلسلہ وار ۔

on the turn, نقطۂ انقلاب پر ؛ تغیری نقطے پر ؛ ایسا کہ بس اب اس میں تبدیلی پیدا ہونے والی ہے ۔

out of turn, باری کے سلسلے سے خارج ؛ باری آئے بغیر باری مل جانا ۔

take turns, کسی کام کو باری باری یا یکے بعد دیگرے کرنا ۔

to a turn, تکمیل کی حد تک ؛ ٹھیک ؛ صحیح ؛ درست ۔

turn an honest dollar, دیانت داری سے روزی کمانا یا روپیہ پیسہ حاصل کرنا ۔

turn one's hand to, اپنی تمام صلاحیتوں سے کام لینا ؛ کوئی کام شروع کرنا ۔

turn tall, بھاگ جانا ؛ دوڑ جانا ۔

turn about, n. گھوم کر دوسری طرف منھ کرنے کا عمل یا تبدیلی لانے کا کام ، جیسے خیالات ، جہت یا اطاعت وغیرہ میں ۔

turn around, n. پورا چکر ؛ ایک پورا چکّر جیسے گاڑی ، بحری جہاز یا ہوائی جہاز کا اور وقت جو چکّر لگانے میں صرف ہوا ؛ اتنا بڑا علاقہ کہ ایک گاڑی اس میں پوری مڑسکے ؛ منھ پھیرنے کا عمل ، کسی شخص یا چیز کا ۔

turn back, v.t. اُسی راستے سے واپس بھیجنا ؛ سواری میں واپس لے جانا ؛ تہ کرنا ، جیسے کاغذ کو ۔ (فعل لازم) واپس کرنا یا واپس ہونا ؛ تہ کرنا/لپیٹنا ۔

turn buckle, n. (مشین) بکسوا ؛ جوڑ یا نلکی ، جس کے ایک سِرے پر چُول چھلا اور دُوسرے سرے پر پیچ سَنبہ لگا ہوتا ہے یا اس کے دونوں سِروں پر پیچ سُنبے ہوتے ہیں اور اس سے دھات کے دو ڈنڈوں کے سِروں والے دونوں حصّوں کو ملانے یا جوڑنے کا کام لیا جاتا ہے ۔

turncoat, n. اپنی جماعت (پارٹی) یا اصول بدلنے والا شخص ، عام طور پر مقابل یا مخالف حیثیتوں میں ؛ نمک حرام ؛ غدّار ؛ زمانہ ساز ؛ ابن الوقت ؛ گوں کا یار ۔

turn down, v.t. رد کر دینا ؛ تہ کر دینا یا دوہرا کر دینا ؛ موڑنا ؛ دہرانا ؛ طاقت گھٹا دینا ، جیسے ریڈیو کی آواز کم کرنا ۔ (بول چال) تجویز وغیرہ کو رد کر دینا ۔ (اسم) (بول چال) انکار ، نامنظوری (جیسے : a turndown to a request) ۔

turn down, a. رد کیا ہوا یا جو رد کیا جا سکے ؛ مُسترد ؛ تہ کیا ہوا یا دوہرا کیا ہوا (جیسے : a turndown collar) ۔

turner, n. خرّاط ؛ خرادیا ؛ موڑنے یا پلٹنے والا شخص یا آلہ ؛ خراد پر چیزیں بنانے والا شخص ۔

turner, n. جمناسٹیا ؛ جمناسٹک کا ماہر ؛ جمناسٹک سوسائٹی کا رکن ؛ جمناسٹک جماعت سے تعلق رکھنے والا ۔

turnery, n. خراد ؛ خراط خانہ ؛ خراد پر چیزیں بنانے کا کام یا فن ؛ خراد پر بنی ہوئی اشیا ؛ خراد کا کارخانہ ۔

turn in, v.t. اندر کی طرف تہ لگانا یا موڑنا ؛ جھکانا ؛ گھسانا ؛ خبر دینا یا حوالے کرنا ؛ پیش کرنا ، جیسے علمی مقالہ ۔ (فعل لازم) اندر کی طرف جھکنا یا نوک بننا ؛ جھکنا ؛ مڑنا ؛ گھسنا ؛ داخل ہونا ؛ مڑنا اور اندر آنا ۔ (بول چال) سونے کے لیے بستر پر جانا یا لیٹنا ۔

turning, n. چکر ؛ پھیر ؛ موڑ ؛ گھماؤ ؛ خراد کا کام ؛ موڑنے والے شخص یا موڑنے والی چیز کا عمل ؛ پوزیشن یا جگہ بدلنے یا اسے معکوس کرنے کا کام ؛ موڑ جہاں ایک سڑک دوسری سڑک سے ملے ؛ خراد پر چیزیں بنانے یا انھیں متشکل کرنے کا فن ۔

turning point, n. نقطۂ عود ؛ نقطہ انقلاب ؛ نقطہ جہاں فیصلہ کن تبدیلی واقع ہو ؛ نازک موقع ؛ بحرانی مرحلہ ؛ نقطۂ تغیر ۔

turnip, n شلجم ؛ شلغم ؛ شلجم کا پودا ؛ جنس سرسوں (Brassica) قسم کے کاشتہ پودوں میں سے کسی پودے کی جڑ جو موٹی گودے دار اور خوردنی ہوتی ہے ؛ ان پودوں میں سے کوئی ایک ۔

turn key, n. کلید بردار ؛ جیل خانوں کا کلید بردار ؛ جیلر ؛ جیل کا داروغہ ۔

turn off, v.t. نل وغیرہ میں ڈاٹ لگا کر پانی کا بہاؤ بند کر دینا ؛ برقی روشنی گل کرنا یا بجھانا ؛ رخ موڑ دینا ، جیسے توبین کا ۔ (برطانوی) برخاست کر دینا ، جیسے ملازم کو ۔ (عوامی) بور کرنا ، ستانا یا نفرت پیدا کرنا (جیسے : That view point turns me off) ۔ (فعل لازم) مڑ کر چلے جانا ، جیسے ایک سڑک سے مڑ کر دوسری سڑک پر ۔

turn off, n. شاہراہ سے مڑنے والی سڑک یا موڑ ۔

turn on, v.t. پانی رواں کرنا ، جیسے ٹونٹی موڑ کر کھول کر ؛ چالو کرنا ، جیسے بجلی کے آلے کا ؛ ناز دکھا کر اثر پیدا کرنا ۔ (عوامی) ملوث کرنا ، جوش دلانا یا دلچسپ بنانا ۔ (فعل لازم)منشیات یا مسکّن دواؤں کا استعمال شروع کر دینا یا حشیش پینا ؛ منشیات یا مسکّن ادویہ سے متاثرہ حالت میں ہونا ۔

turn out, v.t. خارج کرنا ؛ نکال دینا ؛ بے دخل کرنا ؛ برطرف کر دینا یا علیحدہ کرنا ؛ بجھا دینا ، جیسے برقی روشنی ؛ پیدا کرنا خصوصاً سخت محنت یا مشینی رفتار سے ؛ باہر کی طرف موڑنا یا نوک نکالنا ؛ احتیاط کے ساتھ آراستہ کرنا ، تیار کرنا ، کپڑے بدلنا یا نک سک سے درست کرنا ؛ اندر کی چیز باہر الٹ کر خالی کر دینا ۔ (فعل لازم) نتیجے میں موجودگی ثابت کرنا ؛ نتیجہ فراہم کرنا ۔ (بول چال) بستر سے نکل آنا ؛ عوامی منظر پر آنا یا جمع ہونا ، جیسے کسی کارگزاری یا تقریر کے لیے ۔

turn out, n. حاصل ؛ باہر نکال دینے کا کوئی واقعہ یا عمل ؛ کسی کھیل یا تماشے میں حاضرین کی تعداد ؛ پیداوار کی مقدار ؛ لباس پہننے کا طریقہ ؛ سازوسامان یا رسد کی وضع و ترتیب ؛ شاہراہ سے نکلنے والا چھوٹا سا کوچہ یا چھوٹی سڑک ؛ ریلوے لائن بدلنے کا کانٹا جس سے چلتی ہوئی ریل گاڑی بغلی پٹڑی یا متوازی پٹڑی پر آ جائے ۔ (برطانوی) مزدوروں کے تنازعے میں ہڑتال ؛ ہڑتالی مزدور ۔

turn over, v.t. الٹنا ؛ پلٹنا ؛ کسی چیز کو اس طرح پھرانا کہ اس کا دوسرا رخ یا چہرہ اوپر آ جائے ؛ سپرد کرنا ؛ غور کرنا ؛ منتقل کرنا (جیسے : to turn over the business to some one else) ؛ موٹر کار اسٹارٹ کرنا ۔ (تجارت) سرمایہ لگا کر اسے پھر کما لینا ؛ خریدنا اور پھر کاروباری طریقے سے بیچ دینا ، جیسے مال وغیرہ ؛ ایرا پھیری کرنا ۔ (فعل لازم) اوندھا ہونا ؛ الٹ پلٹ ہونا ؛ تہ و بالا ہونا ؛ لڑھکنا ؛ پانی میں الٹنا ؛ موٹر اسٹارٹ ہونا ۔

turn over, n. میقاتی بکری ؛ ایرا پھیری ؛ نکاسی ؛ الٹنے کا عمل یا نتیجہ ؛ الٹ پلٹ ؛ برگشت ؛ کسی چیک پوسٹ یا رکاوٹ سے لوگوں کا گزر ؛ کسی فرم میں ملازمین کی ادلی بدلی کی شرح یا بدل کردہ ملازمین کی مجموعی تعداد ؛ شرح فروخت ؛ مجموعی بکری ؛ مخصوص مدت کے دوران میں لگا ہوا سرمایہ یا اس کے بجائے موجودہ مال کا اوسط ؛ عمل کاری کی گنجایش جس کا شمار اس کی شرح کارکردگی سے لگایا گیا ہو ؛ عہدے یا عقیدے کی رجعت ؛ کسی تنظیم یا سلسلہ مدارج کی دوبارہ تشکیل ؛ بھری ہوئی تکونی پیسٹری ؛ سموسہ نما پیسٹری ۔ (صفت) الٹ یا پلٹ دینے کے قابل ، جیسے آستین کا کف ۔

turn pike, n. راہ بند پھاٹک ؛ تیز رفتار سفر کے لیے موزوں بڑی شاہراہ جس پر مقررہ مقامات پر محصول سفر وصول کیا جاتا ہے ، پہلے یہ راہ بند دروازے کی شکل میں ہوتا تھا اور محصول ادا کیے بغیر مسافروں کو گزرنے کی اجازت نہیں تھی ؛ چنگی پھاٹک ؛ محصول دروازہ ؛ گُزرانہ پھاٹک ۔

turn sole, n. سورج مکھی پھول ؛ کوئی پودا جس کا پھول دن بھر ادھر ہی رخ کرتا ہے جدھر سورج کا رخ ہو ۔

turn spit, n. سیخ کباب ؛ گھومنے والی سیخ جس پر گوشت بھونا جاتا ہے ؛ کبابِ سیخ گھمانے والا شخص ؛ وہ کُتّا جو پہلے اس پہیے کو گھماتا تھا جس سے بھوننے کی سیخیں پلٹتی رہتی تھیں ۔

turn stile, n. چکر دروازہ ؛ چار بازوؤں والا تھم جو دروازے میں لگا لیا جاتا ہے اور ہاتھ سے اس کا ایک بازو اکے کرنے سے اندر جانے کا راستہ ملتا ہے ، اس طرح اندر داخل ہونا آسان نہیں رہتا ، یہ طریقہ عوامی نقل و حمل کے ذرائع میں بھی مستعمل ہے تا کہ داخلے کے دروازے سے کوئی شخص ٹکٹ خریدے بغیر اندر نہ آ سکے یا اس کی حرکت ایک ہی رخ تک محدود رہے ، جیسے خروج کی جگہ ۔

turn stone, n. طیر باراں (plover) نژاد پرندوں میں سے کوئی پرندہ ، خصوصاً آبی بٹیر ، اس نام سے یہ اس لیے معروف ہے کہ کیڑوں مکوڑوں کی تلاش میں چھوٹے چھوٹے کنکر پتھر الٹتا پلٹتا رہتا ہے ۔

turn table, n. گردشی میز ؛ گردشی اڈا ؛ ریکارڈ بجانے والی مشین کا گول ، گردش کرنے والا حصہ ۔ (ریلوے) اسی پٹڑی یا کسی دوسری پٹڑی پر ریلوے انجن یا ریل کاروں کا رخ بدلنے کے لیے گول گھومنے والا پلیٹ فارم ؛ کوئی سا گھومنے والا کھڑونچا یا چاک جیسا کہ مٹی کے برتن بنانے یا چیزوں کی نمایش کرنے کے لیے ہوتا ہے ۔

turn to, v.i. کام میں لگ جانا یا اپنے آپ کو کام میں لگا دینا ؛ خوب محنت سے کام کرنا ؛ کام میں جت جانا ؛ مڑنا ؛ متوجہ یا مخاطب ہونا ۔

turn up, v.t. تہ کرنا ، خصوصاً چھوٹا کرنے کے لیے ، جیسے سلے ہوئے کپڑوں کو ؛ اونچا کرنا یا اوپر لے جانا ؛ زمین کی تہ سے مٹی کو اوپر لانا ؛ کھودنا ؛ منہ سامنے یا اوپر کر کے رکھنا ، جیسے تاش کے پتے کا ؛ معلوم کرنا ؛ مشین کا دستہ یا کوئی پرزہ گھما کر طاقت بڑھانا ۔ (فعل لازم) اوپر کی طرف ہونا یا آنا ؛ شکل دکھانا ؛ وقوع پذیر ہونا (جیسے : We'll see what turns up) ۔

turn up, n. تہ ہونے کا عمل یا وقوعہ ؛ جو کچھ ہوا یا ہو رہا ہے ۔ (برطانوی) پتلون کا پائنچہ (پلٹا ہوا) ؛ لڑائی جھگڑا ؛ گڑبڑ ؛ افراتفری ؛ ہلچل ؛ شورش ۔ (صفت) تہ دار ؛ تہ شدنی ۔

turnverein, n. پہلوانوں یا جمناسٹیوں (جمناسٹک کرنے والوں) کی انجمن ۔

turpentine, n. تارپین ؛ بطم ؛ روغنی بخاراتی رال جو بعض صنوبری درختوں خصوصاً تارپین کے درخت سے نکلتی ہے ۔ (فعل متعدی) تارپین لگانا ؛ تارپین کا تیل ملنا یا لگانا ؛ خام تارپین اکٹھا کرنا یا نکالنا ۔

oil of turpentine, روغن تارپین ؛ بے رنگ اور بخارات بن کر اڑ جانے والا تیل جو صنوبری درختوں کی رال کو صاف کر کے بنایا جاتا ہے اور روغنوں ، وارنش وغیرہ نیز ادویہ میں استعمال ہوتا ہے ؛ عروق

تارپین ؛ ارواح تارپین ۔ نیز : spirits of turpentine ۔
turpentinic, turpentinous, a. تارپین کا ؛ تارپینی ۔
turpitude, a. خباثت ؛ فطری کمینگی یا خباثت جو اصولوں ، لفظوں یا اعمال سے ظاہر ہو ؛ بد نفسی ؛ شرمناک برائی ؛ اخلاقی گراوٹ ؛ بدطینتی ۔
turquoise, turquois, n. [ترکی سے] فیروزہ ؛ آسمانی نیلاہٹ کا یا سبزی مائل نیلگوں معدن جو لازماً المونیم کا ہائیڈرس فاسفیٹ ہوتا ہے ، جس میں قدرے تانبا و لوہا ملا ہوتا ہے اور جو قیمتی پتھر کی طرح معروف ہے؛ سبز مائل ہلکا نیلا رنگ ۔ نیز : turquoise blue ۔
turret, n. منارچہ ؛ چھوٹا برج ؛ مینار ، جو عموماً ایک بڑی عمارت کا حصہ ہو ؛ عمارت کے ایک زاویے پر بنا ہوا چھوٹا سا برج جو اکثر زمین کے اوپر کچھ فاصلے سے شروع ہوتا ہے ؛ کنگورہ ؛ کلس ؛ برجی ؛ گمٹی ۔ (مشین) خراد یا ایسی ہی مشین سے جڑا ہوا حصہ جس پر بہت سے اوزار لگے ہوتے ہیں ، جسے گھما کر اپنے مطلب کا اوزار اس میں سے استعمال کیا جا سکتا ہے ، اسے turret head بھی کہتے ہیں ۔ (بحریہ ، عسکری) برج گرداں ؛ برج نما بھاری اسلحہ بردار ڈھانچا جو عام طور پر عموماً گرداں رہتا ہے اور اس میں داغنے کے لیے توپیں ہر وقت تیار ہوتی ہیں ؛ دمدمہ ؛ پہیوں والا بلند ڈھانچہ جو پہلے قلعہ بندی یا دیواروں کو توڑنے یا ان پر چڑھنے کے کام آتا تھا ۔
turretted, a. برجی دار ؛ دمدمہ دار ؛ جو برج یا بروج سے آراستہ ہو ؛ جو گنبد نما حصے یا حصوں والا ہو ۔ (حیوانیات) چکر دار صدف یا صدفے والے ، جیسے بعض قسم کے خول ہوتے ہیں ؛ مینار دار ؛ برج دار ۔
turtle, n. (قدیم) جنگلی فاختہ ۔
turtle, n. سبز کچھوا ؛ سنگ پشت آبی ؛ کچھوا؛خار پشتان (Chelonia) سلسلے کے کچھوؤں کی قسم کا کوئی کچھوا جس کا جسم کھپرے داراور پوست والے شکمی حصے پر مشتمل، خول کے اندر ہوتا ہے جس میں سے اس کا سر ، دم اور چار ٹانگیں باہر نکلی ہوتی ہیں ، بری سنگ پشت سے ممیز ؛ بعض خوردنی کچھوؤں کا گوشت جو غذا کے طور پر استعمال یا محفوظ کیا جائے ۔ (فعل لازم) کچھوے پکڑنا ؛ کچھوے شکار کرنا یا ان کا کاروبار کرنا ۔
turn turtle, الٹ جانا ۔
turtle back, n. (جہاز رانی) حفاظتی محراب جو جہاز کے عرشے پر (اگواڑ اور عموماً پچھواڑ کھڑی) کر دی جاتی ہے تا کہ جہاز طوفانی سمندر کی لہروں کے نقصان سے بچا رہے ۔ نیز : turtle deck ۔ (آثاریات) ناتراشیدہ پتھر کا بنا ہوا اوزار جس کے ایک یا دونوں سرے ذرا کروی شکل کے ہوتے ہیں ۔
turtle dove, n. قمری ؛ ٹوٹرو، جوپالتو کبوتر سے چھوٹا ہوتا ہے ، شاعری میں اس کی کو کو کی آواز اور عشق و محبت میں وفاداری مشہور ہے ؛ پنڈگ ۔ دیکھیے : mourning dove ۔
turtle head, snake head, n. شمالی امریکا میں پائی جانے والی ایک قسم کی جڑی بوٹی جس میں لمبے سفید ، سرخ اور گلابی پھول لگتے ہیں ۔
turtle neck, n. کھڑا گلا ؛ اونچا ، دوہرا کیا ہوا چست قسم کا کالر جو عام طور پر سویٹروں کا ہوتا ہے ؛ قمیص یا سویٹر جس میں اس طرح کا کالر لگا ہوا ہو ۔
Tuscan, a. ٹسکنی کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ ٹسکنی بولیوں یا یہاں کے لوگوں سے متعلق ۔ (فن تعمیر) کلاسیکی رومی طرز تعمیر کا مظہر یا اس سے متعلق جو سادہ غیر خیاری ستون اور آرایشی تفصیلات سے مبرا ہونے کی وجہ سے ممیز تھا ۔ (اسم) ٹسکنی کا باشندہ یا ساکن ؛ ٹسکنی میں بولی جانے والی اطالوی زبان ، جسے اطالوی زبان کی معیاری شکل سمجھا جاتا ہے ۔
tusche, n. (طباعت) چکنائی جیسی کوئی چیز جو پتھر کی چھپائی میں استعمال ہوتی ہے ۔
tush, n. لمبا نوک دار دانت ؛ ہاتھی دانت ۔
tushed, a. لمبے دانت کا یا نوکدار دانت کا ؛ ہاتھی دانت کا ۔
tush, interj. (فجائیہ) بشت ! چھی ! خفگی ، بے صبری یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔
tusk, n. ناب ؛ دندان دراز ؛ لمبا ، نوکیلا اور عموماً آگے نکلا ہوا دانت جو بعض جانوروں ، جیسے ہاتھی کے دونوں جبڑوں سے الگ نکلا ہوا ہوتا ہے ؛ بہت سے جانوروں کے ناب یا کچلی جیسے دانت جیسے ریچھ ، دریائی گھوڑے یا دریائی بیل وغیرہ کے ؛ دانت جیسا کوئی تیز نوکیلا ابھار ؛ سراون ۔ (نجاری) چول ، لکڑی کے ایک سرے پر نکلی ہوئی چول جو خانے میں ٹھیک بیٹھ کر جوڑ کو مضبوط کرتی ہے ۔ (فعل متعدی) دانتوں یا ناب سے کھودنا ، بھاڑنا یا زخمی کرنا ؛ دانت یا لمبے دندانے لگانا ۔
tusked, a. ناب دار ؛ دنتیلا ؛ نوکیلے دانت کا ؛ کچلی دار ۔
tusker, n. ناب دار ؛ ہاتھی ؛ فیلِ دراز دنداں ؛ لمبے نوکدار دانتوں والا ۔
tusklike, a. نکیلے دانت جیسا ؛ دنداں نما ۔
tusk tenon, n. (نجاری) ایک یا زیادہ ڈنڈوں ، پیڑیوں یا ڈاٹوں سے چول کا مضبوط کیا ہوا نچلا حصہ ۔
tussah, tussore, n. [اردو] ٹسر ؛ ریشم کے کیڑوں سے حاصل کیا ہوا موٹا ریشم ؛ اس ریشم کا بنا ہوا کپڑا ؛ ریشم کا کیڑا یا اس کا پتنگا ۔
tussive, tussal, n. (امراضیات) سُرفی ؛ سعالی ؛ کھانسی کا یا اس سے متعلق ۔
tussis, n. کھانسی ؛ سرفہ ، سعال ۔
tussle, v.i. جھگڑنا ؛ ہاتھا پائی کرنا ؛ گتھم گتھا ہونا ؛ کشتی کرنا ۔ (اسم) لڑائی ؛ جھگڑا ؛ کشمکش ؛ کشتی یا مقابلہ ۔
tussock, n. گھاس کا گچھا ، لچھا یا پُولا ؛ گٹھا ؛ گُتھی ہوئی گھاس کا پولا ؛ لٹ ، جیسے بالوں کی ۔
tussocked, tussocky, a. گچھے دار ؛ لچھے دار ؛ لٹوں والا ۔
tussock moth, n. کاکلی پروانہ ؛ لپاری خاندان (Liparidae) کا درمیانے قد اور پھیکے رنگ کا پروانہ جس کی سنڈیوں پر بالوں کے گچھے سے ہوتے ہیں ۔
tut, tut-tut, interj. (فجائیہ) بٹ ! ٹٹ ٹٹ ! چھی ؛ جھلاہٹ ، حقارت یا سرزنش کے موقع پر بولا جاتا ہے ؛ لفظِ امتناع و تحقیر ۔
tutelage, n. سرپرستی ؛ بخشا ہوا تحفظ ؛ کسی ولی یا اتالیق کی نگرانی میں ہونے کی حالت ؛ رہنمائی ؛ آگاہی ؛ اتالیقی ؛ نگرانی ؛ ولایت ؛ نگہبانی ؛ حفاظت ۔
tutelary, tutelar, a. مربّی ؛ کسی شخص ، جگہ یا چیز کی نگرانی پر

مامور ؛ سرپرستی یا سرپرست کے متعلق ؛سرپرستانہ ۔ (اسم) محافظ ؛ نگہبان ؛ حامی ؛ جسے مربیانہ اختیارات حاصل ہوں ، جیسے کوئی شخص ، دیوتا یا پیر فقیر۔

tutor, n. اتالیق ؛ ٹیوٹر ؛ کسی علمی شعبے یا شعبوں میں نجی طور پر تعلیم دینے والا معلم ؛ خانگی طور پر پڑھانے والا ؛ نگران ؛ سرپرست ؛ ولی ؛ استاد ؛ یونیورسٹی یا کالج کی سطح پر اساتذہ کا ایک طبقہ خاص کر انگلستان کی آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹیوں کے ٹیوٹر جو اپنے زیر تعلیم طلبہ کے نگران ہوتے ہیں ؛ بعض امریکی یونیورسٹیوں اور کالجوں میں پروفیسر سے کم رتبے والا استاد ۔ (قانون) پیدایش سے لے کر بلوغ تک لڑکے یا لڑکی کا ولی ۔ (فعل متعدی) ٹیوٹر بننا ؛ اتالیقی کرنا ؛ گھر پر پڑھانا یا تعلیم دینا ؛ تربیت دینا ، تعلیم دینا یا نظم و ضبط کا پابند بنانا ۔ (فعل لازم) ٹیوٹر یا نجی استاد ہونا ؛ اتالیق کے زیر تعلیم ہونا۔

tutorship, n. ٹیوٹری ؛ اتالیقی ؛ معلمی ، نگرانی یا ٹیوٹر کا کام یا منصب ؛ اتالیق کا عہدہ ۔

tutorage, n. اتالیق کا عہدہ ، کام یا اختیارات ؛ معلمی کی فیس یا پڑھانے کا معاوضہ ؛ اتالیقی ؛ استادی ؛ معلمی ؛ سرپرستی ؛ ولایت ۔

tutorial, a. معلمی ؛ اتالیق یا نگران کا ۔ (اسم) ٹیوٹر کا حلقۂ درس یا جماعت جسے پڑھایا جائے ۔

tutoyer, v.t. [فرانسیسی] صیغہ واحد حاضر میں فرانسیسی انداز میں خطاب کرنا ، جیسے tu ‘ te اور toi جو رسمی جمع حاضر Vous کی بجائے عام رائج ہے ؛ اپنائیت سے خطاب کرنا۔

tutti, a. (موسیقی) سب مل کر ، اکٹھے ، سب ساتھ میں ، کئی آدمیوں کے مل کر گانے اور کئی سازوں پر بجانے کی ہدایت سے متعلق خصوصاً ایسے حصے کے بعد جس میں سب شامل نہیں تھے ۔ (اسم) سب گانے بجانے والوں کے لیے نغمے کا کوئی حصہ یا غنائی ترتیب ؛ اس قسم کی کارکردگی کا آہنگی تاثر۔

tutti frutti, n. پھلوں کے آمیزے کا رب ، جام ، مربہ یا اچار ؛ آئس کریم یا کوئی شرینی جس میں پھلوں کا رس یا شیریں میوے اور پھل ملے ہوئے ہوں ۔

tutty, n. [عربی] طوطیا ؛ توتیا ؛ غیر خالص زنک کا پروٹو آکسائڈ جو دھاتیں پگھلانے والی بھٹی کے آتش دان سے اکٹھا کیا جاتا ہے اور صیقلی سفوف یا پالش پاؤڈر کے طور پر کام آتا ہے ؛ دھات کا مَیل۔

tutu, n. باریک ریشمی جالی یا کسی باریک کپڑے کا عام طور پر سلوٹوں والا گھیر دار لیکن بہت چھوٹا اسکرٹ جو سنگت رقاصائیں پہنتی ہیں ۔

tu whit, tu whoo, n., interj. (فجائیہ) الو کی آواز کی نقل ۔

tuxedo, dinner jacket, tux, n. شام کو پہننے کا جیکٹ یا کوٹ ؛ نیم رسمی طور پر پہننے والا پورا سوٹ جو پتلون ، جیکٹ ، قمیص ، کالی بو والی ٹائی اور پیٹی یا کمر بند پر مشتمل ہوتا ہے۔

tuyere, tuyer, n. دھونکنی ؛ دم نلی ؛ ہوا دھونک نلی ؛ بھٹی کا ہوا دان یا ہوا نل جس سے تیز ہوا بھٹی میں جاتی ہے ۔

TV dinner, n. ٹی وی ڈنر ؛ ڈبہ بند بازاری ٹھنڈا کھانا جو عام طور پر ایلمونیم کے طشت میں بند ہوتا ہے اور اسے حسب خواہش گرم کر کے کھانے کے لیے تیار کر لیا جاتا ہے ۔

twaddle, n. فضول ، بکواس یا مہمل تقریر یا تحریر ؛ بے ہودہ گوئی ؛ ہرزہ سرائی ؛ ژاژ ۔ (فعل متعدی و لازم) ہلکے ، بے ہودہ اور بے تکے انداز سے بات کرنا ؛ اول فول بکنا ؛ بے ہودہ بکنا ؛ ہرزہ سرائی کرنا ۔

twaddler, n. بکواسی ؛ فضول گو ؛ بکّی ؛ جھکّی ؛ بے ہودہ گو ۔

twain, a. (قدیم) جفت ؛ دو ؛ جوڑا ؛ دو شخص یا دو چیزیں ۔ (اسم) دریائی کشتی کی گہرائی ناپ پیمانے پر دو فیدم کا یا بارہ فٹا نشان ۔ (شاعری) جوڑی ۔

twang, v.i. تیز ، اونچی اور گونج دار آواز میں بجنا ؛ تیز اور گونج دار آواز سے چھیڑا جانا ؛ غنغنانا ؛ جھنکنا ؛ ٹھنکنا ۔ (فعل متعدی) تیز ، مرتعش صدا پیدا کرنا ؛ تیز گنگنی آواز پیدا کرنا ؛ تار کو کھینچ کر اور یکلخت چھوڑ کر مرتعش آواز پیدا کرنا ، جیسے کمان کی تانت سے ؛ جھنکارنا ۔ (اسم) بنجو کے چھڑے ہوئے تار کی تیز گونجتی ہوئی آواز ؛ چھیڑنے کا عمل ؛ غنغنی تیز آواز ؛ غنغنہ لہجہ ؛ جھنکار ؛ کسی علاقے یا لوگوں کے بولنے کا انداز خاص کر جب وہ غنغنا کر بولیں ۔

twangy, a. ٹن ٹنی ؛ غنغنی ۔

tway blade, a. توام برگہ ؛ لپارس (Liparis) خصوصاً سوسن پتیا (L.lilifolia) جنس کا کوئی پودا جو دو مقابل پتوں والا ہو ؛ دو پتیا پودا ۔

tweak, v.t. مڑوڑنا ؛ مکنا ؛ چٹکی بھرنا ؛ اینٹھنا ؛ مروڑ اور جھٹکے سے چٹکی لینا ۔ (اسم) چبتھی ہوئی تیز چٹکی ۔

tweed, n. ٹویڈ ؛ ایک قسم کا دو سوتی اونی کھردری قسم کا کپڑا جو کوٹ ، جیکٹیں اور سوٹ بنانے کے کام آتا ہے ۔ (جمع) ٹویڈ کے بنے ہوئے کپڑے ۔

tweedy, a. ٹویڈی ۔

tweediness, a. ٹویڈ پن ؛ کپڑا جس میں ٹویڈ کی سی خصوصیت پائی جائے ۔

Tweedle dum and Tweedle dee, n. ایک دوسرے سے تقریباً مشابہ ؛ دو شخص ، دو گروہ یا دو چیزیں جو ایک ہی جیسی ہوں ۔

tween tween, prep. (شاعری) between کا مرخّم ۔

tweet, n. ہلکی چہچہاہٹ ؛ چھوٹے پرندوں کی چوں چوں کی آواز ۔ (فعل لازم) ہلکی آواز میں چہچہانا یا چوں چوں کرنا ۔

tweeter, n. چھوٹا لاؤڈ اسپیکر جو اعلیٰ صوتی سمعی آلات میں اعلیٰ تعددی آوازیں پیدا کرے ۔

tweezers, tweezer, pair of tweezers, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) موچنا ، جوبال اکھاڑنے اور چیزوں کو اٹھانے یا پکڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ چٹکی ؛ چمٹی ؛ آلات جراح ۔

tweeze, v.t. موچنے سے بال اکھاڑنا یا چیزوں کو اٹھانا یا پکڑنا ۔

twelfth, a. بارھواں ؛ دوازدہم ؛ بارہ کے برابر حصوں میں تقسیم شدہ چیز کا ایک حصہ ۔ (اسم) برابر کے بارہ حصوں میں سے ایک حصہ ۔ (موسیقی) بارہ ہشت سُری سبتک کے درجوں کا وقفہ ؛ سُر جو ایک مخصوص سُر سے بارہ درجے اوپر یا نیچے ہو۔

Twelfth-day, n. دیکھیے Epiphany ۔

Twelfth-night, n. یوم عید ظہور مسیح سے پہلی شام یا ظہور مسیح کی شام عید جو پہلے زمانے میں بڑے دنوں (ایام کرسمس) کی آخری عید ہوتی تھی ۔

twiggy, a. شاخ دار ؛ شاخ کی مانند ؛ شاخوں یا ٹہنیوں سے ڈھکا ہوا ؛ ٹہنیوں سے بھرا ہوا۔

twig, v.t. (برطانوی ، بول چال) تاڑ جانا ؛ بغور جائزہ لینا ؛ دیکھنا۔ (فعل لازم) بھانپ لینا یا سمجھ جانا۔

twilight, n. شفق ؛ فلق ؛ صبح کا دھندلکا ؛ صبح کے وقت آسمان پر پھیلی ہوئی ملگجی سی روشنی جب سورج افق کے نیچے ہوتا ہے ؛ خصوصاً شام کے وقت کا جھٹ پٹا ؛ ایسی روشنی پھیلنے کا وقت ؛ کوئی سی مدھم روشنی یا جزوی چمک ؛ پورے ٹھاٹ باٹ یا پوری بالیدگی کے بعد کی حالت یا دور۔ (صفت) شفق کا ، اس سے متعلق یا اس سے مشابہ ؛ جھٹ پٹے میں برآمد ہونے والا ، جیسے چمگادڑ یا پروانہ۔

twilight sleep, n. (طب) شفق نیند ؛ نیم بیہوشی ؛اسکوپولائن اور مارفین کے زیر جلدی ٹیکے سے نیم بے ہوشی کی حالت تا کہ بچہ جننے کی اذیت محسوس نہ ہو۔

twill, n. ٹوئل ؛ کھیس ؛ دوسوتی بناوٹ کا کپڑا جس کا بانا تانے پر سے یوں گزرتا ہے کہ متوازی وتری لکیروں کا تاثر پیدا ہوتا ہے ، جیسے سرج میں ؛ اس کپڑے کی مخصوص بنائی یا دھاری دار بنت۔ (فعل متعدی) ٹوئل کے طریقے سے بننا ؛ کھیس بننا۔

twilled, a. ٹوئل کا بنا ہوا ؛ کھیس کا بنا ہوا۔

twin, n. جڑواں ؛ توام ؛ ہمزاد ؛ مثنیٰ ؛ اکٹھے پیدا ہوئے دو بچوں میں سے ایک ؛ ہم رشتہ ، ہم تعلق یا مشابہ افراد یا اشیا میں سے کوئی ایک۔ (قلمیات) مرکب قلم جو دو یا دو سے زیادہ قلموں یا حصوں سے ترکیب پایا ہو ، خاص کر ایسے قلم جن کے ایک یا زیادہ حصے دوسرے کی نسبت معکوس ہوں۔ (صفت) جڑواں یا توام پیدا ہونے والا یا والے (جیسے : twin sisters) ؛ دو اشخاص یا چیزوں کے بارے میں جو ایک دوسرے سے قریبی تعلق رکھتے ہوں یا ایک دوسرے کی نقل یا مثنیٰ ہوں یا جوڑا ہوں ؛ ایسے دونوں یا دو میں سے ایک شخص یا شے یا جوڑا بنانے والے (جیسے : twin peak) ؛ ایک ہی جیسے دو ٹکڑے یا عناصر جنھیں آپس میں جوڑ دیا گیا ہو یا مربوط کر دیا گیا ہو (جیسے : a twin vase)۔ (حیاتیات) جڑواں یا توام صورت میں ہونے والا۔ (قلمیات) جڑواں صورت کا۔ (فعل متعدی) توامی حاملہ ہونا یا جڑواں بچے پیدا کرنا ؛ جوڑ بنا دینا یا جڑواں کر دینا ؛ اکٹھے کرنا یا ملانا ؛ قائم مقام بنانا۔ (قلمیات) جڑواں ترکیب پانا۔ (فعل لازم) جڑواں پیدا ہونا۔

twin berry, partridge berry, n. تیتر گوندنی ؛ بیچاں جڑی بوٹی (بیل) کی ایک قسم جس میں ارغوانی پھول لگتے ہیں۔

twin bill, n. دیکھیے : Double header۔

twin born, a. جڑواں پیدا ہونے والا ؛ ہمزاد ؛ جڑواں ؛ توام۔

twine, n. رسّی ؛ سوت ؛ سُتلی ؛ ڈوری ؛ ریسماں ؛ دو یا دو سے زیادہ دھاگوں کی بل دی ہوئی مضبوط ڈوری ؛ بل دینے کا عمل ؛ بل دیے جانے کی حالت ؛ بل دی گئی کوئی چیز یا کوئی حصہ ؛ مروڑ یا پیچ ؛ بل یا تہ ؛ لپیٹ ؛ گرہ یا گتھی۔ (فعل متعدی) دھاگا یا رسی وغیرہ بنانے کے لیے بل دینا ؛ گوندھنا (جیسے : ,to twine a wreath)؛ لپیٹنا یا ایک دوسرے سے پیوست کرنا ؛ بَل دینا جیسے ایک رسی کو دوسری سے ؛ بل دے کر یا گتھا کر لگانا (جیسے : She twined ribbons

twelve, n. بارہ ؛ دوازدہ ؛ اس عدد کی علامت یا نشان ؛ بارہ آدمیوں کی جماعت یا بارہ چیزوں کا گروہ ؛ ایک درجن۔

the Twelve, یسوع مسیح کے بارہ حواری۔

twelvemo, n., a. دیکھیے : Duodecimo۔

twelve month, n. بارہ مہینے ؛ پورا ایک سال۔

twelve tone, a. (موسیقی) نغمہ نگاری کے جدید فن کے بارے میں یا اس کے حوالے سے جس میں بارہ کی بارہ نغماتی سرگم کی سرتیاں ، جو اسی خاص مقصد کے لیے ترتیب دی گئی ہوں ، استعمال کر لی جاتی ہیں اور زور دیے بغیر سب میں یکساں بول الاپے جاتے ہیں۔

twentieth, a. بیسواں۔ (اسم) بیسواں حصہ ؛ برابر کے بیس حصوں میں سے ایک حصہ۔

twenty, n. بیس ؛ انیس اور اکیس کا درمیانی عدد ؛ علامت یا نشان جو اس عدد کو ظاہر کرے ؛ بیس افراد کی جماعت یا بیس چیزوں کا گروہ ؛ کوڑی۔

twenty-one, n. بیس اور بائیس کا درمیانی عدد ؛ اکیس ؛ نشان یا علامت جو اس عدد کو ظاہر کرے ؛ اکیس افراد کی جماعت یا اکیس چیزوں کا اکٹھ/مجموعہ۔ (تاش) جوئے کا کھیل ، جسے جتنے آدمی چاہیں مل کر کھیل سکتے ہیں ، اس میں ہر کھلاڑی کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ تاش بانٹنے والے سے اکیس یا اس کے قریب قریب پتے حاصل کرلے لیکن ان کا مجموعہ کسی طرح اکیس سے زیادہ نہ ہو کیونکہ ۲۱ پتوں والا بازی لے جاتا ہے۔ نیز : ,blackjack vingt-et-un۔

twerp, n. (عوامی) قابل نفرت شخص خصوصاً حقیر یا مکروہ لڑکا یا آدمی ؛ احمق یا غیر اہم شخص۔

twice, adv. دگنا ؛ مکرر ؛ دو بار جیسے سلسلہ وار (جیسے : to write twice a week) ؛ دو موقعوں پر ؛ دو معاملوں میں ؛ دو دفعہ ؛ دو مرتبہ ؛ دگنی مقدار یا دگنے درجے میں یا دگنا (جیسے : twice as much or as fast)۔

twice-laid, a. باز مستعمل ؛ پرانے رسے کے دھاگوں یا ٹکڑوں سے بنایا ہوا ؛ ٹوٹے پھوٹے ٹکڑوں یا ردی مال سے جوڑ کر دوبارہ بنا ہوا۔

twice-told, a. مکرر کہا ہوا ؛ دوبارہ کہا ہوا ؛ مکرر گفتہ ؛ دوبارہ یا پہلے ایک مرتبہ بیان کیا ہوا یا سنایا ہوا ؛ بارھا بیان شدہ ؛ فرسودہ۔

twiddle, v.t. پھیرنا یا گولائی میں گھمانا خصوصاً انگلیوں سے ؛ شغل کے طور پر کھیلنا۔ (فعل لازم) کسی چیز سے شغل کرنا ، جیسے اسے چھو کر یا ہاتھ میں لے کر ؛ گولائی میں گھومنا ؛ پھرنا یا چکر کھانا۔ (اسم) گھمانے کا عمل ؛ گھماؤ۔

twiddle one's thumbs, انگوٹھا یا انگلیاں گھمانا یا پھرانا ؛ کچھ نہ کرنا ؛ بیکار رہنا۔

twiddler, n. انگوٹھے گھمانے والا ؛ بیکار یا سست آدمی۔

twig, n. ڈالی ؛ ٹہنی ؛ درخت یا کسی پودے کی نرم و نازک شاخ ؛ ٹہنی یا تنے سے پھوٹی ہوئی ڈالی ؛ لکڑی کی چھوٹی سی خشک ٹہنی جو شاخ سے ٹوٹ کر زمین پر آ پڑی ہو۔ (تشریح الاعضا)غصنہ ؛ فصلہ ؛ خون کی شریانوں یا نسوں کی چھوٹی چھوٹی شاخیں۔

in her hair) ؛ ارد گرد لپٹنا یا گوندھنا (جیسے : to twine a statue with garland, to twine ivy about the head) ۔ (فعل لازم) آپس میں خلط ملط یا گتھم گتھا ہونا ؛ خود کو کسی چیز کے گرد لپیٹ لینا ؛ پودوں یا تنوں کو سہارا دینے کے لیے بلوں یا پیچوں کی شکل میں نمو پانا ؛ خم خوردہ یا پیچ دار راہوں میں چکر کھانا ۔

twiner, n. بٹنے والا ؛ بل دار پودا ، عشق پیچاں کی بیل ۔

twine flower, n. دوگلہ بیل ؛ زمین پر پھیلنے والی سدا بہار بوٹی جو یورپ اور شمالی امریکا میں ہوتی ہے اور اس میں دھاگے جیسی نازک ٹہنی پر جوڑا جوڑا خوشنما گلابی ، سفید یا ارغوانی پھول آتے ہیں ۔

twinge, n. ٹیس ؛ چبھن ؛ اچانک اٹھنے والا شدید قسم کا درد (جیسے : a twinge of rheumatism) ؛ مروڑ ؛ اینٹھن ؛ ذہنی خلش یا چبھن (جیسے : a twinge of remorse) ۔ (فعل متعدی) اچانک تیز درد یا خلش سے ذہنی یا جسمانی طور پر متاثر کرنا ۔ (فعل لازم) ٹیس یا ٹیسوں کا ہونا یا محسوس ہونا ؛ اینٹھنا ۔

twi-night, a. (بیس بال) تماشائیوں کے لیے ایک ہی ٹکٹ پر دو گیموں کی نسبت سے جو شام سے ذرا پہلے شروع ہوں اور اندھیرا ہونے پر مصنوعی روشنی میں جاری رہیں ۔ (اسم) تماشائیوں کے لیے ایک ٹکٹ پر مسلسل دو کھیل ؛ دو کھیل ایک ٹکٹ ۔

twinkle, v.i. ٹمٹمانا ؛ جھلملانا ؛ آنکھیں جھپکانا ؛ جلدی جلدی آنکھیں کھولنا اور بند کرنا ؛ چمکنا ، جگمگانا (آنکھوں کا) ؛ تھرتھراتی ہوئی ، رک رک کر آنے والی روشنی سے چمکنا ؛ جگمگ کرنا ؛ جھلملانا ۔ (فعل متعدی) رک رک کر آنے والی روشنی کی طرح چمکنا ۔ (اسم) چشمک یا آنکھوں کی تیز جنبش ؛ آنکھ یا ستارے کی روشنی یا چمک دمک ؛ جھپک ؛ جھلملاہٹ ۔

twinkler, n. ٹمٹماتا ہوا ؛ چمک دمک کرنے والا ؛ جھلملانے والا ؛ چشمک کرنے والا ؛ آنکھیں جھپکانے والا وغیرہ

twinkling, n. جھلملاہٹ ؛ جگمگاہٹ ؛ ٹمٹماہٹ ؛ چمکنے والے یا آنکھیں جھپکنے والے کا فعل ؛ آنکھوں کی تیز جنبش ؛ چشمک زنی پلک جھپکنے میں صرف ہونے والا وقت ؛ لحظہ ؛ چشم زدن میں ، فوراً ۔

Twins, n. (جمع ، فلکیات) جوڑا ؛ برج جوزا ۔

twin-screw, a. جڑواں پیچ ؛ جہاز کے پیندے کے دونوں طرف بڑے چکل (keel) کے ساتھ لگے ہوئے جڑواں پیچ جو پانی کو مخالف سمت میں دھکیلتے ہیں ۔

twirl, v.t. جلدی جلدی گھمانا ؛ پھرانا ؛ چکر دینا ؛ گھمانا شغل کے طور پر ۔ (بیس بال ، عوامی) گیند زور سے دے مارنا (فعل لازم) تیزی سے پھرنا ، گھومنا ، گردش کھانا ۔ (باسکٹ بال ، عوامی) گیند کا زور سے نیچے گرنا ۔ (اسم) چکری یا دوری عمل یا جنبش ؛ حلقہ ؛ گچھا ، لچھا ۔

twirler, n. گھومنے ، گھمانے یا بل کھانے والا ۔

twirly, a. بل کھایا ہوا ، خمیدہ ؛ پیچ خوردہ ۔

twirp, n. دیکھیے : twerp ۔

twist, v.t. مروڑنا ؛ بل دینا ؛ دو یا دو سے زیادہ دھاگوں یا رسیوں کو بٹ کر ایک بنانا ؛ گوتھنا ؛ دھاگوں کو باہم ملا کر انھیں گوندھنا ؛ کسی چیز کو بٹنا ؛ بل دار بنانا یا مرغولے کی شکل دینا ؛ کسی گندھی ہوئی چیز سے لپیٹنا ؛ کسی چیز کے کنارے مختلف جہتوں میں موڑ کر اس کی شکل بدل دینا تا کہ اس کے ٹکڑے جو پہلے سیدھے تھے ، چکر دار نظر آنے لگیں ؛ مروڑ کر شکل بگاڑ دینا ؛ جگہ سے بے جگہ کر دینا یا موچ آنا (جیسے : to twist ones ankle) ؛ ترچھا دباؤ ڈالنا ؛ بل دینا ؛ اینٹھا دینا (جیسے : to twist a facial expression) ؛ بگاڑ لینا ؛ مجبور کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ جبر کرنا یا زور ڈالنا ؛ الفاظ کو توڑ مروڑ کر کچھ اور معنی پہنانا ؛ بے راہ کرنا ؛ حیران کر دینا ؛ جذبات کی لپیٹ میں آ جانا ؛ مروڑ کر یا پیچ دے کر کنڈل یا گرہ کی شکل بنانا (جیسے : to twist the hair into a knot) ؛ سختی سے مروڑنا ؛ چکر کھلاتے ہوئے گھمانا ، جیسے گیند کا کھیل کے دوران ؛ دوسری طرف رخ پھیرنے کے لیے گھومنا ؛ محور پر گردش کرنا ۔ (فعل لازم) الجھا ہوا ہونا یا آپس میں الجھنا ؛ کسی چیز پر یا اس کے گرد چڑھنا یا لپٹنا ؛ جسم کو مروڑنا یا پیچ و تاب کھانا ؛ چکر والی وضع یا راہ اختیار کرنا ؛ پھیرنا ، موڑنا یا ٹیڑھا کرنا ؛ محور پر بدلنا یا گھمانا ؛ کسی چیز پر پھرانا ؛ کسی دوسری طرف رخ کرنے کے لیے گھمانا ؛ چکر والی یا دوری جنبش سے شکل بدل دینا ؛ نہر کے پانی کی طرح لہراتے ہوئے یا بل کھاتے ہوئے بہنا ؛ گیند کی مانند دَوری حرکت سے خم کھاتے ہوئے آگے بڑھنا ؛ ٹوسٹ ناچ ناچنا ۔ (اسم) کوئی تجاوز ، بل یا موڑ ؛ چکر والی جنبش ؛ گھماؤ ؛ کوئی چیز جو بٹنے یا مروڑنے سے بنائی گئی ہو ؛ ستلی ؛ ڈوری ؛ سوت ؛ ٹیڑھا ترچھا بل ؛ لفظوں کو توڑ مروڑ کر نکالا ہوا غلط یا گمراہ کن مفہوم ؛ ذہنی یا فطری افتاد ، مزاج ، طبع یا رجحان ؛ چکر دار حرکت ؛ طریقہ یا ترتیب ؛ بے قاعدہ جھکاؤ ؛ حالات یا ذہن کی اچانک تبدیلی ؛ سروں کو مخالف جہتوں میں بدلنے سے کسی چیز کی شکل و وضع کا تغیر ؛ نتیجے میں جو شکل بنے ؛ مروڑنے کا عمل ، طاقت یا دباؤ ؛ مروڑ ؛ مضبوط بٹا ہوا ریشمی دھاگا جو عام سلائی کے دھاگے سے وزنی ہوتا ہے اور بٹن وغیرہ ٹانکنے کے کام آتا ہے ، تاگا ، ڈورا وغیرہ ؛ سروں کی ترتیب تال کے ساتھ تیز جوشیلا رقص ؛ ٹوسٹ ناچ ؛ دو لاہی رقص ۔

twist drill, n. (مشین) بل دار ؛ برما ؛ ڈرل مشین جس کے اندر ایک یا ایک سے زیادہ گھری بل دار نالیاں لگی ہوتی ہیں ۔

twister, n. بٹیا ؛ مروڑیا ؛ مروڑنے والی چیز یا شخص ؛ چکر کھانے والی گیند ، جیسے بیس بال یا کرکٹ میں ۔ (بول چال) گرد باد یا طوفانی آندھی ۔

twit, v.t. ستانا ، تنگ کرنا کوئی کمی یا نقص یاد دلا کر ؛ طعنہ دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ ملامت کرنا ؛ کسی پہلے کیے ہوئے کام پر لعن طعن کرنا ۔ (اسم) سرزنش : لعن طعن ؛ ملامت ۔

twitch, v.t. اچانک جنبش دے کر کھینچنا ؛ جھٹکا دینا ۔ (فعل لازم) اچانک اینٹھ جانا جیسے پٹھے کا ؛ جھٹکے سے ہلنا یا حرکت کرنا ۔ (اسم) پٹھوں کا عارضی طور پر اضطراری اکڑاؤ یا اینٹھن ؛ معمولی سا شدید کھنچاؤ ؛ جھٹکا ، مروڑ ؛ تشنج ۔

twitcher, n. جھٹکا دینے والا ۔

twitch grass, n. دیکھیے : Couch grass ۔

twitter, v.i. بعض پرندوں کا چوں چوں کرنا یا چہچہانا ؛ چیں چیں کرنا ؛ شوق یا جوش میں کانپنا ۔ (فعل متعدی) کمزور اور سہمی سہمی آواز میں بولنا یا بات کرنا ۔ (اسم) مختصر سا رک رک کر اٹھنے والا شور یا چہچہاہٹ کا سلسلہ ، جیسے چڑیوں کی چوں چوں ؛ اضطرابی کیفیت ؛ بے چینی ؛ گھبراہٹ ۔

twitterer, n. چہچہانے والا پرندہ ۔

twittery, a. چہچہاہٹ سے متعلق ۔

twixt, prep. (شاعری) betwixt کا مرخّم ؛ درمیان ؛ بیچ ؛ میان ۔ دیکھیے : betwixt ۔

two, n. دو ؛ اس عدد کی علامت یا نشان ؛ دو شخصوں یا دو چیزوں کا جوڑ ۔

in two, adv. آدھوں آدھ ؛ دو ٹکڑوں میں ؛ دو حصوں میں ۔

to put two and two together, حقیقت پسندی سے واضح نتیجے پر پہنچنا ۔

two-base hit, double two-bagger, n. (بیس بال) گیند کو بیس سے لگائی گئی ضرب، جس کے بل پر ضرب لگانے والا دوسرے بیس پر پہنچنے کے قابل ہو جاتا ہے ۔

two-bit, n. (عوامی) ۲۵ سینٹ کے برابر ؛ معمولی ؛عارضی ؛ حقیر ؛ ارزاں ۔

two-bits, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ۲۵ سینٹ ۔

two-by-four, a. جو دو اکائیوں کی موٹائی اور چار اکائیوں کی چوڑائی کی نشاندہی کرے ، عام طور پر انچوں میں ؛ دو ضرب چار ۔ (بول چال) چھوٹا ، اینٹھا ہوا ۔ (عوامی) معمولی ؛ حقیر ۔ (اسم) لکڑی یا کاٹھ کباڑ کے ٹکڑے جو تعمیری کاموں میں عام استعمال ہوتے ہیں اور عموماً ۲ × ۴ انچ سے ذرا کم پیمائش کے ہوتے ہیں ۔

two-cycle, n. دو دوری انجن ؛ دروں احتراقی انجن میں ایک دور جس کے دو پسٹنوں میں سے ایک پسٹن کی ضرب عملی ہوتی ہے ۔

two-dimensional, a. ذو ابعادی ؛ دو سمتی ؛ دو طرفوں والا ۔

two-faced, a. دو رخا ۔ (مجازاً) دھوکا باز ؛ مکار ؛ منافق ۔

two-facedness, n. دو رخی ؛ مکاری ؛ فریب دہی ؛ منافقت ۔

two-fisted, a. (بول چال) مضبوط ؛ طاقتور ؛ مردانہ وار ؛ متشدّد ؛ جارح ۔

twofold, a. دہرا ؛ دو لڑا ؛ دوتہا ؛ دوچند ؛ دونا ؛ دوگنا ؛ دو ارکان یا حصوں پر مشتمل ؛ دو سے ضرب خوردہ ۔

two-handed, a. دو دستہ ؛ دو ہتھا ، جسے استعمال کرنے کے لیے دو آدمیوں کی ضرورت ہو (جیسے : a two handed saw) ؛ جس کے دونوں ہاتھ ایک جیسے کام کرتے ہوں ۔

twopence, tuppence, n. (برطانوی) دو پینیاں یا دو پینی قیمت کا ؛ چھوٹا سا چاندی کا سکہ جو صرف پیر اور جمعرات کو خیرات کے طور پر تقسیم کرنے کے لیے ڈھالا جاتا تھا ؛ تانبے کا سکہ جو جارج سوم کے عہد میں رائج تھا ۔

two penny, tuppenny, a. (برطانوی) دو پینی کے برابر قدروقیمت کا؛ سستا یا گھٹیا قسم کا ؛ بیکار ؛ ناقابل توجہ ۔

two-phase, a. (برق) دو ہیتی ؛ دو فیزوں والی ، جیسے بجلی ۔

two-ply, a. دولا ؛ رسی جس کے دو لڑ ہوں یا کپڑے یا قالین جن کی دو تہیں ہوں ۔

two-sided, a. دو طرفوں یا دو پہلوؤں والا یا ان سے ترکیب یافتہ ؛ دو اطرافی ؛ دو طرفہ ، دو پہلوا ۔

two-sidedness, n. دو طرفی ؛ دو پہلوی ۔

twosome, n. دو اکٹھے یا ساتھ ساتھ ۔ (گالف) دو کھلاڑیوں کے درمیان مقابلہ ۔

two-step, n. دو قدمہ ؛ دو تال کا رقص ؛ دو ضربی تال کا گول رقص جو پھسلتے قدموں سے کیا جاتا ہے ؛ اس رقص میں یا تال پر گایا جانے والا نغمہ ۔ (فعل لازم) دوتال پر رقص کرنا ۔

two-time, v.t. (عوامی) زوج یا عاشق کی حیثیت سے خفیہ طور پر بیوفائی کرنا ؛ منافقت کرنا ۔

two-way, a. دوراہا ؛ دو شکلی ؛ دو طرفہ گزر ؛ مقابل سمتوں میں ٹریفک کو بیک وقت گزرنے دینا (جیسے : a two way street) ؛ دو طرفہ انتظام و ابلاغ کرنا (جیسے : a two way communication) ؛ دو طرفہ رابطہ یا ترسیل ؛ بھیجا ہوا اور موصولہ (جیسے : a two way radio) ؛ دو ٹونٹیوں والا برتن جس کے ذریعے کوئی سیال شے دونوں راستوں میں سے کسی راستے سے خارج ہو جائے (جیسے : a two way cock) ؛ دو طریقوں یا دو طرح سے استعمال کے قابل ۔

tycoon, n. (بول چال) بے حد مالدار شخص ؛ بہت بڑا تاجر ؛ شوگن یا شوگان ؛ جاپانی سپہ سالار کا لقب ۔

tyke, tike, n. (بول چال) بچہ یا لڑکا ؛ کتا ؛ نکما ؛ پاجی یا رذیل یا بدخو آدمی ؛ دم دباؤ یا بزدلا ۔

tymbal, n. دیکھیے : Timbal ۔

tympan, n. (طباعت) استر ؛ کاغذ یا جھلی کا تختہ جو چھپنے والی اصل کاپی کے نیچے رکھا جاتا ہے تا کہ اس پر یکساں دباؤ پڑتا رہے اور کاغذوں پر اس کی چھپائی کے نقوش واضح طور پر ابھرتے رہیں ۔ (فن تعمیر) کواڑ کا دلا ؛ طبلہ نما مضبوط پھیلی ہوئی جھلی ۔

Tympanic, a. استری ؛ طبلی ۔

tympanic bone, n. (تشریح الاعضا) طبلی ہڈی ؛ میمل جانوروں کی کھوپڑی کی طبلی ہڈی ، جو شریانی جھلی کا سہارا ہوتی ہے ؛ عظم طبلی ۔

tymphanic membrane, ear drum, n. (تشریح الاعضا) طبل گوش ؛ غشاء طبلی ؛ شریان جو طبلی ہڈی یا اُس ہڈی کو ، جس پر کان کا پردہ تنا ہوتا ہے ، جدا کرتی ہے ۔

tympanist, n. (موسیقی) طبلچی خصوصاً نقارہ یا نوبت بجانے والا ۔

tympanites, n. (امراضیات) نفخ شکم ؛ پھیپھڑوں میں ہوا یا گیس بھر جانے سے نفخ شکم کے مرض کے لاحق ہو جانے کی حالت ؛ نفخ معدہ ؛ استسقائے طبلی ۔

tympanitic, a. نفخ شکم کا ۔

tympanum, n. (تشریح الاعضا) (حیوانیات) درمیانہ کان ؛ غشاءطبلی یا کان کا پردہ ؛ طبل ؛ طبل گوش ۔ (فن تعمیر) روکار کی تکونی لوح جو اکثر مجسموں سے مزین ہوتی ہے ؛ دروازے کی اوپری چوکھٹ اور محراب کے بیچ والی جگہ ؛ کواڑ کا دلا ۔ (برقیات) ٹیلی فون کا پردہ یا جھلی ؛ طبلہ یا طبلہ نما کوئی شے ؛ پھیلی ہوئی طبلہ نما شریان ؛ اسی نوعیت کی کوئی شریان ؛ باریک جھلی یا سلائی ۔

tympany, n. (امراضیات) نفخ شکم ، پیٹ کے پھول جانے کی حالت ؛ زبان کی پھلاوٹ ؛ بے جا عبارت آرائی ؛ استسقائے طبلی ؛ ورم طبل ۔

tyne, n. دیکھیے : Tine ۔

typal, a. نمونے سے متعلق ، نمونے کی طرح کا یا کوئی بنتا ہوا نمونہ ؛ نمونہ جو مثال کی طرح کا ہو ۔

type, n. مثل ؛ نوع ؛ نمونہ ؛ ٹائپ ؛ کوئی نوع ، قبیل یا گروپ جو امتیازی صفت کی حامل ہو ؛ نمائندہ یا

مثالی نمونہ ؛ کوئی شخص یا چیز جو کسی نوع ، قبیل یا گروپ کی خصوصیات کی مظہر ہو ؛ وضع ؛ ساخت ؛ طبعی ساخت ؛ مزاج (جیسے : the athletic type)؛ معیار یا مثیل ۔ (حیاتیات) ساخت کا طبعی انداز یا فطری ساخت ؛ وہ جنس یا نوع جس میں پورے طبقے سے متعلق اہم خصوصیات موجود ہوں اور جس کے نام پر پورے طبقے کا نام پڑ جائے ؛ نمائندہ یا مثالی نمونہ جیسے کسی جانور یا پودے کی جنس یا قسم کا ۔ (طباعت) دھات کے تکونے ٹکڑے یا بلاک کی اوپری سطح پر سیسے وغیرہ کا ڈھلا ہوا حرف یا ٹائپ کے حروف جو چھپائی میں کام آتے ہیں ؛ امتیازی علامت یا نشان ؛ سکے یا تمغے پر دونوں طرف کے ٹھپے یا ضرب ۔ (الٰہیات) پہلے سے نمونہ یا مثال بنا کر پیش کرنے کی علامت جیسے عہد نامہ عتیق کا کوئی واقعہ جسے عہد نامہ جدید میں کسی علامتی طریقے سے پیش کیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) ٹائپ کرنا ؛ عبارت کو ٹائپ یا چھپائی میں ڈھالنا ؛ مخصوص قسم میں بانٹنا جیسے خون کا گروپ ؛ شناخت کرنا ؛ کسی چیز کے لیے مثال یا نمونہ ۔ (الٰہیات) پہلے سے ذہنی تصور قائم کر لینا ؛ علامت کے طور پر منعکس ہونا ۔ (تھیٹر) دیکھیے : typecast ۔ (فعل لازم) ٹائپ کرنا ، چھاپنا ۔

typable, typeable, a. ٹائپ کرنے کے قابل ۔

type cast, v.t. (تھیٹر) شخصیت ، شکل و شباہت وغیرہ کے لحاظ سے مماثل کردار کا رول دینا ، جیسے کسی مسخرے کو ؛ کسی اداکار کو اسی قسم کا کردار دینا جس کے لیے وہ مشہور ہو ۔

type face, n. (طباعت) ٹائپ کی صورت یا چہرہ یا شکل ۔

type founder, n. ٹائپ ڈھلیا ؛ وہ شخص جس کا پیشہ ٹائپ کے حروف ڈھالنا ہو ۔

type founding, n. ٹائپ ڈھلائی ؛ ٹائپ حروف ڈھالنے کا کام ۔

type foundry, n. ٹائپ ڈھلائی گھر ؛ ٹائپ فونڈری ۔

type genus, n. (حیاتیات) وہ جنس جو اپنے طبقے یا بالاتر گروپ کی خصوصیات کی حامل ہو ۔

type-high, a. (طباعت) ٹائپ کے برابر اونچائی والی ۔ دیکھیے : height to paper -

type metal, n. (طباعت) ٹائپ دھات جو عام طور پر سکے ، قلعی ، لوہے اور تانبے کا مرکب ہوتی ہے اور طباعتی ٹائپ بنانے کے کام آتی ہے ۔

type script, n. ٹائپ میں چھپی ہوئی عبارت ۔

type setter, n. حروف چیں ؛ حروف انداز ؛ جو چھپائی کے حروف چن چن کر رکھے ؛ کمپوزیٹر ؛ ٹائپ سَیٹ کرنے کی مشین ۔

typeset, v.t. حروف چینی کرنا ؛ ٹائپ کے حروف چننا اور جوڑنا ۔ (اسم) ٹائپ کے حرفوں کا جوڑ ؛ ٹائپ سیٹ ۔ (صفت) ٹائپ حرفوں کے جوڑوں کا ۔

type species, n. (حیاتیات) یکساں انواع ؛ ایک نوع جو اپنی جنسی خصوصیات کی پوری طرح مظہر ہو اور اس کے نام پر پوری جنس کا نام پڑ جائے ۔

type specimen, n. (اسمیات) کامل نمونہ ؛ نمونۂ نوع ؛ ایسا پودا یا حیوان جس کی خصوصیات کسی نوع کی بنیادی صفات متعین کرتی ہیں ۔ دیکھیے : holotype ۔

typewrite, type, v.t., v.i. ٹائپ رائٹر سے چھاپنا ، ٹائپ مشین سے ٹائپ کرنا ۔

typewriter, n. ٹائپ مشین ؛ ٹائپ رائٹر ؛ ٹائپ سے مشابہ تحریر بنانے والی کلیدی تختے والی مشین ۔ (قدیم) اس مشین کو استعمال کرنے والا ؛ ٹائپ کار یا ٹائپسٹ ۔

typewriting, n. ٹائپ کاری ؛ ٹائپ نویسی ؛ ٹائپ رائٹر یا ٹائپ مشین استعمال کرنے کا عمل یا ہنر ؛ ٹائپ شدہ کام ۔

typhlology, n. (طب) کوریات ؛ اندھے پن سے متعلق سائنسی علم کا شعبہ ۔

typhoid, n. (امراضیات) ٹائیفائڈ ؛ میعادی بخار ؛ تپ محرقہ ؛ متعدی ، اکثر اوقات مہلک بخار والا مرض جس میں ایک مخصوص جرثومہ سے آنتوں میں سوزش اور ورم آ جاتا ہے ؛ ٹائفس قسم کا بخار جو کھانے پینے کی اشیا میں لگے جراثیم سے ہو جاتا ہے ۔ نیز : typhoid fever-(صفت) تپ محرقہ یا میعادی بخار کے بارے میں یا اس سے متعلق ۔

typhoon, n. بگولا ؛ گرد باد ؛ آندھی ؛ طوفان ؛ ٹائفون ؛ طوفانی ہوا جو چین کے سمندروں اور مغربی بحرالکاہل میں عام طور پر گرمیوں یا خزاں کے موسم میں چلتی ہے ۔

typhus, typhus fever, n. (امراضیات) ٹائفس ؛ محرقۂ دماغی ؛ ایک قسم کا بخار جس میں جسم پر ارغوانی رنگ یا سرخ سرخ دانے نکل آتے ہیں ، بے حد کمزوری یا ضعف محسوس ہوتا ہے اور آدمی پر عموماً ہذیان کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے ؛ یہ مرض پسوؤں اور جوؤں سے لگتا ہے ۔

typhous, a. محرقۂ دماغی سے متعلق ۔

typical, typic, a. نوعی ؛ تمثیلی ؛ مثالی ؛ اپنی طرز کا ؛ اشارتی ؛ علامتی ؛ جو مثالی نمونے کا مظہر ہو ؛ کسی خاص انداز کا ؛ مخصوص یا امتیازی ۔

typically, adv. مثالی طور پر ؛ مخصوص یا امتیازی طور پر ؛ تمثیلاً ۔

typicalness, n. مثالیت ؛ مخصوصیت یا مثالی پن ۔

typify, v.t. مثال یا علامت کے ذریعے ظاہر کرنا ؛ آنے والے واقعہ کی خبر دینا ؛ نشانی یا علامت ہونا ؛ کسی چیز کا نمونہ بننا ؛ مثال بن کے دکھانا ۔

typification, n. اظہار یا بیان جو مثالاً کیا جائے یا دیا جائے ۔

typist, n. ٹائپ کار ؛ ٹائپسٹ ؛ ٹائپ مشین یا ٹائپ رائٹر پر کام کرنے والا ۔

typo, n. (بول چال) ٹائپو ؛ طباعتی یا چھاپے کی غلطی ۔

typo, typog, n. طابع (پرنٹر) کمپوزیٹر اور طباعت کا مخفف ۔

typographer, n. فن طباعت کا ماہر ؛ طابع یا پرنٹر ۔

typography, n. ٹائپ نگاری ؛ ٹائپ سے چھپائی کا عمل یا فن ؛ ٹائپ کو کمپوز اور مرتب کرنے اور پھر ان سے چھاپنے کا کام ؛ فن ٹائپ سازی ؛ طبع شدہ مواد کی عام کیفیت ۔

typographic, typographical, a. طباعتی ؛ طباعت کا ؛ چھپائی کا ؛ چھاپنے کا ۔

typographically, adv. طباعت یا چھپائی کے لحاظ سے ۔

typology, n. ٹائپ کا یا ٹائپ کی درجہ بندی کا مطالعہ ؛ علم ٹائپ سازی ؛ تمثیلیات ؛ ادب میں مثالوں یا علامتوں کا مطالعہ ؛ صنفیات ۔